891.51
M 44M2

57

27936
31/8/59
27936

الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیہم ولا ہم یحزنون

الحمد للہ والمنۃ کہ کتاب مستطاب

پیراہن یوسفی

ترجمہ دفتر دوم

مثنوی مولوی معنوی

از طبع معارف آگاہ

مولوی محمد یوسف علی شاہ چشتی نظامی [illegible] آبادی ملک مالوہ

در مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ حلیۂ طبع پوشید
[illegible] ھ

باہتمام بی-بی-کپور سپرنٹنڈنٹ

8

891.41
M44P.2

891.51
M44M.2

فهرست مضامین پیراهن یوسفی جلد دوم

مضمون	صفحه
هلال پنداشتن آن شخص خیال را در عهد عمر رض و تنبیه نمودن او را	۹
وزدیدن شخصی ماری را از مارگیری و گزیدن مار دزد را و کشتن او را	۱۰
التماس کردن همراهی عیسی و زنده کردن استخوان را	۱۱
انداز کردن صوفی خادم را در تیمار بهیمه	۱۲
مشوره کردن خدا و ند تعالی با فرشتگان	۱۳
بسته شدن تقریر معنی حکایت بسبب میل مستمعان	۱۵
التزام کردن خادم تیمار بهیمه او تخلف نمودن	۱۶
گمان بردن کاروانیان که مگر بهیمه صوفی رنجور است	۱۹
یافتن شاه باز خویش را در خانه کمپیر مبتلا شدن	۲۲
حلوا خریدن شیخ احمد خضرویه بجهت غریمان	۲۷
تمامی قصه زنده شدن استخوان بدعای عیسی	۳۲
خاریدن روستائی در تاریکی شیر را بظن آنکه گاو است	۳۵
فروختن صوفیان بهیمه صوفی مسافر الخ	۳۶
قصه آن مفلس که در زندان بود و زندانیان اندو در فغان	۴۰
شکایت کردن اهل زندان نزد وکیل قاضی	۴۲
تمه قصه مفلس زندانی با قاضی	۴۴
در مناجات	۴۷
تمثیل بر حقیقت سخن و اطلاع بر کشف آن	۵۱
ملامت کردن مردمان شخصی را که مادر را به تهمت کشت	۵۳
امتحان کردن بادشاه آن دو غلام را که نو خریده بود	۵۷
براه کردن بادشاه یکی از آن دو غلام را الخ	۵۹
قسم خوردن غلام بصدق خود و طهارت ظن خود	۶۱
باز پرسیدن شاه حال از غلام دیگر	۶۸
حسد بردن حشم بر آن بنده خاص	۷۱
کلوخ انداختن آن تشنه از سر دیوار در جوی آب	۸۰
حکایت	۸۳
در معنی فی التاخیر آفات	۸۶
تمثیل در بیان خواندن آب آلودگان را به پاکی	۹۲
آمدن دوستان به بیمارستان جهت پرسش ذوالنون	۹۳
فهم کردن مریدان که ذوالنون دیوانه نیست	۹۶
رجوع کردن بحکایت ذوالنون با مریدان	۹۷
ظاهر شدن فضل و هنر لقمان پیش امتحان کنندگان	۱۰۱
تتمه قصه حاسدان بر غلام سلطان و حقیقت آن	۱۰۵
عکس تعظیم پیغام سلیمان در دل بلقیس از صورت حقیر هدهد	۱۰۸
انکار کردن فلسفی در آیه ان اصبح ماءکم غورًا	۱۱۰
مناجات کردن شبان با حق در عهد موسی ع	۱۱۶
وحی آمدن از حقتعالی بعتاب به موسی بجهت شبان	۱۱۸
وحی آمدن بموسی علیه السلام از بهر عذر آن شبان	۱۲۰
سوال موسی علیه السلام از حق تعالی در سر غلبه ظالمان	۱۲۳
رنجانیدن امیر خفته را که مار در دهانش رفته بود	۱۲۷
حکایت آن مرد ابله که مغرور بود بر تملق خرس	۱۳۰
گفتن نابینای سائل که من دو کوری دارم مرا رحم کنید	۱۳۴
تتمه حکایت خرس و آن ابله الخ	۱۳۵
گفتن موسی گوساله پرست را که این خیال اندیشی تو از کجاست	۱۳۷
ترک کردن آن مرد ناصح پند آن مغرور خرس را	۱۳۹
تملق دیوانه با جالینوس و وهم کردن جالینوس	۱۴۱
سبب پریدن و چریدن مرغی که مرغ دیگر هم جنس او بود	۱۴۲
تتمه قصه آن مرد مغرور بر وفای خرس	۱۴۳
رفتن رسول خدا بعیادت صحابی رنجور و فائده آن	۱۴۵
وحی کردن حق تعالی بموسی که چرا بعیادت من نیامدی	۱۴۶
جدا کردن باغبان صوفی و فقیه و علوی را از هم	۱۴۶
رجعت به قصه مریض و عیادت پیغمبر علیه السلام	۱۵۰
رفتن بایزید بسطامی به کعبه الخ	۱۵۰
حکایت پیر و ...	۱۵۱
دانستن پیغمبر صلعم که سبب رنجوری آن شخص از گستاخی بوده است	۱۵۳
عذر گفتن دلقک با سید که چرا فاحشه بنکاح در آوردی	۱۵۸
بحیلت در سخن آوردن سائل شیخ بهلول را که خود را دیوانه نموده بود	۱۵۹
حمله کردن سگ بر گدای کور	۱۶۱
خواندن محتسب مست خراب افتاده را بسوی زندان	۱۶۲
دوم بلو در سخن کشیدن سائل آن بزرگ را تا حال او معلوم گردد	۱۶۳
نصیحت کردن رسول الله بیمار را و دعا آموزیدن او را	۱۶۷
ذکر دشواری عذاب آخرت و سختی آن	۱۶۸
ذکر قوم موسی علیه السلام و پشیمانی ایشان	۱۶۹
مثال در بیان معنی نومن بالقدر خیره و شره	۱۷۲
دعا و توبه آموختن رسول الله صلی الله علیه وسلم آن بیمار را	۱۷۳
بیدار کردن ابلیس معاویه را که وقت نماز پگاه شد	۱۷۷
دوم بار جواب گفتن ابلیس معاویه را	۱۷۸
باز تقریر کردن معاویه مکر ابلیس را با او	۱۸۰
باز جواب ابلیس مر معاویه را در اخفای مکر	۱۸۱
عنف کردن معاویه با ابلیس علیه اللعنة	۱۸۳

مضمون	صفحه
نالیدن معاویه با حقتعالی از مکر ابلیس	۱۸۴
باز تقریر ابلیس تلبیس خود را با معاویه	۱۸۴
باز الحاح کردن معاویه مر ابلیس را	۱۸۵
شکایت قاضی از آفت قضا و جواب نائب او را	۱۸۷
با اقرار آوردن معاویه ابلیس لعین را	۱۸۷
راست گفتن ابلیس ضمیر خود را با معاویه	۱۸۸
فضیلت حسرت خوردن آن شخص بر فوت نماز جماعت	۱۸۹
تتمه اقرار ابلیس با معاویه مکر و فریب خود را	۱۸۹
تصدیق کردن معاویه او را دران قول	۱۹۰
گریختن مفسد از دست صاحب خانه با آواز شخص دیگر	۱۹۰
حکایت وزیر که بادشاه او را از وزارت عزل کرد	۱۹۲
قصهٔ منافقان و مسجد ضرار ساختن ایشان بهر تفریق	۱۹۲
رفتن و فریفتن منافقان حضرت صلعم را تا بمسجد ضرار بردن	۱۹۴
اندیشیدن یکے از اصحاب که چرا رسول خدا ستاری نمی کند	۱۹۶
متردد شدن در بیان مذاهب مختلفه الخ	۱۹۹
امتحان کردن هر چیزے تا ظاهر شود چیزے دیگر الخ	۲۰۰
شرح فائده حکایت شتر جوینده	۲۰۲
در بیان آنکه در هر نفسے فتنه مسجد ضرار است	۲۰۴
حکایت آن چار هندوان که باهم جنگ می کردند	۲۰۵
قصد کردن ترکان غزان در خوے مردے که تا دیگران به ترسند	۲۰۶
بیان حال خود پرستان و ناشکران از نعمت وجود انبیا	۲۰۷
حکایت کردن پیرے پیش طبیب از رنجورئ خود و جواب او	۲۰۹
قصه کودکے که در پیش تابوت پدر خود می نالید و سخن جوجی	۲۱۱
ترسیدن کودکے از شخص صاحب جثه الخ	۲۱۴
قصهٔ تیر اندازے و ترسیدن او از سوارے که در بیشه میرفت	۲۱۵
حکایت آن اعرابی که ریگ در جوال کرد و ملامت دانشمند	۲۱۶
کرامات ابراهیم ادهم بر لب دریا	۲۱۸
آغاز منور شدن حواس عارف بنور غیب	۲۲۰
طعنه زدن بیگانه در شان شیخے و جواب گفتن مرید شیخ	۲۲۴
بقیه قصه ابراهیم ادهم بر لب دریا	۲۲۶
دعوی کردن آن شخص که خدا از من گناه نمی گیرد و جواب شعیب	۲۲۸
تتمه قصه طعنه زن شیخ و جواب مرید	۲۳۰
گفتن عائشه پیغمبر را که تو بے مصلے چرا که همه جا نماز میگزاری	۲۳۲
کشیدن موش مهار شتر را و متعجب شدن موش	۲۳۲
کرامت آن شیخ درویشے که بدزدی متهمش کردند	۲۳۵
تشنیع زدن صوفیان پیش شیخ بران صوفی که بسیار می گوید	۲۳۷
عذر گفتن فقیر با شیخ خانقاه	۲۳۸
بیان آن دعوی که عین آن دعوی گواه صدق خویش است	۲۴۱
سجده کردن یحییٰ و مسیح در شکم مادر یکدیگر را	۲۴۳
اشکال آوردن نادانان برین قصه و جواب ایشان	۲۴۳
سخن گفتن بزبان حال و فهم کردن آن	۲۴۴
پذیرا آمدن سخن باطل در دل باطلان	۲۴۵
جستن آن درخت که هر که میوهٔ او خورد هرگز نمیرد	۲۴۶
شرح کردن شیخ سر آن درخت را بآن طالب مقلد	۲۴۷
بیان منازعت کردن چهار کس جهت انگور یکدیگر بعلت آنکه زبان یکدیگر را نمی دانستند	۲۴۸
برخاستن مخالفت و عداوت از میان انصار به برکت وجود پیغمبر خدا علیه الصلوة والسلام	۲۵۱
قصهٔ بط بچگان که مرغ خانگی می پرورد شان	۲۵۴
حیران شدن حاجیان در کرامات آن زاهد که در بادیه به یک گرم نشسته بود	۲۵۵

JAMMU & KASHMIR UNIVERSITY
LIBRARY
No. 27936
Date ....
SRINAGAR

[ہاتھ سے لکھی ہوئی تحریر اور مہر]

بسم اللہ الرحمن الرحیم

دفتر دوم پیراہن یوسفی ترجمہ مثنوی مولوی معنوی

مثنوی معنوی		پیراہن یوسفی	
مدتے این مثنوی تاخیر شد	مہلتے بایست تا خون شیر شد	مثنوی کو دیر اک مدت ہوئی	تاکہ خون ہو شیر بس مہلت ہوئی
تا نہ زاید بخت تو فرزند نو	خون نگردد شیر شیرین خوش شنو	تا نہ تیری بخت سے فرزند ہو	خون نہوئے شیر شیرین جان لو
چون ضیاء الحق حسام الدین عنان	باز گردانید ز اوج آسمان	جو ضیاء الحق حسام الدین نے	باگ پھر پھیری فلک کے اوج سے
چون بمعراج حقائق رفتہ بود	بے بہارش غنچہا ناشگفتہ بود	جو تھا معراج حقائق کو گیا	بے بہار اسکے نہین غنچہ کھلا
چون ز دریا سوے ساحل باز گشت	چنگ شعر مثنوی باساز گشت	جبکہ دریا سے کنارے پر پھرا	چنگ شعر مثنوی بجنے لگا
مثنوی کہ صیقل ارواح بود	باز گشتش روز استفتاح بود	مثنوی کہ صیقل روح تھی دلا	اُس کا پھر تار و نہ استفتاح تھا
مطلع تاریخ این سودا و سود	سال ہجرت ششصد و شصت و دو بود	مطلع تاریخ اس کا جان لے	چھ سو باسٹھ سال وسن ہجری کے تھے

ل بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ مثنوی کو دیر ایک مدت ہوئی الخ ۱۲ شعر واضح ہو کہ جو حضرت مولانا روم علیہ الرحمۃ کو مقام عشق میں بسبب استیلا جذب مشاہدہ تجلیات تکوین کے استغراق ہوا تھا کہ لازمہ عشق ہے راز گوئی مثنوی معطل رہی کیونکہ جذب عشق سے جان سالک کی انتہا کو سیر باللہ سے کہ مقام تلوین ہے عروج کرکے سیر فی اللہ مین مستغرق ہوتی ہے اور جس مدت تک کہ خدا چاہتا ہے وہ جان سالک کی اُس سیر مین محو رہتی ہے چنانچہ شیخ محی الدین مکی علیہ الرحمۃ کو دو برس تک یہ مقام محویت کا رہا تھا کہ اوصاف بشریت اُس نے بدل کر استعداد انکشاف غوامض عرفان پیدا ہوا جبکہ جان محویت سیر فی اللہ سے نکل کر سیر فی اللہ مین کہ بقا باللہ اس کو کہتے ہین آتی ہے تمکین حاصل ہوتی ہے اور عوارف کہتے ہین جو کہ مولانا کو محویت عشق سے مقام معرفت کا آیا تو دفتر دوم مین عوارف بیان فرمائے۔ اور اہل شرح لکھتے ہین بحوالہ نفحات الانس کہ مولانا مثنوی بپاس خاطر مولانا حسام الدین چلپی علیہ الرحمۃ کے لکھتے تھے جو کہ اہلیہ حسام الدین صاحب کا انتقال ہوا اس واسطے مثنوی مین مقام معرفت کا آنا سیر و سلوک مولانا مین پایا جاتا ہے آیندہ واللہ اعلم بالصواب۔ آمدم برسر مطلب مثنوی کے بیان مین ایک مدت دیر ہوئی تاکہ اس مہلت مین خون شیر ہو لیکن جبتک تیرے بخت سے فرزند نہ پیدا ہو خون شیر شیرین نہ ہووے یعنی مثنوی کے بیان مین اس واسطے مہلت ایک مدت کی ہوئی کہ غذاے نفسانی بدل کر غذاے روحی ہو مگر جبکہ فرزند جان نفس سے اُس عالم مین پیدا ہو یعنے بچہ رحم مادر مین خون کھاتا ہے جبکہ پیدا ہوتا ہے تو وہ خون پستان مادر مین شیر ہو جاتا ہے اسی طرح جان سالک کو مقام عشق مین بسبب اشتراکت نفس کے غذاے باطنی براے تشبیہ لذائذ نفسانیہ مین پہونچتی ہے مثل سماع و حُسن پرستی وغیرہ کے جب کہ جان اس نفس سے نکل کر عالم امر مین مشاہدہ جمال الٰہی کرتی ہے تو وہ غذا براہ تنزیہ انکشاف عوارف مین جان کو ملتی ہے پس اس غذا کے حاصل کرنے کو جان عالم امر کو گئی اس واسطے بیان مثنوی مین تاخیر ہوئی چنانچہ اگلے شعر مین جان کے آنے و جانے کا حال بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ٥٢ ضیاء الحق الخ ۱۲ شعر جو ضیاء الحق حسام الدین نے اوج فلک سے اس طرف باگ پھیری جو کہ معراج حقائق کو گیا تھا بغیر بہار اُسکے غنچہ دل نہیں کھلا واضح ہو کہ مولانا نے ضیاء الحق حسام الدین تام حضرت رسول مقبول کا مثنوی مین رکھا ہی چونکہ مراد رسول اللہ ہین پس یہان ضیاء الحق سے مراد رسول اللہ ہین یعنی میرا محبوب کہ معراج حقائق کو گیا تھا موج فلک سے واپس آیا جب کہ دریا کے کنارے پر پھرا چنگ شعر مثنوی بجنے لگا مثنوی کہ صیقل روح تھی واپس آنا جان کا روز استفتاح تھا یعنے روز کشادگی و بسط قلب کا تھا جو کہ جان دریاے حق آئی مین غرق ہو گئی تھی اُسکے واپس آنے سے پھر مثنوی کہنا جاری ہوا کیونکہ مثنوی سے جان کو صفائی حاصل ہوتی ہے مطلع تاریخ اس دفتر کا چھ سو باسٹھ ۶۶۲ ہجری تھا بلبل اس جا سے گیا تھا پھر باز ہو کر شکار معنی کیلیے یعنی جان میری کہ بسبب عشق کے بلبل جہکتی تھی اب ادھر سے باز ہو کر واسطے شکار کرنے معرفت کے لوٹی ہے یعنی ادھر سے عاشق ہو کر گئی تھی اور ادھر سے عارف ہو کر لوٹی ہے آگے مناجات بیان کرتے ہین فافہم ۱۲

بلبلے زینجا برفت و باز گشت — بہر صید این معانی باز گشت
بلبل اس جا سے گیا تھا پھر پھرا — صید معنی کے لیے باز اک ہوا

ساعد شہ مسکن این باز باد — تا ابد بر خلق این در باز باد
دست شہ اس باز کی جا ہو جیو — خلق پر دائم یہ در وا ہو جیو

آفت این در ہوا و شہوت است — ورنہ اینجا شربت اندر شربت است
آفت اس در کی ہے شہوت و ہوا — ورنہ شربت مین ہے شربت ہی بھرا

این دہان بر بند تا بینی عیان — چشم بند آنجہان حلق و دہان
یہ دہان کر بند تا دیکھے عیان — ہے نظر بند اُس جہان کا یہ دہان

اے دہان تو خود دہانۂ دوزخی — وے جہان تو بر مثال برزخی
اے دہان تو خود دہان دوزخ کا ہے — اے جہان ہمرنگ تو برزخ کا ہے

نور باقی پہلوئے دنیائے دون — شیر صافی پہلوئے جوہائے خون
نور باقی متصل دنیا کے ہے — شیر صافی متصل ہے خون کے

چون درو گامے زنی بے احتیاط — شیر تو خون میشود از اختلاط
جو قدم اسمین رکھے بے احتیاط — شیر تیرا خون ہو از رہ اختلاط

یک قدم زد آدم اندر ذوق نفس — شد فراق صدر جنت طوق نفس
رکھا آدمؑ نے قدم با ذوق نفس — ہو گئی جنت کی فرقت طوق نفس

ہمچو دیو از وے فرشتہ میگریخت — بہر نانے چند آب از چشم ریخت
بھاگتے تھے دیو سان اُس سے ملک — روئے روٹی کے سبب مدت تلک

گرچہ یک مو بد گنہ کو جستہ بود — لیک آن مو در دو دیدہ رستہ بود
بال سا اُس سے گنہ گرچہ ہوا — پردہ پر بال اُسکی آنکھون کا بنا

بود آدم دیدۂ نور قدیم — موئے در دیدہ بود کوہ عظیم
تھا جو آدم دیدۂ نور قدیم — بال آنکھون مین ہوا کوہ عظیم

گر دران حالت بکردی مشورت — در پشیمانی نگردی معذرت
گر وہ اس حالت مین کرتا مشورت — نے پشیمانی سے کرتا معذرت

زانکہ با عقلے چو عقلے جفت شد — مانع بد فعلی و بد گفت شد
عقل سے جو عقل اک باہم ملے — دور بد فعلی و بد گوئی کرے

نفس چون با نفس دیگر یار شد — عقل جزوی عاطل و بیکار شد
نفس سے جو نفس باہم یار ہو — عقل جزوی عاجز و بیکار ہو

گر ز تنہائی تو ناہیدے شوی — زیر ظل یار خورشیدے شوی
گر تو تنہائی سے جون ناہید ہو — زیر سایہ یار کے خورشید ہو

ملہ۱ دست شہ الخ ۱ شعر اُس باز کی جا دست شاہ ہو جیو اور خلق پر یہ در کشادہ ہو جیو یعنی جان کو قرب الٰہی ہمیشہ حاصل ہو جیو اور مخلوق پر در معرفت مفتوح ہو جیو اُس معرفت کی آفت ہوا و شہوت ہے ورنہ یہان شربت اندر شربت کے ہے یعنی معرفت کو شہوت اور ہوا آفت ہی ورنہ یہان دنیا مین معرفت اندر معرفت کے ہے اس دہن کو بند کر تا ظاہر دیکھے کر اس جہان کی نظر بندی یہ دہن ہے یعنی دہن کو لقمہ لذیذ نفسانی یا بیان قال سے بند کر کسواسطے کہ دہن اس جہان کی نظر بندی ہی کہ حقائق اس جہان کے بسبب حظ نفسانی کے ظاہر نہین ہوتا ہی آگے مخاطب دہن سے ہی اے دہن تو خود دہن دوزخ کا ہے اور اے جہان تو ہمرنگ برزخ کا ہی یعنی یہ جہان درمیان جنت و دوزخ کے ہے اگر دہن بند لذائذ سے کیا جنت کو گیا اور اگر کھولا دوزخ مین پڑا نور باقی متصل اس دنیا کے ہے جیسے شیر صافی متصل خون کے ہی یعنی اگر راستی ہی مثل شیر صاف ہی ورنہ کجی سے خون ناپاک ہے اسواسطے راستی سے نور دنیا مین حاصل ہی ورنہ کجی سے حسرت دنیا ہی اگر قدم دنیا مین بغیر احتیاط تو رکھے شیر تیرا خون ہو بسبب اختلاط دنیا کے یعنی بسبب اختلاط امور دنیا کے حسنات تیرے سیئات ہو جاوینگے اسکی مثال فرماتے ہین فافہم ۱۲ ملہ۲ رکھا آدم نے الخ شعر جیسے آدمؑ نے ساتھ ذوق نفس کے قدم رکھا فرقت جنت سے ہوئی اور فرقت جنت کی طوق نفس کی ہو گئی یعنی بسبب خواہش نفسانی کے خارج جنت سے ہوئے اور فراق جنت نفس کو وبال ہوا فرشتے مثل دیو کے انسے بھاگتے تھے اور مدت تک روٹی کے واسطے وہ روئے اگرچہ بال کے برابر اُنسے گناہ سرزد ہوا لیکن انکی آنکھون مین وہ پر بال بنا کیونکہ آدم دیدہ نور قدیم تھے بال انکی آنکھ مین کوہ عظیم ہوا اگر اس حالت مین آدم مشورہ کرتے پشیمانی سے معذرت نہ کرتے آگے تعلیم فرماتے ہین کہ عقل سے جو ایک عقل باہم ہے بد فعلی و بد گوئی دور کرے نفس سے جو ایک نفس یار ہووے یہ عقل جزوی عاجز و بیکار ہووے یعنی اگر اہل عقل سے کہ مرشد ہے اگر عقل مشورہ کرے برائی دور ہو اور اگر نفس سے کہ غافل ہین ملے ظاہر و بیکار و عاجز ہو اسی طرح آدم علیہ السلام نے مشورہ حق سے نہ کیا اور اہل نفس یعنے حوا کا کہنا کیا پشیمانی سے معذرت خواہ ہوئے چنانچہ اس کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ملہ۳ گر تو تنہائی الخ اشعر اگرچہ تو تنہائی سے مانند زہرہ کے ہو ولیکن یار کے زیر سایہ خورشید ہو یعنی اپنی رائے سے اگر تو خلوت گیری کرے گے زہرہ کے مانند نوردار و بلند مرتبہ ہو ولیکن مرشد کی حضوری سے مثل خورشید کے روشن ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

رو بجو یار خدائے را تو زود / چون چنان کردی خدا یار تو بود
آنکہ در خلوت نظر بر دوخت است / آخر آنرا ہم ز یار آموخت است
خلوت از اغیار باید نے ز یار / پوستین بہر دے آمد نے بہار
عقل با عقل دگر دوتا شود / نور افزون گشت و رہ پیدا شود
نفس با نفس دگر خندان شود / ظلمت افزون گشت و رہ پنہان شود
یار چشم تست اے مرد شکار / از خس و خاشاک او را پاک دار
ہین بجاروب زبان گردی مکن / چشم را از خس رہ آوردی مکن
چونکہ مومن آئنہ مومن بود / روے او ز آلودگی ایمن بود
یار آئنہ ست جان را در حزن / بر رخ آئینہ اے جان دم مزن
تا نپوشد روے خود را از دمت / دم فرو خوردن بباید ہر دمت
کم ز خاکی چونکہ خاکی یار یافت / از بہارے صد ہزار انوار یافت
آن درختے کو شود با یار جفت / از ہوائے خوش ز سر تا پا شگفت
در خزان چون دید او یار خلاف / در کشید او رو و سر زیر لحاف
گفت یار بد بلا آشفتن است / چونکہ او آمد طریقم خفتن است
پس بخسپم باشم از اصحاب کہف / بہ ز دقیانوس باشد خواب کہف

جلد[1] جا کر ڈھونڈھ حق کے دوست کو / جو کہ ہے ایسا تو حق کا دوست ہو
جس نے خلوت میں نظر کو بند کی / یار سے سیکھا ہے آخر اُس کو بھی
خلوت اغیاروں سے ہے نے یار سے / پوستین سردی میں نے گرمی میں ہے
عقل اک اور عقل سے جا کر ملے / ہو زیادہ نور اور رستہ کھلے
نفس اک اور نفس سے فرحت لہے / ہو زیادہ ظلمت اور رستہ چھپے
اے[2] شکاری آنکھ تیری یار ہے / پاک رکھ اسکو خس و خاشاک سے
گرد جاروب زبان سے مت اُڑا / اور خس رہ سے تو آنکھوں کو بچا
کیونکہ مومن آئنہ مومن کا ہے / اُسکا رو آلودگی کو کب رکھے
یار آئینہ ہے غم میں جان کا / آئینہ پر دم نہ مار اے جان ذرا
تا چھپائے رو نہ دم سے وہ ترے / روکنا بس چاہیے دم کو تجھے
خاک سے کیا کم ہے تو کہ پاے یار / خاک اور غنچے کھلائے سو بہار
جو شجر کہ یار سے اپنے ملے / بس ہوائے خوش سے سر تا پا کھلے
جو[3] خزان میں پاے وہ یار خلاف / تو چھپائے منھ کو وہ زیر لحاف
بولا یار بد سے ملنا رنج ہے / جو وہ آئے سونا مجکو گنج ہے
سو رہوں تو ہوں میں بھی اصحاب کہف / اچھا دقیانوس سے ہے خواب کہف

ف۱ جلد جا کر الخ یہ شعر یعنی جلد جا کر تو دوست حق کو تلاش کر کہ اس کام کے کرنے سے تو دوست حق کا ہو جس نے خلوت میں نظر بند کی آخر اسکو بھی یار ہی سے سیکھا ہے خلوت اغیار سے ہے نہ یار سے پوستین سردی میں ہوتا ہے نہ گرمی میں یعنی اگرچہ جلوت میں نظر بند کرنا اُس نے یار سے سیکھا ہے مگر خلوت اغیار سے کرتے ہیں اور راہ دید کے یار سے نہیں کرتے ہیں اگر ایک عقل دوسری عقل سے ملے تو زیادہ ہو اور راستہ کھلے اور اگر ایک نفس دوسرے نفس سے راحت پذیر ہو ظلمت زیادہ ہو اور راستہ پوشیدہ ہو یعنی دید میں دوئی یار ہے تامل کر کہ روشنی حاصل ہو اور راہ سلوک پائے اور پیوست نفس سے مت مل کہ ظلمت دل میں بڑھے چنانچہ امر بد کا حال آگے بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲ ف۲ اے شکاری الخ شعر اے شکاری تیری آنکھ یار ہے اسکو خس و خاشاک سے پاک رکھ یعنی اے عارف تیری چشم از راہ دید کے تیری یار ہے کہ اُسی سے تو شکار معرفت کو پکڑتا ہے خس و خاشاک غیر حق کو مت آنے دے کہ دید میں نقصان نہ ہو جاروب زبان سے گرد مت اُڑا اور خس راہ سے آنکھ کو بچا یعنی قال بیہودہ نہ کر کہ چشم دید خیال بد تیرے لیے تیرہ ہو جا[ئے] کیونکہ مومن آئینہ مومن کا ہے اسکا رو آلودگی نہیں رکھتا ہے جان کے غم میں یار آئینہ ہے تو اے جان آئینہ پر دم نہ مار تا یار رو چھپائے دم سے تیرے پس دم کو تجھے روکنا چاہیے یعنی مومن آئینہ مومن کا ہے بموجب حدیث المومن مرآۃ المومن یعنی ذات حق کہ معشوق ہے آئینہ عارف کی تمام عالم کو دیکھتی ہے جیسے آئینہ میں صورت اس مشاہدہ میں مشہود ہوتا ہے کہ تمام عالم حق ہے اور وہ آئینہ روئے معشوق ہے اور آلودگی نہیں رکھتا ہے تو اس آئینہ پر اے جان دم نہ مار کہ مکدر ہونے سے یار منھ نہ چھپائے یعنے براہ شہوت غیر حق اس روئے معشوق کو مت دیکھ کہ ذات حق منھ نہ چھپائے بحر العلوم آگے مثال ہے تو کیا خاک سے کم ہے یار کو خاک پائے اور سو غنچے بہار کھلائے جو شجر اپنے یار سے ملے ہوائے خوش سے سر تا پا کھلے یعنی تیرا مرتبہ خاک سے تو کم نہیں ہے دیکھ خاک اپنے یار بہار سے جو ملتی ہے تو کیا کیا گل و بوٹا کھلاتی ہے اگر تو اپنے یار ذات حق سے ملے گا تو کیا کچھ مرتبہ پائے گا اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ جو خزان میں الخ یہ شعر جو شجر خزان میں یار خلاف پائے تو منھ کو چھپائے زیر لحاف شجر نے کہا کہ یار بد سے ملنا باعث رنج ہے اگر وہ آئے تو مجھ کو سو رہنا گنج ہے یعنے خزان یار بد ہے اس سے شجر میں چھڑ ہو کر پوشیدہ ہو جاتا ہے ایسے ہی نفس یار بد ہے اس سے دور ہونا چاہیے سو رہوں تو اصحاب کہف ہو جاؤں کہ دقیانوس سے خواب کہف بہتر ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

یقظ شان مصروف دقیانوس بود	خواب شان سرمایۂ ناموس بود	انکا جگنا[۱] صرف دقیانوس تھا	سونا انکا مایۂ ناموس تھا
خواب بیداریست چون با دانش است	وای بیداری کہ با نادان نشست	سونا جگنا ہی جو ہے دانش کے ساتھ	حیف وہ جگنا کہ نادان کے ہی ساتھ
چونکہ زاغان خیمہ بر گلشن زدند	بلبلان پنہان شدند و تن زدند	خیمہ گلشن مین جو زاغون نے کیا	بلبلین سب جا بسین اک اک جگہ
زانکہ بے گلزار بلبل خامش است	غیبت خورشید بیداری کش است	بلبلین خاموش ہین بے گلزار کے	غیبت خور کھوتی بیداری کو ہے
آفتابا ترک این گلشن کنی	تا کہ تحت الارض را روشن کنی	آفتابا[۲] ترک یہ گلشن کرے	تو زمین کا تحت تو روشن کرے
آفتاب معرفت را نقل نیست	مشرق او غیر جان و عقل نیست	آفتاب معرفت کو نقل نے	مشرق اسکا غیر جان و عقل نے
خاصہ خورشید کمالی کان سریست	روز و شب کردار او روشن گریست	خاص اس سو سے جو ہے شمس کمال	رات دن روشن کرے ہی اسکا حال
مطلع شمس آ اگر اسکندری	بعد ازان ہر جا روی نیکو فری	آ تو مطلع خور مین گر طالب ہی تو	بعدہ جائے جہان صاحب ہی کر تو
بعد ازان ہر جا روی مشرق بود	شرقہا بر مغربت عاشق شود	بعدہ جائے جہان مشرق بنے	مشرقین عاشق ہون مغرب پر ترے
حس خفاشت سوی مغرب دوان	حس دُرپاشت سوی مشرق روان	حس خفاشی تری مغرب کو آئے	حس انواری تری مشرق کو جائے
راہ حس راہ خران است ای سوار	ای خران را تو مزاحم شرم دار	راہ[۳] حس رہ ہے گدھونکی اے شتر	تو گدھونکا ہووے راغب شرم کر
پنج حسے ہست جز این پنج حس	آن چو زر سرخ و این حسہا چو مس	پانچ حس کے اور سوا ہین پانچ حس	وہ مثال زر ہین اور یہ مثل مس
اندران بازار کایشان ماہرند	حس مس را چون حس زر کے خرند	جو کہ ہین آگاہ اُس بازار مین	حس مس کو مثل حس زر نہ لین
حس ابدان قوت ظلمت میخورد	حس جان از آفتابی می چرد	حس تن ظلمت کی کھاتا ہے غذا	حس جان خورشید سے لے ہی ضیا
ای ببردہ رخت حسہا سوی غیب	دست چون موسی برون آور ز جیب	اے حسون کو غیب مین تو لے گیا	دست موسیٰ سا دکھا دے معجزا
ای صفاتت آفتاب معرفت	و آفتاب چرخ بند یک صفت	اے تری صفتین ہین شمس معرفت	آفتاب چرخ رکھے اک صفت

۱ انکا جگنا الخ یہ شعر کیونکہ انکا بیدار رہنا صرف دقیانوس اور سونا باعث ننگ و ناموس تھا وہ سونا جاگنا ہے کہ جو عقل کے ساتھ ہو افسوس اس جاگنے سے کہ نادانی کے ساتھ یعنے اگر باخبری کے ساتھ سونا ہے وہ بیداری ہے اس سونے سے کہ بیخبری سے سوئے جیسے اصحاب کہف کہ انکا سونا اوروں کی بیداری سے بہتر ہے زاغون نے خیمہ گلشن مین کیا اور بلبلین گلشن سے چلی گئین بلبلین خاموش ہین بغیر گلزار کے غیبت خورشید کی بیداری کو کھوتی ہے یعنی ظل پیر کہ خورشید ہے اگر عارف کے دل سے اٹھ گیا زاغ نفس کو غلبہ ہوا اور بلبل جان خاموش ہو کیونکہ بیداری ان ظل پیر سے ہے چنانچہ اس آفتاب کے حقائق آگے ہین ۱۲ فافہم ۲ آفتابا الخ یہ شعر اے آفتاب تو اس گلشن کو ترک کر تا تحت زمین کا تو روشن کرے آفتاب معرفت کو نقل نہین ہے اسکا مشرق سوا جان عقل کے نہین خاص کر اس قسم سے کہ آفتاب کمال ہے رات دن روشن کرے اسکا حال ہے یعنی آفتاب معرفت کہ حق کی طرف سے ہو وہ کب مثل اس آفتاب کے غروب ہوتا ہے بلکہ ہمیشہ روشن رہتا ہے نہیں تو اس مطلع خورشید مین پھر تو جہان چاہے جا صاحب ہے تو یعنی مطلع خورشید معرفت کہ دل مرشد ہے اسکے زیر سایہ آکر پھر تجکو کچھ نقصان نہ ہوگا بعدہ تو جہان جائے مشرق ہے اور تیرے مغرب پر مشرقین عاشق ہو وین یعنی پھر تو مرشد ہو جائے گا اور دنکے دل پر تیرے وے دیر عاشق ہو وین گے حس خفاشی تیرے مغرب کی طرف آئے حس انواری تیری مشرق کی طرف آئے یعنی تیرا جسم مغرب جان مشرق شمس معرفت ہو تو حس تیرا دلونکی تیرے جان کی جانب اور حس بیداریون کی تیری جان کی جانب رجوع کرین گے باقی حال حس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ راہ حس الخ یہ شعر راہ حس راہ گدھون کی ہے تو گدھون کا راغب ہووے شرم کر اس پانچ حس کے سوا اور پانچ حس ہین کہ وہ مثال حس کے ہین یعنی حس جان ان حسون تن سے علحدہ ہے جو لوگ کہ آگاہ ہین اسی بازار مین حس مس کو مانند حس زر کے نہین لیتے ہین حس تن ظلمت کی غذا کھاتا ہے اور حس جان خورشید سے ضیا لیتے ہین کا اس ظلمت آتی ہے اے تو حسون کو غیب مین لے گیا دست موسیٰ کا معجزہ دکھا دے یعنے اے مرشد نیر کہ حس تن کی بسبب جاننے غیب کے ہم صفت جان کے ہوئی ہین تو مثل دست موسیٰ کے صفت جان کو ہاتھ سے ظاہر کر کیونکہ دست موسیٰ سے اثر جان کا ظاہر ہوتا تھا نہ اثر دست کا اے مرشد تیری صفتین شمس معرفت ہین اور آفتاب چرخ ایک صفت رکھتا ہے یعنی اے مرشد تو جامع جمیع صفات ہے اور آفتاب فلک مین ایک صفت روشنی کی ہے چنانچہ ان صفتون کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

گاہ خورشید و گہے دریا شوی | گاہ کوہ قاف و گہ عنقا شوی
تو نہ این باشی نہ آن در ذات خویش | اے فزون از وہمہا و ز بیش بیش
روح با علم است و با عقل است یار | روح را با تازی و ترکی چہ کار
از تو اے بے نقش با چندین صور | ہم مشبہ ہم موحد خیرہ سر
گہ مشبہ را موحد می کند | گہ موحد را صور رہ می زند
گر ترا گوید ز مستی بوالحسن | یا صغیر السن یا رطب البدن
گاہ نقش خویش ویران می کند | آن پے تنزیہ جانان می کند
چشم حس را ہست مذہب اعتزال | دیدۂ عقل ست سنی در وصال
سخرۂ حس اند اہل اعتزال | خویش را سنی نماید از ضلال
ہر کہ در حس ماند او معتزلی است | گرچہ گوید سنیم از جاہلی است
ہر کہ بیرون شد ز حس سنی وی است | اہل بینش چشم حس خوش پیست
ہر کہ از حس خدا دید آیتے | در بر حق ہست بہر طاعتے
گر بدیدی حس حیوان شاہ را | پس بدیدی گاو خر اللہ را
گر نبودی حس دیگر مر ترا | جز حس حیوان ز بیرون ہوا
پس بنی آدم کرم کے بدے | کے بحس مشترک محرم شدے

گاہ[۱] خورشید اور گہ دریا ہو تو | گاہ کوہ قاف و گہ عنقا ہو تو
تو نہ یہ نے وہ ہے اپنی ذات مین | تجھکو افزون وہم سے جانون ہون مین
روح علم و عقل سے یاری رکھے | تازی و ترکی سے بے غرضی رکھے
تجھ سے اے بے نقش با چندین صور | ہین مشبہ اور موحد خیرہ سر
گہ مشبہ کو موحد تو کرے | گہ موحد کو دوئی مین تو رکھے
گہ تجھے مستی سے کہوے بوالحسن | یا تجھے امرد کہے یا گلبدن
گاہ نقش اپنے کو ویران کرے | ظاہرا تنزیہ جانان کے لیے
چشم[۲] حس رکھتی ہے مذہب اعتزال | سنی چشم عقل ہے اندر وصال
حس کے ہین پابند اہل اعتزال | سنی خود کہلاتے ہین از رہ ضلال
جو رہا حس مین وہ ہے معتزلی | خود کو سنی جانے از رہ جاہلی
جو کہ چھوٹا حس سے پس سنی ہے وہ | اہل بینش باندھے حس کی چشم کو
جس نے حس حق سے پایا ہے پتا | اسکی طاعت پس ہے مقبول خدا
دیکھتی گر حس حیوان شاہ کو | دیکھتے پس گاؤ خر اللہ کو
دوسری حسین نہ ہوتین گر تجھے | حس حیوان کے سوا اور حرص سے
پس بنی آدم مکرم ہوتے کب | حق کو حس مشترک سے پاتے کب

۱ گاہ خورشید الخ شعر کبھی خورشید اور کبھی دریا ہو کبھی کوہ قاف کبھی عنقا ہو تو نہ یہ ہے نہ وہ ہے اپنی ذات مین قائم ہے تجکو وہم سے افزون جانتا ہون مین علم و عقل سے روح یاری رکھتی ہے ترکی و تازی سے کچھ غرض نہین رکھتی ہے تجھ سے اے بے نقش کہ تو اتنی صورتین رکھتا ہے مشبہ اور موحد حیران ہین یعنے اے ذات مرشد یہ سب صفات تیری ہین مگر تو اپنی ذات مین مستقل ہے اور باوجود بے صورتی کے سب صورتین تیری ہین اہل تشبیہ اور اہل تنزیہ تجھ سے حیران ہین کیونکہ مشبہ کو تو موحد کرے اور کبھی موحد کو تو دوئی مین رکھے تجھے مستی کے سبب کامل کہین اور کبھی تجھے امرد یا گلبدن کہین کبھی نقش اپنے کو ویران کردے تنزیہ جانان کے لیے یعنے ذات مرشد بسبب فنائیت ذات حق کے یہ سب صفتین رکھتی ہے اور حس تن کی پابند نہین رہتی ہے چنانچہ اس کا حال فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲ چشم حس الخ شعر چشم حس مذہب اعتزال رکھتی ہے اور چشم عقل اندر وصال کے سنی ہے واضح ہو کہ مذہب معتزلہ رویت حق کو محال جانتے ہین دنیا و ہم آخرت مین اور سنی رویت حق کے قائل ہین دنیا و ہم آخرت مین جو کہ رویت حق چشم حس سے نہین ہوتی ہے اس واسطے مولانا چشم حس کو معتزلہ چشم عقل کو سنی کہتے ہین از بحر العلوم اس واسطے حس کے پابند ہین اہل اعتزال اور خود کو سنی کہلاتے ہین از راہ گمراہی کے پس جو شخص حس مین رہا وہ معتزلی ہے اور خود کو سنی جانتا ہے از راہ جاہلی کے جو حس سے چھوٹا وہ سنی ہے اور اہل بینش چشم حس کو بند کرتے ہین جس شے نے حق کی حس کا پتا پایا اس کی اطاعت مقبول خدا ہے یعنے جس نے از راہ دید کے حس حق کو دیکھا ہے اس کی اطاعت مقبول ہے اگر حس حیوان شاہ کو دیکھتی تو گاؤ خر خدا کو دیکھے اگر تجھ کو حس حیوان و حرص کے سوا دوسری حس نہ ہوتی پس بنی آدم مکرم کب ہوتے اور حق کو حس مشترک سے کب پاتے یعنے وہ حس کہ خدا و بندہ مین مشترک ہے وہ نظر دید ہے کہ بندہ اس سے خدا کو دیکھتا ہے نہ یہ حس مشترک کہ جو حواس خمسۂ باطنی مین ہے چنانچہ اسکا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

نامصور یا مصور گفتنت — باطل آمد نے ز صورت رفتنت
نامصور یا مصور پیش او ست — کہ ہمہ مغز است و بیرون شد ز پوست
اگر تو کوری نیست بر اعمی حرج — ورنہ رو الصبر مفتاح الفرج
پردہ ہاے دیدہ را داروے صبر — ہم بسوزد ہم بسازد شرح صدر
آئینہ دل چون شود صافی و پاک — نقشہا بینی برون از آب و خاک
ہم ببینی نقش و ہم نقاش را — فرش دولت را و ہم فراش را
چون خلیل آمد خیال یار من — صورتش بت معنی او بت شکن
شکر یزدان را کہ چون او شد پدید — در خیالش جان خیال خود ندید
خاک درگاہت دلم را می فریفت — خاک بر وے کو ز خاکت می شکیفت
گفتم ار خوبم پذیرم این از و — ورنہ خود خندید بر من زشت او
چارہ آن باشد کہ خود را بنگریم — در خورانیم یا نا در خوریم
او جمیل است و یحب الجمال — کے جوان نو گزیند پیر زال
طیبات از بہر کہ للطیبین — خوب خوبی را کند جذب از یقین
خوب خوبی را کند جذب این بدان — طیبات و طیبین بر وے بخوان

نامصوّر یا مصور تو کہے — ہو نہ باطل تو نہ صورت سے چھٹے
نامصور یا مصور اُسکو ہے — جو ہی مغز اور پوست سے بالکل چھٹے
اگر تو اندھا ہے تو تجکو کیا حرج — ورنہ جا الصبر مفتاح الفرج
آنکھ کے پردونکی ہے داروے صبر — بھی جلائے بھی بنائے شرح صدر
آئینہ دل کا جو ہووے صاف و پاک — نقش دیکھے تو سوائے آب و خاک
نقش کو دیکھے تو اور نقاش کو — فرش کو دیکھے تو اور فراش کو
جون خلیل آیا خیال اب یار کا — بت شکن معنی و صورت بُت ہوا
شکر حق کو جبکہ وہ آئے خیال — بس خیال اُسکے مین جان ہو بے خیال
خاک در تیری لبھائے دل مرا — خاک اُسپر خاک سے تیری پھرا
سوچا گر ہون خوب یہ کرلے قبول — ورنہ مجھپر خود ہنسے زشت و فضول
ہی علاج اب تو نہین خویش بین — لائق اُسکے ہون و یا لائق نہین
ہی جمیل اور وہ یحب للجمال — کب پسند آئے جوان کو پیر زال
طیبات اب کسلیے للطیبین — خوب خوبی کو ہی لیتا بالیقین
خوب خوبی کو ہی لیتا جان تو — طیبات و طیبین اس پر پڑھو

۱۵ نامصور الخ ۵ شعر نامصور یا مصور تو کہوے یہ باطل نہ ہووے اگر تو صورت سے نہین چھٹتا ہے اور نامصوّر یا مصور اس کو کہنا لائق ہے جو کہ مغز ہے اور بالکل پوست سے چھوٹا ہے یعنی نامصور تنزیہ و مصور تشبیہ کو کہتے ہین پس جو شخص پابند صورت کا ہے اور تشبیہ و تنزیہ کو بیان کرتا ہے اس کا کہنا باطل ہے کہ وہ سیر دید کو تشبیہ تنزیہ مین کیا جانتا ہے اگر تو اندھا ہے تو تجھ کو کیا حرج ہے اور اگر اندھا نہین ہے تو جا صبر کر صبر کنجی کشادگی کی ہے یعنی صبر کرنے سے کشود کار ہوتا ہے کیونکہ آنکھ کے پردون کی دارو صبر ہے کہ جلاتی و بناتی شرح صدر کو ہے یعنی جیسے طب مین معالجہ چشم مین صبر آتا ہے اسی طرح کشود چشم صدر مین صبر آتا ہے کہ کثافت کو جلا کر صدر کو صفوت بناتا ہے آئینہ دل جو صاف پاک ہووے سوائے آب و خاک کے تو نقش دیکھے یعنی نقوش باطن آئینہ دل مین دکھائی دیوین چنانچہ اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۱۶ نقش کو الخ ۹ شعر تو نقش کو دیکھے اور نقاش کو اللہ تو فرش کو دیکھے اور فراش کو خیال یار کا اب مانند خلیل اللہ کے آیا صورت مین بت شکن ہوا یعنی ہیبت مرشد مانند خلیل کے آئینہ دل صافی مین آئی کہ بظاہر بت ہے و بمعنی بت شکن کیونکہ بظاہر وہ ہیبت اپنے ساتھ مشغول کرتی ہے مانند بت کے و باطن مین بت نقش کو کہ حجاب حق ہے توڑتی ہے مثل خلیل اللہ کے شکر اللہ کا کہ جب خیال مرشد آئے تو جان خود بینی کا بھول جائے اے مرشد تیری خاک درگاہ میرے دل کو لبھاتی ہے اور اُس شخص پر خاک ہو جیو کہ تیری خاک سے برگشتہ ہو سوچتا ہین کہ اگر مین خوب ہون یہ قبول کر لے ورنہ خود زشت مجھپر ہنسے اب یہ صلاح ہے کہ مین خود کو دیکھون کیونکہ لائق اسکے ہون نہین ترجمہ وہ خوبصورت ہے اور دوست رکھتا ہے خوبصورت کو کب پیر زال پسند آئے جوان کو ترجمہ پاک عورتین اب کس لیے واسطے پاک مردون کے خوبصورت خوبی کو لیتا ہے یقین کر خوبصورت خوبی کو لیتا ہے جان لے آیۂ طیبات و طیبین کو اس پر پڑھو یعنے پاک دل واسطے پاک مردون کے ہین اسی طرح پاک دل واسطے ہیبت پاک مرشد کے ہین کہ جنسیت اس مین اثر کرتی ہے و منزل مقصود کو پہونچاتی ہے چنانچہ اس جنسیت کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۔

در هر آن چیزی که تو ناظر شوی / میکند با جنس سیر ای معنوی
در جهان هر چیز چیزی جذب کرد / گرم گرمی را کشیده سرد سرد
قسم باطل باطلان را می کشند / باقیان از باقیان هم سرخوشند
ناریان مر ناریان را جاذبند / نوریان مر نوریان را طالبند
صافیان هم صافیان راغب شوند / دُرد را هم تیرگان جاذب بوند
زنگ را هم زنگیان باشند یار / روم را با رومیان افتاد کار
چشم چون بستی ترا جانکندنی است / چشم را از نور روزن صبر نیست
چشم چون بستی ترا تاسه گرفت / نور چشم از نور روزن می شگفت
تاسهٔ تو جذب نور چشم بود / تا بپیوندد به نور روزن زود
چشم باز ار تاسه گیرد مر ترا / دانکه چشم دل ببستی بر گشا
این تقاضای دو چشم دل شناس / کو همی جوید ضیای بیقیاس
چون فراق آن دو نور بی ثبات / تاسه آوردت گشادی چشمها
پس فراق آن دو نور پایدار / تاسه چون آرد مرا آنرا پاسدار
او چو میخواند مرا من بنگرم / لایق جذبم و یا بد پیکرم
گر لطیفی زشت را در پی کند / تسخری باشد که او بر وی کند

جب نظر جس چیز پر تیری پڑی / جنس کی کرتا ہے سیر اے معنوی
کھینچے شے ہر شے کو عالم میں ہی جو / گرم گرمی کو و سردی سرد کو
قسم باطل کھینچتے باطل کو ہیں / اور عاقل کھینچتے عاقل کو ہیں
ناریونکو ہے کشش ناری کیساتھ / نوریونکو ہے کشش نوری کیساتھ
صاف کی خواہش رکھے ہیں صافیان / اور کدورت چاہتے ہیں تیرہ دلان
زنگ کے بس زنگیان ہوتے ہیں یار / روم ہی سے رومیون کو لیکہ کار
جانکنی ہو آنکھ جو باندھے تو اب / آنکھ کو بے نور روزن صبر کب
چشم جو باندھے تو ہوئے بیقرار / نور روزن سے ہیں آنکھیں نوردار
جذب نور چشم سے بیکل تھا تو / تا کہ ملجائے وہ نور روز کو
گر کھلی آنکھوں سے تو بیتاب ہے / جان چشم دل بندھی ہیں کھولدے
یہ تقاضے دونوں آنکھیں دل کی جان / کہ ضیا کو ڈھونڈھتی ہیں وہ عیان
جو فراق اُن دونوں نور زیست کا / کر دے بیتابی سے تیری چشم وا
پس فراق اُن دونوں نور زیست کا / کرتا ہی بیتاب جان اُسکو دلا
وہ بلائے مجکو دیکھوں آپ کو / جذب کے لائق ہوں یا ہوں زشت رو
گر شکیل اک زشت کو دے رکھے / سب ہنسیں کہ یاری اس سے یہ کھی

۱ جب نظر الخ شعر جبکہ نظر تیری جس چیز پر پڑی سیر جنس کی کرتا ہے اے معنوی یعنی جب ہیبت مرشد کی دل مین قائم ہوئی تو اُس وقت نظر ازانی دیدکی جس شے پر پڑیگی سیر جنس کی اُس شے مین کریگی کیونکہ ہیبت مرشد معنی ہے پس سیر معنی کی معنی کرتا ہے از راہ جنسیت کے موجب قول معروف الجنس مع الجنس انیس یعنی جنس محبت رکھتی ہے جنس سے کیونکہ شے ہر شے کو عالم مین کھینچتی ہے گرم گرمی و سرد سردی کو قسم باطل کھینچتی ہین باطل کو اور عاقل کھینچتے ہین عاقل کو ناریونکو کشش ناری کے ساتھ ہے نوریونکو کشش نوری کے ساتھ ہے یعنی ناری صورت پرست و نوری اہل معنی صاف کی خواہش رکھتے ہین صافی اور کدورت چاہیے تیرہ حال زنگ کے زنگی یار ہوتے ہین روم سے رومی کام رکھتے ہین یعنی اسی طرح چشم باطن ہر شے مین اپنی جنس کو مشاہدہ کرتی ہے چنانچہ اس چشم باطنی کا حال آگے فرماتے ہین بمثال چشم ظاہر فافہم ۱۲ ۲ جانکنی ہو الخ شعر جو تو آنکھ بند کرے جانکندنی ہو کیونکہ آنکھ کو بے نور روزن صبر کب ہے جو تو چشم کو بند کرے تو بیقرار ہووے از نور روزن سے چشم نور رکھتی ہے تو بیقرار تھا کشش نور سے کہ تا نور روزن سے نکل جاوے اگر کھلی آنکھوں سے تو بیقرار ہے تو جان لے کہ چشم دل کی بند ہے اس کو کھول دے پس جان لے کہ یہ دونون تقاضے دل کی آنکھوں کی ہین کہ روشنی کو وہ ظاہر ڈھونڈھتی ہین یعنی بند چشم کو کھلی چشم سے جو بیقراری ہے جان لے کہ یہ دونون چشم دل کے تقاضے ہین جو فراق اُن دونون نور زیست تیرے کا چشم ظاہر کو بیقراری سے کھول دے یعنی نور روزن ان چشم ظاہر و نور روزن باطن کے فراق سے تو آنکھیں کھولتا ہے کہ تسکین ہو ایسے ہی فراق اُن دونون نور کا بہت تجکو بیقرار کرتا ہے یعنی نور چشم دل نور باطن کے فراق سے تیرا دل گھبراتا ہے پس تو ہیبت مرشد کو حاصل کر کے چشم دل کو کھول کہ تا تسکین تجھ کو ہووے چنانچہ آگے اس دید کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ وہ بلائے الخ یعنی شعر وہ یار مجکو بلائے دل مین دیکھوں آپکو کہ اُس کی کشش کے مین لائق ہون یا زشت راہ ہون مثال فرماتے ہین کہ اگر ایک شکیل بدصورت کو اپنے پیچھے پھرائے سب لوگ ہنسین کہ ایسے سے دوستی رکھتا ہے پس مین دیکھون اپنی شکل کو کہ کس رنگ کا ہون میرا گورا رنگ ہے یا سیاہ رنگ ہے باقی جان کا نقشہ ڈھونڈھتا ہوں لیکن کسی مین وہ نقشہ نہین ملا باقی حال آگے سے فافہم ۱۲

که ببینم نقش خود را ای عجب تا چه رنگم همچو روزم یا چو شب
دیکھون اپنی شکل مین کس رنگ کا رنگ گورا ہے دیا کالا مرا

نقش جان خویش می جستم بسے ہیچ می ننمود نقشم از کسے
ڈھونڈھتا ہون نقش اپنی جان کا پر کسی مین وہ نہین نقشہ ملا

گفتم آخر آئینہ از بہر چیست تا نہ بیند ہر کسے کو چیست کیست
سوچا مین کہ آئینہ ہے کس لیے تاکہ دیکھے ہر کوئی وہ کون ہے

آئینہ آہن برائے لونہاست آئینہ سیمائے سنگین بہاست
آئینہ آہن ہے رنگون کیلیے آئینہ سیمائے جان قیمت رکھے

آئینہ جان نیست الا روئے یار روئے آن یاری کہ باشد زان دیار
آئینہ جان نے ہے الا روئے یار یار وہ کہ ہووے جسکا وہ دیار

گفتم اے دل آئینہ کل را بجو رو بدریا کار بر ناید ز جو
سوچا کل کا آئینہ ڈھونڈھ لا بحر مین جا نہر سے ہو کام کیا

زین طلب بندہ بکوئے تو رسید درد مریم را بخرما بن کشید
اس طلب سے بندہ پہونچا تیرے پاس درد سے مریم گئی خرما کے پاس

دیدۂ تو چون دلم را دیدہ شد صد دل نادیدہ غرق دیدہ شد
میرے دل کو دیکھا تیری چشم نے سو دل نادیدہ غرق چشم ہے

آئینہ کلی ترا دیدم ابد دیدم اندر چشم تو من نقش خود
آئینہ کل کا جو اک دیکھا تجھے اپنا نقشہ آنکھ مین دیکھا ترے

گفتم آخر خویش را من یافتم در دو چشمش راہ روشن یافتم
پایا آخر آپ کو سوچا یہ مین راہ روشن پائی دونون آنکھ مین

گفت وہمم کان خیال تست ہان ذات خود را از خیال خود بدان
وہم بولا ہے وہ سب تیرا گمان ذات اپنی کو خیال اپنے سے جان

نقش من از چشم تو آواز داد کہ منم تو تو منے و اتحاد
بولا نقشہ میرا تیری آنکھ سے کہ مین تو اور تو ہی مین سب ایک ہے

اندرین چشم منیر بے زوال از حقائق راہ کے یابد خیال
چشم روشن ہین کہ جو ہے بے زوال راہ کب پائے حقائق سے خیال

در دو چشم غیر من تو نقش خود گر ببینی آن خیالی دان و رد
میری آنکھون کے سوا گر نقش خود دیکھے تو وہ خیال اک جان بد

آنکہ سرمۂ نیستی در می کشد بادہ از تصویر شیطان می چشد
نیستی کا سرمہ جو کوئی لے کھے بادہ وہ تصویر شیطان سے چکھے

چشم او خانہ خیال ست و عدم نیستہا را ہست بیند لاجرم
بس خیالون کا گھر اسکی آنکھ ہے نیستون کو ہست دیکھے اس لیے

ا۵ سوچا مین الخ۔ شعر دل مین سوچا کہ آئینہ کس لیے ہے تاکہ ہر کوئی دیکھے وہ کون ہے آئینہ آہن واسطے رنگ دیکھنے کے ہے سیمائے جان بیش قیمت ہے یعنی چہرہ آئینہ ہی جان کا کہ اہل دید جان پوشیدہ تن کو اسمین مشاہدہ کرتے ہین اسواسطے وہ آئینہ بیش قیمت ہے چنانچہ آگے اسی آئینہ رو کا بیان ہے وہ آئینہ جان نہین ہے روے یار ہی اور یار وہ ہے کہ اس دریا سے ہو یعنی وہ آئینہ مرشد کا روے پاک ہے کہ یار اسمین دکھائی دیتا ہے پھر مین سوچا کہ اے دل آئینہ کل کا ڈھونڈھ دریا مین جا نہر سے کیا کام ہوتا ہے اے مرشد اس طلب سے مین پہونچا تیرے پاس جیسے درد سے مریم خرما کے پاس گئین تیری چشم نے چہرے دل کو دیکھا کہ سو دل نادیدہ غرق چشم ہین یعنی سیکڑون دل تیری چشم پر مرتے ہین پس مجھکو ایک آئینہ بالکل کا پایا اور اپنا نقشہ تیری آنکھون مین دیکھا آخر کو آپ پایا اور مین یہ سوچا کہ دونون آنکھون مین راہ روشن آئی یعنی مقام دید کا راستہ چشم مرشد مین کھلا چنانچہ دھوکے نفس کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲۵ وہم بولا الخ۔ شعر وہم نے کہا کہ تیرا یہ خیال گمان ہے اپنی ذات کو اپنے خیال سے دیکھا ہے پس میرا نقشہ تیری آنکھ سے مین نے کہا کہ مین تو اور تو مین سب ایک ہین چشم روشن مین جو بے زوال ہے از راہ خیال کے حقائق مین کب راہ پائے یعنی خیال حقائق کو چشم زدن مین کب پا سکتا ہے کیونکہ محل خیال قوت دماغی ہے نہ بصیرت قلبی اگر نقشہ اپنا میری آنکھون کے سوا تو دیکھے اسکو خیال بد جان یعنی چشم مرشد کے سوا اور چشمون مین اگر راز کھلے وہ خیال بد ہے کیونکہ خیال سے دقایق نہین معلوم ہوتی ہان مرشد مین جو راز کھلتا ہے وہ عین حقایق ہے خیال نہین ہے یہ دھوکا وہم نفس کا ہے عارف کو اس جا پہ ہوشیار رہنا چاہیے کیونکہ نیستی کا سرمہ جو کوئی رکھتا ہے وہ صورت شیطان سے شراب پیتا ہے اس کی آنکھ خیالون کا گھر ہے اس واسطے کہ نیستون کو ہست دیکھتا ہے یعنے اس کی آنکھ صورت پرست ہے اس مین حقائق کب دکھائی دیتے ہین اور جو کچھ اس مین دیکھا ہے خیال ہے چنانچہ آگے قول مرشد ہے فافہم ۱۲

چشم من چون سرمه دید از ذو الجلال / خانهٔ ہستی ست نے خانهٔ خیال
تا یکے مو باشد از تو پیش چشم / در خیالت گوہری باشد چو شیم
شیم را انگه شناسی از گہر / کز خیال خود کنی کلّے گذر
یک حکایت بشنوے گوہر شناس / تا بدانی تو عیان را از قیاس

آنکھ میری رکھے سرمہ ذو الجلال / خانۂ ہستی ہے نے خانۂ خیال
تا ترے اک بال ہووے پیش چشم / ہو خیال اندر گہر مانند شیم
سنگ و گوہر کو تو اُس دم جان لے / گر خیال اپنے سے تو بالکل چھٹے
اک حکایت سن تو اے گوہر شناس / تاکہ جانے تو عیان از رہ قیاس

ہلال پنداشتن آن شخص خیال را در عہد عمر رضی اللہ عنہ و تنبیہ نمودن او را

ہلال جاننا ایک شخص کا خیال کو عہد میں عمر رضی اللہ عنہ کے اور تنبیہ کرنا اُس پر

ماہ روزه گشت در عہد عمرؓ / بر سر کوہے دویدند آن نفر
تا ہلال روزه را گیرند فال / آن یکے گفت اے عمر اینک ہلال
چون عمرؓ بر آسمان مہ را ندید / گفت کین مہ از خیال تو دمید
ورنہ من بیناترم افلاک را / چون نمی بینم ہلال پاک را
گفت تر کن دست بر ابرو بمال / آنگہان تو در نگر سوے ہلال
چونکہ او تر کرد ابرو مہ ندید / گفت اے شہ نیست مہ شد ناپدید
گفت آرے موے ابرو شد کمان / سوے تو افگند تیرے از گمان
چون یکے مو کژ شد از ابروی او / شکل ماہ نو نمود آن موے او
موے کژ چون پردۂ گردون شود / چون ہمہ اجزات کژ شد چون بود

ماہ رمضان آیا در عہد عمرؓ / اک پہاڑی پر گئے وہ سب نفر
تا ہلال روزه سے لیویں فال / ایک بولا اے عمر یہ ہے ہلال
آسمان پر نے عمر کو مہ ملا / بولے مہ تیرے خیال اندر اُگا
ورنہ میں دیکھوں فزون افلاک کو / کیوں نہ دیکھوں میں ہلال پاک کو
بولے پانی ہاتھ سے ابرو پہ ال / بعدہ تو کر نظر سوے ہلال
تر جو ابرو اُسنے کی پھر مہ نہ تھا / بولے اے سلطان دین ب مہ چھپا
بولے ابرو کا ترے ٹیڑھا تھا بال / پس تجھے دکھتا تھا وہ شکل ہلال
جو کہ بال ابرو کا اُسکے خم ہوا / شکل ماہ نو وہ بال اُسکو ہوا
بال اک خم پردۂ جو گردون کا ہو / جو کہ سب اجزا ہوں ٹیڑھے کیا کہو

لے آنکھ میری الخ یہ شعر اور میری آنکھ رکھتی ہے سرمہ ذو الجلال کا خانۂ ہستی ہے خانۂ خیال نہیں ہے یعنی مرشد کی آنکھ میں بسبب نور حق کے حقائق دیکھتا ہے اور غیر کی آنکھوں میں خیال رکھتا ہے چنانچہ اسکی مثال آگے فرماتے ہیں کہ تا تیرے پیش چشم ایک بال ہووے خیال میں گوہر مانند سنگ شیم کے ہو سنگ و گوہر کو تو اس دم جانے گر اپنے خیال سے تو بالکل چھٹے یعنی نظر عنایت مرشد کی اسکے چشم باطن کو از راہ ہیبت قائم کرنے کے بینا کرے تا خیال دوئی اسکی چشم سے دور ہو جاوے اُسدم معلوم ہو کہ یہ سنگ یہ گوہر یعنی حق و باطل ہے چنانچہ اس خیال دوئی کے دور ہونے میں ایک حکایت آگے بیان فرماتے ہیں ایک حکایت تو سن اے گوہر شناس تاکہ نہ جانے تو عیان کو قیاس سے فافہم ۱۲ سے حکایت دوم فرق عیان و قیاس میں تاکہ تجھکو فرق دوئی معلوم ہو کہ یہ شے عیان ہے و یہ قیاس ہے ۱۲ سے ماہ رمضان الخ یہ شعر عہد میں حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے ماہ رمضان آیا سب لوگ دیکھنے پہاڑ پر گئے تاکہ ہلال رمضان سے سب فال لیں ایک نے کہا اے عمرؓ ہلال ہے اور عمر کو آسمان پر ماہ نہ دکھائی دیا فرمایا کہ یہ تیرا خیال ہے ورنہ میں آسمان کو سب سے سوا دیکھتا ہوں پھر کیوں نہ میں ہلال کو دیکھوں تجھکو فرمایا کہ ابرو پانی سے دھو پھر ہلال کو دیکھ ابرو تر کرتے سے ماہ نہ دیکھا عرض کی کہ اے سلطان ماہ چھپ گیا فرمایا کہ ایک بال تیرے ابرو کا ٹیڑھا تھا وہ تجھکو شکل ہلال نظر آتا تھا جو ایک بال اسکے ابرو کا ٹیڑھا ہوا بصورت ہلال وہ بال اُسکو معلوم ہوا آگے حقائق اسکے بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سے بال اک خم الخ یہ شعر جبکہ ایک بال ٹیڑھا حجاب آسمان کا ہو وے جو سب اجزا ٹیڑھے ہوں تو اُسکا کیا کہنا ایک بال ٹیڑھا پردہ راہ کا ہوا اور ماہ دیکھنے کا دعوی جھوٹا کیا پس تو اجزا کو سیدھا کر ان سیدھوں سے اور روگردان ٹیڑھوں سے یعنی حضوری مرشد سے کہ یہ سیدھے ہیں مع ان نہ ہو اور اپنی کجی اجزا کو انکے بر تو سے سیدھا کر آگے مثال بیان فرماتے ہیں تراز و کو تراز و سچا بھی کرتی ہے اور تراز و کو تراز و ہی جھوٹا کرتی ہے یعنی صحبت نیکوں سے عقل سیدھی ہوتی ہے و صحبت بدوں سے عقل ٹیڑھی ہوتی ہے آگے صحبت پیران ریاکار کا بیان ہے فافہم ۱۲

چون یکے مو کژ شد او را راہ زد / تا بدعوی لاف دید ماہ زد
راست کن اجزات را از راستان / سرمکش ای راست رو زان آستان
ہم ترازو را ترازو راست کرد / ہم ترازو را ترازو کاست کرد
ہر کہ با ناراستان ہم سنگ شد / در کمی افتاد عقلش دنگ شد
رو اشدآء علی الکفار باش / خاک بر دلداری اغیار پاش
بر سر اغیار چون شمشیر باش / ہین مکن روباہ بازی شیر باش
تا ز غیرت از تو یاران نگسلند / زانکہ آن خاران عدوے آن گلند
آتش اندر زن بگرگان چون سپند / زانکہ این گرگان عدوے گوسفند
جان بابا گویدت ابلیس ہین / تا بدم بفریبدت دیو لعین
اینچنین تلبیس با بابات کرد / آدمی را آن سیہ دل مات کرد
بر سر شطرنج چست است این غراب / تو مبین بازی بچشم نیم خواب
زانکہ فرزین بندہا داند بسے / کو بگیرد در گلویت چون خسے
در گلو ماند خسے او سالہا / چیست آن خس مہر جاہ و مالہا
مال خس باشد چو ہست اے بے ثبات / در گلویت مانع از آب حیات
گر برد مالت عدوے پرفنے / رہزنے را بردہ باشد رہزنے

بال اک خم راہ کا پردہ ہوا / دعوی جھوٹا دیکھنے مہ کا کیا
کر جزون کو سیدھا ان سیدھون سے تو / پھیر مت سر اپنا ان سیدھون سے تو
بھی ترازو کو ترازو سیدھ کرے / بھی ترازو کو ترازو کج رکھے
جو کوئی نالائقون کے ساتھ ہو / آبرو کھوئے گمائے عقل کو
جا اشدآء علی الکفار ہو / ڈال یاری پر عدو کی خاک کو
سر پہ غیرون کے تو جون شمشیر ہو / روبہ بازی مت کرے تو شیر ہو
تا نہ ہوویں یار غیرت سے جدا / کہ عدو ہین خار اس گل کے سدا
آگ ان گرگون کی جا مین تو لگا / ہین عدو یہ گرگ گوسفند کے سدا
جان بابا یون تجھے شیطان کہے / تا فریب اپنے مین وہ دم دے تجھے
مکر ایسا تیرے بابا سے کیا / مات آدم کو سیہ دل نے دیا
چست بیٹھا زاغ یہ شطرنج پے / دیکھ مت بازی تو چشم سست سے
کیونکہ فرزین بند آتا ہے اسے / وہ گلو مین مثل تنکے کے پھنسے
اسکا تنکا حلق مین برسون رہے / کیا ہے تنکا حب جاہ و مال ہے
مال تنکا ہی جو ہے وہ بے ثبات / حلق مین رکھے ترے آب حیات
گر چرائے مال کو دشمن ترا / راہزن اک راہزن کو لے گیا

دزدیدن شخصے مارے را از مارگیرے وگزیدن مار دزد را و کشتن او

چرا لیجانا ایک شخص کا سانپ کو سانپ والے کے پاس سے اور مرجانا چور کا سانپ کے کاٹنے سے

سے۱ جو کوئی الخ۸ شعر جو کوئی نالائقون کی صحبت مین ہو آبرو کھوئے اور عقل گنوائے ترجمہ جانون پر کافرون کے شدت کرنے والا ہو اور دشمن کی دوستی پر خاک ڈال غیرون کے سر پر مانند شمشیر کے رہ مکر مت کر اور شیر رہ تاکہ یار بسبب غیرت کے تجھ سے جدا نہ ہوویں کہ ہمیشہ دشمن ہین خار گل کے یعنے ریاکار دشمن اولیا ہین گرگون کی جان مین آگ لگا کیونکہ یہ گرگ دشمن یوسف کے ہین جو تجھے شیطان باباجان کہے تا از راہ فریب تجھ کو دم دے جب کہ ایسا مکر تیرے بابا سے کیا اور آدم کو اُس سیہ دل نے مات دیا یہ زاغ چست بیٹھا ہے شطرنج پر تو بازی کو سست ہو کر نہ دیکھ یعنے بازی شطرنج دنیا پر شیطان چالاک بیٹھا ہے تو غافل نہ ہو کہ مات اُس کا نہ کھا جائے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سے۲ کیونکہ الخ ۱۴ شعر کیونکہ اس کو فرزین بند آتا ہے وہ مثل تنکے کے گلے مین نہ پھنسے اس کا تنکا برسون حلق مین ہے اور وہ تنکا کیا ہے حب جاہ و مال ہے وہ مال تنکا ہے کہ جو بے ثبات ہے اور تیرے حلق مین وہ آب حیات کو روکے یعنے جب مال و جاہ دنیا معرفت کو دل مین نہین آنے دیتا ہے اگر کوئی دشمن تیرے مال کو چرائے تو گویا ایک راہزن راہزن کو لے گیا یعنے یہ مال دنیا تیرا دشمن ہے اگر کوئی اس کو چرا دے تو گویا ایک دشمن دشمن کو لے گیا چنانچہ اس کی شان مین قصہ سانپ والے کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

عــہ شدید اوپر کافرون کے ۱۲

دزدکے از مارگیرے مار برد	زابلہی آن را غنیمت می شمرد	سانپ والے سے چرایا سانپ کو	اور غنیمت جانے ابلہ پن سے وو
وارہید آن مارگیر از زخم مار	مار کشت آن دزد را ابن زار زار	سانپ والا بچگیا اس سانپ سے	چور کو کشتہ کیا اُس سانپ نے
مارگیرش دید پس بشناختش	گفت از جان مار من پرداختش	سانپ والے نے اُسے پہچان کے	سوچا میرے سانپ نے مارا اُسے
در دعا می خواستی جانم از و	کش بیابم مار بستانم ازو	مانگتا تھا میں دعا تو اس لیے	کر میں چھینوں سانپ کو اُس شخص سے
شکر حق را کان دعا مردود شد	من زیان پنداشتم آن سود شد	شکر حق میری دعا ردہ ہوئی	جانا تھا نقصان وہ بہبود تھی
بس دعا ہا کان زیانست و ہلاک	وز کرم می نشنود یزدان پاک	وہ دعا جس میں زیان ہی خلق کا	نے کرم سے اُسکو سنتا ہی خدا
مصلح است و مصلحت ہا داند او	کان دعا را باز میگرداند او	ہی وہ مصلح مصلحت جانے ہے وہ	اس دعا کو مسترد کرتے ہے وہ
وان دعا گو ہست شاکی میشود	می برد ظن بد و آن بد بود	وہ دعا گو اسلیے شکوہ کرے	اور گمان بد اسکی نسبت وہ کرے
می ندا ند کو بلائے خویش خواست	وز کرم حق آن بد و نا ورد راست	یہ نہ جانا چاہتا تھا وہ بلا	اور کرم سے نے رکھا حق نے روا

التماس کردن ہمراہی عیسیٰ علیہ السلام زندہ کردن استخوان را	عرض کرنا ہمراہی کا عیسیٰ علیہ السلام سے واسطے زندہ کرنے ہڈیوں کے

گشت با عیسیٰ یکے ابلہ رفیق	استخوانہا دید در گودے عمیق	ساتھ عیسیٰ کے جو اک ناداں ہوا	اک گڑھے میں دیکھی ہڈی تو کہا
گفت ای روح اللہ آن نام سنی	کہ بدان تو مردہ زندہ میکنی	بولا اے روح اللہ نام اُس پاک کا	جس سے تو زندہ کرے مردہ سدا
مر مرا آموز تا احسان کنم	استخوانہا را بدان با جان کنم	وہ بتادے مجکو تا احسان ہو	ہڈیوں میں ڈالوں اس سے جان کو
گفت خامش کن کہ آن کار تو نیست	لائق انفاس و گفتار تو نیست	بولے چپ رہ وہ نہ تیرا کام ہے	وہ نہ دم کہنے کے لائق ہے ترے

ل سانپ والا الخ شعر کسی چور نے سانپ والے کے پاس سے سانپ کو چرایا اور احمق پن سے غنیمت جانا چرانے والیکو اس سانپ نے کشتہ کیا اس کو سانپ والے نے پہچان کر دل میں سوچا کہ میرے سانپ نے اس کو مارا ہے میں تو دعا اس لیے مانگتا تھا کہ میں سانپ کو چھینوں اُس شخص سے خدا کا شکر ہے کہ وہ میری دعا رد ہوئی میں نقصان جانتا تھا اور اس میں میرا نفع تھا آگے حقائق کا بیان ہے وہ دعا کہ جسمیں مخلوق کا زیان ہو اس کو کرم سے خدا نہیں سنتا ہے وہ صلاحیت دیتا ہے اور مصلحت جانتا ہے اور اس دعا کو مسترد کر دیتا ہے اسلیے وہ دعا گو شکوہ کرتا ہے اور گمان بد اسکی نسبت کرتا ہے نہیں جانتا کہ وہ خود بلا چاہتا تھا اور کرم سے حق نے اُسے روا نہ رکھا یعنے انسان اپنے نفع و نقصان کو نہیں جانتا ہی ایک شے ہے کہ وہ اس کے واسطے نقصان ہے مگر وہ اس کو نفع جان کر چاہتا ہے اور دعا مانگتا ہے مگر خداوند عالم اس دعا کو قبول نہیں کرتا ہے اور اگر اس کے درپے ہونے سے قبول کرتا ہے تو انجام کار اس سے نقصان پہونچتا ہے چنانچہ اس کی مثال میں قصہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا مولانا بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سلہ ساتھ عیسیٰ کے الخ ۱ شعر حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے ساتھ ایک آدمی تھا اس نے ایک گڑھے میں ہڈی کو دیکھا تو کہا اے میرے ہمراہی اس اسم اعظم کو کہ جس سے تو مردہ ہمیشہ زندہ کرتا ہے وہ مجھ کو بتا دے تا احسان ہو اور ہڈیوں میں ڈالوں اُس سے جان کو فرمایا چپ رہ وہ تیرا کام نہیں ہے اور وہ تیرے کہنے کے لائق نہیں ہے وہ دم زبان پاک کو چاہتا ہے کہ فرشتے سے چالاک تر چلے ایک عمر چاہیے کہ تا دم پاک ہوتا خزانہ افلاک پاوے مثال آگے بیان فرماتے ہیں ہاتھ میں اپنے یہاں عصا پکڑا ایھر ہاتھ کو ہاتھ موسیٰ علیہ السلام کا کہا ہے عرش کی اگر میں لائق اس بھید کے نہیں ہوں تو ہڈیوں پر اس نام کو پھر پڑھ دے حضرت عیسیٰ نے درگاہ حق میں عرض کی کہ یارب یہ میں کیا بھید ہے اور اس نادان کی خواہش اس کہنے سے کیا ہے اس بیمار کو اپنا غم کیوں نہیں ہے اور اس مردار کو اپنی جان کا غم کیوں نہیں ہے باقی حال آگے سے فافہم ۱۲۔۔

کان نفس خواهد زبان ای پاکتر | وز فرشته در روش چالاک تر
عمرها بایست تا دم پاک شد | تا امین مخزن افلاک شد
خود گرفتی این عصا در دست راست | دست را دستان موسیٰ از کجاست
گفت اگر من نیستم اسرار خوان | هم تو بر خوان نام را بر استخوان
گفت عیسیٰ یا رب این اسرار چیست | میل این ابله درین گفتار چیست
چون غم خود نیست این بیمار را | چون غم جان نیست این مردار را
مردهٔ خود را رها کردست او | مردهٔ بیگانه را جوید رفو
گفت حق ادبار گر ادبار جوست | خار روئیدن جزای کشت اوست
آنکه تخم خار کارد در جهان | هان و هان او را مجو در گلستان
گر گلی گیرد بکف خاری شود | ور سوی یاری رود ماری شود
کیمیای زہر مارست آن شقی | بر خلاف کیمیای متقی
ہین مکن بر قول و فعلش اعتمید | کو ندارد میوه مانند بید

دم وہ چہتا ہے زبان کو پاک تر | اور فرشتہ سے چلے چالاک تر
چاہیے اک عمر تا دم پاک ہو | تا کہ پائے مخزن افلاک کو
ہاتھ مین اپنے عصا پکڑا یہان | ہاتھ کو پھر ہاتھ موسیٰ کا کہان
بولا اگر لائق نہ مین اس بھید کے | ہڈیون پر پڑھ دے تو اس نام سے
بولے عیسیٰ یارب اسمین سر ہے کیا | خواہش اس نادان کی اس کہنے سے کیا
کیون نہ غم اپنا ہے اس بیمار کو | کیون نہ غم جانکاہ ہو اس مردار کو
اپنے مردے کی نہ رکھی جستجو | دوسرے مردے کا ڈھونڈھے ہے رفو
بولا حق بدبخت گر ڈھونڈھے برا | خار اگتا اُسکی کھیتی کی جزا
جو کوئی بوے جہان مین تخم خار | ڈھونڈھ گلشن مین نہ اُسکو زینہار
ہاتھ مین گر گل کو لیوے خار ہو | یار سے جا کر ملے تو مار ہو
وہ شقی ہے کیمیائے زہر مار | عکس ہے وہ کیمیائے نیک کار
قول و فعل اُسکے سے تو مت کر مدار | کہ تجھے میوہ نہ دے مانند بید

اندرز کردن صوفی خادم را در تیمار بہیمۂ او

نصیحت کرنا صوفی کا خادم کو واسطے نگہبانی جانور اپنے کے

صوفیی می گشت در دور افق | تا شبے در خانقاہی شد قنق
یک بہیمہ داشت در آخر ببست | او بصدر صفہ با یاران نشست
پس مراقب گشت با یاران خویش | دفترے باشد حضور یار پیش
زاد دانشمند آثار قلم | زاد صوفی چیست انوار قدم

ایک صوفی تھا جو سیاح زمان | تھا وہ اک شب خانقہ مین میہمان
جانور اپنا طویلہ مین رکھا | اور صفہ پر وہ خود جا کر رہا
ساتھ یارون کے مراقب وہ ہوا | بس حضور یار کا دفتر کھلا
توشہ دانشمند کا نقش قلم | توشہ صوفی کا ہے کیا نور قدم

سلہ اپنے مردہ کی الخ یعنی شعر اپنے مردہ حق کی جستجو نہین کرتا ہے دوسرے مردہ کا رفو ڈھونڈھتا ہے حق نے کہا اگر بدبخت برائی ڈھونڈھتا ہے
خار اگتا اس کی کھیتی کی جزا ہے کوئی جہان مین تخم خار بوے اُس کو گلشن مین ہرگز نہ ڈھونڈھا کر وہ گل کو ہاتھ مین لے تو خار ہو وے
یار سے جا کر ملے تو مار ہو وے وہ شقی کیمیائے زہر مار ہے اور برعکس ہے متقی کا اُس کے قول و فعل پر اعتماد مت کر کہ
وہ میوہ مانند بید کے نہین رکھتا ہے یعنے جو شخص از راہ ریاکاری کے قول و فعل کرتا ہے تو اس کے قول پر اعتماد مت کر
کہ اس سے نفع حاصل نہ ہوگا چنانچہ اس اعتماد کی مثال مین قصہ صوفی کا مولانا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ صوفی
ایک تھا الخ یعنی شعر ایک صوفی سیاح زمانہ کا تھا ایک شب خانقاہ مین آکر مہمان ہوا اپنا جانور اصطبل مین باندھا اور خود
چبوترہ پر رہا یارون کے ساتھ وہ مراقب ہوا اور حضوری یار کا دفتر کھلا یعنی دل مین ہنگام مراقبہ کے مکاشفہ ہوا آگے
اس مکاشفہ کا بیان ہے دفتر صوفی مین سیاہی و حرف نہین سفیدی اُن کے دل مین ہے مثل برف کے یعنی نور سفید دل مین معرفت کا ہو
کرتا ہے توشہ راہ عالم کا نقش قلم ہے اور توشہ راہ صوفی کا نور قدم ہے یعنی علما زاہد قیل و قال سے راہ حق کی ڈھونڈھتے ہین و صوفی
عارف نور دل سے راہ حق کی چلتے ہین چنانچہ اس راہ چلنے کی بیان مین مثال آگے فرماتے ہین جیسے شکاری پیچھے شکار کے پھرے نقش قدم آہو کا کھوج
لیا کرتا ہو طرح و نقش قدم آہو پر چلے پھر بعد نافہ آہو رہبری کرے یعنی عارف ہنگام مراقبہ کے تلاش آہوے یار کی اول نقش قدم یعنی خیال سے کرتا ہے بعدہ بوے نافہ یعنی

همچو صیادی سوی اشکار شد — گام آهو دید و بر آثار شد
چند گاهش گام آهو در خورست — بعد از آن خود ناف آهو رهبرست
دفتر صوفی سواد و حرف نیست — جز دل اسپید همچون برف نیست
چونکه شکر گام کرد و ره برید — لاجرم زان گام در کامی رسید
رفتن یک منزلی بر بوی ناف — بهتر از صد منزل گام و طواف
سیر زاهد هر مهی تا پیشگاه — سیر عارف هر دمی تا تخت شاه
آن دلی کو مطلع مهتابهاست — بهر عارف فتحت ابوابهاست
با تو دیوارست و با ایشان درست — با تو سنگ و با عزیزان گوهرست
آنچه تو در آئینه بینی عیان — پیر اندر خشت بیند پیش از آن
پیر ایشانند کین عالم نبود — جان ایشان بود در دریای جود
پیش ازین تن عمرها بگذاشتند — پیشتر از کشت بر برداشتند
پیشتر از نقش جان پذرفته اند — پیشتر از بحر درها سفته اند

جون شکاری صید کے پیچھے پھرے — نقش پا آہو کا بس وہ کھوج لے
تھوڑی ہی دور اُس نقش آہو پہ چلے — رہبری پھر ناف آہو کی کرے
دفتر صوفی مین نے ظلمات حرف — ہے سفیدی دل کی اُنکے مثل برف
کھوج کا مشکور ہو رستہ چلا — کھوج سے آخر کو بس مقصد ملا
ایک منزل جانا لیے ناف کے — کھوج کی سو منزلون سے بیش ہے
سیر زاہد ہر مہینے تا نگاہ — سیر عارف ہر گھڑی تا تخت شاہ
مطلع مہتاب جس کا دل ہوا — بہر عارف فتحت ابوابہا
تجھکو ہے دیوار اور انکو ہے در — تجھکو سنگ اور ہے عزیزونکو گہر
آئینہ مین جو عیان تجھکو ہوا — پیر دیکھے خشت مین اُس سے سوا
پیر وہ ہین جبکہ یہ عالم نہ تھا — اُنکی جان اُس بحر مین تھی آشنا
عمر کی تھی پہلے اس تن سے بسر — اور لیا کھیتی سے تھا پہلے ثمر
پہلے اس صورت سے جان کو پا لیا — پہلے دریا سے گہر کو چن لیا

مشورہ کردن خداوند تعالیٰ با فرشتگان در ایجاد خلق

مشورہ کرنا خداوند عالم کا فرشتون سے پیدائش خلق مین

مشورہ میرفت در ایجاد خلق — جان شان در بحر قدرت تا بحلق
چون ملائک مانع آن می شدند — بر ملائک خفیہ خنبک می زدند
مطلع بر نقش هر که هست شد — پیش از آن کین نقش گل پا بست شد

مشورہ کرتا تھا با ایجاد خلق — تھے وہ غرق بحر قدرت تا بحلق
جو ملائک اُنکے مانع ہوتے تھے — بس ملائک پر وہ خفیہ ہنستے تھے
مطلع صورت پہ وہ ہستی کے تھے — اُس سے پہلے کہ وہ نقش گل بنے

سلہ کھوج کا الخ ۷ شعر کھوج کا شکر کرے کہ رستہ چلا آخر کو کھوج سے رستہ ملا ایک منزل بو سے نافہ پر جانا کھوج کی سو منزلون سے زیادہ ہے یعنی ایک منزل راہ سلوک نور عرفان سے چلنا خیال کی سو منزل سے بہتر ہے سیر زاہد کی ایک مہینے مین تا مد نظر ہے اور سیر عارف کی ہر دم تخت شاہ تک ہے کیونکہ زاہد از راہ خیال کے جاتا ہے اور عارف از راہ شرق الٰہی کے جاتا ہے جو دل کہ جائے طلوع مہتاب قرآن کا ہوتا ہے واسطے عارف کے فتحت ابوابہا یعنی دروازے کھلین گے تجھکو دیوار اور انکو در ہے تجھکو سنگ اور عزیزونکو گوہر ہے جو تجھکو آئینہ میں عیان ہوا پیر خشت مین اُس سے سوا دیکھتا ہے یعنی مشاہدہ یار کا پیر عارف کو ہوتا ہے مثل آئینہ کے ہوتا ہے پیر وہ ہین کہ جب عالم نہ تھا انکی جان بحر مین آشنا تھی اس تن سے پہلے عمر بسر کی تھی اور کھیتی سے پہلے ثمر لیا تھا اس صورت سے پہلے جان کو لیا تھا یعنی پیدائش سے پہلے امر معنی انکی جانکو حاصل تھا جیسے جان آدم کو سب اسما کا علم تھا بوقت مباحثہ فرشتونکے پیش حقتعالیٰ چنانچہ مشورہ حق کا فرشتون سے مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ مشورہ الخ ۳ شعر حق تعالیٰ فرشتون سے مشورہ کرتا تھا ایجاد خلق مین اور جانین اولیاء اللہ کی غرق تھین بحر قدرت مین حلق تک جو ملائک اُنکے مانع ہوتے تھے وہ پوشیدہ ملائکہ پر ہنستے تھے باقی حال آگے ہی ۱۲ سلہ مطلع الخ ۸ شعر مطلع اس صورت پر تھے کہ جو پیدا ہوئی اُس سے پہلے گویا وہ نقش گل بننے سے پہلے دیکھا کیونکہ ان کو اور اجناس سے پہلے دیکھا ان کو بغیر دماغ و دل کے وہ فکر رکھتے تھے اور بغیر سپاہ و تیغ کے نصرت رکھتے تھے وہ ان کو عیان اور تجھکو فکر ہے ورنہ رویت ہے نسبت ورکے یعنی جان اولیا کو وہ مقام عیان تھا اور تجھکو فکر ہے ورنہ رویت بہ نسبت ورکے ہے یعنی رویت از راہ فکر کے اس مقام مین تجھکو لے زاہد ہوتی ہے اور ان جانونکو وہ مقام عیان تھا کیونکہ فکر ماضی و مستقبل مین ہوتی ہے جو اس سے دور ہے مشکل حل کھتا ہے یعنی رویت حق پاتا ہی بیچگون کو مثل بے چگون دیکھا اور پہلے کان سے دیکھا نور نیک و بد کو یعنی ذات حق بے چگون مخلوق با چگون پس جان اولیا نے خلق کو مثل ذات حق کے دیکھا جیسے زر کو پہلے کان سے دیکھا پہلے پیدائش سے انگور کی شراب پی و مستی و گرمی شدت گرمی مین سردی دیکھتے تھے دھوپ مین سایہ کو دیکھتے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

بیشتر از افلاک کیوان دیده اند / بیشتر از دانها نان دیده اند
بی دماغ و دل پر از فکرت بدند / بی سپاه و جنگ بر نصرت زدند
آن عیان نسبت بایشان فکرتست / ورنه خود نسبت بدوران رؤیتست
فکرت از ماضی و مستقبل بود / چون ازین دو رست مشکل حل شود
دیدن بی کیف هر باکیف را / دیده پیش از کان صحیح و زیف را
پیشتر از خلقت انگورها / خورده میها و نموده شورها
در تموز گرم می بینند دی / در شعاع شمس می بینند فی
در دل انگور می را دیده اند / در فنای محض شے را دیده اند
آسمان در دور ایشان جرعه نوش / آفتاب از جودشان زربفت پوش
چون از ایشان مجتمع بینی دو یار / هم یکی باشند و هم سی صد هزار
بر مثال موجها اعدادشان / در عدد آورده باشد بادشان
مفترق شد آفتاب جانها / در درون روزن ابدانها
چون نظر بر قرص داری خود یکیست / آنکه شد محجوب ابدان در شکیست
تفرقه در روح حیوانی بود / نفس واحد روح انسانی بود
گفت حق رش علیهم نوره / مفترق هرگز نگردد نور او
روح انسانی کنفس واحدست / روح حیوانی سفال جامدست
عقل جزو از رمز این آگاه نیست / واقف این سر بجز الله نیست

پہلے دیکھا چرخ سے کیوان کو / پہلے دیکھا ناج سے ہر نان کو
بے دماغ و دل وہ با افکار تھے / بے سپاہ و فوج نصرت دے اٹھے
جو عیان انکو وہ تجھکو فکر ہے / ورنہ رویت ہی نسبت دور کے
ماضی مستقبل مین ہوتی فکر ہے / جو ہی اس سے دور مشکل حل کیے
با چگون کو دیکھا مثل بے چگون / دیکھا پہلے کان سے نیک و بد یون
پہلے پیدائش سے کل انگور کے / پیتے تھے مے اور مستی کرتے تھے
شدت گرمی مین سردی دیکھتے / دھوپ مین وہ سایے کو بھی دیکھتے
دل مین[1] انگورون کی وہ مے دیکھتے / اور فنائے محض مین شے دیکھتے
دور مین انکے فلک زلہ ربا / شمس انکے جود سے زرین قبا
جو بہم دیکھے تو انمین سے دو یار / بھی وہ اک ہون بھی وہ ہون چھ سو ہزار
مثل موجونکے عدد انکے ہوئے / بس عدد انکے یہ ہین باد نے
مفترق جو کہ ہوا ہی شمس جان / روزنون کے جسم سے یان پر عیان
قرص کو جو دیکھے تو خود اک ہے / جو ہے محجوب تن وہ شک دیکھے
تفرقہ[2] یہ روح حیوانی مین ہے / نفس واحد روح انسانی مین ہے
حق کہے رش علیہم[3] روح کو / نور متفرق نہووے بعدہ
روح انسانی کنفس[4] واحدہ / روح حیوانی ہے خشت جامدہ
عقل جز اس رمز سے آگہ نہین / واقف اس سر کا بجز اللہ نہین

[1] دل مین الخ یہ شعر وہ دل مین انگورون کے شراب دیکھتے تھے اور فنائے محض مین شے کو دیکھتے تھے فلک انکی دور مین زلہ ربا تھا اور شمس ان کی بخشش سے زرین قبا جو اُن مین سے دو یار کو باہم دیکھے بھی وہ ایک ہون بھی وہ چھ سو ہزار ہون یعنی اُن جان اولیا مین تو دو کو باہم دیکھے وہ بھی ایک ہون وہ لاکھ ہون چنانچہ اُس کی مثال آگے فرماتے ہین مثل موجون کے وہ متعدد ہوئے اور باد نے اُن کے عدد کیے جو کہ شمس جان متفرق ہوا تنے روزنون مین جسم کے یہان پر عیان جو ہو تو قرص کو دیکھے تو ایک ہے جو محجوب تن مین ہے وہ شک دیکھتے ہین یعنی وہ جانین اولیا کے آپس مین ایک ہی ہین وہ متعدد بھی ہین جیسے موجین دریا کی صورت مین ہوا سے متعدد ہین مگر باعتبار آب دریا کے ایک ہین یا پر تو آفتاب کہ اصل مین ایک نور بسیط ہے مگر بسبب روزنون کے مکان کے متعدد دکھائی دیتا ہے اسی کو توحید کہتے ہین باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ [2] تفرقہ الخ یہ شعر یہ تفرقہ روح حیوانی مین ہے اور روح انسانی نفس واحد ہے حق تعالٰے فرماتا ہے ترجمہ برسایا اوپر اُن کے نور اپنا بعدہ اسکا متفرق نہ ہووے روح انسانی کنفس واحدہ یعنی مثل نفس واحد کے ہے روح حیوانی متعدد ہے اور روح انسانی کل انبیا [3] اور روح اولیا کی کل طرف ہے روح انسانی کی اور اشارہ ہے طرف اس آیہ کے الذی خلقکم من نفس واحدۃ وخلق منہا زوجہا وبث منہما رجالا کثیرا یعنی اللہ وہ ہے کہ پیدا کیا تم کو نفس واحد سے زوجہ اسکی اور پیدا کیا اُن دونون کو بہت مرد و عورت متکلمین آدم و حوا سے مراد لیتے ہین اور صوفیہ کرام نفس واحد سے عقل کل یا روح سے نفس کل مراد لیتے ہین کہ عقل کل و نفس کل کے جوڑے سے تمام عالم پیدا ہوا عقل کل و نفس کل جوڑے کیے گئے ہین روح انسانی مین بقول بحر العلوم پس روح انسانی کا کہ روز میثاق پیدا ہوا اور مولانا نے اسکو باسم جان اس مثنوی مین تعبیر کیا ہے یہ عقل جزوی اس رمز سے آگاہ نہین ہے اور واقف اس اسرار کے بجز اللہ کے کوئی نہین عقل کو کیا کام اس راز سے ہر جیسے بھی کو کام کیا آواز سے آگے رجوع طرف قصہ کے ہے فافہم ۱۲ [4] برسایا اوپر انکے نور اپنا ۱۲ [4] مثل نفس واحد کے ہے ۱۲

عقل را اندر چنین سودا چہ کار	کر مادرزاد را سرنا چہ کار	عقل کو کیا کام ہے اس لے سے	بہرے مادر زاد کو آواز سے
یک زمان بگذار اے ہمرہ ملال	تا بگویم وصف خالی زان جمال	چھوڑ دے اے ہمراہ دم بھر تو ملال	تا کہوں اوصاف میں خال جمال
در بیان ناید جمال خال او	**ہر دو عالم چیست عکس خال او**	**کب بیاں ہووے جمال اس خال کا**	**ہیں دو عالم عکس خال باصفا**
چونکہ من از خال خوبش دم زنم	نطق میخواہد کہ بشگافد تنم	گر میں اوصاف اس خال کا ظاہر کروں	نطق کہتا ہے بدن کو پھاڑ دوں
ہمچو مورے اندرین خرمن خوشم	تا فزون از خویش باری می کشم	مثل چیونٹی خوش میں اس خرمن میں ہوں	بار میں خود سے زیادہ تا ڈھوؤں
کے گزارد آنکہ رشک روشنی است	تا بگویم آنچہ فرض و گفتنی است	چھوڑتا کب ہے وہ رشک روشنی	تا کہوں میں جو ہے فرض و گفتنی
بحر کف پیش آرد و سدی کند	جر کند وز بعد جر مدے کند	بحر کف لائے درہ کا سد کرے	جزر کرے اور بعد جزر کے مد کرے

بستہ شدن تقریر معنی حکایت بسبب میل مستمعان باستماع صورت ظاہر حکایت وغیر آن	**موقوف کرنا بیان معانی حکایت بسبب راغب ہونے سننے والوں کی طرف صورت ظاہری حکایت وغیرہ کے**

این زمان بشنو چہ مانع شد مگر	مستمع را رفت دل جاے دگر	تم سنو اس دم کہ کیا مانع ہوا	سننے والوں کا گیا دل اور جا
خاطرش شد سوے صوفی قنق	اندران سودا فرو شد تا عنق	دل گیا صوفی کی جانب اُن کا اب	تا گردن ڈوبے اس خواہش میں سب
لازم آید باز رفتن زین مقال	سوے آن افسانہ بہر وصف حال	لازم آیا پھر نا پھر اس قول سے	جانب اُس قصے کے کہنے کیلیے
صوفی صورت مپندار اے عزیز	ہمچو طفلان تا کے از جوز و مویز	صوفی صورت کو نہ جان اے نیک پے	مثل طفلاں کب تلک بازی کرے
جسم ما جوز و مویز ہست اے پسر	گر تو مردی زین دو چیز اندر گزر	جسم خاکی اپنا ہے جوز و مویز	مرد گر ہے چھوڑ دے یہ دونوں چیز

۱؎ چھوڑ الخ ہ شعر عیسیٰ فرماتے ہیں کہ اے ہمراہی ایک دم تو ملال کو چھوڑ دے تاکہ میں کہوں اوصاف خال جمال کا کب بیان اسکے جمال و خال کا ہو سکے کہ دونوں عالم عکس ہیں خال باصفا کا بیان کروں تو نطق چاہتا ہے کہ بدن کو پھاڑ دوں یعنی جمال سے مراد جمال الٰہی و خال سے مراد اسماء الٰہی ہے کہ اُسکے بیان راز سے جان قالب میں نہ ٹھہرے میں مثل چیونٹی کے اس خرمن دنیا میں خوش ہوں اور خود سے بوجھ زیادہ اُٹھاتا ہوں وہ رشک روشنی کب چھوڑتا ہے تاکہوں میں جو کہ فرض ہے و لائق کہنے کے ہے یعنی مراد روشنی ظہور سے اسرار در رشک روشنی سے غیرت الٰہی ہے کہ وہ اسرار کو ظاہر نہیں کرنا چاہتی ہے دریا کف لائے و سد راہ کرے جاری کرے و بعد جاری کے بند کرے یعنے وہ دریائے ذات نطق راز گوئی کا پاس دیتا ہے بسبب رشک کے چنانچہ اس کا حال مثالاً آگے اس حکایت میں بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲

۲؎ تم سنو الخ ہ شعر اس دم تم سنو کہ کیا مانع ہوا سننے والے کا دل اور جگہ گیا اُن کا دل صوفی کی جانب گیا اور وہ گردن تک اس خواہش میں ڈوبے تو پھر ٹھہرنا لازم آیا اس قول سے اس قصے کی طرف کہنے کے لیے یعنے میں تو چاہتا تھا اس قصے کا معنے بیان کرنا مگر سننے والے کا ذہن صورت قصہ کی طرف گیا اس واسطے صورت قصہ بیان کرتا ہوں بس اے شخص صورت کو نہ جان مثل لڑکوں کے کب تک تو جوز و مویز سے کھیلے گا جسم خاکی جوز و مویز کی مانند ہے اگر تو مرد ہے دونوں چیزوں کو چھوڑ دے اگر تو اندر نہ جا سکے فضل حق تجھ کو نہ طبق آسمان میں پہونچا دے واضح ہو کہ اس حکایت میں صوفی سے مراد روح انسانی و خر سے مراد جسم عنصری و خانقاہ سے مراد دنیا و خادم سے مراد نفس امارہ و خواب شب سے مراد مرگ و بیداری سے مراد بعث و نشر ہے پس صورت قصہ کو اُن مرادوں سے جان کر راز معلوم کرنا چاہیے کہ فضل حق تعالےٰ تجھے معنے میں رسائی دے گا چنانچہ اس قصے کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲

در تو اندر ننگری اکرام حق	بگذراند مر ترا از نہ طبق	گر نہ اندر جا سکے تو فضل حق	بس تجھے پہونچاوے اندر نہ طبق

التزام کردن خادم تیمار بہیمہ را و تخلف نمودن

بشنو اکنون صورت افسانہ را	لیک ہین از کہ جدا کن دانہ را
حلقہ آن صوفیان مستفید	چونکہ در وجد و طرب آخر رسید
خوان بیاوردند بہر میہمان	از بہیمہ یاد آورد آن زمان
گفت خادم را کہ در آخر برو	راست کن بہر بہیمہ کاہ و جو
گفت لاحول این چہ افزون گفتن است	از قدیم این کارہا کار من است
گفت تر کن آن جو را از نخست	کان خرک پیر است و دندانہاش سست
گفت لاحول این چہ می گوئی مہا	از من آموزند این ترتیبہا
گفت پالانش فرو نہ پیش پیش	داروئے منہل بنہ بر پشت ریش
گفت لاحول آخر این حکمت گزار	جنس تو مہمانم آید صد ہزار
جملہ راضی رفتہ اند از پیش ما	ہست مہمان جان ما و خویش ما
گفت آبش دہ و لیکن شیر گرم	گفت لاحول از توام بگرفت شرم

اختیار کرنا خادم کا خدمتگزاری جانور کو اور خلاف کرنا اسکا

صورت[1] قصہ سنو تم اب ذرا	لیک دانہ سے جدا کر تو گیا
حلقہ جو ان صوفیون فیض کا	وجد اور حالت سے آخر ہو چکا
کھانا لائے واسطے مہمان کے	جانور کی یاد جب آئی اُسے
بولا خادم سے طویلہ مین تو جا	گھانس دانہ جانور کو میرے لا
بولا لاحول آپ کیا فرماتے ہین	مین ہمیشہ رہتا ہون اس کام مین
بولا[2] دانہ اُسکا کر پہلے سے تر	دانت ہین کمزور کہ بوڑھا ہے خر
بولا لاحول اب یہ کیا کہنے کی بات	مجھسے کوئی سیکھلے یہ سب صفات
بولا تو خوگیر علیحدہ اس سے کر	نیب رکھدے اُسکے زخم پشت پر
بولا لاحول اب تو چھوڑ و فکر کار	مجھسے مہمان یہان پہ آئے ہین ہزار
سب گئے راضی ہین مجھسے ابجان	ہین مرے مہمان جان اور مہربان
بولا پانی اُسکو دے پر شیر گرم	بولا لاحول اب مجھے آتی ہے شرم

۱ صورت قصہ الخ ۱۵ شعر اب ذرا تم صورت قصہ کو سنو لیکن دانہ کو گھانس سے جدا تم کر دو واضح ہو کہ یہان مولانا قصہ موسیٰ کی طرف اشارہ کرتے ہین کہ جب موسیٰ نے بدرگاہ حق تعالے عرض کی کہ اے رب تو انسانون کو پیدا کرکے کیون مارتا ہے حکم ہوا کہ تم کھیتی کرو اسکا حال معلوم ہو جاویگا چنانچہ موسیٰ نے گندم بوئے بعد تیار ہونے کے کاٹ کر خرمن مین جمع کیے حکم ہوا اے موسیٰ تم نے اس کھیتی کو کیون کاٹ کر خراب کیا عرض کی کہ ربا دانہ اس مین تیار ہوا ہے اب مین دانہ کو گھانس سے پاک کرتا ہون حق تعالے نے فرمایا کہ اے موسیٰ اسی طرح انسانون کی جان کو پوست تن سے ہم پاک کرتے ہین کہ تاسف نہ ہو پس مولانا سننے والون سے کہتے ہین کہ معنی قصہ کو صورت قصہ سے ایسے ہی حاصل کرو جب کہ ان صوفیون کا حلقہ حال وقال سے آخر کو پہونچا کھانا واسطے مہمان کے لائے جب اُس کو جانور کی اپنے یاد آئی خادم سے کہا کہ طویلہ مین جا اور گھانس و دانہ میرے جانور کو دے خادم نے کہا لاحول آپ کیا فرماتے ہین مین ہمیشہ اسی حال مین اسی کام مین رہتا ہون باقی حال اس بیان کا آگے اس کے لکھا گیا ہے دیکھنے مین آوے گا ۱۲ ۲ بولا دانہ الخ ۱۶ شعر صوفی نے کہا کہ پہلے سے اسکا دانہ تر کر دے کہ خر بوڑھا ہے و دانت اس کے کمزور ہین بولا لاحول یہ کیا کہنے کی بات ہے مجھسے کوئی سیکھلے یہ سب صفتین کہا تو خوگیر اس سے علیحدہ کر اور نیب کو کوٹ کر اُسکے زخم پشت پر رکھدے بولا لاحول یہ فکر کام کی تو چھوڑ دے کہ مجھ سے یہان مہمان ہزارون آتے ہین سب مجھ سے راضی ہین میرے مہمان جان و مہربان ہین کہا پانی اسکو شیر گرم دے بولا لاحول اب مجھے شرم آتی ہے کہا جو مین بھس کم تر ملا بولا لاحول یہ بات چھوڑ کہا اب اس کا تھان صاف کر اگر جاوے تر ہو اس پر خاک ڈال کر خشک کر دے بولا لاحول اے پدر تو لاحول کر و بندہ اہل پر تاکید نہ کر کہا خر پر تو جا کر کھریرہ کر بولا لاحول اے پدر تو حیا کر کہا اس کی پچھاڑی کو تنگ کر کہ لوٹنے کے وقت وہ نہ اُلجھے بولا لاحول اتنا اگر یہ نہ کر اور خر کے واسطے گون مین نہ بھنس کہا اس پر جھول کو اوڑھا دے کیونکہ شب کو سردی سوا ہوتی ہے بولا لاحول اس قدر تم مت کہو جانتو کہ ہڑی دودھ مین کب ہوتی ہے مین تجھ سے اس کام مین استاد ہون اچھے بُرے یہان سب مہمان آتے ہین حمانت کے لائق مین خدمت کرتا ہون اور مثل گل و سوسن کے ہو امون یعنی نفس امارہ ایسے حیلے کر کے روح انسانی کو غافل کرتا ہے اور جسم کو راہ سفر آخرت مین بسبب دینے غذا ریاضت وغیرہ کے عاجز رکھتا ہے چنانچہ باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

گفت اندر جو تو کمتر کاہ کن	گفت لاحول این سخن کوتاہ کن
گفت جایش را بروب از سنگ و پشک	ور بود تر ریز بر وے خاک خشک
گفت لاحول اے پدر لاحول کن	با رسول اہل کمتر گو سخن
گفت بستان شانہ پشت خر بخار	گفت لاحول اے پدر شرمی بدار
گفت دم افسار را کوتہ ببند	تا ز غلطیدن نیفتد او بہ بند
گفت لاحول اے پدر چندین مقال	بہر خر چندین مرو اندر جوال
گفت بر پشتش مگن جُل تو و تر	زانکہ شب سرماست اے کان ہنر
گفت لاحول اے پدر چندین مگو	استخوان دے ز شیر تبود تو مجوے
من ز تو اُستا ترم در فن خود	میہمان آید مرا از نیک و بد
لائق ہر میہمان خدمت کنم	من ز خدمت چون گل و چون سوسنم
خادم این گفت میان بر بست چست	گفت رفتم کاہ و جو آرم نخست
رفت وے از آخور نکرد او ہیچ یاد	خواب خرگوشی بدان صوفی فتاد
رفت خادم جانب اوباش چند	کرد بر اندرز صوفی ریشخند
صوفی از رہ ماندہ بود و شب دراز	خوابہا میدید با چشم فراز
کان خرش در چنگ گرگے ماندہ بود	پارہا از پشت و رانش میربود
گفت لاحول این چہ مالیخولیا است	اے عجب آن خادم مشفق کجاست
باز میدید آن خرش در راہ رو	گہ بچاہے میفتاد و گہ بہ گو
گونا گون میدید ناخوش واقعہ	فاتحہ می خواند با القارعہ

بولا اندر جو کے کمتر کاہ کر	بولا لاحول اب سخن کو تاہ کر
بولا اب تو تھان اُسکا صاف کر	خاک ڈال ور خشک کر گر جا ہو تر
بولا لاحول اے پدر لاحول کر	مت کرو تاکید بندہ اہل پر
بولا خر کو تو کھریرہ جا کے کر	بولا لاحول اب حیا کر اے پدر
بولا تو اُسکی پچھاڑی تنگ کر	تا نہ اُچھلے جو کہ وہ لوٹے مگر
بولا لاحول اسقدر گریہ نہ کر	گون کے اندر نہ پھنس تو بہر خر
بولا اُس پر جھول کو دے تو اُڑھا	کیونکہ شب کو سردی آتی ہے سوا
بولا لاحول اس قدر تم مت کہو	استخوان کب شیر مین ہے جان لو
تجھ سے مین اُستاد ہون اس کام مین	نیک و بد آتے یہان مہمان ہین
حسب مہمان کی کرون مین خدمتین	چون گل سوسن ہوا خدمت سے مین
ملہ یہ کہا خادم نے اور باندھی کمر	بولا گھانس اور جو کو لاؤن بیشتر
وہ گیا اصطبل سے غافل ہوا	خواب خرگوشی مین وہ صوفی پڑا
چند اوباشون مین جا خادم ملا	اور صوفی کی نصیحت پر ہنسا
جو تھکا صوفی تھا اور شب تھی بڑی	دیکھتا یہ خواب تھا وہ اے اخی
کہ وہ خر کو پھاڑتے ہین بھیڑیے	اور لیے جاتے ہین ٹکڑے گوشت کے
بولا لاحول اب یہ کیسا ہے جنون	کہ وہ خادم ہے کہان اس سے کہون
ملہ دیکھا پھر خر کو چلا جاتا ہے راہ	گہ گڑھے مین گرتا ہے اور گہ بچاہ
ہر طرح کا دیکھتا تھا واقعہ	فاتحہ پڑھتا تھا اور القارعہ

ملہ یہ کہا الخ شعر یہ کہا خادم نے اور کمر باندھی اور کہا کہ گھانس و دانہ پہلے لاؤن وہ خادم اصطبل سے گیا اور غافل ہوا اور صوفی خواب خرگوشی مین پڑا چند اوباشون مین وہ خادم جا کر ملا اور صوفی کے نصیحت کرنے پر ہنسا جو کہ صوفی تھک گیا تھا اور شب بڑی تھی تو یہ خواب مین دیکھتا تھا یعنے خواب مرگ مین اپنے جسم کا یہ حال دیکھتا تھا کہ میرے خر کو بھیڑیے پھاڑتے ہین اور اُس کے گوشت کے ٹکڑے ٹکڑے لیے جاتے ہین صوفی نے کہا لاحول یہ کیسا جنون ہے وہ خادم کہان ہے کہ اُس سے کہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ملہ دیکھا پھر الخ شعر پھر خر کو دیکھا کہ راہ چلا جاتا ہے کبھی گڑھے مین اور کبھی چاہ مین گرتا تھا ہر طرح کا وہ واقعہ دیکھتا تھا سورۂ فاتحہ وہ پڑھتا تھا اور القارعہ یعنے یہ سورتین واسطے دفع خواب بد کے ہین دل مین کہا کہ اس کا کیا علاج کرے یار اب تھک گئے اور سب گئے اور بند دروازے کیے اور یعنی حال و قال کے سبب سب تھک کر یاران دنیا سو گئے گویا خواب عدم کو چلے گئے پھر وہ صوفی کہتا تھا وہ خادم ہے کہ نہین اُسنے زلہ ربائی کی ہے مین نے اُس پر لطف و کرم کیا ہے کس لیے وہ اُلٹا مجھ کو رنج دیوے ہر عداوت کے واسطے ایک سبب چاہیئے ورنہ جنسیت تو وفا پیدا کرتی ہے یعنے عداوت ایک سبب سے ہوتی ہے پس کوئی سبب ایسا نہین پیدا ہوا کہ جس سے وہ خادم عداوت کرتا بلکہ میری اس سے جنسیت ہے چاہیے وفاداری کرنا نہ کہ عداوت اُس نے کی پس ثابت ہوا کہ روح کو نفس کے ساتھ ایک جنسیت ہے اس واسطے حق تعالے نے روح کو نفس کے ساتھ شریک دنیا مین کیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

گفت چارہ چیست یاران خستہ اند / رفتہ اند و جملہ در ہا بستہ اند
بولا کیا چارہ کہ یار اب تھک گئے / سب گئے اور بند دروازے کیے

باز میگفت ای عجب آن خادمک / نے کہ با ما گشت ہم نان و نمک
پھر وہ کہتا تھا عجب خادم بنا / نے کہ وہ میرا ہوا ذلہ ربا

من نکردم با وے الا لطف و لین / او چرا با من کند بر عکس کین
مین نے اُسپر تو کیا لطف و کرم / کسلیے اُلٹا وہ دے مجکو الم

ہر عداوت را سبب باید سند / ور نہ جنسیت وفا تلقین کند
ہر عداوت کو سبب اک چاہیئے / ور نہ جنسیت وفا پیدا کرے

باز میگفت آدم با لطف و جود / کے بر آن ابلیس جورے کردہ بود
پھر ۱ وہ کہتا آدم باجود نے / کب کیا تھا ظلم اس ابلیس پے

آدمی مر مار و کژدم را چہ کرد / کہ ہمی خواہند او را مرگ و درد
کیا کیا انسان نے بچھو سانپ سے / مرگ و درد انکے لیے ہین چاہیئے

گرگ را خود خاصیت بدریدن است / وین حسد در خلق آخر روشن است
پھاڑنے کی گرگ بس عادت رکھے / خلق پر ظاہر حسد یہ اُن کا ہے

باز میگفت این گمان بد خطا ست / بر برادر این چنین ظنم چرا ست
پھر وہ کہتا یہ گمان میرا خطا / بھائی پر ایسا گمان کب ہو روا

صوفی اندر وسوسہ و آن خر چنان / کہ چنین بادا جزاے دشمنان
وسوسہ مین صوفی اور خر کا یہ حال / جیسے دشمن کی جزا ہووے مآل

آن خر مسکین میان خاک و سنگ / کژ شدہ پالان دریدہ پالہنگ
خاک ۲ و پتھر مین خر مسکین کا / بس اگاڑی ٹوٹی کج خوگیر تھا

کشتہ از رہ جملہ شب بے علف / گاہ در جان کندن و گہ در تلف
رہ کا مارا رات بھر بے کاہ تھا / جانکنی مین گاہ و گہ اندر بلا

خر ہمہ شب ذکر کردہ اے الٰہ / جو رہا کردم کم از یک مشت کاہ
رات بھر یہ ذکر خر تھا اے الٰہ / جو کو چھوڑا پر نہ پائی مشت کاہ

با زبان حال میگفت اے شیوخ / رحمتے کہ سوختم زین خام شوخ
بازبان حال کہتا اے شیوخ / ہووے رحمت مجکو مارے خام شوخ

آنچہ آن خر دید از رنج و عذاب / مرغ خاکی بیند اندر سیل آب
خر نے وہ تکلیف و رنج اب پائے ہین / مرغ خاکی دیکھے جو سیلاب مین

پس بپہلو گشت آن شب تا سحر / آن خر بیچارہ از جوع البقر
پس ۳ زمین پر پڑا رہا خر رات بھر / بھوک کے مارے جو تھی جوع البقر

نالہ میکرد از فراق کاہ و جو / مستمند از اشتیاق کاہ و جو
نالہ کرتا کاہ جو کے واسطے / شوق رکھتا کاہ و جو کے واسطے

ہمچنین در محنت و در درد و سوز / نالہا میکرد از شب تا بروز
بس وہ محنت اور درد و سوز سے / نالہ کرتا رات بھر تھا اس لیئے

۱ پھر وہ الخ شعر پھر وہ صوفی کہتا کہ آدم علیہ السلام نے کب ظلم کیا تھا ابلیس سے انسان نے کیا کیا بچھو و سانپ کے ساتھ کہ وہ اُن کے لیے مرگ درد چاہتے ہین گرگ پھاڑنے کی عادت رکھتا ہے اور یہ حسد اُسکا خلق پر ظاہر ہے یعنی بے سبب عداوت ہوا کرتی ہے کچھ سبب پر منحصر نہین ہے پھر صوفی کہتا یہ گمان میرا غلط ہے بھائی پر ایسا گمان کب روا ہے پھر صوفی کہتا ہوشیاری بدگمانی ہے تیری جو بدظن نہ ہو بلا سے کب بچے صوفی وسوسہ مین اور خر کا یہ حال جیسے دشمن کی جزا آخر مین ہووے یعنی صوفی خواب مین یہ خیالات دیکھتا تھا اور خر اُسکا شدت گرسنگی مین بیقرار تھا اسی طرح بعد مرگ روح عالم برزخ مین عذاب قبر سے بیقرار ہوتی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ خاک و پتھر مین الخ ۵ شعر خر مسکین خاک و پتھر مین خوگیر کج اور اگاڑی شکستہ رکھتا تھا راہ کا مارا ہوا رات بھر بے گھانس تھا کبھی جانکنی مین و کبھی بلا مین تھا اور رات بھر خر کا یہ ذکر تھا کہ اے اللہ جو کو چھوڑا مٹھی بھر گھانس بھی نہ پائی اور زبان حال سے کہتا تھا کہ اے شیخ رحمت ہووے مجکو مارا خام شوخ نے خر نے وہ تکلیف و رنج پائے ہین کہ جیسے مرغ خاکی رنج دیکھے سیلاب مین یعنی نفس خاک سے پیدا ہے اور اُس عالم مین کہ وہ بحر ہی کیون نہ تکلیف پائے ہان جب تک کہ صحبت روح سے پاک مثل روح کے نہ ہو جائے جب اُس بحر مین اسکو رنج و تکلیف نہ ہوگی باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ پس زمین الخ ۱ شعر پس زمین پر وہ خر رات بھر لوٹا بھوک کے مارے کہ جو اسکو جوع البقر تھی نالہ رکھتا تھا کاہ و جو کیواسطے بس وہ محنت و درد و سوز سے نالے کرتا تھا رات بھر جب دن ہوا تو خادم نے آکر جلد خوگیر اُسپر کسا اور خر فروشونکی طرح آرین چبھا کر جو سگ سے کرتے ہین وہ خر سے کیا یعنی چیست و چالاک کر دیا خر ہوا چالاک و تیز اُس آردن سے زبان نہ تھی کہ اپنا حال کہتا یعنی بروز محشر جسم اسیطرح پیدا کر کے روح کو دیا جائیگا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

روز شد خادم بیامد بامداد / زود پالان جست بر پشتش نہاد
خرفروشانہ دو سہ زخمش بزد / کرد با خر آنچہ با سگ می سزد
خر جہندہ گشت از تیزی نیش / کو زبان تا خر بگوید حال خویش

دن ہوا تو صبح سے خادم نے آ / جلد خوگیر اُسکے اوپر بس کسا
خرفروشونکی طرح آرین چبھا / سگ سے جو کرتے ہین وہ خر سے کیا
خر ہوا اچھلا اک وہ تیز اُس نیش سے / نے زبان تھی حال کہتا خویش سے

گمان بردن کاروانیان کہ مگر بہیمۂ صوفی رنجور است

گمان ہونا اہل قافلہ کو کہ شاید جانور صوفی کا بیمار ہے

چونکہ صوفی بر نشست و شد روان / رو در افتادن گرفت او ہر زمان
ہر زمانش خلق مے برداشتند / جملہ رنجورش ہمی پنداشتند
آن یکی گوشش ہمی پیچید سخت / وان دگر در زیر کامش جست لخت
وان دگر در نعل او می جست سنگ / وان دگر در چشم او می دید رنگ
باز گفتی حزم سوء الظن تست / ہر کہ بدظن نیست کے ماند درست
باز میگفتند اے شیخ این ز چیست / دے ہمی گفتے کہ شکر این خر قوی ست
گفت آن خر کو بشب لاحول خورد / جز بدین شیوہ نتاند راہ برد
چونکہ قوت خر بشب لاحول بود / شب مسبح بود و روز اندر سجود
چون ندارد کس غم تو ممتحن / خویش کار خویش باید ساختن
آدمی خوارند اغلب مردمان / از سلام علیک شان کم جو امان
خانۂ دیوست دلہاے ہمہ / کم پذیر از دیو مردم دمدمہ
از دم دیو آنکہ او لاحول خورد / ہمچو آن خر در سر آید در نبرد
ہر کہ در دنیا خورد تلبیس دیو / وز عدوے دوست رو تعظیم ریو
در رہ اسلام و بر پول صراط / در سر آید ہمچو آن خر از خباط

جب سوار اُس پہ ہو وہ صوفی چلا / ٹھوکرین ہر دم وہ کھا گرنے لگا
ہر گھڑی اُسکو اُٹھاتے لوگ تھے / اور اُسے بیمار سب تھے جانتے
ایک کان اُسکے مروڑے تھا کھڑا / دوسرا سم ٹوٹا اُس کا دیکھتا
تیسرا نعلون مین اُسکے دیکھے سنگ / چوتھا اُسکی آنکھ کا دیکھے تھا رنگ
پھر وہ کہتا حزم سوء الظن ترا / جو نہ ہو بدظن بلا سے کب بچا
کہتے وہ اے شیخ یہ ہے کسلیے / وہ یہ کہتا ہے قوی خر شکر ہے
بولا لاحول اُسنے کھائی راتکو / اسلیے بس چل نہین سکتا ہے وہ
شب کو جو خر کی خورش لاحول تھی / شبکو تسبیح دن کو ہے سجدہ گری
جو نہین ہے کوئی تیرا غمگسار / خود ہی کرنا چاہیے کام اپنا یار
ہین جو مردم خوار اغلب مردمان / کب سلام انکے سے پاؤ تم امان
ان کا دل تو خانۂ شیطان ہے / دھوکا مت کھا دم ابلیس سے
اگر شیطان سے جو ہین لاحول خوار / بس گرین گے مثل خر روز شمار
جسنے دھوکا یان پہ کھایا دیو سے / اور دشمن دوست کے ریو سے
پل صراط اور بس رہ اسلام پے / لغزش پا سے وہ مثل خر گرے

ف جب سوار اُس پہ ہو الخ ۸ شعر جب وہ صوفی اُس پر سوار ہوکر چلا ٹھوکرین کھاکر ہر دم گرنے لگا ہر دم اُس کو لوگ اُٹھاتے تھے اور سب اُس کو بیمار جانتے تھے ایک کان اُس کا مروڑتا تھا دوسرا اُس کا سم ٹوٹا دیکھتا تھا تیسرا نعل مین اُس کے سنگ دیکھتا تھا چوتھا اُس کی آنکھ کا رنگ دیکھتا وہ کہتے اے شیخ یہ کس لیے ہے وہ یہ کہتا قوی ہے خر شکر ہے صوفی نے کہا لاحول اس نے رات کو کھائی ہے اسلیے چل نہین سکتا ہے شب کو جو خورش خر کی لاحول تھی گویا شب کو تسبیح و دن کو سجدہ گری رکھتا ہے یعنی خادم نے بجائے کاہ و دانہ کے اُسکو شب بھر لاحول کھلائی ہے اسواسطے یہ سجدہ کو سر کے بل گرتا ہے چنانچہ حال بیوفائی مردم کا آگے فرماتے ہین ۱۲ ف جو نہین الخ ۶ شعر جو تیرا کوئی غمگسار نہین ہے تو خود ہی اپنا کام کرنا چاہیے یہ مردم اکثر مردم خوار ہین انکے سلام سے کب تم امن پاؤ انکا دل خانۂ شیطان ہے تو دھوکا مت کھا مردم شیطان سے مگر شیطان سے جو لاحول کھاتے ہین بروز محشر مثل خر کے منھ کے بل گرین گے جس نے دھوکا یہان پر دیو سے کھایا اور دشمن دوست صورت کے مکر سے وہ راہ اسلام پل صراط پر لغزش پا سے مثل خر کے گرے یعنی دنیا مین جو شیطان کا بندہ رہا بروز حشر وہ مثل اُس خر کے پل صراط پر لغزش کھاکر گریگا پل صراط کی ایک راہ باریک مثل بال کے دو زخ پر ہے کہ جنتی اُسپر سے جنت کو جا دینگے جو راہ طریقت مین یہان ثابت قدم نہین رہا اور شیطان کی راہ پر چلا ہے وہ پل صراط سے گرے گا عیاذاً باللہ ۱۲

عشوہ ہائے یار بد منوش ہین | دام بین ایمن مرو تو بر زمین
صد ہزار ابلیس لاحول آر بین | آدما ابلیس را در مار بین
دم دہد گوید ترا اے جان و دوست | تا چو قصابے کشد از دوست پوست
دم دہد تا پوستت بیرون کشد | وائے آن کز دشمنان افیون چشد
سر نہد بر پائے تو قصاب وار | دم دہد تا خونت ریزد زار زار
ہمچو شیرے صید خود را خویش کن | ترک عشوہ اجنبی و خویش کن
ہمچو خادم دان مراعات خسان | بیکسی بہتر ز عشوۂ ناکسان
در زمین مردمان خانہ مکن | کار خود کن کار بیگانہ مکن
کیست بیگانہ تن خاکی تو | کز برائے اوست غمناکی تو
تا تو تن را چرب و شیرین می دہی | جوہر جان را نہ بینی فربہی
گر میان مشک تن را جا شود | روز مردن گند او پیدا شود
مشک را بر تن مزن بر دل بمال | مشک چہ بود نام پاک ذو الجلال
آن منافق مشک بر تن می نہد | روح را در قعر گلخن مے نہد
بر زبان نام حق و بر جان او | گندہا از کفر بے ایمان او

یار بد[۱] کے مکر کی تو چال دیکھ | مت چلے بے غم زمین پر چال دیکھ
دیکھ لاکھ ابلیس ہین لاحول خوان | دیکھ آدم مار ہین شیطان یہان
تجکو دم دیتا ہی اور کہتا ہی دوست | مثل قصابون کے کھینچے تیرا پوست
تجکو دم دیکے ہی کھینچے پوست وہ | حیف ہے دشمن سے لے افیون جو
رکھے سر پاؤن پر ترے قصاب وار | اور دم دیکر کرے تجکو شکار
خود کو کر مانند شیر اپنا شکار | چھوڑ عشوہ غیر اور اپنے کا یار
جان[۲] چون خادم بُرون کی آشتی | عشوۂ ناکس سے بہتر بیکسی
مت بنا تو دوسرون کی جا مین گھر | کام اپنا کر تو غیرون کا نہ کر
غیر کیا ہی تیرا خاکی جسم ہے | واسطے اسکے جو تو غمناک ہے
چرب و شیرین تن کو جبتک دے اخی | جوہر جان کی نہ دیکھے فربہی
مشک مین گر تن کو اپنے تو رکھے | بعد مرنے کے وہ بیشک بس سڑے
مشک تو تن پر نہ ڈال اور دل پہ ڈال | مشک کیا ہی نام پاک ذو الجلال
وہ[۳] منافق مشک جو تن پر ملے | روح کو گلخن کے اندر ہی رکھے
ہی زبان پر نام حق اور جان پے | اُسکی بدبو کفر و بے ایمان سے

سلہ یار بد کے الخ شعر تو یار بد کے مکر کی چال دیکھ اور بے غم زمین پہ چل اور دام دیکھ تو دیکھ لاکھ ابلیس ہین لاحول پڑھنے والے اور دیکھ اے آدم یہان شیطان کو مار مین یعنی دنیا مین ہزارون شیطان ہین مردم صورت لاحول پڑھنے والے اے شخص مثل آدمؑ کے مار مین شیطان کو دیکھ جیسے شیطان جنت مین منھ مین مار کے بیٹھ کر گیا تھا یہ جسم انسان مین شیطان ہے تجکو وہ دم دیتا ہے اور دوست کہتا ہے تاکہ مثل قصابون کے تیرا پوست کھینچے تیرا دم دیکر پوست کھینچے افسوس ہے کہ تو دشمن سے افیون لیوے کہ تا وہ تجکو ضرر پہونچاوے یعنی نفع دنیا شیطان کا دنیا مین ایسا ہے جیسے افیون دشمن سے لیتا ہے کہ بظاہر افیون بسبب نشہ کے بہتر ہوتی ہے مگر آخر کو ہلاک کرتی ہے تیرے پاؤن پر مثل قصاب کے سر رکھے اور دم دے کر تجھے شکار کرے تو چھوڑ عشوہ اپنے و بیگانہ کا یعنی تو خود کو راہ مولا مین فنا کر اور اپنے اور بیگانہ کا فریب کھا کہ کوئی تیرا دوست نہین ہے باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲ سلہ جان چون الخ شعر مثل خادم کے تو برون کی دوستی کو جان عشوۂ نااہل سے بیکسی بہتر ہے تو دوسرون کی جگہ مین گھر مت بنا و کام اپنا کر غیرون کا نہ کر اور وہ غیر کیا ہے تیرا جسم خاکی ہے تو اس کے واسطے غمگساری کرتا ہے چرب و شیرین جبتک تو تن کو غذا دے گا جوہر جان کی فربہی نہین دیکھے گا تو اپنے جسم کو اگر مشک مین رکھے بعد مرنے کے وہ بیشک سڑے گا تو مشک تن پر مت ڈال دل پر ڈال اور وہ مشک کیا ہے نام پاک ذو الجلال کا ہے یعنی ذکر زبانی نہ کر ذکر قلبی کر کہ باقی رہے کیونکہ زبان فنا ہونے والی ہے وہ ذکر زبانی بھی فنا ہو گا تیرے ساتھ باقی نہ رہے گا باقی حال آگے ہے ۱۲ سلہ وہ منافق الخ شعر آہ منافق جو مشک تن پر ملتا ہے روح کو گلخن مین رکھتا ہے ان کی زبان پر نام حق کا ہے اور جان پر بدبو کفر اور بے ایمانی سے ہے ذکر ان کا جیسے سبزہ گلخن پر ہے اور گھورے پر گل سوسن اُگا ہے وہ سبزہ اس جا پر یقینی در جہ عاریت رکھتا ہی لیکن اس گل کی جا محفل مین ہے یعنی پیران ریاکار ظاہر اذکر خدا کا بیان کر کے مخلوق کو فریب دیتے ہین اور دل مین صاحب دنیا کفر و بے ایمانی طریقت سے رکھتے ہین پس وہ ذکر انکا گویا سبزہ گھورے پر عارضی ہے کہ بعد مردن کچھ باقی نہ رہے گا پس طیبات ہے طیبین کے واسطے اور خبیثات ہے خبیثین کیلیے یعنی کلمہ طیب واسطے پاکون کے ہی اور کلمہ خبیث واسطے خبیثون کے ہی بحر العلوم یعنی توحید و عوارف بیان کرنا واسطے پاکون کے ہی کہ اثر کرے نہ واسطے ریاکارون کے پس کینہ نہ رکھو اُس سے جو کینہ رکھتا ہی کیونکہ انکی گور اہل کینہ کے پاس سے اصل کینہ کی دوزخ ہی اور کینہ خود اس کل کا دشمن دین کا ہی تو جزو دوزخ کا ہی ہوشیار رہو کیونکہ جزو کو اپنے کل مین قرار ہوتا ہے یعنی تو کینہ کو رکھو ورنہ یہ جزو دوزخ کا ہی

مقصود اینست کہ کلمۂ طیبہ کا ثواب اسلام والوں کیلئے ہے جو مومن ہیں ۱۲

The J & K University Library
Acc. No.

ذکر با او ہمچو سبزۂ گلخن است
بر سر مبرز گل است و سوسن است

ذکر ان کا سبزہ جون گلخن پہ ہے
اور گھورے پہ گل سوسن اُگے

آن نبات آنجا یقین عاریت است
جای آن گل مجلس است و عشرت است

عاریت وہ سبزہ اُس جا پہ رکھے
لیکن اُس گل کی جگہ مجلس میں ہے

طیبات آمد بسوی طیبین
مر خبیثین را خبیثات است ہین

طیبات اب طیبین کے واسطے
اور خبیثات اب خبیثین کیلیے

کین مدار آنہا کہ از کین گمرہند
گورشان پہلوی کین داران نہند

کینہ مت رکھ اُس سے جو کینہ رکھے
گور انکی پاس اہل کین کے ہے

اصل کینہ دوزخ است و کین تو
جزو آن کل است و خصم دین تو

اصل کینہ کی ہے دوزخ کین ترا
جزو اس کل کا ہے دشمن دین کا

چون تو جزو دوزخی پس ہوشدار
جزو سوی کل خود گیرد قرار

جزو دوزخ کا ہے تو ہو ہوشیار
جزو کو اپنے کل مین ہوتا ہے قرار

ور تو جزو جنتی ای نامدار
عیش تو باشد چو جنت پایدار

گر تو جنت کا ہے جزو اے نامدار
عیش تیرا جون جنان ہو پائدار

تلخ با تلخان یقین ملحق شود
کی دم باطل قرین حق شود

تلخ بس تلخون کے شامل رہتا ہے
کب دم باطل قرین حق ہے

ای برادر تو ہمین اندیشۂ
مابقی تو استخوان و ریشۂ

اے برادر یونہی اندیشہ ہے تو
اور باقی استخوان ریشہ ہے تو

گر گل است اندیشۂ تو گلشنے
ور بود خارے تو ہیمۂ گلخنے

گل ہے اندیشہ ترا گلشن ہے تو
خار ہے گر ہیزم گلخن ہے تو

گر گلابے بر سر جیبت زنند
ور تو چون بولی برونت افگنند

گر گلاب اب ہے سر و پا پر ملین
گر تو ہے پیشاب باہر پھینکدین

طبلہا در پیش عطاران ببین
جنس را با جنس خود کردہ قرین

دیکھ تو صندوق عطارونکے پاس
جنس کو جنس اپنی کے رکھتا ہے پاس

تو رہائی جو ز ناجنسان بجد
صحبت ناجنس گور است و لحد

پس رہائی ڈھونڈھ ناجنسون سے تو
صحبت ناجنس آفت جان کو

جنسہا با جنسہا آمیختہ
زین تجانس زینتے انگیختہ

جنس کو ہوتی ہے رغبت جنس سے
جنسیت سے کیونکہ زینت بڑھتی ہے

گر در آمیزند عود و شکرش
برگزینند یک یک از ہم دیگرش

گر کرین عود و شکر باہم حلول
ایک کو پس دوسرا کرے قبول

طبلہا بشکست و جانہا ریختند
نیک و بد را ہم دیگر آمیختند

ٹوٹی سب صندوق جان پیدا ہوئین
نیک و بد آپس مین سب باہم ملین

حق فرستاد انبیا را بہر این
تا جدا گردد ز ایشان کفر و دین

حق نے بھیجا انبیا کو اس لیئے
تا جدا ہوون اہل دین کفار سے

حق فرستاد انبیا را با ورق
تا گزید این دانہا را بر طبق

حق نے بھیجا انبیا کو با ورق
تاکہ دانہ چن لین یہ اندر طبق

مومن و کافر مسلمان و جہود
پیش از ایشان جملہ یکسان می‌نمود

مومن و گبر و مسلمان کافران
اس سے پہلے دیکھتے سب ایکسان

۱؎ گر تو الخ ۹ شعر اگر تو جزو جنت ہے عیش تیرا مانند جنت کے پائدار رہیگا مثال آگے ہے جیسے تلخ پاس تلخون کے رہتا ہے کب دم باطل نزدیک حق کے ہوتا ہے اے برادر تو یہی اندیشہ ہے اور باقی استخوان و ریشہ ہے یعنی انسان نام اسی اندیشہ کا ہے اور باقی چرم و پوست ہے اگر تیرا اندیشہ گل ہے تو گلشن ہے اور اگر خار ہے تو ہیزم گلخن یعنی قابل جلنے نار دوزخ کے ہے اگر تو گلاب ہے تو سر و رو پر ملیں اگر تو پیشاب ہے باہر پھینکدین آگے مثال فرماتے ہین تو صندوق عطارونکے پاس دیکھ کہ ہر جنس کا عطر جنس کے پاس رکھتے ہین تو رہائی ناجنس سے ڈھونڈھ کہ صحبت ناجنس جان کو آفت ہے کیونکہ جنس کو رغبت ہوتی ہے جنس سے کیونکہ جنسیت سے زینت بڑھتی ہے اگر عود کو شکر کے ساتھ شامل کرین ایک کو دوسرا قبول کرلے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ ٹوٹی سب صندوق الخ ۲ شعر صندوق ٹوٹے و جان پیدا ہوئین نیک و بد آپس مین سب باہم ملین یعنی صندوق عدم کی یا رحم مادر کی ٹوٹے و جانین اس جہان مین پیدا ہوئین حق نے انبیا کو اسلیئے بھیجا کہ اہل دین کفار سے جدا ہوون حق نے انبیا کو بھیجا مع کتاب کے تاکہ دانہ کے مانند چن لین طبق زمین پر نیک و بد باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳؎ مومن الخ ۲ شعر مومن و گبر و مسلمان و کفار اس سے پہلے سب ایک سا ن معلوم ہوتے تھے اس سے پہلے ایکسان ہم سب تھے اور خود کو نیک و بد کوئی نہین جانتا تھا سب کھرے کھوٹے عالم مین جاری تھے مثل شب کے عالم تھا اور ہم مانند شب روان کے تھے جبکہ آفتاب انبیا کا چمکا کہا کہ اے کھوٹے جا اور کھرے تو آ آنکھ جانتی ہے رنگ کے فرق کرنیکو اور آنکھ جانتی ہے لعل کو اور سنگ کو آنکھ گوہر خاشاک سے واقف ہے اسواسطے خاشاک آنکھ مین کھٹکتا ہے دنیے کھوٹے دمڑی رکھتے ہین اور کھرے دنیے ویسی رکھتے ہین کیونکہ دن انکے حال کا آئینہ ہے تاکہ کھوٹے کھرے کو پرکھے یعنی روشنی مین اچھا برا معلوم ہوتا ہے اسیطرح نور دل جب ؑ کے پیدا ہوتا ہے جب وہ اپنے عیب مین دیکھے عیب دیکھتا ہے ۱۲

پیش ازین ایشان ہمہ یکسان بدیم / کس ندانستی کہ ما نیک و بدیم
بود نقد و قلب در عالم روان / چون ہمہ شب بود و ما چون شبروان
تا برآمد آفتاب انبیا / گفت اے غش دور شو صافی بیا
چشم داند فرق کردن رنگ را / چشم داند لعل را و سنگ را
چشم داند گوہر و خاشاک را / چشم را زان می خلد خاشاکہا
دشمن روزند این قلابگان / عاشق روزند این زرہاے کان
زانکہ روز ست آئینہ تعریف او / تا ببیند اشرفی تشریف او
حق قیامت را لقب زان روز کرد / روز بنماید جمال سرخ و زرد
پس حقیقت روز سر اولیاست / روز پیش ماہ شان چون سایہ ہاست
عکس سر مرد حق دانید روز / عکس ستاریش شام چشم دوز
زان سبب فرمود حق والضحیٰ / والضحیٰ نور ضمیر مصطفیٰ
قول دیگر کین ضحیٰ را خواست دوست / از براے آنکہ این ہم عکس اوست
ورنہ بر فانی قسم خوردن خطاست / خود فنا چہ لائق گفت خداست
از خلیلے لا احب الآفلین / پس فنا چون خواست رب العالمین
لا احب الآفلین گفت آن خلیل / کے فنا خواہد ازین رب جلیل
باز واللیل ست ستاری او / وین تن خاکی زنگاری او
آفتابش چون برآمد زان فلک / با شب تن گفت ہین ما ودعک

اس سے پہلے یکسان تھے ہم سبھی / نیک و بد خود کو نجانے تھا کوئی
سب کھرے کھوٹے تھے عالم مین ان / مثل شب عالم تھا ہم جون شبروان
جب کہ نکلا آفتاب انبیا / اے کھوٹے جا کھرے تو یان پہ آ
آنکھ جانے فرق کرنا رنگ کو / آنکھ جانے لعل کو اور سنگ کو
آنکھ واقف گوہر و خاشاک سے / آنکھ مین خاشاک کھٹکے اس لئے
دن سے یہ کھوٹے رکھے ہین دشمنی / اور کھرے دن سے رکھے ہین دوستی
کیونکہ دن آئینہ ہے انکے حال کا / تاکہ یہ دیکھے کوئی وہ کھوٹا کھرا
حق نے محشر کو لقب دن کا دیا / دن دکھائی رنگ سرخ و زرد کا
درحقیقت دن ہے سر اولیا / اُنکے مہ کے آگے یہ دن سایہ سا
عکس سر اولیا دن جان لے / رات ان کی عکس ستاری کا ہے
اسلئے فرمایا حق نے والضحیٰ / والضحیٰ نور ضمیر مصطفیٰ
پھر کہا کہ اس ضحیٰ کو یار نے / اسلئے کہ یہ بھی اسکا عکس ہے
ورنہ فانی کی قسم کھانا خطا / کب ہے فانی لائق قول خدا
لا احب الآفلین کہا تھے خلیل / چاہے کیون فانی کو پھر رب جلیل
لا احب الآفلین کہوے خلیل / اس فنا کو چاہے کب رب جلیل
اس کی ستاری کی پھر واللیل ہے / یہ تن خاکی ہے اُنکا جان لے
شمس ان کا نکلا از راہ فلک / اور شب تن سے کہا ما ودعک

لہ حق نے الخ ۵ شعر حق نے محشر کا نام دن رکھا ہے کیونکہ دن سرخ و زرد کا رنگ دکھاتا ہے پس حقیقت مین دن سر اولیا ہے اور ان کے لئے ماہ کے روبرو یہ دن سایہ کے مانند ہے عکس سر اولیا کو دن جان لے اور رات ان ستاری کی عکس ہے یعنے وہ دن قبر اور رات وجود عنصری عارف کا ہے اس لئے حق تعالے نے فرمایا والضحیٰ نور دل مصطفےٰ ہے پھر اسے والضحیٰ کس واسطے فرمایا کہ یہ بھی اس کا عکس ہے باقی اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ے ورنہ فانی کی الخ ۵ شعر ورنہ فانی کی قسم کھانا خطا ہے کب فانی لائق قول خدا ہے یعنے خدا کب فانی کی قسم کھاتا ہے لا احب الآفلین خلیل اللہ جانتے ہین پھر فانی کو کیون چاہے خدا عز و جل ترجمہ نہین دوست رکھتا ہون چھپنے والے کو خلیل اللہ فرمائین پس اس فنا کو کب چاہے خدا یعنے ماہ و مہر کو خلیل اللہ فانی جانتے ہین پس خدا فانی کی قسم کیون کھائے ثابت ہوا کہ وہ نسبت روشنی باطن حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم ہے نہ روشنی اور دنیا اُس کے ستارے کی پھر واللیل یعنے قسم ہے رات کی انکے تن خاکی کو تو رات جان لے یعنے لیل سے مراد وجود عنصری جناب رسول مقبول صلعم سے ہے ان کا شمس نکلا فلک سے اور شب تن سے کہا ما ودعک یعنی نہین رخصت کیا تجھکو واضح ہو کہ نور دل حضرت رسول مقبول کو ضحیٰ و وجود اطہر کو لیل حق نے فرمایا یعنے دن و رات قلب و قالب حضور کو کہا چونکہ آفتاب نکلتا ہے شب نہین رہتی ہے مگر خوبی نسبت حضور کے فرماتا ہے کہ شمس نور محمدی تمہارا افلاک سے زمین پر چمکا مگر تمہاری شب وجود اطہر کو زمین رخصت کیا یعنے قائم رکھا چنانچہ حقائق اس کے آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

وصل پیدا گشت از عین بلا	زان حلاوت شد عبارت ما قلا	وصل کے باعث ہوئی عین بلا	اس مزے سے ہی عبارت ما قلا
ہر عبارت کو نشان حالتیست	حال چون دست و عبارت آلتیست	ہر عبارت ہے نشان اک حال کا	حال ہے دست اور عبارت آلہ سا
آلت زرگر بدست کفش گر	ہمچو دانہ کشت کردہ ریگ در	آلۂ زرگر کا بدست کفش گر	جیسے کی اک تخم ریزی ریگ پر
آلت اسکاف پیش برزگر	پیش سگ کہ استخوان در پیش خر	کفشگر کا آلہ پیش قلبہ ران	کاہ سگ کے پیش و خر کے استخوان
بود انا الحق در لب منصور نور	بود انا اللہ در لب فرعون زور	تھا انا الحق بالب منصور نور	تھا انا اللہ بالب فرعون تج دو
شد عصا اندر کف موسیٰ گوا	شد عصا اندر کف ساحر ہبا	دست موسیٰ مین عصا تھا بس گوا	دست ساحر مین عصا ناچیز تھا
زین سبب عیسیٰ بدان ہمراہ خود	در نیاموزید آن اسم احد	اس سبب عیسیٰ نے اُس ہمراہ کو	نے سکھایا پاک اسم اللہ کو
کو نداند نقص بر آلت نہد	سنگ بر گل زن تو آتش کے جہد	کہ نجانے نقص آلہ پر رکھے	سنگ گل پر مارے کب آتش جھڑکے
دست و آلت ہمچو سنگ و آہن است	جفت باید جفت شرط زادن است	دست و آلہ مثل سنگ آہن کے ہے	زوجہ شوہر سے ملے بچہ جنے
آنکہ بے جفت است و بے آلت یکیست	در عدد شک ست و آن یک بے شکیست	جو کہ بے جفت و آلہ وہ ہے ایک	شک عدد مین ہے نہ شک کو لکھے ایک
آنکہ دو گفت و سہ گفت و بیش ازین	متفق باشند در واحد یقین	جو کوئی دو مین یا زیادہ کہین	کر یقین وہ متفق واحد مین ہین
احولی چون دفع شد یکسان شوند	آن دو و سہ گویان یکی گویان شوند	احولی ہو دور تو ہون ایکسان	کہتے جو دو تین ہین ہون یک بیان
گر یکی گوئی تو در میدان او	گرد بر میگرد از چوگان او	اگر موحد ہے تو اُسکی گیند ہو	اُسکی چوگان سے تو پھر ہر سمت کو
گوی آنگہ راست بے نقصان شود	کو ز دست زخم شہ رقصان شود	گیند اُسدم سیدھی بے نقصان ہو	ضرب دست شہ سے رقصان ہو
گوش دار ای احول اینہا را بہوش	دارو دیدہ بکش از راہ گوش	کان رکھ لے احول اسپر ہوش سے	آنکھ کی ہے دوا اک گوش سے
پس کلام پاک در دلہای کور	می نپاید میرود تا اصل نور	تیرہ دل مین یہ کلام پاک ہو	بے سمائے جائین اصل نور کو

لہ وصل کی الخ شعر عین بلا باعث وصل کی ہوئی اس مزے سے عبارت ہی ما قلا یعنی دشمن تیرا نہین ہے یعنی جسم کہ باعث فراق روح کا ہے اصل اسکی ہو گر
جسم عارف کا باعث وصال حق ہوا ہر عبارت ایک نشان حال کا ہے مثل دست و عبارت آلہ ہے زرگر کا آلہ کفشگر کے ہاتھ مین اس طرح ہے جیسے ریگ پر
تخم ریزی کی کفشگر کا آلہ آگے کاشتکار کے اسطرح ہے جیسے سگ کے آگے کاہ و خر کے آگے استخوان ہے انا الحق لب منصور پر نور تھا اور انا اللہ لب فرعون پر مکر
تھا دست موسیٰ مین عصا گواہ تھا اور دست ساحر مین عصا ذلیل و ناچیز تھا اس لیے عیسیٰ نے اپنے ہمراہی کو وہ اسم خدا کا نہین سکھایا کہ وہ اس بات کو
نجانے اور نقصان آلہ پر رکھے کیونکہ سنگ گل پر مارنے سے آتش نہین جھڑتی ہے یعنی راز الٰہی ہر ایک کو آگاہی نہین ہوتی ہے اور وہ اپنی برائی کو نہین
دیکھتا ہے اور مرشد کے بے معنی ہوتے پر نظر ڈالتا ہے پس مرشد کو چاہیے کہ جبتک مرید قابل نہین خرد اور دور دیشی سے اس کو خبردار نہ کرے ورنہ وہ تخم
زمین شور مین ضائع ہو جاوے گا چنانچہ اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ دست آلہ الخ شعر دست و آلہ مثل سنگ و آہن کے ہے زوجہ شوہر سے ملتی
ہے بچہ پیدا ہوتا ہے جو کوئی بے جفت والا ہے وہ ایک ہے شک تو عدد مین ہے ایک مین نہین ہے جو کوئی دو یا تین یا زیادہ کہے تو یقین کر کہ
وہ ایک مین متفق ہے اگر احولی دور ہو تو وہ ایکسان ہو جو کہ دو تین کہتے ہین وہ ایک بیان ہون یعنی یہودی دو خدا ایزدان و اہرمن کو کہتے ہین اور نصرانی تین خدا
حضرت عیسیٰ و بی بی مریم و حق کو مانتے ہین پس واحد مین دونون متفق ہین پس اے سالک دوئی کو چھوڑ دے کہ وحدت حاصل ہو اور اگر تو موحد ہے اسکی گیند ہو
اور اسکی چوگان سے تو ہر طرف پھر یعنی ذات حق مین تو خود کو فنا کر اور مردہ بدست زندہ ہو گیند اسدم سیدھی اور بے نقصان ہو کہ ضرب دست شہ سے رقصان ہو
کان رکھ اے احول اسپر اور ہوشیار ہو دوا آنکھ کی دوا تو نے کان سے یعنی اس میرے قول کو گوش شنوا سے تو سن اور اسپر عمل کر کہ مشاہدہ وحدت تجھکو حاصل ہو باقی حال
آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ تیرہ دل الخ شعر تیرہ دل مین یہ کلام پاک نہین سمائین در اصل نور کو جائین کیونکہ دل کج مین افسون شیطان کے ہین جیسے کفش کج پاے کج مین کج
ہے اگرچہ تلوار دن سے تو حکمت کو لائے جو کہ تو نا اہل ہے وہ تجھ سے جاتی رہے اگرچہ تو اُسے لکھے اور نشان اُسپر کرے اور اگرچہ تو شیخی سے اُسپر بیان کرے وہ تجھسے منھ چھپائے

۱۲ اور درمیان تو ڑائین بھاگنے کو تو اسکو مرچا ہے اور وہ تیرا سوز دیکھے تیرا علم حکمت مرغ دست آموز ہو کہ نا اہل کے پاس ایک زبان رہے جیسے شہ کا باز دہقانی کے یہان یعنی اے تیرہ دل بر باز عوارف کے تیرے دل مین کب آئین اور اگر مین تو تنگ دل سے ٹھہر سکین اور اگر تیرے دل مین سوز عشق پیدا ہو۔

دان فسون دیو را در لہاے کژ میرود چون کفش کژ در پاے کژ
گرچہ حکمت را بتکرار آوری چون تو نا اہلے شود از تو بری
گرچہ بنویسی نشانش می کنی ورچہ می لافی بیانش می کنی
او ز تو رو در کشد اے پر ستیز بندہا را بگسلد وز تو گریز
ورنہ خوانی او بہ بیند سوز تو علم باشد مرغ دست آموز تو
او نپاید پیش ہر نا اوستا ہمچو باز شہ بخانہ روستا

بس دل کج مین فسون شیطان کے مثل پا کج کفش کج مین بس رہے
گرچہ تکرارون سے تو حکمت کو لائے جو کہ تو نااہل ہے وہ تجھ سے جائے
گرچہ تو لکھے نشان اُس پر کرے گرچہ شیخی سے بیان اُس پر کرے
منہ چھپائین تجھ سے وہ اے پر زبان اور تڑائین بھاگنے کو رسیان
گر نہ چاہے تو وہ دیکھے سوز کو مرغ دست آموز تیرا علم ہو
کب رہے نااہل کے پاس اک زمان جیسے شہ کا باز دہقانی کے یان

یافتن شاہ باز خویش را در خانہ کمپیر و مبتلا شدن

پانا بادشاہ کا اپنے باز کو پیرزال کے یہان اور مبتلا ہونا اسکا

علم آن باز ست کو از شہ گریخت سوے آن کمپیر کو می آرد بیخت
تا کہ تتماجی پزد اولاد را دید آن باز خوش خوش زاد را
پایکش بست و پرش کوتاہ کرد ناخنش ببرید و قوتش کاہ کرد
گفت نا اہلان نکردندت بساز پر فزود از حد و ناخن شد دراز
دست ہر نا اہل بیمارت کند سوے مادر آ کہ تیمارت کند
مہر جاہل را چنین دان اے رفیق کژ رود جاہل ہمیشہ در طریق
جاہل ار با تو نماید ہمدلی عاقبت زخمت زند از جاہلی
روز شہ در جستجو بیگاہ شد سوے آن کمپیر و آن خرگاہ شد
دید ناگہ باز را در دود و گرد شہ برو بگریست زار و نوحہ کرد
گفت ہر چند این جزاے کار تست کہ نباشی در وفاے ما درست
چون کنی از خلد در دوزخ قرار غافل از لا یستوی اصحاب نار

علم[۱] ہے وہ باز بھاگا شاہ سے پیرزن کی سو کہ آٹا چھانتے ہی
تا پکائے آش بچون کے لیے دیکھا وہ خوش باز کہ خوش رنگ ہے
پاؤن اُسکے باندھے اسنے کترے پر کاٹے ناخن گھانس دے کھانیکو پھر
بولی تیری کچھ نہ کی بس غور ہی پر وہ ناخن تیرے جو حد سے بڑھے
دست ناکس کر دے بیمار اب تجھے مان کے پاس آ غور تا تیری کرے
مہر[۲] جاہل کی تو ایسی جان لے راہ پر جاہل سدا ٹیڑھا چلے
گر ترا جاہل سدا ہمدم رہے جاہلی سے تجھکو آخر رنج دے
جستجو مین شہ کو دن آخر ہوا پیرزن کے گھر کی جانب وہ گیا
دیکھا گرد آلودہ ناگہ باز کو شاہ رویا اُسپہ بس پُر درد ہو
بولا یہ تیری جزاے کار ہے جو وفا سے میری تو بیزار ہے
تو کرے جنت سے دوزخ مین قرار نے پڑھا لا یستوی اصحاب نار

۱ف علم ہے الخ ۵ شعر یعنی معلوم ہے وہ باز شاہ سے بھاگا پیرزن کی طرف کہ وہ آٹا چھانتی تھی تاکہ بچون کے واسطے آش پکالے دیکھا اُس باز کو کہ خوش رنگ ہے اُس کے پاؤن باندھے اور پر کترے اور ناخن کاٹے و گھانس دی کھانے کو اور بولی کہ تیری کچھ غور نہ کی پر اور ناخن جو حد سے بڑھ گئے دست ناکس تجھ کو بیمار کر دے۔ ماں کے پاس آ کہ تا تیری غور کرے آگے دقائق فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲ف مہر جاہل کی تو جان لے کہ راہ پر ہمیشہ جاہل ٹیڑھا چلتا ہے اگر تیرا جاہل ہمیشہ ہمدم رہے آخر جاہلی تجھ کو رنج دے۔ شاہ کو جستجو مین دن آخر ہوا وہ پیرزن کے گھر کی جانب گیا تاکہ دیکھا باز کو گرد آلودہ پس شاہ رویا اُس پر پُر درد ہو کر اور کہا یہ تیری جزاے کار ہے جو میری وفا سے تو بیزار ہے جو کوئی جنت سے دوزخ مین قرار پکڑے کیا نہین پڑھا لا یستوی اصحاب النار و اصحاب الجنۃ یعنے ایکسان نہین ہین اصحاب دوزخ و اصحاب جنت کے یعنے اس عارف کی سزا ہے جو یار سے غافل ہو کر طرف مشاغل دنیوی کے راجع ہوا علم معرفت اس سے مثل باز کے بھاگے اور جب توفیق ازلی وہ پھر راہ پر آئے اور عذر معذرت سے سوز و گداز اُسکے دل مین پیدا ہو تو وہ علوم معرفت بے طلب اُسکو نصیب ہون چنانچہ اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲

این سزای آنکه از شاه خبیر — خیره بگریزد بجانب گنده پیر
گنده پیر جاهل این دنیا دنی است — هر که مائل شد بدو خوار و غبیست
هست دنیا جاهل و جاهل پرست — عاقل آن باشد کزین جاهل برست
هر که با جاهل بود همراز باز — آن رسد با او که با آن شاهباز
باز می مالید پر بر دست شاه — بے زبان میگفت من کردم گناه
پس کجا زارد کجا نالد لئیم — گر تو نپذیری بجز نیک ای کریم
لطف شه جان را جنایت جو کند — زانکه شه هر زشت را نیکو کند
رو مکن زشتی که نیکیهای ما — زشت آید پیش آن زیبای ما
سر کجا بنهد ظلوم شرمسار — جز بدرگاه تو ای آمرزگار
خدمت خود را سزا پنداشتی — تو لوای جرم زان افراشتی
چون ترا ذکر و دعا دستور شد — زان دعا کردن دلت مغرور شد
هم سخن دیدی تو خود را با خدا — ای بسا کس زین گمان گردد جدا
گرچه با تو شه نشیند بر زمین — خویشتن بشناس نیکوتر نشین
باز گفت ای شه پشیمان میشوم — توبه کردم نو مسلمان میشوم
آنکه تو مستش کنی و شیرگیر — گر ز مستی کژ رود عذرش پذیر
گرچه ناخن رفت چون باشی مرا — بر کنم من پرچم خورشید را
ور چه پرم رفت چون بنوازیم — چرخ بازی کم کند در بازیم

یہ سزا اسکی ہی جو کہ شاہ سے — پیرزن کے یاں پہ جاے بھاگ کے
ہی وہ جاہل پیرزن دنیاے دون — اسکا راغب جو ہو وہ بس ہی زبون
بس ہی دنیا جاہل اور جاہل پرست — وہ ہی عاقل جو نہ ہو جاہل سے بستہ
جو کہ اس جاہل سے اب ہم راز ہو — پہنچے اسکو وہ جو پہونچا باز کو
باز پر ملتا تھا دست شاہ پے — بے زبان کہتا گنہ مجھسے ہوے
بد کہاں جا نالہ و زاری کرے — گر نہین بخشے سوا تو نیک کے
جان گنہ شہ کی عنایت پر کرے — کیونکہ بد کو شاہ کرتا نیک ہے
کر نہ بد ہرگز کہ اپنی نیکیان — ہین بدی آگے خدا کے اسمیان
سر کہاں رکھے یہ شرمندہ بھلا — تیرے در کے ماسوا اے خدا
اپنی خدمت کو کچھ اچھا جان کے — جرم کا اس سے علم برپا کرے
جو تری ذکر و دعا عادت ہوئی — اس دعا سے تجکو بس نخوت ہوئی
ہمکلام اپنے کو جانے با خدا — اس گمان سے ہو گئے اکثر جدا
شہ زمین پر بیٹھے تیرے پاس گر — قدر اپنی جان و بیٹھ اس سے بتر
باز بولا مین پشیمان ہوتا ہون — توبہ کی اور نو مسلمان ہوتا ہون
شیر گیر اور مست تو جسکو کرے — گر کجی مستی مین ہو معذور ہے
گر کٹے ناخن مگر تو پاس ہو — نوچ ڈالون پرچم خورشید کو
پر ہین کترے گر کرے مجھ پر کرم — بازی چرخ ہو مری بازی سے کم

۱ یہ سزا الخ شعر یہ سزا اسکی ہے کہ جو شاہ سے پیرزن کے یہان بھاگ کے جاوے ۲ وہ جاہل پیرزن دنیاے دون ہے جو اس کا راغب ہو وہ خراب ہے ۳ بس دنیا جاہل ہے اور جاہل سے مغلوب نہ ہو جو کوئی اس جاہل کے ہمراز ہووے اسکو وہ پہونچے جو پہونچا باز کو یعنی پیرزال سے جو اسکے موافق ہوا بادشاہ حقیقی سے بھاگا اس کا بھی وہی حال ہو جو کہ اس باز کا ہوا باز اپنے پر ملتا تھا دست شاہ پر اور کہتا تھا کہ مجھ سے گناہ ہوا بد کہاں جاکر نالہ وزاری کرے اگر تو سواے نیک کے نہین بخشے یہ شرمندہ سر کہان جاکر رکھے بس سوا درگاہ تیری کے اے خدا بادشاہ کی عنایت پر جان گناہ کرے کیونکہ بادشاہ بد کو نیک کرتا ہے یعنی اے رب اگرچہ مین برا ہون مگر تیرے سوا کس سے نالہ و فریاد کرون کیونکہ بد کو تو نیک کرتا ہے اس واسطے مجھ سے یہ گناہ ہوا تو عفو کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ کر نہ بد الخ شعر جا تو برائی کر کہ ہماری نیکیان حق کے روبرو برائی ہین یعنی تو نیت کر کہ ہماری نیکیان بسبب غرور کرنے طاعت کے پیش حق برائی ہے پس تو اپنی خدمت کے لائق جان کر اس سے جرم کا علم برپا کرتا ہے جو کہ تیرے ذکر و دعا کی عادت ہوتی ہے ہمکلام خود کو جانتا ہے ساتھ خدا کے اکثر اس گمان سے مردود ہو گئے ہین اگر بادشاہ زمین پر تیرے پاس بیٹھے تو اپنی قدر و منزلت جان اور اس سے نیچے بیٹھ یعنی تو عنایت بادشاہ پر مغرور نہ ہو اور خود کو ذلیل اسکے روبرو جان آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۳ باز بولا الخ ۹ شعر باز نے کہا مین پشیمان ہوتا ہون مین نے توبہ کی اور مسلمان ہوتا ہون تو جسکو شیر گیر اور مست کرے اگر مستی سے کجی ہو تو معذور رکھے اگرچہ میرے ناخن کٹے ولیکن تو پاس ہو کر نوچ ڈالون پرچم خورشید کو پر کترے ہین اگر تو مجھ پر کرم کرے بازی چرخ کی میری بازی سے کمتر ہو مین تیری مدد سے کوہ کو خم کردون اور ادنی اکلک سے علم کو توڑ دون مجھ سے کم نہین ہون ملک نمرود میں پشہ نے خدا کے دو مجھکو ضعیفی مین ابابیل کرا اور سر دو نمرود بھی صاحب فیل کو بقدر ایستہ اگر مین کنکر باروں سو گوہن کے مثل اثر رکھے اگرچہ بقدر نخود کے ہی لیکن مقابل مین سر کو چھوٹے نہ خود کو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

گر کمر بخشیم کہ را بر کنم ور دہی کلکے علمہا بشکنم
آخر از پشہ نہ کم باشد تنم ملک نمرودی بہ پر برہم زنم
در ضعیفی تو مرا بابیل گیر ہر یکے خصم مرا چون پیل گیر
قدر فندق افگنم بندق خرق بند قم در فعل صد چون منجنیق
گرچہ سنگم ہست مقدار نخود لیک در ہیجا نہ سر ماند نہ خود
موسیٰؑ آمد در وغا با یک عصاش زد بران فرعون بہ شمشیر ہاش
ہر رسولے یک تنہ کان در بست زدہ بر ہمہ آفاق تنہا بر زدہ ست
نوح چون شمشیر در خواہید ازو موج طوفان کرد حق شمشیر او
احمدا خود کیست اسپاہ زمین ماہ بین بر چرخ و بشگافش جبین
تا بداند سعد و نحس بے خبر دور تست این دور نے دور قمر
دور تست این در موسیٰؑ کلیم آرزو می برد زین دورت مقیم
چونکہ موسیٰ رونق دور تو دید کاندر و صبح تجلی می دمید
گفت یارب این چہ دور رحمت ست آن گزشت از رحمت اینجا رویت ست
غوطہ دہ موسیٰ خود را در بحار از میان دورۂ احمد برار
گفت یا موسیٰ بدان بنمودمت راہ آن خلوت بدان بکشودمت

مین مدد سے تیری کردون کوہ خم اور اڈنی کلک سے توڑون علم
کم نہ پشہ سے ہے آخر تن مرا ملک نمرودی کرون پر سے فنا
تو ضعیفی مین مجھے بابیل کر میرے دشمن کو تو صاحب فیل کر
قدر پستہ مارون مین کنکر اگر مثل سو گوپھن کے وہ رکھے اثر
گرچہ کنکر ہے بمقدار نخود پر لڑائی مین وہ چھوڑے سر نہ خود
۱ه موسیٰ آئے جنگ مین لیکر عصا توڑی تیغ اور پھوڑا سر فرعون کا
ہر نبی پیدا ہوا ہے ایک تن سارے عالم مین ہی تھا صف شکن
نوحؑ نے جو تیغ حق سے کی طلب موج طوفان سے دی اسکو تیغ تب
اے محمدؐ کیا زمین پر ہے سپاہ چرخ پر تو نے کیا ہی شق ماہ
۲ه تاکہ جانے سعد و نحس بے خبر دور یہ تیرا ہے نے دور قمر
تیرا وہ ہے دور کہ موسیٰ کلیم آرزو رکھتے ہین ہوؤن مقیم
دیکھی موسیٰؑ نے جو رونق دور کی کہ تجلی کی سحر اُس مین کھلی
بولا یارب دور یہ رحمت رکھے اُسنے رحمت دیکھی رویت ہکو ہی
بحر مین موسیٰ کو اپنے توڈوبا دور احمدؐ مین نکال اُسکو خدا
۳ه بولا اے موسیٰ دکھایا اس لیے اس در خلوت کو کھولا اس لیے

۱ه موسیٰؑ آئے الخ یہ شعر موسیٰ جنگ مین عصا لیکر آئے تیغ توڑی اور سر فرعون کا پھوڑا ہر ایک نبی یک تن پیدا ہوا مگر تمام عالم کی صف کو توڑا نوح نے جو حق سے تیغ طلب کی موج طوفان کی اسکو تیغ دی اے محمدؐ زمین پر سپاہ کیا چیز ہی چرخ پر تو نے قمر کو شق کیا ہے یعنی تو جسکو اے خدا مقبول کرے تمام عالم کو دم بھر مین زیر و زبر کر دے پس کرم کر او رقصور گمراہی پیری کا عفو کر پس جو سالک کہ تعلقات دنیا سے رجعت مین پڑے چاہیئے اسیطرح معذرت کر کے عفو تقصیرات اپنے کرے کہ تا راہ سلوک پھر جاری ہو چنانچہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا حال اس پیرایہ مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲ه تاکہ جانے الخ یہ شعر تاکہ سعد و نحس بیخبر جانے کہ یہ دور تیرا ہے دور قمر کا نہین ہی تیرا وہ دور ہی کہ موسیٰ کلیم اللہ آرزو رکھتے تھے اسمین رہتے کی جو کہ موسیٰ نے رونق اس دور کی دیکھی کہ صبح تجلی کی اسمین کھلی یعنی تجلیات الٰہی عہد رسول مقبولؐ مین یہان تک کہ طالبان حق دیکھتے ہین اور انبیا کے زمانے مین یہ خبر ہی کے ہر ایک کو کشف تجلیات نہ تھا تو موسیٰ نے آرزو اس عہد کی کی تھی موسیٰ نے کہا کہ اے خدا یہ دور رحمت کہتا ہے اُسنے رحمت دیکھی اور رویت ہکو ہی یعنی موسیٰ عم نے رحمت حق رسول مقبول کی دیکھی تھی اور ہم اہلبیت کو رویت حق کی حاصل ہی موسیٰؑ بدرگاہ حق تعالیٰ عرض کرتے ہین کہ اے خدا تو اپنے دریا مین مجھ موسیٰ کو ڈوبا اور دور احمدؐ مین نکال یعنی عہد احمدؐ مین مجھکو پیدا کر اگرچہ قول احق کلمہ ہی فافہم ۱۲ ۳ه بولا اے موسیٰ الخ یہ شعر حق نے فرمایا اے موسیٰ دور احمد کو اسلیے دکھایا اور اس خلوت کو اسلیے کھولا کہ اے کلیم تیرا دور بھی دور احمدی ہی پاؤن مت کھینچ یہ گلیم بڑی ہے یعنی دور موسیٰ و دور احمدی مین ہی کیونکہ دور احمدی بہت بڑا ہی کہ سب انبیاء کے اُسمین داخل ہین کیونکہ اسواسطے کہ احمدؐ اسوقت مین نبی تھے کہ آدم پیدا نہین ہوے تھے اور مخلوق قبل آنے اس عالم دنیا کے امت دعوت محمدیہ مین داخل ہے کہ بروز حشر موسیٰ سے کا حشر بھی بسبب خواہش پیدا ہونے امت احمدی کے ہمراہ امت محمدی کے ہوگا اور ہمراہ انبیا کے بھی ہوگا اس سبب سے موسیٰؑ کی فضیلت دو انبیا پر ہوگی از شرح بحرالعلوم مین لکھا ہون اور نان دکھاتا ہون کہ طمع سے بندہ زیادہ روے آگے اسکی مثال ہی جیسے مان بچہ کی ناک اسلیے ملتی ہی تاکہ وہ بیدار ہو اور دودھ اسکا پیے کیونکہ وہ بھوکا سویا ہے وہ بیہوش ہے اور پستان اُسکی دودھ سے پھٹی جاتی ہین ترجمہ تھا مین ایک خزانہ رحمت کا پوشیدہ پس اُٹھایا مین نے مخلوق کو ہدایت کی گئی جسکو کرامت کو تو جان ڈھونڈھتا ہی حق نے دکھلائی ہی جب تو طمع کرتا ہے یعنے حق مخلوق کیلیے ایسا ہی جیسے مادر مشفقہ بچے کو دودھ پلانے کیلیے بیدار کرتی ہے بسبب محبت کے پس بہت بت احمد نے یہان توڑے تب امت نے کہا یارب آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

گر تو زان دوری این در ای کلیم — پا مکش زیرا دراز است این گلیم
دور تیرا در وہ ہی ہے کلیم — پا نہ کھینچ آ تو بڑی ہے یہ گلیم

من کریمم نان نمایم بنده را — تا بگریاند طمع آن زنده را
ہون کریم اور مین دکھاتا نان ہون — تا طمع سے روئے بندہ بس فزون

بینئی طفلے بمالد مادرے — تا شود بیدار و او جوید خورے
ناک بچے کی ملے مان اس لیے — تا جگے اور دودھ وہ اسکا پیے

کو گرسنه خفته باشد بے خبر — وان دو پستان مینالد از مهر در
کہ وہ بھوکا سویا اور بیہوش ہے — چھاتیان اسکی پھٹی ہین دودھ سے

کنت کنزا رحمة مخفية — فانبعثت امة مهدية
کنت کنزا رحمة مخفية (تھا مین اک رحمت کا خزانہ پوشیدہ ۱۲) — فانبعثت امة مهدية (پس اٹھایا مین نے مخلوق کو ہدایت کی گئی ۱۲)

هر کرامت که همی جوئی بجان — او نمودت تا طمع کردی در آن
جس کرامت کو تو ڈھونڈھے جان — اسنے دکھلائی طمع تو جب کرے

چند بت بشکست احمد در جهان — تا که یارب گوے گشتند امتان
بت بہت سے توڑے احمد نے یہان — تب کہا امت نے یارب بس عیان

گر نبودی کوشش احمد تو هم — میپرستیدے چو اجدادت صنم
گر نہوتی کوشش احمد اتم — پوجتے جون باپ دادا تم صنم

این سرت وا رست از سجده صنم — تا بدانی حق او را بر امم
بت کے سجدہ سے تمہارا سر چھٹا — جانو تا امت پہ حق اسکا ہی کیا

گر بگوئی شکر این رستن بگو — کز بت باطن همت برهاند او
گر کرے شکر اس رہائی کا تو کر — کہ بت باطن سے یہ چھڑاتا اے بشر

مر سرت را چون رهانید از بتان — هم بدان قوت تو دل را وا رهان
سر کو تونے جو چھڑایا بت سے ہے — دلکو بھی اپنے چھڑا اس طور سے

سر ز شکر دین از آن برتافتے — کز پدر میراث مفتش یافتے
شکر دین سے سر کو تو پھیرے اسلیے — باپ سے میراث پائی مفت ہے

مرد میراثی چه داند قدر مال — رستمے جان کند و مجان یافت زال
مرد میراثی کو ہو کب قدر مال — جان رستم کھوئے پائے مفت زال

چون بگریانم بجوشد رحمتم — آن خروشنده بنوشد نعمتم
مین رلاتا ہون کہ رحمت کا ہو جوش — پائین نعمت کو مری اہل خروش

گر نخواهم داد خود ننمایمش — چون کنم دل بسته دل بگشایمش
چاہون گر دنیا دکھادون آپ کو — کھولدون اسکا اگر دل بند ہو

رحمتم موقوف آن خوش گریه‌هاست — چون گریست از بحر رحمت موج خاست
میری رحمت گریہ پر موقوف ہے — موج زن رحمت ہو گر گریہ کرے

تا نگرید ابر کے خندد چمن — تا نگرید طفل کے جوشد لبن
تانہ روئے ابر کب گلشن کھلے — تانہ روئے طفل کب شیر اسکو دے

حلوا خریدن شیخ احمد خضرویه جہت غریمان بالہام حق تعالیٰ

حلوا خریدنا شیخ احمد خضرویہ کا واسطے قرضخواہونکے بموجب الہام حق

بود شیخے دائما او وام دار — از جوانمردی که بود او نامدار
دائما اک شیخ رہتا قرضدار — پر سخاوت سے تھا بس وہ نامدار

ده هزاران وام کردی از مهان — خرج کردی بر فقیران جهان
قرض اسودون سے لیتا دس ہزار — اور فقیرون پر وہ کرتا تھا نثار

۵۱ گر نہوتی الخ۔ اشعار اگر احمد صلعم کی کوشش نہوتی تم مثل باپ دادا کے بت پوجتے ہوتے بتونکے سجدہ ونسے تمہارا سر چھوٹا پس امت پر ان کا حق جانو کہ کس قدر ہے اگر تو اس رہائی کا شکر کرے تو اے بشر بت باطنی سے تو چھوٹتا ہے جیسے تونے سر کو چھڑایا ہے بت سے ویسے ہی دل کو اپنے بھی چھڑا تو اسلیئے دین کے شکر سے سر کو پھیرتا ہے کہ باپ سے میراث مفت پائی ہے مرد میراثی کو کب قدر مال کی ہوتی ہے کہ جان رستم نے کھوئی اور میراث مفت پائی زال نے مین اسواسطے رلاتا ہون کہ تا رحمت جوش مین آئے اور اہل خروش میری رحمت پائین اور اگر مین چاہون دنیا تو آپ کو دکھادون اور کھول دون اگر اس کا دل بند ہو میری رحمت رونے پر موقوف ہے دریائے رحمت موجزن ہوا اگر گریہ کرے جبتک نہ ابر نہ روئے گلشن کم کھلے اور جبتک طفل نہ روئے لبان دودھ اسکو پلائے یعنی رحمت حق کی گریہ پر موقوف ہے اگر کوئی رحمت چاہے تو بہت روئے حق اسپر رحمت نازل کریگا جیسے طفل حلوائی و دیا اور رحمت جوش مین آگئی چنانچہ اسکا قصہ شامل ہین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۲ دائما الخ ۱۲ اشعار ایک شیخ ہمیشہ قرضدار رہتا تھا لیکن سخاوت سے وہ نامدار تھا اسودون سے دس ہزار قرض لیتا اور فقرا کو بخشش کرتا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

هم بوام او خانقاهے ساخته ‌ ‌ خان ومان و خانقه در باخته
احمد خضرویه بودے نام او ‌ ‌ خدمت عشاق بودے کام او
وام او راحق زهر جاے گزارد ‌ ‌ کرد بهر حق خلیل از ریگ آرد
گفت پیغمبر که در بازارها ‌ ‌ دو فرشته میکنند دائم ندا
کاے خدا تو منفقان را ده خلف ‌ ‌ وے خدا تو ممسکان را ده تلف
خاصه آن منفق که جان انفاق کرد ‌ ‌ حلق خود قربانی خلاق کرد
حلق پیش آورد اسمٰعیل وار ‌ ‌ کارد بر حلقش نیارد کرد کار
پس شهیدان زنده زان وینند خوش ‌ ‌ تو بدان قالب بمنگر گبر وش
چون خلف داد ست شان جان بقا ‌ ‌ جان ایمن از غم و رنج و شقا
شیخ وامے سالها این کار کرد ‌ ‌ می ستد مے داد همچو پایمرد
تخمها مے کاشت تا روز اجل ‌ ‌ تا بود روز اجل میر اجل
چونکه عمر شیخ در آخر رسید ‌ ‌ در وجود خود نشان مرگ دید
وامداران گرد او بنشسته جمع ‌ ‌ شیخ در خود خوش گدازان مثل شمع
وامخواهان گشته نومید و ترش ‌ ‌ درد دلها یار شد با درد شش
شیخ گفت این بدگمانان را نگر ‌ ‌ نیست حق را چار صد دینار زر
کودکے حلوا ز بیرون بانگ زد ‌ ‌ لاف حلوا بر امید دانگ زد
شیخ اشارت کرد خادم را ببر ‌ ‌ که برو آن جمله حلوا را بخر

بھی بنا تا[1] قرض لے کر خانقه ‌ ‌ خان و مان و خانقه کرتا تبه
احمد خضرویه اسکا نام تھا ‌ ‌ خدمت عشاق اسکا کام تھا
ہر طرح قرض اسکا حق کرتا ادا ‌ ‌ ریگ ابراہیم کو آٹا کیا
حکم پیغمبر ہے بس بازار مین ‌ ‌ دو فرشتے یہ ندا دائم کرین
کہ خدا تو منفقون کو دے بسیر ‌ ‌ اے خدا تو ممسکون کو دے ضرر
خاص وہ منفق کہ جان قربان کرے ‌ ‌ راہ حق مین وہ گلا اپنا رکھے
حلق رکھے آگے اسمٰعیل وار ‌ ‌ پر بچاتا ہے چھری سے کردگار
پس شہید اسواسطے زندہ ہوا ‌ ‌ تو نہ اس قالب سے جان اسکو مرا
جو بسیر ان کو دیا جان سعید ‌ ‌ رنج سے ایمن ہوئی جان شہید
شیخ[2] بس برسون سے لیتا قرض تھا ‌ ‌ اور لیکر دیتا جون اہل سخا
بیج بوتا تھا اجل تک کا جو وہ ‌ ‌ تا اجل کے روز وہ سردار ہو
شیخ کی جو عمر بس آخر ہوئی ‌ ‌ اور علامت مرگ کی ظاہر ہوئی
قرضخواہ آکر ہوے گرد اسکے جمع ‌ ‌ شیخ خوش گھلتا تھا خود مین مثل شمع
قرضخواہ[3] نومید اسکے ہو گئے ‌ ‌ درد دل و درد جگر اسکے ہوے
شیخ بولا بدگمان کو دیکھ تو ‌ ‌ حق نہین دینار رکھتا چارسو
طفل حلوائی نے ایک آواز دی ‌ ‌ مول لے حلوا کوئی ہے مشتری
شیخ نے اپنے یہ خادم سے کہا ‌ ‌ جا کے سب حلوے کو تو اب مول لا

[1] بھی بنا تا الخ ۹ شعر یعنی قرض لیکر خانقاہ بناتا تھا اور گھر و خانقاہ کو برباد کرتا احمد خضرویہ اسکا نام تھا عاشقون کی خدمت کرنا اسکا کام تھا ہر طرح قرض اسکا حق ادا کرتا تھا جیسے ریگ ابراہیم علیہ السلام کو آٹا کیا حضرت رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ بازار مین دو فرشتے یہ ندا کرتے ہین کہ اے خدا نفقہ دینے والے کو بسیر دے، و اے خدا بخیلون کو ضرر دے خاصکر وہ نفقہ دینے والا کہ جان قربان کرے وہ راہ حق مین اپنا گلا رکھے اسمٰعیل کے مانند ولیکن حق چھری سے بچاتا ہے اسواسطے شہید زندہ ہووے تو اس قالب مین انکو مرا مت جانے پس انکو بسیر دیا جان کا رنج سے ایمن ہوئی جان شہید کی یعنی شہید کہ راہ خدا مین جان دیتے ہین مثل اسمٰعیل کے حق اس عالم مین ان کو جان دیتا ہے کہ وہ ہمیشہ زندہ اس سے رہتے ہین گویا یہ جان ان کو بسیر دینا ہے آگے رجوع بہ قصہ ہے فافہم ۱۲ [2] شیخ الخ ۴ شعر شیخ برسون سے قرض لیتا تھا اور مثل اہل سخا کے دیتا تھا جو کہ وہ تخم اجل تک بوتا تھا تاکہ بروز اجل سردار ہو جب کہ شیخ کی عمر آخر ہوئی اور علامتین مرگ کی ظاہر ہوئین قرضخواہ اس کے گرد آکر جمع ہوئے اور شیخ مثل شمع کے خوش مرض سے گلتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] قرضخواہ الخ ۹ شعر اس کے قرضخواہ ناامید ہو گئے درد دل ان کے درد جگر ہو گئے شیخ نے بدگمان ان کو دیکھ کر کہا کہ کیا چارسو دینار حق نہین رکھتا ہے ایک طفل حلوائی نے آواز دی کہ کوئی خریدار ہے حلوا مول لے شیخ نے اپنے خادم سے کہا کہ جا سب حلوے کو مول لا اور قرضخواہون کو یہ حلوا کھلا تاکہ مجھ پر اب کر طوے نہو اسی گھڑی خادم گھر سے باہر گیا تا حلوا خریدے اس طفل سے جا کر پوچھا کیا قیمت ہے حلوے کی اے پسر بولا نصف دینار سے زیادہ ہے خادم نے کہا زیادہ صوفی سے نہ لے نصف دینار مین تجھکو دیتا ہون شیخ کے آگے اسنے طباق رکھا شیخ کی اب کرامات دیکھ کیا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲-

تا غریمان چونکہ حلوا را خورند — یک زمانی شیخ در من ننگرند
در زمان خادم برون آمد ز در — تا خرد آن جملہ حلوا زان پسر
گفت او را کین ہمہ حلوا بچند — گفت کودک نیم دینار است و اند
گفت نے از صوفیان قرضن مجو — نیم دینارت دہم دیگر مگو
او طبق بنہاد اندر پیش شیخ — تو بہ بین اسرار سراندیش شیخ
کرد اشارت با غریمان کین نوال — یک تبرک خوش خورید این حلال
بہر قربان جملگی حلقہ زدند — خوش ہمی خوردند حلوا ہمچو قند
چون طبق خالی شد آن کودک ستد — گفت دینارم بدہ اے با خرد
شیخ گفتا از کجا آرم درم — دام دارم میروم سوے عدم
کودک از غم زد طبق را بر زمین — نالہ و گریہ بر آوردہ چنین
نالہ میکرد و فغان و ہاے ہاے — کاے مرا بشکستہ بودے ہر دو پاے
کاشکے من گرد گلخن گشتمے — بر در این خانقہ نگذشتمے
صوفیان طبل خوار لقمہ جو — سگ دلان و ہمچو گربہ روے شو
از غریو کودک آنجا خیر و شر — گرد آمد گشت بر کودک حشر
پیش شیخ آمد کہ اے شیخ درشت — تو یقین دان کہ مرا استاد کشت
گر روم من پیش او دست تہی — او مرا بکشد اجازت میدہی
وان غریمان ہم بانکار و جحود — رو بشیخ آورد کین بازی چہ بود
مال ما خوردی مظالم می بری — از چہ بود این ظلم دیگر بر سری
تا نماز دیگر آن کودک گریست — شیخ دیدہ بست و بر وے ننگریست

[١]قرضخواہوں کو تو یہ حلوا کھلا — تا کہ اب کڑوے نہوں مجھپر ذرا
گھر سے باہر اس گھڑی خادم گیا — تا خریدے حلوا اُس لڑکے سے جا
پوچھا کیا قیمت ہے حلوے کی پسر — بولا زیادہ نصف سے دینار زر
بولا زیادہ صوفیوں سے تو نے لے — نصف دینار اب میں دیتا ہوں تجھے
شیخ کے آگے طباق اُسنے رکھا — شیخ کی دیکھو کرامات اب ہے کیا
قرضخواہوں سے کہا بے قیل قال — یہ تبرک کھاؤ تم اب ہے حلال
گرد ہو سب نے بموجب حکم کے — کھایا حلوے کو جو مثل قند ہے
جو طبق خالی ہوا لڑکے نے لے — بولا دینار اُسکی قیمت مجھکو دے
شیخ بولا میں کہاں سے دوں درم — قرضدار اب جاتا ہوں سوئے عدم
[٢]طفل نے پھینکا طبق کو بر زمین — شور و غل کرنے لگا از بس وہیں
نالہ و فریاد کرتا ہائے ہائے — کہ یہ ٹوٹے ہوتے دونوں پاؤں ہائے
کاش جا کر بھاڑ میں گر جاتا میں — اور نہ در پر خانقہ کے آتا میں
صوفیان سیر خور دنیا طلب — سنگدل اور جوں گربہ دھو کر منھ کو سب
شور سے لڑکے کے واں اچھے برے — جمع گرد اُسکے ہوئے جوں حشر کے
آگے آ کہنے لگا وہ شیخ سے — کہ یقین اُستاد مارے گا مجھے
ہاتھ خالی دیکھ مارے گا مجھے — تو اجازت دیتا ہے اس بات سے
[٣]قرضخواہوں نے کہا بھی شیخ سے — کہیے تو یہ آپ کا کیا کھیل ہے
مال کھا کر تو ستم ہم پر کیے — کسلیے یہ ظلم اور اس پر یہ کھے
تا نماز ظہر وہ رویا کیا — شیخ آنکھیں بند کر سو یا کیا

ف١ قرضخواہوں سے الخ یعنی شعر قرضخواہوں سے کہا بے قیل و قال کھاؤ تم یہ تبرک حلال ہے سب نے بموجب حکم کے گرد ہو کر کھایا حلوے کو جو مثل قند کے تھا جب طباق خالی ہوا تو طفل نے لیکر کہا کہ دینار اسکی قیمت کے مجھکو دو شیخ نے کہا کہ میں درم کہاں سے دوں میں قرضدار جاتا ہوں طرف عدم کے میرے پاس بھلا اسوقت دام کہاں ہیں جو تجھکو دوں باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ ف٢ طفل نے الخ یعنی شعر طفل نے طباق کو زمین پر پھینکا اور از بس شور و غل کرنے لگا نالہ و فریاد کرتا اور ہائے ہائے کہ یہ دونوں پاؤں ٹوٹے ہوتے افسوس ہے کہ کاشکے میں گلخن میں پڑ جاتا اور خانقاہ کے دروازے پر نہ آتا صوفی پیٹ بھرے اور روٹی چاہنے والے سگدل اور مثل گربہ کے منھ کو دھوئے طفل کے غل کرنے سے سب برے بھلے گرد اُسکے جمع ہوئے مانند حشر کے آگے آکر وہ کہنے لگا شیخ سے کہ یقین کر استاد مجھے مارے گا مجھے خالی ہاتھ دیکھ کر مارے گا تو اجازت دیتا ہے اس بات سے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ ف٣ قرضخواہوں نے الخ یعنی شعر قرضخواہوں نے کہا شیخ سے از راہ انکار کے یہ کیا کھیل ہے تو مال کھا کر ہم پر ستم کرتا ہے کس لیے یہ ظلم تو دوسرے پر رکھتا ہے نماز ظہر تک وہ لڑکا روتا رہا اور شیخ آنکھ بند کرکے سوتا رہا شیخ بے غم تھا جفا و درد سے اور منہ چھپائے چادر میں تھا مانند ماہ کے اجل سے خوش تھا اور دل سے شادکام تھا اور طعنۂ مردم سے بے خوف تھا بالکل جس کی جان بامزہ ہو مانند قند کے کب ترش روئی عالم سے وہ ڈرے یعنے جو کہ معرفت الٰہی سے باذوق ہے اُسکو برا بھلا کہنے مردم سے کیا غم ہے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢-

شیخ فارغ از جفا و از خلاف — در کشیده روی چون مه در لحاف
با اجل خوش با دل خوش شادکام — فارغ از تشنیع و گفت خاص و عام
آنکه جان در روی او خندد چو قند — از ترش روی خلقش چه گزند
آنکه جان بوسه دهد بر چشم او — کے خورد غم از فلک وز خشم او
در شب مهتاب مه را بر سماک — از سگان و عوعو ایشان چه باک
سگ وظیفه خود بجامی آورد — مه وظیفه خود برخ می گسترد
کارک خود میگزارد هر کسے — آب نگزارد صفا بهر خسے
خس خسانه میرود بر روی آب — آب صافی میرود بے اضطراب
مصطفیٰ مه می شگافد نیم شب — ژاژ می خاید ز کینه بولهب
آن مسیحا مرده زنده میکند — وان جهود از خشم سبلت میکند
بانگ سگ هرگز رسد در گوش ماه — خاصه ماهے کو بود خاص آله
می خورد شه بر لب جو تا سحر — در سماع از بانگ چغزان بیخبر
هم شدے توزیع کودک دانگ چند — همت شیخ آن سخا را کرد بند
تا کسے ندهد به کودک هیچ چیز — قوت پیران از آن بیش ست نیز
شد نماز دیگر آمد خادمے — یک طبق بر سر ز پیش حاتمے
صاحب مالے و حالے پیش پیر — هدیه بفرستاد کز وے بد خبیر
چار صد دینار بر گوشه طبق — نیم دینارے دگر اندر ورق
خادم آمد شیخ را اکرام کرد — آن طبق بنهاد پیش شیخ فرد

شیخ فارغ تھا جفاؤں درد سے — منہ چھپا چادر مین تھا جون ماہ کے
تھا اجل سے خوش و دل سے شادکام — طعنۂ مردم سے فارغ تھا تمام
بامزہ جان جسکی ہو جون قند کے — کب ترش روئی سے عالم کی ڈرے
جسکی[1] جان بوسہ دے اسکی آنکھ پے — غصۂ افلاک سے کیا ڈر اسے
آسمان پر چاندنی مین ماہ کو — شور و غوغا سے سگون کے ڈر نہو
سگ وظیفہ اپنا کرتا ہے ادا — مہ وظیفہ اپنا رکھتا ہے وا
چھوڑتا ہے کون اپنے کام کو — کب صفائی آپ خس سے دور ہو
خس حقیرانہ روان پانی پے ہو — اضطرابی ہو نہ آب صاف کو
مصطفیٰ تو کرتے ہین شق القمر — بولہب کینہ سے بکتا بیشتر
وہ مسیحا زندہ مردون کو کرے — وہ جہودی داڑھی نوچے رنج سے
بھونکنا[2] کتے کا کب سنتا ہی ماہ — خاص وہ مہ جو کہ ہے خاص آلہ
نہر پر پیتا ہے مے شہ رات بھر — راگ مین مینڈک کے غل سے بیخبر
دام حلوا دیتے وہ تقسیم کر — ہمت شیخ انکی مانع جود پر
تا نہ دیوے کوئی کچھ اس طفل کو — قوت پیران ہی زیادہ اس سے تو
ظہر کے بعد ایک حاتم کا غلام — ایک طبق سر پر رکھے لایا تمام
اہل مال و حال تھا وہ باخبر — تحفہ بھیجا پیر کو اس نے مگر
اس طبق مین چار سو دینار تھا — نصف دینار ایک کاغذ مین جدا
پیشکش[3] خادم نے وہ لاکر کیا — شیخ کے آگے طبق لاکر رکھا

لے جسکی جان الخ، شعر جسکی جان چشم یار پر بوسہ دے غصۂ افلاک سے کیا خوف ہے آگے مثال بیان فرماتے ہین کہ آسمان پر ماہ کو شور و غوغاے سگون سے کیا خوف ہو سگ اپنا وظیفہ ادا کرتا ہے اور ماہ اپنا وظیفہ وا رکھتا ہے اپنے کام کو کون چھوڑتا ہے کب صفائی آب کی خس سے دور ہو خس حقیرانہ پانی پر روان ہے آب صاف کو اضطرابی نہ ہو مصطفیٰ تو شق القمر کرتے ہین بولہب کینہ سے بیہودہ بکتا ہے وہ مسیحا مُردون کو زندہ کرتا ہے اور یہودی داڑھی نوچتا ہے رنج سے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ ۲ بھونکنا ہے الخ، شعر ماہ کتون کا بھونکنا کب سنتا ہے خاص کر وہ ماہ جو خاصان خدا سے ہے شاہ رات بھر نہر پر مے نوشی کرتا اور راگ سنتا ہے مگر مینڈکون کے غل سے بیخبر ہے یعنی عاقین مشاہدۂ تجلیات مین مدہوش اور شور مردمان دنیا سے بیخبر ہین آگے رجوع بقصہ ہے لوگ حلوے کے دام خود تقسیم کرکے دیتے مگر ہمت شیخ انکی بخشش کی مانع تھی تاکہ کوئی شخص اس طفل کو خود نہ دیوے کیونکہ قوت پیرون کی اس سے زیادہ ہے بعد ظہر کے ایک حاتم کا غلام ایک طباق سر پر رکھکر لایا وہ اہل مال و حال باخبر تھا اسواسطے اس پیر کو کچھ تحفہ بھیجا تھا اسکے طباق مین چار سو دینار تھے اور نصف دینار کاغذ مین جدا لپٹا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ ۳ پیشکش الخ، شعر خادم نے لاکر وہ پیشکش کیا اور شیخ کے آگے وہ طباق لاکر رکھا جبکہ خوان سے سرپوش اٹھایا خلق نے وہ کرامات شیخ کی دیکھی سب لوگ آہ و زاری کرنے لگے کہ یہ کیا ہے اے بادشاہ شیخون زمانے کے یہ کیا بھید ہے اور کیا سلطانی ہے اے مالک ہم لوگ اہل جفا کے یہ ہم تم کو نہ سمجھے تھے معاف کرو اور ہم نے بالکل بیہودہ بکا تھا لاٹھی اندھو نکی طرح بے اٹکل ہم مارتے ہین اس لیے قندیلین توڑتے ہین مثل بہرون کے ہم نے ایک خطاب نہین سنا اور بیہودہ ہم نے جواب دیا یعنی ہم نے تمھارا مرتبہ نہ جانا اور تمھاری نسبت برا بھلا کہا گویا عاقین سے اسطرح خود کو مشیخ خلوتی طعون کرکے چھپتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ —

چون طبق پوش از طبق برداشت او … خلق دیدند آن کرامت را ازو
آه و افغان از همه برخاست زود … کای سر شیخان و شاهان این چه بود
این چه سرست این چه سلطانیست باز … ای خداوند خداوندان راز
ما ندانستیم ما را عفو کن … بس پراگنده که رفت از ما سخن
ما که کورانه عصاها می زنیم … لاجرم قندیلها را بشکنیم
ما چو کران ناشنیده یک خطاب … هرزه گویان از قیاس خود جواب
ما ز موسیٰ پند نگرفتیم کو … گشت از انکار خضر او زردرو
با چنان چشمے که بالا می شتافت … نور چشمش آسمان را مے شگافت
کرده با چشمت تعصب موسیا … از حماقت چشم موش آسیا
شیخ فرمود آن همه گفتار و قال … من بحل کردم شما را آن جدال
سر این این بود کز حق خواستم … لاجرم بنمود راه راستم
گفت این دینار اگرچه اندکست … لیک موقوف غریو کودکست
تا نه گرید کودک حلوا فروش … بحر بخشایش نمی آید بجوش
ای برادر طفل طفل چشم تست … کام خود موقوف زاری دان نخست
کام خود موقوف زاری دلست … بے تضرع کامیابی مشکلست
گر همی خواهی که مشکل حل شود … خار محرومی بگل مبدل شود
گر همی خواهی که آن خلعت رسد … پس بگریان طفل دیده بر جسد

ترسانیدن شخصے زاہدے را کہ کم گرے کہ کور نہ شوے

زاهدے را گفت یاری در عمل … کم گری تا چشم را ناید خلل

جب اٹھایا خوان سے سرپوش کو … خلق نے دیکھی کرامت اسکی وو
آہ و زاری سب لگے کرنے وہان … کیا ہے یہ اے شاہ شیخان زمان
کیا ہی یہ بھید اور سلطانی ہے کیا … اے خداوند دل اہل صفا
یہ نہ سمجھے ہم تھے ہم کو عفو کر … بس بکا بیہودہ ہم نے سربسر
لاٹھی اندھونکی طرح مارین ہین ہم … اسلیئے قندیلین توڑی ہین بہم
مثل بہرون کے سنا نے اک خطاب … اور بیہودہ دیئے ہم نے جواب
۱ ہمنے موسیٰ سے نصیحت نے سنی … اُسکو ہوئی جو خضر سے شرمندگی
چشم ایسی ہے کہ اعلیٰ پر چڑھے … آسمان کو نور اُس کا پھاڑ دے
چشم تیری سے تعصب جو کیا … ہے حماقت چشم موش آسیا
شیخ بولا مین نے وہ سب قیل و قال … تم کو بخشا اور وہ جنگ و جدال
بھید اسکا یہ تھا چاہی حق سے تھی … راہ سیدھی سے دے مجکو آگہی
۲ بولا یہ دینا اگرچہ کچھ نہ تھے … پر یہ تھے موقوف گریہ طفل پے
تا نہ روتا طفل یہ حلوا فروش … بحر بخشش کا نہین ہوتا بجوش
اے برادر طفل تیری آنکھ ہے … منحصر ہین کام گریہ پر ترے
زاری دل پر ہین جو موقوف کام … ہو بجز زاری کے کب مشکل تمام
گر تو یہ چاہے کہ مشکل ہووے حل … اور ہو گل ہو خار حرمان کا بدل
گر تو یہ چاہے کہ وہ خلعت ملے … طفل چشم اپنا رولائے جسم پے

ڈرانا ایک شخص کا زاہد کو کہ تو کم رو تا تیری آنکھیں نہ جاتی رہین

۳ ایک زاہد کو کہا ایک یار نے … تو نہ رو تا آنکھ نے جاتی رہے

۱ ہم نے موسیٰ سے الخ ۵ شعر یعنے موسیٰ نے نصیحت نہین سنی کہ اُسکو خضر سے شرمندگی ہوئی ایسی چشم کہ اعلیٰ پر چڑھے اور آسمان کو اُسکا نور پھاڑ دے تیری چشم سے جو تعصب کیا حماقت ہے چشم موش آسیا کی یعنی ہم نے اُس شیخ سے کہ موسیٰ سے نصیحت نہین سنی اور اُس موسیٰ کو خضر سے شرمندگی ہے اس بڑی چشم سے کہ آسمان کو نور اُسکا پھاڑے چشم موش آسیا کہ غافلون کی ہے تعصب کرے جائے تعجب ہے شیخ نے کہا وہ سب قیل و قال مین نے تم کو بخشا جنگ و جدال اور اس فعل مین بھید یہ تھا کہ حق سے مینے راہ سیدھی چاہی کہ تا مجھکو آگہی دے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ بولا یہ الخ ۶ شعر شیخ نے کہا کہ اگرچہ یہ دینار کچھ نہ تھے لیکن یہ موقوف تھے گریۂ طفل پر جبتک یہ طفل حلوا فروش نہ روتا بحر بخشش حق کا کب جوش مین آتا آگے حقائق اسکے بیان فرماتے ہین اے برادر تیری آنکھ طفل ہے اور تیرے کام منحصر ہین گریہ پر دل کی زاری پر جو کام موقوف ہین وہ بجز زاری کے کب مشکل حل ہووے اور خار محرومی کا بدل کر گل ہووے اور اگر تو چاہتا ہے کہ وہ خلعت ملے تو طفل چشم اپنے کو جسم پر رُلا یعنی رونے سے مشکل حل ہوتی ہے کہ دریائے بخشش الٰہی رونے سے جوش مین آتا ہے کہ مشکل بندہ کو حل کرتا ہے چنانچہ قصہ زاہد کا اسکی مثال مین مولانا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۳ ایک زاہد الخ ۶ شعر ایک زاہد کو ایک یار نے کہا مت رو کہ تا آنکھ نہ جاتی رہے زاہد نے کہا کہ دو طرح پر اسکا حال ہے کہ یا وہ جمال چشم دیکھے یا نہ دیکھے اگر دیکھے نور حق تو پھر کیا غم ہے اور مقابل وصل حق کے چشم ادنیٰ و کم ہے اور اگر نہ دیکھے حق کو تو کہدو وہ جائے ایسی چشم شقی اندھی ہو آنکھ سے مت ڈر کہ وہ عیسیٰ تیرا موجود ہے ڈر مت حاصل کر تا تجکو آنکھ دیدی ہوئے روح عیسیٰ ہے کہ تجھ مین حاضر ہے اُس سے فتح حاصل کر کہ وہ فہمندی کہتی ہے یعنی آنکھو نکی ۱۲

[illegible]

گفت زاہد دو بیرون نیست حال / چشم بیند یا نہ بیند آن جمال
گر ببیند نور حق خود چہ غم ست / در وصال حق دو دیدہ کہ کم ست
ور نخواہد دید حق را گو برو / اینچنین چشم شقی گو کور شو
غم مخور از دیدہ کان عیسیٰ ترا ست / چپ مرو تا بخشدت دو چشم راست
عیسیٰؑ روح تو با تو حاضر ست / نصرت از وے خواہ کو خوش ناصر ست
لیک بیگار تن پر استخوان / بر دل عیسیٰؑ منہ تو ہر زمان
ہمچو آن ابلہ کہ اندر داستان / ذکر او کردیم بہر راستان
زندگی تن مجو از عیسیت / کار فرعونی مخواہ از موسیت
بر دل خود کم نہ اندیشہ معاش / عیش کم ناید تو بر درگاہ باش
این بدن خرگاہ آمد روح را / یا مثال کشتی مر نوح را
ترک چون باشد بیابد خرگہے / خاصہ چون باشد عزیز درگہے

بولا زاہد دو طرح ہے اسکا حال / چشم دیکھے یا نہ دیکھے وہ جمال
گر یہ دیکھے نور حق پھر کیا ہے غم / وصل حق میں آنکھ ہے ادنی و کم
گر نہ دیکھے حق کو کہدو جائے وہ / ایسی یہ چشم شقی بس کور ہو
آنکھ سے مت ڈر کہ عیسیٰؑ تیرا ہے / ٹیڑھا مت چل سیدھی تجکو آنکھ دے
روح عیسیٰؑ ہے کہ حاضر تجھ میں ہے / فتح اس سے لے فتحمندی رکھے
[1] پر یہ بیگار اس تن پر خاک کی / مت دل عیسیٰؑ پہ رکھ تو ہر گھڑی
مثل اُس ابلہ کے جو پہلے کیا / داستان میں ذکر اُس کا برملا
زندگی تن کی نہ لے عیسیٰؑ سے تو / کام فرعونی نہ لے موسیٰؑ سے تو
فکر روزی دل میں اپنے مت کرے / عیش دائم ہو جو در پر رہے
یہ بدن خرگاہ ہوا ہے روح کو / مثل کشتی کے ہے یا یہ نوح کو
ترک جو ہو سردار ہے خرگاہ کو / خاص جو درگاہ کا مقبول ہو

تمامی قصہ زندہ شدن استخوان بدعائے عیسیٰؑ

آخر قصہ زندہ ہونا ہڈیونکا عیسیٰ علیہ السلام کی دعا سے

چونکہ عیسیٰؑ دید کان ابلہ رفیق / جز کہ استیزہ نمیداند طریق
می نگیرد پند را از ابلہی / بخل می پندارد او از گمرہی
خواند عیسیٰؑ نام حق بر استخوان / از برائے التماس آن جوان
حکم یزدان از پئے آن خام مرد / صورت آن استخوان را زندہ کرد
از میان بر جست یک شیر سیاہ / پنجہ برزد کرد نقشش را تباہ
کلہ اش برکند و مغزش ریخت زود / ہمچو جوزی کاندرو مغزی نبود

[2] دیکھا عیسیٰؑ نے کہ ابلہ ہے وہ یار / اور سوا لڑنیکے اُسکا ہے نہ کام
ابلہی سے کچھ نصیحت نہ سنی / گمرہی سے بخل سمجھا وہ شقی
نام حق عیسیٰؑ نے ہڈی پہ پڑھا / بس موافق کہنے اُسکے برملا
حکم حق نے واسطے اُسکے اخی / صورت اُن ہڈیوں سے زندہ کی
جلد اک پیدا ہوا شیر سیاہ / مار کر پنجہ کیا اُس کو تباہ
سر کو پھوڑا اُسکے پھینکا مغز کو / جسطرح اخروٹ کہ بے مغز ہو

[1] پر یہ بیگار الخ یعنی شعر لیکن یہ بیگار اس تن خاکی کی مت دل عیسیٰؑ پہ رکھ تو ہر گھڑی مثل اُس ہمراہی احمق کے کہ جو پہلے کیا داستان میں ذکر اس کا زندگی تن کی تو عیسیٰؑ سے مت چاہ کام فرعون کا تو موسیٰؑ سے مت چاہ فکر روزی کی تو دل میں مت کر ہمیشہ عیش ہو کہ جو درگاہ حق میں مقیم رہے یہ بدن روح کا خرگاہ ہوا ہے یا مثل کشتی کے نوح کو ہے اگر تو سردار ہو خرگاہ کا جو کہ خاص درگاہ کا مقبول ہو یعنے یہ جسم روح کا خیمہ ہے اگر تو عارف ہے اُس کو قبول کر ورنہ وہ جسم غافل کو ہلاک کریگا جیسے ہڈیوں نے شیر کی دم عیسیٰؑ سے شیر بن کر اُسی ہمراہی کو ہلاک کیا چنانچہ اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] دیکھا عیسیٰؑ نے الخ یعنی شعر عیسیٰؑ علیہ السلام نے دیکھا کہ یہ یار احمق ہے اور سوائے لڑنے کے اُس کا کام نہیں ہے اُس نے بسبب احمقی کے کچھ نصیحت نہیں سنی اور بسبب گمراہی کے بخل سمجھا آخر عیسیٰؑ علیہ السلام نے نام حق ہڈیوں پر پڑھا اُس کے کہنے کے موافق حکم خدا سے اُس کے لیے ایک صورت ان ہڈیوں سے زندہ کی جلدی ایک شیر سیاہ پیدا ہوا اور پنجہ مار کر اس کو تباہ کیا اُس کے سر کو پھوڑا اور پھینکا مغز کو جیسے اخروٹ بے مغز ہوتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گرد را مغز بدے ز آسیب تنش — خود نبودے نقص الا بر تنش
ہوتا[1] گر با مغز وہ اُس ضرب سے — جز بدن نقصان نہوتا کچھ اُسے

گفت عیسیٰ چون شتابش کوفتی — گفت زان رو که تو زو آشوفتی
بولا عیسیٰ جلد کیون مارا اُسے — شیر بولا رنج تھا اُس سے تجھے

گفت عیسیٰ چون نخوردی خون مرد — گفت در قسمت نبودم رزق خورد
بولے اسکا خون کیون کھایا نہین — بولا اس قسمت مین رزق اپنا تھا نہین

اے بسا کس ہمچو آن شیر ژیان — صید خود ناخورده رفته از جہان
اے بہت سے مرد مثل اُس شیر کے — صید بے کھائے یہان سے وہ گئے

قسمتش کاہے نه و حرصش چو کوه — ناموجه کرد تحصیل وجوه
مثل کُہ حرص اور رکھ قسمت مین ہے — بے وجہ تحصیل کے اسباب سے

جمع کرده مال و رفته سوے گور — دشمنان در ماتم او کرده سور
جمع کرکے مال اپنی جان دی — دشمنون نے اُنکے غم مین کی خوشی

اے میسر کرده بر ما در جہان — سخره و بیگار ما زا وا رہان
اے[2] خدا یہ ہم نے جو بوجھا رکھا — اب تو اس بیگار سے ہم کو چھڑا

طعمه بنموده بما وان بوده شست — آنچنان بنما بما آنرا که ہست
طعمہ ہم نے جانا اور وہ شست تھی — جیسا وہ ہے ہم کو وہ دکھلا سبھی

گفت آن شیر اے مسیحا این شکار — بود خالص از برائے اعتبار
بولا وہ شیر اے مسیحا یہ شکار — واسطے عبرت کے تھا بس نہار

گر مرا روزی بدی اندر جہان — خود چہ کارستے مرا با مردمان
ہوتی گر روزی مری اندر جہان — بس مجھے کیا کام تھا مردون سے یان

این سزائے آنکه یابد آب صاف — ہمچو خر در جو بمیزد از گزاف
یہ سزا اُنکی کہ آب صاف مین — لات سے جو خر کرین پیشاب مین

گر بداند قیمت آن جوے خر — او بجاے پا نہد در جوے سر
جانتا گر قدر آب جو کی خر — پاؤن کی جا رکھتا اُس پانی مین سر

او بیابد آنچنان پیغمبرے — میر آبے زندگانی پرورے
ایسے پیغمبر کو پائے جو کوئی — کہ امیر آب ہووے زندگی

چون نمیرد پیش او کز امر کن — اے امیر آب مارا زنده کن
کیون[3] نہ آگے اُسکے اپنی جان دے — امر کن سے میر زندہ کر مجھے

ہین سگ این نفس را زنده مخواه — کو عدوے جان تست از دیرگاه
زندگی اس نفس کتے کی نہ چاہ — دشمن جان ہی ترا مدت سے آہ

خاک بر سر استخوانے را که آن — مانع این سگ بود از صید جان
خاک اُس ہڈی کی سر پہ ہو کہ وہ — مانع اُس سگ کی شکار جان ہو

ف۱ ہوتا الخ یعنی شعر اگر ہوتا با مغز وہ اُس ضرب سے سوائے تن کے کچھ نقصان اُسے نہوتا عیسیٰ نے شیر سے کہا کہ اُسے کیون مارا شیر نے کہا کہ اس سے رنج تھا تجھکو کہا اسکا خون تو نے کیون نہین کھایا شیر بولا میری قسمت مین رزق نہین تھا آگے حقائق بیان فرماتے ہین اے شخص بہت سے آدمی ہین مثل اس شیر کے بغیر کھائے شکار کے یہان سے گئے اُنکی حرص مانند کوہ کے اور کوہ قسمت مین نہین ہر کہ بے وجہ تحصیل کے اسباب سے مال جمع کرکے اپنی جان دی اور دشمن نے اُنکے غم مین خوشی کی یعنی اہل دنیا بسبب حرص و ہوا کے مال جمع کرتے ہین اور بغیر نفع حاصل کیے مرجاتے ہین اور بعد اُنکے دشمن اس مال سے عیش و عشرت پاتے ہین پس ایسے مال جمع کرنے سے اجتناب کرنا چاہیئے آگے اُسکے مناجات کرتے ہین فافہم ۱۲ ف۲ اے خدا الخ شعر اے خدا یہ بوجھا جو ہم پر رکھا اب اس بیگار سے ہم کو چھوڑا ہم نے طعمہ جانا اور وہ شست تھی وہ جیسا ہے ہمکو دکھا یعنی حقیقت اشیاے دنیا کی ہم پر کھول دے بموجب حدیث شریف کے اللھم ارنا الاشیاء کما ہی یعنی اے خدا حقائق اشیا کے مجھکو بتا دے جیسے کہ ہین آگے رجوع بقصہ ہے شیر نے کہا اے مسیحا یہ شکار واسطے عبرت کے تھا ضرور کہ اگر روزی میری ہوتی جہان مین مجھے کیا کام تھا مردون سے یہان اُنکی سزا ہے کہ آب صاف مین مثل خر کے پیشاب کرین لات سے یہان آب صاف سے مراد انبیا و اولیا ہین یعنے جو کہ انبیا سے سرکش ہوا خرابی مین پڑا اگر قدر آب جو خر جانتا قدم کی جا اُس آب پر سر رکھتا جو کوئی ایسے پیغمبر کو پائے آب جو وزندگی بخش ہو یعنے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کہ امیر انبیا و اولیا کے ہین اور حیات ابدی در دست ہین جو کوئی ایسے امیر کو پائے اور تعمیل حکم نہ کرے بدبخت ہے باقی اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ کیون نہ آگے الخ یہ شعر کیون نہ اُس کے آگے جان دے امر کن سے اے میر مجھکو زندہ کر آگے تعلیم ریاکارون کو ہے اے شخص زندگی اس نفس کی کتے کی مت چاہ کہ تیرا دشمن جان کا مدت سے ہے اُس ہڈی کے سر پر خاک ہو جیو کہ وہ مانع اُس کتے کی شکار جان کی ہوئی تو کہتا نہین ہے کیون ہڈی پر مرتا ہے اور جونک کے مانند عشق خون کا رکھتا ہی یہان ہڈی سے مراد وجود اور سگ سے مراد نفس امارہ شکار سے مراد جان ہی پس اس وجود پر خاک ہو جیو کہ نفس کو حصول جان سے باز رکھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

سگ نئہ بر استخوان چون عاشقی / دیو چہ وار انچہ بر خون عاشقی
آن چہ چشم است آنکہ بینائیش نیست / ز امتحانہا جز کہ رسوائیش نیست
سہو باشد ظنہا را گاہ گاہ / این چہ ظن است اینکہ کور آمد ز راہ
کردۂ بر دیگران نوحہ گری / مدتے بنشین و بر خود میگری
ز ابر گریان شاخ سبز و تر شود / زانکہ شمع از گریہ روشن میشود
ہر کجا نوحہ کنند آنجا نشین / زانکہ تو اولے تری اندر حنین
زانکہ ایشان در فراق فانی اند / غافل از لعل بقائے کانی اند
زانکہ بر دل نقش تقلید ست بند / رو بآب چشم بندش را برند
زانکہ تقلید آفت ہر نیکوی است / کہ بود تقلید اگر کوہ قوی است
گر ضریری لمتر ست و تیز خشم / گوشت پارہش دان چو او را نیست چشم
گر سخن گوید ز مو باریک تر / آن سرش را زان سخن نبود خبر
مستئ دارد ز گفت خود و لیک / از بر وے تا بمی راہے ست نیک
ہمچو جو نیست او[1] نہ آبے میخورد / آب از و بر آب خواران بگزرد
آب در جو زان نمیگیرد قرار / زانکہ آن جو نیست تشنہ آبخوار
ہمچو نائے نالۂ زاری کند / لیک بیگاری خریداری کند
نوحہ گر باشد مقلد در حدیث / جز طمع نبود مراد آن خبیث
نوحہ گر گوید حدیث سوزناک / لیک کو سوز دل و دامان چاک

سگ نہیں ہڈی کو چوسے تو مرے / جونک کے مانند عشق خون رکھے
آنکھ وہ کیا ہے کہ جو بینا نہیں / امتحان کے وقت وہ رسوا نہیں
گہ بگہ آتا گمان کو سہو ہے / یہ گمان کیسا کہ اندھا راہ سے
دوسروں کے واسطے روتا ہی تو / اپنے اوپر بیٹھکر تو رو کبھو
شاخ گریہ ابر سے ہو سبز تر / شمع ہو گریہ سے روشن بیشتر
جس جگہ روتے ہیں اُس جا بیٹھ تو / کیونکہ تو رونے میں ہی سب سے نکو
کیونکہ فانی کا وہ رکھتے ہیں فراق / اور نہیں لعل بقا کا اشتیاق
کیونکہ دل پر نقش ہے تقلید کا / کر تو آب چشم سے اسکو صفا
ہے بلا تقلید نیکی کے لیے / کاہ ہو تقلید گرچہ کوہ ہے
گر ہے اندھا کوئی موٹا تیز خشم / گوشت کا ٹکڑا ہی نے رکھتا ہی چشم
گرچہ کرتا ہے نکات از بس بیان / بھید نکتوں کا ہی پر اس سے نہان
گفتگو سے اپنی گر مستی رکھے / مستی بادہ سے لیکن دور ہے
نہر کے مانند نے پانی پیے / تشنگان آب کو وہ آب دے
نہر میں پانی نہ ٹھہرے اسلیے / کیونکہ پانی کی نہ تشنہ نہر ہے
مثل نے کے نالۂ زاری کرے / پر خریداروں کی بیگاری کرے
نوحہ گر ہے بس مقلد قال کا / جز طمع اسکو نہیں ہی فائدا
نوحہ گر کرتا ہے باتیں سوزناک / پر نہیں ہی سوز سے دل اسکا چاک

[1] آنکھ وہ الخ ۵ شعر وہ آنکھ کیا ہے کہ جو بینا نہیں ہے اور امتحان کے وقت وہ رسوا نہیں ہے کبھی گمان کو سہو آتا ہے یہ کیا گمان کہ اندھا راہ سے آوے تو وہ دوسرون کے واسطے روتا ہے اپنے اوپر تو بیٹھ کر کبھی رو شاخ ابر کے گریہ سے سبز تر ہو شمع گریہ سے روشن بیشتر ہو جس جا روتے ہین تو اُس جا بیٹھ کیونکہ تو رونے مین سب سے سوا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] کیونکہ الخ ۱۲ شعر کیونکہ وہ دنیاے فانی کا فراق رکھتے ہین اور لعل بقا روح کا اشتیاق نہین رکھتے کیونکہ اُن کے دل پر نقش ہے تقلید کا تو آب چشم سے اُسکو صاف کر دو اسواسطے نیکی کے تقلید بلا ہے کاہ ہووے تقلید اگرچہ کوہ ہے اندھا و فربہ و تیز خشم گوشت کا ٹکڑا ہے وہ چشم نہین رکھتا ہے یعنی اگرچہ کچھ کو خواہشات دنیا ہے تو غافلانہ دنیا مین جاکر شریک ہو کر تو دل پر تقلید کا نقش رکھتا ہے اور طالبان دنیا کا پیرو ہے چنانچہ پیروان کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [3] اگرچہ کرتا ہے الخ ۷ شعر اگرچہ نکات از بسکہ بہیان بیان کرتا ہے ولیکن راز نکتون کا اس سے پوشیدہ ہے اگرچہ وہ گفتگو سے مستی رکھے ولیکن مستی بادۂ عرفان سے دور ہے آگے مثال ہے نہر کے مانند پانی نہین پیتا ہے اور تشنگان آب کو وہ پانی دیتا ہے نہر مین پانی اسلیے نہین ٹھہرتا ہے وہ نہر پانی کی تشنہ نہین ہے یعنی پیران ریاکار نکات عرفان کے بیان کر کے تشنگان معرفت کو نفع پہونچاتے ہین اور خود مثل نہر کے آب معرفت سے بے بہرہ ہین آگے مثال دوسری فرماتے ہین مثل نے کے خود نالہ و زاری کرے لیکن خریدارون کے لیے بیگاری بنے نوحہ مقلد کا قال ہے بجز طمع کے اُس کو فائدہ نہین ہے نوحہ گر باتین سوزی کرتا ہے لیکن سوز سے دل اُس کا چاک نہین ہے یعنی پیران ریاکار مثل نوحہ گرون کے عوارف بیان کر کے اورون کو رُلاتے ہین اور خود دل مین اثر معرفت کا مطلق نہین رکھتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

از مقلد تا محقق فرقہاست	کین چو داؤد است و آن دیگر صداست	پس مقلد سے محقق ہے جدا	لحن داؤدی ہے یہ وہ ہی صدا
منبع گفتار این سوزے بود	وان مقلد کہنہ آموزے بود	چشمۂ گفتار اسکا سوز ہے	اور مقلد پچھلی باتون کو کہے
ہین مشو غرہ بدان گفت حزین	بار بر گاؤ است بر گردون حنین	مت کرے غرہ تو غم کی بات پے	بیل بوجھا کھینچے گاڑی چنچے ہے
ہم مقلد نیست محروم از ثواب	نوحہ گر را مزد باشد در حساب	پر مقلد کو بھی ملتا اجر ہے	نوحہ گر کو مزد ہے حسب طور سے
کافر و مومن خدا گویند لیک	درمیان ہر دو فرقے ہست نیک	کافر و مومن خدا کہتے ہین پر	فرق ہے دونون کے اندر بیشتر
آن گدا گوید خدا از بہر نان	متقی گوید خدا از عین جان	وہ گدا کہوے خدا نان کے لیے	متقی کہوے خدا جان کیلیے
اللہ اللہ میزنی از بہر نان	بے طمع بشن آ و اللہ را بخوان	اللہ اللہ کہتا ہے نان کیلیے	بے طمع اللہ کہہ اپنے لیے
گر بدانستی گدا از گفت خویش	پیش چشم او نہ کم ماندی نہ بیش	گفتگو گر جانتا اپنی گدا	بیش و کم اس کو نہ رہتا پھر سدا
سالہا گوید خدا آن نان خواہ	ہمچو خر مصحف کشد از بہر کاہ	وہ گدا برسون تلک کہوے آلہ	مثل خر قرآن لادے بہر کاہ
گر بدل در تافتی گفت لبش	ذرہ ذرہ گشتہ بودی قالبش	دل مین ہوتا قال کا گر کچھ اثر	ریزہ ریزہ ہوتا اسکا جسم و سر
نام دیوے رہ برد در ساحری	تو بنام حق پشیزے می بری	نام اثر دیو ونکا جادو مین کرے	تو خدا کے نام سے کوڑی کہے لے

خاریدن روستائی در تاریکی شیر را بظن آنکہ گاو است — مالش کرنا دہقانی کا اندھیرے مین شیر کو بگمان گاؤ

روستائی گاو در آخر ببست	شیر گاوش خورد و جایش نشست	گاؤ دہقان تھا طویلہ مین بندھا	شیر کھا کر اسکو بیٹھا اسکی جا
روستائی شد در آخر سوے گاؤ	گاؤ را میجست شب آن کنجکاؤ	رات کو دہقان گیا بس اس جگہے	اور ڈھونڈھا گاؤ کو نادان نے

۱ پس مقلد الخ ۱ شعر مقلد محقق سے جدا ہے یہ لحن داؤدی ہے اور وہ صدا ہے اسکا چشمہ گفتگو کا سوز ہے اور مقلد حال گزشتہ کو بیان کرتا ہے یعنی محقق درد و سوز کی باتین بیان کرتا ہے اور مقلد حال گزشتہ کو کہتا ہے لیکن تو غم کی باتون پر غرور نہ کر بیل بوجھا کھینچے اور گاڑی روتی ہے لیکن مقلد کو بھی اجر ملتا ہی جیسے نوحہ گر کو مزدوری ملتی ہے حقائق اُسکے آگے ہین کافر و مومن خدا کہتے ہین لیکن فرق دونون مین بڑا ہے گدا خدا کہتا ہے نان کے لیے اور متقی خدا کہتا ہے جان کے لیے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ اللہ اللہ الخ ۵ شعر گدا اللہ اللہ نان کے واسطے کہتا ہے بغیر طمع کے اللہ کہہ اپنے لیے اگر گفتگو اپنی گدا جانتا ادنے و اعلی کا خیال اُسکو ہمیشہ نہ رہتا وہ گدا برسون تلک اللہ کہوے اور مثل خر کے قرآن لادے گھانس کے لیے یعنی دنیا کے لیے جس نے علم پڑھا ہے گویا قرآن لادا ہے گدھے پر گھانس کے لیے بموجب آیۂ کریمہ کے مثل الذین حملوا التوراۃ ثم لم یحملوھا کمثل الحمار یحمل اسفارا یعنے حال اُن لوگون کا کہ دیے گئے توریت پھر نہین اٹھایا انھون نے توریت کو یعنی عمل اُسپر نہین کرتے ہین مثال خر کے ہین کہ بوجھا اٹھاتے ہین کتابون کا دل مین اثر اُسکا قال کا ہوتا ہر اُسکا جسم ریزہ ریزہ ہوتا جادو مین دیو کا نام اثر کرتا ہے تو خدا کے نام سے کوڑی پیدا لیتا ہے یعنی وہ ریاکار قال معرفت کا بیان کرتا ہے اگر اُسکے دل مین اُس کا قال ہوتا جسم ریزہ ریزہ ہو جاتا دیکھو جادو مین دیوون کا نام اثر کرتا ہے اور وہ گدا خدا کے نام پر بھیک مانگتا ہے اس واسطے نام حق اثر نہین کرتا ہے کیونکہ گمان اُسکا اور ہے اگر گمان اُسکا سیدھا ہوتا ضرور نام حق کا اثر کرتا چنانچہ اس گمان کی مثال مین قصہ دہقان کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۳ گاؤ دہقان الخ ۵ شعر گاؤ دہقان طویلہ مین بندھا تھا شیر نے اسکو کھا کر اسکی جا بیٹھا شب کو دہقان اُس جگہ گیا اور گاؤ کو ڈھونڈھا پس وہ اسد مہ ہاتھ پھیرنے لگا شیر کے پہلو و پشت پر شیر نے دل مین کہا کہ اگر روشنی ہوتی اُسکا زہرہ پھٹتا اور جگر خون ہوتا اس لیے گستاخ مجھ کو ملتا ہے تیرہ شب مین مجھ کو گاؤ سمجھتا ہے آگے حقائق ہین حق اسلیے کہتا ہے کہ اے مغرور اندھے میرے نام سے کوہ طور ٹکڑے ہوا ہے اشارہ آیۂ کریمہ اگر نازل کرتا مین قرآن کو اوپر پہاڑون کے ضرور کہ نہ ٹھہرتا و ٹکڑے ہوتا و خون ہوتا اُسکا دل واضح ہو کہ اثر ہر شے کا گمان پر ہوا کرتا ہے جیسے دہقان کو اثر شیر کا بسبب گمان گاؤ کے نہ ہوا اسی طرح اثر کلام الٰہی کا بسبب بدگمانی کے نہین ہوتا ہے چاہیے کہ اپنا گمان حق کے ساتھ سیدھا کرے کہ اثر مرتب ہو آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

دست میمالید بر اعضاے شیر
پشت و پہلو گاہ بالا گاہ زیر

گفت شیر ار روشنی افزون بدی
زہرہ اش بدریدی و دل خون شدی

اینچنین گستاخ زان میخاردم
کو درین شب گاو می پنداردم

حق ہمی گوید کہ اے مغرور کور
نے ز نامم پارہ پارہ گشت طور

کہ لو انزلنا کتابا للجبل
لانصدع ثم انقطع ثم ارتحل

از من ار کوہ احد واقف بدے
پارہ گشتی و دلش پر خون شدے

از پدر وز مادر این بشنیدۂ
لاجرم غافل درین پیچیدۂ

گر تو بے تقلید ازو واقف شوی
بے نشان بیجاے چون ہاتف شوی

بشنو این قصہ پے تہدید را
تا بدانی آفت تقلید را

بس لگا وہ ہاتھ اُسدم پھیرنے
شیر کے پہلو پہ گاہے پشت پے

شیر بولا روشنی ہوتی اگر
زہرہ اُسکا پھٹتا خون ہوتا جگر

اسلیے گستاخ ملتا مجکو ہے
تیرہ شب میں گاؤ سمجھا ہے مجھے

اسلیے حق کہوے اے مغرور کور
نام سے ٹکڑے ہوا ہی میرے طور

کہ لو انزلنا کتابا للجبل
(اگر میں نازل کرتا قرآن کو اوپر پہاڑ کے)
لانصدع ثم انقطع ثم ارتحل
(ضرور کردیتا ٹکڑے ٹکڑے ہوتا و فنا ہوجاتا ۱۲)

مجھسے واقف ہوتا گر کوہ احد
ٹکڑے اور خون ہوتا دل اُسکا اشد

ماں[1] و باپ اپنے سے یہ تو نے سُنا
اسلیے غافل تو اس سے ہوگیا

گر تو واقف ہوتا بے تقلید کے
مثل ہاتف کے تو ہوتا بے پتے

سن یہ قصہ واسطے تہدید کے
تا کہ نقصان جانے تو تقلید سے

فروختن صوفیان بہیمۂ صوفی مسافر از جہت سفرہ و سماع
بیچنا صوفیون کا خر صوفی کو واسطے کھانے اور گانیکے

صوفیی در خانقہ از رہ رسید
مرکب خود برد و در آخر کشید

آبکش داد و علف از دست خویش
نے چنان صوفی کہ ما گفتیم پیش

احتیاطش کرد از سہو و خباط
چون قضا آید چہ سود است احتیاط

صوفیان درویش بودند و فقیر
کاد فقر ان یکن کفرا کبیر

اے تونگر تو کہ سیری ہین مخند
بر کژی آن فقیر دردمند

از رہ تقصیر آن صوفی رمہ
خر فروشی در گرفتند آن ہمہ

کز ضرورت ہست مردارے مباح
بس فسادے کز ضرورت شد صلاح

ہم در آندم آن خرک بفروختند
لوت آوردند و شمع افروختند

صوفی[2] آیا خانقہ میں دور سے
خر کو اپنے اُسنے باندھا اُس جگہ

گھانس دی پانی پلایا آپ جا
وہ نہ تھا صوفی کہ جو پہلے کہا

سہو سے اُسنے کری جو احتیاط
جب قضا آئے تو کب ہو احتیاط

صوفی تھے درویش از بسکہ فقیر
کاد فقر ان یکن کفرا کبیر

اے تونگر سیر تو ہے مت ہنسے
دردمند فقر کے بس حال پے

اُس گروہ صوفیوں نے اُسکا خر
از رہ تقصیر بیچا بے خطر

گر ضرورت ہی تو مردار ہے مباح
بس فساد آیا ضرورت سے صلاح

بیچا اُس خر کو اُنھوں نے اُس گھڑی
اور پکا کر کھانا بس محفل بھی کی

ف۱ ماں و باپ الخ یہ شعر یہ تو نے اپنے ماں باپ سے سنا ہے اسلیے تو حقیقت سے غافل ہوگیا ہے اگر تو واقف ہوتا بغیر تقلید کے مثل ہاتف کے تو بے پتہ ہوتا تو سن یہ مقدمہ واسطے ہدایت کے ہے تاکہ تو تقلید سے نقصان جانے یعنی تقلید آبا و اجداد کی دوئی میں کرنا وحدت سے باز رہنا چاہیے کہ عارفوں سے حقیقت عالم کی دریافت کرے اور اپنے آبا و اجداد کی خالق و مخلوق کے دور ہونے میں پیروی نہ کرے کہ گمراہی میں پڑے چنانچہ تقلید کا حال آگے قصہ صوفی میں مثالاً فرماتے ہیں فافہم ۱۲ ف۲ صوفی آیا الخ یہ شعر ایک صوفی خانقہ میں دور سے آیا اُس نے اپنے خر کو اُس جگہ باندھا آپ جا کر اُسے گھانس دی پانی پلایا نہ مثل اُس صوفی کے کہ جو پہلے قصہ اسکا کہا اُس نے سہو سے جو احتیاط کی جب قضا آئی احتیاط کیا ہو وہ سب صوفی از بسکہ فقیر اور محتاج تھے ترجمہ حدیث اکثر فقر و فاقہ کھینچتا ہے طرف کفر کے اے تونگر پیٹ بھرے تو مت ہنسے فقیر دردمند کے حال پر پس گروہ صوفیوں نے اُسکا خر از راہ قصور کے بے خوف فروخت کیا آگے حقائق ہیں کہ اگر ضرورت ہو تو مردار مباح ہے اکثر فساد حالت ضرورت میں صلاحیت اختیار کر لیتے ہیں اُنھوں نے اُس گھڑی اُس خر کو بیچا اور کھانا پکا کر محفل کری باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

ولولہ افتاد اندر خانقہ	کامشان لوت و سماعت وولہ	خانقہ مین ذوق و شوق انکو ہوا	آج شب کو کھانا گانا جو ہوا
چند ازین صبر و ازین سہ روزہ چند	چند ازین زنبیل و این ریوزہ چند	کب تلک یہ صبر سہ روزہ رکھین	کب تلک زنبیل و دریوزہ رکھین
باہم از خلقیم و جان داریم ما	دولت امشب میہمان داریم ما	ہم ہین مخلوق اور جان رکھتے ہین ہم	آج دولت میہمان رکھتے ہین ہم
تخم باطل را ازان میکاشتند	کانکہ آن جان نیست جان پنداشتند	تخم باطل اسلیے بوتے تھے وہ	جان نہین جو جان اُسے سمجھے تھے وہ
وان مسافر نیز از راہِ دراز	خستہ بود و دید آن اقبال و ناز	وہ مسافر دور سے آیا تھا جو	تھک گیا تھا دیکھا ناز و حال کو
صوفیانش یک بیک بنواختند	نرد خدمتہاش خوش میباختند	کہ وہ صوفی اُسپہ کرتے تھے کرم	اور خدمت اُسکی کرتے تھے بہم
آن یکے پایش ہمی مالید دست	وان یکے پرسیدش از جاے نشست	ایک اُسکے پاؤن کو تھا دابتا	ایک جا رہنے کی اُس سے پوچھتا
وان یکے افشاند گرد از رخت او	وان یکے بوسید دستش ادرو	ایک اُسکی گرد سامان جھاڑتا	ایک اُسکے ہاتھ منہ کو چومتا
گفت چون دید میلان شان بوے	گر طرب امشب نخواہیم کرد کے	رغبت اُن کی دیکھ کر اُس نے کہا	کیون نہو وُن مین شریک اُس حال کا
لوت خوردند و سماع آغاز کرد	خانقہ تا سقف شد پُر دود و گرد	کھانا کھایا اور شروع گانا کیا	بھر گئی دھول اور دھوئین سے خانقہ
دود مطبخ گرد آن پاکوفتن	ز اشتیاق و جد و جان آشوفتن	کودنے کی دھول کھانے کا دھوان	اشتیاق و جد سے تھا اُس نے مان
گاہ دست افشان قدم میکوفتند	گہ بسجدہ صفہ را می روفتند	ہاتھ پھیلا کر کبھی تھے کودتے	اور کبھی تھے فرش پہ وہ لوٹتے
دیر یابد صوفی آز از روزگار	زان سبب صوفی بود بسیار خوار	آز رو صوفی کی مدت مین ملے	پیٹ بھر کے کھاتے صوفی اسلیے
جز مگر آن صوفیٔ کز نورِ حق	سیر خورد او فارغ ست از ننگ و دق	اس سوا صوفی کے نورِ حق سے جو	سیر ہو وے چھوڑے وہ ناموس کو
از ہزاران اندکے زین صوفیند	باقیان در دولت او میزیند	سیکڑون مین ایسے صوفی کم ہین اب	باقی اُنکے نام سے جیتے ہین سب
چون سماع آمد ز اول تا کران	مطرب آغازید یک ضرب گران	جبکہ گانا پہونچا آخر کو بکرب	مطربون نے کی شروع ایک ضرب
خر برفت و خر برفت آغاز کرد	زین حرارت جملہ را انباز کرد	خر گیا اور خر گیا جاری کیا	سب کو اس گرمی سے بس کیف آگیا
زین حرارت پاے کوبان تا سحر	کف زنان خر رفت و خر رفت اے پسر	رقص اس گرمی سے کرتے تا سحر	خر گیا کہتے تھے وہ سب سر بسر
از رہِ تقلید آن صوفی ہمین	خر برفت آغاز کرد اندر حنین	از رہِ تقلید وہ صوفی بھی	خر گیا کہتا تھا با دردِ خفی

ف۱ خانقہ مین الخ شعر خانقہ مین انکو ذوق و شوق ہوا کہ کب تک یہ صبر تین دن کا ہم رکھین کب تلک ترک زنبیل و گدا گری کرین ہم مخلوق ہین و جان رکھتے ہین و آج دولت کو ہم مہمان رکھتے ہین تخم باطل اسلیے وہ بوتے تھے جان نہین تھی جو اُسے وہ جانتے یعنی معنی نہین رکھتے تھے اس واسطے اس بات کو جائز جانتے تھے جو کہ وہ مسافر دور سے آیا تھا وہ تھک گیا تھا اُس نے دیکھا وہ حال کہ صوفی اُس پر کرم کرتے تھے اور خدمت اُسکی کرتے تھے باہم ایک اُس کے پاؤن کو دابتا تھا ایک جگہ رہنے کی اُس سے پوچھتا تھا ایک اُسکے سامان کی گرد جھاڑتا تھا ایک اُسکے ہاتھ منہ کو چومتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

ف۲ رغبت اُنکی الخ ۵ شعر اُنکی رغبت اُس نے دیکھ کر کہا کہ کیون نہوون مین شریک اُن کے حال کا کھانا کھایا اور شروع گانا کیا خانقہ دھول دھوین سے بھر گیا کودنے کی دھول اور کھانے کا دھوان اشتیاق و حد سے اُسوقت زیادہ تھا ہاتھ پھیلا کر کبھی کودتے تھے اور کبھی فرش پر لوٹتے تھے آز و صوفی کی جو کہ مدت مین ملتی ہے اسلیے صوفی پیٹ بھر کے کھاتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ اس سوا الخ شعر سوا اس صوفی کے جو راز حق سے سیر ہو وے چھوڑ دے ننگ و ناموس کو باقی سب اُن کے نام سے جیتے ہین یعنی صوفی با معنی کم ہین اور یہ صوفی بے معنی اُن کے نام سے دنیا حاصل کرتے ہین جبکہ گانا آخر کو ساتھ بیقراری کے پہونچا مطربون نے ایک و ضرب شروع کی خر گیا اور خر گیا جاری کیا سب کو اس گرمی سے انبساط ہوا صبح تک اس گرمی سے رقص کرتے خر گیا و خر گیا سب کہتے از راہ تقلید کے وہ صوفی بھی یہی خر گیا کہتا تھا با درد باطنی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

چون گزشت آن نوش و جوش و آن سماع
روز گشت و جملہ گفتند الوداع

خانقہ خالی شد و صوفی بماند
گرد از رخت مسافر مے فشاند

رخت از حجرہ برون آوردہ او
تا بخر بندد و آن ہمراہ جو

تا رسد در ہمرہان او می شتافت
رفت در آخر خر خود را نیافت

گفت آن خادم پا بیش زدہ است
زانکہ خر دوش آب کمتر خوردہ است

خادم آمد گفت صوفی خر کجاست
گفت خادم ریش بین جنگی بخاست

گفت خر را من بتو بسپردہ ام
من ترا بر خر موکل کردہ ام

بحث با توجیہ کن حجت میار
انچہ من بسپردہ ام واپس سپار

از تو خواہم انچہ من دادم بتو
باز دہ انچہ کہ بسپردم بتو

گفت پیغمبر کہ دستت انچہ برد
بایدش در عاقبت واپس سپرد

ورنہ از سرکشی راضی باین
تک من در تو خانۂ قاضی دین

گفت من مغلوب بودم صوفیان
حملہ آوردند بودم نیم جان

تو جگر بندی میان گربگان
اندر اندازی و جوئی زان نشان

در میان صد گرسنہ یک گردہ
پیش صد سگ گربۂ پژمردۂ

گفت گیرم کز تو ظلما بستدند
قاصد جان من مسکین شدند

تو نیائی و نگوئی مر مرا
کان خرت را می برند اے بینوا

تا خر از ہر کہ برد من وا خرم
ورنہ تو زیشان کنی ایشان زرم

صد تدارک بد چون حاضر بودند
این زمان ہر یک باقلیمے شدند

من کرا گیرم کرا قاضی برم
این قضا خود از تو آمد بر سرم

۱ جبکہ گزرا جوش و نوش اور وہ سماع
دن ہوا اور سب ہوئے باہم وداع

خانقہ خالی ہوئی صوفی رہا
گرد سامان کی مسافر جھاڑتا

لایا اُس حجرے سے وہ سامان کو
خر پہ تا لادے وہ اور ہمراہ ہو

جلد ہمراہیون کے پہونچے ساتھ وہ
خر طویلہ مین نہ پایا اُس نے جب

بولا خادم لے گیا پانی کو ہو
کہ پیا کل اُس نے کمتر آب کو

خادم آیا بولا صوفی خر ہے کہا
بولا داڑھی دیکھ اور لڑنے لگا

بولا مین نے خر کو سونپا تجھ کو تھا
اور نگہبان اُسکا بس تجھکو کیا

۲ بحث کر توجیہ سے حجت نہ کر
جو دیا تجھکو تھا واپس کر شتر

تجھسے مین لونگا جو سونپا تجھکو ہے
پھیر دے جو کچھ دیا مین نے تجھے

بولے پیغمبر کہ جو تو نے لیا
چاہیئے واپس اُسے کرنا بھلا

سرکشی سے گر نہ راضی اسپہ ہے
مین و تو قاضی کے گھر چل تا سنے

بولا مین مغلوب تھا اور صوفیان
لائے حملہ اور مین تھا نیم جان

بلّیون مین تو کلیجا ڈال کر
ڈھونڈھتا ہی پھر تو اسکو اے بسیر

ایک روٹی آگے سو بھوکون کے ہو
گربہ عاجز آگے سو کتون کے ہو

۳ بولا مانا ظلم کر تجھ سے لیا
قصد میری جان مسکین کا کیا

کیون نہ مجھ سے آ کے یہ تو نے کہا
خر کو لیجاتے ہین وہ اے بینوا

مول لیتا جس نے خر کو لے لیا
ورنہ قیمت سب سے لیتا مین بھلا

کرتا سو تدبیر جو حاضر تھے وہ
ہو سکے کیا اب گئے ہر ملک وہ

کسکو قاضی پاس مین لیجاؤن اب
مجھ پہ آئی یہ بلا تیرے سبب

۱ جبکہ گزرا الخ یعنی شعر جبکہ ختم ہوا جوش و نوش و سماع ہو چکا، روز روشن ہوا اور باہم رخصت ہوئے وہ خانقہ خالی ہوئی اور فقط صوفی رہا گرد سامان کی وہ مسافر جھاڑتا تھا اور لایا حجرے سے اس سامان کو تا خر پر لادے وہمراہ ہو تا کہ ہمراہیون کے ساتھ جلد پہونچے خر طویلہ مین اسنے جو نہ پایا تو مین سوچا کہ خادم پانی پلانے کو لیگیا ہوگا کہ کل اُسنے کم پیا تھا جبکہ خادم آیا صوفی نے کہا کہ خر کہان ہے بتا خادم نے کہا کہ تو داڑھی دیکھ اور لڑنے لگا صوفی نے کہا کہ مین نے تجھکو سونپا تھا اور نگہبان تجھکو کیا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ بحث الخ یعنی شعر تو بحث توجیہ سے کر اور حجت مت کر جو تجھکو دیا تھا واپس کر یعنی اے خادم تو جو گفتگو کرتا ہے دلیل کے ساتھ اور جھگڑا مت کر مین تجھ سے وہ لونگا جو تجھکو دیا ہے تو پھیر دے جو مین نے تجھکو دیا ہے پیغمبر نے فرمایا جو تو نے لیا ہے چاہیے اُسے واپس کرنا یعنی حدیث مین آیا ہے کہ امانت بجنسہ واپس کرنا چاہیے امین کو اگر تو سرکشی کرتا ہے اور اس بات پر راضی نہین ہے مین اور تو قاضی کے یہان چلون خادم نے کہا مین اُس وقت مغلوب تھا اور صوفیون نے مجھ پر حملہ کیا اور مین اپنی جان سے ڈرا آگے مثال فرماتے ہین تو بلیون مین جگر کو رکھکر پھر اُسکو ڈھونڈھتا ہے جیسے ایک روٹی سو بھوکون کے آگے ہو یا گربہ عاجز آگے سو کتون کے ہو یعنی وہ خر ان صوفیون کے روبرو اسکے مثال تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ بولا مانا الخ یعنی شعر صوفی نے کہا یہ مین نے مانا کہ انھون نے ظلم کر کے تجھ سے لیا اور قصد میری جان مسکین کا کیا مگر تو نے کیون نہین مجھ سے آکر کہا کہ خر کو لیے جاتے ہین وہ اے بینوا مین اُس سے خر کو مول لیتا جسنے لیا ہے ورنہ قیمت مین اُن سب سے لیتا مین سو تدبیر کرتا جو حاضر تھے اب کیا ہو سکتا ہے کہ وہ ہر ایک ملک کو گئے کسکو اب قاضی کے پاس مین پہونچاؤن یہ بلا تیرے سبب مجھ پر آئی تو نے مجھ سے یہ جو آکر نہ کہا اسلیے یہ ظلم مجھ پر ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چون نیائی ورنہ گوئی اے غریب — پیش آمد این چنین ظلم مہیب
گفت واللہ آمدم من بارہا — تا ترا واقف کنم زین کارہا
تو ہمی گفتی کہ خر رفت اے پسر — از ہمہ گویندگان با ذوق تر
باز می گشتم کہ او خود واقف است — زین قضا راضی ست مرد عارف است
گفت آنرا جملہ می گفتند خوش — مر مرا ہم ذوق آمد گفتنش
مر مرا تقلیدشان بر باد داد — کہ دو صد لعنت برین تقلید باد
خاصہ تقلید چنین بے حاصلان — کابرو را ریختند از بہر نان
عکس ذوق آن جماعت میزدی — وین دلم زان عکس ذوقے میشدی
عکس چندان باید از یاران خوش — کہ شوی از بحر بے عکس آب کش
عکس کاول زد تو آن تقلید دان — چون پیاپے شد شود تحقیق آن
تا نشد تحقیق از یاران مبر — از صدف مگسل نگشتہ قطرہ دُر
صاف خواہی چشم عقل و سمع را — بر دران تو پردہ ہاے طمع را
زانکہ آن تقلید صوفی از طمع — عقل او بربست از نور و لمع
زانکہ صوفی را طمع بردش ز راہ — ماند در خسران و شد کارش تباہ
طمع لوت و طمع آن ذوق سماع — مانع آمد عقل او را از اطلاع

تونے جو آکر نہ یہ مجھ سے کہا — اس لیے یہ ظلم مجھ پر ہو گیا
بولا[۱] مین واللہ آیا چند بار — تا کرون یہ راز تجھ پر آشکار
خر گیا کہتا تھا تو بھی بار بار — کہنے والون سے تو زیادہ ذوق دار
پھر گیا مین شاید اب واقف ہے تو — ہے قضا سے راضی جو عارف ہے تو
بولا سب کہتے تھے اسکو شوق سے — مین بھی کہتا تھا یہ سنکر ذوق سے
مجھکو بدتر کر دیا تقلید نے — لعنت اللہ ہو اُس تقلید پے
خاص بے معنون کے اس تقلید پے — آبرو کھوتے ہین جو نان کے لیے
عکس[۲] ان کے ذوق کا مجھپر پڑا — اُس سے دل پر ذوق اک پیدا ہوا
عکس یارون کا بس اتنا چاہیے — بحر بے عکسی سے تا پانی ملے
عکس اول کو تو بس تقلید جان — جو پیاپے ہو اُسے تحقیق مان
مت جدا یارون سے تا تحقیق ہو — تا نہ قطرہ دُر ہو مت دے سیپ کو
صاف چاہیے گوش چشم اور عقل ہو — پھاڑ دے تو پردہ ہاے طمع کو
کہ وہ تھی تقلید صوفی طمع سے — بند ہوگئی عقل اُسکی نور لمع سے
طمع نے صوفی کو بس گمرہ کیا — وہ رہا بدبخت و کام ابتر ہوا
طمع[۳] کھانے اور ذوق اُس راگ کا — اطلاع عقل سے مانع ہوا

۱ بولا واللہ الخ یہ شعر خادم نے کہا واللہ مین چند بار آیا تا یہ راز تجھپر ظاہر کرون لیکن تو خر گیا کہتا تھا بار بار اور کہنے والون سے زیادہ ذوق سے کہتا تھا مین واپس پھرا کہ شاید تو واقف ہے اور قضا سے راضی ہے کیونکہ تو عارف ہے صوفی نے کہا کہ سب کہتے تھے شوق سے اسواسطے مین بھی کہتا تھا سنکر ذوق سے مجھکو بدتر کر دیا تقلید نے لعنت اللہ کی ہو اس تقلید پر آگے حقائق فرماتے ہین خاص کر لعنت ہو حیوان بے معنون کی تقلید پر کہ آبرو کھوتے ہین روٹی کے لیے آگے قول صوفی کا ہے فافہم ۲ عکس انکے الخ یہ شعر اُنکے ذوق کا عکس مجھپر پڑا اس سے ایک ذوق دل پر پیدا ہوا آگے حقائق ہین بس عکس یارون کا اسقدر چاہیے کہ دریاے بے عکسی سے پانی ملے یعنی فیضان انکے عکس سے دل مین پیدا ہو یہ رباعی کی شناخت ہے عکس اول کو تو تقلید جان جو کہ پے در پے ہو اسکو تحقیق جان یعنی فیضان صحیح و غلط کی شناخت بتاتے ہین کہ اگر عکس اول سے ایک بات دل مین پیدا ہو ہنگام سماع کے اور پھر نہ آئے وہ فیضان الٰہی نہین ہے وہم اور جوش انسانی ہے اہل سماع کو یہ دھوکا ہوتا ہے اور اگر دم بدم پیدا ہو وہ فیضان ہے کیونکہ فیض حق واسطے تسکین عارف کے ایک دوسرے کی نسبت سے آہستہ آہستہ آتا ہی بس تو یاران طریقت سے تا تحقیق جدا نہو تا قطرہ گوہر نہو تو صدف کو مت چھوڑ یعنے جبتک تجھکو نسبت متعدی نہو خدمت مرشد سے علیحدہ مت ہو تو چاہیے کہ صاف گوش و چشم و عقل ہو تو پھاڑ دے پردہ طمع کو کیونکہ وہ تقلید صوفی کی طمع سے تھی اور بند ہو گئی اسکی عقل کو نور روشن صوفی کو طمع نے گمراہ کیا اور وہ بدبخت رہا اور کام اسکا ابتر ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۳ طمع کھانے الخ یہ شعر کھانے کا ذوق راگ کی طمع مانع ہو گی عقل کو اطلاع ہونے خر سے یعنی وہ صوفی بسبب طمع کھانے راگ کے اپنے خر سے غافل ہوا اگر آئینہ مین طمع ظہور کرے تو نفاق آئینہ سے دور ہو یعنے آئینہ بسبب نفاق جیسی صورت ہوتی ہے وہی بتاتا ہے اگر اسمین طمع ہوتی یہ صفت نفاق کی آئینہ مین نہ رہتی کہ طمع امر واقعہ نہ بتاتا اگر ترازو طمع مال کی رکھتی تو کبھی راستی ہرگز نہ رکھتی آگے حقائق ہین ہر ایک نبی اپنی قوم سے کہتا تھا کہ مین مزدوری رسالت کی تم سے نہین چاہتا ہون کیونکہ مین ہادی ہون اور حق تمہارا مشتری ہے حق تعالیٰ نے مجھکو دونون جہان دیے ہین مزدوری لینا کام ہے دلال کا ہر مزدوری دے تاکہ وہ اچھا کہے یعنی حق نے مجھکو اسواسطے مزدوری مین دونون جہان دیے ہین تاکہ رسالت مین کوشش کرون اب میری مزدوری کیا ہے دیدار یار ہے اگرچہ ابوبکر نے دیے چالیس ہزار مزد نہین ہے کب گوہر کی پوت برابری کر سکتی ہے واضح ہو کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی نے حسب الحکم جناب رسول مقبول کے چالیس ہزار درہم کل سامان گھر کا فروخت کرکے نذر حضور کیے اور حضرت عمر رضی نے نصف مال حضرت نے فرمایا کہ مرتبہ مین اتنا فرق ہے بس یہ مال مزدوری رسالت نہین ہے کیونکہ مزدوری کو نبی کے آگے یہ چالیس ہزار ایسے ہین کہ جیسے گوہر کے آگے پوت ہو غرضکہ نبی اللہ کو مخلوق سے طمع نہ تھی ورنہ وہ رسالت اسواسطے طمع دنیا کے کرتے تھے بحر العلوم اسی طرح بیان

گر طمع در آئینہ برخاستے	در نفاق آن آئینہ چون ماستے	آئینہ مین گر طمع کرتی ظہور	بس نفاق آئینہ سے ہو جاتا دور
گر ترازو را طمع بودی بمال	راست کے گفتی ترازو وصف حال	گر طمع رکھتی ترازو مال کی	راستی ہرگز نہ رکھتی وہ کبھی
ہر نبی میگفت با قوم از صفا	من نخواہم مزد پیغام از شما	ہر نبی کہتا تھا اپنی قوم سے	مزد پیغام اب نہ مجکو چاہیئے
من دلیلم حق شما را مشتری	داد حق دلالیم ہر دو سری	مین ہون ہادی حق تھا مشتری	حق نے دلالی مین دی ہر دوسری
ہست مزد کار مرد لال را	مزد باید داد تا گوید سزا	مزد لینا کام ہے دلال کا	مزد دے تا وہ کہے اچھا بھلا
چیست مزد کار من دیدار یار	گرچہ خود بوبکر بخشد چل ہزار	مزد میری کیا ہے اب دیدار یار	گرچہ خود بوبکر بخشے چل ہزار
چل ہزار او نباشد مزد من	کے بود شبہ دُرِّ عدن	چل ہزار اسکی نہ میری مزد ہے	ہمسری دُر کی ہو کیونکر پوت سے
یک حکایت گویمت بشنو بہوش	تا بدانی کہ طمع شد بند گوش	اک حکایت کہتا ہون اے تم سنو	قید سمجھو گوش کی تا طمع کو
ہر کرا باشد طمع الکن شود	با طمع کے چشم دل روشن شود	جسکو ہووے طمع وہ گونگا ہوا	طمع نے بس دل کو کب روشن کیا
پیش چشم او خیال جاہ و زر	ہمچنان باشد کہ مو اندر بصر	پیش چشم اسکے خیال جاہ و زر	جیسے پیدا بال ہو اندر بصر
جز مگر مستی کہ از حق پر بود	گرچہ بدہی گنجہا او حر بود	پر سوا اُس مست کے کہ حق سے پر	گنج گر دیوے اُسے ہووے وہ حر
ہر کرا از دیدار برخوردار شد	این جہان در چشم او مردار شد	جو کہ برخوردار ہے دیدار سے	اسکی نظرون مین جہان مُردار ہے
لیک آن صوفی ز مستی دور بود	لاجرم از حرص او بے نور بود	لیک وہ صوفی تھا بس مستی سے دور	حرص کی باعث نہین رکھتا تھا نور
صد حکایت بشنود مدہوش حرص	در نیاید نکتہ در گوش حرص	سو حکایت گر سنے مدہوش حرص	ایک نکتہ بھی نہ جانے گوش حرص

قصۂ آن مفلس کہ در زندان بود و زندانیان ازو در فغان

قصہ اس مفلس کا کہ قید خانہ مین تھا اور قیدی اس سے فغان مین

بود شخصے مفلسے بے خانمان	ماند در زندان و بند بے امان	مرد مفلس ایک تھا بے خانمان	قید خانہ مین تھا با قید گران

۱؎ ایک حکایت الخ ۸ شعر ایک حکایت مین کہتا ہون تم سنو تا کان کو طمع سے بند جانو جسکو طمع ہے وہ گونگا ہوا اس طمع نے کیسا دل کو روشن کیا اسکی آنکھ کے آگے خیال مال وجاہ کا ہو جیسے آنکھ مین بال پیدا ہو لیکن سوا اس مست کے کہ جو حق سے پر ہے اگر گنج اسکو دیوے وہ مزد دے یعنی کچھ طمع عارف کو نہ ہووے کیونکہ جو دیدار یار سے سرافراز ہے وہ دنیا کی طمع ہرگز نہین رکھتا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ لیک آن صوفی الخ ۲ شعر لیکن وہ صوفی مستی حق سے دور تھا اور بسبب حرص کے نور باطن نہین رکھتا تھا اگرچہ سو حکایت حرص کی مدہوش سنے ایک نکتہ بھی گوش حرص تک نجائے یعنی وہ صوفی بسبب طمع دنیا کے حرص مین مبتلا تھا اسیطرح جو شخص طمع دنیا سے حرص مین گرفتار ہو اُسے معرفت الٰہی و نور باطن حاصل نہین ہے اور نہ بادہ عرفان سے اُسکو خبر ہے پس حرص و طمع دنیا واسطے عارف کے رہزن ہے چنانچہ اسکا قصہ مولانا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۳؎ قصہ سوم خرابی طمع و حرص دنیا مین ۱۷ ۴؎ مرد مفلس الخ ۱۶ شعر ایک مرد مفلس تھا بے خانمان اور قید خانہ مین مقید تھا با قید گران قیدیون سے کھانا چھین کر کھاتا وہ خلق کے دل پر تھا طمع سے مانند کوہ قاف کے کسکو طاقت تھی کہ سوا اسکے کھانا کھا سکے کیونکہ وہ جلدی لقمہ چھینتا تھا جو کہ عوض سے خدا کے وہ بیہودہ گدا ہے اگرچہ بادشاہ ہو یعنی تو قناعت نہین کرتا ہے اگر بادشاہ ہو گدا ہے اسنے مروت کو پائمال کیا وہ قید خانہ اُس قیدی سے فرخ ہوا آگے حقائق ہین اگر راحت کی امید پر کوئی بھاگے اُس طرف سے آفت زیادہ آئے بغیر درندون کے کوئی جگہ نہین ہے مگر حق کی خلوتگاہ مین آرام جہان کے قید خانہ مین ہر جگہ سوائے مشقت اور محنت کے نہیں ہے اگر تو موش کے سوراخ مین چھپے گربہ بلا کے پنجہ سے کب بچے یعنے دنیا ہے قید خانہ کوئی جگہ اسمین سوائے مشقت و محنت کی نہین ہے اگر آرام ہے تو خلوتگاہ حق مین ہے پس دنیا ترک کرکے خلوتگاہ مین جا اگر تو آرام چاہتا ہے آدمی فربہ خیالون سے ہوتا ہے اگر خیال جمیل کا اسکو ہو اور اگر ناخوشی خیالون سے اسکو ہووے آگ سے شل ہوکے گلنے لگے یعنے انسان کا دبلا و موٹا پن خیالون سے ہے اگر خیال خوش سے موٹا ہوتا ہے و خیال ناخوش سے دبلا اسواسطے دنیا کو خواب و خیال کہتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

لقمهٔ زندانیان خوردی گزاف / بر دل خلق از طمع چون کوه قاف
زهره نے کس را کہ لقمہ نان خورد / زانکہ آن لقمہ ربا چابک برد
هر کہ دور از دعوت رحمان بود / او گدا چشم ست گر سلطان بود
مر مروت را نهاده زیر پا / گشته زندان دوزخی ان نان ربا
گر گریزی بر امید راحتی / زان طرف هم پیشت آید آفتی
هیچ کنجی بی دد و بی دام نیست / جز بخلوت گاه حق آرام نیست
کنج زندان جهان ناگزیر / نیست بی پامزد و بی دق الحصیر
والله ار سوراخ موشی در روی / مبتلای گربه چنگالی شوی
آدمی را فربهی هست از خیال / گر خیالاتش بود صاحب جمال
ور خیالاتش نماید ناخوشی / میگدازد همچو موم از آتشی
مار و کژدم مر ترا مونس بود / کان خیالت کیمیای مس بود
در میان مار و کژدم گر ترا / با خیالات خوشان دارد خدا
صبر شیرین از خیال خوش شدست / کان فرح وان تازگی پیش آمدست
آن فرح آید ز ایمان در ضمیر / ضعف ایمان ناامیدی و زحیر
صبر از ایمان بیابد سر کله / حیث لا صبر فلا ایمان له
گفت پیغمبر خداش ایمان نداد / هر کرا نبود صبوری در نهاد
آن یکے در چشم تو باشد چو مار / هم وی اندر چشم آن دیگر نگار
زانکه در چشمت خیال کفر اوست / وان خیال مومنی در چشم دوست
کاندرین یک شخص هر دو فعل هست / گاه ماهی باشد او گاه شست
نیم او مومن بود نیمیش گبر / نیم او حرص آوری نیمیش صبر
گر ترا حق آفریدہ زشت رو
ور بود کفشت مرو در سنگلاخ
تو حسودی کز فلان من کمترم
خود حسد نقصان و عیب دیگرست
آن بلیس از ننگ و عار کمترے
از حسد میخواست تا بالا بود
آن ابوجہل از محمدؐ ننگ داشت
بوالحکم نامش بُد بوجہل شد
من ندیدم در جہان جستجو
انبیا را واسطہ زان کرد حق
در گزر از فضل و از جستی و فن
زانکہ کس را از خدا عاری نبود
آن کسے کش مثل خود پنداشتی

عاقبت کہ بود سیاہ اختر ازان
تو مشو ہم زشت رو ہم زشت خو
در دو شاخستت مشو تو چار شاخ
می فزاید کمترے در اخترم
بلکہ از جملہ کمیہا بدتر است
خویشتن افگند در صد ابترے
خود چہ بالا بلکہ خون پالا بود
وز حسد خود را ببالا می فرشت
اے بسا اہل از حسد نا اہل شد
ہیچ اہلیت بہ از خوے نکو
تا پدید آید حسدہا در فلق
کار خدمت دارد و خلق حسن
حاسد حق ہیچ دیارے نبود
زان سبب با او حسد بر داشتی

دیکھ بس تو کسکو ہے نقصان ہوا
حق نے گر تجھکو کیا ہی زشت رو
جوتیان گر ہین نہ جا پتھر کی راہ
تو ہے حاسد کہ فلان سے ہو نہین کم
خود حسد نقصان و عیب اک ہے بے
بس کمی کے ننگ سے شیطان نے
خود حسد سے چاہتا تھا برتری
بوجہل رکھتا محمدؐ سے تھا ننگ
بوالحکم ہو کر کے بوجہل اک بنے
نے جہان مین دیکھی وقت جستجو
انبیا کو واسطہ حق نے کیا
چھوڑ دے فضل و ہنر گر عقل ہے
ننگ حق سے نے کسیکو اسلیے
جسنے جانا انکو مانند آپ کے

کون آخر اس سے بد قسمت رہا
تو نہ ہم زشت رو ہم زشت خو
سینگ دو ہین یہ جا سینگ اب تو نہ جا
ہے بڑھاتی یہ کمی قسمت کی غم
بلکہ بدتر سب کمی سے جان لے
خود کو سو آفت مین ڈالا آپ سے
برتری کیا بلکہ خود آفت گری
اور حسد سے برتری پر تھا وہ تنگ
بس حسد سے اہل نا اہل اب ہوے
کوئی اہلیت بجز خلق نکو
اسلیے تا کہ حسد ہو برملا
کام خدمت سے ہے اور اخلاق سے
کہ حسد حق سے نہین کوئی رکھے
وہ حسد رکھتا تھا اُنسے اس لئے

۱؎ حق نے الخ یہ شعر اگر حق نے زشت رو پیدا کیا ہے تو زشت رو و زشت خو نہو یعنی تو زشت روئی کیساتھ زشت خوئی نکر بلکہ نیکخو ہو کہ وہ زشت روئی تیری اس خوبی مین چھپ جاوے اگر جوتیاں ہین تو پتھروں کی راہ مین نہ جا اگر دو سینگ ہین تو چار سینگ نہ چاہ تو حاسد ہے کہ مین فلان سے کم ہوں یہ غم قسمت کی بڑھاتی ہے غم کو خود حسد اک نقصان و عیب ہے بلکہ سب سے بدتر ہے یعنی حسد کل اخلاق ذمیمہ کی جڑ ہے کہ سب بد اخلاق اس سے پیدا ہوتے ہین کیونکہ بسبب کمی کے مرتبہ جب حسد پیدا ہوا ضرور کینہ اس سے رکھیگا وہ پھر غرور کریگا ریاکاری کے ساتھ پیش آئیگا و بغض رکھیگا و پھر از راہ برائی کے غیبت اسکی کریگا پس ساتوں اخلاق ذمیمہ ایک حسد سے پیدا ہوتے ہین عارف کو چاہیے کہ اس ام الخبائث سے خود کو بچائے چنانچہ اس حسد کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ بس کمی الخ یہ شعر بس کمی کی شرم سے شیطان نے خود کو سو آفت مین ڈالا کہ حسد سے خود چاہتا تھا برتری کیا بلکہ خود آفت گری آگے اسکی مثال ہے جیسے بوجہل محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے ننگ رکھتا تھا بوالحکم ہو کر بوجہل ہوا بہت حسد سے اہل نا اہل ہوے مین نے جہاں مین نہ دیکھی وقت تلاش کے کوئی اہلیت بجز خلق نیک کے حق نے انبیا کو واسطہ کیا اسواسطے تا کہ حسد ظاہر ہو اگر عقل ہے فضل و ہنر کو چھوڑ دے کیونکہ کام خدمت اخلاق سے ہے اسلیے حق سے کسیکو ننگ نہین ہے کہ حق سے حسد کوئی نہین رکھتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۳؎ جسنے جانا الخ یہ شعر جسنے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کو اپنے مانند جانا اسواسطے کہ وہ اُنسے حسد رکھتا تھا جبکہ یہ زندگی نبی کی ثابت ہوگئی تو پھر کسیکو حسد کب آئے اسیطرح ایک ولی کی ہر وقت قائم رہتا ہے کہ تا قیامت امتحان حسد کا سدا رہے جسکی نیکخو ہے وہ مغفور ہے اور جو کوئی سست دل ہے وہ مقہور ہے اس ولی کے ساتھ وہ ولی ایک امام حی ہے قائم ہے آل عمرؓ سے ہو یا اولاد علیؓ ہوے طالب وہی مہدی ہادی ہے وہی باطن مین ہے وہی ظاہر مین ہے واضح ہو کہ حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے اہل امت کو تین درجہ فرمایا ہے کہ ہین اصحاب و تابعین و تبع تابعین علماے ظاہر کہتے ہین کہ وہ تینوں درجہ کے لوگ گذر گئے اور صوفیہ کرام کہتے ہین کہ وہ تینوں درجہ کے لوگ تا قیامت رہین گے کیونکہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا ہے کہ جس نے مجھکو خواب مین دیکھا وہ برابر اسکے ہے جس نے مجھکو حیات مین دیکھا جو کہ اولیاء کرام حضور کو بچشم باطن دیا خواب مین دیکھتے ہین وہ اصحاب مین داخل ہین مانند اویس قرنی رضی اللہ عنہ کے چونکہ ولی اس ہر وقت مین قیامت تک موجود ہین ان کو ہر ایک شخص امت کا دیکھتا ہے وہ تابعین ہوا اور جس نے اُس کو دیکھا وہ تبع تابعین اس صورت مین کل امت کے لوگ تا قیامت اصحاب و تابعین ہوے اور جو کوئی اولیاء سے کہ ہر وقت مین بجاے جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے یہان موجود ہے منکر ہوا وہ مثل منافقان عرب کے مقہور ہوا چنانچہ مولانا غوث و قطب و ابدال وغیرہ اولیا کے مدارج کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ -

چون مقرر شد بزرگی رسولؐ پس حسد ناید کسے را از قبول
پس بہر دورے ولی قائم است تا قیامت آزمایش دائم است
ہر کرا خوے نکو باشد برست ہر کسے کو شیشہ دل باشد شکست
پس امام حی قائم آن ولی است خواہ از نسل عمرؓ خواہ از علیؓ است
مہدی و ہادی وے است اے راہ جو ہم نہان و ہم نشستہ پیش رو
او چو نور است و خرد جبریل او آن ولی کم از و قندیل او
و انکہ زین قندیل کم مشکوٰۃ ماست نور را در مرتبہ ترتیبہاست
زانکہ ہفصد پردہ دارد نور حق پردہ ہائے نور دان چندین طبق
از پس ہر پردہ قومے را مقام صف صف اند این پردہ ہاشان تا امام
اہل صف آخرین از ضعف خویش چشم شان طاقت ندارد نور بیش
وان صف پیش از ضعیفی بصر تاب نارد روشنائی بیشتر
روشنی او حیات اول است رنج جان و فتنۂ این احول است
احولیہا اندک اندک کم شود چون ز ہفصد بگذرد او یم شود
آتشے کا صلاح آہن یا زر است کے صلاح آبی و سیب تر است
سیب و آبی خامی دارد خفیف نے چو آہن تابش خواہد لطیف
لیک آہن را لطیف آن شعلہاست کو جذوب تابش آن اژدہا است

جب بزرگی نبیؐ ثابت ہوئی پس حسد کب ہو کسی کو اے اخی
اک ولی ہر وقت مین قائم رہے تا قیامت امتحان دائم رہے
جسکی خوے نیک ہے مغفور ہے جو کوئی ہی سست دل مقہور ہے
پس امام حی ہے وہ قائم ولی آل عمرؓ کی ہو کہ اولاد علیؓ
مہدی و ہادی وہی ہے طالبا وہی باطن مین وہی ہے ظاہرا
وہ ہی نور اور عقل جبریل اُسکی ہے جو ولی کم اس سے قندیل اسکی ہے
جو کہ کم قندیل سے مشکوٰۃ ہے مرتبہ مین نور ہے ترتیب سے
سات سو پردے رکھے جو نور حق جانو پردے نور کے اتنے طبق
ہر پس پردہ گروہ کا ہے مقام صف بصف پردے ہین انکے تا امام
اہل صف آخر کے اپنے ضعف سے چشم نور افزون کی کب طاقت رکھے
اور اگلی صف بصر کے ضعف سے تاب کب اس روشنائی کی سکھے
روشنی کہ وہ حیات اول کی ہے رنج جان اور فتنہ اس احول کی ہے
تھوڑی تھوڑی احولی کم ہو تمام سات سو سے جو کہ گزرے ہو امام
آگ جو اصلاح زر آہن رکھے کب صلاح و سیب آبی کی کرے
سیب و آبی خامی رکھتا ہے خفیف نے جو آہن اسکو ہو تابش لطیف
پر لطیف آہن کا وہ شعلہ ہوا ہے کشش تابش کی اسکو اژدہا

۱ وہ ہیرالخ شعر وہ امام اولیا و نور ہے اور عقل اس کی جبریل ہے اور جو ولی اس سے کم ہے وہ مشکوٰۃ یعنے طاق ہے پس نور مراتب مین ترتیب وار ہے واضح ہو کہ حق تعالےٰ نے فرمایا ہے اللہ نور السموات والارض مثل نورہ کمشکوٰۃ فیہا مصباح المصباح فی زجاجۃ یعنے اللہ نور ہے زمین و آسمان کا مثال اس نور کی کہ طاق مین چراغ ہو قندیل کے اندر پس وہ نور حقیقت محمدی ہے کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے غوث وقت مین آیا ہے کہ عقل اُسکی عقل کل ہے خبر رسانی مین مثل جبرئیلؑ کے اور بعد انکے اوتاد مین مثل طاق کے کہ وہ نور قندیل اُنکے اندر تابان ہے علی ہذا القیاس اسی طرح درجہ بدرجہ کل اولیا مین وہ نور چمکتا ہے پس سات سو پردے رکھتا ہے نور حق وان پردون کو جانو اتنے طبق کہ اوپر تلے ہین اور بعد پردہ کے ایک گروہ اولیا کا مقام ہے پس امام تک صف بصف انکے پردے ہین اہل صف آخر کے اپنی صف سے چشم نور افزون کی کب طاقت رکھتے ہین اور اُن کی صف کے لوگ ضعف بصر سے تاب کب اس روشنائی کے رکھے روشنی کہ وہ حیات اول لوگون کی ہے رنج و فتنہ جان اس احولی کی ہے جبکہ تھوڑی تھوڑی احولی کم ہو بالکل سات سو پردون سے جو کہ گزرے امام ہو یعنی اس نور حق تک کہ غوث وقت ہے سات سو پردے ہین اور ہر پس پردہ اولیا کے مقام ہین صف بصف پس آخری کی صف الاولی سے اگلی صف والیکی روشنی کا متحمل نہین ہو سکتا ہے اور جو روشنی کہ اس اگلی کی حیات ہے وہ رنج و فتنہ جان اس آخر والی کی ہے کیونکہ یہ احول ہے باعتبار اگلے کے کہ عوارف توحید کمال کے اسپر منکشف نہین ہوے ہین وہ ہر دمی کے درجہ مین ہان جبکہ احولی دوئی کی تھوڑی تھوڑی کم ہو گی تو عروج کر کے سات سو پردے طے کریگا تب دوئی سے بالکل نکل کر درجۂ امامت کو پہونچیگا بحر العلوم چنانچہ مثال اُسکی آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲ آگ یہ الخ یہ شعر جو آگ کہ زر و آہن کی اصلاح کرتی ہے وہ کب اصلاح سیب و آبی کی کریگی سیب و آبی خامی خفیف رکھتا ہے مثل آہن کے اسکو تابش تیز ہو ولیکن آہن کو وہ شعلہ تیز ہوا اور کشش تابش کی اُسکو اژدہا ہے یعنی آہن شعلہ تیز سے گرم ہوتا ہے اور سیب و آبی حرارت خفیف سے پختہ ہوتی ہے اسیطرح جو اولیا کہ استعداد قوی رکھتے ہین متحمل تیزی تجلی قوی کے ہوتے ہین اور جو کہ استعداد ضعف رکھتا ہے متحمل تیزی قوی کا نہین ہوتا ہے بحر العلوم پس وہ آہن فقیر جفاکش ہے کہ نیچے ہتھوڑے و آتش کے سرخ و خوش ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

ہست آن آہن فقیر سخت کش	زیر پتک و آتش است و سرخ و خوش	ہے وہ آہن بس فقیر سخت کش	نیچے گھن اور آگ کے ہے سرخ و خوش
حاجب آتش بود بے واسطہ	در دل آتش رود بے رابطہ	پردہ ہووے آگ کا بے واسطہ	جاوے دل مین آگ کے بے رابطہ
بے حجاب آب و فرزندان آب	پختگی ز آتش نیابند و خطاب	آب در فرزند آبی بے حجاب	کب پکین وہ آگ سے اور لین خطاب
واسطہ دیگے بود یا تابۂ	ہمچو پا را در روش پاتابۂ	دیگ کا ہو یا توے کا واسطہ	جیسے پاتا بہ سے پا کو رابطہ
یا مکانے در میان تا آن ہوا	میشود سوزان و آرد نما	یا مکان کے درمیان ہو تا ہوا	ہووے گرم اور دے اُسے نشو و نما
پس فقیر آنست کو بے واسطہ است	شعلہا را با وجودش رابطہ است	ہے فقیر اب وہ کہ ہے بے واسطہ	تن سے شعلہ کو ہے اُسکے رابطہ
پس فقیر آنست کو خود را دہد	آب حیوانے کہ ماند تا ابد	ہے فقیر اب وہ کہ دیوے آپ کو	آب حیوان کہ سدا قائم ہو وہ
پس دل عالم وسیست آنکہ تن	میرسد از واسطہ این دل بفن	ہے وہ دل عالم کا جیسے یہ وجود	واسطہ سے دل کے رکھتا ہے نمود
دل نباشد تن چہ داند گفتگو	دل نجوید تن چہ داند جستجو	دل نہووے جانے تن کیا گفتگو	دل نہ ڈھونڈھے جانے تن کیا جستجو
پس نظرگاه شعاع آن آہن است	پس نظرگاه خدا دل نے تن است	پس نظرگاہ شعاع آہن ہوا	ہے نظرگہ حق کا دل نے تن ہوا
باز این دلہا جزوی چون تن است	با دل صاحبدلے کو معدن است	پھر یہ جزوی دل مین مثل اک جسم سے	اہل دل کے آگے اور معدن وہ ہے
بس مثال و شرح خواہد این کلام	لیک ترسم تا نلغزد فہم عام	پس مثال و شرح چاہے یہ کلام	پر مین ڈرتا ہون نہ پھسلے فہم عام
تا نگردد نیکوئی ما بدے	اینکہ گفتم ہم نبد جز بیخودی	میری نیکی تا نہو جاوے بدی	یہ کہا جو کچھ براہ بے خودی
پائے کژ را کفش کژ بہتر بود	مر گدا را دستگہ بر در بود	پائے کج کو کفش کج مرغوب ہے	دربدر پھرنا گدا کا خوب ہے

امتحان کردن پادشاہ آن دو غلام را کہ نو خریده بود

امتحان کرنا بادشاہ کا ان دو غلام نو خرید کا

ف پردہ الخ، شعر آگ کا پردہ بے واسطہ ہووے دل مین آگ کے وہ بے رابطہ جاوے اور آب و فرزند آب کے بے پردہ کب پکین آگ سے خطاب لیوین دیگ کا یا توے کا واسطہ ہو جیسے پاکو پاتا بہ کفش سے رابطہ ہو یا مکان کے درمیان ہو کہ ہوا گرم ہو کر اُس کو نشو و نما دیوے یعنے آہن بے واسطہ آتش سے گرم ہوتا ہے اور آب سے جو شئے پیدا ہین مثل ثمر و بقولات کے دیواسطہ دیگ و توے کے پختہ ہوتے ہین یا مکان مین ہوا گرم ہو کر اُس سے نشو و نما ہوتی ہے اسی طرح فقیر فیض الٰہی کو بے واسطہ قبول کرتا ہے اور اولیا دوسرے واسطے کے ساتھ فیض الٰہی پاتے ہین پس فقیر اب وہ ہے کہ آب کو حیوان دیوے اور ربے واسطہ ہے اور شعلہ کو اُس کے بدن سے رابطہ ہے کہ سدا قائم رہے آگے حقائق فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف ہے وہ دل الخ، شعر وہ فقیر دل ہے عالم کا جیسے یہ وجود دل کے واسطے سے قیام رکھتا ہے دل نہ ہووے تن کیا جستجو جانے بدن کیا گفتگو جانے پس آہن نظرگاہ شعاع کا ہو یہ دل نظرگاہ خدا کا ہوا نہ بدن ہوا پھر یہ دل جزوے مثل ایک جسم کے ہین اہل دل کے آگے اور وہ معدن ہے یعنی دل غافلون کے مثل ایک جسم کے ہین اور اہل دل مثل دل کے ہین جیسے جسم دل کے اختیار مین ہے ایسے دل غافلون کے اہل دل کے اختیار مین ہین کہ جو چاہتے ہین وہ صرف کرتے ہین بہت یہ کلام مثال و شرح چاہتا ہے مین ڈرتا ہون کہ فہم عام کا پھسل نہ جائے کہ میری نیکی بدی ہو جائے اور یہ جو کچھ کہا ہے از راہ بے خودی کے کہا ہے کیونکہ پائے کج کو کفش کج مرغوب ہے اور گدا کا دربدر پھرنا محبوب ہے یعنی جو لوگ طبع کج رکھتے ہین وہ تیرے کلام کو کجی کی طرف لے جائینگے اور جو راستی رکھتے ہین وہ راستی کی طرف لے جائینگے جیسے وہ دونون غلام بادشاہ کے چنانچہ اُن کا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

بادشاہے دو غلام ارزان خرید | با یکے زان دو سخن گفت و شنید
یافتش زیرک دل و شیرین جواب | از لب شکر چہ زاید شکر آب
آدمی مخفی است در زیر زبان | این زبان پردہ است بر درگاہ جان
چونکہ بادے پردہ را درہم کشید | سر صحن خانہ بر ما شد پدید
کاندران خانہ گہر یا گندم است | گنج زر یا جملہ مار و کژدم است
یا دران گنج است مالے بیکران | زانکہ نبود گنج زر بے پاسبان
بے تامل او سخن گفتے چنان | کز پس پانصد تامل دیگران
گفتی اندر باطنش دریاستے | جملہ دریا گوہر گویاستے
نور ہر گوہر کزو تابان شدے | حق و باطل را ازو فرقان شدے
نور فرقان فرق کردی بہر ما | ذرہ ذرہ حق و باطل را جدا
نور گوہر نور چشم ما شدے | ہم سوال و ہم جواب از ما بدے
چشم کژ کردی دو دیدی قرص ماہ | چون سوالست این نظر در اشتباہ
راست گردان چشم را در ماہتاب | تا یکے بینی تو مہ را انک جواب
فکرتت را کژ مبین نیکو نگر | ہست ہم نور و شعاع آن گہر

ایک[۱] شہ نے دو غلام ارزان لیے | ایک سے پھر یہ سخن سُننے لگے
پایا اُسکو زیرک و شیرین جواب | کیا لبِ شیرین سے ٹپکے شکر آب
آدمی پوشیدہ ہے زیر زبان | یہ زبان پردہ ہے بادرگاہ جان
بس ہوا سے پردہ یہ جب کہ اُٹھا | راز صحن خانہ ہم پر کھل گیا
گھر مین گوہر یا کہ گندم ہین بھرے | یا خزانہ یا کہ بچھو سانپ ہی
یا خزانہ پر وہان اک سانپ ہے | کہ خزانہ بے نگہبان نے رہے
بے تامل بات وہ ایسی کرے | کہ تامل سے نہ کوئی کر سکے
تو کہے[۲] باطن مین دریا اُسکے ہے | سارا دریا گویا اک گوہر ہی ہے
اس سے تابان ہوتا ہر گوہر کا نور | فرق حق باطل مین کرتا بس ظہور
نور فرقان فرق کرتا ظاہرا | ذرہ ذرہ حق و باطل کو جدا
نور دیدہ نور دل ہوتا مرا | ہم سوال و ہم جواب آتا مرا
آنکھ ٹیڑھی کی دو دیکھے قرص ماہ | کیون نظر کو ہے سوال اشتباہ
آنکھ سیدھی کر تو سوے ماہتاب | تا تو دیکھے ایک مہ یہ ہی جواب
فکر[۳] کو ٹیڑھا نہ دیکھ اور سیدھا دیکھ | ہے شعاع و نور اس گوہر کا دیکھ

سلہ ایک شہ نے الخ؛ شعر ایک بادشاہ نے دو غلام ارزان خرید کیے پھر ایک سے شاہ نے یہ سخن کہا اُسکو زیرک و شیرین جواب پایا لب شیرین سے کیا ٹپکے شکر آب آگے حقائق فرماتے ہین کہ آدمی پوشیدہ ہے نیچے زبان کے اور یہ زبان پردہ ہے درگاہ جان پہ جب کہ ہوا سے یہ پردہ اُٹھا ہم پر راز صحن خانہ کا کھل گیا کہ گھر مین گوہر دیا گندم بھرے ہین یا خزانہ یا سانپ بچھو یا وہان ایک خزانہ سانپ کا ہے کہ خزانہ بغیر پاسبان نہین رہتا ہے بے تامل وہ ایسے بات کہے کہ کوئی تامل سے نہ کر سکے یعنے وہ زبان اولیا کی ہے فافہم ۱۲ سلہ تو کہے الخ؛ شعر تو کہے کہ اسکے باطن مین ایک دریا ہے تمام دریا ایک گوہر سے جاری ہے اُس سے ہر گوہر کا نور تابان ہو وہ حق باطل مین فرق کرتا جیسے نور فرقان کا ظاہرا فرق کرتا اور وہ ذرہ ذرہ حق و باطل کو جدا کرتا میرا نور دل نور دیدہ ہوتا ہم سوال و ہم جواب میرا آتا یعنے مثل اولیا کے میرا نور دل نور دیدہ ہوتا مین ہی سوال کرتا اور مین ہی جواب سنتا آگے مثال ہے آنکھ ٹیڑھی دو قرص ماہ دیکھے کیونکہ نظر و سوال اشتباہ کا ہے اگر تو سیدھی آنکھ کرے طرف ماہتاب کے تا ایک ماہ تجھے دکھائی دے یہ جواب ہے یعنے ٹیڑھی آنکھ کرنے سے دو ماہ دیکھے نظر نے اشتباہ سے سوال کیا سیدھی آنکھ سے ایک ماہ نظر آیا تو یہ جواب ملا اسی طرح سے چشم دل کے روشن ہونے سے دوئی جاتی ہے و توحید کھلتی ہے گویا اپنا ہی سوال و اپنا ہی جواب ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ فکر کو الخ؛ شعر اپنی فکر کو ٹیڑھا مت دیکھ بلکہ سیدھا دیکھ کہ شعاع و نور اس گوہر کا ہے یعنے اسیطرح تو فکر کو مثل آنکھ کے ٹیڑھا مت دیکھ کہ نور شعاع گوہر دل کا تجھے معلوم ہو کیونکہ ہر جواب دل کان سے اور چشم سے کہ اُسے بچھوڑ دے مجھ سے سن یعنی کان کے سننے سے علم الیقین ہوتا ہے اور آنکھ کے دیکھنے سے عین الیقین کان دلال ہے اور چشم اہل وصال ہے چشم صاحب حال ہے اور کان وصال کان کے سننے سے صفات بدلتی ہے و مشاہدہ توحید ذات سے ذات بدلتی ہے یعنی توحید کے سننے سے صفات بشری بدلتی ہے و مشاہدہ توحید سے ذات بشری بدلتی ہے ذات حق کا عین الیقین ہوتا ہے قال سے ولیکن تو یکنگی حاصل کر اور یقین پرست رہ جب تک تو نہ چلے عین الیقین نہ ہو اگر تو یقین چاہتا ہے آتش نشین ہو کان کامل ہووے تو چشم بنے ورنہ کان قال سے پر رہے یعنے توحید کامل سننے سے مشاہدہ حاصل ہوتا ہے کہ قال دلال وصال یار ہے غرضکہ توحید قالی پر تو قانع مت رہ مقام دید کو حاصل کر کہ راہ وصال یار کی تجھ کو ملے اور منزل مقصود کو تو پہونچے تو اب لوٹ یہ بات بے انتہا ہے بادشاہ نے ان غلامون سے کیا کہا چنانچہ آگے حال ان غلامون کا ہے فافہم ۱۲—

ہر جوابے کان زگوش آید بدل
چشم گفت از من شنو آنرا بہل

گوش دلال است و چشم اہل وصال
چشم صاحب حال و گوش اصحاب قال

در شنود گوش تبدیل صفات
در عیان دیدہا تبدیل ذات

ز آتش از علمت یقین شد از سخن
پختگی جو در یقین منزل مکن

تا نہ سوزی نیست آن عین الیقین
این یقین خواہی در آتش در نشین

گوش چون نافذ بود دیدہ شود
ورنہ قل در گوش پیچیدہ شود

این سخن پایان ندارد باز گرد
تا کہ شہ با آن غلامانش چہ کرد

ہر جواب آتا ہے دل مین کان سے
چشم کہوے مجھ سے سن تو چھوڑ دے

کان ہے دلال و چشم اہل وصال
چشم صاحب حال کان اصحاب قال

کان کے سننے سے بدلے ہے صفات
آنکھ کے دیکھے سے بس بدلے ہے ذات

اسکی ذات علم الیقین ہو قال سے
پختگی کا او یقین پر مت رہے

نے جلے جبتک نہو عین الیقین
یہ یقین چاہے تو ہو آتش نشین

کان کامل ہووے تو دیدہ بنے
ورنہ کان اس قال سے لپٹ رہے

لوٹ تو یہ بات ہے بے انتہا
بادشہ نے کیا غلامون سے کہا

براہ کردن بادشاہ یکے از ان دو غلام را و از دیگرے احوال آن پرسیدن و باز گفتن او انچہ در دیست

ہٹا دینا بادشاہ کا ایک کو ان دونون غلامون سے اور دوسرے سے پوچھنا احوال اسکا اور پھر کہنا اسکا جو کہ اسمین ہے

این غلامک را چو دید اہل ذکا
آن دگر را کرد اشارت کہ بیا

کاف رحمت گفتمش تصغیر نیست
جد گوید طفلکم تحقیر نیست

چون بیامد آن دوم در پیش شاہ
بود آن گندہ دہان دندان سیاہ

گرچہ شہ ناخوش شد از گفتار او
جستجوے کرد ہم از کار او

گفت با این شکل باگند دہان
دور بنشین مرکب این سو تر مران

تا علاج این دہان تو کنیم
تو مریض و ما طبیب پرفنیم

کہ تو نا اہل نامہ و رقعہ بدے
نے جلیس و یار ہم بقعہ بدے

بہر کیک تو گلیمے سوختن
نیست لائق از تو دیدہ دوختن

باہمہ بنشین دو سہ دستان بگو
تا ببینم صورت عقلت نکو

آن ذکی را پس فرستاد او بکار
سوے حمامے کہ رو خود را بخار

یہ غلامک دیکھا جو اہل ذکا[1]
دوسرے کو پھر بلایا کہ تو آ

کاف رحمت کا کہا تصغیر نے
جد کہے طفلک مرا تحقیر سے

دوسرا آیا جو آگے شاہ کے
دانت کالے اور دہن گندے لیے

گرچہ بات اسکی سے شہ ناخوش ہوا
جستجو خصلت کی پر کرنے لگا

بولا تو گندہ دہن گرچہ ہوا
دور بیٹھ اور آگے اس سے تو نہ جا

تا علاج اس تیرے منہ کا مین کرون
تو مریض اور مین طبیب ذوفنون

کہ تو لائق نامہ و پیغام سے
نے جلیس اور یار صحبت کے لیے

بس جلانے کملی پسو کے لیے
آنکھ تجھ سے پھیرنا کب چاہیے

باوجود اس سب کے بیٹھ اور بات کر
تا کہ دیکھون مین تری عقل و ہنر

اس ذکی کو بھیجا اُسنے کام کو
جانب حمام کہ جا صاف ہو

[1] یہ غلامک الخ شعر اس غلامک کو جو دیکھا ذکی دوسرے کو بلایا کہ تو آ کاف رحمت کا کہا تصغیر نہین ہے اگر جد میرا کہے طفلک تحقیر نہین ہے یعنی بادشاہ نے دوسرے غلام کو بلایا بلفظ غلامک تو مولانا فرماتے ہین کہ یہ کاف رحمت کا ہے یعنی از راہ محبت کے کہا جیسے دادا پوتے کو طفلک کہے اور یہ کاف نہ تصغیر کا ہے نہ تحقیر کا ہے کیونکہ علم صرف مین یہ کاف تصغیر و تحقیر کا آتا ہے ثابت ہوا کہ اگر بزرگ اپنے خرد کو کسی نام کے ساتھ پکارے رحمت و محبت جانے نہ حقارت سمجھے فہم من فہم ۱۲ [2] دوسرا آیا الخ شعر دوسرا غلام جو آگے شاہ کے آیا دانت سیاہ و گندہ دہان رکھتا تھا اگرچہ اسکی باتون سے بادشاہ ناخوش ہوا لیکن اسکی خصلت کی جستجو کرنے لگا کہا اگرچہ تو گندہ دہن ہوا ہے دور بیٹھ اور آگے مت آنا کہ علاج مین تیرے دہن کا کرون تو مریض اور مین طبیب حاذق ہون کیونکہ تو لائق نامہ و پیام ہے نہ لائق ہمنشینی و صحبت بازی کے ہے آگے مثل ہے کملی جلانا پسو کے لیے اور تجھ سے آنکھ پھیرنا کب چاہیے باوجود اس سب حال کے تو بیٹھ اور بات کر تا کہ مین دیکھون تیرے عقل و ہنر کو پس اس ذکی کو بھیجا اس نے کام کے لیے طرف حمام کے تا صاف ہووے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

دین دگر را گفت تو چه زیرکے — صد غلامے در حقیقت نے یکے
باز قابل تر بدی از یار خود — نزد ما آ که تو به زان یار بد
آن نه که خواجه تاش تو نمود — از تو ما را سرد می کرد آن حسود
گفت او دزد و کژ است و کژ نشین — هیز و نامرد و چنان ست و چنین
گفت پیوسته بدست او راست گو — راست تر من کس ندیدستم ازو
راستی و نیک و خوبی و حیا — علم و دینداری و احسان و سخا
راست گوئی در نهادش خلقت است — هر چه گوید من نگویم تهمت است
کژ نگویم آن نکو اندیش را — متهم دارم وجود خویش را
باشد او در من به بیند عیبها — من نه بینم در وجود خود شها
هر کسے گر عیب خود دیدے زپیش — کے بدی فارغ وے از اصلاح خویش
غافل اند این خلق از خود بے خبر — لاجرم گویند عیب همدگر
من نه بینم روے خود را اے شمن — من به بینم روے تو تو روے من
آن کسیکه او به بیند روے خویش — نور او از نور خلقان ست بیش
نور حسی نبود آن نورے که او — نور خود محسوس بیند پیش رو
گر بمیرد نور او باقی بود — زانکه دیدش دید خلاقی بود
گفت تو هم عیبهای او بگو — آن چنانکه گفت از عیب تو او
تا بدانم که تو غمخوار منے — کدخداے ملکت و کار منی
گفت اے شه من نگویم عیبهاش — گرچه هست او مر مرا خوش خواجه تاش

دوسرے[1] سے بولا تو ہے عقل جو — سو غلاموں کے برابر ہے تو
پھر تو قابل تر ہے اپنے یار سے — میرے پاس آ اب تو بہتر اس سے ہے
تو ہے کب ایسا کہ جو اس نے کہا — مجکو وہ تجھ سے جو کرتا بس خفا
وہ کہے تجکو کہ کجرو چور ہے — ہیز ہے نامرد ہے کمزور ہے
بولا وہ سچ کہنے والا ہے مدام — اس سے صادق تر نہیں پایا تمام
راستی[2] اور نیک خصلت اور حیا — علم اور دینداری احسان و سخا
ذاتی سچ کہنا وجود اسکے میں ہے — ہے وہ تہمت جو کوئی اُسکو کہے
کب کہوں ٹیڑھا میں نیک اندیش کو — متہم رکھوں وجود خویش کو
مجھ میں شاید دیکھتا وہ عیب ہو — دیکھتا ہوں میں نہ اپنے عیب کو
دیکھتا گر کوئی اپنے عیب کو — فارغ اصلاح اپنی سے ہوتا نہ وہ
خود[3] سے غافل بے خبر مخلوق ہے — دوسروں کا عیب ڈھونڈھے اسلیے
میرا منھ معلوم کیونکر مجھکو ہو — میرا منھ معلوم لیکن تجھ کو ہو
اُس کسیکو اپنا منھ دکھلائی دے — نور جو مخلوق سے افزوں رکھے
نور حسی کب ہو مثل اس نور کے — کہ وہ نور اپنے کو ظاہر دیکھ لے
گر مرے نور اسکا بس باقی رہے — دید حق کی کیونکہ اسکی دید ہے
بولا[4] تو بھی عیب اسکا کر بیان — کرتا ہے وہ عیب کو تیرے عیان
تا میں جانوں تو میرا غمخوار ہی — ملک میرے کی لیاقت تو رکھے
بولا اے شہ عیب اسکے میں کہوں — گرچہ اک خواجہ کا بندہ میں وہ ہوں

[1] دوسرے سے الخ یہ شعر دوسرے نے غلام سے کہا تو عقلمند ہے اور سو غلاموں کے برابر ایک تو ہے پھر تو اپنے یار سے قابل تر ہے میرے پاس آ کہ اُس سے تو بہتر ہے تو ایسا کب ہے جو اُس نے کہا اور وہ مجھ کو تجھ سے خفا کرتا ہے وہ تجھکو کہے کہ کجرو چور ہے اور ہیز نامرد و کمزور ہے غلام نے کہا کہ وہ سچ کہنے والا ہے ہمیشہ اُس سے صادق زیادہ میں نے نہیں پایا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] راستی الخ یہ شعر راستی اور نیک خصلت اور حیا اور علم اور دینداری و احسان و سخا اور ذاتی سچ کہنا اُسکے وجود میں ہے جو کوئی اُسکو کہے وہ تہمت ہے ذکی اندیش کو کب میں ٹیڑھا کہوں متہم وجود اپنے کو رکھوں وہ شاید مجھ میں عیب دیکھتا ہو اگر کوئی اپنے عیب کو دیکھتا اپنی اصلاح سے وہ فارغ نہوتا آگے اسکا حال ہے فافہم ۱۲ [3] خود سے الخ یہ شعر مخلوق خود سے غافل اور بے خبر ہے اور دوسروں کا عیب اس لیے ڈھونڈھتے ہیں میرا منھ از خود مجھ کو نہیں دکھائی دیتا ہے میرا منھ تجھ کو دکھائی دے اور تیرا مجھے نظر آوے اس شخص کو اپنا منھ از خود دکھائی دیتا ہے جو مخلوق سے نور زیادہ رکھتا ہے نور حسی کب اُس نور کے مانند ہو وہ نور نور کو محسوس و ظاہر دیکھے اور وہ مرے نور اس کا باقی رہے کیونکہ دید حق کی اس کی دید ہے آگے رجوع بہ قصہ ہے فافہم ۱۲

[4] بولا تو بھی الخ یہ شعر بادشاہ نے کہا تو بھی اس کا عیب کہہ جیسے وہ تیرا عیب کہتا ہے تاکہ میں جانوں کہ تو میرا غمخوار ہے اور میرے ملک کی تو لیاقت رکھتا ہے غلام نے کہا کہ اے شاہ میں عیب اس کے کہوں اگرچہ بندہ ایک خواجہ کے ہیں اور وجہ بندے ہونے کی آگے بیان کی ہے فافہم ۱۲

عیب او مهر و وفا و مردمی	عیب او صدق و صفا و همدمی
کمترین عیبش جوانمردی و داد	آن جوانمردی که جان را هم بداد
صد هزاران جان خدا کرده پدید	چه جوانمردی بود کان را ندید
ور بدیدی کی بجان بخلش بدی	بهر یک جان کی چنین غمگین شدی
بر لب جو بخل آب آنرا بود	کو ز جوی آب نابینا شود
گفت پیغمبر که هرکس از یقین	داند او پاداش خود در یوم دین
که یکی را ده عوض می آیدش	هر زمان جودی دگرگون زایدش
جود جمله از عوضها دیدن است	پس عوض دیدن ضد ترسیدن است
بخل نادیدن بود اعواض را	شاد دارد دید در خواض را
پس بعالم هیچکس نبود بخیل	زانکه کس چیزی نبازد بی بدیل
پس سخا از چشم آید نه ز دست	دید دارد کار جز بینا تراست
عیب دیگر آنکه خود بین نیست او	هست او در هستی خود عیب جو
عیب گوی و عیب جوی خود بدست	با همه نیکو و با خود بد بدست
گفت شه جلدی مکن در مدح یار	مدح خود در ضمن مدح او میار
زانکه من در امتحان آرم ورا	شرمساری آیدت در ماجرا

عیب[1] اسکا مردمی مہر و وفا	عیب اسکا ہمدمی صدق و صفا
عیب کم اسکا جوانمردی داد	وہ جوانمرد اب کہ جان کو دے باد
سیکڑوں جان حق نے بس ظاہر کرین	کیا جوانمردی اُسے دیکھے نہین
دیکھتا کب بخل کرتا جان سے	غم نہ کھاتا ایک جان کے واسطے
بخل پانی کا کرے وہ نہر پہ	آب جو کی کچھ نہ ہو جسکو خبر
بولے[2] پیغمبر یقین سے ہر کوئی	اپنی جانے ہے سزا اعمال کی
کہ عوض مین ایک کے پاتا ہے دس	ہر گھڑی ہے دوسری اک جود بس
جو کہ کرتا ہے عوض کا دیکھنا	اور عوض کا دیکھنا ضد ہے خوف کا
نے عوض کا دیکھنا بس بخل ہے	غوطہ زن کو دید گوہر خوش رکھے
بس بخیل عالم مین اب کوئی نہ ہو	بے عوض پائے نہ کوئی چیز کو
بس کرم آنکھون سے ہے نے ہاتھ سے	دید رکھے کام بینا چھوٹا ہے
دوسرا[3] عیب اُسکا خود بین ہی نہ وہ	اپنی ہستی مین ہی خود وہ عیب جو
عیب گو اور عیب جو ہے وہ بخود	ساتھ سب کے نیک اپنے ساتھ بد
شاہ بولا مدح یار اب تو نہ کر	ضمن مین تو مدح اپنی کو بھی کر
امتحان اُسکا کرونگا مین یہان	شرم تجکو ہو نہ آفت امتحان

قسم خوردن غلام بر صدق خود و طهارت ظن خود

قسم کھانا غلام کا اوپر صدق اپنے اور نیک گمانی اپنی کے

۱ عیب اُسکا الخ ۵ شعر اس کا عیب مردمی اور مہر و وفا ہے اسکا ہمدمی و صدق و صفا ہے کمتر عیب اسکا جوانمردی و داد ہے جوانمرد وہ ہے کہ جان کو برباد کرے آگے حقائق ہین سیکڑون جانین حق نے ظاہر کرین کیا جوانمردی ہے کہ جو اُس نے دیکھی اگر دیکھتا بخل کرتا جان سے اور غم نہ کھاتا ایک جان کے واسطے آگے مثال ہے وہ شخص نہر پر بخل پانی کا کرے کہ جسکو نہر کا پانی نہ معلوم ہو یعنی جان مثل آب نہر کے جاری ہے کہ ہر دم نو بنو آتی جاتی ہے اگر کوئی اسکی روانگی دیکھتا جان دینے مین تامل نہ کرتا آگے حقائق اسکے مین فافہم ۱۲ ۲ بولے پیغمبر الخ ۲ شعر پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہر ایک یقین سے جانتا ہے اپنے سزائے اعمال کو کہ ایک کے عوض مین دس پاتا ہے اور ہر گھڑی ایک بخشش نہ دوسری ہے عوض کا دیکھنا ہے بخشش کرنا اور عوض کا دیکھنا ہے کہ بخل کرے کہ غوطہ زن کو گوہر کا دیکھنا خوش رکھتا ہے پس عالم مین کوئی بخیل اب نہو وے کیونکہ کوئی چیز بغیر عوض کے نہین پاتا ہے پس کرم کرنا آنکھون سے ہے ہاتھ سے نہین ہے یہ کام دید رکھتی ہے اور بینا چھوٹا ہے یعنی سخاوت کرنا کام اس دید کا کہ عوض سخاوت کا دیکھتا ہے پس جو کوئی عوض دیکھتا ہے وہ کرم کرتا ہے آگے قصہ ہے فافہم ۱۲ ۳ دوسرا الخ ۴ شعر دوسرا عیب اسکا یہ ہے کہ وہ خود بین نہین ہے اپنی ہستی مین خود عیب کو ڈھونڈھتا ہے وہ اپنا عیب گو عیب جو ہے سب کے ساتھ نیک ہے اور اپنے ساتھ بد ہے بادشاہ نے کہا کہ اے یار اب تو مدح نہ کر اور اُسکے ضمن مین تو اپنی مدح نہ کر مین اسکا امتحان کرونگا تجھ کو شرمندگی نہ ہووے یعنے عارف کو جب اپنا عیب کھلتا ہے تو دوسرے کا ہنر معلوم ہوتا ہے پس وہ اس طرح ہنر دوسرے کا بیان کرتا ہے پس عارف کو لازم ہے کہ عیب مین دوسرے کا ہنگام استفسار کے ہنر بیان کرے نہ عیب آگے اُس کے صدق بیان کا حال ہے فافہم ۱۲۔

گفت نے واللہ باللہ العظیم | مالک الملک رحمن الرحیم
آن خدائے کہ فرستاد انبیا | نے بحاجت بل بفضل و کبریا
آن خداوندے کہ از خاک ذلیل | آفرید او شہسواران جلیل
پاک شان کرد از مزاج خاکیان | بگذرانید از تنگ افلاکیان
برگرفت از نار و نور صاف ساخت | وانگہ او بر جملہ انوار تافت
آن سنا برقی کہ بر ارواح تافت | تا کہ آدم معرفت زان نور یافت
کان آن کز آدم رست و دست شیث چید | پس خلیفش کرد آدم چون بدید
نوح زان گوہر چو برخوردار شد | در ہوائے بحر جان دربار شد
جان ابراہیم زان انوار رفت | بے حذر در شعلہائے نار رفت
چونکہ اسمعیل در جویش فتاد | پیش دشنہ آبدارش سر نہاد
جان داؤد از شعاعش گرم شد | آہن اندر دست بافش نرم شد
چون سلیمان شد وصالش را رضیع | دیو گشتش بندہ فرمان مطیع
در قضا یعقوب چون بنہاد سر | چشم روشن کرد از بوئے پسر
یوسف مہ رو چو دید آن آفتاب | شد چنان بیدار در تعبیر خواب
چون عصا از دست موسیٰ آب خورد | ملکت فرعون را یک لقمہ کرد
جان جرجیس از فرش چون رہ از یافت | ہفت نوبت جان فشاند و باز یافت
چونکہ زکریا ز عشقش دم زدی | کرد در جوف درختش جان فدی

بولا نے واللہ باللہ العظیم | مالک الملک رحمن الرحیم
وہ خدا کہ جس نے بھیجے انبیا | نے بحاجت بل بفضل و کبریا
وہ خدا کہ خاک سی ناچیز سے | شہسواران جری پیدا کیے
خاکیون سے پاک اُن کو کر دیا | اور فرشتون سے کیا زیادہ سا
نور صاف اُنکو کیا نے نار سے | نور اُنکا سارے عالم پر پڑے
وہ سنا برقی کہ چمکی روح پے | معرفت آدم نے کی اُس نور سے
شیث کو آدم سے وہ حاصل ہوا | پس خلیفہ اُسکو آدم نے کیا
نوح نے جب وہ گہر حاصل کیا | گوہر افشان بحر جان مین وہ ہوا
پر ہوئی جان خلیل اس نور سے | نار کے شعلے مین وہ بے ڈر گھسے
جو کہ اسمعیل اُس سے پُر ہوا | اُسکے پس خنجر کے آگے سر رکھا
گرم داؤد اسکی کرنون سے ہوا | نرم آہن ہاتھ مین اُسکے ہوا
جب سلیمان اس سے واصل ہو گیا | دیو ہر اک آپ کا تابع ہوا
جو قضا پر سر رکھا یعقوب نے | چشم روشن کی بوے فرزند سے
دیکھا وہ یوسف نے جبکہ آفتاب | بس لگا دیتے وہ کل تعبیر خواب
پانی موسیٰ سے عصا نے جو پیا | ملکت فرعون کو لقمہ کیا
پایا اسکا راز جو جرجیس نے | سات باری جان دیکر پھر جیے
زکریا اسکا جو بس عاشق ہوا | نخل کے تن مین کیا جان کو فدا

ف۱ بولا الخ ۱ شعر غلام نے کہا قسم ہے اللہ بڑے کی کہ مالک ہے اپنے ملک کا اور رحمن اور رحیم ہے وہ خدا کہ جس نے انبیا کو بھیجا بسبب حاجت کے نہین بلکہ از راہ
فضل و کبریائی کے وہ خدا کہ اس نے خاک ناچیز سے شہسواران انبیا علیہم السلام کو پیدا کیا اور اہل خاک سے اُنکو کیا اور فرشتون سے زیادہ رسا کیا نار سے اُنکو
لیکر نور پاک کیا کہ نور اُسکا بڑھ گیا انوار سے وہ سنا برقی یعنی تابش برق کی چمکی روح پر آدم نے اس نور سے نور معرفت حاصل کیا یعنی نور محمدی کو حق نے وہ مرتبہ دیا کہ
اہل خاک و اہل نور سے اُنکا مرتبہ بڑھ گیا چنانچہ اسی نور کے سبب سے جمیع انبیا و اولیا کو مراتب طرح طرح کے حاصل ہوے اور اسی نور کی نسبت یہ آیت نازل ہوئی یکاد سنا
برقہ یذہب بالابصار یعنی نزدیک ہے تابش اسکی برق کی کہ نور چشم سے دور ہو ۱۲ ف۲ شیث کا الخ ۵ شعر وہ نور شیث کو آدم سے ملا کہ خلیفہ اُسکو آدم کا کیا
نوح نے جب وہ گوہر پایا دریا ے جان مین وہ گوہر افشان ہوا جان خلیل کی اُس نور سے پُر ہوئی شعلہ نار مین وہ بخوف گھس گئے جبکہ اسمعیل اُس نور سے پُر
ہوے اُسکے خنجر کے آگے سر رکھا داؤد اسکی کرنون سے گرم جان ہوے آہن نرم اُسکے ہاتھ مین ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ جب سلیمان الخ ۱۳ شعر سلیمان
جب اُس نور سے واصل ہو گئے تو دیو و پری انکے مطیع ہو گئے یعقوب علیہ السلام نے جب دل قضا پر رکھا بوے فرزند نے چشم روشن کی یوسف نے جبکہ وہ آفتاب دیکھا
وہ تعبیر خواب کی دینے لگے موسیٰ سے جو پانی عصا نے پیا بادشاہت فرعون کو لقمہ کیا جرجیس علیہ السلام نے جو اسکے مرتبہ کا راز پایا سات بار جان دیکر زندہ ہوے زکریا
نے جو اُس نور کے عاشق ہوے تن نخل مین جان کو فدا کیا یونس نے ایک جام اُس مے سے پیا اندر مچھلی کے گھسکر آرام پایا یحییٰ جو اُسکے شوق سے مست ہوے سر طشت پر
رکھدیا ذوق سے شعیب اس راہ سے آگاہ ہوے کھو دین آنکھین لقا کے واسطے ایوب جو سات برس شاکر رہے دیکھے آثار وصال کی بلا مین خضر اور الیاس اُسکی
مے کیواسطے آب حیوۃ پاکر خودی سے گم گئے عیسیٰ کو جبکہ اُسکی سیڑھی ملی چوتھے آسمان کی اُنھون نے راہ لی جبکہ احمد صلعم نے وہ ملک نعمت پایا قرص مہ کو یکدم مین دو ٹکڑے کر دیا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ —

چونکہ یونس جرعۂ زان جام یافت / در درون ماہی او آرام یافت
چونکہ یحییٰ مست گشت از شوق او / سر بطشت تیغ بنهاد از ذوق او
چون شعیب آگاہ شد زین ارتقا / چشم را در باخت از بهر لقا
شکر کرد ایوب صابر ہفت سال / در بلا چون دید آثار وصال
خضر و الیاس از مشیش چون دم زدند / آب حیوان یافتند و گم زدند
نردبانش عیسیٰ مریم چو یافت / بر فراز گنبد چارم فراشت
چون محمد یافت آن ملک و نعیم / قرص مہ را کرد در دم او دو نیم
چون ابوبکر آیۂ توفیق شد / با چنان شہ صاحب و صدیق شد
چون عمر شیدای آن معشوق شد / حق و باطل را چو دل فاروق شد
چونکہ عثمان آن عیان را عین گشت / نور فایض بود ذو النورین گشت
چون ز رویش مرتضیٰ شد درفشان / گشت او شیر خدا در مرج جان
روشن از نورش چو سبطین آمدند / عرش را ادرین قرطین آمدند
آن یکے از زہر جان کرده نثار / وان سر افگنده بره‌اش مست وار
چون جنید از جند او دید آن مدد / خود مقاماتش فزون شد از عدد
بایزید اندر مزیدش راه دید / نام قطب العارفین از حق شنید
شاہ منصور آنکہ نصرت یار شد / تخت را بگذاشت سوی دار شد
چونکہ کرخی کرخ او را شد حرس / شد خلیفۂ عشق و ربانی نفس
پور ادہم مرکب آن سو راند شاد / گشت او سلطان سلطانان داد
وان شقیق از شق آن راه شگرف / گشت او خورشید رای تیز طرف
شد فضیل از رہزنی رہ پیر راه / چون بلحظ لطف شد ملحوظ شاه

ایک جام اس مے سے یونس نے پیا / پایا آرام اندر اک مچھلی کے جا
مست ہو یحییٰ نے اسکے شوق سے / رکھدیا سر طشت پر بس ذوق سے
جو شعیب آگاہ ہوا اس راہ سے / کھو دین آنکھین بس لقا کیواسطے
سات سال ایوب جو شاکر رہا / دیکھے آثار وصال اندر بلا
خضر و الیاس اسکی مے کیواسطے / آب حیوان پا کے از خود گم ہوے
اسکی سیڑھی جو کہ عیسیٰ کو ملی / آسمان چوتھے کی اس نے راہ لی
پایا احمد نے جو وہ ملک نعیم / قرص مہ کو کردیا دم مین دو نیم
پایا جب بوبکر نے توفیق کو / یار و صدیق اک ہوا احمد کا وہ
جو عمر عاشق ہوا اس شاہ کا / مثل دل فاروق حق باطل ہوا
اس عیان کا عین جو عثمان ہوا / اس سے ذو النورین کہلایا گیا
درفشان اس سے ہوے جو مرتضیٰ / بیشۂ جان مین ہوے شیر خدا
جو ہوے حسنین روشن نور سے / عرش کے دو گوشوارے وہ ہوے
زہر سے اک نے کیا جان کو نثار / دوسرے نے سر کٹایا مست وار
تھا جنید عالی مقام اسواسطے / کہ جنود اسکے سے تھی پشتی اسے
بایزید اسکی مزید اب رہ چلا / نام قطب العارفین حق سے سنا
اسلیے منصور کو نصرت ملی / تخت کو چھوڑ اور راہ دار لی
کرخ کا اسکے جرس کرخی ہوا / شاہ عشق اور نفس ربانی ہوا
پور ادہم نے جو اسپ اس سو کیا / دادگر شاہون کا شاہنشہ ہوا
اسکی رہ شق کی شقیق بلخ نے / رائے روشن پائی چون خورشید کے
رہزنی سے ہو گیا وہ پیر راہ / جب فضیل او پر ہوا افضل الٰہ

ف پایا جب الخ ۱۳ شعر جبکہ ابوبکر نے پایا اس توفیق کو یار و صدیق وہ احمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہوے جب عمر عاشق ہوے اس شاہ پر مثال دل کے فرق کرنے والے ہوے حق و باطل مین جو عثمان اس عیان کے عین ہوے اس سبب سے ذو النورین کہلائے جو مرتضیٰ درفشان اس سے ہوے تو بیشۂ جان مین شیر خدا ہوے جو حسنین روشن اس نور سے ہوے دو گوشوارے عرش کے وہ ہوے ایک نے زہر سے جان کو نثار کیا دوسرے نے سر کٹوایا مستو کے مانند جنید بغدادی عالی مقام اس واسطے تھا کہ اسکے لشکر سے مدد رکھتا تھا بایزید بسطامی اسکی راہ جو زیادہ چلا نام قطب العارفین اللہ سے سنا منصور حلاج کو نصرت اسواسطے ملی کہ تخت کو چھوڑ کر دار کی راہ چلے معروف کرخی اس کے کرخ کا جرس ہوا بادشاہ عشق اور نفس ربانی ہوا یعنے کرخ نام موضع کا ہے کہ حوالی بغداد کے مین واقع ہے ابراہیم بن ادھم نے جو اسپ اس طرف کو دوڑایا بادشاہان دادگر کا شہنشاہ ہوا شقیق بلخی نے اس کی راہ شق یعنے طے کی راے روشن مانند خورشید کے پائی راہزنی سے پیر راہ ہوگیا جو فضیل پر فضل خدا ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

بشر حافی را میسر شد ادب / سر نہاد اندر بیابان طلب
چونکہ ذوالنون از غمش دیوانہ شد / مصر جان زاہمچو شکر خانہ شد
شد چو سری ہیبر اندر راہ او / بر سریر سروران شد جاہ او
صد ہزاران پادشاہان جہان / سرفراز اندر زانسوئے جہان
نام شان از رشک حق پنہان بماند / ہر گدائے نام شان را بر نخواند
رحمت و رضوان حق در ہر زمان / یاد بر جان و روان پاک جان
حق آن نور و حق نوریان / کاندران بحر اند ہمچو ماہیان
بحر جان و جان بحر ار گویمش / نیست لائق نام تو میجویمش
حق این آن نے کہ این آن از و / مغزہا نسبت بدو باشند پوست
کہ صفات خواجہ تاش و یار من / ہست صد چندان کہ این گفتار من
انچہ مید انم ز وصف آن ندیم / باورت ناید چہ گویم اے کریم
شاہ گفت اکنون ازان خود بگو / چند گوئی آن و این و آن داد
تو چہ داری و چہ حاصل کردۂ / از تگ دریا چہ دُر آوردۂ
روز مرگ این حس تو باطل شود / نور جان داری کہ یار دل شود

بشر حافی کو بشارت جو ہوئی[۱] / سر رکھا راہ طلب مین یار کی
اُسکا جو ذوالنون دیوانہ ہوا / مصر جان کا جون شکر خانہ ہوا
جو سری ہبیر ہوا اس راہ مین / بس سریر آرا ہوا وہ جاہ مین
سیکڑون سلطان اور شاہ جہان / اس طرف سے اُنکا ہے عز و نشان
نام انکا رشک حق سے چھپ گیا / ہر گدا نے نام نے ان کا لیا
رحمت و رضوان حق ہو ہر زمان / اُنکی جان و روح پر اے خوش بیان
حق نور دہم حق نورانیان[۲] / کہ وہ اُس دریا مین ہین جون مچھلیان
بحر جان و جان بحر اُن کو کہون / نے ہے لائق نام تیرا اُن سے یون
ہے قسم یہ کی وہ اُس سے ہے / مغز نسبت اُسکی ہے جون پوست کے
کہ صفات اُس خواجہ تاش و یار کی / اُس سے افزون ہے کہ جو مین نے کہی
جانتا ہون صفت جو رکھے ندیم / نے یقین تجکو کہون کیا اے کریم
بولا شہ اب کہہ کچھ اپنا حال تو / کہوے کب تک اُسکے اسکے وصف کو
رکھتا تو کیا ہے وہ کیا حاصل کیا / اور تہ دریا سے کیا گوہر لیا
یہ تری[۳] حس ہووے باطل موت سے / نور جان ہے دل کی جو یاری کرے

ف۱ بشر حافی الخ، شعر بشر حافی کو بشارت ہوئی یار کی راہ طلب مین سر رکھا جو ذوالنون مصری اُس کا دیوانہ ہوا مصر جان کا مانند خانہ شکر کے ہوا جو سری سقطی ہیبے سر ہوے اُس راہ و جاہ کا سریر آرا ہوے سیکڑون سلطان اور بادشاہ اور سلطان کہ اُس جانب سے اسکا عز و نشان ہے نام اُن کا غیرت حق سے چھپ گیا ہر گدا نے نام اُن کا نہ لیا رحمت و رضا حق کی ہر دم ہو جیوان کی جان و روح پر یعنے اور بادشاہ کہ اولیاء اللہ ہوے ہین اور نام ان کا بسبب غیرت الٰہی کے پوشیدہ ہو گیا ہے گدایان دنیا ان کو نہین جانتے غرضکہ اس نور محمدی کے پرتو سے اس جہان مین جمیع انبیا و اولیا کو ان معنون کے ساتھ خداوند عالم نے ظاہر کیا ہے پس اُس خدا کی قسم ہے چنانچہ قسم کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ حق نور الخ، شعر قسم ہے نور وہی قسم ہے نورانی کی کہ وہ اُس دریا مین مانند مچھلیون کے ہین دریاے جان و جان دریا انکو کہون یہ نہین ہے لائق کہ نام تیرا اُن سے لون یعنی قسم ہے نور کی وانبیا و اولیا کی کہ وہ دریاے فرات مین مثل مچھلیون کے ہین دریاے جان و جان دریا انکو کہون کہ وہ ایک ذات ہین لائق نہین ہے کہ اسماے الٰہیہ اُن پر قائم کرون کیونکہ مقام ذات کو بھو نچے ہین آگے قسم تیسری کا بیان ہے قسم ہے یہ کہ یہ اس سے اُس کی نسبت مغز مانند پوست کے ہے کہ صفتین اُس خواجہ تاش و یار کی اس سے زیادہ ہین کہ جو مین نے کہی ہین مین جانتا ہون کہ جو وصف وہ ندیم رکھتا ہے تجھکو یقین نہین آوے تو مین کیا کہون بادشاہ نے کہا کہ اب اپنا حال تو کچھ کہہ تو کب تک اس کے اور اُسکے وصف کو کہیگا تو کیا رکھتا ہے دکیا حاصل کیا ہے اور تہ دریا سے کیا گوہر لیا ہے یعنے تو نے دریاے معنے سے کیا لیا ہے اس کو بیان کر آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ف۳ یہ تیری الخ، شعر یہ تیرے حس باطل ہووے مرگ سے نور جان رکھتا ہے کہ جو دل کی مددگاری کرے نہ آنکھ تیری گور مین خاک ہے وہ بھی ہے جو گور کو روشن کرے تیرا ہاتھ پاؤن جس دم کٹے بال و پر سے کہ تا جان تیری اُڑے لے یار غار نور دل کا جان سے ہے اور اس کو مستعار مت جان یہ جان حیوانی جس دم نہ رہے تو اُس جان پر جان باقی چاہیے یعنی یہ جان حیوانی کہ بقول حکما بخار لطیف ہے اور صحت جسمی اس پر منحصر ہے اگر نہ رہے مرگ سے تو وہ جان باقی کہ مراد جسم نوری سے ہے چاہیے کہ جیسے عوض کو حق تعالےٰ فرماتا ہے من جاء بالحسنۃ فلہ عشر امثالھا یعنے جس کسی نے نیکی کی بس دس نیکیان وہ پاوے مثل اسکی شرط نہین کرنا چاہیے بلکہ حس لیجاوے طرف خدا کے یعنے عوض نیکی کو شرط نہ کرنا چاہیے بلکہ نیکی کو طرف حق کے لے جانا چاہیے چنانچہ آگے بیان ہے فافہم ۱۲

در لحد کین چشم را خاک آگند	هست انچه گور را روشن کند	گور مین یه آنکه تو بس خاک هے	وه بهی هے جو گور کو روشن کرے
آزمان که دست و پایت بر درد	پر و بالت هست تا جان بر پرد	هاته پاؤن تیرا یه جبدم کٹے	بال و پر هے تا که جان تیری اڑے
نور دل از جان بود اے یار غار	مستعار را و روادان اے ست عار	نور دل هی جان سے اے یار غار	مستعار اسکو نه جان اے ست عار
آزمان کین جان حیوانی نماند	جان باقی بایدت بر جان نشاند	جان حیوانی نه یه جبدم رہے	جان باقی چاهیے اس جان پے
شرط من جا بالحسن نے کردن است	بل حسن را سوئے حضرت بردن است	شرط من جا بالحسن کرنا نهین	بل حسن لیجا بر ب العالمین
جوهرے داری ز انسان یا خری	این عرضها که فنا شد چون بری	تو خری[1] یا جوهر انسان رکھے	فانی هووے یه عرض جو هے چلے
این عرضهائے نماز و روزه را	چونکه لا یبقی زمانین انتفا	هے عرض روزه نماز اور هو فنا	جو که لا یبقی زمانین اب کہا
نقل نتوان کرد مر اعراض را	لیک از جوهر برند امراض را	اس عرض کو نقل بس سب کر سکین	پر مرض کو دور جوهر سے کرین
تا مبدل گشت جوهر زین عرض	چون ز پرهیزی که زائل شد مرض	تا که جوهر هو بدل کر یه عرض	جیسے هو پرهیز سے زائل مرض
گشت پرهیز عرض جوهر بجهد	شد دهان تلخ از پرهیز شهد	پس عرض پرهیز سے جوهر هوا	تلخ منهه پرهیز سے شکر هوا
از زراعت خاکها شد سنبله	دارو ی مو کرد مو را سلسله	خاص کهیتی سے هوئی بس سنبله	بال دارو سے بنے هین سلسله
آن نکاح زن عرض بد شد فنا	جوهر فرزند حاصل شد ز ما	تها نکاح زن عرض فانی هوا	جوهر فرزند جو حاصل کیا
جفت کردن اسپ و اشتر را عرض	جوهر کره بزائیدن غرض	اونٹ[2] اور گهوڑے کی جفتی هی عرض	جوهر اولاد هوتا هے غرض
هست آن بستان نشاندن هم عرض	گشت جوهر میوه اش آنیک غرض	هے گلستان کا لگانا بهی عرض	جوهر میوه هے اب اس سے غرض
هم عرض دان کیمیا کردن بکار	جوهرے زان کیمیا گر شد بیار	بهی عرض هے کیمیا کا سیکهنا	کیمیا گر کا جو جوهر هے تو لا
صیقلے کردن عرض باشد شها	زین عرض جوهر همی زاید صفا	اور عرض کرنا هے صیقل کا شها	اس عرض سے هے کہا جوهر صفا
پس مگو که من عملها کرده ام	دخل آن اعراض را بنما مرم	مت کهو که یه عمل مین نے کیا	اس عرض کا دخل تو هم کو بتا
این صفت کردن عرض باشد خمش	سایهٔ بز را پے قربان مکش	یه صفت کرنا عرض هی چپ رهو	بهیڑ کے سایه کو قربان مت کرو
گفت شاها بے قنوط عقل نیست	گر تو فرمائی عرض را نقل نیست	بولا[3] شاها یاس هووے عقل کو	گر عرض کو تو کهے نے نقل کو

ف۱ تو خری الخ، شعر تو جوهر انسانی یا خری رکھے یه عرض فانی هووے جو تو لیجاوے یعنی تو خری رکھتا هے یا جوهر انسانی کیونکه یه خری و بشریت عرض هین و انسانی جوهر هے پس عرض فانی هووے جو طرف حق کے لیجاوے تو روزه و نماز عرض هین اور فنا هووے جو که لا یبقی زمانین کها هے یعنی باقی نهین رهسکا عرض چونکه نماز روزه بهی عرض هین یه فنا هوگا اور وه نه جائیگا اس عرض کو نقل کر سکین لیکن عرض کو جوهر سے دور کرین آگے مثال هے تا که یه عرض بدلکر جوهر هووے جیسے پرهیز سے مرض زائل هووے پس عرض جوهر هوا اور دهن تلخ پرهیز سے شکر هوا خاک کهیتی سے سنبله بنی بال دوا کرنے سے سلسله هوئے یعنے بال مثل سلسلے کے پر تاب هوے نکاح زن عرض تها فانی هوا جیسے جوهر فرزند اس سے پیدا هوا باقی مثالین آگے هین فافهم ۱۲ ف۲ اونٹ الخ، شعر اونٹ اور گهوڑے کی جفتی کرنا عرض هے جوهر اولاد هے اسیطرح باغ لگانا عرض هی جوهر میوه اس سے عرض هی کیمیا کا سیکهنا عرض هی کیمیا کا جوهر هے وه تولا صیقل کرنا عرض هی اور اس عرض کا جوهر کیا هے صفائی مت کهو که یه عمل مین نے کیا اس عرض کا تو دخل کرنا همکو بتا یه صفت کرنا عرض هی تو چپ ره اور سایه بز کو قربان مت کر یعنی صفت کرنا عرض هی اور عرض کچه حاصل نهین جیسے سایه بز کی قربانی کرنے سے حاصل نهین پس شاه نے غلام سے کها که اے مور رات یعنی سب عرض هین جوهر پیدا کر که ان سے جو هین بکار آینده هون اور یه عرض تیرے ساته وهان نه جائینگے چنانچه آگے اسکا جواب هے غلام کی جانب سے ۱۲ ف۳ بولا شاها الخ، شعر غلام نے کها که عقل کو نا امیدی هو گی که عرض نقل نهین هے پس سوا نا امیدی کے بنده کو نهین هے جو عرض یهان سے گیا تو لوٹا نهین اگر عرض کو حشر و نقل نهوتا تو باطل هوتے قول و فعل عقل کے ان عرضون کو نقل هووے اور رنگ سے اور هر فانی کا حشر هووے اور هر ایک ڈهنگ سے نقل هر شے کی اسکے لائق هوتی هے اور گله بان لائق گله کے هوتا هے سو عرض کی محشر مین ایک صورت هے هر عرض ایک دیت رکهتی هے آگے مثال هے تو اپنے مین دیکه که تو عرض تها که حرکت جفتی کرنیکی غرض تهی

گر نبودے مر عرض را نقل و حشر
فعل بودے باطل و اقوال نشر

این عرضہا نقل شد لون دگر
حشر ہر فانی بود کون دگر

نقل ہر چیزے بود ہم لائقش
لائق گلہ بود ہم سائقش

روز محشر ہر عرض را صورتے ست
صورت ہر یک عرض را رویتے ست

بنگر اندر خود نہ تو بودی عرض
جنبش جفتی و جفتی با غرض

بنگر اندر خانہ و کاشانہ ہا
در مہندس بود چون افسانہا

کان فلان خانہ کہ ما دیدیم خوش
بود موزون صفہ و سقف و درش

از مہندس آن عرض و اندیشہ ہا
آلت آورد و ستون از بیشہ ہا

چیست اصل و مایۂ ہر پیشۂ
جز خیال و جز عرض و اندیشۂ

جملہ اجزاے جہان را بے غرض
در نگر حاصل نشد جز از عرض

اول فکر آمد آخر در عمل
نسبت عالم چنان دان در ازل

میوہ ہا در فکر دل اول بود
در عمل ظاہر بآخر می شود

چون عمل کردی شجر بنشاندے
اندر آخر حرف اول خواندے

گرچہ شاخ و برگ و بیخش اول است
آن ہمہ از بہر میوہ مرسل است

پس سرے کہ مغز آن افلاک بود
اندر آخر خواجۂ لولاک بود

نقل اعراض ست این بحث و مقال
نقل اعراض ست این شیر و شغال

جملہ عالم خود عرض بودند تا
اندر این معنی بیامد ہل اتے

این عرضہا از چہ زاید از صور
وین صورہا از چہ زاید از فکر

گر نہین ہوتا عرض کو عقل و حشر
ہوتے باطل فعل اور اقوال نشر

یہ عرض ہو نقل اور ہی رنگ سے
حشر ہر فانی ہوا اور ہی ڈھنگ سے

نقل ہر شے اسکے لائق ہوتی ہے
گلہ بان ہوتا ہے لائق گلہ کے

ہر عرض محشر مین ایک صورت لیے
ہر عرض کی صورت ایک رویت لیے

دیکھ اپنے مین نہین تھا تو عرض
حرکت جفتی و جفتی تھی غرض

سلہ ان گھرون کو دیکھ تو اظہار مین
جون فسانہ تھے دل معمار مین

کہ فلانے گھر کو دیکھا خوش نما
بسکہ موزون چھت و در تھا خوب سا

فکر و اندیشہ عرض معمار سے
لایا صحرا سے ستون آلات سے

اصل ہر پیشہ کی کیا ہی اے دلا
فکر و اندیشہ عرض سے بس سوا

سارے اجزاے جہان کو بے غرض
دیکھ تو حاصل نہ ہووے جز غرض

فکر اول ہی اور آخر مین عمل
نسبت عالم ہے ایسی در ازل

عہ فکر دل مین میوہ بس اول ہے
اور عمل مین وہ ظہور آخر کرے

جو کیا تو نے عمل بویا شجر
حرف آخر کو پڑھا اول پسر

گرچہ اصل و شاخ و برگ اول مین ہے
واسطے میوے کے ہین بھیجے گئے

بھید جو کہ مغز تھا افلاک کا
اسکا آخر خواجۂ لولاک تھا

ہے عرض کی نقل یہ بحث و قال
ہی عرض کی نقل یہ شیر و شغال

سارا عالم اک عرض تھا خود کہ تا
اندر اس معنی کی آئی ہل اتے

یہ عرض پیدا ہوا صورت سے ہی
اور یہ صورت ہے پیدا فکر سے

سلہ ان گھرون کو الخ ۔ شعر ان گھرون کو تو اظہار کرنے مین دیکھ کہ مانند افسانہ کے تھے معمار کہتے ذہن مین کہ مین نے فلانے گھر کو دیکھا خوشنما ازبسکہ چھت موزون تھی اور دروازہ خوشنما تھا بموجب فکر و اندیشہ معمار کے صاحب خانہ صحرا سے لایا ستون آلات سے اصل ہر پیشہ کی کیا ہے فکر و اندیشہ سواے عرض کے سارے اجزاے جہان کو بے غرض کے دیکھ حاصل نہ ہووے سواے عرض کے اول فکر ہے اور آخر مین عمل ہے نسبت عالم کی ایسی ہی ازل مین تھی باقی مثال اس کی آگے بیان ہے فافہم ۱۲ ۲ے فکر دل مین الخ ۔ شعر میوہ فکر دل مین اول رہے اور عمل مین وہ آخر ظہور کرے جو تو نے عمل کیا اور شجر بویا حرف آخر کو اول مین پڑھا اگرچہ اصل شاخ و برگ اول مین ہے واسطے میوے کے مگر یہ سب ہین جو بھید مغز تھا افلاک کا آخر مین اس کے خواجۂ لولاک تھا یعنے جیسے درخت کے بونے کی غرض میوہ ہوتا ہے اسی طرح افلاک کے پیدا کرنے کی غرض جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم تھے یہ سب بحث و قال عرض کی نقل ہے تمام عالم خود ایک عرض تھا کہ تا اس معنے مین آئے سورۂ ہل اتی علے الانسان حین من الدھر لم یکن شیئا مذکورا یعنے تحقیق آیا اوپر انسان کے ایک وقت زمانہ سے کہ نہ تھا انسان سے مذکور یعنے انسان اُس وقت صور علمیہ تھین بطور عرض کے یہ عرض پیدا ہوا صورت سے اور یہ صورت پیدا فکر سے ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

این جہان یک فکرت است از عقل کل / عقل چون شاہ است و فکرتہا رسل
عالم اول جہان امتحان / عالم ثانی جزاے این و آن
چاکرت شاہا خیانت میکند / آن عرض زنجیر و زندان میشود
بندهٔ ات چون خدمتے شائستہ کرد / آن عرض نے خلعتے شد در نبرد
این عرض با جوہران بیضہ ست و طیر / این ازان و آن ازین آید بسیر
گفت شاہنشہ چنین گیر المراد / این عرضہاے تو یک جوہر نزاد
گفت مخفی داشتست آن را خرد / تا بود غیب این جہان نیک و بد
زانکہ گر پیدا شدے اشکال فکر / کافر و مومن نہ گفتے جز کہ ذکر
پس عیان بودے نہ غیب اے شاہ این / نقش دین و کفر بودے بر جبین
کے درین عالم بت و بتگر بدے / چون کسے را زہرهٔ تسخر بدے
پس قیامت بود این دنیاے ما / در قیامت کہ کند جرم و خطا
گفت شہ پوشید حق پاداش بد / لیک از عامہ نہ از خاصان خود
گر بدامی افگنم من یک اسیر / از امیران خفیہ دارم نہ ز وزیر
حق بمن بنمود پس پاداش کار / در صورہاے عملہا صد ہزار

یہ جہان[1] اک فکر عقل کل سے ہے / عقل چون شہ فکر چون مرسل کے ہے
عالم اول ہے جاے امتحان / عالم ثانی جزاے دو جہان
تیرا خادم گر خیانت کو کرے / وہ عرض زنجیر اور زندان بنے
خدمتین شائستہ گر بندے کرین / وہ عرض ہو جاے خلعت جنگ مین
یہ عرض جوہر ہے جون بیضہ پرند / اُس سے یہ یہ اُس سے ہووے ہوشمند
شاہ[2] بولا فرض یہ مین نے کیا / تیرے عرضون سے نہ اک جوہر بنا
بولا مخفی رکھا اسکو عقل نے / غیب تا کہ عالم دنیا بنے
کیونکہ گر ہوتین یہ ظاہر شکل فکر / کافر و مومن نہ کہتے جز بذکر
ہوتین ظاہر غیب مین رہتی نہین / ہوتا نقش کفر و دین زیب جبین
بت پرست عالم مین کب ہوتا کوئی / اور تمسخر کب بھلا کرتا کوئی
بس قیامت ہوتی دنیا اے اخی / جرم کرتا نے قیامت مین کوئی
بولا حق نے بدلے یہ مخفی رکھے / پر رکھے ہین عام سے نے خاص سے
دام مین پھانسون اگر مین اک امیر / کب امیرون کو خبر ہو چہ وزیر
حق[3] نے پس دکھلائے بدلے وہ مجھے / سیکڑون بس صورت اعمال سے

[1] یہ جہان الخ شعر یہ جہان عقل کل کی فکر سے ہے اور عقل مانند بادشاہ کے و فکر مانند قاصد کے ہے عالم دنیا جاے امتحان کی و عالم عقبیٰ ہے جزا دونون جہان کی آگے مثال فرماتے ہین کہ تیرا خادم اگر خیانت کرے وہ عرض زنجیر و زندان ہو جاے اگر بندے خدمتین شائستہ کرین وہ عرض جنگ مین خلعت ہو جاے یہ عرض و جوہر مانند بیضہ مرغ کے ہے وہ اس سے اور اس سے وہ پیدا ہوتے ہین یعنی غلام نے جو ادیا عرض کو اُس عالم مین نقل ہے وہ گزرے کیونکہ اول ہر شے کی دل مین فکر پیدا ہوتی ہے بعدہ وہ صورت پکڑتی ہے پس فکر عرض ہے و صورت جوہر ہے جیسے صور علمیہ حق عرض تھین و ظہور دنیا جوہر اسکا ہے اسیطرح افعال اس جہان مین جوہر ہین لیکن جوہر و عرض ہوتا ہے اور اس سے یہ ثابت ہوا کہ یہ عرض اس جہان مین جوہر ہو جاے گا پھر آگے بادشاہ کا سوال ہے فافہم ۱۲ [2] شاہ بولا الخ شعر شاہ نے کہا کہ مین نے فرض کیا اگر تیرے عرضون سے ایک جوہر نہ بنا غلام نے کہا کہ عقل نے اسکو مخفی رکھا تا کہ دنیا غیب ہے کیونکہ اگر یہ شکلین فکر کی ظاہر ہوتین کافر و مومن سواے ذکر حق کے نہ کہتے ظاہر ہوتین اور غیب مین نہین رہتی تو نقش کفر و دین زیب جبین عالم ہوتا بت پرست کب کوئی ہوتا اور تمسخر کب کوئی کرتا یہ دنیا قیامت ہوتی اور کوئی قیامت مین جرم نہین کرتا ہے یعنی عقل کل نے ان فکرون کو پوشیدہ رکھا کہ تمام دنیا غیب ہے کہ ظہور شکلون کا ہوتا تو انتظام دنیا نہ رہتا پس دنیا کو عالم غیب سے اسی واسطے کہتے ہین کہ یہان صور علمیہ و جزاے اعمال غائب و پوشیدہ ہین شاہ نے کہا کہ حق نے بدلے بد پوشیدہ رکھے ہین لیکن عام سے نہ کہ خاص سے آگے مثال ہے کہ اگر مین دام مین پھانسون ایک امیر کو کب امیرون کو خبر ہو سواے وزیر کے یعنی وزیر کہ خاص ہے اس راز سے خبردار ہوا اور امیران عام کو نہ ہو باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ [3] حق نے الخ شعر حق نے مجھے بدلے دکھائے ہین صورت اعمال سے صدہا تو تم اد دے تا کہ مین بالکل جان لون کہ کب راہ کو ابر چھپاتے غلام نے کہا کہ میرے قول سے کیا مقصد تو جانتا ہے کہ وہ جو کچھ کہ تھا یعنی اے بادشاہ جیسے تو بدلے صورت اعمال کے جانتا ہے کہ چور کے واسطے سنگساری ہے بس ایسے ہی بدلے حق کے ہین کہ تو جانتا ہے مجھ سے پھر کیون پوچھتا ہے شاہ نے کہا کہ حکمت اظہار جہان مین حق نے جو کہ جانی عیان ہوتی ہے اور جو کچھ کہ جانتا ہے جب تک پیدا نہین کیا رنج و درد عالم پر نہین رکھا آگے مثال ہے جیسے تو بیکار اک دم نہین رہ سکے جب تک نیکی و بدی تجھ سے نہ اٹھے یہ تقاضا کام کا ہے اس واسطے کہ مو کل ہووے تا بھید تیرا کھلے پس یہ گلا یہ تن کب ساکن رہے جبکہ دل کی کشش اسے کھینچے پھرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

تو نشانے دہ کہ من دانم تمام
ماہ را بر من نمی پوشد غمام

گفت پس از گفت من مقصود چیست
چون تو میدانی کہ انچہ بود چیست

گفت شہ حکمت در اظہار جہان
آنکہ دانستہ برون آید عیان

انچہ میدانست تا پیدا نہ کرد
بر جہان ننہاد رنج طلق و درد

یک زمان بیکار نتوانی نشست
تا بدی یا نیکی از تو بر نجست

این تقاضاہاے کار از بہر آن
شد موکل تا شود سرت عیان

پس گلابہ تن کجا ساکن شود
چون سر رشتہ ضمیرش میکشد

تاسۂ تو شد نشان آن کشش
بر تو بیکاری بود چون جان کنش

این جہان و آن جہان زاید ابد
ہر سبب مادر اثر از وے ولد

چون اثر زائید آن ہم شد سبب
تا بزاید زو اثرہاے عجب

این سببہا نسل بر نسل است لیک
دیدۂ باید منور نیک نیک

شاہ با او در سخن اینجا رسید
تا بدید از وے نشانے یا ندید

گر بدید آن شاہ جویا دور نیست
لیک ما را ذکر آن دستور نیست

تو بتا دے کہ مین جانون تمام
کب چھپاے ابر مہ کو اے غلام

بولا میرے قول سے مقصد ہی کیا
جانتا ہے تو کہ وہ جو کچھ بھی تھا

بولا شہ حکمت باظہار جہان
اُس سے جو جانی وہ آتی ہی عیان

جانتے جو کچھ تا نہین پیدا کیا
نے جہان پہ رنج درد زہ رکھا

تو نہین بیکار اک دم رہ سکے
تا نہین نیکی بدی تجھ سے اُٹھے

یہ تقاضا کام کا ہے اس لیے
ہو موکل بھید تیرا تا کھلے

بس یہ کیچڑ تن کی کب ساکن رہے
جو کشش دل کی اُسے کھینچے پھرے

۱ بیقراری اُس کشش کی ہی نشان
جان کنی ہو تجھ پہ بیکاری یہان

یہ جہان اور وہ جہان پیدا مگر
ہر سبب مان اور اثر اُسکا پسر

جو اثر پیدا ہوا وہ بھی سبب
تا اثر پیدا ہو پھر اس سے عجب

یہ سبب ہین نسل در نسل کے
آنکھ روشن چاہیے اسکے لیے

شاہ نے باتین یہانتک اُس سے کین
تا نشان اُس سے ملا یا کہ نہین

گر ملا شہ کو تو کیا کچھ دور ہے
پر نہین کہنا مرا دستور ہے

باز پرسیدن شاہ حال از غلام دیگر

پھر پوچھنا بادشاہ کا حال غلام دوسرے سے

چون ز گرمابہ بیامد آن غلام
سوے خویشش خواند آن شاہ ہمام

گفت صحالک نعیم دائم
پس لطیفی و ظریف و خوبرو

پس سوے کارے فرستاد آن دگر
تا ازین دیگر شود او باخبر

پیش بنشاندش بصد لطف و کرم
بعد ازان گفت اے چو ماہ اندر ظلم

۲ جب غلام آیا وہ پھر حمام سے
اپنے پاس اُسکو بلایا شاہ نے

بولا صحت تجھکو نعمت دائمی
تو لطیف اور ہے ظریف اور ہے پری

دوسرے کو بھیجا پھر اک کام کو
با خبر اُس دوسرے سے تا کہ ہو

پھر بٹھایا آگے اپنے لطف سے
بولا مثل ماہ تو ظلمت مین ہے

۱ بیقراری الخ۔ شعر اسی کشش سے یہان جانکنی ہووے یہ جہان اور وہ جہان پیدا ہے مگر ہر ایک سبب مان ہے اور اُسکا اثر بیٹا ہے جو اثر کہ پیدا ہوا وہ بھی سبب ہے تا پھر اثر پیدا ہوا وہ بھی سبب ہے تا پھر اثر اس سے پیدا ہو یہ سبب ہے نسل در نسل ہین لیکن آنکھ روشن اُسکے لیے چاہیے یہانتک اس سے باتین کین تا اس سے نشان ملا یا کہ نہ ملا اگر شاہ کو ملا تو کہا تو کچھ دور ہے ولیکن کہنا میرا دستور نہین ہے یعنی بادشاہ نے کہا کہ حکمت آنیہ اظہار جہان مین جو کہ علم حقتعالے مین ہین ظاہر ہوتے ہین اور جب تک کہ ظاہر نہین کرتا ہے رنج و درد جہان پر نہین رکھتا ہے جب تک کہ نیکی و بدی تجھ سے نہین پیدا ہوتی ہے اور یہ تقاضا اُسی کا ہے پس مولانا فرماتے ہین کہ اس حال کا نشان بادشاہ کو ملا یا نہ ملا اور اگر ملا ہے تو بیان کرنے کا میرا دستور نہین ہے چنانچہ آگے حال دوسرے غلام کا ہے فافہم ۱۲ ۲ جب غلام الخ۔ شعر جب وہ غلام پھر آیا حمام سے بادشاہ نے اسکو اپنے پاس بلایا اور کہا کہ صحت تیرے واسطے نعمت ہے ہمیشہ تو لطیف اور ظریف اور خوبرو ہے دوسرے غلام کو بھیجا پھر ایک کام کو تا کہ اُس دوسرے سے خبردار ہو پھر اپنے آگے لطف سے بٹھایا اور کہا کہ تو ظلمت مین مانند ماہ کے ہے تو ماہ وجد مو مشکبو نیکخو ہے اے افسوس جو تو ایسا نہ ہوتا جیسے وہ تیرا احوال کہتا ہے جو تجھ کو دیکھتا خوش ہوتا اور تیری قیمت عالم سے سوا ہوتی غلام نے کہا کہ اے شاہ کچھ تو بھید کہہ مجھ کو وہ کیا کہتا ہے شاہ نے کہا وہ تیری دورُئی بیان کرتا ہے کہ تو ظاہر مین دوا ہے اور باطن مین درد ہے یہ گوئی یار کی بادشاہ سے سنی آتش غصہ اسکی بھڑکی وہ غلام جھاگ لایا اور خفا ہوا جو اسکی بجد کرنے لگا باقی حال اسکا آگے بیان کیا ہے فافہم ۱۲

باهر وی وجد موی و مشکبو — نیک خو و نیک خو و نیک خو
ای دریغا گر نبودی در تو آن — که همی گوید برای تو فلان
شاد گشتی هر که رویت دیدنی — دیدنت ملک جهان ارزیدنی
گفت رمزی زانکه گوی ای بادشاه — کز برای من چه گفت آن دین پناه
گفت اول وصف دورویت کرد — کاشکارا تو دوائی خفیه درد
خبث یارش را چو از شه گوش کرد — در زمان دریای خشمش جوش کرد
کف برآورد آن غلام و سرخ گشت — تاکه موج هجو او از حد گذشت
کو ز اول دم که با من یار بود — همچو سگ در قحط سرگین خوار بود
چون دمادم کرد هجوش چون جرس — دست بر لب زد شهنشاهش که بس
گفت دانستم ترا زوی بدان — از تو جان گنده ست وز یارت دهان
پس نشین ای گنده جان از دور تو — تا امیر او باشد و مامور تو
بهر این گفتند اکابر در جهان — راحة الانسان فی حفظ اللسان
در حدیث آمد که تسبیح از ریا — همچو سبزه گولخن دان ای کیا
پس یقین دان صورت خوب و نکو — با خصال بد نیرزد یک طسو
ور بود صورت حقیر و ناپذیر — چون بود خلقش نکو در پاش میر
چند بازی عشق با نقش سبو — بگذر از نقش سبو و آب جو
چند باشی عاشق صورت بگو — طالب معنی شو و معنی بجو
صورت ظاهر فنا گردد بدان — عالم معنی بماند جاودان
صورتش دیدی ز معنی غافلی — از صدف دُر را گزین گر عاقلی
این صدفهای قوالب در جهان — گرچه جمله زنده اند از بحر جان

تو ہے مہرو جد ہوا اور مشکبو — نیک خو اور نیکخو اور نیک خو
اے دریغا گر نہ ہوتا ویسا تو — جیسے وہ کہتا ہے تیرے حال کو
شاد ہوتا جو کہ تجھ کو دیکھتا — تیری قیمت ہوتی عالم سے سوا
بولا کچھ تو بات کہہ اے بادشاہ — مجکو کیا کہتا ہے بس وہ دین پناہ
بولا دوروئی تری کہتا تھا مرد — کہ دوا ظاہر ہے تو باطن مین درد
جو سنی بدگوئی شہ سے یار کی — آتش غصہ بھڑک اُسکے اُٹھی
جھاگ لایا وہ غلام اور ہوا خفا — ہجو بیحد اُسکی بس کرنے لگا
[1] روز اول سے کہ میرا یار تھا — قحط مین جون سگ وہ چرکین خوار تھا
ہجو اُسکی کی بہت مثل جرس — ہاتھ منھ پر رکھ کہا شہ نے کہ بس
بولا پہچانا تجھے اس سے عیان — تیری جان گندی ہے اور اُسکا دہان
پیچھے بیٹھ اے گندہ جان اور دور تو — تاکہ میر اب وہ ہو اور تو مامور ہو
کہہ گئے ہین سب بزرگان جہان — عیش مین وہ ہے کہ جو روکے زبان
ہے خبر مین یون کہ تسبیح ریا — مثل سبزہ ہے کہ گھورے پر اُگا
[2] کر یقین کہ صورت خوب و نکو — ساتھ بد خصلت کے نالائق ہے وہ
گر ہو بد صورت وہ اور ہو زشت رو — نیک خلق اسکا ہو کر یار بس تو
عاشق نقش سبو کب تک ہو تو — ڈھونڈھ پانی چھوڑ تو نقش سبو
کب تلک تو عاشق صورت رہے — طالب معنی ہو اور معنی کو لے
ظاہری صورت فنا ہو بیگمان — عالم معنی رہے ہان جاودان
دیکھی صورت غافل معنی ہے تو — لے صدف سے دُر اگر عاقل ہے تو
یہ صدف قالب ہوا عالم مین ہے — گرچہ سب زندہ ہین جان کیواسطے

[1] روز اول الخ، شعر روز اول سے کہ میرا یار تھا قحط مین مانند سگ کے چرکین خوار تھا جو اُسکی ہجو کی مانند جرس کے تو شاہ نے اُسکے منھ پر ہاتھ رکھ کر کہا کہ بس اور شاہ نے کہا۔ تجھ کو پہچانا اس سے ظاہر ہے کہ تیری جان گندی ہے اور اُسکا دہن اے گندہ جان تو پیچھے بیٹھ اور دور تاکہ وہ امیر ہو اور تو مامور ہو آگے حقائق اسکے ہین کہ سب بزرگان زمانہ کے کہہ گئے ہین ترجمہ راحت انسان کی زبان کی حفاظت مین ہے حدیث مین آیا ہے کہ تسبیح ریا کی مثل اس سبزہ کے ہے کہ جو گھورے پر اُگا ہو باقی اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] کر یقین الخ، شعر یقین کر کہ صورت خوب و نیک ساتھ خصلت بد کے کچھ لائق نہین ہے اگر وہ بد صورت اور زشت رو ہو مگر نیک خو ہو تو اُسکا یار تو ہو عاشق نقش کب تک تو ہوگا پانی ڈھونڈھ و نقش سبو کو چھوڑ کب تک تو عاشق صورت رہے گا طالب معنی کا ہو اور معنی حاصل کر صورت ظاہری فنا ہوگی بیگمان عالم معنی ہمیشہ رہے گا تو صورت دیکھتا ہے اور باتی سے غافل ہے صدف سے گوہر کو لے اگر تو عاقل ہے یہ قالب مین صدف ہوا ہے اگرچہ سب زندہ جانی کے لیے ہین یعنے صورت پرستی تو چھوڑ اور معنی کو حاصل کر کیونکہ بہتر ہے اس صورت سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

لیک اندر ہر صدف نبود گہر	چشم بکشا در دل ہر یک نگر	ہر صدف[1] گوہر سے پر ہوتے نہین	آنکھ کھول اور دیکھ دلمین ہر کہین
کان چہ دارد وین چہ دارد میگزین	زانکہ کمیاب است آن در ثمین	کیا رکھے یہ اور وہ کر تو طلب	کیونکہ ہے کمیاب یہ گوہر عجب
گر بصورت بنگری کوہے بشکل	در بزرگی ہست صد چندان ز لعل	کوہ گر صورت مین ہوتا ہی بڑا	لعل اس سے مرتبہ مین سو گنا
ہم بصورت دست و پا و جسم تو	ہست صد چندانکہ نقش چشم تو	دست و پا و جسم صورت مین رکھے	برتری سو حصہ نقش چشم سے
لیک پوشیدہ نباشد بر تو این	کز ہمہ اعضا دو چشم آمد گزین	پر نہین پوشیدہ تجھ پر یہ رہے	آنکھ کل اعضا سے بس عظمت رکھے
از یک اندیشہ کہ آید در درون	صد جہان گردد بیکدم سرنگون	ایک اندیشہ کہ آئے اندرون	سو جہان ہون ایکدم مین سرنگون
جسم سلطان گر بصورت یک بود	صد ہزاران لشکرش در تک بود	جسم سلطان ایک گر صورت مین ہے	سیکڑون لشکر کو چکر مین رکھے
باز شکل و صورت شاہ صفی	ہست محکوم یکے فکر خفی	پھر وہ صورت اور شکل اس شاہ کی	فکر مخفی کی ہے محکوم اے اخی
خلق بے پایان ز یک اندیشہ بین	گشتہ چون سیلے روانی بر زمین	ایک[2] اندیشہ سے کل خلق جہان	مثل سیلاب زمین پر ہے روان
ہست آن اندیشہ پیش خلق خرد	لیک چون سیلے جہان را خورد و برد	خلق کے آگے ہے اندیشہ قلیل	پر کرے جون سیل عالم کو ذلیل
خلق عالم چون رمہ است و حق شبان	میدواند جملہ را روز و شبان	خلق جون گلہ و چرواہا خدا	رات دن دوڑائے سبکو جابجا
پس چو می بینی کہ از اندیشہ	قائم است اندر جہان ہر پیشہ	دیکھتا ہی تو کہ اندیشہ سے سب	بیٹھے قائم ہین جہانمین روز و شب
خانہ ہا و قصرہا و شہرہا	کوہ ہا و دشتہا و نہرہا	اور خانہ اور مکان اور شہر سب	اور جنگل اور پہاڑ اور نہر سب
ہم زمین و بحر و ہم مہر و فلک	زندہ از وے ہمچو از دریا سمک	ہم زمین و بحر و مہر و ماہ ہے	زندہ اس سے جیسے مچھلی بحر سے
پس چرا از ابلہی پیش تو کور	تن سلیمان است و اندیشہ چو مور	کیون[3] ہی احمق اندھے تیرے سامنے	تن سلیمان فکر ہے جون مور کے
می نماید پیش چشمت کہ بزرگ	ہست اندیشہ چو موش و تن چو گرگ	کوہ تیرے آنکھ مین عظمت رکھے	تن بزرگ اور فکر مثل موش ہے
عالم اندر چشم تو ہول و عظیم	ز ابر و برق و رعد داری لرز و بیم	آنکھ مین عالم ترے ہول و عظیم	برق و رعد اور ابر سے رکھے ہے بیم

[1] ہر صدف الخ شعر ہر اک صدف گوہر سے پُر نہین ہوتی ہے آنکھ تو کھول اور دیکھ ہر کہین کیا رکھتا ہے یہ اور وہ طلب کر کیونکہ گوہر معنی کمیاب ہے ہر ایک صدف تن مین آگے اس کی مثال ہے اگرچہ صورت مین کوہ بڑا دکھائی دیتا ہے لیکن بزرگی مین لعل اس سے بڑا ہے دست و پا و جسم صورت مین برتری رکھتا ہے سو حصہ نقش چشم سے لیکن تجھ پر یہ پوشیدہ نہین ہے کہ آنکھ کل اعضا سے عظمت رکھتی ہے ایک اندیشہ کہ دل مین آئے سو جہان ایکدم مین سرنگون ہون جسم سلطان کا صورت مین اگرچہ ایک ہے مگر سیکڑون لشکر کو چکر مین رکھتا ہے پھر وہ صورت اس شاہ کی ذکر مخفی کی محکوم ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

[2] ایک اندیشہ الخ شعر ایک اندیشہ سے مخلوق جہان کی مانند سیلاب کے زمین پر روان ہے مخلوق کے آگے اندیشہ قلیل ہے لیکن سیل کے مانند عالم کو ذلیل کرتا ہے مخلوق مانند گلہ کے اور حق چرواہا ہے رات دن سب کو جابجا دوڑاتا ہے تو دیکھتا ہے کہ سب اندیشہ سے بیٹھے قائم ہین جہان مین روز و شب اور خانہ و مکان و شہر و جنگل و پہاڑ اور نہر سب و ہم زمین و بحر و ماہ زندہ اس سے ہین جیسے مچھلی دریا مین یعنی اندیشہ و فکر سے تمام عالم زندہ ہے اور تمام کام عالم کا اندیشہ ہے چنانچہ اسکا راز آگے فرماتے ہین ۱۲

[3] کیون ہے الخ شعر کیون احمق ہے اے اندھے کہ تیرے سامنے تن سلیمان اور فکر مانند چیونٹی کے ہے کوہ تیری آنکھ مین عظمت رکھتا ہے تن بزرگ اور فکر مانند موش کے ہے تیرے آنکھ مین عالم پر خوف و عظیم ہے لیکن برق و رعد و ابر سے دہشت رکھتا ہے ایسے بے بہتر جہان فکر سے تو غافل ہے مثل سنگ بے خبر کے کیونکہ تو نقش ہے اور عقل سے غافل ہے تو آدمی کب ہے بچہ خر ہے تو بالکل جہل ہے اور عقل سے نادان ہے تو بو نہین رکھتا ہے اور خدا سے دور ہے سایہ کو شخص جانتا ہے جہل سے اور شخص کو تو کھیل جانتا ہے سہل سے یعنی کون کو تو وجود حقیقی جانتا ہے اور وجود حقیقی کو تو سہل سمجھتا ہے کیونکہ کون سایہ ہے وجود نہین رکھتا ہے اپنی ذات مین ۱۲ بحر العلوم باقی حال آگے ہے فافہم۔

در جہان فکرتی اے کم ز خر	این و غافل چو سنگے بے خبر	اور جہان فکر سے اے بے ہنر	تو ہے غافل مثل سنگ بے خبر
زانکہ نقشی وز خرد بے بہرهٔ	آدمی خو نیستی خر کرهٔ	کیونکہ تو ہے نقش و غافل عقل سے	آدمی کب ہے تو بچہ خر کا ہے
جہل محضی وز خرد بیگانهٔ	بو نداری وز خدا دیوانهٔ	تو جہل ہے اور نادان عقل سے	بو نہین رکھتا خدا سے دور ہے
سایہ را تو شخص می بینی ز جہل	شخص از آن شد نزد تو بازی و سہل	سایہ کو تو شخص جانے جہل سے	شخص کو تو کھیل جانے سہل سے
تک ز غیبت یک نمودار آتش است	کز لطافت چون ہوائے دلکش است	غیب سے یہ اک نمودار آگ ہے	جون ہوا فرحت لطافت سے رکھے
تا بچشمے در نمی پیچد کثیف	آگہی نبود بصر را زان لطیف	آنکھ سے جبتک نہ خارج ہو کثیف	کب دکھائی دے بصر کو وہ لطیف
باز افزون است ہنگام اثر	از ہزاران تیشہ و تیغ و تبر	پھر زیادہ ہے یہ ہنگام اثر	سیکڑون تیغ و تبر سے تیز تر
باش تا روزے کہ آن فکر و خیال	بر کشاید بے حجابی پر و بال	ٹھہر تو اک روز وہ فکر و خیال	بے حجابی سے جو کھولے پر و بال
کوہہا بینی شده چون پشم نرم	نیست گشتہ این زمین سرد و گرم	کوه کو دیکھے مثال اک بال کے	نیست ہو جاوے زمین اس حال سے
نے سما بینی نہ اختر نے وجود	جز خدائے واحد حی و دود	نے فلک دیکھے نہ اختر نے وجود	بس سوا اک واحد حی و دود
یک فسانہ راست آید یا دروغ	تا دہد مر راستیہا را فروغ	اک حکایت راست آئے یا دروغ	راستی کو اس سے ہووے تا فروغ

حسد بردن حشم بر آن بندهٔ خاص — حسد کرنا ملازمونکا اوپر اس بندهٔ خاص کے

پادشاہے بندهٔ را از کرم	برگزیده بود از جملہ حشم	اک غلام اک شہ نے از راه کرم	سب غلامون سے کیا مقبول اہم
جامگی او وظیفہ چل امیر	ده یکے قدرش ندیده صد وزیر	اسکو ملتا تھا وظیفہ چل امیر	عشر قدر اسکی نہ رکھتے سو وزیر
از کمال طالع و اقبال و بخت	او ایازے بود و شہ محمود وقت	پس کمال اقبال سے وه اہل ناز	شاه تھا محمود وقت اور وه ایاز

۱ غیب سے الخ یہ شعر غیب سے یہ اندیشہ ایک آتش نمودار ہے اور مانند ہوا کے لطافت سے فرحت رکھتا ہے جب تک آنکھ سے کثافت نہ دور ہو کب دکھائی دے بصر کو وه لطافت اندیشہ کی پھر یہ ہنگام اثر کی زیاده ہے صدہا تیغ و تبر سے تیزی مین تو ٹھہر ایک روز وه فکر و خیال سے بے حجاب ہونے سے جو کھولے پر و بال تو کوه کو دیکھے مثل ایک بال کے نیست ہو جائے زمین اس حال سے نہ فلک نہ اختر نہ وجود تجھ کو نظر آئے بس سوا ایک واحد و دود کے یعنے تو اشیاے دنیا کو بڑا جانتا ہے اور فکر اور اندیشہ کو ایک شے قلیل جانتا ہے بسبب جہل و بے عقلی کے اگر ایک دن یہ فکر و خیال منکشف ہوا تو یہ زمین و آسمان وغیره اشیاے جہان سب نیست ہو جاوین گے اور سواے ذات مقدس کے تجھ کو نہ دکھائی دیگا ایک حکایت اسکو الفقری صحیح اقبال کہتے ہین راست آئے یا دروغ آسے مگر راستی کو اس سے فروغ ہووے یعنے ایک حکایت ہین اس کی مثال مین کہتا ہون کہ تا راستی کو اس سے رونق ہووے چنانچہ وه حکایت آگے بیان ہے فافہم ۱۲ ۲ ایک غلام الخ ۳ شعر ایک بادشاه نے ایک غلام کو از راه کرم کے سب غلامون سے زیاده مقبول کیا اُس کو تنخواه ملتی تھی چالیس امیرون کی دسوان اس کی قدر کا سو وزیر نہ رکھتے تھے پس کمال اقبال و ناز سے بادشاه محمود وقت اور وه ایاز تھا یعنے بظاہر وه بادشاه و غلام محمود و ایاز وقت کا تھا لیکن ناظرین کو لازم ہے کہ یہ ضمن مین مراد خدا و رسول صلے اللہ علیہ وسلم سے ہے کہ محمود سے مراد خدا اور ایاز سے مراد جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وصحبہ وسلم جانین کہ مولانا اس پیرایہ مین نعت حضرت رسول مقبول سرور عالم شفیع اعظم احمد مجتبیٰ محمد مصطفیٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہین آگے بیان اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲۔

روح او با روح شہ در اصل خویش / پیش ازین تن بودہ ہم پیوند خویش

کار آن دارد کہ پیش از تن بدست / بگذر از اینہا کہ نو حادث شدست

چشم عارف راست گوئی احول است / چشم او بر کشتہاے اول است

انچہ گندم کاشتندش وانچہ جو / چشم او آنجاست روز و شب گرو

انچہ آبستست شب جز آن نزاد / حیلہا و مکرہا بادست باد

کے شود خوش دل ازین حیلتہاے کش / آنکہ بیند حیلۂ حق بر سرش

او درون دام دامے می نہد / جان تو نے زان جہد نے زین جہد

گر بروید ور بریزد صد گیاہ / عاقبت بر روید آن کشتۂ الہ

کشت تو کارید بر کشت نخست / این دوم فانیست و آن اول درست

تخم اول کامل و بگزیدہ است / تخم ثانی فاسد و پوسیدہ است

افگن این تدبیر خود را پیش دوست / گرچہ تدبیرت ہمہ تدبیر اوست

کار آن دارد کہ حق افراشت است / آخر آن روید کہ اول کاشت است

ہرچہ کارے از براے او بکار / چون اسیر دوستی اے دوستدار

گرد نفس و دزد کارا و مپیچ / ہرچہ آن نکار حق ہیچ است ہیچ

پیش از انکہ روز دین پیدا شود / پیش مالک دزد دین رسوا شود

رخت دزدیدہ بتدبیر و فنش / ماندہ وزدا دری بر گردنش

روح اسکی روح شہ سے اصل مین[۱] / تن سے پہلے شرکت باہم رکھین

کام وہ ہے جو کہ پہلے تن سے ہے / چھوڑ دے انکو کہ یہ حادث ہوے

چشم عارف راست ہے احول نہین / چشم رکھتا ہے بکشت اولین

بوے گندم یا کہ جو جو کچھ کہ ہے / رات دن ہے آنکھ اسکی اس جگھے

حاملہ شب جو کہ ہے وہ ہے جنے / مکر او حیلہ یہ سب بر باد ہے

حیلہ انگیزی سے خوش دل ہو کب / دیکھے حیلہ حق کو اسکے سر پہ جب

دام کے اندر وہ رکھتا دام ہے / تیری جان اس سے نہ اور اس سے بچے

گر اگے سو بار گھانس اور یا گرے / حق کی کھیتی عاقبت اوسپر اگے

کھیت بویا تونے پہلے کھیت پے / دوسرا ہووے فنا پہلا اگے

تخم پہلا کامل اور مقبول ہے / تخم ثانی فاسد اور مجہول ہے

چھوڑ دے تدبیر اپنی یار پے / تیری تدبیر اسکی سب تدبیر ہے

کام وہ ہے جو خدا پورا کرے / بویا جو اول وہی آخر اگے

بوے جو کچھ واسطے اسکے تو بو / یار کا پابند ہے گر اے نکو

کار نفسانی کے پاس اب تو نہ جا / جو نہ حق کا کام ہے وہ ہی برا

اس سے پہلے کہ قیامت کا ہو روز / پیش حق رسوا ہو دزد دین سوز

مال چوری کا جو ہو تدبیر سے / حشر کو وہ اسکی گردن پر رہے

۵۱ روح اس کی الخ شعر اصل مین روح بادشاہ ہے بدن سے پہلے شرکت باہم رکھتی تھی کام وہ بہتر ہے کہ جو پہلے بدن سے ان کو چھوڑ دے کہ یہ حادث ہوئے ہین چشم عارف کی راست بین ہے احول نہین کہ نگاہ رکھتا ہے گندم یا جو جو کچھ کہ بوے رات دن آنکھ اس کی اس جگہ ہے رات حاملہ جس سے ہے وہ جنتی ہے یہ مکر و حیلہ سب برباد ہے وہ خداوند حیلہ انگیزی سے خوش دل کب ہووے دیکھے حیلہ حق کا جب اس کے سر پہ دیکھے دام کے اندر وہ حیلہ گر دام حق کا رکھتا ہے تیری جان اس سے نہ اور اس سے بچے گی یعنی روح جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی روح حق سے جسم سے پہلے مشترک تھی چشم عارف کی کہ راست بین ہے جسم کی دوئی کو نہین دیکھتی ہے نظر اسی روح مشترکہ پر اب تک رکھتی ہے چنانچہ مولانا اس پیش بینی نظر عارف کا حال آگے مثالون مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۲ گر اگے الخ شعر اگر سو بار گھانس اس پر پڑے یا گرے آخر کار حق کی کھیتی اگے گی تو نے کھیت بویا پہلے کھیت پے پر دوسرا کھیت فنا ہووے اور اول اگے کیونکہ پہلا تخم کامل و مقبول ہے اور دوسرا تخم فاسد و مجہول ہے یعنے وہ دام دوسرا ہے پس تیرا دام فنا ہوگا اور حق کا دام باقی رہے گا اور اس کا عمل جاری ہوگا پس چھوڑ دے اپنی تدبیر یار پر کہ تیری تدبیر سب اس کی تدبیر ہے یعنے ارادہ اللہ کا غالب ہے کام وہ ہے کہ جو خدا پورا کرے جو کہ اول بویا ہے وہ آخر اوگے گا تو جو کچھ بوتا ہے اس کے واسطے بو کیونکہ مرد یار کا پابند ہے تو کار نفسانی کے پاس اب نہ جا جو حق کا کام نہین ہے وہ بد تر ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ اس سے پہلے الخ شعر قیامت کے روز سے پہلے دین کا چور رسوا ہوگا جو مال چوری کا تدبیر سے ہوگا حشر کو وہ اس کی گردن پر رہے گا اگر سیکڑون عقلین جمع کرین اور اس کے دام کے سوا ایک دام وہ رکھین اور اپنے دام کو وہ مضبوط پائین پس کب گھانس کو ہوا کی طاقت ہووے اگر تجھ کو یقین نہین ہے قرآن مین دیکھ کہ حق تعالے فرماتا ہے ترجمہ اللہ بڑا حیلہ کرنے والا ہے یعنی حیلہ اللہ کا سب پر غالب ہے پس حق کے مقابل مین حیلہ نہ کرنا چاہیے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

صد ہزاران عقل باہم بر جہند ۔ تا بغیر دام او دامی نہند
دام خود را سخت‌تر یابند و بس ۔ کی نماید قوتی با باد خس
ور نداری باور از من و بہ بین ۔ در نبی واللہ خیر الماکرین
گر تو گوئی فائدہ ہستی چہ بود ۔ در سوالت فائدہ ہست ای عنود
گر ندارد این سوالت فائدہ ۔ چہ شنوم این را عبث بیفائدہ
ور سوالت فائدہ دارد یقین ۔ پس جہان بیفائدہ نبود بہ بین
ور سوالت را بسی فائدہ‌ہاست ۔ پس جہان بیفائدہ آخر چراست
ور جہان از یکجہت بیفائدہ است ۔ از جہتہای دگر پر فائدہ است
فائدہ تو گر مرا فائدہ نیست ۔ مر ترا چون فائدہ است از وی بایست
فائدہ تو گر مرا نبود مفید ۔ چون ترا شد فائدہ گیر ای مرید
ور منم زان فائدہ محروم این حرم ۔ مر ترا چون فائدہ است از وی بسیر
حسن یوسف عالمی را فائدہ ۔ گرچہ بر اخوان عبث بد زائدہ
لحن داؤدی چنان محبوب بود ۔ لیک بر محروم بانگ چوب بود
آب نیل از آب حیوان بد فزون ۔ لیک بر قبطی منکر بود خون
ہست بر مومن شہیدی زندگی ۔ بر منافق مردن است و ژندگی
چیست در عالم بگو یک نعمتی ۔ کہ نہ محروم اند از وی امتی
گاو خر را فائدہ چہ از شکر ۔ ہست ہر جان را یکی قوتی دگر
لیک گر آن قوت بر وی عارضی ۔ پس نصیحت کردن او را رائضی

سیکڑون عقلین اگر باہم ملین ۔ اور سوا دام اسکے اک دام اور کہین
دام کو مضبوط پائین اپنے وو ۔ کب ہوا کی ہوئے طاقت گھاس کو
دیکھ قرآن مین اگر باور نہین ۔ ہے کہا واللہ خیر الماکرین
فائدہ ہستی سے کیا گر تو کہے (ف۱) ۔ فائدہ کچھ تو ہے او کمین ترے
گر سوال اب رکھے نے فائدہ ۔ کسلیئے اسکو سنون بیفائدہ
فائدہ گر یہ سوال آخر رکھے ۔ پس جہان بیفائدہ کیونکر ہے
گر سوال اب فائدہ از بس رکھے ۔ ہے جہان بیفائدہ کسواسطے
اک جہت سے ہی جہان بیفائدہ ۔ اور جہتون سے رکھے ہی فائدہ
فائدہ تجکو اگر نے مجھ کو ہو ۔ تجکو گر ہو فائدہ قائم رہو
فائدہ تیرا نہ مجکو ہو مفید ۔ تجکو گر ہو فائدہ لے ای مرید
فائدہ سے گر مین آزاد اب ہوا ۔ گر ہو تجکو فائدہ مت ہو جدا
(ف۲) حسن یوسف سے جہان کو فائدہ ۔ بھائیون پر بس ہوا تھا ناروا
لحن داؤدی تو بس محبوب تھا ۔ پر وہ محرومون پہ بانگ چوب تھا
آب حیوان سے فزون تھا نیل کا ۔ قبطی منکر کو لیکن خون تھا
ہے شہادت مومنون پر زندگی ۔ اور منافق پر ہے موت و مردگی
کون سی عالم مین نعمت ہے کہو ۔ کہ نہ محروم اس سے امت ایک ہو
گاؤ خر کو فائدہ شکر سے کیا ۔ قوت ہر اک جان کا بس ہے جدا
لیک وہ قوت اسپہ گر ہے عارضی ۔ بند کرنا اسکو ہے چابک گری

ف۱ فائدہ ہستی الخ، شعر اگر تو کہے کہ فائدہ ہستی سے کیا ہے تو تیرے سوال کرنے مین کچھ فائدہ ہے اگرچہ سوال اب فائدہ نہین رکھتا ہے تو مین کس لیے اس کو سنون بے فائدہ اگر یہ سوال آخر یہ فائدہ رکھتا ہے پس جہان بے فائدہ کس واسطے ہے ایک جہت سے اور اگر تجھ کو فائدہ نہین ہے تو مجھ کو ہو اگر تجھ کو فائدہ ہے قائم رہ تیرا فائدہ مجھ کو مفید نہ ہو اور اگر تجھ کو فائدہ ہو وے لے اے مرید اگر مین فائدہ سے اب آزاد ہوا اگر تجھ کو فائدہ ہو مت جدا ہو آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲ ف۲ حسن یوسف الخ، شعر یوسفؑ کے حسن سے جہان کو فائدہ ہے بھائیون پر بس ناروا تھا لحن داؤدی سب کو محبوب تھا ولیکن محرومون پر بانگ چوب تھا آب نیل کا آب حیوان سے افزون تھا ولیکن قبطی منکر کو خون تھا شہادت مومنین پر زندگی ہے لیکن منافق پر موت و مرگ ہے تم کہو کون سی عالم مین نعمت ہے کہ اس سے محروم اک امت نہ ہووے گاؤ خر کو شکر سے کیا فائدہ غذا ہر ایک جان کی جدا ہے ولیکن وہ غذا اگرچہ اس پر عارضی ہے نصیحت اس کو کرنا چابک گری ہے یعنے ایک شے ہے کہ ایک شے کو نفع دیتی ہے دوسرے کو ضرر پہونچاتی ہے جیسے شکر گاؤ خر کو ضرر پہونچاتی ہے لیکن نصیحت کرنا اس کو آراستگی ہے کہ وہ غذا موجب ضرر نہ ہو چنانچہ اس کی مثال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ـ

چون کسے کو از مرض گل داشت دوست
قوت اصلی را فرامش کردہ است

قوت اصلی بشر نور خدا است
میک از او در رین افتاد دل

روے زرد و پاے سست و دل سُبک
آن غذاے خاصگان دولت است

شد غذاے آفتاب از نور عرش
در شہیدان یرزقون فرمودہ حق

دل ز ہر یارے غذاے میخورد
صورت ہر آدمی چون کاسہ است

از لقاے ہر کسے چیزے خوری
چون ستارہ با ستارہ شد قرین

از قران مرد و زن زاید بسیر
وز قران خاک با باران ہا

وز قران سبزہ ہا با آدمی
نوش را بگذاشتہ سم خوردہ است

وز قران خرمے با جان ما
قابل خوردن شود اجسام ما

اگرچہ پندارد کہ آن خود قوت اوست
روے در قوت مرض آوردہ است

قوت حیوانی مراو را ناسزاست
کہ خورد او روز و شب این آب و گل

کو غذاے والسماء ذات الحبک
خوردن آن بے گلو و آلت است

مر حسود دیو را از دود فرش
آن غذا را نہ دہان بد نہ طبق

دل ز ہر علمے صفائی می برد
چشم از معنی او حساسہ است

وز قران ہر قرین چیزے بری
لائق ہر دو اثر زائد یقین

وز قران سنگ و آہن ہم شرر
میوہ ہا و سبزہ ہا ریحانہا

دل خوشی و بے غمی و خرمی
قوت علت ہمچو چوبش کردہ است

می بزاید خوبی و احسانہا
چون بر آید از تفرج کام ما

جیسے[۱] مٹی کھائے مرضو نین کوئی
قوت اصلی کو وہ اپنے بھول کر

نور حق ہے قوت اصلی بشر
پر مرض سے یہ ہوا مرغوب دل

زرد رو اور سست پا اور دل سبک
وہ[۲] غذا کہ خاصگان حق کی ہے

ہے غذاے شمس نور عرش سے
یرزقون حق شہیدوں کو کہے

دل غذا پاتا ہی ہر اک یار سے
صورت انسان ہی مثل اک جام کے

تو لقاے ہر کسی سے لے غذا
جو[۳] ستارہ ہو ستارے کے قریب

قرب مرد و زن سے پیدا ہو پسر
قرب باران خاک سے پیدا ہوا

قرب سبزہ سے کرے جو آدمی
کھانا اپنا چھوڑ کھایا زہر خوب

خرمی کو قرب ہو جو جان سے
جسم قابل ہووے کھانے کے مرا

گرچہ جانے کہ خورش ہی وہ مری
رکھتا ہی قوت مرض پیش نظر

قوت حیوانی کرے اُس کو ضرر
کہ وہ کھاتا رات دن ہی آب و گل

ہی کہاں قوت سما ذات الحبک
بے گلو آکے کھاتے ہین اسے

اور شیطان کے دھوان ہی فرش سے
اُس غذا کو کچھ نہ حاجت منھ کی ہے

دل صفا ہر علم سے بس ہوتا ہی
چشم معنی اسکی سے بس حس کرے

قرب سے لے ہر قرینون کی غذا
ہو اثر دونون کے لائق اے حبیب

قرب سنگ آہن سے پیدا ہو شرر
میوہ اور ریحان و گل اور سبزہ ہا

ہو خوشی اور بے غمی اور خرمی
کر دیا قوت مرض نے مثل چوب

خوبی و احسان وہ پیدا کرے
کیون نہ ہووے کام فرحت سے مرا

[۱] جیسے مٹی الخ ۵ شعر جیسے کوئی شخص مٹی کھائے مرضون مین وہ اگرچہ جانے کہ میری خورش ہے غذاے اصلی کو وہ اپنی بھول کر غذاے مرض پیش نظر رکھتا ہے غذا اصلی بشر کی نور حق ہے اور غذا حیوانی اس کو ضرر کرے لیکن مرض سے یہ مرغوب ہوا ہے کہ وہ رات دن آب و گل کھاتا ہے اور زرد رو اور سست قدم و سبک دل ہے غذا روحی کہان ہے ترجمہ قسم ہے اس آسمان کی کہ صاحب راہ ہے یعنی کہ رسائی آسمان پر ہو دے آگے بیان اس غذا کا ہے فافہم ۱۲ [۲] وہ غذا الخ ۷ شعر وہ غذا کہ خاصان حق کی ہے بغیر آلہ و گلو کے اُسے کھاتے ہین غذاے شمس کی کہ نور عرش سے ہے اور غذا شیطان کی دھوین فرش سے یرزقون فرحین بما اتٰهم الله من فضلہ یعنی رزق دیے جاتے ہین اور خوش ہین اُس چیز سے کہ دی گئی ہے حق شہیدون کو کہتا ہے اس غذا کو کچھ دہن کی حاجت نہین ہے آگے حقائق ہین اور حسن پرستی کا بیان ہے دل غذا پاتا ہے ہر ایک یار سے اور دل صفائی پاتا ہے ہر ایک علم سے صورت انسان کی مثل ایک جام کے ہے اور اُسکے معنی سے چشم حس کرتی ہے تو ہر کسی کی لقا سے غذا لے اور ہر قرینون کے قرب سے غذا یعنی صورت انسان کی مثل پیالہ پر طعام کے ہے کہ ذات جمیع اسماء و صفات انسان کی تربیت چشم دل عارف اہل حس کی لقا سے اور قریبون کی صحبت سے وہ غذا پاتی ہے چنانچہ اس غذا کی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ [۳] جو ستارہ الخ ۷ شعر جو ستارہ قریب ستارہ کے ہو اثر دونون کے لائق پیدا ہو قربت مرد و زن سے پسر پیدا ہو اور قرب سنگ آہن سے شرر پیدا ہو قرب خاک و باران سے میوہ و ریحان و گل و سبزہ آگے خوشی و خرمی و بیغمی ہو جان سے جو قرب خرمی کو ہو خوبی احسان وہ پیدا کرے جسم میرا قابل کھانے کے ہو دے کیونکہ میرا کام فرحت سے ہووے یعنے اس غذاے روحی کے حصول سے عارف کو فرحت ہوتی ہے پس وہ فرحت موجب کشود کاری ہے چنانچہ اس کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲۔

سرخروئی از قران خون بود — خون ز خورشید خوشی گلگون بود
بہترین رنگہا سرخی بود — دل ز خورشید است وز وی میرسد
ہر زمینے کو قرین شد با زحل — شوره گشت و کشت را نبود محل
قوت اندر فعل آید ز اتفاق — چون قران دیو با اہل نفاق
این معانی راست از چرخ نہم — بے ہمہ طاق و طرم طاق و طرم
خلق را طاق و طرم عاریت است — امر را طاق و طرم ماہیت است
از پے طاق و طرم خواری کشند — بر امید عز در خواری خوش اند
بر امید عز دو روزه خدوک — گردن خود کرده اند از غم چو دوک
چون نمی آیند اینجا که منم — کاندرین عز آفتاب روشنم
مشرق خورشید برج قیرگون — آفتاب ما ز مشرق ہا برون
مشرق او نسبت ذرات او — نہ برآمد نہ فرو شد ذات او
ما که واپس مانده ذرات ویم — در دو عالم آفتاب بے فیئم
باز گرد شمس میگردم عجب — ہم ز فر شمس باشد این سبب
شمس باشد بر سببہا مطلع — ہم ازو حبل سببہا منقطع
صد ہزاران بار ببریدم امید — از کہ از شمس این شما باور کنید
تو مرا باور مکن کز آفتاب — صبر دارم من و یا ماہی ز آب

سرخرو ہو قرب[1] سے خون کے نکو — خون خورشید خوشی سے سرخ ہو
سرخ رنگت بہترین رنگ ہے — بہونچتی ہے جو کہ وہ خورشید سے
جس زمین میں قرب ہووے زحل سے — شور ہووے اور نہیں کھیتی اُگے
قوت آوے فعل میں باتفاق — قرب شیطان جیسے با اہل نفاق
اس معانی کو نویں افلاک سے — کروفر بے کروفر کے پہونچے ہے
خلق میں یہ کروفر ہے عاریت — امر حق کو کروفر ہے ماہیت
کروفر کے واسطے بس خوار ہیں — طمع عزت کیلیے خواری رکھیں
ہیں[2] پریشان عز دو دن کیلیے — مثل تکلے کے ہے گردن رنج سے
کیوں نہیں آتے یہاں وہ کہ ہیں — روشن ایک خورشید ہوں اعزاز میں
برج نیلا شرق ہے خورشید کا — مشرقوں سے شمس باہر ہے مرا
شرق نسبت اُسکے ذروں کے ہے — نے طلوع و غروب ذات اسکی رکھے
ہم جو پیچھے رہ گئے ذرے ہیں — شمس کے سایہ میں ہم کونین میں
شمس کے ہم گرد پھرتے ہیں عجب — دبدبہ سے شمس کے ہی یہ سبب
شمس ہوتا ہے سبب پر مطلع — بھی سبب کا رشتہ اس سے منقطع
لاکھوں بار امیدیں ہم نے چھوڑ دیں — کس سے اس شمس زمان سے ہی یقین
مت یقین کر مجکو ہے خورشید سے — صبر یا کہ آب سے مچھلی کو ہے

سلہ سرخرو الخ، شعر قرب خون سے سرخرو ہو خورشید خوشی سے خون سرخ ہو بہترین رنگ سرخ رنگت ہے جو کہ وہ خورشید سے حاصل ہوتی ہے جس زمین کو زحل سے قرب ہووے وہ شور ہووے وہ کھیتی نہ اُگے اتفاق سے قوت فعل میں آئے جیسے قرب شیطان سے اہل نفاق کو اس معنی کو افلاک نہم سے بغیر کروفر کے کروفر پہونچتی ہے عالم خلق میں یہ کروفر عاریت ہے اور عالم امر میں یہ کروفر ماہیت ہے پس خوار ہیں کروفر کے واسطے اور عزت کے لیے خواری رکھتے ہیں یعنے یہ کروفر دنیا میں عارضی ہے اور معنے میں قدیمی ہے پس تو اے عارف یہ کروفر یہاں مت چاہ کہ فنا ہوگا بلکہ کروفر معنے میں حاصل کر یہ ہمیشہ تجھے حاصل ہوگا باقی حال اس کا آگے بیان کرتے ہیں فافہم ۱۲

سلہ ہیں پریشان الخ ۹ شعر دو دن کی عزت کے لیے پریشان ہیں اور گردن اس کی مثل تکلے کے ہے رنج سے آگے مقولہ عالم معنے کا ہے وہ کیوں نہیں یہاں پر آتے ہیں کہ میں ایک خورشید روشن ہوں اعزاز سے خورشید کا مشرق برج نیلا ہے میرا شمس باہر ہے مشرقوں سے شرق بہ نسبت اس کے ذروں کے معلوم ہوتا ہے ورنہ طلوع اور غروب ذات اُس کی نہیں رکھتی ہے یعنے آفتاب معنے کو طلوع اور غروب نہیں ہے مگر سبب پیچھے رہنے کہ ہم ذرہ ہیں گو دونوں جہان میں شمس کے سایہ میں ہیں ہم شمس کے گرد پھرتے ہیں سبب دبدبہ شمس کے یہ سبب ہے شمس سبب پر مطلع ہوتا ہے یعنے شمس معنی سبب پر رشتہ سب کو قطع کرکے دور ڈالتا ہے لاکھوں بار ہم نے امیدیں چھوڑ دیں کس سے اس شمس زمانہ سے تجھے یقین ہے تو یقین مت کر کہ خورشید معنے سے مجھ کو صبر ہے یا کہ آب سے مچھلی کو ہے یعنی لاکھوں بار ہم نے شمس معنے سے امیدیں چھوڑ دیں مگر صبر نہ کرسکے اور پھر رجوع کی آگے اس ناامیدی کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

در شوم نومید نومیدی من
عین صنع آفتاب است ای حسن
جو میں ہون نومید نومیدی مری [1]
عین صنعت شمس کی ہے اے اخی

عین صنع از نفس صانع چون برد
عین هست از غیر هستی چون چرد
عین صنع کھینچے کب صانع سے دست
غیر ہستی سے چرے کب عین ہست

جمله هستیها ازین روضه چرند
گر براق و تازیان یا خود خرند
ہستیان سب اس چراگہ سے چرین
گر براق و اسپ یا خر گاؤ ہین

لیک اسپ کور کورانه چرد
می نه بیند روضه را زانست رد
اسپ اندھا مثل اندھون کے چرے
دیکھتا سبزہ نہین محروم ہے

وانکه گردش ها ازین دریا ندید
هر دم آرد رو بمحراب جدید
گردش اس دریا کی جو دیکھے نہیں [2]
وہ نئی محراب پر لائے یقین

او ز بحر عذب آب شور خورد
تا که آب شور او را کور کرد
کھاری پانی میٹھے دریا سے پیا
پانی کھاری نے اسے اندھا کیا

بحر میگوید بدست راست خور
زاب من ای کور تا یابی بصر
بحر کہتا ہے کہ سیدھے ہاتھ پر
پانی پی اندھے کہ تا پائے بصر

هست دست راست اینجا ظن راست
کو بداند نیک و بد را کز کجاست
ہاتھ سیدھا یان گمان نیک ہے
کون جانے نیک و بد کس جا سے ہے

نیزه گردانیست ای نیزه که تو
راست میکردی گه و گاهی دوتو
نیزہ گردان وہ ہے اور نیزہ ہے تو
گاہ سیدھا تو پھرے گہ دونون سے

ما ز عشق شمس دین بی ناخنیم
ورنه ما آن کور را بینا کنیم
شمس دین کے عشق سے عاجز میں ہون
ورنہ اس اندھے کو میں بینا کرون

هان ضیاء الحق حسام الدین تو زود
داروش کن کوری چشم حسود
ہان ضیاء الحق حسام الدین تو
جلد اچھی کر دے اس کی آنکھ کو

توتیای کبریای تیز فعل
دارو ظلمت کش استیز فعل
تو ہے سرمہ کبریا در پر اثر [3]
دافع ظلمت دوائے تیز تر

آنکه گر بر چشم اعمی بر زند
ظلمت صد ساله را زو بر کند
چشم نابینا پہ گر اس کو رکھے
سو برس کی ظلمت اس سے دور کرے

جمله کوران را دوا کن ای قمر
ای نهال میوه دار افشان ثمر
کر تو سب اندھون کی دارو اے قمر
اے درخت میوہ دار دے پر ثمر

جمله کوران را دوا کن جز حسود
کز حسودی بر تو می آرد جحود
کر دوا اندھون کی حاسد کے سوا
تجھ سے از راہ حسد منکر ہوا

مر حسودت را اگرچه آن منم
جان مده تا همچنین جان میکنم
حاسدون کو تو اگرچہ میں بھی ہون
جان نہ دے تا ایسے ہی جان انکی لو

آنکه او باشد حسود آفتاب
کور میگردد ز بود آفتاب
جو کوئی ہووے حسود آفتاب
کر دے اندھا اسکو نور آفتاب

---

[1] جو مین ہون الخ یہ شعر اگر مین ناامید رہون تو ناامیدی میری عین صنعت شمس کی ہے ہاتھ کھینچے عین ہست کب غیر ہستی سے غذا پائے سب ہستیان اس چراگاہ سے چرین اگرچہ براق و اسپ و خر گاؤ ہین آگے مثال اس کی ہے اندھا اسپ مانند اندھون کے چرتا ہے اور سبزہ نہین دیکھتا ہے محروم ہے یعنی سب غافلان دنیا ذات حق سے غذا پاتے ہین مگر بسبب لاعلمی کے مثل اندھون کے لذت و فرحت اسکی سے محروم ہین باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ [2] گردش الخ یہ شعر عوام نے دریائے نبوت کی گردش نہین دیکھی وہ نئی محراب پر یقین لائے میٹھے دریا سے کھاری پانی پیا اور اس نے اسے اندھا کیا دریا کہتا ہے کہ سیدھے ہاتھ پر اے اندھے پانی پی کہ تا بصر تو پائے سیدھا ہاتھ یہان گمان نیک ہے کون جانتا ہے کہ نیک و برکس جا سے ہے وہ نیزہ ہلانے والا ہے اور نیزہ تو ہے کبھی سیدھا تو پھرے اور کبھی دونون طرف مین شمس دین کے عشق سے مین عاجز ہوا ہون ورنہ اس اندھے کو مین بینا کرتا مگر کیا کرون کہ رسول خدا صلے اللہ علیہ وسلم اجازت نہین دیتے ہین ضیاء الحق حسام الدین تو جلد اچھا کر دے اُن کی آنکھ کو یعنے یا رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم تمام غافلان دنیا کو بینا فرمائیے کہ تیرہ دلی سے نجات پاکر معرفت حق حاصل ہو باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ [3] تو ہے سرمہ الخ یہ شعر تو ہے سرمہ کبریا اور پر اثر دافع ظلمت اور دوائے تیز تر اگر کوئی اُس کو چشم نابینا پر رکھے سو برس کی ظلمت اُسکی دور کر دے تو سب اندھون کی دارو کر اے قمر اے درخت میوہ دار پر ثمر تو اندھون کی دوا کر سوا حاسد کے تجھ سے جو از راہ حسد کے منکر ہوا ہے تو حاسدون کو کہ اگرچہ مین بھی ہون جان مت دے تا جان اُن کی ایسی ہے مین لون جو کوئی حسود آفتاب ہووے وہ اندھا نور آفتاب سے ہو وے یعنی سب افعالون مین حسد بدتر ہے جو نبی اللہ سے حاسد ہوا وہ اندھا ہے یہان اور وہان باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ١٢

انیت درد بے دوا کورست آہ	انیت افتاد ماید در قعر چاہ	اندھاپن[۱] تیرا ہے درد بے دوا	چاہ مین ڈوبا ہے تو جس سے سدا
نفی خورشید ازل بیست او	کے برآید این مراد او بگو	نفی خورشید ازل چاہے جو وہ	کب مراد اُسکی برآئے یہ کہو
باز آن باشد کہ آید نزد شاہ	باز کورست آنکہ او گم کردہ راہ	باز ہے وہ جو کہ آئے نزد شاہ	باز وہ اندھا ہی بھولے جو کہ راہ

گرفتار شدن باز میان چغدان با ویرانہ

گرفتار ہونا باز کا درمیان اُلوونکے ویرانہ مین

باز در ویرانہ بر چغدان فتاد	راہ را گم کرد در ویران فتاد	باز[۲] آکر اُلوون مین اک پھنسا	راہ بھولا اور بیابان مین پڑا
او ہمہ نورست از نور رضا	لیک کورش کرد سرہنگ قضا	جملہ وہ نور ضیا سے نور ہی	پر کیا حکم قضا نے کور اُسے
خاک در چشمش زد و از راہ برد	در میان چغد و ویرانش سپرد	خاک ڈال آنکھون مین گمرہ کر دیا	اُلوون کے ساتھ ویرانہ دیا
بر سر آن چغد انش بر سر میزنند	پر و بال نازنینش می کنند	سر پہ اُسکے ایسے اُلو سر چڑھے	نوچنے سب بال و پر اُسکے لگے
ولولہ افتاد در چغدان کہ ہا	باز آمد تا بگیرد جاے ما	اُلوون مین شور و غل اک پڑ گیا	کہ ہماری باز اب لیتا ہے جا
چون سگان کوئے پر خشم و مہیب	اندر افتادند در دلق غریب	جیسے کتے کٹکھنے غصہ مین آ	پھاڑتے گدڑی مسافر کی ہین جا
باز گوید من چہ در خوردم بہ چغد	صد چنین ویران رہا کردم بہ چغد	باز بولا اُلوون سے تنگ ہون	ایسے سو ویرانے انکو چھوڑ دون
من نخواہم بود اینجا می روم	سوئے شاہنشاہ راجع میشوم	مین نہین رہتا یہان جاتا ہون مین	عزم شاہنشاہ اب کرتا ہون مین
خویشتن مکشید اے چغدان کہ من	نے مقیم میروم سوئے وطن	مت مرو اے اُلوو جاتا ہون مین	پس وطن کو اور نہین رہتا ہون مین
این خراب آباد در چشم شما است	ورنہ ما را ساعد شہ باز جاست	یہ خراب آباد تم ہو دیکھتے	ورنہ دست شاہ میری جاے ہے
چغد گفتہ باز حیلت می کند	تا ز خان و مان شما را بر کند	بولے[۳] اُلو حیلہ کرتا باز ہے	تا ہمارا خان و مان برباد دے
خانہاے ما بگیرد او بہ مکر	بر کند ما را بسالوسی ز وکر	گھر ہمارا مکر سے وہ چھین لے	اور گھر سے وہ ہمین بے گھر کرے

۱ اندھا پن الخ ۳ شعر تیرا اندھا پن ایک درد لا دوا ہے کہ جس سے تو چاہ ذلت مین ڈوبا سدا ہے نفی جو خورشید ازل کی وہ چاہے اُسکی کب مراد برآئے اور کہو وہ شخص باز ہے کہ نزدیک بادشاہ کے آئے اور وہ باز اندھا ہے کہ جو راستہ بھولے یعنے جو مطیع پیغمبر علیہ السلام ہے وہ باز ہے اور منکر اُسکا اندھا ہے چنانچہ اس باز کا قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲ باز آکر الخ ۱۰ شعر ایک باز آکر الوون مین پھنسا اور راہ بھول کر بیابان مین پڑا نور ضیا سے وہ بالکل نور و ضیا تھا لیکن حکم قضا نے اندھا اُسے کیا آنکھون مین اُسکی خاک ڈال کر گمراہ کر دیا اور الوون کے ساتھ ویرانہ دیا اُسکے الو ایسے سر پر چڑھے کہ سب بال و پر اُس کے نوچنے لگے اُلوون مین ایک شور و غل پڑ گیا کہ ہماری جا اب باز لیتا ہے آگے مثال ہے جیسے کتے غصے مین آکر گدڑی مسافر کی پھاڑتے ہین باز نے کہا کہ مین الوون سے تنگ ہون ایسے سو ویرانے ان کو چھوڑ دون مین یہان نہین رہنا چاہتا ہون طرف شاہنشاہ کے مین رجوع کرتا ہون مت مرو اے الوو مین جاتا ہون سوے وطن اور نہین رہتا ہون یہ خراب آباد تم بہتر جانتے ہو ورنہ دست شاہ میری جگہ ہے یعنے مولانا اشارہ کرتے ہین طرف جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ کفار عرب سے حضور کا یہی معاملہ تھا جو بیان فرماتے ہین ۱۲ ۳ بولے الو الخ ۸ شعر الوون نے کہا کہ باز حیلہ کرتا ہے تا ہمارا خانمان برباد کر دے اور مکر سے گھر چھین لے اور ہمین گھر سے بے گھر کرے واللہ کل حریصون سے یہ بدتر ہے چھاج کے مانند حرص سے مٹی کھاتا ہے دیکھو اے یار تو دُنبہ ہے دے شاہ دوست شاہ سے جھوٹ کہتا ہے تاکہ ہم غریبون کو گمراہ کرے کب ایک مرغ حقیر جنس شاہ کا ہو عقل اگر تھوڑی بھی ہو تو مت سنو اگر وہ جنس شاہ یا جنس وزرا سے ہے تو لائق لوزینہ کے وہ لہسن کب ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ـ

مینماید سیری این حیلت پرست ‌ ‌ واللہ از جملہ حریصان بدترست
از خورد از حرص طین را ہمچو دبس ‌ ‌ دنبہ مسپارید اے یاران بخرس
لاف از شہ میزند وز دست شاہ ‌ ‌ تا برد او ما سلیمان را ز راہ
خود چہ جنس شاہ باشد مرغکے ‌ ‌ مشنوش گر عقل داری اندکے
جنس شاہ است او و یا جنس زیر ‌ ‌ ہیچ باشد لائق لوزینہ سیر
انچہ میگوید ز مکر و فعل و فن ‌ ‌ ہست سلطان با حشم جویاے من
اینست مالیخولیاے ناپذیر ‌ ‌ اینست لاف خام و دام گول گیر
ہر کہ این باور کند از ابلہی است ‌ ‌ مرغک لاغر چہ در خورد شہی است
کمترین چندار زند بر مغز او ‌ ‌ مر ورا یاری گرے از شاہ کو
گفت باز ار یک پر من بشکند ‌ ‌ بیخ چغدستان شہنشہ بر کند
چغد خود چہ بود اگر بازے مرا ‌ ‌ دل برنجاند کند با من جفا
شہ کند تودہ بہر شیب و فراز ‌ ‌ صد ہزاران خرمن از سرہاے باز
پاسبان من عنایات ویست ‌ ‌ ہر کجا کہ من روم شہ در پیست
در دل سلطان خیال من مقیم ‌ ‌ بے خیال من دل سلطان سقیم
چون بپراند مرا شہ در روش ‌ ‌ می پرم بر اوج دل چون پرتوش
ہمچو ماہ آفتابے می پرم ‌ ‌ پردہ ہاے آسمانہا می درم
روشنی عقلہا از فکرتم ‌ ‌ انفطار آسمان از فطرتم
بازم و در من شود حیران ہما ‌ ‌ چغد کہ بود تا بداند سر ما

بس غنا ہم کو بتائے حیلہ گر ‌ ‌ کل حریصوں سے ہے واللہ وہ بتر
مثل چھاج اب کھائے مٹی حرص سے ‌ ‌ ریچھ کو اے یار دنبہ تو نہ دے
جھوٹ کہتا شاہ و دست شاہ سے ‌ ‌ ہم غریبوں کو وہ تا گمرہ کرے
کب حقیر اک مرغ جنس شاہ ہو ‌ ‌ عقل تھوڑی سی بھی ہو تو مت سنو
جنس شہ یا جنس زر اسے ہی وہ ‌ ‌ لائق لوزینہ کب لسن وہ ہو
کہتا ہے جو کچھ کہ حیلہ مکر سے ‌ ‌ بادشہ وہ ڈھونڈھتا ہے یوں مجھے
ہے یہ مالیخولیاے ناپسند ‌ ‌ ہے یہ دعوی احمقوں کو دام و بند
جو یقین اس پر کرے احمق ہی وہ ‌ ‌ لائق شہ کب حقیر اک مرغ ہو
مارے الو تا کہ اسکے مغز پے ‌ ‌ شاہ اسکی کب مددگاری کرے
باز بولا میرا پر توڑے ذرا ‌ ‌ الوون کی جڑ اکھیڑے شہ مرا
کیا ہے الو باز اگر چاہے مرا ‌ ‌ دل دکھانا یا کرے مجھ پر جفا
ڈھیر کر دے شاہ ہر اک جاے پے ‌ ‌ سیکڑوں خرمن سروں سے باز کے
پاسبان میری عنایت اسکی ہے ‌ ‌ جاؤں جس جا میں وہ شہ ہمراہ ہے
شاہ کے دل میں مرا ہر دم خیال ‌ ‌ بے خیال اب میرے شہ کو ملال
گر اڑائے مجکو شاہ ذو فنون ‌ ‌ اوج دل پر مثل پرتو کے اڑوں
چاند سورج کی طرح اڑتا ہوں میں ‌ ‌ آسمان کا پھاڑتا پردہ ہوں میں
عقل نورانی ہے میری فکر سے ‌ ‌ آسمان پھٹتا ہے فطرت سے مری
باز ہوں مجھ پہ ہما حیران ہے ‌ ‌ بھید کیا الو بچارا پا سکے

ف۱ کہتا ہے الخ یہ شعر جو کچھ وہ حیلہ اور مکر سے کہتا ہے بادشاہت وہ ہم پر ڈھونڈھتا ہے یہ مالیخولیا ہے ناپسند یہ دعوی احمقوں کو قید دوام ہے جو اس پر یقین کرے وہ احمق ہے لائق شاہ کے کب حقیر ایک مرغ ہوتا ہے ادنی الو اسکے مغز پر مارے تو شاہ مددگاری کب اسکی کرے باز نے کہا کہ میرا ذرا پر توڑے تو بادشاہ الوون کی جڑ اکھیڑے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ کیا ہے الو الخ یہ شعر الو کیا ہے اگر باز چاہے دل میرا دکھایا کرے مجھ پر جفا بادشاہ مارکر ہر ایک جا ڈھیر کر دے بازوں کے سروں سے سیکڑوں خرمن اسکی عنایت میری پاسبان ہے میں جس جا جاؤں وہ شاہ میرے ہمراہ ہے شاہ کے دل میں میرا اثر و خیال ہے بغیر خیال میرے شاہ کو ملال ہو اگر مجھکو بادشاہ اڑاوے اوج دل پر میں مثل پرتو اسکے اڑوں مثل مہر و ماہ کے اڑتا ہوں اور آسمان کا پردہ پھاڑتا ہوں میری فکر سے عقل نورانی ہے و آسمان پھٹتا ہے میری فطرت سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ باز ہوں الخ یہ شعر میں باز ہوں اور ہما مجھ پر حیران ہے الو بیچارہ میرا بھید کیا پا سکے میرے لیے بادشاہ نے زندان کو یاد کیا اور سیکڑوں قیدی آزاد کیے مجھکو جو دمساز الوون کا کیا الوون کو میرے دم سے باز کیا یعنی بادشاہ نے میری خاطر سے قیدیان دنیا کو آزاد کیا اور الوون کو میری صحبت سے باز بنا دیا یعنے گنہگاران امت کو بخشا اور لاکھوں کو درجہ ولایت کا عنایت کیا بطفیل حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے اے بہت اچھا الو ہے جو کہ میرے یہ واز سے بھید پایا یہ خوش نصیبی تیری ہے تم مجھ سے مل جاؤ کہ تا باز ہو اگرچہ الو ہو و لیکن شہباز ہو آگے حقائق ہیں ایسے بادشاہ کا جو کوئی حبیب ہووے یعنے جو خدا کا حبیب ہے وہ ہر جا کب غریب ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

شہ برای من ز زندان یاد کرد | صد ہزاران بستہ را آزاد کرد
یک دمم با جغد ہا دمساز کرد | از دمم من جغد ہا را باز کرد
ای خنک جغدی کہ در پرواز من | فہم کرد از نیک بختی راز من
در من آویزید تا نازان شوید | گرچہ جغدید آیند شہبازان شوید
آنکہ باشد با چنان شاہ حبیب | ہر کجا افتد چرا باشد غریب
ہر کہ باشد شاہ دردش را دوا | گر چو نی نالد نباشد بینوا
مالک ملکم نیم من طبل خوار | طبل بازم میزند شہ از کنار
طبل باز من ندای ارجعی | حق گواہ من برغم مدعی
من نیم جنس شہنشہ دور ازو | لیک دارم در تجلی نور ازو
نیست جنسیت ز روی شکل و ذات | آب جنس خاک آمد در نبات
باد جنس آتش آمد در قوام | طبع را جنس آمدست آخر مدام
جنس ما چون نیست جنس شاہ ما | مای ما شد بہر مای او فنا
چون فنا شد مای ما او ماند فرد | پیش پای اسپ او گردم چو گرد
خاک شد جان و نشانیہای او | ہست بر خاکش نشان پای او
خاک پایش شو برای این نشان | تا شوی تاج سر گردن کشان
تا کہ نفریبد شما را شکل من | نقل دے نوشید پیش از نقل من
ای بسا کس را کہ صورت راہ زد | قصد صورت کرد و بر اللہ زد
آخر این جان با بدن پیوستہ است | ہیچ این جان با بدن مانستہ است

یاد زندان شہ نے کی میرے لیے | سیکڑوں آزاد قیدی کر دیئے
مجکو دمساز الوون کا جو کیا | باز دم سے میرے الو کو کیا
اے خوشا الو میری پرواز سے | بھید پایا یا خوش نصیبی تیری ہے
مجھسے مل جاؤ کہ تا تم باز ہو | گرچہ الو ہو مگر شہباز ہو
ایسے شہ کا جو کوئی ہووے حبیب | جس جگہ جاوے رہے کیوں ہوکے غریب
[۱]جس کسی کے درد کی شہ ہو دوا | مثل نے گر چیخے کب ہو بینوا
ملک کا مالک ہون کیا لالچ مجھے | طبل باز اک ہون بجاتا شاہ ہے
طبل باز اپنی ندائے ارجعی | حق مرا شاہد خلاف مدعی
مین نہ جنس شہ ہون اس سے دور ہون | نور اس سے پر تجلی مین رکھون
جنسیت رکھے نہین ہے شکل و ذات | جنس آب و خاک رکھے با نبات
جنس باد آتش کی رکھتی ہے قوام | طبع مین جنس آئی ہے آخر مدام
جنس میری جو نہین ہے جنس شاہ | ہے خودی میری خودی اسکی مین لا
[۲]جو خودی میری گئی اس کی رہی | خاک پائے اسپ ہون اسکی اخی
خاک ہوئی جان و نشانی یہ رکھے | خاک پر اس کا نشان پاینے
خاک پا ہو اس نشان کیواسطے | تاج سرگردن کشون کا تو بنے
تا فریب اب دے نہ تمکو میری شکل | نقل دے دکھاؤ کرون جبتک مین نقل
خلق کو صورت نے بس دھوکا دیا | حق کو مارا قصد صورت جو کیا
جان آخر کو بدن سے ہے ملی | جان کب تن کی ہے مانند اے اخی

[۱] جس کسی کے الخ، شعر جس کسی کے درد کی دوا ہووے مین ملک کا مالک ہون مجھے حرص نہین ایک طبل باز ہون شاہ بجاتا ہے یعنے جو آواز کہ مجھ سے نکلتی ہے وہ بادشاہ کی ہے مین طبل باز ہون اور ندا ہے ارجعی الی ربک یعنے رجوع کر طرف رب اپنے کے حق میرا گواہ ہے برخلاف مدعی کے مین جنس شاہ نہین ہون اس سے دور ہون لیکن تجلی مین اس نور سے رکھتا ہون صورت و ذات جنسیت نہین رکھتی ہے مگر آب و خاک نبات کی جنسیت رکھتے ہین آتش کی جنس قوام مین یاد آتی ہے یہ میری جنس نہین ہے جنس شاہ کی ہے میری خودی اس کی خودی مین فنا ہے باقی حال اس کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

[۲] جو خودی الخ، شعر جب خودی میری گئی اور اس کی رہی تو خاک پائے اس کا ہوؤن مین یعنے صورت قائم اس کا مین ہون جان خاک ہوئی اور یہ نشانی چھوڑ گئی کہ خاک پر نشان اس کا ہے پس خاک پا ہو اس نشان کے واسطے کہ تا گردن کشون کا سرتاج سر بنے تا فریب نہ دے تم کو میری شکل نقل دے دکھاؤ جب تک کہ مین یہان نقل کرون یعنے جب مین اس مین فنا ہون تو میری صورت ظاہری تم کو دھوکا نہ دے گی کہ میری دید عین اسکی دید ہے کیونکہ خلق کو صورت نے دھوکا دیا ہے جبکہ قصد صورت کا کیا تو حق کو مارا آخر کو جان بدن سے ملی ہے تن کے مانند کب جان ہے یعنے جس نے مجھے بشر جان کر قصد کیا جو کہ صورت میری فنا ہے ذات ہے پس اس نے حق کو مارا چنانچہ اسکی مثال آگے ہے وافہم ۱۲ —

تاب نور چشم با پیہ است جفت | نور دل در قطرۂ خونے نہفت
نور آنکھوں کا ہے چربی مین ملا[1] | نور دل اک قطرۂ خون مین چھپا

شادی اندر گردہ و غم در جگر | عقل چون شمعے درون مغز سر
شادی گردہ مین جگر مین غم رہے | مغز سر مین عقل جون شمع جلے

رائحہ در انف و منطق در لسان | لہو در نفس و شجاعت در جنان
ناک مین خوشبو زبان مین نطق ہے | نفس مین کھیل و شجاعت دل رکھے

این تعلقہا نہ بیکیف ست و چون | عقلہا در دانش چونے زبون
یہ تعلق رکھتے چون و کیف ہین | عقل بس عاجز ہے اُس ادراک مین

جان کل با جان جزو آسیب کرد | عقل از وی ستد در جیب کرد
جان کل جو جان جز سے مل گئی | عقل نے گوہر لیا اُس سے اچھی

آن مسیحے نے کہ بر خشک و تر است | آن مسیحے کز مساحت برتر است
اس مسیحا نے جو خشک و تر پہ ہے | وہ مسیحا جو مساحت نے رکھے

پس ز جان جان چو حامل گشت جان | از چنین جانے شود حامل جہان
جان جان سے حاملہ جو ہووے جان | ایسی جان سے حاملہ ہووے جہان

پس جہان زاید جہانے دیگرے | این حشر را وا نماید محشرے
ہو جہان سے دوسرا پیدا جہان | یہ حشر اس پر کرے محشر عیان

تا قیامت گر بگویم بشمرم | من ز شرح این قیامت قاصرم
گر قیامت تک کہون و رمین گنون | اس قیامت کا بیان کب ہے سکون

این سخنہا خود بمعنی یا ربیست | حرفہا دام دم شیرین لبیست
یہ سخن[2] معنی مین خود فریاد ہے | حرف ہین دام دم شیرین لبے

چون کند تقصیر پس چون تن زند | چونکہ لبیکش ز یا رب میرسد
کب کرے تقصیر اور کب رہ سکے | جو سنے لبیک وہ فریاد سے

ہست لبیکے کہ نتوانی شنید | لیک سر تا پاے بتوانی چشید
ہے یہ وہ لبیک نہ سن سکتے ہین | سر سے پاؤن تک ولیکن چکھ سکین

یک مثل آوردمت تا پے بری | وز چنین لبیک پنہان برخوری
ایک مثل کہتا ہون تا پاے بتا | ایسی تو لبیک سے پاے مزا

کلوخ انداختن آن تشنہ از سر دیوار در جوئے آب | ڈھیل پھینکنا اس پیاسے کا دیوار سے آب نہر مین

بر لب جو بود دیوارِ بلند | بر سر دیوار تشنۂ دردمند
نہر پر تھی[3] ایک دیوار بلند | اسکے سر پر ایک تشنہ دردمند

تشنۂ مستسقے زار و نزار | عاشق مست غریبے بیقرار
ایک مستسقی پیاسا اور نزار | مست عاشق تھا غریب اور بیقرار

ف۱ نور آنکھون کا چربی مین ملا ہے اور نور دل کا خون مین چھپا ہے شادی گردے مین اور جگر مین غم رہتا ہے مغز سر مین اور عقل مانند شمع کے جلتی ہے ناک مین خوشبو زبان مین گویائی رہتی ہے نفس مین کھیل اور دل مین شجاعت رہتی ہے یہ تعلق چون وکیف رکھتی ہے عقل اُسکے ادراک مین عاجز ہے جب جان کل جان جز سے مل گئی عقل نے اُس سے گوہر پایا یا مریم کی مثال جان اس گوہر سے حاملہ ہوئی ساتھ مسیح خوش خصال کے نہ مسیح وہ کہ خشک و تر پر ہے بلکہ وہ مسیح جو مسافت نہین رکھتا ہے یعنی نور محمدی سے جان حاملہ ہووے جبکہ جان حاملہ ہووے جان جان سے پھر ایسی جان سے جہان حاملہ ہووے جہان سے دوسرا جہان پیدا ہو یہ حشر اُس پر محشر ظاہر کرے اگر قیامت تک مین کہون اور گنون اس قیامت کا بیان مین کب کر سکون یعنی اُس فنا اور بقا کا حال قیامت تک باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲

ف۲ یہ سخن الخ یہ شعر یہ سخن معنی مین خود ایک فریاد ہے اور صرف لب شیرین کے دام ہین کب قصور کرے اور رہ سکے جب کہ لبیک وہ فریاد سے سنے یہ وہ لبیک ہے کہ سن نہین سکتے ہین بالکل ولیکن مزا اس کا پا سکتے ہین مین ایک مثال اس کی کہتا ہون تا پتا تو پاوے لبیک سے اور مزا تو پاوے یعنے آواز لبیک یار کی کہ سنائی نہین دیتی ہے ولیکن مزا اس کا پا سکتے ہین پس وہ آواز یار صداے اتحاد ہے کہ مولانا اسکا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۳ نہر پر الخ یہ شعر ایک دیوار بلند نہر پر تھی اور ایک تشنہ مستسقے اور زار و مست عاشق و غریب و بیقرار تھا دیوار اُس کی مانع آب سے تھی اور اُسکی جان مانند ماہی کے تشنہ آب تھی جو کہ دیوار پردہ آب ہوئی اُسکی فریاد آسمانون پر گئی ناگہان ایک اینٹ آب مین پھینکی آواز پانی کی اسکو آئی مانند خطاب کے جیسے خطاب یار شیرین جواب کا ہوتا ہے پس اُس آواز نے مانند شراب کے مست کر دیا واضح ہو کہ یہان سے مراد معنی اور آواز سے مراد نور ہے غیب کا آواز آتی ہے کہ عارف کو ہنگام ریاضت کے وہ صدا ظاہر سے معنی کو لیجاتی ہے چنانچہ آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲

مانعش از آب آن دیوار بود — از پے آب و چو ماہی زار بود
شد حجاب آب آن دیوار او — بر فلک میشد فغان زار او
ناگہان انداخت او خشتے در آب — بانگ آب آمد بگوشش چون خطاب
چون خطاب یار شیرین و لذیذ — مست کرد آن بانگ آبش چون نبیذ
از سماع بانگ آب آن ممتحن — گشت خشت انداز زانجا جست کن
آب میزد بانگ یعنی ہی ترا — فائدہ چہ زین زدن خشتے مرا
تشنہ گفت آبا مرا دو فائدہ ست — من ازین صنعت ندارم ہیچ دست
فائدہ اول سماع بانگ آب — کو بود مر تشنگان را چون جواب
بانگ او چون بانگ اسرافیل شد — مردہ را زین زندگی تحویل شد
یا چو بانگ رعد ایام بہار — باغ می یابد ازو چندین نگار
یا چو بر درویش ہنگام زکات — یا چو بر محبوس پیغام نجات
چون دم رحمٰن بود کان از یمن — میرسد سوے محمدؐ بے دہن
یا چو بوے احمد مرسلؐ بود — کان بعاصی در شفاعت میرسد
یا چو بوے یوسفؑ خوب لطیف — میزند بر جان یعقوبؑ نحیف
یا نسیم روضۂ دار السلام — سوے عاصی میرسد بے انتقام
یا سوے مس سیہ از کیمیا — میرسد پیغام کاے ابلہ بیا
یا ز لیلی بشنود مجنون کلام — یا فرستد ویس رامی را پیام
فائدہ دیگر کہ ہر خشتے کزین — بر کنم آیم سوے ماء معین

اسکی مانع آب سے دیوار تھی — شل ماہی جان تھی تشنہ آب کی
جو ہوئی دیوار پردہ آب کی — اسکی فریاد آسمانون پر گئی
ناگہان اک اینٹ پھینکی اندر آب — بانگ آب آئی اسکو جون خطاب
جون خطاب یار کہ شیرین جواب — کردیا مست اس صدا نے جون شراب
پس صدا سے آب سنکر وہ جوان — پھینکتا تھا اینٹ پانی مین وہان
آب کہتا تھا کہ افسوس اب تجھے — فائدہ کیا اینٹ جو ماری مجھے
بولا تشنہ مجکو ہین دو فائدے — اور نہ اس صنعت سے ہے قدرت مجھے
فائدہ اول ہے سننا بانگ آب — کہ پیاسونکو وہ ہوے جون جواب
بانگ اسکی بانگ اسرافیل ہے — زندگی مردونکی جو اس سے ملے
یا صدا ہے رعد کے مانند ہے — جو کہ گلشن کو تر و تازہ کرے
یا گدا کو ہے ندا وقت زکات — یا کہ ہے قیدی کو وہ پیغام نجات
یا دم رحمٰن یمن کے ملک سے — بے دہن سوے محمدؐ آئے ہے
یا مثال بوے احمدؐ کی وہ ہے — عاصیونکو جو شفاعت مین ملے
یا مثال بوے یوسفؑ ہے صدا — کہ کرے یعقوبؑ کی جانکی دوا
یا نسیم روضۂ رضوان ہے — عاصیون کو بے سزا کے جو ملے
یا کہ ہے تانبے کے لیے وہ کیمیا — کہ بلاتی ہے وہ نادان کو کہ آ
یا کہ لیلے سے سنے مجنون کلام — یا کہ بھیجے ویس رامی کو پیام
فائدہ ثانی کہ ہر اک اینٹ کو — کھودون تا ماء معین سے قرب ہو

ا؎ پس صداے آب الخ ۵ شعر پس صداے آب کی سنکر وہ جوان اینٹ پانی مین پھینکتا تھا آب کہتا تھا افسوس اس سے تجھے کیا فائدہ جو تو اینٹ مارتا ہے مجھے تشنہ نے جواب دیا کہ مجھے دو فائدے ہین اور اس صنعت سے مجھے قدرت نہین ہے اول یہ فائدہ کہ مین آواز پانی کی سنتا ہون کہ دوستونکے جواب کے مانند جواب ہوے بانگ اسکی بانگ اسرافیل ہے کہ مردون کو جس سے زندگی ملتی ہے باقی مثالین آگے ہین فافہم ۱۲ ۔ ۲؎ یا صداے الخ شعر یا مانند صداے رعد کے ہے جو کہ گلشن کو تر و تازہ رکھے یا گدا کو وقت خیرات کے ندا ہے یا قیدی کو وہ پیغام رہائی ہے یا یمن کے ملک سے دم رحمٰن ہے کہ بغیر دہن کے محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے آتی ہے کہ جو عاصیونکو شفاعت مین ملی یا مثال بوے یوسفؑ کے وہ صدا ہے کہ یعقوبؑ کی جان کی دوا کرے یا نسیم باغ بہشت ہے کہ عاصیون کو بغیر سزا کے ملے یا تانبے کے لیے وہ کیمیا ہے کہ بلاتی ہے وہ نادان کو کہ آ یا مجنون نے لیلی سے کلام سنا ہے یا کہ ویس نے رامی کو پیام بھیجا ہے یعنے اُس صداے الخ سے عارف تشنہ کو ایسی تسکین ہو جیسے اُن آوازدن مذکورہ سے سامع کو تسکین ہوتی ہے دوسرے فائدہ کا بیان آگے ہے فافہم ۱۲ ۔ ۳؎ فائدہ ثانی الخ ۵ شعر دوسرا فائدہ یہ ہے کہ ہر ایک اینٹ کہ کھودون تا ماء معین سے قریب ہو دیوار بلند سے اینٹ کا گھٹنا نیچا کر دے جس قدر مین اُسے کھودون کمی دیوار کی قربت رکھتی ہے اور فصلی اس کے وصل کے باعث سے ہوئی ہے تو اینٹ گھٹنے کو سجدہ جان لے کیونکہ واسجد واقترب سے قربت حاصل ہوتی ہے یعنی سجدہ کرو قریب تر ہو کیونکہ دیوار سر بلند جھکنے کو مانع رہتی ہے یعنے یہ دیوار وجہ حجب تک یا صنت نہ گھٹے گی معنی حاصل نہ ہوگا گویا سجدہ کرنا مثل حق دیوار کا گھٹنا ہے کیونکہ سجدہ سے سربلندی ٹوٹتی ہے غرضکہ اس سے نفی وجود ہے آگے اس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۔

کز کمی خشت دیوار بلند — پست تر گردد بہر دفعہ کہ کند
پستی دیوار قربے میشود — فصل او درمان وصلے میشود
سجدہ آمد کندن خشت لزب — موجب قربے کہ واسجد واقترب
تاکہ این دیوار عالی گردن است — مانع این سر فرود آوردن است
سجدہ نتوان کرد بر آب حیات — تا نیابی زین تن خاکی نجات
بر سر دیوار ہر کو تشنہ تر — زود تر بر میکند خشت و مدر
ہر کہ عاشق تر بود بر بانگ آب — او کلوخ زفت تر کند از حجاب
او ز بانگ آب پر مے تا عنق — بشنود بیگانہ جز بانگ بلق
اے خنک آنرا کہ او ایام پیش — مغتنم دارد گزارد دام خویش
اندران ایام کش قدرت بود — صحت و زور دل و قوت بود
وان جوانی مثل باغ سبز و تر — میرساند بیدریغے بار و بر
چشمہ ہاے قوت و شہوت وان — سبز میگردد زمین تن بدان
خانہ معمور و سقفش بس بلند — معتدل ارکان و بے تخلیط و بند
نور چشم و قوت ابدان بجا — قصر محکم خانہ روشن پر صفا
ہین غنیمت دان جوانی اے سپر — سر فرود آور بکن خشت و مدر
پیش ازان کایام پیری در رسد — گردنت بندد بحبل من مسد
خاک شورہ گردد و ریزان و سست — ہرگز از شورہ نبات خوش نرست
آب نیرو و آب شہوت منقطع — او ز خویش و دیگران نا منتفع

اینٹ کا گھٹنا بلند دیوار سے — نیچا کردے جسقدر کھودوں اسے
قربت رکھنے کی دیوار کی — فصل اسکے وصل کے باعث ہوئی
اینٹ کے گھٹنے کو سجدہ جان لے — کیونکہ واسجد واقترب سے قرب ہے
جب تلک کہ اونچی یہ دیوار ہے — سر جھکانے کے لیے مانع ہے
آب[۱] حیوان پر نہ سجدہ کر سکے — جب تلک اس خاک تن سے نہ چھٹے
جو بہت تشنہ ہے اس دیوار سے — اینٹ کھودے جلد اس دیوار سے
جو ہی عاشق تر صدا سے آب کا — ڈھیلا پھینکے وہ بڑا دیوار کا
وہ ہی بانگ آب سے پرے بجم — کب سنے بیگانہ خر بانگ نرم
وہ بہت اچھا کہ زیادہ عمر ہے — اور تلافی کرتا ہے مافات سے
اُن دنوں میں اُسکو بس قدرت بھی ہو — صحت و زور دل و قوت بھی ہو
وہ جوانی مثل باغ سبز و تر — بے تامل اسمیں آئین بار و بر
قوت[۲] و شہوت کے ہوں چشمے وان — اور زمین تن ہو سبز اس سے عیان
خانہ آباد اور چھت ہووے بلند — اعتدال اعضا درست ہوں سارے بند
نور چشم اور قوت تن ہو بجا — گھر ہو محکم اور روشن اور صفا
ہان جوانی کو غنیمت جان لے — سر جھکا کھود اینٹ اس دیوار سے
اس سے پہلے کہ بوڑھا ہو یہ جد — اور بندھے گردن بحبل من مسد
خاک ہووے شورہ کمزور اور جھڑے — کب زمین شور میں سبزہ اُگے
زور[۳] و شہوت کا ہو پانی منقطع — خویش و بیگانہ سے نہ ہو کچھ نفع

۱ آب حیوان الخ شعر آب حیوان پر کب سجدہ کر سکے جبتک اس خاک تن سے نجات نہ پاوے جو بہت تشنہ ہے وہ اس دیوار سے جلد اینٹ کھودتا ہے اور جو صدائے آب پر عاشق ہے وہ بڑے ڈھیلے پھینکے دیوار سے وہ بانگ آب سے گردن تک غرق ہے اور بیگانہ بجز آواز نرم کے کب سنتا ہے وہ شخص بہت اچھا ہے کہ عمر زیادہ ہووے اور پر تلافی مافات کی کرے اور اُن دنوں میں اُسکو قدرت بھی ہووے صحت اور زور دل و قوت بھی ہووے وہ جوانی مثل باغ سبز و تر کے ہے بے تامل اس میں ثمر آئین یعنی ریاضت و مجاہدہ جوانی جلد ثمر لاتا ہے اور جب کہ پیرفانی ہو اسوقت کیا فائدہ ہے باقی حال اسکا آگے بیان فرماتے ہیں ۱۲ ۲ قوت و شہوت الخ شعر چشمے قوت و شہوت کے رواں ہو دیں اور زمین تن اس سے سبز عیان ہووے خانہ آباد اور چھت بلند ہووے اعتدال اعضا اور درست سب بند ہو دیں اور نور چشم اور قوت بدن کی بجا ہووے گھر محکم و روشن و صفا ہووے ہان نوجوانی کو غنیمت جان لے سر جھکا اور اینٹ کو کھود اس دیوار سے اس سے پہلے کہ بوڑھا از حد ہووے اور گردن بندھے رسی کنجو رسے خاک شور ہووے اور کمزور ہو کر جھڑے کب زمین شور میں سبزہ اُگے باقی حال اس پیری کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ زور و شہوت کا الخ شعر پانی زور و شہوت کا منقطع ہووے خویش و بیگانہ سے نہ کچھ نفع ہوئے مثل مچھی کے بھویں لٹک جاویں اور آنکھیں ڈھلکے سے دھندلا ہیں ہو جھریاں مثل پیر مانند سو سمار کے پڑیں نطق کھانا و دانت کام میں نہ آویں پیٹھ ٹیڑھی دل سست اور بدن لاغر ہووے اور دست و پا ضعیفی سے مثل رسی کے ہو دیں زاد راہ کم اور سواری سست ہووے خانہ ویران اور کام بے سامان ہو اور دل نغمان سے مثل نے کے نالان ہو عمر گزر گئی اور سعی باطل ہوئی اور راہ دور اور نفس سست اور دل سیاہ و جان ناصبور ہوئی حرص سے مرگ کے بال سفید ہو گئے اور اعضا مثل برگ کے کانپتے ہیں سواری بھاگ کر عالنگ ہوا اور دن گزرا اور منزل دور ہی کار گہ ویران اور عمل قصور لکھتے ہیں جڑ بدخوئی کی محکم ہو گئی طاقت اسکے ص

ص کھودنے کی نہیں مثل اس خوش کلام کے کہ دل میں سخت تھا اور راہ میں درخت کانٹے کا بوتا تھا یعنی پیری میں جب یہ حال ہوا اور جوانی گزر گئی تو کب ریاضت و مجاہدہ ہو سکتا ہے پس طالب کو چاہیے کہ جو کچھ کرے جوانی میں کرے اور پیری میں کوشش کرنا ایسی ہے جیسے زمین کانٹے کا درخت بونا ہی چنانچہ اسکا قصہ آگے فرماتے ہیں فافہم ۱۲

ابروان چون پاردم زیر آمده / چشم را نم آمده تاری شده
از تشنج رو چو پشت سوسمار / رفته نطق و طعم و دندان ها زکار
پشت دو تا گشته دل سست و طپان / تن ضعیف و دست و پا چون ریسمان
برسر ره زاد کم مرکوب سست / غم قوی و دل تنگ تن نادرست
خانه ویران کار بی سامان شده / دل ز افغان همچو نی نالان شده
عمر ضائع سعی باطل راه دور / نفس کاهل دل سیه جان ناصبور
موی بر سر همچو برف از بیم مرگ / جمله اعضا لرزلرزان همچو برگ
روز بیگه لاشه لنگ و ره دراز / کارگه ویران عمل رفته زساز
بیخهای خوی بد محکم شده / قوت برکندن آن کم شده
همچو آن شخصی درشت خوش سخن / در میان ره نشانده خاربن

شل دمچی کے لٹک جائین بھوین / اور آنکھین بھی دھندھلی لیے ہین
جھریان منھ پر پڑین جون سوسمار / نطق دکھا تا دانت نے کوین بکار
پیٹھ ٹیڑھی سست دل الاغر بدن / دست و پا ہون ضعف سے شل رسن
زاد رہ کم اور سواری ہو گئی سست / غم قوی دل تنگ و تن ہو نادرست
خانہ ویران کام بے سامان ہوا / دل فغان سے شل نے نالان ہوا
عمر گزری سعی باطل راہ دور / نفس سست و دل سیہ جان ناصبور
بال ڈر سے موت کے ہون برف سے / کانپتے اعضا ہین مثل برگ کے
گھوڑا النگڑا دن گیا منزل ہے دور / کارگہ ویران عمل رکھین قصور
بیخ بد خوی کی محکم ہو گئی / طاقت اسکے کھودنیکی نے رہی
مثل اس خوشگو کے جو تھا الیمین سخت / راہ مین بوتا تھا کانٹون کا درخت

حکایت

رهگذریانش ملامت گر شدند / پس بگفتندش بکن آن را نکند
هر دمی آن خاربن افزون شدی / پای خلق از زخم او پرخون شدی
جامه‌های خلق بدریدی زخار / پای درویشان بخستی زار زار
چونکه حاکم را خبر شد زین حدیث / یافت آگاهی ز فعل آن خبیث
چون بجد حاکم بدو گفت این بکن / گفت آری بر کنم روزیش من
مدتی فردا و فردا وعده داد / شد درخت خار او محکم نهاد
گفت روزی حاکمش ای وعده کژ / پیش آ در کار ما واپس مغژ

حکایت

راہ گیر اسکو ملامت گر ہوے / کہ اکھیڑ ڈالو نہ اکھیڑے تھا اسے
ہر گھڑی بڑھتا وہ کانٹون کا درخت / پاؤن زخمی اس سے رکھتے نیکبخت
پھٹتے کپڑے کانٹون سے مخلوق کے / پاؤن زخمی ہوتے تھے درویشون کے
پہونچی حاکم کو خبر اس بات کی / اسکے فعل بد سے پائی آگہی
سخت حاکم نے کہا اسکو اکھیڑ / بولا بہتر ایک دن کھودون یہ پیڑ
ایک مدت کل کا جو وعدہ کیا / اور درخت از بسکہ محکم ہو گیا
بولا حاکم اس سے اے وعدہ خلاف / آگے پیچھے نہ ہٹ مت کر تو لاف

۵۱ راہگیرانش الخ یہ شعر راہ گیر اس کو ملامت کرنے والے ہو گئے کہ اس کو اکھیڑ ڈال اور وہ نہین اکھیڑتا ہے ہر گھڑی وہ کانٹون کا درخت بڑھتا تھا اور نیکبختون کے پاؤن اس سے زخمی ہوتے تھے کپڑے مخلوق کے کانٹون سے پھٹتے تھے اور پاؤن زخمی درویشون کے ہوتے تھے باقی اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲
۵۲ پہونچی الخ ۱۱ شعر حاکم کو خبر اس بات کی پہونچی اور آگاہی اسکی ذات سے ہوئی حاکم نے سخت ہو کر کہا کہ اسکو اکھیڑ کہا بہتر ہے ایک دن کھودونگا اس درخت کو ایک مدت تک کل کا وعدہ کیا اور درخت از بس محکم ہو گیا حاکم نے اس سے کہا کہ اے وعدہ خلاف تو آگے بڑھ اور پیچھے مت ہٹ در لات مت مار کہا کہ اے چچا ایام مہلت کے بہت ہین کیا تو جلدی کر اور دست باطل کر فرض ہمارے کو جو تو کہتا ہے کہ کل یہ تو جان لے کہ کل آنے تک تو وہ بھی کل رکھے وہ درخت اب ہر دم جوان ہوتا ہے اور کھودنے والا ہر وقت بوڑھا ہوتا ہے وہ درخت خار قوت مین بڑھے اور کھودنے والا ضعیفی سے گھٹے اور درخت خار ہر دم سبز و تر ہو اور کھودنے والا ہر دن خشک تر ہو وہ جوان ہوا اور تو بوڑھا ہو تو جلدی کر اور عمر کو نہ کھو بس وہ درخت خار تیری خوے بد ہے بار ہا پاؤن مین چبھے تو کوشش کر یہ خوے بد ایک درخت خار دار ہے کہ مخلوق کو اس سے تکلیف پہونچتی ہے بس تو اس درخت کو از راہ جد و کوشش کے زمین طبیعت سے اکھاڑ کہ راستی حاصل ہو چنانچہ باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

گفت الایام یا عم ہینئا	گفت عجل لاتماطل دبینا	بولا الایام باعد ہینئا	بولا عجل لاتماطل ہینئا
تو کہ میگوئی کہ فردا این بدان	کہ بہر روزے کہ می آید زمان	تو جو کہتا ہے کل یہ جان لے	جو کہ کل آوے تو وہ بھی کل رکھے
آن درختے بد جوان تر می شود	وین کنندہ پیر و مضطر می شود	وہ شجر ہوتا ہے اب ہر دم جوان	کھودنے والا ہو بوڑھا ناتوان
خار بن در قوت و برخاستن	خارکن در سستی و در کاستن	وہ درخت خار قوت میں بڑھے	کھودنے والا ضعیفی سے گھٹے
خاربن ہر روز ہر دم سبز و تر	خارکن ہر روز زار و خشک تر	ہو درخت خار ہر دم سبز و تر	کھودنے والا ہو ہر دم خشک تر
او جوان تر میشود تو پیر تر	زود باش و روزگار خود مبر	وہ جوان تر ہووے اور بوڑھا ہو تو	کر تو جلدی ورنہ کھو تو عمر کو
خاربن دان ہر یکے خوے بدت	بارہا در پاے خار آخر زدت	ہے درخت خار تیرے خوے بد	بارہا پا میں چبھے کر تو جہد
بارہا از فعل بد نادم شدی	بر سر راہ ندامت آمدی	فعل[1] بد سے بارہا نادم ہوا	اور ندامت تو نے کھینچی بارہا
گر ز خستہ گشتن دیگر کسان	کہ ز خلق زشت تو ہست آن نشان	دوسروں کے زخم ہونے سے اگر	کہ یہ بدخلقی کا تیرے ہے ثمر
غافلے بارے ز زخم خود نۂ	تو عذاب خویش و ہم بیگانۂ	تو ہے غافل پر نہ اپنے زخم سے	تو عذاب اپنا و بیگانہ کا ہے
یا تبر برگیر و مردانہ بزن	تو علیؓ وار این در خیبر بکن	لے تبر مردانہ اس پر ہاتھ چھوڑ	چون علیؓ تو اس در خیبر کو توڑ
ورنہ چون صدیقؓ فاروقؓ ہین	ہین طریق دیگران را برگزین	ورنہ اب مانند صدیقؓ و عمرؓ	دوسروں کا قاعدہ حاصل تو کر
یا بگلبن وصل کن این خار را	وصل کن با نار نور یار را	یا تو گلبن[2] سے ملا اس خار کو	نار سے کر وصل نور یار کو
تا کہ نور او کشد نار ترا	وصل او گلبن کند خار ترا	نور اسکا کھینچے تیرے نار کو	وصل گلبن کرے تیرے خار کو
تو مثال دوزخی او مومن ست	کشتن آتش بمومن ممکن ست	وہ ہے مومن تو مثال دوزخی	آگ بجھ جاتی ہے مومن سے اخی
مصطفےٰ فرمود از گفت جحیم	کہ بمومن لابہ گر گردد ز بیم	مصطفےٰ کا قول ہے دوزخ کہے	ڈر سے مومن کی خوشامد جان کے
گویدش بگذر ز من اے شاہ زود	ہین کہ نورت سوز نارم را ربود	کہتی ہے جلدی نکل تو مجھ سے شاہ	نار میری نور کرتا ہے تباہ

[1] فعل بد سے الخ ۵ شعر تو فعل بد سے بارہا نادم ہوا اور ندامت تو نے بارہا کھینچی اگر تو دوسروں کے زخم ہونے سے کہ یہ بدخوئی کا تیرے ثمر ہے غافل ہے ولیکن اپنے زخم سے نہیں ہے پس تو اپنے و بیگانے کا عذاب ہے تو مردوں کے مانند تبر لے اور اس پر ہاتھ چھوڑ اور مانند علیؓ کے اس در خیبر کو توڑ ورنہ مانند صدیقؓ و عمرؓ کے تو دوسروں کا طریق حاصل کر یعنی ترک بدخوئی و نفس کشی کے دو طریقے ہیں ایک یہ کہ موجب تقلید سنت و جماعت کے ریاضت و مجاہدہ کرکے بعد تزکیہ و تصفیہ نفس کے و قلب کے مشاہدہ نور محمدی کا کرتے ہیں دوسرا یہ کہ خود کو بدست پیر سپرد کرکے رضا و تسلیم و اعمال حسنہ سے لائق تصرف پیر کریں کہ تصرف پیر نفس کو کشتہ کرکے تصفیہ قلب کرے کہ مشاہدہ نور محمدی ہو چنانچہ مقام ریاضت و مجاہدہ کا حضرت علی کرم اللہ وجہہ کو حاصل تھا اور مقام تصرف پیر حضرت صدیق و عمر رضی اللہ عنہما کو نصیب تھا کیونکہ علی کرم اللہ وجہہ طفولیت میں اسلام لائے تھے حضرت صدیق و عمر رضی اللہ عنہما پیری میں و ریاضت مجاہدہ نے جوان کیا کہ منزل مقصود کو پہونچے اور یہ شیخین رضؓ بوجہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے کامیاب ہوے اس واسطے مولانا دونوں مراتب کا حال فرماتے ہیں از بحر العلوم چنانچہ آگے اسی کا بیان ہے فافہم ۱۲

[2] یا تو الخ ۴ شعر یا تو گلبن سے ملا اس خار کو اور نار سے ملا دے نور یار کو کہ نور اس کا تیری نار کو مارے اور وصل گلبن تیرے خار کو گلبن کر دے یعنی تو خار نفس کو نور مرشد سے ملا یا نار نفس کو نور مرشد سے وصل کر دے کہ نفس تیرا یا تو مرشد سے گلبن ہو جائے کیونکہ مرشد مومن ہے اور تو مثل دوزخ کے ہے پس آگ بجھ جاتی ہے مومن سے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے کہ دوزخی خوشامد کرتا ہے مومن کے خوف سے دوزخ کہتی ہے کہ تو مجھ سے جلدی نکل اے شاہ تیرا نور میری نار کو تباہ کرتا ہے مومن کے نور سے نار بجھتی ہے کیونکہ ضد کو ضد دفع کرتی ہے حشر کو نار کی ضد نور ہو جاوے مہر سے ورنہ فضل سے کھو کرے اگر تو چاہتا ہے نار کا شر دفع ہو آب رحمت دل میں آتش کے مکو آگے اسکا بیان ہے فافہم ۱۲

پس ہلاک نار نور مومن است	زانکہ بی ضد دفع ضد لایمکن است	نار بجھتی نور سے مومن کے ہی	کیونکہ ضد کو دفع جانو ضد کرے
نار ضد نور باشد روز عدل	کان ز قہر انگیختہ شد وین ز فضل	حشر کو ضد نار کی ہو جائے نور	قہر سے وہ فضل سے اسکا ظہور
گر ہمی خواہی تو دفع شر نار	آب رحمت بر دل آتش گمار	گر تو چاہے دفع شر نار ہو	آب رحمت دل میں آتش کے رکھو
چشمۂ آن آب رحمت مومن است	آب حیوان روح پاک محسن است	آب رحمت کے ہیں چشمے مومنان	آب حیوان روح پاک محسنان
پس گریزان ست نفس تو ازو	زانکہ تو از آتشی او زاب جو	بھاگتا اُنسے جو تیرا نفس ہے	کیونکہ وہ آتش سے ہیں تو آب سے
ز آب آتش زان گریزان میشود	کاتشش از آب ویران میشود	آب سے بھاگے ہی آتش اسلیئے	کہ فرو ہوتی ہے آتش آب سے
حس فکر تو ہمہ از آتش ست	حس شیخ و فکر او نور خوش ست	تیری حس و فکر پیدا نار سے	حس فکر شیخ نور یار سے
آب نور او چو بر آتش چکد	چلچک از آتش برآید خوش جہد	نور کا پانی پڑے جو نار پے	چرچراہٹ نار سے اُس دم اُٹھے
چون کند چلچک تو گویش مرگ و درد	تا شود این دوزخ نفس تو سرد	جو کرے چرچر تو جانو موت و درد	تا کہ ہووے نفس دوزخ تیرا سرد
تا نسوزد او گلستان ترا	نیست کند عدل و احسان ترا	تا گلستان کو نہ وہ تیرے جلائے	عدل و احسان تیرا نیستی میں نہ لائے
یک شرر از وے ہزاران گلستان	از یکے نے نام ماند نے نشان	اک شرر اُس سے ہزاروں گلستان	جس سے باقی نام رہوے نے نشان
بعد ازان چیزے کہ کاری بر دہد	لالہ و نسرین و سیسنبر دہد	بعد ازان جو کچھ تو بوئے پھل وہ دے	لالہ اور نسرین و سیسنبر اُگے
باز پنہان میروم از راہ راست	باز گردد خواجہ راہ ما کجاست	پھر ہوں پوشیدہ راہ راست سے	پھیرے خواجہ میری کیا راہ ہی
اندران تقریر بودم اے خسور	کہ خرت لنگ ست منزل دور دیر	ہم اُسی تقریر میں اب ہیں پڑے	کہ گدھا لنگڑا و منزل دور ہے
بار تو باشد گران در راہ چاہ	کج مرو ز و راست اندر شاہراہ	بوجھ تیرا بھاری و رہ میں ہے چاہ	ٹیڑھا مت چل اور چل تو سیدھی راہ
سال شصت آمد کہ در شستت کشد	راہ دریا گیر تا یابی رشد	ساٹھواں سال آیا کہ پڑے شست سے	راہ دریا لے کہ تا نیکی ملے
آنکہ عاقل بود در دریا رسید	شد خلاص از دام و از آتش رمید	تھا وہ عاقل جو کہ دریا میں گیا	جال سے اور سوز بریان سے بچا

ف۱ آب رحمت الخ شعر مومن چشمے ہیں آب رحمت کے اور محسنونکی روح پاک آب حیوان ہے تیرا نفس جو اُنسے بھاگتا ہے کیونکہ تو آگ سے ہے اور وہ آب سے ہیں آب سے آتش اسواسطے بھاگتی ہے کہ آتش بجھتی ہے آب سے تیرے حس و فکر نار سے پیدا ہیں اور حس و فکر شیخ کی نور یار سے پیدا ہے نور پانی کا جو نار پر پڑے اسدم چرچراہٹ پیدا ہو جبکہ چرچر کرے تو جانو ہے مرگ و درد تاکہ گلستان کو تیرے وہ آتش نفس نہ جلائے اور عدل احسان کو تیرے نیستی میں نہ ملائے ایک شرر اُسکا ہزاروں گلستان کو جلائے جس سے باقی نہ نام ہے نہ نشان ہے یعنی تیرا نفس جو مرشد سے بھاگتا ہے اسواسطے کہ وہ مومن آب رحمت ہیں اور تیرا نفس آتش دوزخ ہے کیونکہ نار دوزخ آب رحمت سے بجھتی ہے اسواسطے مرشد سے بھاگتا ہے پس ثابت ہوا کہ جس سے اہل دنیا متنفر ہوویں وہ ضرور اہل معنی ہے کہ نفس جو نکار ہے تو نور دل اُسکے سے مرتا ہے باقی حال اسکا مولانا آگے بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲ ف۲ بعد ازان الخ شعر بعد اصلاح و پند پذیری کے جو بیج بوئے تو بوئے ثمر لے لالہ و نسرین و سوسن کھلے اگر میں پوشیدہ پھر جاؤں راہ راست سے تو خواجہ مجھکو پھیر دے کہ وہ میری راہ کہاں ہے ہم اُسی تقریر میں اب پڑے ہیں کیونکہ خر لنگڑا اور منزل دور ہے تیرا بوجھ بھاری اور راہ میں چاہ ہے ٹیڑھا مت چل اور سیدھی راہ چل جبکہ ساٹھواں سال آئے تو شست سے تجھکو پکڑے تو راہ دریا کی لے کہ نیکی تجھکو ملے باقی حال اسکا آگے ہی فافہم ۱۲ ف۳ تھا وہ عاقل الخ شعر وہ عاقل تھا جو دریا میں گیا جال سے اور بھننے کی سوزش سے بچا جبکہ بے وقت ہوا اور فرصت گئی مردہ ہو کر جا تو دریا میں ورنہ تجھکو کڑھائی میں تلے کوئی اسلئے واسطے ایسا کرتا ہے تینوں مچھلیاں نہر کا بیان کیا اپنے اعتبار کے واسطے خبردار ہو عبرت پکڑو ٹھہراؤ اور رستگاری طلب کر خدا سے سعی کر کہ مقصود یہ ہو ہے کہ سال گذرا اور وقت کھیتی نہیں رہا اور سیاہی کے سوا نہیں پایا نخل تن کی جڑ میں جو کہ کیڑا لگا تجھکو چاہیے کہ اکھوڑو اور اس کو جلا تو خبردار ہو اسے مسافر ون گیا اور آفتاب عمر کا اب چھپنے لگا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

چونکہ بیگہ گشت و آن فرصت گذشت	مردہ گردد روے دریا زدشت	جو ہوا بیوقت اور فرصت گئی	مردہ ہو دریا مین جاتو اے اخی
ورنہ در تابہ شوی بریان بسے	اینچنین بر خود کند ہر گز کسے	ورنہ تجھکو بس کڑھائی مین تلے	واسطے اپنے کوئی ایسا کرے
حال آن ماہی و آن جوئبار	گفتہ شد اینجا براے اعتبار	حال تینون مچھلی اور اُس نہر کا	اعتبار اپنے کے خاطر یان کہا
فانتبہ ثم اعتبر ثم انتصب[عہ]	واستعن باللہ ثم اجہد تصب	ہوش مین آ لیکے عبرت کام کر	سعی کر مقصد کی حق پر رکھ نظر
سال بیگہ گشت وقت کشت نے	جز سیہ روئی و فعل زشت نے	سال گزرا وقت کھیتی کا نہین	روسیاہی کے سوا پایا نہین
کرم در بیخ درخت تن فتاد	بایدش بر کند و بر آتش نہاد	نخل تن کی جڑ مین جو کیڑا لگا	چاہیے تو کھود اُسکو اور جلا
ہین و ہین اے راہرو بیگاہ شد	آفتاب عمر سوے چاہ شد	ہو خبردار اے مسافر دن گیا	آفتاب عمر اب چھپنے لگا
این دو روزک را کہ زورت ہست زود	پر افشانی بکن از راہ جود	جلد[۱] یہ دو دن کہ تجکو زور ہے	کر لے کوشش اسمین اب تو جہد سے
این قدر تخمے کہ ماندستت بکار	تا در آخر بینی ازو برگ و بار	بیج تھوڑا سا ترا ہے اسکو بو	تا کہ آخر دیکھے برگ و بار کو
تا نمردست این چراغ باگہر	ہین فتیلہ اش ساز و روغن زودتر	تا نہ گل ہووے چراغ اب یہ ترا	تیل و بتی اسکی تو جلدی سے لا
ہین مگو فردا کہ فرداہا گذشت	تا بکلے نگذرد ایام کشت	مت کہو کل اپنی سب کل گزری گئین	تا نہ بالکل گزرین یہ کھیتی کے دن

در معنے فی التاخیر آفات اندر اس معنی کے کہ تاخیر مین آفت ہے

پند من بشنو کہ تن بند قویست	کہنہ بیرون کن گرت میل نویست	سُن[۲] نصیحت تن بڑی اک قید ہے	چھوڑ کہنہ نو کی گر امید ہے
لب ببند و کف پر زر بر کشا	بخل تن بگزار و پیش آور سخا	زر کی مٹھی کھول کر لب بند تو	کر سخا اور چھوڑ تن کے بخل کو
ترک لذتہا و شہوتہا سخاست	ہر کہ در شہوت فرو شد بر نخاست	ترک لذت اور شہوت ہے سخا	ڈوبا جو شہوت مین وہ پھر کب بچا
این سخا شاخیست از سرو بہشت	واے او کز کف چنین شاخے بہشت	سرو جنت کی سخا اک شاخ ہے	اُسپہ ہے افسوس چھوڑے ہاتھ سے
عروة الوثقیست این ترک ہوا	بر کشد این شاخ جان را بر سما	ہے رسن مضبوط یہ ترک ہوا	شاخ جان کو کھینچے یہ سوے سما
یوسف حسنی و این عالم چو چاہ	وین رسن صبرست از امر الہ	تو ہے یوسف یہ جہان ہے مثل چاہ	اور رسن ہے صبر با حکم الہ
یوسفا آمد رسن در زن تو دست	از رسن غافل مشو بیگہ شدہ است	تو پکڑ یوسف رسن کو ہاتھ سے	وقت جاتا ہے تو غافل مت رہے

[۱] جلد یہ الخ یہ شعر دو دن کہ تجھ سے زور ہے جلد کوشش کر اسمین تو بخشش سے تیرا بیج تھوڑا سا ہی بو اسکو تا کہ آخر دیکھے تو برگ و بار سے تا نہ تیرا یہ چراغ اب گل ہووے تو تیل و بتی اسکی جلدی سے لا کل مت کہو اور سب کل گزری ایسا نہ ہو کہ کھیتی کے یہ بالکل دن گزرین یعنی جو عمر تیری تھوڑی رہی ہے تو جلد معرفت الٰہی حاصل کر امروز فردا مین اسکو مت گزار پھر وقت گیا ہاتھ نہین آتا ہے پس تاخیر مین آفت ہے بقول خواجہ حافظ شیرازی مصرع کہ آفت ہاست در تاخیر وطالب را زیان دارد چنانچہ اسکی مثال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [۲] سن نصیحت الخ یہ شعر تو نصیحت سن لے کہ تن ایک قید بڑی ہے چھوڑ کہنہ کو اگر نو کی امید ہے مٹھی پر زر کی کھول اور لب کو بند کر سخاوت کر اور تن کے بخل کو چھوڑ ترک لذت و شہوت سخاوت ہے ایک سرو جنت کی شاخ ہے اُس شخص پہ افسوس ہے کہ جس نے اسے ہاتھ سے چھوڑا ترک ہوا رسی مضبوط ہے کہ شاخ جان کو کھینچے طرف آسمان کے تا کہ تجھ کو شاخ سخاوت کی لیجا دے اصل تک کھینچکر اے اہل صفا تو یوسف ہے اور یہ جہان مثل چاہ کے ہے اور رسی صبر ہے حکم خدا سے تو پکڑے یوسف رسی کو ہاتھ سے وقت جاتا ہے غافل مت رہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ عـہ خبردار ہو عبرت لے ٹھہراؤ ۱۲ عـہ اور مددگاری طلب کر خدا سے اور سعی کر تا پہونچے مقصد کو ۱۲

حمد لله کاین رسن آویختند / فضل و رحمت را بهم آمیختند
در رسن زن دست بیرون شو ز چاه / تا ببینی بارگاه پادشاه
تا ببینی عالم جان جدید / عالم بس آشکارا ناپدید
این جهان نیست چون هستان شده / وان جهان هست بس پنهان شده
خاک بر بادست بازی میکند / کژنمایے پرده سازی میکند
خاک همچون آلتے در دست باد / باد را دان عالی و عالی نژاد
چشم خاکی را بخاک افتد نظر / باد بین چشمے بود نوع دگر
این که بر کارست بیکارست پوست / وانکه پنهانست مغز و اصل اوست
اسپ داند اسپ را کو هست یار / هم سواری داند احوال سوار
چشم حس اسپ ست نور حق سوار / بے سواران اسپ خود ناید بکار
پس ادب کن اسپ را از خوے بد / ورنه پیش شاه باشد اسپ رد
چشم اسپ از چشم شه رهبر بود / چشم او بے چشم شه مضطر بود
چشم اسپان جز گیاه و جز چرا / هر کجا خوانی نباید سوے چرا
نور حق بر نور حس راکب شود / وانگهے جان سوے حق راغب شود
اسپ بے راکب چه داند رسم و راه / شاه باید تا بداند شاهراه

حمد لله یہ رسن لٹکائی ہے / فضل و رحمت کو بہم دکھلائی ہے
یہ پکڑ رسی نکل اس چاہ سے / بارگاہِ شاہ تا تجھ کو ملے
تا کہ دیکھے جان کا عالم نیا / ایسا عالم جو ہو ظاہر اور چھپا
یہ جہان نیست مثل ہست ہی / وہ جہان ہست پوشیدہ ہے
ہے ہوا پر خاک اور بازی کرے / کجروی اور پردہ سازی بس رکھے
خاک جون آلہ بدست باد ہے / مرتبہ عالی ہوا کا اس لیے
خاک کو جو دیدہ دیکھے خاک ہے / جو ہوا کو دیکھے دیدہ پاک ہے
یہ جو کرتا کام تو ہے پوست ہی / جو ہے پوشیدہ وہ مغز و دوست ہے
جانتا گھوڑے کو گھوڑا جو ہے یار / جانتا اسوار ہے حال سوار
چشم حس گھوڑا ہے نور حق سوار / بے سوار اب گھوڑا کب آئے بکار
خوے بد سے اسپ کو تعلیم کر / ورنہ شہ اُسکو کرے بس دور تر
چشم اسپ چشم شہ سے رہنما / چشم مضطر اُسکی ہو بے چشم شاہ
چشم اسپان جز چراگاہ و گیا / جائے جس جا چاہیے وہ چرنے کی جا
نور حق کا نور حس پر ہو سوار / اس گھڑی جان حق کی ہو راغب یار
اسپ بے اسوار کے کیا جانے راہ / چاہیے شہ تا کہ جانے شاہراہ

سلہ حمد لله الخ ۵ شعر الحمد لله رسی لٹکائی ہے فضل و رحمت کی باہم ملا کر یہ تو رسی پکڑ اور چاہ سے نکل تا کہ بارگاہ شاہ کی تجھ کو دکھائی دے تا کہ تو جان سے نیا عالم دیکھے ایسا عالم کہ جو ظاہر و چھپا ہو یہ جہان نیست اندر ہست کے ہے وہ جہان ہست پوشیدہ رہتا ہے آگے مثال ہے ہوا پر خاک ہے اور بازی کرتی ہے کجروی اور پردہ سازی رکھتی ہے یعنی تو مثل یوسف کے چاہ دنیا میں گرفتار ہے اور رسی اس چاہ کی صبر و توکل ہے پس تو وہ رسی پکڑ کے نکل کر درگاہ بادشاہ میں تجھ کو رسائی ہو اور یہ جہان ظاہر نما ہے تو معنی کو دیکھ کہ موجب نجات ہو کیونکہ صورت ظاہر اہل جہان کی مثل بگولے کے ہے ہوا میں مگر ہوا نہیں دکھائی دیتی ہے اسیطرح صورت معلوم ہوتی ہے اور معنی نہیں دکھائی دیتا ہے چنانچہ اس کی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ خاک چون آلہ الخ ۲ شعر خاک جون آلہ کے ہوا کے ہاتھ میں ہے اس لیے مرتبہ عالی ہوا کا ہے جو دیدہ کہ خاک دیکھے خاک ہے اور جو دیدہ کہ ہوا دیکھے وہ پاک ہے یہ جو تو کام کرتا ہے پوست ہی اور جو پوشیدہ ہے وہ مغز دوست ہے گھوڑے کو جو گھوڑا یار جانتا ہے حال سوار کا اسوار جانتا ہے چشم حس گھوڑا ہے اور نور خدا اسوار بغیر سوار کے کب گھوڑا کام میں آئے اسپ کو خوے بد سے تعلیم کر اور نہ شاہ اُسکو دور رکھے گا چشم اسپ کی چشم شاہ سے راہ جانے والی ہے اور بغیر چشم شاہ کے چشم اُسکی مضطر ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ چشم اسپان الخ ۴ شعر چشم اسپون کی بجز گاہ اور چراگاہ کے جس جا جاے چراگاہ چاہیے نور حق کا نور حس پر سوار ہو جان اُس گھڑی حق کی راغب یار ہو آپ بغیر سوار کے کیا راہ جانے بادشاہ چاہیے تا کہ شاہراہ جانے تو حس کی جانب جا کہ نور اس پر سوار ہے وہ نور حس کا صاحب و یار ہے نور حق سے نور حس زینت رکھتا ہے اُس کے یہ معنی ہیں کہ نور اور پر نور کے ہے نور حس طرف تحت الثریٰ کے کھینچتا ہے اور نور حق طرف اعلیٰ کے لے جاتا ہے یعنی نور چشم حسی طرف کجی کے جاتا ہے جب کہ نور حق اس پر سوار ہو جاتا ہے تو جانب راستی کے لے جاتا ہے اور مشاہدہ جمال الٰہی کرتا ہے پس عارف کو چاہیے کہ نور حق پرتو مرشد سے حاصل کرے کہ چشم سر بینا ہو اور راہ دید کی کھلے باقی حال اس کا آگے مولانا بیان فرماتے ہیں فافہم ۱۲

سوے حسے رو کہ نورش راکب ست	حس را آن نور نیکو صاحب ست	حس کی جانب جا ہے نور اسپر سوار	حس کا ہے وہ نور صاحب اے یار
نور حس را نور حق تزئین بود	معنے نور علی نور این بود	نور حق سے نور حس زینت رکھین	معنے نور علی نور اُس کے ہین
تا برد شاخ سخا اے خوب کیش	مر ترا بالا کشان تا اصل خویش	تا کہ لیجاوے تجھے شاخ سخا	کھینچکر تا اصل اسے اہل صفا
نور حسے می کشد سوے ثرا	نور حقش می برد سوے علا	نور حس کھینچے سوے تحت الثریٰ	نور حق لیجائے بس سوے علا
زانکہ محسوسات دون تر عالمی است	نور حق دریا و حس چون شبنمی است	کیونکہ ہے محسوس عالم مین بتر	نور حق دریا و حس شبنم ہے تر
لیک پیدا نیست این راکب برو	جز باثار و بہ گفتار نکو	پر سوار اُسپر نہ کچھ ظاہر ملے	کچھ سوا آثار اور گفتار کے
نور حسے کو غلیظ ست و گران	ہست پنہان در سواد دیدگان	نور حسی ہے مکدر اور گران	ہے سیاہی مین وہ آنکھونکی نہان
چونکہ نور حس نمی بینی زچشم	چون نہ بینی نور آن علیی بچشم	جو نہ دیکھے نور حس تو آنکھ سے	نور مطلق آنکھ کو کیونکر ملے
نور حس با این غلیظے مختفی ست	چون خفی نبود ضیاے آن صفی است	نور حس کہ ہے غلیظ اور ہے نہان	نور جو ہو صاف ہو کیونکر عیان
این جہان چون خس بدست باد غیب	عاجزی پیشہ گرفت از داد غیب	۲ے یہ جہان جون خس بدست بادی	اور عاجز غیب کی ہے داد سے
گہ بجرش می برد گاہیش بر	گاہ خشکش میکند گاہیش تر	گاہ بحر و گاہ بر کو لے چلے	گاہ خشک و گاہ تر اُسکو کرے
دست پنہان و قلم بین خط گزار	اسپ در جولان و ناپیدا سوار	ہاتھ پوشیدہ قلم چلتا رہے	گھوڑا دوڑے نے سوار اسکا ملے
گہ بلندش میکند گاہیش پست	گہ درستش میکند گاہے شکست	گہ بلند اُسکو کرے اور گاہ پست	گہ درست اُسکو کرے ور گہ شکست
گہ یمینش می برد گاہے یسار	گہ گلستانش کند گاہیش خار	گاہ دہنے گاہ بائین لیچلے	گہ گلستان گاہ خارستان کرے
تیر پران بین و ناپیدا کمان	جانہا پیدا و پنہان جان جان	تیر چلتے ہین نہین ظاہر کمان	جان ظاہر اور نہان ہے جان جان
تیر را مشکن کہ این تیر شہے ست	تیر پرتابی ز شست آگہے ست	تیر کو مت توڑ یہ ہے تیر شاہ	ہے قدر اندازنے پرتاب راہ
ما رمیت اذ رمیت گفت حق	کار ہا بر کار ہا دارد سبق	ما رمیت اذ رمیت حق کہے	کار حق کل کام پر سبقت لکھے

۱ے کیونکہ الخ یہ شعر کیونکہ محسوس عالم بدتر ہے نور حق دریا ہے اور نور حس شبنم تر ہے ولیکن سوار اس پر ظاہر نہین ہے بجز آثار و گفتار کے نور حس کدورت دار و گران ہے اور آنکھون کی سیاہی مین پوشیدہ ہے جو نور حس کو آنکھ سے نہین دیکھتا ہے نور مطلق آنکھون سے کیونکر دیکھے گا نور حس کہ کدورت و نہان ہے نور جو کہ صاف ہو کیونکر عیان ہووے آگے مثال ہے فافہم ۱۲ ۲ے یہ جہان الخ شعر یہ جہان مانند حس کے ہوا کے ہاتھ مین ہے اور غیب کی داد سے عاجز ہے گاہ دریا گاہ جنگل کو لے جائے گاہ خشک گاہ تر اُس کو کرے ہاتھ پوشیدہ اور قلم چلتا معلوم ہوتا ہے گھوڑا دوڑتا ہے اور سوار نہین ملتا ہے کبھی بلند اُس کو کرے کبھی پست اور کبھی درست اُس کو کرے اور کبھی شکستہ کبھی دہنے و کبھی بائین اُس کو لے جائے کبھی گلستان و کبھی خارستان اُس کو کرے تیر اُڑتا دکھائی دے اور کمان ظاہر نہین جان ظاہر اور جان جان پوشیدہ ہے تیر کو مت توڑ یہ تیر شاہ کا ہے قدر انداز سے و تیر پرتابی نہین ہے کیونکہ حق فرماتا ہے مَا رَمَیْتَ اِذْ رَمَیْتَ یعنے تو نے تیر نہ پھینکا جس وقت پھینکا حق نے پھینکا کام حق کا کل کام پر سبقت رکھتا ہے یعنے یہ جہان مانند تنکے کے ہے اور معنی مثل ہوا کے پس ہوا تنکے کو جہان چاہتی ہے لیے پھرتی ہے اور جسم مانند تیر کے و معنی مانند کمان کے پس کمان تیر کو جدھر چاہتی ہے پھینکتی ہے اسواسطے ما رمیت اذ رمیت بہ نسبت وجود حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے حق نے فرمایا کہ محمد وہ فعل تمھارا نہین ہے ہوا کی حرکت ہے لیکن ظاہر بین وہ حرکت تنکے سے پیدا ہوتی ہے چنانچہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

خشم خود بشکن تو مشکن تیر را ۔ چشم خشمت خون نماید شیر را
بوسه ده بر تیر و پیش شاه بر ۔ تیر خون آلوده از خون تو تر
آنچه پیدا عاجز و بسته و زبون ۔ وانچه ناپیدا چنین تند و حرون
ما شکاریم اینچنین دامی کراست ۔ گوی چوگانیم چوگانی کجاست
می درد می دوزد این خیاط کو ۔ می دمد می سوزد این نفاط کو
ساعتی کافر کند صدیق را ۔ ساعتی زاهد کند زندیق را
زانکه مخلص در خطر باشد مدام ۔ تا ز خود خالص نگردد او تمام
زانکه در راهست رهزن بیحد است ۔ آن رهد کو در امان ایزد است
آئینه خالص نگشت و مخلص ست ۔ مرغ را نگرفته است و مقتنص ست
چونکه مخلص گشت مخلص باز رست ۔ در مقام امن رفت و برد دست
هیچ آئینه دگر آهن نشد ۔ هیچ نانی گندم خرمن نشد
هیچ انگوری دگر غوره نشد ۔ هیچ میوه پخته باکوره نشد
پخته گرد و از تغیر دور شو ۔ رو چو برهان محقق نور شو
چون ز خود رستی همه برهان شدی ۔ چونکه گفتی بنده‌ام سلطان شدی
در عیان خواهی صلاح الدین نمود ۔ دیدها را کرد بینا و گشود
فقر را از چشم و از سیمای او ۔ دید هر چشمی که دارد نور هو
شیخ فعال ست بی آلت چو حق ۔ با مریدان داده بی گفتی سبق

توڑ[1] غصہ کو نہ توڑ اس تیر کو ۔ چشم غصہ خون دکھائے شیر کو
تیر لیجا پاس تو اُس شاہ کے ۔ تیر خون آلود اپنے خون سے
جو ہے ظاہر عاجز و ناچار ہے ۔ جو ہے مخفی سرکش و جرار ہے
ہم شکار ایسے ہیں دام اپنا کہان ۔ گیند ہیں ڈنڈے کے اور ڈنڈا کہان
سیو پھاڑے ایسا درزی پر کہان ۔ اور جلائے پھونکے آتش گر کہان
دم میں وہ کافر کرے صدیق کو ۔ دم میں وہ زاہد کرے زندیق کو
اسلیے[2] مخلص خطر میں ہو مدام ۔ جب تلک خالص نہ خود سے ہو تمام
کیونکہ کثرت سے ہیں رہزن راہ میں ۔ امن میں جو حق کے آئین و پناہ میں
آئینہ خالص نہ ہو مخلص ہے وہ ۔ خود پھنسا ہے جو نہ پکڑے مرغ کو
جو ہوا مخلص وہ زندان سے چھٹا ۔ امن پایا اور وہ غالب ہوا
کوئی آئینہ نہ پھر آہن ہوا ۔ کوئی گندم پھر نہ روٹی سے بنا
کوئی نے انگور پھر غورا ہوا ۔ میوہ پکا پھر نہیں کچا ہوا
پختہ ہوکر تو تغیر سے ہو دور ۔ مثل برہان محقق تو ہو نور
جو[3] خودی سے چھوٹا کل برہان ہوا ۔ جو کہے بندہ ہون میں سلطان ہوا
گر عیان چاہے صلاح الدین سے ۔ آنکھ کو بینا کرے روشن کرے
چشم و پیشانی سے اُسکے فقر کو ۔ آنکھ نے دیکھا جو رکھے نور ہو
شیخ بے آلہ ہے فاعل مثل حق ۔ دے مریدون کو وہ بے قال اک سبق

1 توڑ غصہ کو الخ۔ شعر تو غصہ کو توڑ اور اس تیر کو مت توڑ کہ چشم پر غصہ شیر کو خون دکھلانی ہے یعنی بہتر شے کو برا دکھلاتا ہے تو غصہ کو دفع کر اس تیر کو تو شاہ کے
پاس لے جا تیر خون آلودہ اپنے خون سے جو کہ ظاہر ہے وہ عاجز و ناچار ہے اور جو کہ مخفی ہے وہ سرکش و جرار ہے ہم ایسے شکار ہیں اور دام ہمارا کہان ہے ہم
گیند ڈنڈے کے ہیں اور ڈنڈا کہان ہے سیوے اور پھاڑے ایسا درزی کہان ہے جلائے اور پھونکے ایسا آتش گر کہان ہے ایک دم میں وہ کافر کرے
صدیق کو اور ایک دم میں وہ زاہد کرے زندیق کو یعنے ہم معنی کے پابند ہیں ایسا اہل معنی کہان ہے کہ ہم کو نیست کر کے مست کر دے باقی حال آگے ہے دائم
2 اس لیے مخلص الخ۔ شعر مخلص اس لیے ہمیشہ خطرہ میں ہو جب تک کہ خودی سے خالص نہ ہو کیونکہ راہ میں رہزن کثرت سے ہیں جو حق کی امن میں آئین و پناہ میں جو آئینہ
خالص نہ ہو وہ مخلص ہے جو کہ مرغ کو نہ پکڑے وہ خود گرفتار ہے جو کہ مخلص ہو وہ زندان سے چھوٹا اُس نے امن پایا اور غالب ہوا کوئی آئینہ پھر آہن نہیں ہوا
کوئی گندم پھر روٹی نہیں بنا کوئی انگور پھر غورا نہ ہوا میوہ پکا پھر کچا نہ ہوا پختہ ہوکر تغیر سے دور ہو مثل برہان محقق کے تو نور ہو یعنی تو مقام
اجلال میں خالص ہوکر رجعت مسلوک وغیرہ مقامات سے نجات پا کر جیسے حضرت برہان الدین محقق نے تکمیل مقامات سلوک کی کرلی سید
برہان الدین محقق خلیفہ پدر مولانا روم علیہ الرحمۃ کے تھے بقول بحر العلوم باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ 3 جو خودی سے الخ یہ شعر جبکہ خودی سے چھوٹا کل برہان
ہوا جب کہے کہ میں بندہ ہون سلطان ہوا اگر تو عیان چاہتا ہے صلاح الدین سے آنکھ کو وہ بینا کرے اور دل کو روشن پیشانی و چشم اس کی سے فقر کو آنکھ
نے دیکھا جو کہ وہ رکھے نور ہو شیخ بے آلہ فاعل ہے مانند حق کے اور مریدون کو سبق دیتا ہے بے قال کے یعنے حضرت صلاح الدین مرید سید برہان الدین محقق
کے تھے اور دکان زرکوبی کی کرتے تھے حضرت مولانا روم قدس سرہ کے فیض بخشی سے کمال کو پہونچے پس مولانا اُنکے کمال کیطرف اشارہ کرتے ہیں از بحر العلوم باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

دل بدست او چو موم نرم رام	مهر او گه ننگ سازد گاه نام	ہاتھ مین جون موم دل نرم اسکے تام	گاہ مہر ننگ کردی گاہ نام
مهر مومش خاکی انگشتری ست	باز آن نقش نگین خاکی کیست	خاکی انگشتری ہے مہر موم	اسکا ہی نقش نگین خاکی قوم
خاکی اندیشہ آن زرگرست	سلسلہ ہر حلقہ اندر دیگرست	خاکی اندیشہ اس زرگر کا ہے	حلقۂ زنجیر ہین باہم ملے
این صدا در کوہ دلہا بانگ کیست	گہ پرست او بانگ این گہ تہی	کوہ دل مین گونج کسکے بانگ کی	بانگ سے گہ پر یہ گہ خالی ہی
ہر کجا ہست او حکیم ست او استاد	بانگ او زین کوہ دل خالی مباد	وہ حکیم استاد اب جس جا یہ ہے	کوہ دل خالی نہو اس بانگ سے
ہست کہ کاواز ثنا می کند	ہست کہ کاواز صدتا می کند	بعض کہ ہے کہ وہ دے آواز دو	بعض کہ کرتے ہین سو آواز دو
می زہاند کوہ ازان آواز قال	صد ہزاران چشمۂ آب زلال	کوہ جاری کرتا اس آواز سے	سیکڑون چشمے ہین شیرین آب کے
چون ز کوہ آن لطف بیرون میشود	آبہای چشمہ ہا خون می شود	لطف اس کہ سے جو ہوتا باہر ہون	آب ان چشمون کا ہوجاتا ہی خون
زان شہنشاہ ہمایون فعل بود	کہ سراسر طور سینا لعل بود	کیونکہ شاہنشہ ہمایون فال تھا	اسلیے کل طور سینا لال تھا
جان پذیرفت و خرد اجزای کوہ	ما کم از سنگیم آخر اے گروہ	عقل اور جان پائے جب اجزائے کوہ	ہم ہین کمتر کوہ سے بھی اے گروہ
نے ز جان یک چشمہ جوشان میشود	نے بدن از سبز پوشان میشود	نے ہوا ہے جان سے اک چشمہ رون	نے بدن ہوتا ہے سبز و شادمان
نے صداے بانگ مشتاقی درد	نے صفائے جرعۂ ساقی درد	نے صدائے بانگ مشتاقی رکھے	نے صفائی جرعۂ ساقی رکھے
کو حمیت تا ز تیشہ و ز کنند	اینچنین کہ را بکلی بر کنند	وہ کہان ہمت کہ دال و تیشہ سے	کھود ڈالون کوہ کو اس تیشہ سے
بوکہ بر اجزاے او تابد مہے	بوکہ در وے تاب خور یابد رہے	ہے یقین اجزا پہ چمکے اسکے ماہ	ہے یقین خورشید پائے اسمین راہ
چون قیامت کوہہا را برکند	پس قیامت این کرم کے میکند	جون قیامت کوہ کو پارہ کرے	کب قیامت یہ کرم ہرگز رکھے

ھ۱ ہاتھ مین الخ یہ شعر مانند موم کے اسکے ہاتھ مین دل نرم ہوا کبھی مہر ننگ کی کردی کبھی نام کی یعنے حضرت صلاح الدین کو وہ کمال حاصل تھا کہ مریدون کے اوپر کبھی وہ شان جلالی و کبھی شان جمالی ظاہر کر دیتے تھے مہر موم حکایت کرنیوالی انگشتری کی ہے اور نقش نگین حکایت کرنے والا اسکا ہے حکایت کرنیوالا اس زرگر کے اندیشہ کا ہے کہ حلقۂ زنجیر باہم ملتے ہین یعنی صلاح الدین کے ہاتھ مین دل موم ہوتا ہے تو وہ مہر ننگ و نام کی کرتا ہے مہر موم حکایت کرنے والی انگشتری کی ہے اور نقش نگین حکایت کرنے والا اندیشہ زرگر کا ہے اسیطرح حلقۂ زنجیر باہم ملتے ہین یعنی دل مرید کا پیر یعنی مرشد کو بتاتا ہے اور نقش نگین حکایت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو بتاتا ہے اسیطرح تا ذات حق حلقہ بحلقہ بتاتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ھ۲ کوہ دل مین الخ یہ شعر کوہ دلمین کس کے آواز کی گونج ہے کبھی یہ آواز سے پر کبھی تہی ہے وہ حکیم تو استاد معنی اب جس جگہ پر ہے کوہ دل آواز سے خالی نہو بعض کوہ ہے کہ وہ دو آواز دیتا ہے اور بعض کوہ ہے کہ سو آواز دیتا ہے کوہ آواز جاری کرتا ہے سیکڑون چشمے آب شیرین کے لطف اس کوہ سے جبکہ باہر ہوتا ہے آب ان چشمون کا خون ہوجاتا ہے کیونکہ بادشاہ ہمایون فال تھا اسواسطے کوہ طور لال تھا یعنے جبکہ دل مین معنی ظہور رکھتا ہے وہ صدائے مطلق سے جواہرات ظاہر کرتا ہے مثل کوہ طور کے چنانچہ باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ھ۳ عقل و جان الخ ۹ شعر جب جزئے کوہ عقل و جان پائے ہم کوہ سے بھی کمتر ہین اے گروہ نہین ملا ہے ایک چشمہ جان سے کہ اس سے نہین بدن ہوتا ہے سرسبز و شادمان نہین صدا بانگ کی مشتاقی رکھے یعنی جرعۂ ساقی کا صفائی رکھے یعنے ہوا اے چشمہ جان سے روان و بدن سے سرسبز و صدائے بانگ کی مشتاقی و جرعۂ ساقی صفائی رکھتا ہے یہ استفہام انکاری ہے وہ کہان ہمت ہے کہ کدال و تیشہ سے مین کھودون کوہ کو اس تیشہ سے یقین ہے کہ اجزا پر اس کی ماہ چمکی یقین ہے کہ خورشید اس مین راہ پاوے قیامت کے مانند وہ کوہ کو پارہ کرے یہ قیامت اس قیامت سے کم نہین ہے وہ قیامت زخم پر مرہم رکھتی ہے جس نے مرہم دیکھا وہ چھوٹا زخم سے حسن جس نے دیکھا محسن بنے وہ بدر خوش ہے کہ خوش رو یار ہوا افسوس کہ وہ گل وجنت خزان کا ہو یعنی وہ شخص بہتر ہے کہ ظاہر برا و باطن بہتر رکھے اس شخص سے کہ جو ظاہر بہتر و باطن برا رکھتا ہے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲

این قیامت زان قیامت کی کم است	آن قیامت زخم و این چون مرہمی است	یہ قیامت کم نہ اُس محشر سے ہے	وہ قیامت زخم پر مرہم رکھے
ہر کہ دید آن مرہم از زخم ایمن است	ہر بدی کین حسن دید او محسن است	جسنے مرہم دیکھا چھوٹا زخم سے	حسن جس بد کو ملے محسن بنے
اے خنک زشتی کہ خوبش شد حریف	واے گل روئی کہ جفتش شد خریف	خوش ہے وہ بدرو کہ خوشرو ہو حریف	حیف وہ گل رو کہ ہو جفت حریف
نان مردہ چون حریف جان شود	زندہ گردد نان و عین آن شود	نان مردہ جو حریف جان ہو	زندہ ہو اور عین جان وہ نان ہو
ہیزم تیرہ حریف نار شد	تیرگی رفت و ہمہ انوار شد	چوب تیرہ جو حریف نار ہو	تیرگی جائے و کل انوار ہو
در نمکسار ار خر مردہ فتاد	آن خری و مردگی یکسو نہاد	گر گرے کان نمک مین مردہ خر	ہو خری اور مردگی سے دور تر
صبغۃ اللہ ہست رنگ خم ہو	پیشہا یک رنگ گردد اندر و	صبغۃ اللہ ہے یہ رنگ خم ہو	پیشے اک رنگ اسمین ہون کل جان تو
چون دران خم افتد و گویمش قم	از طرب گوید منم خم لا تلم	جو گرے خم مین تو قم اُسکو کہے	بولے مین خم ہون ملامت مت کرے
آن منم خم خود انا الحق گفتن است	رنگ آتش دارد الا آہن است	مین ہون خم لائق انا الحق کہنے کے	رنگ آتش رکھون آہن ہون و لے
رنگ آہن محو رنگ آتش است	ز آتشی می لافد و خامش وش است	رنگ آہن محو رنگ آتش کا ہے	پر ہے خامش آگ کا دعویٰ کرے
چون بسرخی گشت ہمچو زر کان	پس انا النار است لافش بے زبان	جو کہ ہووے سرخ مثل زر کان	ہے انا ناری کا دعویٰ بے زبان
شد ز رنگ و طبع آتش محتشم	گوید او من آتشم من آتشم	ہووے کامل طبع و رنگ نار مین	وہ کہے آتش ہون مین آتش ہون مین
آتشم من گر ترا شک است و ظن	آزمون کن دست را بر من بزن	آگ ہونے مین مرے گر شک کرے	امتحانا چھو کے مجھکو دیکھ لے
آتشم من بر تو گر شد مشتبہ	روے تو بر روے من یکدم بنہ	آگ ہونے مین مرے گر شک کرے	منھ کو اپنے میرے منھ پر رکھ تو دے
آدمی چون نور گیرد از خدا	ہست مسجود ملایک ز اجتبا	آدمی جو نور لے اللہ سے	ہووے مسجود ملک اس جاہ سے
نیز مسجود کسے کو چون ملک	رستہ باشد جانش از طغیان و شک	وہ کوئی مسجود ہو مثل ملک	جسکی جان رکھتی نہووے مکر و شک
آتشے چہ آہنے چہ لب بہ بند	ریش تشبیہ و مشبہ را مخند	آگ کیا اور لوہا کیا تم چپ رہو	اس مشبہ اور تشبیہ پر ہنسو
پاے در دریا منہ کم گو از ان	بر لب دریا خمش کن لب گزان	پا نہ رکھ دریا مین کمتر کر بیان	اور لب دریا پہ روک اپنی زبان
گرچہ صد چون من ندارد تاب بحر	لیک می نشکیبم از غرقاب بحر	اگرچہ صد ہا کو نہووے تاب بحر	پر نہ مجھکو صبر جز غرقاب بحر

۵۱ نان مردہ الخ یہ شعر نان مردہ جو یار جان کی ہو زندہ ہو اور عین جان ہو چوب سیاہ جو یار نار کی ہو سیاہی جائے اور کل انوار ہووے اگر خر مردہ کان نمک مین گرے خری اور مردگی سے وہ دور تر ہووے خم ہو صبغۃ اللہ یعنی رنگ اللہ کا ہے سب پیشے اُس مین ایک رنگ ہون یعنی خم معنی ایک رنگ ہے جو اُسمین گرے ایک رنگ ہووے اس واسطے سب عارف ایک رنگ ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ جو گرے الخ۔ الشعر جو شخص خم مین گرا اور تو قم اُس کو کہے وہ کہے کہ مین خم ہون لائق انا الحق کہنے کے رنگ آتش رکھتا ہون ولیکن آہن ہون رنگ آہن رنگ آتش مین محو ہے آتش کا دعوے کرتا ہے ولیکن خاموش ہے جو کہ سرخ ہووے مثل زر خالص کے انا ناری کا دعوے بے زبانی سے ہے کامل طبع ہووے رنگ اور وہ کہے مین آتش ہون اگر تجھ کو اشتباہ ہو اپنے منھ کو میرے منھ پر رکھدے جو کہ آدمی نور اللہ سے لے اس جاہ سے مسجود ملائک کا ہووے کہ مثل ملائک کے جان جس کی مکر و شک نہین رکھتی ہووے آگ و لوہا کیا ہے تم چپ رہو اور اس مشبہ و تشبیہ پہ ہنسو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ پا نہ رکھ الخ یہ شعر دریا مین پاؤن مت رکھو اور کمتر بیان کرو اور لب دریا پر اپنی زبان کو روک اگرچہ تاب بحر کی صد ہا کو نہووے لیکن مجھکو بجز غرق بحر صبر نہین ہے میری عقل جان قدم لے بحر ہو جو خونبہا جان کا بحر کی سخاوت ہو پاؤن جبتک چلے اُسمین چلیون جبتک پاؤن تھکے تو مثل بط کے اُسمین ہون یعنی دریائے معنی سے مجھکو کب سیری ہے بجز غرق ہو نہ سکے جبتک کہ طاقت ہے مین اُسمین چلیون نہ مثل بط کے اُسمین پیرون باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

جان و عقل من فدای بحر باد
خونبهای عقل و جان این بحر داد

تا که پایم میرود رانم درو
چون نماند پا چو بط مانم درو

بی ادب حاضر ز غائب خوشتر است
حلقه گرچه کژ بود نه بر درست

ای تن آلوده بگرد حوض گرد
پاک کی گردد برون حوض مرد

پاک کو از حوض مهجور او فتاد
او ز طهر خویش هم دور اوفتاد

پاکی این حوض بی پایان بود
پاکی اجسام کم میزان بود

زانکه دل حوض است لیکن در کمین
سوی دریا راه پنهان دارد این

پاکی محدود تو خواهد مدد
ورنه اندر خرج کم گردد عدد

عقل و جان میری فدائے بحر ہو
خون بہائے جان سخائے بحر ہو

پاؤن جبتک کے چلے اسمین چلون
جو تھکے پا مثل بط اسمین رہون

بے ادب حاضر بھلا غائب سے ہے
حلقہ ٹیڑھا ہے ولیکن در پہ ہے

حوض کے گرد اے تن آلودہ تو پھر
حوض کے باہر نہووے پاک پھر

پاک کب جو حوض سے مہجور ہے
بلکہ وہ پاکی سے اپنی دور ہے

پاکی بے پایان ہے بس اس حوض کی
اور پاکی جسم کی رکھے کمی

کیونکہ دل اک حوض ہے لیکن نہان
راہ دریا کیطرف رکھتا ہے یان

پاکی محدود مانگے ہے مدد
ورنہ اندر خرچ کے کم ہو عدد

تمثیل در بیان خواندن آب آلودگان را بپاکی

یہ مثال اس بیان مین کہ پانی بلاتا ہے ناپاکونکو واسطے پاکی کے

آب گفت آلوده را در من شتاب
گفت آلوده که دارم شرم از آب

گفت آب این شرم بی من کی رود
بی من این آلوده زائل کی شود

ز آب هر آلوده کو پنهان شود
الحیاء یمنع الایمان شود

دل ز پایه حوض تن گلناک شد
تن ز آب حوض دلها پاک شد

گرد پایه حوض دل گرد ای پسر
هان ز پایه حوض تن میکن حذر

بحر تن بر بحر دل برهم زنان
در میانشان برزخ لایبغیان

گر تو باشی راست ور باشی تو کژ
پیشتر می غژ بدو واپس مغژ

بولا آلودہ سے پانی جلد آ
بولا آلودہ کہ آتی ہے حیا

آب بولا یہ حیا ہو مجھ سے دور
بے مرے آلودگی کب ہووے دور

آب سے آلودہ گر چھپتا پھرے
الحیاء یمنع الایمان بنے

حوض تن کی تہ دل پر خاک ہے
حوض دل کے آب سے تن پاک ہے

گرد حوض دل کی تہ کے تم پھرو
پاس حوض تن کی تہ کے مت چلو

بحر دل اور بحر تن باہم روان
انکے اندر ہے برزخ لا یبغیان

گر ہے تو ٹیڑھا یا سیدھا ہے
آگے بڑھ تو اور پیچھے مت ہٹے

ف۱ بے ادب الخ شعر بے ادب حاضر بہتر ہے غائب سے حلقہ ٹیڑھا ہے لیکن در پر ہے اے تن آلودہ تو حوض کے گرد پھر اور باہر حوض کے تو پاک نہووے وہ پاک کب ہے کہ جو حوض سے مہجور ہے بلکہ وہ اپنی پاکی سے دور ہے اُس حوض کی پاکی بے پایان ہے اور پاکی جسم کی کمی رکھتی ہے کیونکہ دل ایک حوض ہے وہ لیکن پوشیدہ دریا کیطرف راہ رکھتا ہے پاکی محدود مدد چاہتی ہے ورنہ خرچ کرنے مین عدد کم ہوتا ہے یعنی دل ایک حوض ہے آب معنی اور دریاے معنی سے اُسمین ایک راہ ہے جو اُس حوض دل مین ڈوبا وہ معنی مین پہونچا پس پاکی جسم سے پاکی دل بے انتہا ہے کیونکہ پاکی تن کی محدود ہے خرچ کم ہوتی ہے پس آب معنی ناپاکون کو بلاتا ہے واسطے پاک کرنیکے چنانچہ اس کا حال آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۲ بولا آلودہ سے الخ شعر پانی نے کہا آلودہ سے کہ جلد آ آلودہ نے کہا کہ مجھکو حیا آتی ہے پانی نے کہا کہ یہ حیا مجھ سے دور ہو اور بغیر میرے یہ آلودگی کب دور ہو اگر آب سے آلودہ پوشیدہ رہے ترجمہ حدیث ضرور کرکے حیا باز رکھتی ہے ایمان سے حوض تن کی تہ سے دل پر خاک ہے اور حوض دل کے آب سے تن پاک ہے حوض دل کی تہ کے گرد پھرو حوض تن کی تہ کے پاس مت جا بحر دل اور بحر تن کے باہم روان ہین اور اُنکے پردہ درمیان ہے اور نہین ملنے دیتا ہے یعنی حوض دل کیطرف رجوع ہو آب معنی تیری آلودگی دنیا کو دور کرے اور حیا اسکے حاصل کرنے مین مت کر کہ یہ حیا موجب خرابی ہے پس تن پروری چھوڑ اور ساتھ دلکے شامل ہوکر راہ طے کر جیسا اسکا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۳ گر ہے الخ شعر اگر تو ٹیڑھا یا سیدھا ہے آگے بڑھ تو اور پیچھے مت ہٹ اگرچہ شاہ کے روبرو جانا خطر جان کا ہووے لیکن عالی ہمت کب رکتے ہین شاہ شکر سے شیرین تر ہے جان شیرین مین جاکے خوش رہے اے ملامت گر سلامت تجھکو ہے ولے سلامت جو تو مجھکو چھوڑدے یعنی اے ملامت گر تجھکو سلامتی ہے دنیا مین تو سلامتی ڈھونڈھ مجھکو میرے حال پر چھوڑدے میری جان بھٹی ہے اور آگ سے خوش ہے یہی بھٹی کو بس ہے کہ خانہ آتش ہے عشق بھٹی کے مانند سوزش کرتا ہے اُس سے جو اندھا ہے وہ کون ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۴ ضرور کرکے حیا باز رکھتی ہے ایمان سے فافہم ۱۲ ف۵ پردہ درمیان ہے اور نہین ملنے دیتا ہے فافہم ۱۲ –

پیش شاہان گر خطر باشد زجان — لیک نشکیبند عالی ہمتان
شاہ چون شیرین تر از شکر بود — جان بشیرینی رود خوشتر بود
اے ملامت گو سلامت مر ترا — اے سلامت جو رہا کن تو مرا
جان من کورہ ست با آتش خوش است — کورہ را این بس کہ خانۂ آتش است
ہمچو کورہ عشق را شوریدنی است — ہر کہ او زین کور باشد کوردنی است
برگ بے برگی ترا چون برگ شد — جان باقی یافتی و مرگ شد
چون ترا غم شادی افزون گرفت — روضۂ جانت گل و سوسن گرفت
انچہ خوف دیگران آن امن تست — بط قوی از بحر و مرغ خانہ سست
باز دیوانہ شدم من اے طبیب — باز سودائی شدم من اے حبیب
حلقہ ہائے سلسلۂ تو ذو فنون — ہر یکے حلقہ دہد دیگر جنون
داد ہر حلقہ فنون دیگر است — پس مرا ہر دم جنون دیگر است
پس فنون باشد جنون این شد مثل — خاصہ در زنجیر این میر اجل
آن چنان دیوانگی بگست بند — کہ ہمہ دیوانگان پندم دہند

شہ کے آگے گر خطر ہووے بجان — پر نہیں گھٹتے ہین عالی ہمتان
شاہ شیرین تر جو بس شکر سے ہے — جان شیرینی مین جاے خوش ہے
اے ملامت گو سلامت ہو تجھے — اے سلامت جو مجھے تو چھوڑ دے
میری جان بھٹی ہے خوش ہے آگ سے — بس ہے بھٹی کو کہ خانہ آگ ہے
عشق بھٹی کیطرح سوزش رکھے — اس سے جو اندھا ہے وہ کودن ہے
بے[1] سرو سامانی سامان ہو تجھے — جان باقی پائے چھوٹے موت سے
ہو خوشی کا بڑھنا تیرا غم رکھے — گلشن جان مین گل و سوسن کھلے
دوسرون کا خوف تیرا امن ہے — مرغ سست اور بط قوی ہے بحر سے
پھر مین دیوانہ ہوا ہون اے طبیب — پھر مین سودائی ہوا ہون اے حبیب
حلقۂ زنجیر تیرا ذو فنون — اور یہی ہر حلقہ رکھتا ہے جنون
دیوے ہر حلقہ فنون اک اور ہے — مجکو ہر دم ہے جنون اک اور ہے
یہ مثل ہے کہ جنون ہووے فنون — عشق کی زنجیر مین جو ہے جنون
اسقدر دیوانگی نے توڑے بند — کہ مجھے دیتے ہین سب دیوانے پند

آمدن دوستان بہ بیمارستان جہت پرسش ذوالنون — آنا دوستون کا شفاخانہ مین واسطے عیادت ذو النون مصری کے

این چنین ذوالنون مصری را فتاد — کاندرو شور و جنون نو بزاد
شور چندان شد کہ تا جوق فلک — می رسد از وے جگرہا را نمک
ہین منہ تو شور خود اے شورہ خاک — پہلوے شور خداوندان پاک
خلق را تاب جنون او نبود — آتش او ریشہاشان می ربود

ایسا[2] ہی ذوالنون مصری کو ہوا — کہ جنون وولولہ اس کا بڑھا
اسقدر شورش ہوئی کہ تا فلک — پہونچتا اس سے جگر کو تھا نمک
اپنی شورش مت رکھے اے شورہ خاک — پس مقابل مین جو ہین خاصان پاک
خلق کو تاب جنون اسکی نہ تھی — اُنکی داڑھی آگ سے اسکی جلی

[1] بے سرو سامانی الخ یہ شعر مجھکو بے سرو سامانی سامان ہو اور جان باقی پائے اور مرگ سے چھوٹے جو تیرا غم خوشی کا بڑھنا رکھے گلشن جان مین گل و سوسن کھلے دوسرون کا خوف امن تیرا ہے مرغ سست اور بط قوی بحر سے ہے یعنے دریاے معنی مین تن سست ہے اور جان قوی پھر مین دیوانہ ہوا ہون اے طبیب پھر مین سودائی ہوا ہون اے حبیب تیرا حلقہ زنجیر اور ذو فنون ہر حلقہ اور یہی رکھتا ہے جنون ہر حلقہ فنون ایک اور یہی دیوے مجھکو ہر دم جنون ایک اور یہی ہے یہ مثل مشہور ہے کہ جنون ہووے فنون جو عشق کی زنجیر مین جنون ہے اس قدر دیوانگی نے بند توڑے کہ دیو اسنے مجھ کو پند دیتے ہین یعنے اب مجھ کو اور یہی جنون عشق پیدا ہوا ہے کہ باعث مطلب برآری کا ہو جیسے حضرت ذوالنون مصری کو جنون نفع کا رہوا چنانچہ قصہ اُن کا مثالاً آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

[2] ایسا ہی الخ شعر ایسا ہی ذوالنون مصری کو جنون ہوا کہ جنون و دلولہ اس کا بڑھا اور اس قدر سوزش ہوئی کہ آسمان تک اس سے جگر کو نمک پہونچتا ہے یعنے وہ سوزش ہر ایک کو بیچین کرتی تھی اے شورۂ خاکی اپنی سوزش مت رکھ مقابل خاصان حق کے اُس کے جنون کی تاب خلق کو نہ تھی اور اس کی آتش سے ان کی داڑھی جلی جو عوام کی داڑھی جلی اُس کو قید زندان مین کیا آگے حقائق اس کے بیان کیے ہین فافہم ۱۲

چونکہ در ریش عوام آتش فتاد ‌‌ ‌‌ بند کردندش بزندان المراد
نیست امکان واکشیدن این لجام ‌‌ ‌‌ گرچہ زین رہ تنگ می آیند عام
دیدہ این شاہان زعامہ خوف جان ‌‌ ‌‌ کین گرہ کورند و شاہان بے نشان
چونکہ حکم اندر کف رندان بود ‌‌ ‌‌ لاجرم ذوالنون در زندان بود
یک سوارہ میرود شاہ عظیم ‌‌ ‌‌ در کف طفلان چنین در یتیم
در چہ دریای نہان در قطرۂ ‌‌ ‌‌ آفتاب مخفی اندر ذرۂ
آفتاب خویش را ذرہ نمود ‌‌ ‌‌ واندک اندک روی خود را برگشود
جملۂ ذرات در وے محو شد ‌‌ ‌‌ عالم از وے مست گشت و صحو شد
چون قلم در دست غدارے بود ‌‌ ‌‌ لاجرم منصور بر دارے بود
چون سفیہان راست این کار و کیا ‌‌ ‌‌ لازم آمد یقتلون الانبیاء
انبیا را گفتہ قوم راہ گم ‌‌ ‌‌ از سفہ انا تطیرنا بکم
جہل ترسا بین امان انگیختہ ‌‌ ‌‌ زان خدائے کہ گشت آویختہ
چون بقول اوست مصلوب جہود ‌‌ ‌‌ پس مرا او را امن کے تاند نمود
چون دل آن شاہ زیشان خون بود ‌‌ ‌‌ عصمت وانت فیہم چون بود
زر خالص را و زرگر را خطر ‌‌ ‌‌ باشد از قلاب خائن بیشتر
یوسفان از رشک زشتان مخفی اند ‌‌ ‌‌ کز عدو خوبان در آتش میزیند

جو چلی داڑھی عوام الناس کی ‌‌ ‌‌ قید زندان مین کیا اسکو اخی
۵۱ کسکو طاقت ہی کہ روکے یہ کلام ‌‌ ‌‌ گرچہ ہوتے تنگ ہین اس رہ مین عام
دیکھا ان شاہون نے خوف جان عام ‌‌ ‌‌ بے نشان شہ یہ گروہ اندھا تمام
منکرون کو اختیار اب جو ملا ‌‌ ‌‌ اسلیے ذوالنون زندان مین پڑا
ایسا شاہنشہ بڑا تنہا چلے ‌‌ ‌‌ ہاتھ مین در یتیم اک طفل کے
در ہے کیا دریا ہی قطرہ مین نہان ‌‌ ‌‌ یا کہ اک خورشید ذرہ مین نہان
۵۲ ذرہ دکھلاتا ہے اپنے شمس کو ‌‌ ‌‌ تھوڑا تھوڑا کھولتا ہی اپنا رو
سارے ذرے محو اسمین ہو گئے ‌‌ ‌‌ اہل عالم مست سب اس سے ہوئے
بے وفا کے ہاتھ جو ہووے قلم ‌‌ ‌‌ دار پر منصور ہووے لاجرم
جو ہوے حاکم کمینے پرجفا ‌‌ ‌‌ لازم آیا یقتلون الانبیاء عہ
انبیا کو کہوے قوم راہ گم ‌‌ ‌‌ مکر سے انا تطیرنا بکم عہ
جہل ترسا دیکھ مانگین ہی امان ‌‌ ‌‌ اس خدا سے جسکو لٹکایا عیان
جو بقول انکے ہی مصلوب جہود ‌‌ ‌‌ کب وہ دیسکتا ہی انکو امن و سود
شاہ کا دل اس سے جو پرخون ہوے ‌‌ ‌‌ عصمت وانت فیہم کیونکہ ہوے
۵۳ زر خالص اور زرگر کو خطر ‌‌ ‌‌ کھوٹا کرنے والے سے ہو بیشتر
یوسفان مخفی ہین رشک زشت سے ‌‌ ‌‌ کہ عدو خوبون سے آتش مین رہے

۵۱ کس کو طاقت ہے الخ یہ شعر کس کو طاقت ہے کہ یہ کام روکے اگرچہ عام اس راہ مین تنگ ہوتے ہین ان شاہون نے جو دیکھا خوف جان کا عوام سے بے نشان شاہ ہوئے اور گروہ بالکل اندھا یعنے اولیاء اللہ نے خوف جان اپنا عوام سے دیکھا پوشیدہ ہو گئے آگے رجوع بقصہ ہے اختیار منکرون کو جو ملا اس لیے ذوالنون کو قید محبس مین کیا ایسا بڑا شہنشاہ تنہا چلے ہاتھ مین ایک طفل کے در یتیم ہو کر گوہر کیا وہ ایک دریا قطرہ مین نہان ہے یا کہ ایک خورشید ذرہ مین پوشیدہ باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲ ۵۲ ذرہ الخ یہ شعر ذرہ اپنے شمس کو دکھلاتا ہے اور تھوڑا تھوڑا اپنا منھ کھولتا ہے سارے ذرے اس مین محو ہو گئے اور اہل عالم اس سے مست ہو گئے جب کہ بے وفا کے ہاتھ مین قلم ہونے ضرور کہ منصور دار پر ہووے جب کہ کمینہ اور پرجفا حاکم ہووے لازم آیا کہ مارین کافر پیغمبرون کو انبیا کو قوم گمراہ کہے مکر سے کہ فال بد ہم نے تمھارے کہنے سے لی ترسایون کی جہالت کو دیکھو کہ امن چاہتے ہین اس خدا سے کہ جسکو دار پر لٹکایا جو کہ بقول انکے جہودون نے صلیب پر چڑھایا کب وہ ان کو امن دے سکتا ہے یعنے نصاریٰ اس خدا سے امن چاہتے ہین کہ جسکو یہودیون نے دار پر چڑھایا پس وہ امن کب دے سکے کہ خود ایسا عاجز وہ خدا ہے پس یہ ان کی جہالت و نادانی ہے جو شاہ کا دل ان سے ناخوش ہووے عصمت و انت فیہم کیونکر ہووے یعنی حق تعالی بہ نسبت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے فرماتا ہے کہ ما کان اللہ لیعذبہم وانت فیہم یعنی عذاب نہین کرتا اللہ کافرونکو حالانکہ تو محمد انمین ہو پس جس قوم مین نبی اللہ ہوتا ہی حق تعالی عذاب اُس پر نہین کرتا مولانا فرماتے ہین کہ جب خدا ان سے ناراض ہووے تو عصمت دنبی اللہ کا رہتا کیونکر ہووے اسی امر سے ذوالنون کو منکرون نے جہل سے قید کیا آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲
۵۳ زر خالص الخ یہ شعر زر خالص اور زرگر کو خطر ہوتا ہے کھوٹے کرنے والے سے بیشتر رشک کرنیوالونکی وجہ سے یوسف چاہ مین ہین کہ حسد سے بھیڑیون کو اُسے دین حسد سے یوسف پر کیا گویا یہ حسد خود ایک بڑا بھیڑیا ہے اسلیے کہ اس بھیڑیے سے خوف یعقوب ع غم یوسف پر رکھتے تھے یعنی یہ حسد ایک بڑا بھیڑیا ہی اسکے روبرو بھیڑیے کی کیا اصل ہی چنانچہ اسکا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ اعہ مارتے ہین کافر پیغمبرونکو ۱۲ عہ ہم نے فال بد لی کہنے سے تمھارے ۱۲

از حسد بر یوسف مصری چہ رفت ... این حسد اندر کمین گرگیست زفت
چہ مین یوسف پر حسد سے کیا ہوا ... یہ حسد اک بھیڑیا ہے خود بڑا

لاجرم زین گرگ یعقوب حلیم ... داشت بر یوسف ہمیشہ خوف و بیم
اسلیے اس بھیڑیے سے خوف و بیم ... رکھتے یوسف پر تھے یعقوب حلیم

گرگ ظاہر گرد یوسف خود نگشت ... این حسد در فعل از گرگان گزشت
لے گرد یوسف گرگ ظاہر کب پھرا ... یہ حسد فعلون مین گرگون سے بڑھا

زخم کرد این گرگ وز عذر لبق ... آمدہ کانا ذہبنا نستبق
زخم کھا اُس گرگ کا اور ہو کے دق ... اور کہا کانا ذہبنا نستبق

صد ہزاران گرگ را این مکر نیست ... عاقبت رسوا شود این مکر بیست
مکر صد ہا گرگ کو یہ ہے نہین ... عاقبت رسوا یہ ہووے مکر و کین

زانکہ حشر حاسدان روز گزند ... بے گمان بر صورت گرگان کنند
روز محشر حاسدون کا حشر تو ... بھیڑیون کی شکل و صورت پہ ہو

حشر پر حرص سگ مردارخوار ... صورت خوکے بود روز شمار
حشر حارص کا کہ ہو مردارخوار ... خوک کی صورت پہ ہو روز شمار

زانیان را گندہ اندام نہان ... خمرخواران را بود گندہ دہان
گندہ زانی کا ہو اندام نہان ... بادہ خوار و نکا ہو بس گندہ دہان

گند مخفی کان بدلہا میرسید ... گشت اندر حشر محسوس و پدید
گندگی مخفی دلون مین جو بھری ... حشر کے دن ہووے ظاہر اے اخی

بیشۂ آمد وجود آدمی ... پر حذر شو زین وجود آدمی
ٹ ایک جنگل ہے وجود آدمی ... اس سے ہو پر خوف اگر ہے آدمی

ظاہر و باطن اگر باشد یکے ... نیست کس را در نجات او شکے
ظاہر و باطن کوئی گر ایک ہو ... اُسکی بخشش مین نہ شک ہو ایک ہو

در وجود ما ہزاران گرگ و خوک ... صالح و ناصالح و خوب و خشوک
ہین ہمارے تن مین صد ہا گرگ و خوک ... نیک و بد اور خوب و زشت و بھول چوک

حکم خود آن راست گو غالب ترست ... چونکہ زر بیش از مس آمد آن زرست
حکم ہو اُسکا کہ جو غالب ہی تر ... زر ہی تانبے مین زیادہ تو ہی زر

سیرتے کان در وجودت غالب ست ... ہم بر ان تصویر حشرت واجب است
تن مین جو سیرت تری غلبہ رکھے ... بس اُسی صورت پہ تیرا حشر ہے

ساعتے گرگے در آید در بشر ... ساعتے یوسف رخی ہمچون قمر
دم مین آئے گرگ بن اندر بشر ... دم مین ہو یوسف رخی مثل قمر

میرود در سینہ ہا از سینہ ہا ... از رہ پنہان صلاح و کینہ ہا
سے جاتا سینہ مین ہی سینہ سے نہان ... بس صلاحیت و کینہ بیگمان

لے گرد یوسف کے گرگ ظاہر کب پھرا اگر گرگون سے یہ حسد فعلون مین سوا ہوا اس گرگ حسد کا زخم کھا کر اور دق ہو کر آ کے کہا کہ تحقیق ہم آگے بڑھ گئے تھے جنگل مین صد ہا گرگ کو یہ مکر نہین ہے آخرکار رسوائے مکر و کین ہوئے حشر کے دن حاسدون کا حشر بھیڑیون کی شکل اور صورت پر ہوگا حشر حارص کا کہ مردارخوار ہے حشر کے دن خرس کی صورت پر ہے اندام نہانی زانی کا گندہ ہوگا اور میخوارون کا دہن گندہ ہو دلونمین جو گندگی پوشیدہ تھی حشر کے دن ظاہر ہووے باقی حقائق اسکے آگے ہین فافہم ۱۲ ٹ ایک جنگل الخ شعر وجود انسان کا ایک جنگل ہے اگر تو مرد ہے اس سے پر خوف ہو اگر کوئی ظاہر و باطن ایک ہو اُسکی بخشش ہے شک نہ ہو ہمارے تن مین صد ہا گرگ و خوک ہین اور بد و زشت و خوب بھول چوک ہے جو غالب زیادہ ہے اُسکا حکم ہو جو زر کہ مس پر غالب ہو وہ زر ہے جو سیرت کہ تیرے تن مین غلبہ رکھے اُسی صورت پر تیرا حشر ہے ایکدم مین گرگ بن آئے بشر مین اور ایکدم مین آ کے یوسف رخی مثل قمر کے یعنی وجود انسان مین سب صفتین موجود ہین کیونکہ مظہر اتم ہے لیکن جو صفت غالب ہو گئی اُسی صورت پر اُسکا حشر ہوگا کیونکہ باطن مین اُسکے وہی صورت ہے پس صوفی اُسکو کہتے ہین کہ جو اخلاق بد سے صاف ہو گیا چونکہ اخلاق بیہودہ نہ پیدا ہوئے ہین جان لو کہ باطن مین وہ صورت نفسانی رکھتا ہے حشر اُسکا انسان کی صورت پر ہوگا پس اُسی کو صوفی کہتے ہین باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سے جاتا سینہ مین الخ شعر سینہ سے سینہ مین پوشیدہ جاتا ہے صلاحیت و کینہ بیگمان بلکہ گاؤ خر مین بھی نفسانیت بھی علم و ہنر جانتا ہے اس شان سے یعنی عارف کے سینہ سے سینہ عالم مین معنی آتا ہے جیسے گاؤ خر تعلیم پاتے ہین تب بد شائستہ و مطیع ہوتا ہے پیچھے چلتا ہے اور بکرا اسلام کرتا ہے اور سگ اصحاب کہف مین اس خواب سے راستی آئی کہ حق جوئی رکھتا ہے گھوڑی سینہ مین سرکش ہوتا ہے کبھی گاؤ فرشتہ و کبھی درندہ ہو جاتا ہے ہر ایک شیر اُس بیشہ کو جانتا ہے کہ پوشیدہ راہ اُم سینہ مین رکھے یعنی ہر ایک ولی اللہ بیشہ معنی کو جانتا ہے کہ سینہ مین اس راہ سے راہ ہے ذوالنون زمرد جان جان کی چوری کر عارفون کے دل سے چرا کہ وہ عارف بیشہ معنی سے خبردار ہین آگے قصہ ذوالنون مصری کا ہے فافہم ۱۲ عہ ہم آگے بڑھ گئے تھے ۱۲

بلکہ خود از آدمی در گاؤ و خر ... میرود دانائی و علم و ہنر
اسپ سکسک میشود رہوار و رام ... خرس بازی میکند بز ہم سلام
رفت در سگ ز آدمی حرص و ہوس ... پاسبان شد یا شکاری یا حرس
در سگ اصحاب خوئی زان رقود ... رفت تا جویای اللہ رفتہ بود
ہر زمان در سینہ نوعے سر کند ... گاہ دیو و گہ ملک گہ دام و دد
زان عجب بیشہ کہ ہر شیر آگہ است ... تا بدام سینہا پنہان رہ است
دزدی کن از درون مرجان جان ... اے کم از سگ از درون عارفان
چونکہ دزدی یاری آن در لطیف ... چونکہ حامل میشوی بار شریف

بلکہ گاؤ و خر مین بھی انسان سے ... جاتا ہے علم و ہنر اس شان سے
اسپ بد ہوتا ہی شایستہ و رام ... ریچھ ناچ کرتا بکرا ہے سلام
حرص کتے مین گئی انسان سے ... پاسبانی یا شکاری یا نگہبانی کرے
اور سگ اصحاب مین اُس خواب سے ... راستی آئی کہ حق جوئی رکھے
ہر گھڑی سینے مین ہووے سربلند ... گاہ دیو و گہ فرشتہ گہ درند
جانتا ہر شیر اُس بیشہ کو ہے ... کہ نہان رہ دام سینہ مین رکھے
کو زر و مرجان جان کی چوری کرے ... عارفون کے دل سے ای کتے بتر
جو چراتا ہی تو وہ در لطیف ... جو اُٹھاتا ہے تو وہ بار شریف

فہم کردن مریدان کہ ذوالنون دیوانہ نیست وبقصد چنین کردہ است

سمجھنا مریدون کا کہ ذوالنون دیوانہ نہین ہی قصداً ایسا بنا ہے

چونکہ ذوالنون سوے زندان فتاد ... بند برپا دست بر سر زانقیاد
دوستان از ہر طرف بنہادہ رو ... بہر پرسش سوے زندان نزد او
دوستان در قصۂ ذوالنون شدند ... سوے زندان و دران راے زدند
کین مگر قصد است یا حکمتے ست ... او درین رہ قبلہ است و آیتے ست
دوردور از عقل چون دریاے او ... تا جنون باشد سفہ فرماے او
حاش للہ از کمال جاہ او ... کابر بیماری بپوشد ماہ او
او ز شر عامہ اندر خانہ شد ... او ز ننگ عاقلان دیوانہ شد
او ز عار عقل گندہ تن پرست ... قاصداً رفت است دیوانہ شدست
کہ ببندم اے فتی ساز گاؤ ... بر سر و پشتم بزن وین را مکاؤ

خوش[۱] گیا ذوالنون جو زندان کو ... پامین پہنے بیڑیان مجنون ہو
ہر طرف سے دوست اُسکے جمع ہو ... اُسکی پرسش کو گئے زندان کو
قصۂ ذوالنون مین سب دوستان ... سوے زندان راے کرتے تھے عیان
امر یہ قصد اور یا حکمت سے ہے ... کیونکہ یہ اک قبلہ اس آیت سے ہے
جو کہ[۲] دور از عقل خود دریا ہی وہ ... کب جنون تعلیم فرما اُس کا ہو
حاشا للہ اُسکی ایسی عز و جاہ ... ابر بیماری چھپائے اُسکا ماہ
عام کے شر سے وہ در خانہ ہوا ... سنگ عقلا سے وہ دیوانہ ہوا
عقل گندہ تن سے اُسکو عار ہی ... ہو گیا دیوانہ قصداً اس لیئے
کہ مرے سر پیٹھ پر کوڑے کو مار ... قید کر یہ راز مت کر آشکار

سلہ[۱] خوش گیا الخ یہ شعر ذوالنون جو زندان کو خوش گیا الخ اور بیڑیاں پہنین پاؤن مین مجنون ہو کر ہر ایک سمت سے اُس کے دوست جمع ہوے اور زندان مین اُس کے پوچھنے کو گئے سب دوست قصہ ذوالنون مین طرف زندان کے اپنی اپنی راے ظاہر کرتے تھے کہ یہ تعزیر قصداً دی گئی یا حکمت سے ہے کیونکہ یہ ایک قبلہ اس ملت کا ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ[۲] جو کہ دور از عقل وہ خود دریا ہے کب جنون اس کا تعلیم فرما ہو حاش للہ اس کی ایسی ہی عزت و جاہ ہے کہ اس کے ماہ کو ابر بیماری چھپائے وہ عام کے شر سے خانہ نشین ہوا اور سنگ عقلا سے وہ دیوانہ بنا گندہ تن کی عقل سے اُس کو عار ہے قصداً وہ دیوانہ ہو گیا ہے جو اس لیئے کہ میرے سر و پیٹھ پر تو کوڑے مارے قید کر پر راز ظاہر نہ کر آگے حقائق اس کے ہین فافہم ۱۲۔

تا ز زخم لخت یابم من حیات	چون قتیل از گاو موسیٰ ای ثقات	تا حیات[۱] اس زخم سے کوٹے کے ہو	گاؤ موسیٰ سے ہے جون مقتول کو
تا ز زخم لخت گاو خوش شوم	ہمچو کشتہ گاو موسیٰ کش شوم	زخم اسکو ایسے ہوں تا کہ خوش	ہوؤن مثل کشتہ گاؤ موسیٰ کُش
زندہ شد کشتہ ز زخم دم گاو	ہمچو مس از کیمیا شد زر ساؤ	کشتہ زخم گاؤ سے زندہ ہوا	جیسے تانبا کیمیا سے زر بنا
کشتہ بر جست و بگفت اسرار را	وانمود از زمرۂ خونخوار را	کہدیا کشتہ نے سب اسرار کو	کھولا بس اُس فرقۂ خونخوار کو
گفت روشن کین جماعت کشتہ اند	تخم این آشوب ایشان کشتہ اند	بولا مارا اُس جماعت نے مجھے	اور بوے تخم اس آشوب کے
چونکہ کشتہ گردد این جسم گران	زندہ گردد ہستی اسرار دان	جبکہ کشتہ ہووے یہ جسم گران	زندہ ہووے ہستی اسرار دان
جان او بیند بہشت و نار را	باز داند جملۂ اسرار را	اُسکی جان دیکھے بہشت و نار کو	پھر وہ جانے سر بسر اسرار کو
وانماید خونیان دیو را	وانماید دام خدع و ریو را	کرے ظاہر قاتلانِ دیو کو	کرے ظاہر دام مکر و ریو کو
گاو کشتن ہست از شرطِ طریق	تا شود از زخم دمش جان بضیق	مارنا[۲] ہے گاؤ کا شرطِ طریق	تا ہو زخم دُم سے اُسکی جان ضیق
گاو نفس خویش را زوتر بکش	تا شود روح خفی زندہ بہش	گاؤ نفس اپنے کو جلدی مار اخی	تا کہ زندہ ہو تری روح خفی
این سخن را مقطع و پایان مجو	حال ذوالنون با مریدان باز گو	ڈھونڈھ مت اب انتہا سے بات کو	حال ذوالنون اور مریدونکا کہو

رجوع کردن بحکایت ذوالنون با مریدان

رجوع کرنا طرف حکایت ذوالنون اور انکے مریدونکے

چون رسیدند آن نفر نزدیک او	بانگ بر زد ہے کیانید اتقوا	جبکہ پہونچے[۳] پاس اسکے جملہ وہ	چیخ کر بولا خبردار اب ڈرو
با ادب گفتند ما از دوستان	بہر پرسش آمدیم اینجا بجان	با ادب بولے کہ ہم ہیں دوستان	پوچھنے آئے ہین ہم دلسے یہان
جونے اے دریای عقل ذوفنون	این چہ بہتان ست بر عقلت جنون	عقل کے دریا ترا کیا حال ہے	کیسا یہ بہتان جنونکا عقل پے
دود گلخن کے رسد در آفتاب	چون شود عنقا شکستہ از غراب	کب دھوین سے چھپ سکے خورشید ہی	زاغ کب عنقا کو زخمی کر سکے

۱ے تاحیات الخ ۔ شعر تاکہ حیات اس زخم کوڑے کے سے ہووے مقتول کو جیسے زمانہ موسیٰ مین گاؤ مذبوح سے مقتول نے زندہ ہو کر سب حال کہدیا تھا اس کوڑے کے زخم سے تاکہ ہوؤن مین خوش دمثل کشتہ کے ہون گاؤ موسیٰ کُش کے کشتہ زخم گاؤ سے زندہ ہوا جیسا تانبا کیمیا سے زر بنا کشتہ نے کہدیا سب اسرار کو اور بتایا گروہ خونخوار کو کہ اس جماعت نے مجھ کو مار ڈالا اور تخم بوے اس فتنہ وفساد کے جبکہ یہ جسم کشتہ ہووے ہستی اسرار جان کی زندہ ہووے اسکی جان دیکھے بہشت و دوزخ کو پھر سب اسرار کو جانے اور ظاہر کر دے دام مکر وکید کو یعنی مانند گاؤ موسیٰ کے اگر تو اپنے جسم کو ہلاک کرے تو جان مردہ تیری زندہ ہو اور قاتلان دیو کے مکر و فریب کو بتلا دے قصہ گاؤ موسیٰ کا یہ ہے کہ عہد موسیٰ مین ایک شخص کو مال کے واسطے چچا زاد بھائی نے ہلاک کیا مگر قاتل معلوم نہ ہوا موسیٰ نے بموجب وحی کے اُس قوم کو لکھا کہ ایک گاؤ ذبح کر دو خون اسکا اس مقتول پر چھڑک دو حال قاتل کا کہدے گا چنانچہ اہل قوم نے ایک گائے ذبح کی خون چھڑکنے سے مقتول نے قاتل کو اپنے بتایا چنانچہ یہ قصہ قرآن مین ہے اسیطرح گاؤ جسم کے قتل سے جان مردہ حال قاتل دیو کا بتا دیگی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ے مارنا ہے الخ ۔ شعر گاؤ کا مارنا شرط طریق ہی تا زخم دُم سے اُسکی جان ضیق ہو پس تو گاؤ نفس کو اپنے جلدی مار تاکہ روح تیری زندہ ہو اس بات کی انتہا کو تو مت ڈھونڈھ حال ذوالنون و مریدوں کا اسکے کہہ یعنی اپنے نفس کو تو مار کہ تیری جان مردہ زندہ ہو وے آگے قصہ ذوالنون مصری کا ہے فافہم ۱۲ ۳ے جبکہ پہونچے الخ ۔ شعر جبکہ وہ سب اُسکے پاس پہونچے ذوالنون نے للکار کر کہا کہ خبردار تم ڈرو سب باادب ہو کر کہا کہ ہم تیرے دوست اور تیرے پوچھنے کو آئے ہین اے عقل کے دریا تیرا کیا حال ہے یہ جنون کا بہتان عقل پر کیسا ہے سورج دھوین سے کب چھپ سکتا ہے زاغ کب عنقا کو زخمی کر سکتا ہے یہ بات مت چھپا اور ہم سے کہہ کہ ہم تیرے دوست ہین ہم سے پوشیدہ نہ رکھ دوستونکو اب تو دور نہ کر اور حیلہ و غماض سے مہجور نہ کر دوستونکو راز مین شامل کرے تو بحر عقل ہے یہ قبول کر اپنا راز کہدے اے بادشاہ اپنا منھ ابر میں مت چھپا تو اے ماہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

واگیر از ما بیان کن این سخن
مر محبان را نشاید دور کرد
راز را اندر میان نہ با محب
راز را اندر میان آور شہا
ما محب صادق و دل خستہ ایم
راز را از دوستان پنہان مکن
چونکہ دوستون این سخن ز ایشان شنید
فحش آغازید و دشنام از گزان
بر جہید و سنگ پران کرد و چوب
قہقہہ خندید و جنبانید سر
دوستان بین کو نشان دوستان
کے گران گیرد ز رنج دوست دوست
نے نشان دوستی باشد خوشی
دوست ہمچون زر بلا چون آتش است

ما محبانیم با ما این مکن
یا برو پوشش و دغل مہجور کرد
اے کہ بحر علم و عقلے انتجب
رو مکن در ابر پنہانے مہا
در دو عالم دل بتو بربستہ ایم
در میان نہ راز و قصد جان مکن
جز طریق امتحان مخلص نہ دید
گفت او دیوانگانہ زی و قاف
جملگان بگریختند از بیم کوب
گفت باد ریش این یاران نگر
دوستان را رنج باشد ہمچو جان
رنج مغز و دوستی آن را چو پوست
در بلا و آفت و محنت کشی
زر خالص در دل آتش خوش است

مت چھپا یہ بات کر ہم سے بیان
ہم محبون کو نہ کر اب دور تو
دوستون کو راز مین کر تو شمول
راز اپنا کھول دے اے بادشاہ
ہم ہین صادق دوست اور دلخستہ ہین
دوستون سے راز تو پنہان نہ کر
جو سنا ذوالنون نے اُنسے یہ بیان
گالیان دین اور بکا لاف و گزاف
دوڑا اور پتھر لگا وہ مارنے
پس ہنسا اور سر ہلا کے کہا
ہے کہان انہین نشان دوستان
کب گران بر جان ہو رنج دوست
نے نشانی دوستی کی ہے خوشی
دوست مثل زر بلا چون آگ ہے

ہم محب ہین مت تو رکھ ہم سے نہان
حیلہ و اغماض سے مہجور تو
اے تو بحر عقل ہے کر یہ قبول
مت چھپا رو ابر مین اپنا تو ماہ
دونون عالم مین ترے دل بستہ ہین
کر دے ظاہر اور قصد جان نہ کر
مخلصی پائی نہین جز امتحان
مثل دیوانون کے بولا لام کاف
مار کے ڈر سے لگے سب بھاگنے
دیکھ درویش حال ان احباب کا
دوستون کا رنج ہووے مثل جان
رنج مغز اور دوستی اسکی ہے پوست
ہے بلا و محنت و آفت کشی
زر خالص آگ مین اچھا لگے

امتحان کردن خواجہ لقمان را در زیرکے

امتحان کرنا خواجہ کا لقمان کی ہوشیاری کا

نے کہ لقمان را کہ بندہ پاک بود
خواجہ اش می داشتی در کار بیش
زانکہ لقمان گرچہ بندہ زادہ بود

روز و شب در بندگی چالاک بود
بہترش می دیدی ز فرزندان خویش
خواجہ بود و از ہوا آزادہ بود

نے کہ لقمان کو کہ بندہ پاک تھا
خواجہ اکثر کام لیتا اُس سے تھا
کیونکہ لقمان گرچہ بندہ زادہ تھا

بندگی مین رات دن چالاک تھا
اور فرزندون سے بہتر جانتا
پر ہوا و حرص سے آزادہ تھا

ف۱ ہم ہین الخ۔ اشعر ہم دوست صادق و دل خستہ ہین اور دونون عالم مین تیرے دل بستہ ہین دوستون سے تو راز پنہان نہ کر ظاہر کر دے اور قصد جان نہ کر یہ بیان ذوالنون نے جوان سے سنا خلاص پایا نہین بجز امتحان کے گالیان دین اور برا بھلا کہا اور مثل دیوانون کے لام کاف کہا دوڑا اور پتھر مارنے لگا ڈر سے مار کی سب بھاگنے لگے پس ہنسا اور سر ہلا کر کہا دیکھ درویش ان احباب کا حال ان مین نشان دوستون کا کہان ہے دوستون کا رنج مثل جان کے ہوتا ہے رنج دوست کا کب گران ہووے دوست کو رنج مغز ہے اور دوستی اس کی پوست ہے دوستی کا نشان خوشی نہین ہے بلکہ بلا و محنت و آفت ہے دوست مثل زر اور آگ کے ہے زر خالص آگ مین خوشتر دکھائی دیتا ہے یعنے دوست وہ ہے کہ بلائے دوست کو بہتر جانے دوست کی بلا سے نہ بھاگے کہ بلا دوست کی رحمت ہے جیسے لقمان نے بلائے دوست کو راحت جانا چنانچہ اس کا قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۲ نے کہ لقمان کو الخ شعر تو نے نہین دیکھا ہے لقمان کو کہ پاک بندہ تھا اور بندگی مین رات دن چالاک تھا اور اکثر خواجہ اس سے کام لیتا تھا اور فرزندون سے بہتر جانتا تھا کیونکہ لقمان اگرچہ بندہ زادہ تھا ولیکن حرص و ہوا سے آزاد تھا آگے مثال ہے فافہم ۱۲۔

گفت شاہے شیخ را اندر سخن　کز من از بخشش تو چیزے خواست کن
شہ[۱] نے باتوں مین کہا یہ شیخ سے　کوئی شے بخشش مین مجھ سے مانگ لے

گفت اے شہ شرم ناید مر ترا　کین چنین گوئی مرا زین بر ترا
بولا شرم آتی نہین تجھ کو شہا　تو یہ کہتا ہے بھلا کچھ تو بڑھا

من دو بندہ دارم و ایشان حقیر　وان دو بر تو حاکمانند و امیر
میرے دو بندے ہین اور از بس حقیر　تجھ پہ وہ حاکم ہین دونون اور امیر

گفت شہ آن دو چہ اند این زلت است　گفت آن یک خشم و دیگر شہوت است
شاہ بولا کون سے ہین دو غلام　بولا خشم اک دوسرا شہوت ہے نام

شاہ آن دان کو ز شاہی فارغ است　بے مہ و خورشید نورش بازغ است
شہ ہے وہ شاہی سے جو فارغ رہے　نور روشن اسکا مہر و ماہ پے

مخزن آن دارد کہ مخزن عار اوست　ہست آن دارد کہ با ہستی عدوست
وہ غنی ہے عار دولت جسکی ہے　ہے وجود اسکا جو ہستی سے چھٹے

خواجہ لقمان بظاہر خواجہ وش　در حقیقت بندہ لقمان خواجہ اش
خواجہ[۲] لقمان کا بظاہر خواجہ تھا　در حقیقت بندہ تھا لقمان کا

در جہان بازگونہ زین بس است　در نظر شان گوہرے کم از خس است
ہین بہت اس واسطے عالم مین یہان　خس سے کم دیکھین گہر کو جو عیان

مر بیابان را مفازہ نام شد　نام و ننگ عقل شان را دام شد
نام ویرانہ کا آبادی رکھا　ننگ عقل انکی کو دام اک ہو گیا

یک گرہ را خود معرف جامہ است　در قبا گویند کو از عامہ است
اک گرہ کا خود معرف جامہ ہے　کہتے ہین اسکو قبا مین عامہ ہے

یک گرہ را ظاہر سالوس زہد　نور باید تا بود جاسوس زہد
اک گرہ کو ظاہرا ہے مکر و زہد　نور ہووے تا کہ جانے مکر و زہد

نور باید پاک از تقلید و غول　تا شناسد مرد را بے فعل و قول
پاک نور اب چاہیے تقلید سے　تا کہ جانے مرد کو بے قال کے

در رود در قلب او از راہ عقل　نقل او بیند نباشد بند نقل
قلب[۳] مین گر جائے وہ از راہ عقل　نقل وہ دیکھے نہو پابند نقل

بندگان خاص علام الغیوب　در جہان جان جواسیس القلوب
بندگان خاص علام الغیوب　عالم جان مین جواسیس القلوب

در درون دل در آید چون خیال　پیش او مکشوف باشد سر حال
دل کے اندر جو گھسین مثل خیال　انکے آگے ہوئے ظاہر سر حال

در تن گنجشک چہ بود برگ و ساز　کہ شود پوشیدہ آن بر عقل باز
تن مین ان چڑیون کے کیا ہی جو کہ ہی　کب چھپا ہے باز کی وہ عقل سے

جو ر کر نا عول ان

۱ شہ نے الخ یہ شعر شاہ نے باتون مین ایک شخص سے کہا کہ کوئی شے بخشش مین مجھ سے مانگ لے شیخ نے کہا تجھے شرم نہین آتی ہے کہ مین بزرگ ہون تو اے شاہ مجھے دیوے میرے دو بندے از بس حقیر ہین لیکن تجھ پر وہ دونون حاکم ہین شاہ نے کہا وہ کون سے دو غلام ہین کہا ایک خشم دوسرے شہوت ہے آگے حقائق ہین وہ شاہ ہے کہ جو شاہی سے فارغ رہے اور نور اسکا مہر و ماہ پر چمکے وہ دولتمند ہے جسے دولت پر عار ہے ہست وہ ہے کہ جو ہستی سے چھٹے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۲ خواجہ الخ یہ شعر خواجہ لقمان کا بظاہر خواجہ تھا لیکن حقیقت مین وہ لقمان کا بندہ تھا آگے حقائق ہین اس واسطے عالم مین بہت لوگ ہین کہ خس سے کم گوہر عیان دیکھتے ہین نام ویرانہ کا آبادی رکھا ہے تنگ اون کی عقل کو ایک دام ہو گیا ایک گروہ کا جامہ پہچنواتا ہے مردم اسکو کہتے ہین کہ قبائے عام ہے ایک گروہ کا مکر و زہد ظاہر ہے نور ہووے تاکہ مکر و زہد کو جانے تقلید سے نور پاک چاہیے تاکہ مرد کو جانے بغیر گفتگو کے یعنی یہ جہان معکوس ہے کہ بُرے کو بھلا جانتے ہین و بھلے کو برا پیران ریاکار نے لباس بزرگون کا پہنکر مخلوق کو دھوکا دیا کہ مخلوق بزرگان سے بد اعتقاد ہو گئی نور باطن اب چاہیے کہ بغیر گفتگو کے مردان حق کو پہچانے چنانچہ اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ قلب مین الخ یہ شعر قلب مین اگر وہ جا کے از راہ عقل کے نقل کو دیکھے اور پابند نقل کا نہووے یعنی پابند تقلید کا نہ رہے و قلب مین نقل شے کو دیکھے بندگان خاص خدا کے عالم غیب جاسوس لوگون کے ہین وہ دل کے اندر جو گھسین مثل خیال کے تو انکے آگے ظاہر ہووے اسرار حال کا آگے مثال ہے ان چڑیون کے بدن مین جو کچھ کہ ہے باز عقل سے کب چھپا ہوا ہے خالق کے بھید سے جو واقف ہو گیا پھر مخلوق کا بھید اسکے آگے کیا ہے جو آسمان پر چلنے لگے زمین پر اس کو چلنا کب مشکل ہے داؤد کے ہاتھ مین آہن موم ہو گیا پھر موم کی کیا اصل ہے یعنی جو کوئی عارف راز باطن سے خبردار ہو گیا اسکے آگے بھید مخلوق کا کیا چیز ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ـ

آنکه واقف گشت بر اسرار ہو — سر مخلوقات چه بود پیش او
آنکه بر افلاک رفتارش بود — بر زمین رفتن چه دشوارش بود
در کف داؤد کاہن گشت موم — موم چه بود در کف او اے ظلوم
بود لقمان بنده شکل خواجهٔ — بندگی بر ظاہرش دیباچهٔ
چون رود خواجه بجائے ناشناس — بر غلام خویش پوشاند لباس
او بپوشد جامہ‌ہائے آن غلام — مر غلام خویش را سازد امام
در پیش چون بندگان در رہ شود — تا نیارد زد کسے آگہ شود
گوید اے بنده تو رو در صدر شین — من بگیرم کفش چون بنده کمین
تو درشتی کن مرا دشنام ده — مر مرا تو ہیچ توقیرے منہ
ترک خدمت خدمت تو داشتم — تا بغربت تخم حیلت کاشتم
خواجگان این بندگیہا کرده اند — تا گمان آید که ایشان بنده اند
چشم پر بودند سیر از خواجگی — کارہا کردند در آمادگی
وین غلامان ہوا بر عکس آن — خویشتن بنموده میر عقل و جان
آید از خواجه ره افگندگی — ناید از بنده بغیر از بندگی
پس ازان عالم بدین عالم چنان — تعبیتی ہاہست بر عکس این بدان
خواجهٔ لقمان ازین حال نہان — بود واقف دیده بود از وے نشان
راز میدانست و خوش میراند خر — از برائے مصلحت آن راہبر

سر ہو سے جو کہ واقف ہوگیا — خلق کا بھید اسکے آگے ہیچ ہی کیا
آسمان پر جو کوئی چلنے لگے — کب زمین پر چلنا مشکل اسکو ہی
موم آہن ہوگیا داؤد کے — ہاتھ مین پھر موم کی کیا اصل ہے
خواجہ[1] تھا لقمان ہمشکل غلام — بندگی تھی اُسکی ظاہر پر تمام
جاے نادانستہ گروہ خواجہ جائے — اپنے بندہ کو لباس اپنا پہنائے
اور خود پہنے وہ پوشاک غلام — اور غلام اپنے کو کر لیوے امام
پیچھے پیچھے مثل بندون کے چلے — تا نہ پہچانے کوئی یہ کون ہے
اور کہے تو بیٹھ بندے صدر مین — کفش جون بندہ اٹھاؤن تیری مین
ہو خفا اور گالیان دے تو مجھے — اور کچھ توقیر میری مت کرے
ترک خدمت کی ہی خدمت دے مجھے — تخم حیلہ بویا غربت مین اُسگے
بندگی خواجون نے ایسی کی مدام — تا گمان ہووے کہ ہین بس غلام
سیر چشم[2] اور خواجگی سے دل بھرا — کام کو آمادگی سے پر کیا
بر خلاف اُسکے غلامان ہوا — عقل و جان کا خواجہ اپنے کو کیا
ہوتی ہی خواجہ سے ظاہر عاجزی — ہوتی ہے بندہ سے پیدا بندگی
اس جہان سے اس جہان کے درمیان — جان تو برعکس ہی ترتیب یان
خواجہ[3] لقمان کے مخفی حال پے — تھا خبردار اُس سے دیکھے تھا پتے
بھید جانے اور بس کوشش کرے — راہبر کی بہتری کے واسطے

[1] خواجہ تھا الخ۔ شعر لقمان خواجہ تھا بصورت غلام اور اُسکی ظاہر صورت پر بندگی تھی آگے مثال اُسکی ہے اگر کوئی خواجہ کسی جاے نادانستہ پر جائے اور اپنے غلام کو لباس اپنا پہنائے اور خود لباس غلام کا پہنے اور اپنے غلام کو امام اپنا کر لیوے اور پیچھے پیچھے مثل غلامون کے چلے تا کوئی نہ پہچانے کہ یہ کون ہے اور کہے کہ اے غلام تو صدر مین بیٹھ اور مثل غلامون کے تیری جوتیان مین اٹھاؤن تو خفا ہو اور مجھے گالیان دے اور کچھ توقیر مت کر میری۔ ترک خدمت کی تجھے خدمت دی ہے تاکہ تخم حیلہ کا زمین غربت مین اُگے غرضکہ ایسی بندگی خواجون کی ہمیشہ کی ہے تا گمان ہووے کہ یہ بندے ہین یعنی حق لباس بندہ مین رسول بن کر بظاہر اس جہان مین آیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] سیر چشم الخ ۱۲ شعر سیر چشم اور خواجگی سے دل بھرا تھا اور کام کو مستعدی سے لیا تھا اسکے برخلاف غلام ہوا کے ہین کہ خود کو خواجہ عقل و جان کا کیا یعنی ریاکار نے باوجود بے معنے ہونے کے خود کو خواجہ بنایا خواجہ سے ظاہر عاجزی ہوتی ہے اور بندہ سے پیدا بندگی ہوتی ہے اس جہان کے درمیان اس جہان سے ترتیب برعکس ہے تو جان لے یعنی معاملات اس جہان مین اُلٹی ہین کہ یہ جہان اُس جہان سے برعکس ہے کہ حق بصورت بندہ ہے یا اہل معنی کے برعکس یہان ریاکار ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ [3] خواجۂ لقمان کے مخفی الخ۔ شعر خواجہ لقمان کا پوشیدہ حال لقمان پر خبردار تھا اور پتے دیکھتا تھا بھید جانے اور کوشش از بس کہے لقمان کی بہتری کے واسطے اول سے آزاد وہ لقمان کو کرتا وہ لیکن خوشنودی لقمان پر رکھا کیونکہ لقمان کی یہ آرزو تھی کہ کوئی اُس کے راز کو نہ جانے کیا عجب ہے کہ بھید کو بد کے سے چھپائے یہ تعجب ہے کہ بھید کو خود سے چھپائے کام پوشیدہ کر اپنی آنکھ سے تاکہ بد سے تیرا کام بچے خود کو حوالہ مرشد کے کر کے فائدہ حاصل کر اور خودی کو اپنی خوبی سے پوشیدہ رکھ یعنی اپنی راز دہی کو مخلوق سے ایسا پوشیدہ رکھ کہ خود بھی نہ معلوم ہووے چنانچہ آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

مرد را آزاد کرد از نخست	لیک خوشنودی لقمان را بجست	کرتا پہلے سے بس آزاد اُسکو وہ	پر رکھا خوشنودی لقمان کو
زانکہ لقمان را مراد این بود تا	کس نداند سر آن شیر فتا	کیونکہ تھی لقمان کی یہ آرزو	تا نہ جانے کوئی اُسکے بھید کو
چہ عجب گر سر ز بد پنہان کنی	این عجب کہ سر ز خود پنہان کنی	کیا عجب گر بھید کو بد سے چھپائے	یہ عجب کہ بھید کو خود سے چھپائے
کار پنہان کن تو از چشمان خود	تا بود کارت سلیم از چشم بد	کام کر پوشیدہ اپنی آنکھ سے	بد نظر سے کام تا تیرا بچے
خویش را تسلیم کن بردار مزد	وانکہ از خود بے ز خود چیزے بدزد	خود کو سونپ اور کر تو حاصل کرا	کچھ خودی کو اپنی خوبی سے چھپا
مید ہند افیون بمرد زخم مند	تا کہ پیکان از تنش بیرون کنند	دیتے ہین زخمی کو افیون اس لیے	تا نکالیں تیر اُس کے جسم سے
وقت مرگ از رنج او را می درند	او بدان مشغول شد جان میبرند	مرگ کیوقت اُسکو دیتے رنج ہین	اُس مین وہ مشغول ہو یہ جان لین
چون بہر فکرے کہ خواہی دل سپرد	از تو چیزے در نہان خواہند برد	دل ترا جس فکر کو رکھے عزیز	تجھ سے لیجاوین وہ مخفی ایک چیز
ہر چہ اندیشی و تحصیلے کنے	می در آید دزد از انسو کایمنی	سوچے تو جو کچھ کہ اور حاصل کرے	جس طرف سے ہو تو غافل چور سے
پس بدان مشغول شو کان بہتر ست	تا از تو چیزے برد کان کہتر است	اُس مین ہو مشغول بہتر جو کہ ہے	تا کہ تجھ سے لیوے کہتر جو کہ ہے
بار بازرگان چو در آب اوفتد	کشتی عمرش بغرقاب اوفتد	ڈوبے جو تاجر کا اسباب آب مین	کشتی عمر اُسکی ہو غرقاب مین
ہر چہ نادلتر بدریا افگنند	دست اندر کالہ بہتر زنند	پھینکین دریا مین جو ساماں ہو بڑا	اور رکھین وہ بیش قیمت کو بچا
چونکہ چیزے فوت خواہد شد در آب	ترک کمتر گیر و بہتر را بیاب	آب مین جانو جو ساماں ڈوبتا	پھینکو بدتر اور رکھو بہتر بچا
نقد ایمان را بطاعت گوش دار	تا ز روے حق نگردی شرمسار	رکھ نگہ طاعت سے تو ایمانکو	شرمساری ہو نہ حق کے روبرو
چونکہ نقدت را نگہداری کنی	حرص و غفلت را برو دیو دنی	جو نگہبانی کرے ایمان کی	حرص و غفلت کو لے دیو دنی

ظاہر شدن فضل و ہنر لقمان پیش امتحان کنندگان

ظاہر ہونا فضل و ہنر لقمان کا آگے امتحان لینے والونکے

خواجہ لقمان چو لقمان را شناخت	بندہ بود او را و با او عشق باخت	جانا اُس خواجہ نے جب لقمان کو	ہو گیا بندہ وہ عاشق اُسپہ ہو

۱؎ دیتے ہین الخ ۵ شعر جیسے زخمی کو افیون دیتے ہین اسلیے تاکہ تیر اُسکے جسم سے نکالین اور مرگ کے وقت اُسکو رنج دیتے ہین تاکہ وہ اُس مین مشغول ہو اور یہ جان لین جس فکر کو دل تیرا عزیز رکھے وہ تجھ سے لیجائین پوشیدہ ایک چیز کو یعنی تو راغب ہو اور حرص کا ہووے اور پوشیدہ ایمان تیرا لیجاوین تو جو کچھ کہ سوچے حاصل کرے جس طرف سے تو غافل ہو چور لیجائین تو اُس سے مشغول ہو کہ جو بہتر ہے تاکہ تجھ سے کمتر کو وہ لیوے یعنے ایمان بہتر ہے تو اس سے مشغول ہو تاکہ حرص و ہوا اسے کمتر کو بسبب غفلت کے تجھ سے لیوے تو جس سے غافل ہوگا وہی چور لے کا جا پیسے کہ تو ایمان سے شاغل و حرص و ہوا سے غافل ہو چنانچہ آگے اسکی مثال بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲؎ ڈوبے جو الخ ۵ شعر جو سوداگر کا اسباب آب میں ڈوبے اور کشتی عمر اُس کی غرق ہووے جو سامان کہ بڑا ہو وہ دریا مین پھینکے اور بیش قیمت کو بچا رکھے جو سامان آب مین ڈوبتا جانو بدتر پھینکو وہ بہتر بچا رکھو بس تو طاعت و ایمان کو رکھ تا شرمساری حق کے روبرو نہ ہو جو شخص کہ نگہبانی ایمان کی کرے حرص و غفلت ڈبو دیوے یعنی دنیا مین غرق ہوتا ہے تو متاع نیک ایمان بچا رکھ اور حرص و ہوا کو پھینک کہ موجب نجات ہو آگے قصہ لقمان کا ہے فافہم ۱۲ ۳؎ جانا الخ ۳ شعر جب کہ اُس خواجہ نے لقمان کو پہچانا عاشق اُس پر ہو کر بندہ بنا جو کوئی کھانا لایا اُس کے لیے وہ خادم بھیجتا لقمان کے پاس تاکہ اول کھانا کھائے و پس خوردہ اُسکا خواجہ نوش کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

ہر طعامی کاوریدندی بوی
تا کہ لقمان دست سوی آن برد
سور او خوردی و شور انگیختی
ور نخوردی بیدل و بی اشتہا
خربزہ آوردہ بودند ارمغان
گفت خواجہ با غلامی کای فلان
چونکہ لقمان آمد و پیشش نشست
چون برید و داد او را یک برین
از خوشی کہ خورد داد او را دوم
ماند شمسی گفت این امن خورم
او چنان خوش می‌خورد کز ذوق او
چون نخوردن تلخیش آتش فروخت
ساعتی بیخود شد از تلخی آن
نوش چون کردی تو چندین زہر را
این چہ صبرست این صبوری از چہ روست
چون نیاوردی بہانہ حجتی
گفت من از دست نعمت بخش تو

کس سوی لقمان فرستادی ز پی
قاصدا تا خواجہ پس خوردش خورد
ہر طعامی کو نخوردی ریختی
این بود پیوستگی بی منتہا
لیک غائب بود لقمان زان میان
زود رو فرزند لقمان را بخوان
خواجہ پس بگرفت سکینی بدست
ہمچو شکر خوردش و چون انگبین
تا رسیدن آن نہم تا ہفدہم
تا چہ شیرین خربزہ است این بنگرم
طبعہا شد مشتہی و لقمہ جو
ہم زبان کرد آبلہ ہم حلق سوخت
بعد از ان گفتش کہ ای جان جہان
لطف چون انگاشتی این قہر را
یا مگر پیشت تو این جانت عدوست
کہ مرا عذری است بس کن ساعتی
خوردہ ام چندانکہ از شرمم دو تو

کھانا لاتا جو کوئی اس کے لیے
تا کہ لقمان پہلے وہ کھانا چکھے
جھوٹا[۱] اسکا کھاتا اور پاتا مزا
کاش کھلتا بھی تو وہ بے اشتہا
خربزہ تحفہ میں اک لایا کوئی
خواجہ اک بندہ کو بولا کہ تو جا
جو کہ لقمان آکے بیٹھا سامنے
جو کہ کاٹی ایک قاش اور دی اسے
جو خوشی سے کھائی دی اک اور بھی
جب رہی اک قاش بولا کھاؤں مین
کھانا تھا لقمان اسے اس ذوق سے
کھائی[۲] جو تلخی سے آگ ایسی لگی
بس ہا تلخی سے بیخود اک زمان
تو نے کیسے کھایا اتنے زہر کو
کیسا یہ صبر او صبوری کس لیے
کیون نہین تو نے بہانا بس کیا
بولا[۳] تیرے دست نعمت بخش سے

بھیجتا خادم طرف لقمان کے
خواجہ پس خوردہ کو نوش اسکے کرے
جو نہ کھانا کھاتا اسکو پھینکتا
ایسی تھی دلبستگی بے انتہا
پر وہان لقمان نہین تھا اس گھڑی
جلد اس فرزند لقمان کو بلا
خواجہ نے چاقو اٹھایا ہاتھ سے
کھائی اسنے جون شکر اور شہد کے
یان تلک کہ قاش سترہ ہو گئی
کیسا شیرین خربزہ ہے دیکھو مین
کہ للچتے دل تھے سب کے شوق سے
آبلے منہ مین زبان ایسی جلی
بعد اسکے بولا اے جان جہان
تو نے کیسے جانا لطف اس قہر کو
یا ہے جان سے دشمنی شاید تجھے
کہ مجھے ہے عذر تم ٹھہرو ذرا
اسقدر کھایا کہ شرم آئی مجھے

(۱) جھوٹا الخ ۳ شعر اسکا پس خوردہ کھاتا اور مزا پاتا جب وہ کھانا نہ کھاتا اسکو پھینکتا اور کاش کھاتا بھی تو بغیر اشتہا کے اسے دلبستگی اس سے از حد تھی کوئی شخص ایک خربزہ تحفہ میں لایا لیکن لقمان اسدم وہان نہ تھا خواجہ نے ایک بندہ سے کہا کہ تو جا اور جلدی اس فرزند لقمان کو بلا جب کہ لقمان اس کے روبرو آکر بیٹھا خواجہ نے چاقو ہاتھ سے اٹھایا جو کہ ایک قاش کاٹی اس کو دی کھائی اس نے مانند شہد و شکر کے جو کہ خوشی سے کھائی تو ایک اور دی یہانتک کہ سترہ قاش ہو گئین جبکہ ایک قاش رہی تو کہا مین کھاؤن کیسا شیرین خربزہ ہے مین دیکھون کیونکہ لقمان اسے کھاتا ہے ذوق سے کہ دل سب کے للچاتے ہین شوق سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ (۲) کھائی الخ ۵ شعر جو کھائی قاش تو ایسی تلخی سے آگ لگی آبلے منہ مین پڑے اور زبان جلی کچھ دیر تک تلخی سے بیخود رہا اور بعد اس کے کہا کہ اے جان جہان تو نے کیسے کھایا اتنے زہر کو اور تو نے کیسے جانا لطف اس قہر کو کیسا یہ صبر اور صبوری کس واسطے ہے یا کہ جان سے دشمنی تجھ کو ہے تو نے کیون نہین بہانہ کیا کہ مجھے عذر ہے تم ذرا ٹھہرو جواب اس کا آگے بیان فرماتے ہین ۱۲ (۳) بولا الخ شعر لقمان نے کہا کہ تیرے دست نعمت بخشش سے اس قدر کھایا ہے کہ مجھے شرم آتی ہے کہ تیرے ہاتھ سے تلخ ہوا اور مین نہین کھاؤن میرے سب اجزا تیرے انعام سے پیدا ہوے ہین و تیرے دام مین پھنسے ہین اگر مین ایک تلخی سے فریاد کرون سو راہ سے خاک ان اجزا پر پڑے تیرا دست شیرین لذت سے پر ہے خربزہ مین کیسی تلخی چھوڑ تا پس محبت سے تلخیان شیرین ہین اور تا نیاز رہنے آگے اس محبت کا بیان ہے فافہم ۱۲

شرمم آید که یکی تلخ از کفت / می نه نوشم ای تو صاحب معرفت
چون همه اجزایم از انعام تو / رسته اند و غرق دانه و دام تو
گر ز یک تلخی کنم فریاد و داد / خاک صد ره بر سر اجزام باد
لذت دست شکر بخشش تو داشت / اندرین بطیخ تلخی کی گذاشت
از محبت تلخها شیرین شود / از محبت مسها زرین شود
از محبت دُردها صافی شود / وز محبت دردها شافی شود
از محبت خارها گل می شود / وز محبت سرکها مل می شود
از محبت دار تختی می شود / وز محبت بار بختی می شود
از محبت سجن گلشن می شود / بی محبت روضه گلخن می شود
از محبت نار نوری می شود / وز محبت دیو حوری می شود
از محبت سنگ روغن می شود / بی محبت موم آهن می شود
از محبت حزن شادی می شود / وز محبت غول هادی می شود
از محبت نیش نوشی می شود / وز محبت شیر موشی می شود
از محبت سقم صحت می شود / وز محبت قهر رحمت می شود
از محبت مرده زنده می شود / وز محبت شاه بنده می شود
این محبت هم نتیجهٔ دانش ست / کی گزافه بر چنین تختی نشست
دانش ناقص کجا این عشق زاد / عشق زاید ناقص اما بر جماد

شرم آتی ہے کہ تیرے ہاتھ سے / تلخ اک شے ہو نہ کھاؤں میں اُسے
میرے سب اجزا ترے انعام سے / پیدا اور پھندے میں تیرے ہیں پھنسے
گر کروں فریاد میں اک تلخ سے / خاک ان اجزا پہ سو رہ سے پڑے
دست شیریں تیرا ہے لذت بھرا / خربزہ میں کیسی تلخی چھوڑتا
بس محبت سے ہوں شیریں تلخیاں / اور محبت سے ہو تانبا زرفشاں
اور محبت ہی سے صافی دُرد ہو / اور محبت ہی سے شافی درد ہو
اور محبت ہی کانٹا گُل بنے / اور محبت ہی سے سرکہ مُل بنے
اور محبت ہی سے ہووے تخت دار / اور محبت ہی سے اختر ہووے بار
اور محبت سے ہو دوزخ بوستان / بے محبت کے ہو باغ آتش فشان
اور محبت ہی ہووے نار نور / اور محبت ہی سے ہووے دیو حور
اور محبت ہی سے روغن سنگ ہو / بے محبت موم آہن رنگ ہو
اور محبت سے الم شادی بنے / اور محبت سے مضل ہادی بنے
اور محبت ہی سے ہووے نیش نوش / اور محبت ہی سے ہووے شیر موش
اور محبت سے مرض صحت بنے / اور محبت سے غضب رحمت بنے
اور محبت ہی سے مردہ زندہ ہو / اور محبت ہی سے سلطان بندہ ہو
یہ محبت بھی مآل عقل ہے / لاف گو کب بیٹھے ایسے تخت پے
عقل ناقص عشق یہ کب کر سکے / ہے وہ ناقص عشق صورت جو رکھے

ف۱ اور محبت سے الخ یہ شعر محبت سے دُرد صافی ہو محبت سے درد شافی ہو اور محبت سے خار گل بنے محبت سے سرکہ شراب بنے محبت سے دار تخت ہووے محبت سے بار اختر ہووے محبت سے دوزخ بوستان ہووے بے محبت کے باغ گلخن ہووے محبت سے نار نور ہووے محبت سے دیو حور ہووے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ اور محبت سے الخ یہ شعر محبت سے سنگ روغن ہووے اور بے محبت کے موم آہن ہووے محبت سے الم شادی ہووے محبت سے مضل ہادی ہووے محبت سے نیش نوش ہووے محبت سے مرض صحت ہووے اور محبت سے شیر موش ہووے محبت سے غضب رحمت بنے محبت سے مردہ زندہ ہو محبت سے سلطان بندہ ہو یہ محبت نتیجہ عقل ہے لاف گو کیا ایسے تخت پر بیٹھے یعنی محبت کے سبب سے یہ سب امر ظہور پاتے ہیں اگر محبت صادق شرط ہے دعویٰ سے ظہور اثر کا نہیں ہوتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ عقل ناقص الخ یہ شعر عقل ناقص یہ عشق کب کر سکتی ہے وہ ناقص ہے کہ جو صورت پر رکھے یعنی عاشق مجازی یہ مرتبہ کب رکھتا ہے کیونکہ صورت پر رنگ جانان کا دیکھا اور آواز یار کی سیٹی سے سنی ہے یعنی مولانا اہل دید اور اہل سمع کی غلطی بتاتے ہیں کہ حسن ظاہری معشوق مجازی در اصل حسن یار ہی ہے مگر جیسے عکس خورشید دیوار پر ہے پس حسن تشبیہ پر ٹھہرنا نہ چاہیے تنزیہ کو جاننا چاہیے اور ایسی ہی آواز نغمہ آواز سیٹی ہے کہ مرغ دھوکا کھاتا ہے اگرچہ نغمہ آواز یار ہی کی ہے مگر نغمہ پر جو قائم رہا وہ اصل آواز کو نہ گیا اگر اہی میں پڑا ایسی دونوں کثرت والوں کو لازم ہے کہ سیر تشبیہ میں نہ ٹھہریں وہ جلدی تنزیہ کو جائیں کہ راہ پائیں عقل ٹھیک اس فرق کو کب جانے اسلیے کہ برق کو خورشید جانتا ہے آگے حقائق ہیں کہ جو ملعون ناقص کو رسول کہتے ہیں پس اس تاویل سے نقصان عقلوں کا ہی کیونکہ ناقص تن پر تو رحم آیا ہے پس محروم لائق لعنت کے نہیں ہے کسو اسطے کہ نفس عقل مرض بڑا ہے لعنت دوری اُسکی سزا ہوئی عقل کی تکمیل میں کچھ درر نہیں ہے یعنی لعنت ناقص عقل پر آتی ہے ناقص تن پر نہیں ہے کہ وہ ناقص تن مورد رحم ہے کیونکہ درستی عقل کی کوشش انسان سے ہو سکتی ہے اور درستی تن کی نہیں ہو سکتی ہے آگے مثال ہے فافہم ۱۲۔

بر جمادی رنگ مطلوبی چو دید — از صفیرے بانگ محبوبی شنید

دانش ناقص نداند فرق را — لاجرم خورشید داند برق را

چونکہ ملعون خواند ناقص را رسول — ہست در تاویل نقصان عقول

زانکہ ناقص تن بود مرحوم رحم — نیست بر مرحوم لائق لعن و زخم

نقص عقل ست آنکہ بد رنجوری ست — موجب لعنت سزاے دوری ست

زانکہ تکمیل خردہا دور نیست — لیک تکمیل بدن ادو ر نیست

کفر فرعونے و ہر گبر عنید — جملہ از نقصان عقل آمد پدید

بہر نقصان بدن آمد فرج — در نبے کہ ما علی الاعمیٰ حرج

برق آفل باشد و بس بے وفا — آفل از باقی نداند بے صفا

برق خندد بر کہ می خندد بگو — بر کسے کہ دل نہد بر نور او

نورہائے برق ببریدہ پے ست — آن چو لا شرقی و لا غربی کے ست

برق را خود یخطف الابصار دان — نور باقی را ہمہ انصار دان

برکف دریا فرس را راندن — نامہ را در نور برقی خواندن

از حریصی عاقبت نادیدن ست — بر دل و بر عقل خود خندیدن ست

عاقبت بین ست عقل از خاصیت — نفس باشد کو نہ بیند عاقبت

عقل کو مغلوب نفس او نفس شد — مشتری تحت زحل شد نحس شد

ہم درین نحسی بگردان این نظر — در کسیکہ نحس کردت در نگر

آن نظر کہ بنگرد این جزر و مد — او ز نحسی سوے سعدی نقب زد

زان ہمی گرداندت حالے بحال — ضد بضد پیدا کنان در انتقال

رنگ پتھر مین ملا محبوب کا — نغمہ سیٹی سے سنا محبوب کا

عقل ناقص جانے کب اس فرق کو — اسلیے خورشید مانے برق کو

جو کہین ملعون ناقص کو رسولؐ — اس سے ہے تاویل نقصان عقول

کیونکہ ناقص تن پہ آیا رحم ہے — نے ہے لعنت لائق اب مرحوم پے

کیونکہ نقص عقل بیماری بڑی — لعنت و دوری سزا اُسکی ہوئی

عقل کی تکمیل نے کچھ دور ہے — جسم کی تکمیل بے مقدور ہے

کفر فرعون دشمنی کافران ١ — عقل کے نقصان سے آئی بس عیان

بے غمی ہو نقص تن کے واسطے — ما علی الاعمیٰ حرج قرآن مین ہے

برق فانی ہوتی ہے اور بیوفا — فانی کب باقی کو جانے بے صفا

برق ہنستی ہے تو کس پر ہنستی ہے — اُس پے جو نور اسکی پر رغبت رکھے

نے ہے باقی نور برقی پیش رب — مثل لا شرقی و لاغربی ہے کب

برق کو خود یخطف الابصار جان (دور کرنیوالی بینائی کی) — نور باقی کو تو کل انصار جان

٢ گھوڑا دوڑاکے کف دریا پے جا — خط کا پڑھنا نور باقی مین دلا

حرص سے انجام کو نے دیکھنا — عقل و دل پر اپنے ہنسنا ہے سدا

عاقبت بینی خواص عقل ہے — عاقبت بینی نہووے نفس سے

عقل جو مغلوب نفس ہو نفس ہو — مشتری تحت الزحل ہو نحس ہو

تو نظر اُس نحس پن مین پھیر دے — اُسکی جانب نحس جو تجھکو کرے

وہ نظر کہ دیکھے اس حرکات کو — نحس پن کو چھوڑے اور کل سعد ہو

اسلیے اک حال سے دے اور حال — ضد کو ضد پیدا کرے بعد از زوال

سـ١ کفر فرعون الخ ۱۲ شعر کفر فرعون کا اور دشمنی کافرون کی عقل کے نقصان سے ظاہر ہوئی ہے اور نقصان تن کیواسطے بے غمی ہے کہ قرآن مین آیا ہے ما علی الاعمیٰ حرج یعنے نہین ہے اوپر اندھون کے نقصان برق فانی اور بیوفا ہوتی ہے فانی کب باقی کو جانے بغیر روشنی کے برق ہنستی ہے تو کس پر ہنستی ہے اُسپر کہ جو اُسکے نور سے رغبت رکھے نور برق کا پیش حق کے باقی نہین ہے مثل نور کا شرقی و لاغربی کے یعنی نہ طلوع ہے نہ غروب اس معنی کو تو برق کو دور کرنے والی بینائی کی جان اور نور باقی کو بالکل بعبارت جان یعنی حسن ظاہری نور برقی ہے چند روز مین فنا ہو جاتا ہے اور نور باقی نور دل ہے کہ ہمیشہ قائم رہتا ہے پس حسن ظاہری کی مبتلائی اندھا کرتی ہے دنیا و دین مین باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سـ٢ گھوڑا دوڑاکے الخ ۱۲ شعر گھوڑا دوڑانا کف دریا پر جاکر اور نور باقی مین خط کا پڑھنا اور حرص سے انجام کو نہ دیکھنا اپنے عقل و دل پر ہمیشہ ہنسنا ہے انجام کو دیکھنا خواص عقل ہے اور انجام کو نہ دیکھنا خاصیت نفس ہے نفس کی جو مغلوب عقل ہو وہ نفس ہو مشتری تحت الزحل ہو تو نحس ہو تو اُس نحس پن مین نظر کو پھیر دے اسکی حرکات کو دیکھے و نحس پن کو چھوڑ دے اور بالکل سعد ہو اسلیے کہ ایک حال سے دوسرا حال رہتا ہے کہ ضد کو ضد پیدا کرے بعد زوال کے یعنی بت پرستی کو چھوڑ اور معنی کی طرف رجوع کر کہ وہ مقلب القلوب ہے اس حال سے تجکو دوسرا حال دیگا کہ بعد رنج کے راحت ہے چنانچہ اسکا حال آگے ہے جو بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ عـ نہین ہے اوپر اندھے کے نقصان ۱۲ عـ نہ شرق نہ غرب کا ہے ۱۲

تا کہ از عسر نے بینی خوف ہا
کہ ز یسری بازیابی لطفہا

تا کہ خوفت نے ایدا ز ذات الشمال
لذت ذات الیمین یرجی الرجال

تا دو پر باشی کہ مرغ یک پرہ
عاجز آید از پریدن یک سرہ

یا رہا کن تا نیایم در کلام
یا بدہ دستور تا گویم تمام

ورنہ این خواہی نہ آن فرمان تراست
کس چہ داند مر ترا مقصد کجاست

جان ابراہیم باید تا بنور
بیند اندر نار فردوس و قصور

پایہ پایہ بر رود بر ماہ و خور
تا نماند ہمچو حلقہ بند در

چون خلیل از آسمان ہفتمین
بگذرد کہ لا احب الآفلین

این جہان تن غلط انداز شد
جز مر آنرا کو ز شہوت باز شد

عسر[1] سے جب تک نہ دیکھے خوف تو
یسر سے کب پائے تو پھر لطف کو

تا کہ تجھکو خوف دے ذات الشمال
لذت ذات الیمین پائے رجال

جب تلک دو پر نہ ہو مرغ اک پرا
ہووے اڑنے سے وہ عاجز بس سرا

یا مجھے تو چھوڑ دے تا چپ رہوں
یا اجازت دے کہ تا بالکل کہوں

گر نہ یہ چاہے نہ وہ تیری رضا
کون کیا جانے کہ پھر مقصد ہے کیا

جان ابراہیم ہو تا نور سے
نار میں دیکھے قصور و حور سے

مہر و مہ تک سیڑھی سیڑھی وہ چڑھے
تا نہ قیدی مثل حلقہ در رہے

چون خلیل اللہ فلک سے بالیقین
گزرے بولے لا احب الآفلین

یہ جہان تن کا غلط انداز ہے
یہ سوا اسکے جو شہوت سے بچے

تتمہ قصہ حاسدان بر غلام سلطان و حقیقت آن

باقی قصہ غلام سلطان کے حاسدون کا اور حقیقت اُن کی

قصۂ شاہ و امیران و حسد
بر غلام خاص و سلطان خرد

دور ماند از جر جرار کلام
باز باید گشت و کرد آن را تمام

باغبان ملک با اقبال و بخت
چون درختی را نداند از درخت

آن درختی را کہ تلخ و رد بود
وان درختی کہ یکش ہفصد بود

ہے[2] یہ قصہ اُن امیر و شاہ کا
خاص بندہ پر حسد شہ کے کیا

کھینچا تانی سے رہا وہ راہ کلام
پھر اُلٹ تو اور کر اُسکو تمام

باغبان ملک با اقبال و بخت
کیون درختون سے نجانے اک درخت

وہ درخت تلخ و لائق رد کے ہی
وہ درخت اک سات سو کے مثل ہے

[1] عسر سے الخ ۹ شعر عسر یعنے رنج سے جب تک تو خوف نہ دیکھے یسر یعنی راحت سے کب تو لطف کو پھر پائے جب تک تجھکو خوف دے ذات الشمال یعنی تکلیف و رنج لذت ذات الیمین یعنی آرام و راحت کی کب انسان پائے جبتک دو پر کا نہ ہو دے مرغ ایک پر والا تو وہ اُڑنے سے عاجز ہے یعنی رنج و راحت دو پر ہین جب تک بعد رنج راحت نہ ملے ترقی اس عالم معنی مین نہ ہو آگے قول مولانا کا ہے بدرگاہ حق یا تو مجھکو چھوڑ دے تا کہ مین خاموش رہون یا اجازت دے تا کہ مین بالکل کہون یہ راز اگر یہ گویائی نہیں چاہتا ہے اور نہ وہ حکم خاموشی کا تیرا ہے پھر کیا جانے کوئی کہ مقصد کیا ہے جان ابراہیم کی ہو تا کہ نور سے نار مین دیکھے حور و قصور کو یعنے نار دنیا مین گلزار معنی کو دیکھے اور سیڑھی بہ سیڑھی ماہ و خورشید تک چڑھے اور مثل حلقہ دروازہ کے مقید نہ رہے یعنی درجہ بدرجہ خدا اور رسول تک وہ عارف پہونچے اور مقید دنیا مین نہ رہے مانند خلیل اللہ کے فلک سے گزرے اور کہے کہ نہین دوست رکھتا ہون ڈوبنے والے کو نہین چاہتا ہون دنیا گزرنے والی کو بس یہ جہان تن کا غلط انداز ہے اس کے سوا کہ جو شہوت سے بچے یعنی یہ جہان دنیا غلطی مین ڈالتا ہے سوائے جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کے کہ وہ خواہشات دنیا کو چھوڑ کر عالم معنی کو گئے جیسے ایاز حضوری محمود سے محمود عالم ہوا چنانچہ باقی قصہ ایاز و محمود کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

[2] یہ قصہ الخ ۴ شعر یہ قصہ امیر و شاہ کا ہے کہ خاص بندے نے شاہ پر حسد کیا کہ کھینچا تانی سے کلام ناتمام رہا پھر تو الٹ اور اس کو تمام کر باغبان ملک با اقبال و بخت کا کیون نہ درختون سے ایک درخت کو نہ جانے وہ ایک تلخ درخت ہے کہ لائق دور کرنے کے ہے اور وہ ایک درخت ہے کہ سات سو کے برابر ہے یعنے بادشاہ مثل باغبان کے ہے کہ درخت اچھے و برے کو جانتا ہے برے درخت کو دور کرتا ہے اور اچھے درخت کو قائم رکھتا ہے باقی حال اس کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [3] نہین دوست رکھتا ہون مین ڈوبنے والے کو ۱۲۔

کے برابر دارد اندر مرتبت	چون ببیند شان بچشم عاقبت
کان درختان را نہایت چیست بر	گرچہ یکسانند این دم در نظر
شیخ کو ینظر بنور اللہ شد	از نہایت وز نخست آگاہ شد
چشم بد بین را ببست از بہر حق	چشم آخر بین کشاد اندر سبق
آن حسودان بد درختان بودہ اند	تلخ گوہر شور بختان بودہ اند
از حسد جوشان و کف می ریختند	در نہانی مکر می انگیختند
تا غلام خاص اگردن زنند	بیخ او را از زمانہ بر کنند
چون شود فانی چو جانش شاہ بود	بیخ او در عصمت اللہ بود
شاہ از اسرار شان واقف شدہ	ہمچو بوبکر ربابی تن زدہ
در تماشائی دل بد گوہران	میزدی خنبک بران کوزہ گران
مکر می سازند قوم حیلہ مند	تا کہ شہ را در فقاع افگنند
بادشاہی بس عظیم و بیکران	در فقاعے کے بگنجد اے خران
از برای شاہ دامے دوختند	آخر این تدبیر ازو آموختند
نحس شاگردے کہ با اوستاد خویش	ہمسری آغاز دو آید بہ پیش
با کدام اُستاد اُستاد جہان	پیش او یکسان ہویدا و نہان
چشم او ینظر بنور اللہ شدہ	پردہ ہائے جہل را خارق بدہ

مرتبے[1] مین کب برابر ہووے آہ	چشم آخر بین سے دیکھے جو کہ شاہ
اُن درختون کا نتیجہ کیا ثمر	گرچہ یکسان آتے ہین ہر دم نظر
شیخ جو ینظر بنور اللہ ہوا	اول و آخر سے وہ آگہ ہوا
چشم بد بین بند کر لی بہر حق	چشم آخر بین کو کھولا با سبق
وہ حسود اب ہوگئے ہین بد درخت	اصل بد اور ہوگئے ہین شور بخت
ڈالتے جوش حسد سے جھاگ تھے	مکر کی پنہان لگاتے آگ تھے
تا غلام خاص کو کشتہ کرین	اور جڑ اُسکی جہان سے کھود دین
کب ہو فانی[2] جان اُسکی شاہ ہے	عصمت اللہ مین وہ جڑ رکھے
شاہ بھید اُسکے سے جو واقف ہوا	مثل بوبکر ربابی چپ رہا
اور تماشائی دل بد اصل سے	تھا بجاتا تالیان مکار پے
مکر کرتی ہے یہ قوم حیلہ ساز	تا کہ بیہوشی مین ڈالے شہ کو باز
تھا عظیم الشان وہ شاہِ کامران	کب پڑے بیہوشی مین وہ اے خران
گانٹھتے تھے جال شہ کے واسطے	سیکھتے آخر یہ تدبیر اس سے تھے
ہے وہ بد[3] شاگرد جو استاد سے	ہمسری کا آگے بس دعوی کرے
کون سا اُستاد اُستاد جہان	جسکے آگے ایکسان ظاہر نہان
کیونکہ وہ ینظر بنور اللہ ہوا	پردہ ہائے جہل کو پارہ کیا

[1] مرتبہ مین الخ یعنی شعر مرتبہ مین کب برابر ہووے جبکہ بادشاہ چشم آخر بین سے دیکھے ان درختون کا کیا نتیجہ ہے کیا ثمر ہے اگرچہ اُس دم یکسان نظر آتے ہین آگے حقائق ہین جبکہ شیخ دیکھنے والا ساتھ نور اللہ کے ہوا پس اول و آخر سے آگاہ ہوا واسطے حق کے چشم بد بند کر لی اور چشم آخر بین کھول دی اور وہ حسود درخت ہوگئے بد اور اصل شور بخت ہوگئے ہین جوش حسد سے جھاگ ڈالتے تھے تاکہ بندہ خاص کو کشتہ کرین اور جڑ اُسکی جہان سے اُکھیڑین یعنی درخت نیک باغ جہان مین اولیاء اللہ ہین اور درخت بد حاسدین ہین کہ بندہ خاص ایاز کو ہلاک کرنا چاہتے تھے اسی طرح جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کفار عرب حسد کرتے تھے باقی حال آگے ہے ۱۲ [2] کب ہو فانی الخ یعنی شعر وہ کب فانی ہو کہ جان اُسکی شاہ ہے اور جڑ اپنی عصمت اللہ مین رکھتا ہے بادشاہ ان کے بھید سے جب واقف ہوا مثل ابو بکر ربابی کے خاموش رہا ابو بکر ربابی نام ایک ولی اللہ کا ہے کہ مدت تک وہ خاموش رہے تھے اور تماشا دیکھنے والا دل بد اصل اسکے پیچھے سے تالیان اس مکار پر بجاتا تھا آگے قول مولانا کا ہے قوم حیلہ ساز مکر کرتی ہے تاکہ شاہ کو بیہوشی مین ڈالے بادشاہ عظیم الشان و کامران تھا کب وہ بیہوش ہووے اے گدھون شاہ کے واسطے دام بناتے تھے اور آخر یہ تدبیر اسی سے سیکھتے تھے یعنی وہ کفار عرب واسطے جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے حالانکہ اسی سے وہ تدبیر سیکھتے تھے چنانچہ آگے اسکی مثال بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [3] ہے وہ بد الخ یعنی شعر وہ شاگرد بد ہے جو اُستاد سے ہمسری کا دعوے کرے کون سا اُستاد جو جہان کا استاد ہو اور اُسکے آگے ظاہر و باطن یکسان ہو کیونکہ وہ ینظر بنور اللہ ہے یعنی دیکھنے والا ساتھ نور اللہ کے ہو اور پردہ جہل کو پارہ کیا یعنی وہ اُستاد حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہین دل سوراخ دار سے شکل کمل پھٹے کے آگے اُس اُستاد کے پردہ باندھے وہ شاگرد سو دہن سے اُسپر در پردہ ہنستا ہے اور ہر ایک چاک پردہ کا اُسپر دہن ہے وہ استاد اُس شاگرد کو کہے کہ میری فا مین کم کتے ہے ست ہو اور مجکو تو اُستاد مت جانے اے تیرہ دل بلکہ شاگرد اپنے مانند مجھے شمار کر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

از دل سوراخ چون کهنه گلیم — پرده بندد به پیش آن حکیم
چون پھٹی کملی دل سوراخ سے — پردہ باندھے آگے اُس اُستاد کے

پرده میخندد بر و با صد دهان — پرده های گشته اشگافی بر آن
سو دہن سے پردہ ہنستا اُسپہ ہے — اور دہن ہر ایک چاک اُس پر بنے

گوید آن استاد مر شاگرد را — ای کم از سگ نیستت با من وفا
کہوے وہ اُستاد اُس شاگرد کو — مت وفا میری مین کم کتے سے ہو

خود مرا اُستا مگیر آهن گسل — همچو خود شاگرد گیر کور دل
مجکو مت جانے تو اُستاد اے لوہار — تیرہ دل شاگرد خود سا کر شمار

از منت یاری ست در جان و روان — بی منت آبی نمیگردد روان
جان و دل کو تیری مجھ سے یاوری — آب جاری تجھ مین ہی مجھسے سبھی

پس دل من کارگاه بخت تست — چه شکنی این کارگه ای نادرست
کارگہ قسمت کا تیری دل مرا — کسلیے یہ کارگہ توڑے بھلا

گو منش پنهان ز من آتش زنه — نی بقلب از قلب باشد روزنه
تو کہے اس سے محبت ہے نہان — نے ہی روزن دل سے دلمین کی عیان

آخر از روزن ببیند فکر تو — دل گواهی میدهد زین ذکر تو
آخرش روزن سے دیکھے تیری فکر — دل گواہی دے کہ یہی تیرا ذکر

لیک در رویت تمال از کرم — هرچه گوئی خندد و گوید نعم
تیرے منھ پر تے کرم سے کچھ کہے — جو سنے ہنسکر کہے آرے بلے

او همی خندد ز ذوق مالشت — او همی خندد بر این اعگالست
چاپلوسی پر نہ وہ اُسکی ہنسے — حیلہ سازی پر وہ اُسکی ہے ہنسی

پس خداعی را خداعی شد جزا — کاسه زن کوزه بخور اینک سزا
مکر کی تس بس مکر ہوتی ہے جزا — کوزہ زن بس کوزہ کھا ہی ہے سزا

دربدی باتو دراخنده رضا — صد هزاران گل شگفته مر ترا
تجھ سے گر کرتا وہ خوش ہو کر ہنسی — پھول کھلتے سیکڑون تجھ مین اخی

چون دل او در رضا آرد عمل — آفتابی دان که آید در حمل
جو کہ دل راضی عمل پر اُسکا ہی — آفتاب آیا حمل مین جان لے

زو بخندد هم بهار و هم نهار — در هم آمیز و شگوفه سبزه زار
غنچہ بھی اُس سے کھلے اور بھی بہار — بھی شگوفہ پیدا ہو بھی سبزہ زار

چون ندانی تو خزان از بهار — چون ندانی رمز خنده در شمار
جو نہ جانے تو بہار اور بھی خزان — رمز کب ہنسنے کی ہو تجھ پر ہو عیان

صد هزاران بلبل و قمری نوا — افگند اندر جهان بینوا
بس ہزاران بلبل و قمری نوا — کرتے ہین اندر جہان بینوا

چونکه برگ روح خود زرد و سیاه — می به بینی چون ندانی خشم شاه
برگ روح اپنی کو جو زرد و سیاہ — دیکھے تو تو کیون نہ جانے خشم شاہ

۱ جان و دل کو الخ ، شعر جان و دل کو مجھ سے مددگاری ہے مجھ سے تجھ مین آب جاری ہے تیری قسمت کا کارگہ دل کو توڑتا ہے تو کہتا ہے کہ اس سے محبت پوشیدہ ہے کیا روزن دل سے دل مین ظاہر نہین ہے یعنے روزن دل مین ظاہر ہے استفہام اقراری ہے آخر تیری فکر اس روزن سے دکھائی دیتی ہے اور دل گواہی دیتا ہے کہ یہ تیرا ذکر ہے تیرے منھ پر کرم سے کچھ نہین کہتا ہے کہ یہ تیرا ذکر جو سنتا ہے ہنسکر کہتا ہے کہ آرے بلے وہ اُس کی چاپلوسی پر ہنستا ہے بلکہ حیلہ سازی پر اُس کی ہنستا ہے یعنے وہ اُستاد جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم ہین کہ منافق اُن سے ہمسری کرتے تھے اور وہ از راہ کرم کے اُن سے کچھ نہین کہتے تھے اور اُن کو راستی پر لاکر ہدایت کرتے تھے چنانچہ اس کا حال آگے مولانا بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۔ ۲ مکر کی الخ ، شعر مکر کی جزا مکر ہوتی ہے کوزہ زن مار کوزہ سے کھائے یہ سزا ہے اگر وہ تجھ سے خوش ہو کر ہنسی کرتا سیکڑون تجھ مین پھول کھلتے جو کہ اس کا دل عمل پر راضی ہے جان لے کہ آفتاب برج حمل مین آیا ہے یعنے موسم بہار آیا ہے کہ اس سے غنچہ کھلے اور بھی بہار بھی شگوفہ پیدا ہوا اور بھی سبزہ جو تو خزان و بہار کو نہ جانے رمز ہنسی کی کب تجھ پر عیان ہووے بس ہزارون بلبل و قمری آواز دیتی ہین جہان مین جو تو اپنی برگ روح کو زرد و سیاہ دیکھے یعنے جب تجھے اس قدر آگہی ہو کہ روشن دلی و تیرہ دلی کو اپنی جانے تو بادشاہ کی خوشی و ناخوشی سے کیون نہ تجکو باخبری ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

آفتاب شاہ در برج عتاب میکند رو ہا سیہ ہمچون کتاب
آن عطارد را ورقہا جان ماست آن سفیدی وان سیہ میزان ماست
باز منشوری نویسد سرخ و سبز تا رہند ارواح از سودا و عجز
سرخ و سبز و افتاد نسخہ نو بہار چون خطِ قوس قزح در اعتبار
اندرین معنی بشنو تو قصہ تا بیابی از معانی حصہ
رحمت صد تو بران بلقیس باد کہ خدایش عقل صد مردہ بداد

آفتاب[۱] شاہ با برج عتاب روسیہ کرتا ہے وہ مثل کتاب
اس عطارد کا ورق ہی میری جان ہے سیاہی و سفیدی امتحان
لکھتا پھر فرمان سرخ و سبز ہے چھوٹیں تا ارواح سیاہ و عجز سے
جو کہ سبز و سرخ ہے نسخہ بہار جون خط قوس قزح کر اعتبار
ایک قصہ اس معانی مین سنو تا کہ حصہ ایک تم معنی سے لو
رحمت حق ہو جیو بلقیس پے عقل سو مردون کی دی اللہ نے

عکس تعظیم پیغام سلیمان در دل بلقیس از صورت حقیر ہدہد

قصہ تعظیم پیغام[۲] سلیمان کا بلقیس کے دل مین صورت حقیر ہدہد سے

ہدہدے نامہ بیاورد و نشان از سلیمان چند حرفے با بیان
خواند او آن نکتہ ہاے باشمول وز حقارت ننگرید اندر رسول
جسم ہدہد دید و جان عنقاش دید حس چو کفے دید و دل دریاش دید
عقل با حس زین طلسمات دو رنگ چون محمد با ابوجہلان بجنگ
کافران دیدند احمد را بشر چون ندیدند از وے انشق القمر
خاک زن در دیدہ حس بین خویش دیدہ حس دشمن عقل ست و کیش
دیدہ حس را خدا اعماش خواند بت پرستش خواند و ضد ماش خواند
زانکہ او کف دید و دریا را ندید زانکہ حالی دید فردا را ندید

ایک[۳] ہدہد نامہ لایا اور نشان اس سلیمان سے کیے اس نے بیان
بس پڑھے اسنے وہ سب نکتے عقول اور حقارت سے نہ دیکھا یا رسول
جسم نے ہدہد و عنقا جان نے دل نے دریا حس نے کف دیکھا اسے
عقل حس کے ساتھ اس دو رنگ سے جون محمد لڑتی بوجہلون سے ہے
کافرون نے دیکھا احمد کو بشر اور نہ دیکھا اسنے وہ شق القمر
خاک ڈال اس دیدہ حسی پہ تو عقل کا ہے دیدہ حسی عدو
دیدہ حسی کو اندھا حق کہے بت پرست اور اپنا ضد مطلب کہے
اسنے کف دیکھا نہ دیکھا بحر کو آج کو دیکھا نہ کل کے دہر کو

۵ [۱] آفتاب الخ شعر آفتاب شاہ جب برج عتاب مین آتا ہے جہان کو روسیاہ کرتا ہے مانند کتاب کے پس اس عطارد کا ورق میری جان ہے سیاہی و سفیدی امتحان کے لیے ہے پھر فرمان سرخ و سبز لکھتا ہے تا ارواح چھوٹین سیاہی و عجز سے جو کہ نسخہ بہار سبز و سرخ ہے مانند خط قوس قزح کے تو اعتبار کر ایک قصہ اس معنی مین سنو تا کہ معنی سے ایک حصہ تم لو یعنی آفتاب معنی جب برج عتاب مین آتا ہے تو دل عارف کا تیرہ ہو جاتا ہے اور جب خوش ہوتا ہے تو روشن و سفید ہو جاتا ہے تو سفیدی و سیاہی دل ہمارا امتحان ہے کہ جب رضامندی شاہ کی اس سے معلوم ہوتی ہے اور نور سرخ و سبز جب دل عارف مین منجلی ہوتے ہین تو روح سیاہی قبض سے نجات پاتی ہے پس روشنی و تجلیات دل کی رضامندی مرشد پر منحصر ہے عارف کو لازم ہے کہ صورت ظاہری مرشد کو حقیر نہ جانے جیسے کفار عرب نے حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کو بشر جانا اور معنی کو نہ دیکھا اور مقابلہ کر کے ناخوش کیا بلکہ تعظیم و عظمت مرشد کو دل مین رکھے جیسے بلقیس نے حضرت سلیمان علیہ السلام کی تعظیم و تکریم کی حق کی رحمت ہو جیو بلقیس پر کہ اس کو سو مردون کی عقل دی چنانچہ اس کا قصہ آگے ہے فہم من فہم ۱۲ ۵ [۲] قصہ پنجم عظمت و تعظیم مرشد مین مریدون کو دل مین رکھنا چاہیے ۵ [۳] ایک ہدہد نامہ لایا الخ شعر ایک ہدہد نامہ لایا اور نشان اس سلیمان کے بیان کیے اس لیے وہ سب نقطے عقلون کے پڑھے اور حقارت سے اس قاصد کو نہ دیکھا جسم نے ہدہد اور جان نے عنقا اور دل نے دریا اور حس نے کف اس کو دیکھا یعنی بلقیس نامہ سلیمان کو کہ جو ہدہد لایا تھا پڑھا اور ہدہد کو از راہ معنی عنقا و دریا جانا آگے حقائق مین اس دو رنگی کے سبب سے عقل ساتھ حس کے مانند محمد صلعم کے ابوجہل سے لڑے کا کافرون نے احمد کو بشر دیکھا و معجزہ شق القمر کو نہ دیکھا تو اس دیدہ حسی پر خاک ڈال کہ دیدہ حسی عقل کا عدو ہے حق دیدہ حسی کو اندھا و بت پرست اپنا ضد کہتا ہے کیونکہ اس نے کف دیکھا اور دریا کو نہ دیکھا آج کو دیکھا و کل کو نہ دیکھا یعنی چشم ظاہر نے صورت کو دیکھا اور معنی کو نہ دیکھا اس واسطے حق نے اندھا اس کو کہا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

خواجۂ فرد او وحالے پیش او — او نمی بیند ز گنجے جز تسو
آج وکل کا جو ہی خواجہ اور شاہ — گنج کو وہ دیکھتا ہے نے ذرا

ذرۂ زان آفتاب آرد پیام — آفتاب آن ذرہ را گردد غلام
ذرہ اس خورشید سے لائے پیام — ہووے یہ خورشید ذرہ کا غلام

قطرۂ کز بحر وحدت شد سفیر — ہفت بحر آن قطرہ را باشد اسیر
قطرہ وہ جو بحر وحدت سے چھٹا — ساتوں دریا اُسکے تابع ہوں سدا

گر کفے خاکے شود چالاک او — پیش خاکے سر نہد افلاک او
خاک پا چالاک اُسکی ہووے گر — پیش خاک اسکی رکھیں افلاک سر

خاک آدم چونکہ شد چالاک حق — پیش خاکش سر نہد افلاک حق
خاک آدم تھی جو چالاک خدا — پیش خاک اسکے ملک نے سر رکھا

السماء انشقت آخر از چہ بود — از یکے چشمے کہ ناگہ بر کشود
السماء انشقت آخر کس لیئے — اک نظر سے اسکی ناگہ پھٹ گئے

خاک از دردے نشیند زیر آب — خاک بین کز عرش بگذشت از شتاب
خاک تو تلچھٹ سے بیٹھی زیر آب — خاک دیکھو عرش پر جاوے شتاب

آن لطافت پس بدان کز آب نیست — جز عطائے مبدع وہاب نیست
وہ لطافت پس نہ جانو آب سے — بل عطائے مبدع وہاب سے

گر کند سفلی ہوا و نار را — ور ز گل او بگذراند خار را
اگر کرے سفلی ہوا و نار کو — اور جو گل سے بڑھائے خار کو

حاکم است و یفعل اللہ ما یشاء — او ز عین درد انگیزد دوا
ہے وہ حاکم یفعل اللہ ما یشاء — عین بیماری کو وہ کر دے دوا

گر ہوا و نار را سفلی کند — تیرگی و دردی و ثقلی کند
گر ہوا و نار کو سفلی کرے — کالا گدلا اور وہ بھاری کرے

در زمین و آب را علوی کند — راہ گردون را بپا مطوی کند
گر زمین و آب کو علوی کرے — راہ گردون طے کرے وہ پاؤں سے

نیست کس را زہرہ تا گوید کہ چون — پس جگرہا کاندرین رہ گشت خون
کسکو طاقت ہی کہے یہ کیونکہ ہی — سو جگر اس راہ میں خوں ہو گئے

پس یقین شد کہ تعز من تشاء — خاکئی را گفت پرہا بر کشا
پس یقین ہے کہ تعز من تشاء — کھولے خاکی کو پروں کو کر تو وا

آتشے را گفت رو ابلیس شو — زیر ہفتم خاک با تلبیس شو
بولا آتش کو کہ جا ابلیس ہو — سب زمین کے نیچے با تلبیس ہو

آدم خاکی برو تو بر سماء — اے بلیس آتشی رو تا ثریٰ
آسمان پر آدم خاکی تو جا — اے بلیس ناری جا تو تا ثریٰ

۱ آج وکل الخ یہ شعر آج وکل کا جو کہ خواجہ و بادشاہ ہے وہ گنج کو ذرا انہیں دیکھتا ہے یعنے حق تعالے ذرا اس خورشید سے پیام لائے اور یہ خورشید دنیا اس ذرہ کا غلام ہووے وحدت کے دریا سے ایک قطرہ جدا ہووے تو ساتوں دریا اُسکے ہمیشہ تابع ہوں خاک پا اگر اُس کی چالاک ہووے افلاک اُس کے پیش خاک سجدہ کریں یعنی حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم قطرۂ دریاے وحدت کے ہیں آگے آپ کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۲ خاک آدم الخ یہ شعر خاک آدم کی جو چالاک حق ہوئی اُسکی خاک کے آگے فرشتوں نے سجدہ کیا السماء انشقت یعنے جس روز کہ آسمان پھاڑے جائیں گے آخر کار کس لیے اس کی ایک نظر سے ناگاہ پھٹ گئے خاک تو تلچھٹ سی زیر آب بیٹھی ہے اُس کی لطافت آب سے مت جانو بلکہ بخشش خدا سے جانو یعنی خاک آب میں ملنے سے اسفل کو جاتی ہے اور خاک وجود جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اعلے کو باوجود ملنے آب کے گئی پس یہ طاقت آب کے وجود کو خود حق سے ہے اگر ہوا و نار کو سفلی کرے اور خار کو گل سے بڑھائے وہ حاکم ہے ترجمہ جو اللہ چاہتا ہے فعل کرتا ہے عین بیماری کو دوا کر دیتا ہے اگر وہ ہوا و نار کو سفلی کرے سیاہ و گدلا اور بھاری کرے اگر خاک و آب وہ علوی کرے راہ گردوں کو دو پاؤں سے طے کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ کس کو طاقت الخ یہ شعر یہ کس کو طاقت ہے کہ کہے یہ کیونکر ہے بہت سے جگر اس راہ میں خون ہو گئے پس یقین ہے کہ جس کو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور خاکی کو کہے پروں کو کھول دے آتش کو کہا کہ جا ابلیس ہو اور زمین کے نیچے با تلبیس ہو آسمان پر اے آدم خاکی تو جا اور اے ابلیس ناری تو تحت الثریٰ کو جا یعنی حق تعالی کو قدرت ہے کہ جو چاہے وہ کرے چنانچہ آگے حق کا بیان ہے فافہم ۱۲ ع جس دن کہ آسمان پھاڑے جائیں گے ۱۲ ع یعنی کرتا ہے اللہ جو چاہتا ہے ۱۲ ع عزت دیتا ہے جسکو چاہتا ہے ۱۲

چار طبع و علت اولی نیم / در تصرف دایما من باقیم
کار من بی علت ست و مستقیم / نیست تقدیرم بعلت ای سقیم
عادت خود را بگردانم بوقت / این غبار از پیش بنشانم بوقت
بحر را گویم کہ ہین پر نار شو / گویم آتش را کہ رو گلزار شو
کوہ را گویم سبک شو ہمچو پشم / چرخ را گویم فرو در پیش چشم
گویم ای خورشید مقرون شو بماہ / ہر دو را سازم چو دو ابر سیاہ
چشمۂ خورشید را سازیم خشک / چشمۂ خون را بفن سازیم مشک
آفتاب و مہ چو دو گاو سیاہ / یوغ بر گردن ببندوشان الہ

چار[1] طبع و علت اولے نہ مین / اور تصرف میرا کل آفاق مین
کام بے علت ہے میرا بس سبھی / اور نہین تقدیر علت سے مری
عادت اپنی کو مین پھیرون وقت پر / یہ غبار رہ بٹھاؤن وقت پر
مین کہون دریا کو اب تو نار ہو / مین کہون آتش کو جا گلزار ہو
مین کہون کہہ کو سبک ہو مثل بال / مین کہون گردون کو دب جا جون ہلال
مین کہون خورشید ہو نزدیک ماہ / اور کرون دونون کو جون ابر سیاہ
چشمۂ خورشید کو کردون مین خشک / چشمۂ خون کو کرون مین فن سے مشک
مہر و مہ ہین مثل دو گاو سیاہ / رکھتا ہل ہے انکی گردن پر اللہ

انکار کردن فلسفی در آیۃ ان اصبح ماءکم غورا

انکار کرنا فلسفی کا اس آیت سے ان اصبح ماءکم غورا

مقریی میخواند از روی کتاب / ماءکم غورا ز چشمہ بندم آب
آب را در غورہا پنہان کنم / چشمہ ہا را خشک و خشکستان کنم
آب را در چشمہ کہ آرد دگر / جز من بی مثل با فضل و خطر
فلسفی منطقی مستہان / میگذشت از سوی مکتب آن زمان
چونکہ بشنید آیہ او را ناپسند / گفت آریم آب را ما با کلند
ما بزخم بیل و تیزی تبر / آب را آریم از پستی زبر
شب بخفت و دید او یک شیر مرد / زد طپانچہ ہر دو چشمش کور کرد

پڑھتا[2] اک قاری تھا اک آیت کتاب / ماءکم غورا کہ کردون بند آب
یعنی زمین مین آب کو پنہان کرون / اور چشمونکو مین خشکستان کرون
آب پھر چشمہ مین لائے کون جا / مجھ سوا بے مثل با خوف و رجا
فلسفی و منطقی اک بس ذلیل / گزرا مکتب کیطرف سے با دلیل
جو سنی یہ آیت اس نے رو سے / یہ کہا مین لاؤن پانی کھود کے
ساتھ تیزی تبر زخم کدال / آب کو نیچے سے مین لاؤن نکال
شب[3] کو سویا دیکھا اک مرد خدا / اک طمانچہ اس نے مار اندھا کیا

ا؎ چار طبع الخ ۱۲ شعر نہ مین چار طبع ہون اور کل عالم مین میرا تصرف ہے میرا کام سب بے علت ہے اور میری تقدیر علت سے نہین ہے یعنی فلاسفہ کا مقولہ ہے کہ عناصر چار طبع رکھتے ہین و علت اولی عقل اول ہے پس مولانا فرماتے ہین کہ ذات مقدس نہ چار طبع ہے و نہ علت اولی ہے بلکہ اسکا فعل بے علت ہے بقول بحر العلوم مین اپنی عادت پھیرتا ہون وقت پر اور اس غبار راہ کو بٹھاؤن وقت پر مین کہون کوہ کو کہ تو سبک ہو مانند بال کے اور گردون کو کہون تو دب مانند ہلال کے مین کہون تو خورشید نزدیک ماہ کے ہو اور دونو کو کردون مانند ابر سیاہ کے چشمہ خورشید کو مین خشک کردون مہر و ماہ مانند دو بیل سیاہ کے ہین کہ حق نے انکو ہل مین جوتا ہے یعنی کل مخلوقات دست قدرت مین حق کے ہے جس سے جو چاہتا ہے کام لیتا ہے نہ بقول فلسفی کے کہ فعل حق کا علت سے ہے چنانچہ آگے تردید قول فلاسفہ بیان فرماتے ہین ۱۲ و ۲؎ پڑھتا الخ ۱ شعر ایک قاری پڑھتا تھا اس آیت قرآن کو اصبح ماءکم غورا یعنی اگر ہو دے پانی زمین مین تمھارا جانے والا کہ بند کردون مین آب کو یعنی زمین مین آب کو پنہان کردون اور چشمون کو خشک کردون پھر چشمہ مین آب کو کون جا کر لائے میرے سوا کہ مین بے مانند ہون ساتھ خوف و رجا کے ایک فلسفی منطقی ذلیل ایک مکتب کیطرف سے گزرا اسنے یہ آیت جو سنی تو اسے زور سے پڑھتے تھے پس یہ کہا کہ مین لاؤن پانی کھود کر تیزی تبر و زخم کدال سے آب کو نیچے سے نکال لاؤن باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ و ۳؎ شب کو الخ ۲ شعر شب کو جو وہ سو گیا تو دیکھا کہ ایک مرد خدا نے اسکو ایک طمانچہ مار کر اندھا کیا اور کہا کہ ان دونون آنکھون کے چشمون سے تبر سے کھود کر نور نکال اگر سچا ہے جب کہ وہ خواب سے اٹھا خود کو اندھا پایا اور نور آنکھون مین نہ پایا اگر وہ استغفار کرتا اور روتا تو اس کا نور گیا ہوا آتا لیکن استغفار کرنا اپنے اختیار مین نہین ہے اور نہ ذوق توبہ ہرگز کہ ہر ایک مست کی ہے اسکی زشتی اعمال نے راہ توبہ کی اس کے دل پر بند کی یعنی توبہ بھی کرنا توفیق حق پر منحصر ہے تو یہ کچھ اپنے اختیار مین نہین چنانچہ آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ع اگر ہو وے پانی تمھارا زمین مین جا نیوالا ۱۲

گفت ہین و چشمۂ چشم اے شقی — با تبر نوری بیار از صادقی
روز بر جست و دو چشمش کور دید — نور فائض از دو چشمش ناپدید
گر بنالیدے و مستغفر شدے — نور رفتہ از کرم ظاہر شدے
لیک استغفار ہم در دست نیست — ذوق توبہ نقل ہر سرمست نیست
زشتی اعمال و شومی جحود — راہ توبہ بر دل او بستہ بود
از نیاز و اعتقاد آن خلیل — گشت ممکن امر صعب و مستحیل
ہمچنین بر عکس آن انکار مرد — مس کند زر را و صلحے را نبرد
دل بسختی ہمچو روے سنگ گشت — چون شگافد توبہ آن را بہر کشت
چون شعیبی کو کہ تا او از دعا — بہر کشتن خاک سازد کوہ را
یا بدریوزہ مقوقس از رسول — سنگلاخے مزرعی شد با وصول
کہربائے مسیح آمد این دعا — خاک قابل را کند سنگ و حصا
ہر دلی را سجدہ ہم دستور نیست — مزد رحمت قسم ہر مزدور نیست
ہین بپشت آن مکن جرم و گناہ — کہ کنم توبہ در آیم در پناہ
می بباید تاب و آبے توبہ را — شرط شد برق و سحابے توبہ را
آتش و آبے بباید میوہ را — واجب آمد ابر و برق این شیوہ را
تا نباشد برق دل آب دو چشم — کے نشیند آتش تہدید و خشم
تا نباشد گریۂ ابر از مطر — تا نباشد خندۂ برق ای پسر

بولا اے وہ چشمۂ چشموں سے تو — لا تبر سے توڑ کر صادق ہے تو
جو اٹھا تو پایا اندھا آپ کو — نور آنکھوں کا نہ پایا دوستو
کرتا استغفار اور روتا اگر — وہ گیا نور آتا اُسکا سر بسر
پر نہ استغفار اپنے دست ہے — توبہ حصے مین نہین ہر مست کے
زشتی اعمال نے اُسکے اخی — راہ توبہ دل پہ اُسکے بند کی
اعتقاد و عجز ابراہیم سے[۱] — امر مشکل ہو گیا ممکن اُسے
ایسے ہی برعکس انکار اُسکے سے — زر کو تانبا جنگ صلح کو کرے
دل ہوا سختی سے مثل سنگ کے — کیسے پھاڑے توبہ کھیتی کے لیے
جون شعیب اب کون کھیتی کیلیے — جو دعا سے کوہ کو مٹی کرے
یا مقوقس نے جو حضرت سے کہا — سخت پتھر قابل کھیتی ہوا
یہ دعا ہی[۲] کہربائے مسیح ہے — سنگ سخت اک خاک قابل کو کرے
سجدہ ہر دل کا نہین دستور ہے — مزد رحمت کی نہ ہر مزدور کے
اس بھروسہ پر نہ کر جرم و گناہ — کہ کرون توبہ پھر پاؤن پناہ
آب و تاب اک چاہیے توبہ کو بس — ابر و بجلی شرط ہے توبہ کو بس
آگ پانی چاہیے بس میوہ کو — ابر و بجلی ہے ضرور اس شیوہ کو
ہو نہ جبتک برق دل اور آب چشم — کب بجھے آتش غضب کی اور خشم
جبتلک گریان نہو ابر سیاہ — جبتلک خندان نہووے برق آہ

۱ اعتقاد الخ شعر اعتقاد اور عجز ابراہیم سے امر مشکل ان کو ممکن ہو گیا اور اسی طرح انکار اُسکے برعکس زر کو مس اور صلح کو جنگ کر دیتا ہے دل کہ سختی سے مثل سنگ کے ہوا تو کیسی اُسکو پھاڑے کھیتی کے لیے کون مانند شعیب کے کوہ کو دعا سے مٹی کرے یا مقوقس نے جو حضرت سے کہا سنگ سخت قابل کھیتی کے ہوا یعنی مقوقس کہ ایک اصحاب رسول اللہ سے تھے حضرت سے عرض کی تا دعا سے حضرت سے سنگ قابل زراعت کے ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ یہ دعا الخ شعر یہ دعا مسیح کی کہربائی ہے کہ سنگ سخت کو قابل زراعت کرے ہر دل کو سجدہ کرنا دستور نہین ہے مزدوری رحمت کی نہ ہر ایک مزدور لیتا ہے پس تو اس بھروسہ پر گناہ نہ کر کہ مین توبہ کر کے پناہ پاؤن توبہ کو بھی ایک آب و تاب چاہیے ابر و بجلی شرط ہے توبہ کو آگے مثال ہے آگ و پانی چاہیے میوہ کو ابر و بجلی ضرور ہے اس شیوہ کو جب تک برق دل اور آب چشم نہ ہو کب آتش غضب اور خشم کی بجھے یعنی توبہ کے بھروسہ پر تو گناہ نہ کر کر عفو کرا لوں گا کیونکہ توبہ کے واسطے سوز و گداز چاہیے جب توبہ قبول ہو باقی حال آگے اس کا بیان فرماتے ہین کہ مثال ہین اسکی فافہم ۱۲ ۳ جب تک ابر سیاہ گریہ کرنے والا نہ ہووے اور جبتک برق آہ خندہ کرنے والی نہووے کب پیدا سبزہ ہو ذوق وصال کا کب جاری ہووے آب زلال کا کب گلستان بھید کھولے چمن سے بنفشہ عہد باندھے سمن نے کب چنار ہاتھ کھولے واسطے دعا کے اور کب درختوں سے میوے جھڑین کب شگوفہ آستین نثار کے لیے جھاڑے ایام بہار مین کب لالہ سرخ ہووے مثل خون کے گلاب کب درافشانی اپنی کرے بلبل داخل ہوا اور گل بو دیوے کب مانند طالب ختم کو کو کرے یعنی جب تک گریۂ ابر چشم اور خندہ برق سوز دل نہ ہو کب توبہ قبول ہو اور کب ازالہ ہی کھلے جیسے بغیر گریۂ ابر و خندہ برق کے سرسبز و باغ جہان تر و تازہ نہین ہوتا ہے باقی حال اس کا مولانا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

کے بروید سبزۂ ذوق وصال / کے بجوشد چشمہا از آب زلال
کے گلستان راز گوید با چمن / کے بنفشہ عہد بندد با سمن
کے چنارے کف کشاید در دعا / کے درختے بر فشاند میوہ ہا
کے شکوفہ آستین پر نثار / بر فشاندن گیرد ایام بہار
کے فروزد لالہ را رخ ہمچو خون / کے گل از کیسہ بر آرد زر برون
کے بیاید بلبل و گل بو کند / کے چو طالب فاختہ کو کو کند
کے بگوید لک لک آن لک لک بجان / لک چہ باشد ملک لک یا مستعان
کے نماید خاک اسرار ضمیر / کے شود چون آسمان بستان منیر
از کجا آوردہ اند این حلہ ہا / من کریم و من رحیم کلہا
آن لطافت ہا نشان شاہدیست / کہ بہر ساعتے صد جانش فدیست
آن شود شاد از نشان کو دیدہ شاہ / چون ندید اورا نباشد انتباہ
روح آنکس کو بہنگام الست / دید رب خویش و شد بیخویش مست
او شناسد بوے مے کو مے بخورد / چون نخورد او می چہ داند بوے کرد
زانکہ حکمت ہمچو ناقہ ضالہ است / ہمچو دلالان شہان را دالہ است
تو ببینی خواب در یک خوش لقا / کو دہد وعدہ نشانے مر ترا
کہ مراد تو شود اینک نشان / کہ بہ پیش آید ترا فردا فلان
یک نشانے آنکہ او باشد سوار / یک نشانے کہ ترا گیرد کنار

کب ہو پیدا سبزۂ ذوق وصال / کب ہو جاری چشمۂ آب زلال
کب گلستان بھید کھوے با چمن / کب بنفشہ عہد باندھے با سمن
کب چنار اب ہاتھ کھولے با دعا / کب درختون سے جھڑین میوہ ہا
کب شگوفہ آستین بہر نثار / جھاڑنا پکڑے با ایام بہار
کب ہو لالہ سرخ مثل خون کے / کب گلاب اپنی زر افشانی کرے
کب ہو دخل بلبل و گل بو کرے / کب جو طالب فاختہ کو کو کرے
کب یہ لک لک کہتی ہی لک بجان / لک ہے کیا الملک لک یا مستعان
ضرور کر لک واسطے تیرے ہے ۱۲
کب دکھائے خاک دل کے بھید کو / کب مثال چرخ بستان سبز ہو
پھر کہاں سے لائے ہین یہ حلہ ہا / من کریم و من رحیم کلہا
وہ لطافت شاہدی کی ہے نشان / دم مین اسپر سیکڑون قربان ہین جان
جس نے شہ دیکھا نشان سے ہو وہ خوش / اور نہ دیکھا ہو تو کیسے ہووے خوش
روح اسکی نے کہ ہنگام الست / رب کو دیکھا اور ہوئی بیخویش و مست
بوے مے وہ جانے جسنے کھائی مے / جو نہ کھائے مے کو جانے کیا ہے شے
کیونکہ حکمت مثل ناقہ گم کے ہے / مثل دلالون کے شہ کو راہ دے
خواب مین اک خوش لقا تجکو کہے / تجھسے وعدہ وہ کرے اور دے پتے
ہون مرادین پوری یہ اسکی نشان / کہ ترے نزدیک آئے کل فلان
اک نشان ہے یہ کہ وہ ہووے سوار / اک نشان ہے یہ تجھے لے در کنار

جو مدد اسکو تھی از بس عقل سے　گرز اُس خفتہ کے اُسنے جڑ دیے
خفتہ اٹھا خواب شیرین سے اُس آن　دیکھا ترک اسوار با گرز گران
بے محابا ترک نے گرز گران　اُسکے بس مارے تو بس بھاگا جوان
کود اٹھا وہ خفتہ اس ضربات سے　ہوگئے حیران بولا یہ کیا بات ہے
بس ہوا زخمی لگا جو گرز سخت　بھاگ کرکے وہ گیا زیر درخت
سیب بوسیدہ پڑے تھے بس وہان　بولا انکو کھا تو اے عاجز جوان
اسقدر سیب اُسکو کھلوائے وہان　کہ اُگلنے بس لگا اُسکا دہان
تب وہ بولا اے امیر آخر یہ کیون　بے جفا دیکھے کیے ہی قصد خون
گر حقیقت مین لڑائی مجھ سے ہی　قتل کر ایکبارگی تلوار سے
تھی بری ساعت کہ مین تجھکو ملا　ہے وہ اچھا جسکو نے اب تو ملا
بے خیانت بے گنہ بے بیش و کم　رکھتے ہین جائز نہ ملحد یہ ستم
ٹپکے خون ہر بات مین منھ سے مرے　اے خدا بدلا تو اسکا آپ دے
گالیان دیتا تھا وہ ہر دم اُسے　مارتا وہ اسکو چل تو دوڑ کے
ضرب سے وہ گرز کی بس بھاگتا　ٹھہرتا جو وہ اُسے پھر مارتا

ف۱ عاقل الخ یہ شعر ایک عاقل گھوڑے پر سوار آیا اور ایک خفتہ کے منھ مین سانپ گھسا دیکھا سوار اُس کو دیکھ کر دوڑا فرصت نہ ملی کہ وہ سانپ بھگاتا جو کہ اُس کو عقل کی مدد تھی اُس خفتہ کے چند گرز اُس نے مارے وہ خفتہ خواب سے بیدار ہوا اور سوار کو باگرز گران دیکھا سوار نے بے محابا گرز مارے کہ وہ جوان اُٹھ کر بھاگا وہ خفتہ اچھل پڑا ضرب گرز سے اور حیران ہو کر کہا یہ کیا بات ہے پس وہ زخمی ہوا جب گرز لگا اور بھاگ کر ایک درخت کے نیچے گیا سیب بوسیدہ وہاں پڑے تھے سوار نے کہا اسکو تو کھا اے مرد عاجز باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ اس قدر الخ یہ شعر اس قدر سیب دہان اُس کو کھلوائے کہ اُس کا دہان اُگلنے لگا تب مرد نے کہا کہ اے امیر یہ کیون قصد خون کیا ہے بے تکلف اگر حقیقت مین مجھ سے لڑائی ہے ایک بارگی تلوار سے قتل کر دے وہ بڑی ساعت تھی کہ مین تجھ کو ملا وہ اچھا ہے کہ جس کو تو نہ ملا بغیر خیانت و بغیر گناہ و بغیر بیش و کم ملحد بھی جائز نہیں رکھتے ہین یہ ستم ہر بات مین خون میرے منھ سے ٹپکتا ہے اے خدا تو اس کا بدلا دے وہ گالیان ہر دم دیتا اس سوار کو اور سوار اُس کو مارتا کہ دوڑ کے چل گرز کی ضرب سے پس وہ بھاگا جو ٹھہرتا تو پھر اُسے مارتا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

تا شبانگہ می کشید و می کشاد	تا ز صفرا قی شدن بر وی فتاد	شام تک اُسکو وہ دوڑاتا پھرا[1]	تا وہ بس صفرا سے قے کرنے لگا
زو بر آمد خوردہا زشت و نکو	مار با آن خوردہ بیرون جست ازو	نکلا سب کھایا پیا اچھا بُرا	سانپ بھی کھانے کے ساتھ اُسکے گرا
چون بدید از خود برون آن مار را	سجدہ آورد آن نکوکردار را	جو کہ دیکھا مار وہ نکلا ہوا	سجدہ اُس خوشخو کو وہ کرنے لگا
سہم آن مار سیاہ زشت زفت	چون بدید آن دردہا از وی برفت	ڈر سے اُس مار سیاہ و زشت کے	جو کہ دیکھا رنج سب جاتے رہے
گفت تو خود جبرئیل رحمتی	یا خداوندی کہ ولی نعمتی	بولا تو جبرئیل ہی رحمت ہی تو	یا خداوند و ولی نعمت ہی تو
ای مبارک ساعتی کہ دیدیم	مردہ بودم جان تو بخشیدیم	ہے[2] مبارک یہ گھڑی دیکھا تجھے	مین تھا مردہ تو نے جان بخشی مجھے
ای خنک آنرا کہ بیند روی تو	یا در افتد ناگہان در کوی تو	اے وہ اچھا ہی کہ منھ دیکھا ترا	یا ترے کوچے مین وہ جا کر پڑا
تو مرا جویان مثال مادران	من گریزان از تو مانند خران	تو مجھے ڈھونڈھے مثال مادران	اور بھاگون تجھ سے مین مثل خران
خر گریزد از خداوند از خری	صاحبش در پی ز نیکو اختری	بھاگے خر مالک سے از راہ خری	مالک اُسکے پیچھے بہر برتری
نز پی سود و زیان میجویدش	لیک تا گرگش ندرد یا ددش	نے وہ ڈھونڈھے فائدے کیواسطے	لیک اُسکو گرگ نہ ضائع کرے
ای روان پاک بستودہ ترا	چند گفتم ژاژ و بیہودہ ترا	اے تو جان ہی لائق مدح و ثنا	کسقدر تجھکو کہا مین نے بُرا
ای خداوند و شہنشاہ و امیر	من نگفتم جہل من گفت آن مگیر	اے خداوندا نہ یہ مین نے کہا	جہل نے میرے یہ سب کچھ ہی کہا
شمہ زین حال اگر دانستمی	گفتن بیہودہ کی تانستمی	گر ذرا[3] اس حال سے مین جانتا	کب تجھے بیہودہ مین کہتا بھلا
پس ثنایت گفتمی ای خوش خصال	گر مرا یک رمز میگفتی ز حال	بس ثنا کرتا مین تیری قال سے	جو مجھے اک رمز کہتا حال سے
لیک خامش کردہ می آشوفتی	خامشانہ بر سرم میکوفتی	منھ سے تھا چپ اور مجھکو مارتا	خامشانہ سر کو میرے کوٹتا
شد سرم کالیوہ عقل از سر بشد	خاصہ این سر را کہ مغزش کمتر است	سر پریشان اور عقل اُس سے گئی	خاص وہ سر مغز کی جس مین کمی
عفو کن ای خوبرو و خوب کار	آنچہ گفتم از جنون اندر گذار	عفو کر اے خوبرو و ذوفنون	جو کہا مین نے ہی از راہ جنون

[1] شام تک الخ یہ شعر شام تک وہ اُسکو دوڑائے پھرا یہانتک کہ وہ صفرے سے قے کرنے لگا سب کھایا پیا اچھا بُرا اُسکا نکلا سانپ بھی کھانے کے ساتھ اسکے گرا جبکہ خود سے سانپ نکلتا دیکھا سجدہ اُس خوشخو کو کرنے لگا اُس سانپ سیاہ و زشت کے خوف سے جو کچھ رنج دیکھے تھے دور ہو گئے اور کہا کہ تو جبرئیل رحمت کرنے والا ہی یا خداوند و صاحب نعمت ہی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] ہے مبارک الخ یہ شعر یہ مبارک ساعت ہی کہ تجھے دیکھا مین مردہ تھا تو نے جان مجھکو دی اے وہ شخص اچھا ہے کہ منھ تیرا دیکھا یا تیرے کوچہ مین وہ گیا اور مین بھاگتا ہون تجھ سے مثل خر کے خر مالک سے بھاگتا ہی از راہ خری کے اور مالک اسکے پیچھے ہے برتری سے وہ فائدہ کے واسطے نہین ڈھونڈھتا ہی لیکن اسلیے کہ اسکو گرگ ضائع نہ کرے اے تو جان ہی لائق مدح و ثنا کے کب تک مین تجھکو بُرا کہون اے خداوند مین نے نہین کہا یہ میرے جہل نے سب کچھ کہا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] گر ذرا الخ یہ شعر اگر مین اس حال سے ذرا جانتا تو یہ بیہودہ پن کب کر سکتا بس تیری ثنا مین قال سے کرتا اگر ایک رمز تو کہتا حال سے تو منھ سے چپ تھا اور مجھے مارتا تھا اور خاموشون کی مانند میرا سر کوٹتا تھا اس سے سر پریشان اور عقل گئی تھی خاص کر وہ سر کہ جس مین ہو مغز کی کمی تو معاف کر اے خوبرو جو کچھ مین نے از راہ جنون کے کہا ہے سوار نے کہا اگر مین کہتا اسکی رمز کو تو تیرا پتا پانی ہو تا اگر مین اُس دم تجھ کو سانپ کا حال کہتا خوف سے تیری ایک بارگی جان جاتی یعنے وہ سوار جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم تھے اور مرد خفتہ غافلان دنیا اور سانپ نفس امارہ کہ حضورؐ نے تہدید غافلان کو مار نفس کے دل مین ہوتے سے واقف کر کے راستی پر لائے چنانچہ آگے حضور کا حال ہے فافہم ۱۲ ۔

گفت اگر من گفتمی رمزے ازان / زہرۂ تو آب گشتے آن زمان
گر ترا من گفتمی اوصاف یار / ترس از جانت برآوردی دمار
مصطفی گوید اگر گویم براست / شرح آن دشمن کہ در جان شماست
زہرہ ہاے پُردلان برہم درد / نے رود رہ نے غم کاری خورد
نے دلش را تاب ماند در نیاز / نے تنش را قوت صوم و نماز
ہمچو موشے پیش گربہ لا شود / ہمچو میشے پیش گرگ از جا رود
اندرو نے حیلہ ماند نے روش / پس کنم ناگفتہ تان من پرورش
ہمچو بوبکر ربابی تن زنم / دست چون داود در آہن زنم
تا محال از دست من حالے شود / مرغ پر برکندہ را بالے شود
چون ید اللہ فوق ایدیہم بود / دست ما را دست خود فرمود احد
پس مرا دست دراز آمد یقین / برگذشتہ ز آسمان ہفتمین
دست من بنمود بر گردون ہنر / مقریا برخوان کہ انشق القمر
با ضعیفان شرح قدرت کے رواست / شرح قدرت بہر ضعف عقلہاست
خود بدانی چون برآری سر ز خواب / ختم شد واللہ اعلم بالصواب
گر ترا من گفتمے این ماجرا / آن دم از تو جان تو گشتی جدا
مر ترا نے قوت خوردن بدے / نے رہ و پروائے قے کردن بدے
می شنیدم فحش و خر میراندم / رب یسر زیر لب میخواندم

بولا اگر میں کہتا اُسکے رمز کو / تیرا پتہ پانی ہوتا جان لو
گر تجھے کہتا میں اسدم وصف یار / ڈر سے تیری جان جاتی ایکبار
مصطفےٰ[1] بولے اگر میں سچ کہوں / شرح دشمن کی جو ہے تیرے دردلن
پردلان وقت کا پتا پھٹے / نے ہو کام اور نے وہ رستہ چل سکے
نے ہو دل کو طاقت ناز و نیاز / نے ہو تن کو قوت روزہ نماز
مثل چوہا پیش گربہ کے ہو لا / گرگ کے آگے ہو جوں برہ فنا
نے رہے کچھ اسمیں حیلہ نے روش / نے کہے اُنکے کروں میں پرورش
مثل بوبکر ربابی چپ رہوں / ہاتھ میں داؤد سان آہن کو لوں
تا محال اس ہاتھ سے میرے ہو حال / اور لنڈورے مرغ کے آجائیں بال
اور ید اللہ[2] فوق ایدیہم جو ہے / ہاتھ میرا ہاتھ اپنا حق کہے
پس یقیں دست دراز آیا مرا / ساتویں افلاک کے اوپر گیا
دست قدرت میرے دیکھو چرخ پر / پڑھ تو اے قاری کہ انشق القمر
یہ صفت بھی ضعف عقلوں کیلیے / شرح قدرت کب ضعیفوں کیلیے
خود[3] تو جانے جو تو ہو بیدار خواب / ختم کرو اللہ اعلم بالصواب
گر تجھے کہتا یہ ظاہر ماجرا / تجھ سے اُسدم تیری جان ہوتی جدا
ہوتی نے کھانیکی کچھ قوت تجھے / ہوتی قے کرنیکی نے قدرت تجھے
خر بھگاتا گالیاں سنتا تھا میں / رب یسر زیر لب پڑھتا تھا میں

ف ۱ مصطفےٰ الخ۔ شعر رسول اللہ نے فرمایا اگر میں سچ کہوں شرح دشمن کی جو تیرے دل میں ہے بہادروں کا پتا پھٹے نہ کام ہو اور نہ راہ چل سکے نہ دل کو طاقت ناز و نیاز کی ہو نہ تن کو قوت روزہ نماز کی ہو آگے مثال ہے مثل موش آگے گربہ کے لا ہو اور مثل برہ آگے گرگ کے فنا ہو نہ اسمیں حیلہ و نہ روش رہے اور نے ان کے کہے میں پرورش کروں مثل ابوبکر ربابی کے خاموش رہوں داؤد کے مانند آہن کو ہاتھ میں لوں تا میرے ہاتھ سے موم ہو محال حال اور مرغ لنڈورے کے آجائیں پر و بال باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف ۲ اور ید اللہ الخ۔ شعر جو ہاتھ اللہ کا غالب ہے اوپر ہاتھ میرے کے ہے حق میرے ہاتھ کو اپنا کہتا ہے پس میرا یقین دست دراز آیا ہے کہ ساتوں فلک پر گیا ہے میرے دست قدرت کو چرخ پر مت دیکھو اے قاری تو پڑھ انشق القمر کو یہ صفت کرنا بھی ضعیف عقلوں کے واسطے ہے اور شرح قدرت کی کب ضعیف عقلوں کے واسطے ہے یعنی میرا دست قدرت دست خدا ہے کہ آسمان پر تصرف کرتا ہے جیسے شق القمر کرنا پس یہ مثال کم عقلوں کے واسطے ہے ورنہ میری قدرت کا بیان کب ضعیف عقل سمجھ سکتے ہیں اگر تو خواب غفلت سے بیدار ہو تو خود کو جان لے ختم کر اس بات کو کہ اللہ خوب جانتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ف ۳ گر تجھے الخ۔ شعر اے مرد اگر تجھے یہ ظاہر ماجرا کہتا تیری جان اُسیدم نکل جاتی نہ تجھے کھانے کی کچھ قوت ہوتی نہ قے کرنے کی قدرت ہوتی میں گالیاں سنتا تھا اور خر کو دوڑاتا تھا رب یسر یعنی اے رب آسان کر زیر لب پڑھتا تھا اور سبب کہنا دستور نہیں ہے اور نہ تجھے چھوڑنے کا مقدور رہے ہر دم ساتھ درد دل کے کہتا تھا ترجمہ اے رب میرے ہدایت کر میری قوم کو تحقیق وہ نہیں جانتے ہیں آگے حال مرد کا ہے فافہم ۱۲ ف ۴ ہاتھ اللہ کا غالب ہے اُن کے ہاتھوں پر

از سبب گفتن مرا دستور نیست — ترک تو کردن مرا مقدور نیست
ہر زمان میگفتم از درد درون — اھدِ قومی انھم لا یعلمون
سجدہ ہا میکرد آن رستہ ز رنج — کای سعادت وی مرا اقبال و گنج
از خدا یابی جزاہای شریف — قوت شکرت ندارد این ضعیف
شکر حق گوید ترا ای پیشوا — آن لب و چانہ ندارم وان نوا
دشمنی عاقلان زین سان بود — زہر ایشان ابتہاج جان بود
دوستی ابلہان رنج و ضلال — این حکایت بشنو از بہر مثال

اور سبب کہنا نہین دستور ہے — چھوڑنا تجھ کو نہین مقدور ہے
ہر گھڑی کہتا تھا با درد درون — اھدِ قومی انھم لا یعلمون عہ
سجدہ بس کرتا تھا وہ وارستہ رنج[لہ] — اے سعادت تو مرے اقبال و گنج
اور خدا سے تو جزا پائے شریف — شکر کی طاقت نہ رکھے یہ ضعیف
شکر تیرا حق کرے اے پیشوا — وہ دہان و لب رکھتا ہون ذرا
ایسی جانو دشمنی عاقلان — زہر بھی دیوین تو ہووے فرح جان
دوستی احمقان رنج و ملال — یہ حکایت تم سنو بہر مثال

حکایت آن مرد ابلہ کہ مغرور بود بر تملق خرس

حکایت[عہ] اُس مرد احمق کی کہ مغرور تھا اوپر تملق ریچھ کے

اژدہائی خرس را در می کشید — شیر مردی رفت فریادش رسید
شیر مردانند در عالم مدد — آن زمان کافغان مظلومان رسد
بانگ مظلومان ز ہر جا بشنوند — آن طرف چون رحمت حق میدوند
آن ستونہائی خللہای جہان — آن طبیبان مرضہای نہان
محض مہر و داوری و رحمت اند — ہمچو حق بے علت و بے رشوت اند
این چہ یاری میکنی یکبارگیش — گوید از بہر غم و بیچارگیش
مہربانی شد شکار شیر مرد — در جہان دارو نجوید غیر درد

اژدہا[لہ] اک ریچھ کو تھا کھینچتا — شیر مرد اک اُسکا حامی جا ہوا
شیر مرد عالم مین وہ ہین کہ کرین — بس مدد مظلوم کی جب شر سنین
بانگ مظلومون کی جس جا سے سنین — اس طرف جون رحمت اللہ پھرین
دو جہان[عہ] پر خلل کے ہین ستون — درد دل کے ہین طبیب ذو فنون
محض رحمت اور مہر و داد ہین — مثل حق بے علت اور رشوت لین
یہ تو کیا اکبارگی یاری کرے — وہ کہے بیچارگی کے واسطے
مہربانی ہے شکار شیر مرد — نے جہان مین ڈھونڈھے او غیر درد

لہ سجدہ الخ ۵ شعر وہ مرد یہ سنکر سجدہ کرتا تھا کہ اے اقبال گنج تو میری سعادت ہے اور تجھ کو خدا جزائے خیر دے اور مین ضعیف اسکے شکر کی طاقت نہین رکھتا ہون اے پیشوا تیرا شکر حق کہے اور مین وہ دہان و لب نہین رکھتا ہون عقلمندون کی دشمنی ایسی جانو کہ اگر وہ زہر دیوین تو فرحت ہو دے دوستی احمق کی رنج و وبال ہے یہ حکایت تم سنو واسطے مثال کے یعنی دوستی اولیاء اللہ کی مثل اس سوار کے جانو کہ بے خواہش نفع جبر کرکے پہونچاتے ہین اور دوستی احمقان اہل دنیا کی رنج و ملال پہونچاتی ہے جنانچہ اس کا حال آگے حکایت مین مثالاً بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲
عہ حکایت ششم احمقون کی دوستی مین رنج و ملال ہو ۱۲ لہ اژدہا الخ ۳ شعر ایک اژدہا ریچھ کو کھینچتا تھا کہ ایک شیر مرد اُس کا جا کر حامی ہوا آگے حقائق ہین عالم مین وہ شیر مرد ہین کہ مدد کرین مظلوم کی جب فساد اُس کا سنین اُس طرف مانند رحمت اللہ کے دوڑین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ عہ دو جہان الخ ۲ شعر دو جہان پر خلل کے ستون ہین اور مرض دل کے طبیب دانا ہین محض رحمت اور مہر او رداد ہین اور مثل حق کے بے علت دوست ہین یہ ایکبارگی تو کیا یاری کرتا ہے وہ کہوے کہ بیچارگی کے واسطے کرتا ہون آگے حقائق ہین شیر مرد سے کہے کہ تو ریچھ کی ایک بارگی کیا مدد کرتا ہے شیر مرد کہے کہ اسکی بیچارگی کیواسطے کرتا ہون آگے حقائق ہین شیر مرد کی مہربانی شکار ہی کہ جہان مین وہ اور دیگر غیر درد کے نہین ڈھونڈھتا جس جگہ درد ہے دوا وہان جاتی ہے جس جگہ فقر ہے تو شہ وہان جاتا ہے تشنگی پیدا کرو پانی کم ڈھونڈو تکہ بالا و پست سے تا پانی دستیاب ہو اور خطاب ہو وسقاھم ربھم شرابا طھورا یعنی پلائی اُن کو رب ان کے نے شراب پاک بس تو تشنہ رہو اللہ خوب جانتا ہے یعنی مرشد ان کامل خود جویندہ طالب صادق ہین بس تو تشنگی و صداقت خود مین پیدا کر۔ پانی تلاش کم کر کہ تیری تشنگی خود مرشد کو کھینچ لائے گی آگے اس کا حال ہے فافہم ۱۲ عہ اے رب میرے ہدایت کر قوم میری کو تحقیق وہ نہین جانتے ہین ۱۲۔

ہر کجا دردی دوا آنجا رود	ہر کجا فقری نوا آنجا رود	جس جگہ ہے درد وان جاے دوا	جس جگہ ہے فقر وان جاے نوا
آب کم جو تشنگی آور بدست	تا بجوشد آبت از بالا و پست	تشنگی کر پیدا پانی ڈھونڈھ کم	پست و بالا سے ہوتا پانی بہم
تا سقٰہم ربہم آید خطاب	تشنہ باش واللہ اعلم بالصواب	تا سقٰہم ربہم کا ہو خطاب	تشنہ رہ واللہ اعلم بالصواب
آب رحمت بایدت رو پست شو	وانگہان خور خمر رحمت مست شو	آب[۱] رحمت چاہیے تو جا پست ہو	بادۂ رحمت کو پی اور مست ہو
رحمت اندر رحمت آید تا بسر	بر یکے رحمت فرو ما اے پسر	رحمت اندر رحمت آئے تا بسر	ایک رحمت پر نہ ٹھہر اب تو پسر
چرخ را در زیر پا آر اے شجاع	بشنو از فوق فلک بانگ سماع	آسمان کو زیر پا لا اے شجاع	تا فلک پر تو سنے بانگ سماع
پنبۂ وسواس بیرون کن ز گوش	تا بگوشت آید آن بانگ خروش	کان سے وسواس کی روئی نکال	تا سنے بانگ خروش اے اہل حال
پاک کن دو چشم را از موی عیب	تا ببینی باغ و سروستان غیب	عیب کے پر بال سے کر آنکھ پاک	کہ دیکھے باغ غیب اے اہل خاک
دفع کن از مغز و از بینی زکام	تا کہ ریح اللہ آید در مشام	[۲]کر دماغ اپنے سے تو دفع زکام	تا کہ ریح اللہ سونگھے تو مدام
ہیچ مگذار از تپ صفرا اثر	تا بیابی از جہان طعم شکر	مت تپ صفرا سے چھوڑ اب کچھ اثر	تا جہان سے پائے تو ذوق شکر
داروے مردی کن و عنین مشو	تا برون آیند صد گون خوبرو	کر دوا مردی کی اب عنین نہ ہو	تا کہ پیدا خوب و بس تجھسے ہو
کندۂ تن را ز پای جان بکن	تا کند جولان بپای این چمن	کر تو کندہ تن کا پائے جان سے وا	تا کرے گلگشت باغستان نو
غل بخل از دست و گردن دور کن	بخت نو دریاب از چرخ کہن	طوق بخل اب دست و گردن سے نکال	بخت نو لے چرخ سے اے خوشخصال
ور نمی تانی بکعبہ لطف پر	عرضہ کن بیچارگی بر چارہ گر	گر نہ اڑ سکتا ہی کعبہ لطف پر	چارہ گر پر عجز کو ظاہر تو کر
زاری و گریہ قوی سرمایہ ایست	رحمت کلی قوی تر دایہ ایست	زاری و گریہ ہی سرمایہ قوی	رحمت کلی ہے اک دایہ قوی
دایہ و مادر بہانہ جو بود	تا کہ کے آن طفل گریان میشود	مان و دائی ہین بہانہ ڈھونڈھتی	تا کہ کب وہ طفل روئے اے اخی

[۱] آب رحمت الخ شعر آب رحمت جو تو چاہتا ہے جا پست ہو اور بادۂ رحمت کو پی مست ہو یعنی پانی نشیب کی طرف جاتا ہے پس تو خود کو عاجز و پست کر کہ آب رحمت تیری جانب آئے رحمت اندر رحمت کے ہے تو سر تک غرق ہو اور ایک رحمت پر قانع نہ ہو یعنی رحمت پانچون حواس کی تو حاصل کر آگے حواس خمسہ کا بیان ہے آسمان کو نیچے پاؤن کے لاتا تو فلک پر سنے آواز سماع کو یعنی الہام الٰہی کو کان سے وسوسہ کی روئی کو نکال تاکہ تو سنے خروش اہل حال کو چشم کو عیب کے پر بال سے پاک کر تاکہ تو دیکھے بستان غیب کو باقی اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] کر دماغ الخ شعر تو اپنے دماغ سے زکام دفع کر تاکہ خوشبو اللہ کی تو ہمیشہ سونگھے تب صفراے نفس سے تلخی کا کچھ اثر مت چھوڑ تاکہ جہان سے تو شکر پائے مردی کی دوا کر اور عنین مت رہو تاکہ تجھ سے خوب رو پیدا ہو یعنے روح تیری اس عالم مین جسم سے پیدا ہو اس کندہ تن کو جان کے پاؤن سے دور کر کہ باغ نور مین تو گلگشت کرے تنگہ اردو مین کندہ فارسی مین اکس چوب کو کہتے ہین کہ قیدی کے پاؤن مین بجائے بیڑی کے ڈالتے ہین اور بدن سے تشبیہ رکھتا ہے کہ وہ جان کے پاؤن مین پڑا ہے طوق بخل کا دست و گردن سے نکال اور بخت کو آسمان سے حاصل کر اگر کعبہ لطف پر اڑ نہین سکتا ہے تو اپنی عجز چارہ گر پر ظاہر کر گریہ و زاری پونجی ہے رحمت کلی ایک دایہ قوی ہے مان اور دائی بہانہ ڈھونڈھتی ہین تا وہ کب طفل روئے یعنے مادر حق دایہ جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم ہین کہ خلق حق سے پیدا ہین اور رسول اللہ تربیت کرتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

طفل حاجات شمارا آفرید
تا بنالید و شود شیرش مزید

گفت ادعوا الله بے زاری مباش
تا بجوشد شیرہاے مہرہاش

ہاے و ہوے باد و شیر افشان ابر
در غم مااند یکساعت تو صبر

فی السماء رزقکم بشنیدۂ
اندرین پستی چہ بر چفسیدۂ

ترس و نومیدیت دان آواز غول
میکشد گوش ترا تا قعر سفول

ہر ندائے کہ ترا بالا کشید
آن ندائے دان کہ از بالا رسید

ہر ندائے کہ ترا حرص آورد
بانگ گرگے دان کہ او مردم درد

این بلندی نیست از روے مکان
این بلندیہاست سوے عقل و جان

ہر سبب بالاتر آمد از اثر
سنگ و آہن فائق آمد بر شرر

آن فلانے فوق آن سرکش نشست
گرچہ در صورت بہ پہلویش نشست

فوقے آنجاست از روے شرف
جاے دور از صدر باشد مستخف

سنگ و آہن زین جہت کہ سابق است
در عمل ہنگام فوقے این لائق اند

وان شرر از روے مقصودے خوش است
ز آہن و سنگ است زین وجہ بیش

طفل حاجت کو تری پیدا کیا
تا وہ روئے اور دودھ ہووے سوا

بولا ادعوا الله تو زاری سے کر
مہر کے تا دودھ کو ہو جوش تر

شیر بارش اور بادہاے تُند
ہین ہمارے غم مین اور کر صبر تو

فی السماء رزقکم تو نے سُنا
کسلیے پستی مین ہے لپٹا ہوا

ہے صداے غول نومیدی تری
کھینچے اسفل کو ترے کان اے اخی

جس ندا نے کھینچا اعلی کو تجھے
وہ ندا اعلی سے آئی جان لے

جس ندا سے حرص پیدا تجھ مین ہو
ہے وہ بانگ گرگ پھاڑے مرد کو

یہ بلندی ہے نہ از روے مکان
یہ بلندی ہے سوے عقل اور جان

ہر سبب آیا اثر پر فوق ہے
سنگ و آہن کو شرر پر فوق ہے

فوق اُس سرکش سے بیٹھا وہ فلان
گرچہ بیٹھا ہے برابر وہ عیان

وہ جگہ ہے فوق از راہ شریف
دور جو جا صدر سے ہو ہے خفیف

سنگ و آہن اسلیے سابق ہوا
اور عمل مین فوق کے لائق ہوا

اور شرر وہ از رہ مقصود کے
سنگ و آہن سے ہے فائق اسلیے

سلہ طفل الخ ۵ شعر تیری حاجت کو ایک طفل پیدا کیا ہے تاکہ وہ روئے اور دودھ سوا ہووے کہا ہے کہ یاد کرو تم اللہ کو زاری کے ساتھ تاکہ مہر کے دودھ کو جوش زیادہ ہو شیر بارش ہوا ہوہا کی ہمارے غم مین ہین اور تو صبر کر اور پر آسمان کے تمھارا رزق ہے تونے اُس کو سنا پھر تو پستی مین کس لیئے آلودہ ہوتا ہے یہ تیری ناامیدی صدائے غول ہے اور اسفل کی طرف تیرے کان کھینچتی ہے یعنی تیرا رزق آسمان پر ہے اور بصورت آب بارش نازل ہو کر زمین مین سے قسم قسم کی صورتین پکڑ کے ظاہر ہوتا ہے پھر تو آسمان کی طرف کیون نہین متوجہ ہوتا ہے یا رزق روحی سے مراد ہے کہ مثل ہوا و بارش جان پر برستا ہے اور یہ ناامیدی تیری زمین کی جانب تجھے کھینچتی ہے اسمین تیرا نقصان ہی بس تو آسمان کی جانب رجوع کر تاکہ تیری ترقی ہو باقی اسکا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ جس ندا نے الخ ۲ شعر اعلا کو جس ندا سے تجھے کھینچا جان کہ وہ ندا اعلا سے آئی ہے اور جس ندا سے حرص تجھ مین پیدا ہو وہ ندا گرگ مردم پھاڑنے والے کی ہے یہ بلندی از روے مکان کے نہین ہے یہ بلندی سوے عقل و جان کی ہے یعنی یہ عروج عقل و جان سے ہے نہ مکان سے ہر سبب اثر پر فوق سے آیا جیسے سنگ و آہن کو شرر پر فوق ہے آگے مثال ہے فوق اُس سرکش سے وہ فلان بیٹھا ہے اگرچہ بظاہر وہ برابر بیٹھا ہے وہ جگہ فوق ہے از راہ شرافت کے اور جو دور صدر سے ہو خفیف ہے اسی طرح سے سنگ و آہن اول ہوا اور عمل مین لائق فوق ہوا یعنی از روے نشست قربیت صدر کے جیسے کوئی فوق ہو سرکش سے ایسے ہی سنگ و آہن فوق ہین شرر سے اول آئے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ اور شرر الخ ۲ شعر اور شرر از راہ مقصود کے سنگ و آہن کے پہلے اور آخر شرر ہے ولیکن دونون جسم ہین اور شرر جان شرر تو بعد ہے زمانہ مین ولیکن سنگ و آہن سے صفت مین بڑھ کے ہے یعنی جیسے سنگ و آہن اول ہوتا ہے وبعدہ شرر ہوتا ہے اور مقصود وہی شرر اول ہے و سنگ و آہن بعد ہے ولیکن مقصود مین اثر اول ہے و سبب بعد ہے مثال دوسری شاخ زمانہ مین اول ہے و ثمر آخر ہے لیکن شاخ سے فائق ہے ثمر مین جو کہ مقصود شجر کا ثمر ہے پس ثمر اول ہے اور آخر شجر ہے یعنی آدم و حوا مثل سنگ و آہن کے اندر زمانہ کے اول ہین و جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مثل شرر بعد آدم مثل شجر کے اول حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم مثل ثمر کے بعد ولیکن مقصود ظہور دنیا مین جناب رسول صلی اللہ علیہ وسلم اول ہین و آدم بعد ہین بموجب حدیث شریف کے الاخرون السابقون یعنی مین پچھلا آگے ہون اگلون کے آگے رجوع بقصہ ہے اژدہا اور ریچھ کا تو پھر حال کہہ کہ تشبیہ و مثال طول رکھتی ہے باقی حال قصہ کا آگے ہے فافہم ۱۲ـ

سنگ و آہن اول و پایان شرر / لیک این سر دو تن اند و جان شرر
کان شرر کاندر زمان واپس ترست / در صفت از سنگ و آہن برترست
در زمان شاخ از ثمر سابق ترست / در ہنر از شاخ او فائق ترست
چونکہ مقصود از شجر آمد ثمر / پس ثمر اول بود آخر شجر
سوی خرس اژدہا کردیم باز / زانکہ طولے دارد اضمار و مجاز
خرس چون فریاد کرد از اژدہا / شیر مردے کرد از چنگش رہا
حیلت و مردی بہم دادند پشت / اژدہا را او بدین قوت بکشت
اژدہا را او بدین حیلت ببست / تا کہ آن خرس از ہلاکی تن برست
اژدہا را ہست قوت حیلہ نیست / لیک فوق حیلۂ تو حیلتے است
ماکران بسیار لیکن بازبین / در بنی واللہ خیر الماکرین
حیلۂ خود را چو دیدی باز رو / کز کجا آمد سوی آغاز رو
ہر چہ در پستی است آمد از علا / چشم را سوے بلندی نہ ہلا
روشنی بخشد نظر اندر علا / گرچہ اول خیرگی آرد بلا
چشم را در روشنائی خوے کن / گر نہ خفاشی نظر آن سوے کن
عاقبت بینی نشان نور تست / شہوت حالی حقیقت گور تست
عاقبت بینی کہ صد بازی بدید / مثل آن نبود کہ یک بازی شنید
زان یکے بازی چنان مغرور شد / کز تکبر ز اوستادان دور شد
سامری وار آن ہنر در خود چو دید / او ز موسیٰ از تکبر سر کشید

سنگ و آہن پہلے اور آخر شرر / یہ ہیں دونون تن شرر جان اے پسر
جو شرر تو بعد ہے اندر زمان / سنگ و آہن سے ہے فائق وہ یہاں
پہلے شاخ اندر زمان آخر ثمر / شاخ سے فائق ہی ہے اندر ہنر
جو کہ مقصود شجر ٹھہرا ثمر / پس ثمر اول ہے اور آخر شجر
اژدہا اور ریچھ کا پھر کہہ تو حال / طول رکھتا ہے یہ تشبیہ و مثال
اژدہا کی ریچھ نے فریاد کی / شیر مرد آیا رہائی اُس سے دی
حیلہ مردی نے مدد باہم جو کی / اژدہا کی جان اُس قوت سے لی
باندھا اُس حیلہ سے اُسنے اژدہا / تاکہ وہ ریچھ اُس ہلاکت سے بچا
اژدہا رکھتا ہے قوت حیلہ نے / فوق اک حیلہ ہی حیلہ پر ترے
ہیں بہت مکار لیکن کر یقین / حق کہے واللہ خیر الماکرین
حیلہ اپنے کو جو دیکھے پھر کے جا / جس جگہ سے وہ ہی آیا واں ہی جا
آیا جو اعلیٰ سے اس پستی میں ہے / سوئے اعلیٰ ہاں آنکھ رکھنا چاہیے
روشنی اعلیٰ میں تجکو دے نظر / گرچہ پہلے خیرگی سے ہو ضرر
روشنی کا آنکھ کو عادی کرو / تو نہ چمگادڑ ہے دیکھ اُس سمت کو
عاقبت بینی نشان نور ہے / اور شہوت حال کی گور ہے تجھے
عاقبت بین وہ کہ سو بازی رکھے / کب ہو مثل اسکے کہ اک بازی کرے
ایسا مغرور ایک بازی سے ہوا / خود کو برتر اوستادون سے کیا
سامری سان خود میں دیکھا جو ہنر / پھیر لیں مغرور ہو موسیٰ سے سر

ل۵ اژدہا الخ، شعر ریچھ نے جو اژدہا کی فریاد کی شیر مرد آیا اور اُس سے رہائی دی حیلہ اور مردی نے جو باہم مدد کی اور اُس قوت سے اژدہا کی جان لی اُسنے اس حیلہ سے اژدہا کو باندھا تاکہ ریچھ اُس ہلاکت سے بچا اژدہا قوت رکھتا ہے حیلہ نہیں رکھتا ہے لیکن تیرے حیلہ پر ایک حیلہ فوق ہے بہت مکار ہیں ولیکن تو یقین کر کہ حق کہتا ہے واللہ خیر الماکرین یعنے اللہ جزا دیتا ہے مکارون کو اگر اپنے حیلہ کو دیکھتا ہے لوٹ کر جا اور جس جگہ سے وہ آیا ہے وہاں پر لوٹ کر جا آیا اعلیٰ سے اس پستی میں تو ہے پس اعلیٰ کی طرف آنکھ رکھنا چاہیے یعنی تو اپنی اصل کی طرف پھر رجوع کر آگے اس کے حقائق ہیں فافہم ۱۲ ل۵۲ روشنی الخ شعر اعلیٰ میں روشنی تجھ کو نظر دے اگرچہ خیرگی سے اول ضرر ہو وے آنکھ روشنی کا عادی کر تو چمگادڑ نہیں ہے اُس طرف کو دیکھ عاقبت بینی نشان نور کا ہے اور حال شہوت اندھا پن رکھتی ہے عاقبت بین وہ ہے کہ سو بازی رکھے اور اُس کی مثال کب ہو جو ایک بازی کرے ایک بازی سے ایسا مغرور ہوا کہ خود کو برتر استادون سے کیا آگے مثال ہے سامری کے مانند جو خود میں ہنر دیکھا مغرور ہو کر موسیٰ سے منہ پھیرا یعنے عاقبت بینی بہتر ہے نقد حال دیکھنے سے کیونکہ عاقبت بینی میں سو ہنر ہیں ایک ہنر پر حال میں کو مغرور نہ ہونا چاہیے جیسے سامری نے ایک ہنر پر غرہ کیا اور موسیٰ سے کہ عاقبت میں مغلوب ہوا باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

از موشی آن ہنر آموختہ	وز معلم چشم را بر دوختہ	اُسنے سیکھا وہ ہنر موشی سے تھا ۵۱	آنکھ پھیری پھر معلم سے بھلا
لاجرم موشی دگر بازی نمود	تا کہ آن بازی او جانش بود	اس لیے موشی نے بازی اور کی	تا کہ اُس بازی سے اُسکی جان لی
اے بسا دانش کہ اندر سر دود	تا شود سرور بدان خود سر رود	اے بہت سی دانش کہ پیدا سر مین ہو	تا ہو سردار اُس سے اور لے سر کو وہ
سر نخواہی کہ رود تو پائے باش	در پناہ قطب صاحب رائے باش	سر نہ دینا چاہے گر تو پاؤن ہو	اور پناہِ قطب عالم مین رہو
گرچہ شاہی خویش فوق او مبین	گرچہ شہدی جز نبات او مچین	فوق اُس سے مت ہو گرچہ شہ ہے تو	شہد گرچہ تو ہے شکر اُس سے لے
فکر تو نقش است فکر اوست جان	نقد تو قلب است نقد اوست کان	فکر تیری تن ہے اُس کی فکر جان	نقد تیرا کھوٹا اُس کا نقد کان
او توئی خود را بجو در روے او	کوکو کو فاختہ سان سوے او	وہ تو ہی ہے خود کو اُسمین ڈھونڈھ تو	کر تو کوکو فاختہ وار اُس کی سو
در نخواہی خدمت اہل صفا	ہمچو خرسے در دہان اژدہا	اہل دل کی ۵۲ گر نہ تو خدمت کرے	اژدہا کے منہ مین تو جون ریچھ ہے
بو کہ استادے رہاند مر ترا	وز خطر بیرون کشاند مر ترا	ہے امید استاد تجکو دے چھڑا	اور خطر سے تجکو کر دے وہ رہا
زارئے مسکین چو زورت نیست ہین	چونکہ کوری سر مکش از راہ بین	زور تجکو گر نہین زاری تو کر	کیونکہ تو اندھا ہے وہ ہے راہ بر
تو کم از خرسے نمی نالی ز درد	خرس رست از درد چون فریاد کرد	ریچھ سے تو کم نہین رو اے پسر	ریچھ چھوٹا درد سے فریاد کر
اے خدا آن سنگ دل را موم کن	نالہ اش را تو خوش و مرحوم کن	اے خدا اُس سنگدل کو موم کر	اُسکا نالہ تو خوش و مرحوم کر

گفتن نابینائے سائل کہ من دو کوری دارم مرا رحم کنید — کہنا اندھے سائل کا کہ مین دوہرا اندھا ہون مجھپر رحم کر

آن یکے کو بود ہمیگفت الامان	من دو کوری دارم اے اہل زمان	ایک وہ ۵۳ کہتا تھا اندھا الامان	مین ہون دوہرا اندھا اے اہل زمان
پس دو بارہ رحمتم آرید ہان	چون دو کوری دارم از اہل زمان	بس دو بارا رحم تم مجھ پر کرو	دوہرا اندھا پن ہے مجھمین جان لو

۵۱ اُس نے الخ شعر وہ ہنر اُس نے موشی سے سیکھا تھا اور پھر معلم سے اُس نے آنکھ پھیری اسلیے موشی نے ایک اور بازی کی یہانتک کہ اُس بازی نے اُسکی جان لی آگے حقائق ہین اے شخص بہت سی دانش ہین کہ سر مین پیدا ہوں کہ اُس سے سردار ہوا اور وہ اُسکا سر لیوین اگر تو سر نہین دینا چاہتا ہے پاؤن ہو اور پناہ قطب عالم مین رہو یعنی افزونی عقل سے اگر تجکو نخوت نہین ہے تو اپنے کو عاجز کر اور مرشد کی پناہ مین رہو اگرچہ تو شہد ہے شکر اُس سے لے کیونکہ تیری فکر تن ہے اور اُس کی فکر جان ہے تیرا نقد کھوٹا اور اُس کا نقد کان کا ہے وہ توئی ہے تو خود کو اُس مین ڈھونڈھ اور فاختہ کی مانند کوکو اُس کی طرف کر یعنے خود کو مرشد مین تلاش کر کہ راہ معرفت کی تجھے ملے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ اہل دل الخ شعر اگر تو اہل دل کی خدمت نہ کرے اژدہائے نفس کے منہ مین تو مانند ریچھ کے ہے امید ہے کہ مرشد تجھ کو چھڑا دے اور خطر سے تجھکو بچا دے اگر تجکو زور نہین ہے تو زاری کر کیونکہ تو اندھا ہے اور وہ راہبر ہے تو ریچھ سے کم نہین ہے نالہ کر کہ ریچھ درد سے چھوٹا تو فریاد کر اے خدا اُس سنگدل کو موم کر دے اور اُسکے نالہ کو خوش اور مرحوم کر دے یعنے اے خدا اس مخاطب کے دل سنگین کو مثل موم کے نرم کر دے اور نالہ کو اُس کے خوش آواز کر دے کہ مرحوم ہو چنانچہ اُس کا قصہ مثال مین آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۳ ایک وہ الخ شعر ایک اندھا کہتا تھا الامان کہ مین دوہرا اندھا ہون اے اہل زمانہ کے بس دو بار رحم تو مجھپر کرو کیونکہ اندھا پن دوہرا مجھ مین ہے بس مردم تعجب سے یہ کہتے تھے کہ دوہرے اندھے پن کو تو اپنے بیان کر ایک اندھا پن تو ہم کو دکھائی دیتا ہے دوسرا کیا ہے وہ ہم کو دکھلا کہا کہ بد آواز ناخوش صدا ہون میری بد آواز دوسرا اندھا پن ہے کیونکہ دل مین بد آواز غم پیدا کرتی ہے اور محبت خلق کی کم کرتی ہے میری بد آواز جس جگہ جاے غم اور غصہ اور کینہ پیدا کرے بس رحم دوہرا اندھے دوہرے پر کرو اور ایسے نفس کو تم آسودہ کرو کہ جو دوہرا اندھا ہے باقی حال اس کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

از تعجب مردمان گفتند لیک — این دو کوری را بیان کن نیک نیک
زانکه یک کوریست می بینیم ما — آن دگر کوری کدام آن وا نما
گفت زشت آوازم و ناخوش نوا — زشت آوازی و کوری شد دوتا
بانگ زشتم مایهٔ غم میشود — مهر خلق از بانگ من کم می شود
زشت آوازم بهر جا کو رود — مایهٔ خشم و غم و کین می شود
بر دو کوری رحم را دوتا کنید — این چنین ناگنج را گنجا کنید
کرد نیکو چون بگفت این راز را — لطف آواز دلش آواز را
زشتی آوازکم شد زین گله — خلق شد با وی برحمت یک دله
وانکه آوازش دلش هم بد بود — آن سه کوری دوری سرمد بود
لیک وهابان که بے علت دهند — بو که دستے بر سر زشتش نهند
چونکه آوازش خوش و مرحوم شد — زو دل سنگین دلان چون موم شد
نالهٔ کافر چو زشت ست و شهیق — زان نمیگردد اجابت را رفیق
اخسئوا بر زشت آواز آمدست — کو ز خون خلق چون سگ بد مست
چونکه نالهٔ خرس رحمت کش بود — نالهٔ تو نبود این ناخوش بود
وانکه با یوسف تو گرگے کردهٔ — یا ز خون بے گناہے خوردهٔ
توبه کن وز خورده استفراغ کن — ور جراحت کهنه شد رو داغ کن
باز گرد از گرگی اے روباه پیر — نصرت از حق طلب نعم النصیر

پس تعجب سے یہ تھے مردمان — دوسرے اندھے پن کو کر ہم سے بیان
ایک اندھا پن تو ظاہر ہی ہمین ہین — دوسرا کیا ہی تو دکھلادے ہمین
بولا بدآواز ہون ناخوش صدا — میری آواز اندھا پن ہی دوسرا
دل مین بدآواز غم پیدا کرے — اور محبت خلق کی وہ کم کرے
جائے بدآواز میری جس جگے — کینہ غم غصہ کی وہ پونجی بنے
رحم دوہرا اندھے کے دوہرے پہ کرو — ایسے تم مفلس کو آسودہ کرو
کردیا ١ اچھا کہا جو راز کو — لطف بانگ دل نے اُس آواز کو
خوش وہ آواز اُس گلہ سے ہوگیا — اُس سے بس الفت ہر اک کرنے لگا
جسکا بدآواز دل ہووے اگر — ہے وہ تہرا اندھا بدازلی اسیر
اہل بخشش دیتے ہین جو بے سبب — سر پہ اُسکے ہاتھ رکھین کیا عجب
جو کہ آواز اسکی خوب و خوش ہوئی — سنگدل خلق اُس سے مثل موم تھی
نالۂ ٢ کافر ہے بد اور بانگ خر — اس لیے مقبول نہ ہوتا مگر
اخسئوا آیا ہی بدآواز پے — خلق کے خون سے وہ جون سگ مست ہے
ریچھ کا نالہ تو رحمت پائے ہے — اور ترا نالہ نہ ہو کمیاب ہے
گرگ پن تو جان یوسف سے کیا — اور خون اک بے گنہ کا کھا لیا
توبہ کر کھائے سے استفراغ کر — زخم کہنہ ہی تو اُس کو داغ کر
بھیڑیا پن تو چھوڑ اے روباہ پیر — حق سے نصرت کر طلب نعم النصیر

تتمہ حکایت خرس آن ابلہ کہ بآن خرس اعتماد کردہ بود

باقی قصہ ریچھ اور اُس بیوقوف کا کہ اُسنے ریچھ پر اعتماد کیا تھا

١ کردیا الخ ۵ شعر جو راز کہا تو اچھا کردیا اُس کو لطف بانگ دل نے اُس گلہ کرنے سے وہ خوش آواز ہوگیا اور اس سے بس الفت ہر ایک کرنے لگا جسکا دل اگر بدآواز ہووے وہ ازلی اندھا ٹھہرا اہل بخشش جو بے سبب دیتے ہین اگر اُسکے سر پہ ہاتھ رکھین کیا تعجب ہے جب کہ آواز اُس کی خوب و خوش ہوگئی سنگدل اُس سے مثل موم کے ہوا یعنی اُس اندھے کی بدآواز خوش ہوئی اور ہر ایک اُس سے الفت کرنے لگا آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ ٢ نالۂ کافر الخ ۴ شعر کافر کا نالہ بدآواز خر ہے اس واسطے مقبول نہین ہوتا ہے واسطے بدآواز کے قرآن مین آیا ہے قال اخسئوا فیہا ولا تکلمون یعنی کہا اللہ نے چپ رہو دوزخ مین کلام مت کرو خونریزی خلق سے وہ مانند سگ کے مست تھے ریچھ سے نالہ تو رحمت پائے اور تیرا نالہ نہین وہ نالہ ناخوش ہے تو جان لے کہ گرگ پن یوسف سے کیا یا خون ایک بے گنہ کا کھایا ہے توبہ کر جو کھائے ہوئے ہے سے استفراغ کرو اگر زخم کہنہ ہے اُس کو داغ کر گرگ پن کو چھوڑ دے اے روباہ پیر حق سے نصرت طلب کر کہ نیک مدد کرنے والا ہی یعنے خدا کی طرف تو رجوع کر اور افعال ذمیمۂ ماضیہ سے تو توبہ کر کہ حق تعالیٰ مدد کرنے والا ہے تاکہ دل تیرا نور عرفان سے روشن ہو اور جہان تجھ پر مہربان ہو آگے قصہ ریچھ کا ہے فافہم ۱۲۔

خرس هم از اژدها چون وا رهید / وان کرم زان مرد مردانه بدید
چون سگ اصحاب کهف آن خرس زار / شد ملازم در پے آن یار غار
آن مسلمان سر نهاد از خستگی / خرس حارس گشت از دل بستگی
آن یکے بگذشت و گفتش حال چیست / اے برادر مر ترا این خرس کیست
قصه وا گفت از حدیث اژدها / گفت بر خرسے منه دل ابلها
دوستی ز ابله بتر از دشمنی ست / او بهر حیله که دانی راندنی ست
گفت والله از حسودے گفت این / ورنه خرسے چه نگر این مهر بین
گفت مهر ابلهان عشوه ده است / این حسودے من از مهرش به است
هے بیا با من بران این خرس را / خرس را مگزین مهل تو جنس را
گفت رو رو کار خود کن اے حسود / گفت کارم این بد و قسمت نبود
من کم از خرسے نباشم اے شریف / ترک او کن تا منت باشم حریف
بر تو دل میلرزدم ز اندیشهٔ / با چنین خرسے مرو در بیشهٔ
این دلم هرگز نه لرزید از گزاف / نور حق ست این نه دعوی و نه لاف
مؤمنم ینظر بنور الله شده / هان و هان بگریز ازین آتشکده
این همه گفت و بگوشش در نرفت / بدگمانی مرد را سدیست زفت
دست او بگرفت و دست از وے کشید / گفت رفتم چون نهٔ یار رشید

جو چھٹا[ف۱] ریچھ اژدہا سے بس رہا / اور کرم بھی پایا اس نے مرد کا
جون سگ اصحاب کہف اس ریچھ نے / پیروی کی واسطے اس مرد کے
وہ مسلمان تھک کے اس دم پڑ گیا / اور نگہبان ریچھ اسکا بس ہوا
ایک نے آ پوچھا اس سے کیا ہے حال / ریچھ تیرے ساتھ کیون ہے خوشخصال
اژدہا اور ریچھ کا قصہ کہا / بولا مت کر اعتبار اس ریچھ کا
دشمنی سے دوستی ابلہ کی بد / دفع ہر حیلہ سے کر از راہ کد
بولا[ف۲] واللہ یہ حسد ہے مت کہو / ریچھ پن مت دیکھ دیکھ اس مہر کو
بولا مہر ابلہان دے ہے دغا / مہر سے اسکی حسد میرا بھلا
ساتھ میرے چل تو چھوڑ اس ریچھ کو / ریچھ تو مت رکھ شریک جنس ہو
بولا جا کام اپنا کر تو اے حسود / بولا مجھ کو بحث سے تیرے نہ سود
مین نہ کم اس ریچھ سے ہون اے شریف / چھوڑ اسکو مین ہون تیرا حریف
تجھ پہ دل دکھتا ہے اس افکار سے / ریچھ کے ہمراہ جنگل مین رہے
یہ نہ دل دکھتا ہے از راہ گزاف / نور حق ہے نہ دعوی ہے نہ لاف
مومن ینظر بنور اللہ ہون / بھاگ اس آتشکدہ سے ذو فنون
کی نصیحت[ف۳] اُس نے اُسنے نہ سنی / سد رہ ہے مرد کو یہ بدظنی
ہاتھ پکڑا اُس سے کھینچا ہاتھ کو / بولا جاتا ہون نہین ہے یار تو

ف۱ جو ہوا الخ۔ شعر جب ریچھ اژدہا سے چھوٹا اور اُس نے شیر مرد کا کرم پایا مانند سگ اصحاب کہف کے ریچھ نے پیروی اُس مرد کی کی وہ مسلمان اُسدم تھک کر لیٹ رہا اور نگہبان وہ ریچھ اُس کا ہوا ایک شخص نے اس سے پوچھا کہ کیا حال ہے اور یہ ریچھ تیرے ساتھ کسواسطے ہے اُسنے اژدہا اور ریچھ کا قصہ کہا اُس شخص نے کہا کہ ریچھ کا اعتبار نہ کر احمق دوستی دشمنی سے بُرا ہے ہر حیلہ سے اُس کو دفع کر از راہ کوشش کے آگے جواب شیر مرد کا ہے فافہم ۱۲ ف۲ بولا واللہ الخ۔ شعر شیر مرد نے کہا کہ واللہ یہ حسد سے مت کہہ ریچھ پن کو مت دیکھ اور اُس کی محبت کو دیکھ ناصح نے کہا کہ محبت احمقون کی دغا دیتی ہے اس کی محبت سے میرا حسد بہتر ہے میرے ساتھ تو چل اور اُس ریچھ کو چھوڑ ریچھ کو ہمراہی مین نہ رکھ اور شریک جنس ہو مرد نے کہا جا تو اپنا کام کر اے حاسد ناصح نے کہا مجھ کو تیری بحث سے فائدہ نہین مین نہین ہون کم اس ریچھ سے اے شریف اسکو چھوڑ کہ مین تیرا یار ہون اس فکر سے دل دُکھتا ہے کہ تو ریچھ کے ہمراہ جنگل مین رہے یہ دل از راہ جھوٹ کے نہین دکھتا ہے یہ نور حق ہے نہ دعوے ہے نہ لاف ہے مین مومن ہون اور دیکھنے والا ہون ساتھ نور اللہ کے آہن و آتشکدہ سے اے ہوشیار بھاگ یعنی یہ نفس تیرا ریچھ ہے اس کے ہمراہ اس صحرائے دنیا مین مت رہ مجھ عارف کے ہمراہ چل آگے حال عارف ہے فافہم ۱۲
ف۳ کی نصیحت الخ۔ شعر اُس نے نصیحت کی اور اُس نے نہین سنی یہ بدظنی سد راہ مرد کو ہے ہاتھ جو پکڑا تو اُس سے ہاتھ کو کھینچا اور کہا کہ جاتا ہون تو یار نہین ہے کہا جا میرا غمخوار مت رہ اور اب معرفت مت تراش اے لاف گو پھر کہا تیرا دشمن نہین ہون ولیکن لطف ہووے اگر تو میرے ہمراہ چلے مرد نے کہا میں سوتا ہون تو مجکو چھوڑ اور جا کہا یار سے آخر باوفا ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

گفت رو با من تو غمخوارہ مباش	بوالفضولا معرفت کمتر تراش	بولا جا غمخوار میرا مت رہو	ست تراش اب معرفت اے لاف گو
باز گفتش من عدوے تو نیم	لطف باشد گر بیائی در پیم	پھر کہا دشمن نہ تیرا ہون وے	لطف ہووے گر مرے ہمرہ چلے
گفت خوابستم مرا بگذار و رو	گفت آخر یار را منقاد شو	بولا مین سوتا ہون مجھکو چھوڑ جا	بولا آخر یار سے ہو باوفا
تا بخسپی در پناہ مقبلی	در جوار دوستی صاحبدلے	تاکہ مقبل کی پنہ مین سوئے تو	اہل دل کے پاس کر جا پائے تو
در خیال افتاد مرد از جد او	خشمگین شد زود گردانید رو	اسکی سعی سے وہ خیال اندر پڑا	غصہ ہو کر اس سے رو گردان ہوا
کین مگر قصد من آمد خونی است	یا طمع دارد گدائے توتی است	آیا میرے قصد کو خونی ہے یہ	یا گدا طامع دلا تو ہی ہے یہ
یا گرو بست است با یاران بدین	کہ بترسانند مرا زین ہمنشین	یا کہ آیا شرط کر یاران سے	کہ ڈرائے مجکو اس اعلان سے
یا حسد دارد ز مہر یار من	کاین چنین جد میکند در کار من	یا حسد رکھتا ہے مہر یار سے	کام مین کوشش جو کرتا ہے مرے
خود نیامد ہیچ از خبث سرش	یک گمان نیک اندر خاطرش	خبث باطن سے نہ لا یادہ جوان	اک گمان نیک دل کے درمیان
ظن نیکش جملگی بر خرس بود	او مگر مر خرس را ہمجنس بود	ریچھ پر اسکو گمان نیک تھا	ریچھ کا شاید کہ وہ ہمجنس تھا
بدگمان و ابلہ و نااہل بود	وز شقاوت او مطیع جہل بود	بدگمان اور ابلہ اور نااہل تھا	اور شقاوت سے مطیع جہل تھا
بدرگ خودرائے و بدبخت بد	گمرہ و مغرور کور خوار و رد	اصل بد خودرائے بدکردار تھا	گمرہ و مغرور اندھا خوار تھا
خرس را بگزید بر صاحب کمال	روسیہ حاصل تبہ فاسد خیال	ریچھ چاہا چھوڑا یہ صاحب کمال	روسیہ حاصل تبہ ناقص خیال
عاقلے را از خرے تہمت نہاد	خرس را دانست اہل مہر و داد	ایک عاقل کو خری سے بد کہا	ریچھ کو جانا کہ ہے اہل وفا

گفتن موسیٰ گوسالہ پرست را کہ این خیال اندیشی تو از کجاست

کہنا موسیٰ کا ایک گوسالہ پرست کو کہ یہ خیال اندیشی تیری کہاں سے ہے

گفت موسیٰ با یکے اہل خیال	کاے بد اندیش از شقاوت در ضلال	بولے موسیٰ اک خیال اندیش سے	کہ بد اندیشی سے تو گمراہ ہے

۱ تاکہ مقبل الخ یعنی شعر تاکہ مقبل کی پنہ مین تو سوے اور اہل دل کے پاس تو جا پائے اسکی کوشش سے وہ ایک خیال مین پڑا اور غصہ ہو کر اس سے رو گردان ہوا کہ یہ میرے قصد کو آیا ہے و خونی ہے یا ایک گدا طمع والا ہے یا کہ یارون سے شرط کر کے آیا ہے کہ مجھکو ڈرائے اس اطلاع سے یا محبت یار سے حسد رکھتا ہے میرے کام مین جو کوشش کرتا ہے آگے قول مولانا کا ہے وہ جوان خبث باطن سے نہ لایا ایک گمان نیک دل مین ریچھ پر گمان نیک تھا شاید کہ وہ ریچھ کا ہمنشین تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ بدگمان الخ یعنی شعر بدگمان ابلہ اور نااہل تھا اور شقاوت سے مطیع جہل کا تھا اصل بد اور خودرائے اور بدکردار تھا گمراہ اور اندھا اور مغرور خوار تھا ریچھ کو چاہا اور صاحب کمال کو چھوڑا روسیاہ اور خراب حاصل اور خیال ناقص تھا خری سے ایک عاقل کو برا اور ریچھ کو اہل وفا جانا یعنی بندہ نفس کے کاملون کو برا جانتے ہین اور ان کی اطاعت سے دگرداں ہو کر نفس پرستون کے مطیع رہتے ہین جیسے موسیٰ نے گوسالہ پرست سے کہا چنانچہ ان کا قصہ مثال کے طور پر آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۳ بولے موسیٰ الخ یعنی شعر موسیٰ نے ایک خیال اندیش سے کہا کہ اس اندیشۂ بد سے تو گمراہ ہے سو تجھکو گمان میری نبوت مین ہے باوجود ایسی دلیل و خلق کے کہ صدہا معجزے مجھ سے عیان دیکھے تو خیال و گمان بڑھاتا ہے اور خیال و فکر سے تو تنگ ہو کر طعنے کرتا ہے میری نبوت پر دلیلے سے مین نے گرد ظاہر کی تب فرعونیون کی شر سے تم چھوٹے چالیس برس کھانا چرخ سے آیا اور پتھر سے نہر نکال کر جاری کی میرے ہاتھ مین چوب اژدہا ہوئی و میرے دشمن پر پانی خون ہوا میرا کف دست خورشید اور عصا مار بنا اور آفتاب میرے نور کے عکس سے روشن ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

صد گمانت بود در پیغمبریم ۔ با چنین برهان و این خلق کریم
سو گمان تجکو نبوت مین مرے ۔ باوجود ایسی دلیل و خلق کے

صد هزاران معجزه دیدی ز من ۔ صد خیالت می‌فزود در شک و ظن
دیکھے صد ہا معجزے مجھ سے عیان ۔ ہے بڑھاتا تو خیالات و گمان

از خیال و وسوسه تنگ آمدی ۔ طعنه بر پیغمبریم می‌زدی
تنگ ہو کر تو خیال و فکر سے ۔ طعنے کرتا ہے نبوت پر مرے

گرد از دریا بر آوردم عیان ۔ تا رهیدید از شر فرعونیان
گرد دریا سے کری مین نے عیان ۔ تب چھٹے فرعونیونکے شر سے یان

ز آسمان چل سال کاسه و خوان رسید ۔ وز دعایم جوی از سنگی دوید
خوان آیا چرخ سے چالیس سال ۔ نہر کر دی جاری پتھر سے نکال

چوب شد در دست من نراژدها ۔ آب خون شد بر عدوی ناسزا
چوب ہوئی ہاتھو مین میرے اژدہا ۔ دشمنو پر میرے پانی خون ہوا

شد عصا مار و کفم شد آفتاب ۔ آفتاب از عکس نورم شد شهاب
لاٹھی سانپ اور کف مرا سورج بنا ۔ مہر عکس نور سے روشن ہوا

این و صد چندین و چندین گرم و سرد ۔ از تو ای سرد آن توهم کم نکرد
اسقدر صد ہا یہ گرم و سرد نے[1] ۔ وہم کچھ دل سے نہ تیرے کم کیے

بانگ زد گوساله‌ای از جادوئی ۔ سجده کردی که خدای من توئی
ایک گوسالہ کی سن آواز کو ۔ کر کے سجدہ بولا میرا رب ہے تو

آن توهمات را سیلاب برد ۔ زیرکی باردت را خواب برد
وہ توہم تیرے بالکل بہہ گئے ۔ وہ خیال اب خواب تیرے ہو گئے

چون نبودی بدگمان در حق او ۔ چون نهادی سر چنان ای زشت خو
کیون نہین تو بدگمان اس سے ہوا ۔ کیون رکھا سر اسکے آگے بس جھکا

چون خیالت نامد از تزویر او ۔ وز فساد سحر احمق گیر او
کیون نہ آیا اسکے دھوکے کا خیال ۔ کہ فساد سحر سے کرتا ہے چال

سامری خود که بود ای مهان ۔ که خدائی بر تراشد در جهان
سامری کی کیا حقیقت اے جوان ۔ کہ تراشے اک خدا کو وہ یہان

در خدائی گاو چون یکدل شدی ۔ وز همه اشکالها عاطل شدی
کیون خدائے گاو مین اک دل ہوا[2] ۔ اور سب مشکل سے تو عاطل ہوا

گاو می‌شاید خدائی را بلاف ۔ در رسولی ام تو چون کردی خلاف
گاو لائق ہے خدائی کو یہ لاف ۔ اور نبوت مین مرے تجکو خلاف

پیش گاوی سجده کردی از خری ۔ گشت عقلت صید سحر سامری
گاو کو سجدہ کیا از رہ خری ۔ عقل ہوئی تسخیر سحر سامری

چشم دزدیدی ز نور ذو الجلال ۔ اینت جهل وافر و عین ضلال
نور حق کے سے چرائے آنکھ کو ۔ ہے ترا یہ جہل و گمراہی سنو

شه بر آن عقل و گزینت که تراست ۔ چون تو کان جهل را کشتن سزاست
تف یقین و عقل پر جو تجکو ہے ۔ کیونکہ کان جہل کے لائق تو ہے

گاو زرین بانگ زد آخر چه گفت ۔ کاحمقان را اینهمه رغبت شگفت
گاو زرین نے یہ کیا آواز دی ۔ احمقونکو اسپہ کیون رغبت ہوئی

زان عجبتر دیده‌ای از من بسی ۔ لیک حق را کی پذیرد هر خسی
مجھ سے دیکھا بس عجائب اس سے تر ۔ کب کرے حق کو پذیرا ہر بشر

ف ۱ اس قدر الخ ۸ شعر اس قدر صد ہا گرم و سرد نے اے مردہ دل تجھ سے وہم نہ کم کیے ایک گوسالہ کی آواز سنکر سجدے کیے اور کہا کہ میرا رب ہے وہ توہم تیرے بالکل بہہ گئے اور وہ خیال اب تیرے خواب ہو گئے تو اس سے بدگمان کیون نہین ہوا اور کیون اس کے آگے سر جھکایا اور اسکے دھوکے کا کیون نہین خیال آیا کہ فساد سحر سے چال کرتا ہے کیا حقیقت ہے سامری کی کہ ایک خدا کو وہ یہان تراشتا ہے یعنی روح موسیٰ ہے اور سامری نفس ہے اور وجود گوسالہ ہے کہ غافل دنیا باوجود کمالات روح کی اس سے منکر ہو کر اپنے گوسالہ تن کی پرستش بسبب دھوکا دینے نفس کے کرتے ہین اور روح سے منکر رہتے ہین چنانچہ باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ف ۲ کیون الخ شعر تو خدائے گاو مین کیون ایک دل ہوا اور سب مشکلون سے کیون معطل ہوا واسطے خدائی کے گاو لائق ہے از راہ جھوٹ کے اور نبوت مین میری تجھ کو خلاف ہے گاو کو سجدہ کیا از راہ خری کے اور عقل سحر سامری مین تسخیر ہوئی حق کے نور سے آنکھ چرائی تیری جہل و گمراہی ہے تیرے یقین و عقل پر تف ہے کیون جہل کے کان کو تو لائق ہے گاو زرین نے فقط آواز دی احمقون کو اس پر رغبت ہو گئی اس سے زیادہ عجائب مجھ سے دیکھے کب حق کو قبول کرتا ہے ہر ایک بشر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ —

باطلان را چہ رباید باطلی ‏— عاطلان را چہ خوش آید عاطلی
زانکہ ہر جنسی رباید جنس خود ‏— گاو سوی شیر نر کی رو نہد
گرگ بر یوسف کجا عشق آورد ‏— جز مگر از مکر تا او را خورد
چون ز گرگی وارہد محرم شود ‏— چون سگ کہف از بنی آدم شود
چون محمد را ابوبکرؓ نکو ‏— دید صدقش گفت ھذا صادق او
چون ابوبکرؓ از محمد برد بو ‏— گفت ھذا لیس وجہ کاذب او
چون نبد بوجہل از اصحاب درد ‏— دید صد شق القمر باور نکرد
دردمندی کش ز بام افتاد طشت ‏— زو نہان کردیم حق پنہان نگشت
وانکہ او جاہل بد از دردش بعید ‏— چند بنمودیم دادش آن ندید
آئینۂ دل صاف باید تا در او ‏— واشناسی صورت زشت از نکو

باطلون کو کون کھینچے باطلی ‏— عاطلون کو کیا خوش آئے عاطلی
کیونکر کھینچے جنس کو بس جنس ہی ‏— گاو کب جاتا ہی جانب شیر کے
گرگ بس یوسف پہ کیونکر عشق لائے ‏— پر سوائے مکر تا کہ اسکو کھائے
گرگ پن سے جو چھٹے محرم بنے ‏— چون سگ کہف اک بنی آدم بنے
دیکھا جو بوبکرؓ نے صدق نکو ‏— مصطفےٰ کا بولا ھذا صادقوا
پائی جو بوبکرؓ نے احمد سے بو ‏— بولا ھذا لیس وجہ کاذبوا
جو نہ تھا بوجہل اہل درد سے ‏— کب یقین شق القمر پہ ہوا اُسے
دردمند ایسا کہ وہ ظاہر ہوا ‏— حق چھپایا ہمنے لیکن کھل گیا
اور وہ جاہل کہ درد اُسکو نہ تھا ‏— جسقدر دکھلایا نے اُسکو دکھا
آئینہ ہو صاف دل کا اُسمین تا ‏— صورت بد نیک سے جانے جدا

ترک کردن آن مرد ناصح پند آن مغرور خرس را ! ترک کرنا اُس مرد ناصح کا نصیحت کو اُس مغرور ریچھ سے

آن مسلمان ترک آن ابلہ گرفت ‏— زیر لب لاحول گویان رہ گرفت
گفت چون از جد و پند و از جدال ‏— در دل او بیش می زاید خیال
پس رہ پند و نصیحت بستہ شد ‏— امر اعرض عنہم پیوستہ شد
چون دوایت می فزاید درد پس ‏— قصہ بر طالب بگو برخوان عبس
چونکہ اعمیٰ طالب حق آمدہ است ‏— بہر فقر او نشاید سینہ خست

ترک ابلہ کو مسلمان نے کیا ‏— زیر لب لاحول کہتا چلدیا
بولا میری جہد و کوشش پند سے ‏— بس خیال اُسکے بہت دلمین بسے
راستہ پند و نصیحت کا رکا ‏— امر اعرض عنہم وارد ہوا
ہوا دوا سے تجکو افزون روگ بس ‏— قصہ طالب سے کہو اور پڑھ عبس
حق کا طالب ایک اعمیٰ آیا جو ‏— فقر کی خاطر نہ دل خستہ کرو

ف۱ باطلون کو الخ۔ اشعر باطلون کو کون کھینچے باطل کیونکہ جنس کو جنس ہی کھینچتی ہے اور کب گاؤ شیر کی طرف جاتا ہے گرگ کیونکر یوسف پر عشق لائے لیکن سوائے مکر کے کہ اسکو کھائے گرگ پن سے چھٹے اور محرم بنے مانند سگ کہف کے ایک بنی آدم بنے آگے مثال ہے دیکھا جو ابوبکرؓ نے احمد سے جو سچائی تو کہا یہ نہین ہے منہ جھوٹ کہنے والا جو ابوجہل اہل درد سے نہ تھا کب شق القمر پر یقین اُسے ہوا ایسا دردمند کہ وہ ظاہر ہوا ہمنے حق تو چھپایا ولیکن ظاہر ہوگیا اور وہ جاہل کہ اُسکو درد نہ تھا جس قدر اُسکو دکھلایا مگر نہ دیکھا آئینہ صاف دل کا ہو کہ اُس مین صورت بد نیک سے جدا جانے یعنے جس کو حقیقت روح کی کھل گئی وہ اس کی طرف مثل ابوبکر صدیقؓ کے راغب ہوا اور جس کو نہ کھلی وہ مانند ابوجہل کے منکر ہوا پس درد دل مین چاہیے کہ روح و نفس مین اُسکو فرق معلوم ہو نہ مثل مرد مغرور ریچھ کے دربلا گرفتار رہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ ترک ابلہ الخ ۵ شعر اس مسلمان نے مرد ابلہ کو چھوڑا جو زیر لب لاحول کہتا چلدیا اور کہا کہ میری بحث و کوشش و نصیحت سے اسکے دلمین بہت خیال پیدا ہوئے راستہ پند و نصیحت کا بند ہوا اور حکم وارد ہوا کہ روگردانی کرو تم اُن سے تجکو دوا سے درد زیادہ ہو پس قصہ طالب سے کہو اور پڑھ عبس و تولیٰ یعنی ترش رو کیا اپنے کو پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے اور منہ پھیرا قصہ اُس کا یہ ہے کہ ایک روز جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم دعوت صنادید قریش مین مشغول تھے کہ عبداللہ بن ام مکتوم رضی اللہ عنہ نابینا تھے آئے و عرض کی یا رسول اللہ مجھے تعلیم کرو جو تعلیم کی اللہ نے تم کو پس حضرت اُنکے دخل نامعقول ہونے سے ترش رو ہوئے کہ عبداللہ باہر مایوس ہوکر چلے گئے کہ آیت مذکور حضور پر نازل ہوئی از بحر العلوم چنانچہ مولانا اسی قصہ کو آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۳ حق کا طالب الخ ۵ شعر ایک نابینا حق کا طالب جو آیا واسطے فقر کے اسکو دل خستہ نہ کرو تجھکو امرائے قریش کا خیال ہے تاکہ علم مجھ سے سیکھین اہل قال ای احمد تو نے جانا کہ قوم شاہ ہونگی سنکر خوش ہوکر شاید سردار ہون دین کے اور خوش رہین کہ عرب کے سرور سردار ہین تاکہ یہ شہرت پہونچے بصرہ اور تبوک کو کیونکہ آدمی اوپر دین بادشاہ اپنے کے ہوتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۴ روگردانی کرو اُن سے ۱۲۔

تو حریصی بر رشاد مهتران ‏ تا بیاموزند علم از سروران
احمدا دیدی که قومی از ملوک ‏ مستمع گشتند گشتی خوش که بوک
این رئیسان یار دین گردند خوش ‏ بر عرب اینها سرند و بر حبش
بگذرد این صیت از بصره و تبوک ‏ زانکه الناس علی دین الملوک
زین سبب تو از ضریر مهتدی ‏ رو بگردانیدی و تنگ آمدی
کاندرین فرصت کم افتد این مناخ ‏ تو ز یارانی و وقت تو فراخ
مزدحم میکردیم در وقت تنگ ‏ این نصیحت میکنم نه خشم و جنگ
احمدا نزد خدا این یک ضریر ‏ بهتر از صد قیصر است و صد وزیر
یاد الناس معادن هین بیار ‏ معدنی باشد فزون از صد هزار
معدن لعل و عقیق مکتنس ‏ بهتر است از صد هزاران کان مس
احمدا اینجا ندارد مال سود ‏ سینه باید پر ز عشق و درد و دود
اعمیٔ روشن دل آمد در مبند ‏ پند او را ده که حق اوست پند
گر دو سه ابله ترا منکر شوند ‏ تلخ کی گردی چو هستی کان قند
گر دو سه احمق ترا تهمت نهد ‏ حق برای تو گواهی میدهد
گفت از اقرار عالم فارغم ‏ آنکه حق باشد گواه او را چه غم
گر خفاشی را ز خورشیدی خوری است ‏ آن دلیل آمد که او خورشید نیست
نفرت خفاشگان باشد دلیل ‏ که منم خورشید تابان جلیل

تجکو ہی امرا کی تسکین کا خیال ‏ تا کہ سیکھیں علم مجھ سے اہل قال
جانا تو نے احمدا قوم شہان ‏ خوش ہوے سنکر کہ شاید سروران
یار ہو دین کے اور خوش ہین ‏ کہ عرب کے سرور و سرور ہین
پہونچے یہ آواز با بصرہ تبوک ‏ کیونکہ الناس علی دین الملوک
اس سبب تجھ سے وہ اندھا ملتجی ‏ پھر گیا بس تنگ ہو کر منھ ابھی
ایسا موقع کم یہ فرصت مین پڑے ‏ تو ہی یار اور وقت تیرے ہین بڑے
ہے ہجوم اب مجھ پہ اندر وقت تنگ ‏ پند کرتا ہون نہین مین خشم و جنگ
احمدا اندھا یہ ہے پیش خدا ‏ سو وزیر اور بادشاہون سے بڑا
یاد الناس معادن کو تو کر ‏ معدنی ہوتا ہے بہتر سب سے زر
لعل اور یاقوت کی بہتر ہے کان ‏ بس ہزاران کان مس سے رکھ تو کان
احمدا رکھتا نہین یان مال سود ‏ چاہیے سینہ مین عشق و درد و دود
آیا روشن دل ہے اندھا در مبند ‏ پند کر اسکو کہ ہے حقدار پند
گر ہون منکر تجھ سے ابلہ خود پسند ‏ تلخ تو کب ہو کہ ہے تو کان قند
تجھپہ تہمت ایک دو احمق رکھے ‏ حق گواہی دیوے تیرے واسطے
بولے کیا انکار عالم سے الم ‏ جسکا حق ہووے گواہ کیا اسکو غم
نفع گر خفاش لے خورشید سے ‏ ہے دلیل اسکی نہ وہ خورشید ہے
نفرت خفاشگان ہووے دلیل ‏ کہ مین ہون خورشید تابان و جلیل

ف۱ اس سبب سے الخ شعر اس سبب سے وہ اندھا ملتجی تجھ سے پھر گیا بس تنگ ہو کر فرصت مین ایسا موقع کم پڑے تو یار ہے اور وقت تیرا بڑا ہے تنگ وقت مین اب مجھ پہ ہجوم ہے مین تجھے نصیحت کرتا ہون غصہ نہین ہوتا ہون اے احمد یہ اندھا نزدیک خدا کے سو وزیر و بادشاہ سے بہتر ہے تو یاد کر کہ آدمی معدن ہے اور زر معدنی بہتر ہوتا ہے سب سے آگے مثال ہے لعل و یاقوت کی کان بہتر ہے ہزارون کان مس سے تو کان رکھ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ احمدا الخ شعر اے احمد یہان مال فائدہ نہین رکھتا ہے سینہ مین چاہیے عشق و سوز و درد اندھا در مند روشن دل آیا ہے اُس کو نصیحت کر کہ حقدار نصیحت ہے اگر ابلہ خود پسند تجھ سے منکر ہون تو تلخ کب ہو کہ وہ کان قند ہے ایک دو احمق تجھ پر تہمت رکھے حق تیرے واسطے گواہی دیوے جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے فرمایا انکار عالم سے کیا الم ہے جس کا حق ہووے گواہ اُس کو کیا غم ہے آگے مثال ہے اگر خفاش نفع خورشید سے لے اس کی دلیل ہے کہ وہ خورشید نہین ہے نفرت خفاش کی دلیل ہووے کہ مین خورشید تابان ہون دلیل دن کی یعنے حضرت نے فرمایا کہ انکار عالم سے مجھے رنج نہین ہے کیونکہ جس خورشید سے خفاش کو نفع ہو وہ خورشید نہین بلکہ وہ خورشید ہے کہ جس سے خفاش کو نفرت ہو پس منکرون کا انکار میرے واسطے بہتر ہے چنانچہ اس کی مثال دوسری آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ آدمی اور دین بادشاہ اپنے کے ہین ۱۲

گر گلابی را جُعل راغب شود
آن دلیل ناگلابی می بود

گر شود قلبی خریدار محک
در محکی اش در آید نقص و شک

دزد شب خواهد نه روز این را بدان
شب نیم روزم که تابم در جهان

فارقم فاروقیم غربیل وار
تا که کاه از من نمی یابد گذار

آرد را پیدا کنم من از سبوس
تا نمایم این نقوش ست آن نفوس

من چو میزان خدایم در جهان
وا نمایم هر سبک را از گران

گاو را داند خدا گوساله
خر خریدارے و در خور کالهٔ

من نه گاوم تا که گوساله ام خرد
من نه خارم کاشترے از من چرد

او گمانی دارد که بر من جلوه کرد
بلکه از آئینه من روفت گرد

کیڑا[1] گوبر کا اگر چاہے گلاب
ہے دلیل اسکی نہ وہ خود ہے گلاب

کھوٹا نہ رچاہے کسوٹی کو اگر
ہے کسوٹی پن مین نقصان و ضرر

چور شب چاہے نہ دن تو اسکو جان
شب نہین مین دن ہون چمکاؤن جہان

فرق مین کرتا ہون چلنی کی مثال
بھوسی تا آٹے سے دیتا ہون نکال

کر دون آٹے کو مین بھوسی سے عیان
تا دکھاؤن نفس اور نقش جہان

مین[2] جہان مین ہون چو میزان خدا
مین کرون ہلکے کو بھاری سے جدا

جانتا گوسالہ رب ہے گاؤ کو
خر کو جانے جو خریدار اسکا ہو

مین نہین ہون گاؤ تا گوسالہ نے
خار نے ہون اونٹ تا مجکو چرے

وہ گمان رکھے ستم مجھ پر کیا
بلکہ آئینہ کیا میرا صفا

تملق دیوانه با جالینوس و وہم کردن جالینوس

تملق کرنا دیوانہ کا جالینوس سے اور وہم کرنا جالینوس کا

گفت جالینوس با اصحاب خود
مر مرا تا آن فلان دارو دهید

پس بدو گفت آن یکی کای ذوفنون
این دوا خواهند از بهر جنون

دور از عقل تو این دیگر مگو
گفت در من کرد یک دیوانه رو

ساعتی در روی من خوش بنگرید
چشمکم زد آستین من درید

گر نه جنسیت بدی در من ازو
کے رخ آوردے بمن آن زشت رو

بولا[3] جالینوس اپنے یار سے
وہ دوا لا جلد اور تو مجکو دے

ایک نے اس سے کہا اے ذوفنون
یہ دوا ہے واسطے دفع جنون

دور تیری عقل سے مت کہہ یہ تو
بولا اک دیوانہ آیا میرے سو

ایک ساعت اس نے منہ دیکھا مرا
آنکھ ماری آستین کو شق کیا

جنسیت[4] اس سے اگر مجھ مین نہ تھی
کیون توجہ میری جانب اسنے کی

[1] کیڑا الخ ۲ شعر اگر کیڑا گوبر کا گلاب چاہے اسکی دلیل ہے کہ وہ خود گلاب نہیں ہے اگر کھوٹا زر کسوٹی چاہے بس کسوٹی پن مین اسکے نقصان ہے اگر چور شب چاہے دن تو اسکو جان کہ مین شب نہین دن ہون کہ جہان روشن کرون مین فرق کرنیوالا ہون مانند چلنی کے کہ تا بھوسی آٹے سے جدا کرون مین آٹے کو بھوسی سے ظاہر کر دون تا دکھاؤن نفس اور نقش جہان کو یعنی دکھاؤن کہ دین حق و باطل کو علیحدہ علیحدہ کر دیتا ہون اور اچھے و برے کو جدا جدا باقی حال آگے ہے فافہم [2] مین جہان مین الخ ۳ شعر مین جہان میں میزان خدا ہون مین کرتا ہون ہلکے کو بھاری سے جدا آگے مثال ہے گوسالہ رب جانتا ہے گاؤ کو خر وہ جانے جو خریدار خر کا ہو مین گاؤ نہین تا کہ گوسالہ مجھے لے مین خار نہین ہون کہ اونٹ مجھے چرے وہ گمان رکھتا ہے کہ اس نے مجھ پر ستم کیا بلکہ میری آئینہ کو اس نے صفا کیا یعنی جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم فرماتے ہین کہ مین میزان ہون و ہلکے بھاری کو جدا جدا کر دیتا ہون اسواسطے ناقص مجھ سے متنفر ہیں و ناقص کو رغبت ناقص کے ساتھ ہوا کرتی ہے اور مجھ پر اسکا ستم باعث نفع ہے گو بظاہر وہ مجھ پر ستم کرتے ہین جیسے دیوانہ جالینوس کے ساتھ تملق کرتا تھا چنانچہ قصہ اسکا آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [3] بولا جالینوس الخ ۴ شعر جالینوس نے اپنے یار سے کہا کہ وہ دوا لا جلد مجھے دے ایک نے اس سے کہا کہ اے دانا یہ دوا واسطے دفع جنون کے ہے دور تیری عقل سے یہ تو مت کہہ کہ ایک دیوانہ میری طرف آیا ایک ساعت اس نے میرا منہ دیکھا آنکھ ماری اور میری آستین پھاڑی باقی حال آگے ہے فافہم [4] جنسیت الخ ۱ شعر اگر جنسیت مجھ مین اس مین نہ تھی کیونکر توجہ اس نے میری طرف کی اگر مجکو جنس نہ پاتا وہ کب آتا و غیر جنس اپنے سے کب کوئی ملتا ہے آگے مثال ہے جو کہ دو شخص باہم ملین بے شبہہ ان کے درمیان قدر اشتراک ہوتا ہے مرغ بغیر جنس اپنے کے کب اڑے صحبت ناجنس کی گور کی مانند ہے یعنے جالینوس نے دیوانہ کے لپٹنے سے خود کو دیوانہ جانا کہ بغیر جنسیت کے کوئی کسی سے کب مشترک ہوتا ہے چنانچہ اس کی مثال مین قصہ زاغ و لکلک کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ —

گر ندیدے جنس خود کے آمدے	کے بغیر جنس خود را بر زدے	آتا کب گر ہم جنس نے پایا مجھے	غیر جنس اپنے سے کوئی کب ملے
چون دو کس برہم زنند بے ہیچ شک	درمیان شان ہست قدر مشترک	جو کہ دو باہم ملین بے شبہہ و شک	درمیان انکے ہی قدر مشترک
کے پریدے مرغ جز با جنس خود	صحبت ناجنس گورست و لحد	مرغ کب بے ہم جنس اپنے کے اڑے	صحبت ناجنس مثل اک گور کے

سبب پریدن وچریدن مرغے کہ مرغ دیگر ہمجنس او نہ بود

سبب اڑنے وچرنے ایک مرغ کا ساتھ اس مرغ کے کہ وہ ہمجنس اس کا نہ تھا

آن حکیمے گفت دیدم در تگے	در بیابان زاغ را در لکلکے	وہ حکیم اب بولا دیکھا مین نے ہے	ساتھ تھی جنگل مین لکلک زاغ کے
در عجب ماندم بجستم حال شان	تا چہ قدر مشترک یابم نشان	ہو کے حیران ڈھونڈھا انکے حال کو	انکی تا شرکت کا سبب معلوم ہو
چون شدم نزدیک حیران و دنگ	خود بدیدم ہر دو آن بودند لنگ	جو گیا نزدیک مین حیران ہان	دیکھا لنگڑا مین نے دونو نکو عیان
خاصہ شہبازی کہ او عرشی بود	با یکے جغدے کہ او فرشی بود	خاص وہ شہباز کہ عرشی ہو وہ	ساتھ اک الو کے جو فرشی ہو وہ
آن یکے خورشید علیین بود	وین یکے کرمے کہ بر سرگین بود	ایک وہ خورشید علیین کا ہو	ایک یہ کیڑا کہ بس سرگین کا ہو
آن یکے یوسف رخی عیسی نفس	وین دگر گرگے و یا خر یا خرس	ایک وہ یوسف رخ و عیسیٰ نفس	ایک یہ کیڑا او یا خر یا خرس
آن یکے پران شدہ در لامکان	وین یکے در کاہدان ہمچون سگان	ایک وہ کرتا ہے سیر لامکان	ایک یہ گھورے پہ ہی مثل سگان
آن یکے سلطان عالی مرتبت	وین یکے در گلخنے در تعزیت	ایک وہ سلطان عالی مرتبا	ایک یہ گلخن مین باحال تبا
آن یکے خلقے ز اکرامش خجل	وین دگر از بینوائی منفعل	ایک وہ بخشش سے خلق اسکی خجل	ایک یہ افلاس سے ہی منفعل
آن یکے سرور شدہ ز اہل زمان	وین دگر در خاکخواری بس نہان	ایک وہ ہے سرور اہل زمان	ایک یہ ہے گرد خواری مین نہان
بلبلان را جائے می زیبد چمن	مر جعل را در چمین خوشتر وطن	بلبلوں کو زیب بجائے چمن	آئے خوش کیڑون کو گوبر کا وطن
بازبان معنوی گل با جعل	این ہمی گوید کہ اے گندہ بغل	پھول کیڑون کو زبان حال سے	یہ کہے کہ اے نجاست کے بھرے
گر گریزانی ز گلشن بے گمان	ہست آن نفرت کمال گلستان	تو اگر گلشن سے بھاگے بیگمان	وہ تنفر ہے کمال گلستان

سلہ وہ حکیم الخ شعر اس حکیم نے کہا کہ مین نے دیکھا ہے جنگل مین ساتھ زاغ کے لک لک بھی حیران ہو کر ان کے حال کو ڈھونڈھا تا کہ انکی شرکت مجھے معلوم ہوئے جب کہ مین حیران انکے نزدیک گیا مین نے لنگڑا ان دونون کو ظاہر دیکھا آگے حقائق اس کے ہین خاص کر وہ شہباز کہ عرشی ہو ساتھ ایک الو کے جو فرشی ہو یعنی روح کا ساتھ نفس امارہ کے شریک ہونا اس پیرایہ مین مولانا فرماتے ہین ایک کہ خورشید علیین کا ہو ایک کیڑا گوبر کا ایک وہ کہ یوسف و عیسے نفس ہو ایک یہ کیڑا یا خر یا خرس ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ایک وہ کہ الخ شعر ایک وہ کہ کرتا ہے سیر لامکان کی ایک یہ گلخن پر باحال تباہ ہے ایک وہ کہ سلطان عالی مرتبہ ہے ایک یہ ہے کہ بخشش سے اس کی خلق خجل ہے ایک یہ کہ افلاس سے منفعل ہے ایک وہ کہ سردار ہے اہل زمانہ کا ایک یہ کہ گرد خواری مین پوشیدہ ہے چمن بلبلون کو زیب دیتا ہے اور کیڑون کو وطن گوبر کا خوش آتا ہے کیڑے کو زبان حال سے گل یہ کہے کہ اے نجاست کے بھرے اگر تو گلشن سے بیگمان بھاگے وہ تیرا تنفر کمال گلستان کا ہے یعنی نفس کو روح سے ملنا نقصان روح کا ہے اور نفس کا متنفر ہونا کمال روح ہے چنانچہ عارفون کا نفس ان کی روح سے بیزار رہتا ہے اور جس کا نفس روح سے خوش ہو جان لو کہ روح اسکی ناقص ہے باقی آیندہ حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

غیرت من بر سر تو دور باش	میزند کاے خس ازین رہ دور باش	میری غیرت مارے چوب دور باش	سر پہ تیرے کہ ہو دور اے بدمعاش
در بیامیزی تو بامن اے دنی	این گمان آید کہ از کان منی	اور اگر مجھ سے ملے تو آن کے	یہ گمان ہو کہ مرا ہم جنس ہے
گر درآمیزد زنقصان من است	زانکہ پندارند کہ زان من است	گر ملے تو مجھ سے ہے نقصان مرا	کیونکہ جانے ملک تو میرا ہوا
گر درآمیزد بمن آن زہرناک	موش و دریا باشد و ماہی و خاک	مجھ سے گر آکر ملے وہ زہرناک	موش و دریا ہووے اور مچھلی و خاک
حق مرا چون از پلیدی پاک داشت	چون سزد در من پلیدے را گماشت	پاک حق نے جو پلیدی سے کیا	پس پلیدی کیسی مجھ پر ہو روا
یک رگم زایشان بد و آن را برید	در من آن بد رگ کجا خواہد رسید	مجھ مین اک رگ انکی تھی وہ کاٹ دی	کیسے بد رگ مجھ مین اب وہ آئیگی
یک نشان آدم آن بود از ازل	کہ ملایک سر نہندش از محل	اک نشان آدم کا تھا وہ جان لے	کہ فرشتے سجدہ کرتے تھے اُسے
یک نشان دیگران کہ آن بلیس	ننہدش سر کہ منم شاہ و رئیس	اک نشان تھا اور وہ کہ وہ بلیس	نے کیا سجدہ کہ مین ہی ہون رئیس
پس اگر ابلیس ہم ساجد شدے	او نبودے آدم او غیرے بود	کرتا اگر ابلیس بھی سجدہ اُسے	وہ نہ آدم ہوتا ہوتا غیر سے
ہم سجود ہر ملک میزان اوست	ہم جحود آن عدو برہان اوست	اُسکے ہر سجدہ ملک میزان ہے	اُسکی انکار عدو برہان ہے
ہم گواہ اوست اقرار ملک	ہم گواہ اوست کفران سگک	ہم گواہ اُسکا ہے اقرار ملک	ہم گواہ اُسکا ہی اُس کافر کا شک
این سخن پایان ندارد باز گرد	تا چہ کرد آن خرس با آن شیر مرد	لوٹ تو بے انتہا یہ بات ہے	کیا کیا پھر مرد سے اُس ریچھ نے

تتمہ قصۂ آن مرد مغرور بے وفاے خرس — باقی قصہ اُس مرد کا مغرور اور بیوفا ریچھ کے تھا

شخص خفت و خرس میراندش مگس	وز ستیز آمد مگس زو باز پس	مرد سویا ریچھ جھلتا مکھیان	ضد سے مکھی بار بار آتی وہان
چند بارش راند از روے جوان	آن مگس پس باز می آید دوان	چند بار اُسکو اُڑایا ریچھ نے	پھر وہ منھ پر آکے بیٹھی مرد کے

سلہ میری غیرت الخ ۲ شعر میری غیرت چوب دور باش مارے تیرے سر پر کہ اے بدمعاش تو دور رہو اور اگر تو مجھ سے آن کر ملے یہ گمان ہو کہ میرا ہم جنس ہے اگر مجھ سے آن کر ملے نقصان ہے کیونکہ جانے تو کہ میرا ملک ہوا گر مجھ سے ملے وہ زہرناک موش و دریا ہووے اور مچھلی و خاک حق نے پاک جو پلیدی سے کیا پس پلیدی مجھ پر کیسے روا ہو مجھ مین اک رگ اُن کی تھی وہ کاٹ ڈالی بد رگ اب کیسے مجھ مین آملے گی یعنے روح کہتی ہے کہ اگر نفس مجھ سے آکے ملے اُسکو نقصان ہے جیسے موش کو آب مین اور مچھلی کو خاک مین اور جو مجھ مین اشتراک نفس سے ایک رگ پلیدی دنیا کی تھی وہ مین نے کاٹ ڈالی کہ تا مجھ مین نہ آسکے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ اک نشان الخ ۲ شعر اک نشان وہ آدم کا تھا تو جان لے کہ فرشتے اُسے سجدہ کرتے تھے ایک نشان اور وہ تھا کہ ابلیس نے سجدہ نہ کیا کہ مین خود رئیس ہون یعنی آدم مین ایک نشان عقل کا تھا کہ اُس جنسیت سے فرشتون نے اُنھین سجدہ کیا اور دوسرا نشان یہ کہ خودی نہ رکھتے تھے کہ اس سبب شیطان متنفر ہوا اگر ابلیس بھی سجدہ کرتا آدم نہ ہوتا غیر سے ہوتا ہر ایک سجدہ ملک میزان اُسکی ہے انکار عدو برہان اُس کی ہے اقرار ملک کا بھی گواہ اُسکا ہے اور رشک کا بھی گواہ اسکا ہے تو لوٹ یہ باب بے انتہا ہے کہہ کہ کیا کیا اُس مرد سے ریچھ نے یعنی جس طرح روح مین جنسیت نفس امارہ کی ہے نفس اُس سے رغبت رکھتا ہے اور جس مین نہین ہے نفس اُس سے بیزار ہے پس غیر مرد کا ریچھ سے ملنا خالی جنسیت سے نہین چنانچہ باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ مرد سویا الخ ۲ شعر شیر مرد سویا اور ریچھ مکھیان جھلتا تھا اور ضد سے مکھی بار بار آتی تھی ریچھ نے چند بار اُسکو اُڑایا پھر وہ منھ پر مرد کے آکر بیٹھی ریچھ بھی غصہ ہو کر گیا اور کوہ پر سے ایک پتھر اُٹھا کر لایا پس مکھی وہان بیٹھی تھی مکھی کہ منھ پر اُس خفتہ کے مکان رکھتی ہے اُس پتھر کو مکھی پر اُٹھا کر مارا کہ مکھی اُسمین فنا ہو پتھر نے منھ کو پارہ پارہ کر دیا اُس مثل کو عالم مین مشہور کیا یعنی دوستی احمق کی وبال جان ہے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲

خشمگین شد با مگس خرس و برفت / برگرفت از کوه سنگی سخت زفت
سنگ آورد و مگس را دید باز / بر رخ خفته گرفته جای ساز
برگرفت آن آسیا سنگ و بزد / بر مگس تا آن مگس واپس خزد
سنگ روی خفته را خشخاش کرد / وین مثل بر جمله عالم فاش کرد
مہر ابلہ مہر خرس آمد یقین / کین او مہرست و مہر اوست کین
عہد او سستست و ویران و ضعیف / گفت او زفت و وفای او نحیف
گر خورد سوگند ہم باور مکن / بشکند سوگند مرد کژ سخن
چونکہ بے سوگند گفتش بد دروغ / تو میفت از مکر سوگندش بدوغ
نفس او میرست و عقل او اسیر / صد ہزاران مصحفش خود خوردہ گیر
چونکہ بے سوگند پیمان بشکند / گر خورد سوگند او بدتر کند
زانکہ نفس آشفتہ تر گردد ازان / کہ کنی بندش بہ زنجیر گران
چون اسیری بند بر حاکم نہد / حاکم آن را بر درد بیرون جہد
بر سرش کوبد ز خشم آن بند را / میزند بر روے او سوگند را
تو ز اوفوا بالعقود ش دست شو / احفظوا ایمانکم با او مگو
ہر کہ او گوید بہ نزد ما دروغ / در نگیرد گفت سوگندش فروغ
وانکہ داند عہد ہا کہ می کند / تن کند چون تار و گرد او تند

غصہ ہو کر ریچھ مکھی پر گیا / کوہ پر سے لایا پتھر وہ اٹھا
لایا پتھر دیکھی مکھی پھر وہان / منھ پر اس خفتہ کے رہتی ہی مکان
مارا اس پتھر کو مکھی پر اٹھا / تاکہ مکھی اسکے اندر ہو فنا
پارہ پارہ منھ کو پتھر نے کیا / اس مثل کو فاش عالم پے کیا
مہر ابلہ مہر ریچھ اک ہے یقین / کینہ اسکا مہر و مہر اسکی ہی کین
عہد اس کا سست ہے اور بس ضعیف / ہے قوی قول اور وفا اسکی نحیف
گر قسم کھائے تو مت کر اعتبار / لاف گو توڑے قسم کو ایک بار
بے قسم اس نے کہا جو جھوٹ تھا / تو قسم سن کر نہ سر پہ بلا
نفس اسکا حاکم عقل اسکی اسیر / سیکڑون قرآن وہ کھالے ہی شریر
بے قسم کھائے وہ پیمان توڑ دے / گر قسم کھائے تو وہ بدتر کرے
کیونکہ نفس اس سے زیادہ ہو خفا / بند بھاری مین اسے رکھے پھنسا
جیسے قیدی قید حاکم پر رکھے / حاکم اسکو توڑے اور جلدی چھٹے
سر پہ مارے خشم سے اس بند کو / مارے منھ پہ اسکے وہ سوگند کو
ہاتھ اوفوا بالعقود سے تو دھو / احفظوا ایمانکم کو مت کہو
جو وہ کہتا ہے مین جانون ہو دروغ / کس طرح اسکی قسم پائے فروغ
جانے وہ کہ عہد کرتا کس سے ہے / تار سا تن کو کرے اس پر تنے

ف محبت احمق کی محبت ریچھ کی ہے اور کینہ اس کا محبت اور محبت اس کی کینہ ہے اقرار اس کا سست وضعیف ہے قول قوی اور وفا اس کی نحیف ہے اگر وہ قسم کھائے تو اس کا اعتبار نہ کر خلاف کر قسم کو ایک بار توڑے بے قسم اس نے جو جھوٹ کہا تھا تو مکرر قسم سے بلا مین مت پڑ کیونکہ نفس اس کا حاکم اور عقل اس کی اسیر ہے سیکڑون قرآن سر پہ اٹھاتا ہے بغیر قسم کھائے کے وہ پیمان توڑتا ہے اگر قسم کھائے تو بدتر کرتا ہے کیونکہ اس سے زیادہ خفا ہووے اور بھاری قید مین اسے پھانسے یعنے احمق کا فعل ریچھ کا ہے کہ جو عہد کرتا ہے توڑتا ہے کیونکہ اس کا نفس طالب ہے اگر قسم کھا کر بدعہدی کرے تو اور سوا برا کرے پس بدعہد کی قسم کا کیا اعتبار ہے اگر قسم کھا کر وہ عہد کرے تو نفس اس کو زیادہ قید مین پھنسائے چنانچہ اس کی مثال آگے ہے فافہم ۱۲ ف جیسے الخ ۵ شعر جیسے ایک قیدی حاکم پر قید رکھے اور حاکم اس قید کو جلد توڑ ڈالے اور اس قید کو اس کے سر پر مارے اسی طرح اسی طرح نفس اس قسم کو اس کے منھ پر مارے اور کہے کہ چھوڑ اوفوا بالعقود کو یعنی وفا کرو تم عہد کی اور مت کہو احفظوا ایمانکم کو یعنی نگاہ رکھو تم قسمون کو اپنی جو وہ احمق کہتا ہے مین دروغ جانتا ہون اسکی قسم پھر کس طرح فروغ پائے پس یہ بات وہ شخص جانتا ہے کہ عہد کس سے کرتا ہے اور تار کے مانند اپنا جسم اس پر تنتا ہے یعنے عارف کو چاہیئے کہ جو مرشد سے عہد کرے تو اس سے ایفاے عہد مین کوشش کرے اور خود کو ریاضت سے مانند تار کے کرے ولیکن بدعہدی نہ کرے کہ آفت و وبال اس کا نہ آئے جیسے ایک اصحاب نبی بسبب گستاخی کے آفت بیماری مین پڑا اور حضور نے اسکی عیادت کو جا کر اس بلا سے نجات دی چنانچہ وہ قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین۔

رفتن رسول خدا بعیادت صحابی رنجور وفائدهٔ آن

جانا حضرت رسول خدا صلعم کا واسطے عیادت بیمار صحابی کے اور فائدہ اُس کا

از صحابه خواجهٔ بیمار شد　　واندران بیماری او چون تار شد

مصطفی آمد عیادت سوی او　　چون همه لطف و کرم بد خوی او

در عیادت رفتن تو فائده است　　فائده آن باز با تو عائده است

فائده اول که آن شخص علیل　　بو که قطبی باشد و شاه جلیل

چون ترا چشم دل نداری ای عنود　　که نمیدانی تو هیزم را ز عود

چونکه گنجی هست در عالم مرنج　　هیچ ویران را مدان خالی ز گنج

قصد هر درویش میکن از گزاف　　چون نشان یابی بجد میکن طواف

چون ترا آن چشم باطن بین نبود　　گنج می پندار اندر هر وجود

ور نباشد قطب یار ره بود　　شه نباشد فارس اسپه بود

پس صلهٔ یاران ره لازم شمار　　هر که باشد گر پیاده در سوار

ور عدو باشد همین احسان نکوست　　که باحسان بس عدو گشتست دوست

ور نگردد دوست کینش کم شود　　زانکه احسان کینه را مرهم شود

بس فوائد هست غیر این ولیک　　از درازی خائفم ای یار نیک

حاصل این آمد که یار جمع باش　　همچو بتگر از حجر یاری تراش

اک ہوئے بیمار اصحاب نبی رضی　　تن ہوا مانند تار اُن کا سبھی

مصطفیٰ صلعم اُنکی عیادت کو گئے　　جو کہ تھا لطف و کرم عادت سے

پس عیادت مین ہی تجکو فائدہ　　فائدہ تجھپر پھرے ہے قاعدہ

فائدہ اول کہ وہ شخص علیل　　ہووے شاید قطب اور شاہ جلیل

جو نہین تو چشم باطن کور رکھے　　کہ نہین جانے تو لکڑی عود سے

گنج ہے عالم مین کچھ مت کر تو رنج　　رکھتا ہی ہر ایک پس ویرانہ گنج

ڈھونڈھ ہر درویش کو تو جا بجا　　جب پتا پائے تو کوشش کر کے جا

چشم باطن مین نہین ہی جو تجھے　　جان تو ہر جسم مین اک گنج ہے

گر نہ ہووے قطب وہ کا یار ہووے　　شہ نہووے گر تو شہ اسوار ہو

سالکان راہ سے تیار رہو　　کوئی ہو پیادہ ہو یا اسوار ہو

گر ہو دشمن بھی تو یہ احسان کر　　دوست ہو احسان سے دشمن بتر

گر نہووے دوست تو کینہ ہو کم　　کیونکہ احسان کینہ کا مرہم اتم

فائدے اسکے سوا ازبس ہین لیک　　طول سے ڈرتا ہون ہی یار نیک

ہے یہ حاصل جمع کا ہو یار باش　　مثل بت گر یار پتھر سے تراش

ف۱ اک ہوئے الخ شعر ایک اصحاب نبی بیمار ہوئے اور اُن کا بدن مثل تار کے ہوا مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اُنکی عیادت کو گئے جو کہ لطف و کرم عادت سے تھا آگے اسکے حقائق ہین تجکو عیادت مین بہت فائدہ ہے اور فائدہ تجھپر پھرے یہ قاعدہ ہے فائدہ اول یہ ہی کہ وہ شخص بیمار شاید قطب بزرگ ہو تو چشم باطن جو نہین رکھتا ہے کہ لکڑی کو عود سے نہین جانتا ہے کیونکہ گنج عالم مین ہے اور تو رنج مت کر کہ ہر ایک ویرانہ گنج رکھتا ہے تو ڈھونڈھ ہر ایک درویش کو جا بجا اور کوشش کر کے جا جب تو پتا پائے جو تجھے چشم باطن مین نہین ہی ہر جسم مین تو ایک گنج جان یعنی اولیاء اللہ جسم انسانون مین پوشیدہ ہین پس تو ہر فرد بشر پر گمان اولیا کا رکھ کہ تا تجھے اولیاء اللہ سے ورنہ بسبب غفلت و بے تعظیمی کے مواخذہ گستاخی مین تو پڑے پس بہر کیف ساتھ ہر ایک کے یہ تواضع و مدارات مین آگہ نفع ہے چنانچہ باقی اسکا حال آگے ہے فافہم ف۲ گر نہ ہووے الخ شعر اگر قطب نہ ہووے راہ کا یار ہووے اگر شاہ نہووے شاہ کا پیادہ ہووے سالکان راہ سے تو ملتا رہ کوئی ہو سوار یا پیادہ ہو یعنی تو ہر ایک سے ملتا رہ خواہ وہ کامل ہو یا ناقص ہو اگر دشمن بھی ہووے تو اس سے بھی یہ احسان کر کہ وہ دوست ہووے احسان سے اگر دوست نہ ہووے تو کینہ کم ہو کیونکہ احسان مرہم ہے کینہ کا اور فائدے اس سے ازبس سوا ہین لیکن مین ڈرتا ہون طول سے حاصل یہ ہے کہ تو مجمع کا یار رہ اور بت گر کے مانند پتھر کے یار تراش کیونکہ جرگہ اور انبوہ قافلہ رہزنون کو بھگاتا ہے راہ سے یعنے تو مرشد کو اختیار کر کہ عوائق نفسانی و خطرات سے بچے رہو کیونکہ صحبت اولیاء صحبت حق ہے چنانچہ اس صحبت کا حال آگے قصہ موسیٰ مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ –

زانکہ انبوہ است و جمع کاروان	رہزنان را بشکنند پشت سنان	کیونکہ جرگہ اور ہجوم کاروان	رہزنون کو کرتا ہی بس بے نشان

وحی کردن حقتعالے بموسیٰ کہ چرا بعیادت من نیامدی

وحی بھیجنا حقتعالے کا موسیٰ پر کہ کسواسطے ہماری عیادت کو نہین آیا

آمد از حق سوے موسیٰ این عتیب	کاے طلوع ماہ دیدہ نور جیب	سوئے موسیٰ حق سے یہ آیا عتیب	ای طلوع ماہ دیکھا نور جیب
مشرقت کردم ز نور ایزدی	من حقم رنجور گشتم نامدی	نور یزدان سے تجھے مشرق کیا	تو نہ آیا مین خدا بیمار تھا
گفت سبحانا تو پاکی از زیان	این چہ رمزست این بکن یارب بیان	بولا اے حق تو زیان سے پاک ہے	رمز کیا ہی تو کہدے اب مجھے
باز فرمودش کہ در رنجوریم	چون نپرسیدی تو از روے کرم	پھر کہا کہ مین ہوا بیمار تھا	پوچھنا میرا نہ کیون تو نے کیا
گفت یارب نیست نقصانے ترا	عقل گم شد این گرہ را بر کشا	بولا یارب تجکو کب نقصان ہے	عقل گم ہے بھید اسکا کھولدے
گفت آرے بندۂ خاص گزین	گشت رنجور او منم نیکش ببین	بولا سچ ہے خاص بندہ اک مرا	ہوگیا بیمار وہ مین ہی تو تھا
ہست معذوریش معذوری من	ہست رنجوریش رنجوری من	اُسکی معذوری ہے معذوری مری	اُسکی رنجوری ہی رنجوری مری
ہر کہ خواہد ہم نشینی با خدا	او نشیند در حضور اولیا	ہمنشینی چاہے جو اللہ سے	اولیا کی وہ حضوری مین رہے
از حضور اولیا گر بگسلے	تو ہلاکی زانکہ جزوی نے کلی	گر نہ ہو تو اولیا کا ہمنشین	تو مٹے گا کیونکہ جزو ہے کل نہین
ہر کرا دیو از کریمان وا برد	بے کشش یابد سرش او ا برد	دیو لیجائے کریمون سے جسے	بیکس اُسکو پائے اور جان اُسکی لے
یک بدست از جمع رفتن یک زمان	مکر شیطان باشد این نیکو بدان	جانا اک بالشت جرگہ سے اک آن	مکر شیطان اُسکو ہوے خوب جان

جدا کردن باغبان صوفی و فقیہ و علوی را از ہم

جدا کرنا باغبان کا صوفی و فقیہ و شریف کو آپس سے

باغبانے چون نظر در باغ کرد	دید چون دزدان بباغ خود سہ مرد	باغبان نے باغ مین جو کی نظر	دیکھے اُسنے تین چور اُس جاے پر

سلہ سوے موسیٰ الخ شعر موسیٰ کی جانب حق کی طرف سے یہ عتاب آیا کہ اے طلوع ماہ تو نے نور جیب سے دیکھا نور حق نے تجکو مشرق کیا مین خدا بیمار تھا
تو بیمار پرسی کو بیے نہ آیا موسیٰ نے کہا کہ اے خدا تو زیان سے پاک ہے اس مین کیا رمز ہے تو مجھ سے کہدے پھر حق تعالے نے کہا مین بیمار ہوا تھا تو میرے
پوچھنے کو کیون نہین آیا کہا یارب کب تجکو نقصان ہے عقل میری گم ہے اس کا بھید کھول دے حق نے کہا یہ سچ ہے میرا ایک خاص بندہ بیمار ہوگیا
وہ مین ہی تو تھا اُسکی معذوری میری معذوری ہے اُسکی رنجوری میری رنجوری ہے یعنی خاصان حق حق ہین چنانچہ اس کے حقائق آگے بیان
فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ ہمنشینی الخ ہ شعر جو کوئی ہمنشینی چاہے اللہ سے وہ اولیا کی حضوری مین رہے اگر تو اولیا کا ہمنشین نہ ہو تو ہلاک ہو کیونکہ تو
جزو ہے کل نہین ہے یعنی تو ابھی قطرہ ہے اور اپنے دریا مین واصل نہین ہوا ہے پس دیو جسکو کریمون یعنی مرشد سے لے جائے اُس کو بے کس ناچار
پائے اور اُس کی جان لے اور ایک بالشت جرگہ سے جانا ایک ساعت وہ مکر شیطان ہے تو خوب جان لے یعنی حضوری مرشد سے دم بھر
علیحدہ ہونا شیطان کا فریب جان کہ وہ تجکو بلا مین پھانسے گا پس اس حضوری مرشد سے مراد حضوری ظاہر و یا حضوری باطن ہے کہ بعیت مرشد
شیطان کو نہین چھوڑتی اور جو کوئی مرشد سے ظاہر و باطن علیحدہ ہوا اسکو دیو نے بلا مین پھانسا جیسے ایک باغبان نے تین چورونکو مارا چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین
بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ باغبان الخ ہ شعر باغ مین جو ایک باغبان نے نظر کی تین چور اُس نے ایک جا دیکھے ایک صوفی اور ایک فقیہ و ایک شریف اور ہر ایک
شوخ اور فضول و خفیف کہا کہ ان سب سے مجکو سو حجت ہے لیکن جمع ہین اور جمع رحمت ہے کیونکہ اب مین ان تینون پر غالب آؤن پہلے ایک ایک نفر کو جدا
کردون جبکہ تنہائی ہو تو اُسکو سزا دون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

یک فقیه و یک شریف و صوفیے ‏ ‏ هر یکے شوخے فضولے یوخیے
گفت با اینها مرا صد حجت است ‏ ‏ لیک جمع اندر جماعت رحمت است
بر نیایم یک تنه با سه نفر ‏ ‏ پس ببرم شان نخست از یکدگر
هر یکے را من بسوئے افگنم ‏ ‏ چونکه تنها شان کنم سر بر کنم
ا حیله کرد و کرد صوفی را براه ‏ ‏ تا کند یارانش را با او تباه
گفت صوفی را برو سوئے وثاق ‏ ‏ یک گلیم آور برائے این رفاق
رفت صوفی گفت خلوت با دو یار ‏ ‏ تو فقیهی وین شریف نامدار
ما بفتوائے تو نانے می خوریم ‏ ‏ ما به پرّ دانش تو می پریم
وین دگر شهزادهٔ و سلطان ماست ‏ ‏ سید است از خاندان مصطفٰی است
کیست آن صوفی شکم خوار خسیس ‏ ‏ تا بود با چون شما شاهان جلیس
چون بیاید مر ورا پنبه کنید ‏ ‏ هفته‌ بر باغ و راغ من تنید
باغ چه بود جان من آن شماست ‏ ‏ اے شما بوده مرا چون چشم راست
وسوسه کرد و مر ایشان را فریفت ‏ ‏ آه کز یاران نمی باید شکیفت
چون بره کردند صوفی را و رفت ‏ ‏ خصم شد اندر پیش با چوب زفت
گفت اے سگ صوفیئی کو از ستیز ‏ ‏ اندر آید باغ مردم تیز تیز
این جنیدت ره نمود و بایزید ‏ ‏ از کدامے شیخ و پیرت این رسید
کوفت صوفی را چو تنها یافتش ‏ ‏ نیم کشتش کرد و سر بشکافتش
گفت صوفی آن من بگذشت لیک ‏ ‏ اے رفیقان پاس خود دارید نیک
مر مرا اغیار دانستید هان ‏ ‏ نیستم اغیار تر زین قلتبان

ایک صوفی ایک فقیہ اور اک شریف ‏ ‏ تھا ہر اک شوخ و فضول و بس خفیف
بولا اُن سب سے ہے سو حجت مجھے ‏ ‏ پر ہین جب جمع جمع رحمت آئی ہے
کیونکہ اک مین آؤن غالب تین پر ‏ ‏ پہلے کردون مین جدا اک اک نفر
مین ہر اک کو ہر طرف بھیجون جدا ‏ ‏ جبکہ تنہا ہو تو اُسکو دون سزا
حیلہ کرکے بھیجا صوفی کو براہ ‏ ‏ تا کرے یارونکو ساتھ اُسکے تباہ
بولا صوفی کو کہ جا چوپال سے ‏ ‏ لا تو کمل ان رفیقون کے لیے
جو گیا صوفی کہا دو یار سے ‏ ‏ تو فقیہ اور یہ شریف اک مرد ہے
ہم تیرے فتوے سے روٹی کھاتے ہین ‏ ‏ عقل کے پر سے تیرے ہم اُڑتے ہین
دوسرا شہزادہ و سلطان مرا ‏ ‏ اور سید خاندان مصطفٰی
کون وہ صوفی ہے خوار اک بھیک منگا ‏ ‏ تا کہ ساتھی ہووے تم سے شاہ کا
جو وہ آئے اُسکے تم حامی نہ ہو ‏ ‏ ایک ہفتہ باغ مین میرے رہو
باغ کیا یہ جان تمہاری ملک ہے ‏ ‏ تم مجھے ہو مثل سیدھی آنکھ کے
۲ دھوکا دیکر اُن کو مائل کرلیا ‏ ‏ آہ یارون سے نہو تو بس جدا
بھیجا صوفی کو جو وان اور وہ گیا ‏ ‏ باغبان لے سونٹا پیچھے سے چلا
بولا اے سگ تو نہ صوفی ظلم سے ‏ ‏ باغ مین لوگون کے آئے کس لیے
یہ جنید و بایزید پیر نے ‏ ‏ رہ بتائی یا ملی کس پیر سے
مارا صوفی کو جو وہ تنہا ملا ‏ ‏ توڑا سر اور کردیا بس ادھ مرا
بولا صوفی وقت گذرا میرا لیک ‏ ‏ اے رفیقو تم رکھو اپنی خبر
جانا اک اغیار تم نے اب مجھے ‏ ‏ مین نہین ہون غیر تر اس مرد سے

ا۔ حیلہ کرکے الخ، شعر صوفی کو حیلہ کرکے راہ پر بھیجا تاکہ یارون کو اُس کے ساتھ تباہ کرے صوفی سے کہا کہ جا چوپال مین سے کمل تو لا ان رفیقون کے لیئے جب کہ صوفی گیا دونون یار رہے تو فقیہ سے کہا کہ تو مرد شریف ہے ہم تیرے فتوے سے روٹی کھاتے ہین اور تیری عقل کے پر سے ہم اُڑتے ہین دوسرا شہزادہ اور سلطان میرا ہے اور سید خاندان مصطفٰی صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم ہے صوفی کون ہے ایک خوار بھک منگا جلیس وہ تم سے شاہ کا ہووے اگر وہ آئے تم اسکے حامی مت ہو اور ایک ہفتہ باغ مین میرے تم رہو باغ کیا چیز ہے یہ جان تمہاری ملک ہے تم مجکو مانند سیدھی آنکھ کے بھاگئے باقی اس کا حال مولانا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۲۔ دھوکا الخ، شعر اُن کو دھوکا دے کر اپنا مائل کرلیا افسوس کہ تو اپنے یارون سے جدا نہ ہو جو وہان صوفی کو بھیجا اور وہ گیا تو باغبان سونٹا لے کر پیچھے سے چلا اور کہا کہ اے سگ تو صوفی نہین ہے ظلم سے باغ مین لوگون کے آتا ہے یہ جنید اور بایزید سے تجھکو راہ ملی جبکہ وہ تنہا ملا تو صوفی کو مارا اور سر توڑا اور ادھ مرا کردیا صوفی نے کہا میرا تو وقت گذرا لیکن اے رفیقو تم اپنی خبر رکھو تم نے مجھکو ایک اغیار جانا مین اس مرد سے اغیار سوا نہین ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

انچہ خوردم من شمارا خوردنی است — ہم چنین ضربت سزاے ہر دنی است

رفت بر من بر شما ہم رفتنی است — انچنین غصہ شمارا خوردنی است

این جہان کوہست گفت و گوے تو — از صدا ہم باز آید سوے تو

چون ز صوفی گشت فارغ باغبان — یک بہانہ کرد زان پس جنس آن

کاے شریف من برو سوے وثاق — کز بہر چاشت پختستم رقاق

بر در خانہ بگو قیماز را — تا بیارد آن رقاق وقاز را

چون برہ کردش بگفت اے مرد دین — تو فقیہے ظاہر است این و یقین

او شریفی میکند دعوے سرد — مادر او را کہ داند تا چہ کرد

بر زن و بر فعل زن دل می نہید — عقل ناقص وانگہانی اعتمید

خویشتن را بر علیؓ و بر نبیؐ — بستہ است اندر زمانہ ہر غبی

ہر کہ باشد از زنا و ز زانیان — این برد ظن در حق ربانیان

ہر کہ برگردد سرش از چرخہا — ہمچو خود گردندہ بیند خانہ را

انچہ گفت آن باغبان بوالفضول — حال او بد دور از اولاد رسولؐ

گر نبودے او نتیجہ مرتدان — کے چنین گفتے براے خاندان

خواند افسونہا شنید آن ز فقیہ — در پیش رفت آن ستمگار سفیہ

میں[1] نے جو کھایا تمہیں کھانا پڑا — ایسا اٹھنا ہے کمینے کی سزا

مجھ پہ گزرا اب گزرنا تم پہ ہے — ایسا غصہ اب تمہیں کھانا پڑے

یہ جہان ہے کوہ تیری گفتگو — جون صدا پھر کے آئے تیرے سو

جو ہوا صوفی سے فارغ باغبان — پھر بہانہ اک کیا دونوں سے وان

اے[2] شریف اب جا طرف چوپال کے — روٹی پکی ہے تمھارے واسطے

در پہ جا نوکر سے میرے تم کہو — تاکہ وہ لادیوے روٹی گوشت کو

جو گیا وہ تب کہا اے مرد دین — ہے تو عالم یہ ہے ظاہر اور یقین

ہے شریفی کے یہ لائق مدعی — اسکی ماں کا فعل کیا جانے کوئی

عورتوں کے فعل پہ تجکو یقین — عقل ناقص اعتماد اسپر کہین

خود کو اولاد علیؓ آل نبیؐ — ہر زمانے مین ہی جانے ہر غبی

جو کہ زانی اور زنا سے ہوتا ہے — یہ گمان ربانیون پر کرتا ہے

جیسے[3] چرخی پر کسی کا سر پھرے — اسطرح سے اسکا سارا گھر پھرے

باغبان نے جو کہا از رہ فضول — حال وہ اسکا تھا نے آل رسول

گر نہ ہوتا وہ نتیجہ مرتدان — ایسا کب کہتا وہ بہر خاندان

بس فقیہ نے وہ فسون اسکا سنا — وہ ستمگر اس کے پیچھے وان گیا

[1] میں نے الخ یہ شعر مین نے جو کھایا ہے اب تمہیں کھانا پڑا ایسی مار کھانا کمینہ کی سزا ہے مجھپر جو گزرا ہے تم پر گزرنا ہے ایسا غصہ اب تم کو کھانا پڑے گا آگے اسکے حقائق ہین یہ جہان کوہ ہے اور تیری گفتگو مانند صدا کے پھر کر تیری جانب آتی ہے یعنی جو دوسرے پر کریگا وہی اس پر لوٹ کر آئیگا بقول استاد چاہ کن را چاہ در پیش جبکہ باغبان صوفی سے فارغ ہوا پھران دونون سے وہان بہانہ کیا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ [2] اے شریف الخ یہ شعر اے شریف چوپال کی طرف جاکر روٹی تمھارے کھانے کے لیے پکی ہے تو میرے دروازے پر جاکر تو کہہ کہ وہ گوشت روٹی لادے جبکہ وہ گیا تب کہا اے مرد دین تو فقیہ ظاہر ہے اور یہ مدعی شریفی کے لائق نہین ہے اسکی مان کا فعل کوئی کیا جانے عورتون کے فعل پر تجکو یقین ہے عقل ناقص اعتماد اس پر کہین کرتی ہے خود کو اولاد علیؓ و آل نبیؐ پر زمانہ مین جانتا ہے ہر ایک غبی آگے حقائق ہین جو کوئی زانی اور زنا سے ہوتا ہے یہ گمان بد ربانیون پر کرتا ہے یعنی جو شخص حرامی بچہ ہوتا ہے اہل سادات کی نسبت یہ گمان بد کرتا ہے جیسے اس باغبان نے یہ نسبت اس شریف کے تیرہ دلی سے کیا عیاذاً باللہ آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ [3] جیسے چرخی الخ یہ شعر جیسے کسی کا چرخے پر سر پھرے اپنے مانند گھر اسے پھرتا ہوا دیکھے باغبان نے جو از راہ فضول کے کیا وہ اس کا حال تھا آل رسول اللہ کا نہ تھا اگر وہ نتیجہ مرتدون کا نہ ہوتا ایسا کب کہتا یہ نسبت خاندان نبوی کے پس فقیہ نے وہ اس کا فسون سنا اور ستمگر وہان اس کے پیچھے گیا اور کہا اے خر یہان کون تجکو لایا چوری پیغمبر کی کیا میراث ہے شیر کا بچہ شیر کی ہمشکل ہوتا ہے تو پیغمبر سے کیا شباہت رکھتا ہے سید کے ساتھ اس نے وہ حرکت کی کہ آل محمد صلے اللہ علیہ وسلم کے ساتھ جو خارجی کرتے ہین یعنی آل نبی سے اس باغبان نے دنیا کے واسطے گستاخی کی جیسے خارجی کرتے ہین پس عارف کو چاہیے کہ جو خود کو سید کہے بلا تحقیق اسکا ادب و تعظیم کرے کہ در اصل وہ تعظیم جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے اگر جو شخص آسودگی دنیا کے سبب سے سادات کرام کو حقیر دیکھے گا بلا شک اس کی دنیاداری خراب و برباد ہوجائے گی چنانچہ حقائق اس کے آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲—

گفت ای خر اندرین باغت که خواند / وزدی از پیغمبرت میراث ماند
شیر را بچه همی ماند بدو / تو به پیغمبر چه می مانی بگو
با شریف آن کرد آن دون زجی / که کند با آل یسین خارجی
تا چه کین دارند دیو و غول / چون یزید و شمر با آل رسول
شد شریف از زخم آن ظالم خراب / با فقیه او گفت با چشم پر آب
پا بدار اکنون که گشتی فرد و کم / چون دهل شو زخم میخور بر شکم
گر شریف و لائق همدم نیم / از چنین ظالم ترا من کم نیم
مر مرا دادی بدین صاحب غرض / احمقی کردی ترا بئس العوض
شد ازو فارغ بیامد کای فقیه / چه فقیهی ای تو ننگ هر سفیه
فتویت اینست ای بریده دست / کاندر آئی و نگوئی امر هست
بوحنیفه داد این فتوی ترا / شافعی گفتست این ای خر ترا
اینچنین رخصت بخواندی ای وسیط / یا بدست این مسئله اندر محیط
این بگفت و ست بر وی برکشاد / دست او کین دلش او داد داد
گفت حقست بزن دستت رسید / این سزای آنکه از یاران برید
من سزاوارم باین و صد چنین / تا چرا ببریدم از یاران بکین
گوش کردم آن همه افسوس تو / بر زنم بر سر که شد ناموس تو
زد ورا القصه بسیار و بخست / کرد بیرونش ز باغ و در به بست
هر که تنها ماند از یاران خود / اینچنین آید مر او را حمله بد

بولا ای خر کون یان لایا تجھے / چوری پیغمبر کی کیا میراث ہے
شیر کا بچہ مشابہ شیر کے / کیا پیمبر سے شباہت ہے تجھے
ساتھ سیّد کے وہ حرکت اسنے کی / آل احمد سے کرے جو خارجی
کسقدر[1] کینہ رکھے دیو پلید / آل احمد سے کہ چون شمر و یزید
زخم ظالم سے ہوا سیّد خراب / پس فقیہ سے بولا با چشم پر آب
کہ تو اب ٹھہر اور ہو تنہا ہوا / پیٹ کٹوا اپنا اب تو ڈھول سا
مین شریف و لائق ہمدم نہین / ایسے ظالم سے بچے مین کم نہین
جو دیا اہل غرض کو اب مجھے / احمقی کا بدعوض تجھ کو ملے
اس سے فارغ ہو کے آیا تو کہا / ای فقیہ تو ننگ ہر بدذات کا
ای کٹے ہاتھ اب ترا فتوی یہ ہی / کہ تو اندر آئے اور بے حکم کے
بوحنیفہؒ نے ہی یہ فتوی دیا / شافعیؒ نے کیا یہی تجھ سے کہا
یہ اجازت پائی ہے اندر وسیط / یا کہ ہی یہ مسئلہ اندر محیط ہے
یہ کہا[2] اور اسپہ چھوڑا ہاتھ کو / دل کے کینہ سے کہا شاباش ہو
بولا اب ہر ایک قدرت ہے تجھے / ہی سزا اسکی جو یارون سے چھٹے
مین ہون لائق اسکے اور بلکہ سوا / کیون ہوا یارون سے اپنے مین جدا
مکر و حیلہ سب ترا مین نے سنا / مار مجکو تا کہ دل خوش ہو ترا
مارا القصہ اسے بس خوب سا / باغ سے در بند کر خارج کیا
اپنے یارون سے کوئی تنہا رہے / اسکے اوپر ایسی مار آکر پڑے

[1] کس قدر الخ ۹ شعر کس قدر کینہ رکھتا ہے دیو پلید آل احمد صلی اللہ علیہ وسلم سے مانند شمر و یزید کے پس اس ظالم کے زخم سے جو سید خراب ہوا تو فقیہ سے کہا باچشم پر آب کہ تو اب ٹھہر اور ہو جو تو تنہا ہوا ہے پیٹ کٹوا اپنا مانند ڈھول کے مین شریف لائق ہمدمی کے نہین ہون اور ایسے ظالم سے مین تجھے کم نہین ہون جو تو نے اہل غرض کو مجھے دیا اس احمقی کا عوض تجھ کو ملے گا پس باغبان اس سے فارغ ہو کر آیا تو کہا کہ اے فقیہ تو ہر بدذات کا ننگ ہے اے دست بریدہ تیرا فتوی یہ ہے کہ تو بغیر اجازت لیے اندر آئے بوحنیفہؒ نے یہی فتوی دیا اور شافعی نے یہی تجھ سے کہا تو نے یہی اجازت پائی ہے وسیط مین یا کہ یہ مسئلہ ہے محیط مین یعنی وسیط محیط نام کتابون فقہ کا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] یہ کہا ۶ شعر یہ کہا اور اس پہ ہاتھ چھوڑا کینۂ دل سے اس سے شاباش کہا کہ اب تو مار مجھے قدرت ہے اور یہ اس کی سزا ہے کہ جو یارون سے جدا ہوا ہے مین اس کے لائق ہون بلکہ سوا کے کیون یارون سے اپنے مین جدا ہوا تیرا مکر و حیلہ مین نے سنا تو مجھ کو مار تاکہ تیرا دل خوش ہووے القصہ اس کو خوب مارا اور باغ سے نکال کر دروازہ بند کر دیا آگے حقائق ہین کہ جو کوئی اپنے یارون سے تنہا ہووے اس کے اوپر ایسی گذرے یعنی خود کو یاران طریقت سے علیحدہ نہ کر اور شریک حال رکھ کہ نفس و شیطان سے تجھے امان ہووے اس واسطے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم ہر ایک صحابۂ کرام کے شریک حال رنج و راحت مین رہتے تھے چنانچہ عبادت کا یہی نتیجہ ہے آگے حال اس کا بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

رجعت بہ قصہ مریض و عیادت پیغمبر علیہ السلام

پھرنا طرف قصہ مریض و عیادت حضرت پیغمبر علیہ السلام

این عیادت از برای این صلہ است / وین صلہ از صد محبت حاملہ است
چون عیادت رفت پیغمبر بدید / آن صحابی را کہ در نزعے رسید
چون شوی دور از حضور اولیا / در حقیقت گشتۂ دور از خدا
چون نتیجہ ہجر ہمراہان غم است / کے فراق روے شاہان زان کم است
سایۂ شاہان طلب ہر دم شتاب / تا شوی زان سایہ بہتر ز آفتاب
رو بجنب اندر پناہ مقبلے / بو کہ آزادت کند صاحبدلے
گر سفر داری بدین نیت برو / ور حضر باشد ازین غافل مشو
فاختہ سان روز و شب کوکو و کو / گنج پنہانی ز درویشی بجو
در بدر میگرد میرد کو بکو / جستجو کن جستجو کن جستجو
تا توانی ز اولیا رو بر متاب / جہد کن و اللہ اعلم بالصواب

ہے عیادت[۱] اُس صلے کیواسطے / سو محبت کو صلہ یہ رکھتا ہے
جب رسول حق عیادت کو گئے / اس صحابی کو جو دیکھا نزع سے
جو حضور اولیا سے تو ہو دور / در حقیقت جان خود کو حق سے دور
جو نتیجہ ہجر یارون کا ہے غم / کب فراق روئے شاہان اُس سے کم
سایۂ شہ کی طلب ہر دم رہے / تا ہو اُس سایہ مین بہتر شمس سے
جا تو رہ اندر پناہ مقبلے / تا کرے آزاد صاحبدل تجھے
گر سفر کو جائے اس نیت سے جا / اور حضر مین گر رہے غفلت نہ لا
رات[۲] دن جیون فاختہ کر کوہ کو / ڈھونڈھ درویشون سے مخفی گنج کو
در بدر پھرتا رہ اور کو بکو / جستجو کر جستجو کر جستجو
اولیا سے تو نہ پھر جبتک ہو تاب / سعی کر واللہ اعلم بالصواب

رفتن بایزید بسطامی بہ کعبہ و در راہ بخدمت بزرگے رسیدن و گفتن آن بزرگ کہ کعبہ منم

جانا بایزید بسطامی کا کعبہ کو اور پہونچنا خدمت مین ایک بزرگ کے راہ مین اور کہنا اُس بزرگ کا کہ مین کعبہ ہون

[۱] ہے عیادت الخ، شعر عیادت ہے اس صلہ کے واسطے اور یہ صلہ سو محبت رکھتا ہے یعنی اس عیادت سے غرض شریک حال رہنا ہے جب رسول حق عیادت کو گئے تو اس صحابی کو نزع مین دیکھا آگے حقائق ہین جو اولیا کی حضوری سے تو دور ہو حقیقت مین خود کو حق سے جدا جان لے جب کہ ہجر یارون کا نتیجہ غم ہے فراق روے شاہان اس سے کم ہے یعنی ظل پیر سے وہ نور تجھ کو حاصل ہو کہ آفتاب سے تو غالب ہوجائے تو پناہ مقبولون کی مین رہ تا صاحب دل تجھے آزاد کرے اگر سفر کو تو جائے تو اس نیت سے جا اور اگر حضر ہو تو غفلت مت لا یعنے ہمیشہ تو مرشد کی خدمت مین رہ اگر سفر کرے بہ نیت تلاش صاحب دل جا اور اگر حضوری مرشد مین رہے تو غافل مت رہ چنانچہ باقی حال اس کا مولانا آگے اس کے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [۲] رات دن الخ ۳ شعر رات دن مانند فاختہ کے کوکو کر اور ڈھونڈھ گنج پوشیدہ پھرتا رہ دربدر کو بکو جستجو کر جستجو جب تک تجھ کو طاقت ہے اولیا سے مت پھر اور سعی کر اللہ خوب جانتا ہے یعنی ہمیشہ تلاش اولیاء اللہ کی کرتا رہ کہ اُن کے پرتو سے ترقی مقامات سلوک وانکشاف اسرار و کشود عوارف ہو جیسے بایزید بسطامی رحمۃ اللہ علیہ نے تلاش اولیاء اللہ کی کی چنانچہ اُن کا قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

مرا طواف کن

سوے مکہ شیخ امت بایزید ‏— از براے حج و عمرہ می دوید
او بہر شہرے کہ رفتی از نخست ‏— او عزیزان را بکردی بازجست
گرد میگشتے کہ اندر شہر کیست ‏— کو برارکان بصیرت متکی است
گفت حق اندر سفر ہر جا روی ‏— باید اول طالب مردے شوی
قصد گنجے کن کہ این سود و زیان ‏— در تبع آید تو آن را فرع دان
ہر کہ کارد قصد گندم باشدش ‏— کاہ خود اندر تبع می آیدش
کہ بکاری بر نیاید گندمے ‏— مردمے جو مردمے جو مردمے
قصد کعبہ کن چو وقت حج بود ‏— چونکہ رفتی مکہ ہم دیدہ شود
قصد در معراج دید دوست بود ‏— در تبع عرش و ملائک ہم نمود
سید الاعمال بالنیات گفت ‏— نیت خیرت بسی گلہا شگفت
نیت مومن بود بہ از عمل ‏— ہمچنین فرمود سلطان ازل

میرا طواف کر

سوئے مکہ بایزید پیشوا ‏— واسطے حج اور عمرے کے چلا
پہونچتا جس شہر مین تو پہلے وہ ‏— دوستان حق کی کرتا جستجو
گشت کرتا کہ یہان پر کون ہے ‏— تکیہ ارکان بصیرت پر رکھے
حق نے فرمایا سفر جس جا کرو ‏— پہلے مرد حق کے تم طالب ہو
گنج کو تو ڈھونڈھ یہ سود و زیان ‏— اسمین شامل ہین تو اسکو فرع جان
کھیتی بوئے اور گندم اس سے لے ‏— گھانس شامل اسکے تجکو خود ملے
گھانس بوے گندم اس سے کب اُگے ‏— ڈھونڈھو مرد اور ڈھونڈھو مرد اور ڈھونڈھے
قصد کعبہ کر جو حج کا وقت ہے ‏— جبکہ جائے مفت مکہ دیکھ لے
قصد تھا معراج مین دیدار کا ‏— پر ملک اور عرش مفت انکو ملا
سید الاعمال بالنیات ہے ‏— خیر نیت سے تری بس گل کھلے
نیت مومن فزون اعمال سے ‏— یون ہی فرمایا شہ ابرار نے

حکایت پیر و مرید

خانۂ نو ساخت روزی نو مرید ‏— پیر آمد خانۂ او را بدید
اک مرید نو کا جو اک گھر بنا ‏— دیکھنے کو پیر اس گھر کے گیا

؎۱ سوے مکہ الخ ۵ شعر جانب مکہ کے بایزید پیشوا واسطے حج کرنے و عمرے کے چلا جس شہر مین وہ پہونچتا تو پہلے دوستان حق کی جستجو کرتا اور گشت کرتا کہ یہان پر کون ہے وہان پر کون ہے جو تکیہ ارکان بصیرت پر رکھتا ہے یعنے اس شہر کا صاحب خدمت باطنی کون ہے آگے اس کے حقائق مین حق تعالے نے فرمایا کہ جس جا تم سفر کرو اول مرد خدا کے طالب رہو یعنی یہ حکم حق تعالے نے اگلے صحیفون مین کہا ہے قرآن مین نہین تو گنج تو تلاش کر کہ یہ سود و زیان اس مین شامل ہے اور تو اس کو فرع جان لے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲ ؎۲ کھیتی بوئی الخ ۶ شعر کھیتی بوئی اور گندم اس سے لیے اور اس کے شامل گھانس خود تجھکو ملی اگر گھانس بوئے گندم اس سے کب اُگے مرد ڈھونڈھ اور مرد ڈھونڈھ اور مرد ڈھونڈھ قصد کعبہ کا کر اگر حج کا وقت ہے جب کہ جائے مکہ کو مفت دیکھے معراج مین قصد دیدار کا تھا لیکن فرشتے و عرش ان کو مفت دکھائی دیے ترجمہ سردار اعمالون کی نیت ہے بہتر اعمال سے اس طرح فرمایا ہے جناب رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے بموجب حدیث شریف **نیۃ المومن خیر من عملہ و عمل المنافق خیر من نیتہ** یعنے نیت مومن کی بہتر ہے عمل اس کے سے و عمل منافق کا بہتر ہے نیت اس کی سے یعنے انسان کام دنیا کا کرے ساتھ نیت خیر کے تو اس مین نفع دنیا ہو وہ مضر نہین ہے چنانچہ نیت کے معاملہ مین حکایت پیر و مرید کی آگے فرماتے ہین ۱۲ فافہم ؎۳ اک مرید الخ ۵ شعر ایک مرید نے گھر نیا بنایا اور پیر اس گھر کے دیکھنے کو گیا اس مرید سے شیخ نے پوچھا اور امتحان اس نیک مرد سے لیا کہ یہ روزن اس مین کیلئے رکھا ہے کہا نور آنے کو راستہ کیا پیر نے بیان کیا کہ وہ فرع ہے بیان کر تو نیاز تاکہ اس راہ سے تو بانگ نماز سنے اور نور مفت تجھکو ملے تجھ کو یہ چاہیے کہ نیت اس کی تو کرے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ —

گفت شیخ آن نو مرید خویش را — امتحان کرد آن نکو اندیش را
روزن از بہر چہ کردی ای رفیق — گفت تا نور اندر آید از طریق
گفت آن فرع ست این باید نیاز — تا از ین وشنوی بانگ نماز
نور خود اندر تبع می آیدت — نیت آن را کن کہ آن میبایدت
بایزید اندر سفر جستی بسی — تا بیابد خضر وقت خود کسی
دید پیرے با قدی ہمچون ہلال — بود در وے فر و گفتار رجال
دیدہ نابینا و دل چون آفتاب — ہمچو پیلے دیدہ ہندستان بخواب
چشم بستہ خفتہ بیند صد طرب — چون گشاید آن نہ بیند ای عجب
بس عجب در خواب روشن میشود — دل درون خواب روزن میشود
وانکہ بیدارست و بیند خواب خوش — عارفست او خاک او در دیدہ کش
بایزید او را چو از اقطاب یافت — مسکنت بنمود در خدمت شتافت
پیش او بنشست می پرسید حال — یافتش درویش ہم صاحب عیال
گفت عزم تو کجا اے بایزید — رخت غربت را کجا خواہی کشید
گفت قصد کعبہ دارم از ولہ — گفت ہین با خود چہ داری زاد رہ
گفت دارم از درم نقرہ دویست — نک ببستہ سخت بر گوشہ ردیست
گفت طوفی کن بگردم ہفت بار — وین نکوتر از طواف حج شمار
وان درمہا پیش من نہ ای جواد — دانکہ حج کردی و شد حاصل مراد
عمرہ کردی عمر باقی یافتی — صاف گشتی بر صفا بشتافتی

اس مرید نو سے پوچھا شیخ نے — اور لیا اک امتحان اس نیک سے
کہ یہ روزن کسلیے اسمین رکھا — بولا نور آنے کو اک رستہ کیا
بولا وہ ہی فرع یان کر تو نیاز — تا سنے اس رہ سے تو بانگ نماز
نور آئے مفت خود تجکو ملے — نیت اسکی کر تجھے یہ چاہیئے
۱ اس سفر میں ڈھونڈھتا تھا بایزید — تا کہ خضر وقت پائے وہ سعید
دیکھا اسنے پیر اک مثل ہلال — اسمین تھا انسان کا کر و فر و قال
آنکھ اندھی اور دل چون آفتاب — جیسے ہاتھی دیکھے ہندستان بخواب
۲ بند آنکھین خفتہ دیکھے سو طرب — جو کھلے آنکھین نہ دیکھے یہ عجب
ہے عجب دل خواب مین روشن رہے — اور اندر خواب کے روزن کھلے
جو کہ ہے بیدار دیکھے خواب کو — ہے وہ عارف سرمہ کر خاک اسکی کو
۳ بایزید اک قطب اسکو جان کر — واسطے خدمت کے دوڑا اسکے گھر
اسکے آگے بیٹھا پوچھا اسکا حال — پایا درویش اسکو اور صاحب عیال
بولا جاتا ہے کہان اے بایزید — اور ارادہ ہے کہان کا اے سعید
بولا کعبہ کا ارادہ ہے مرا — بولا رکھتا زاد رہ اب تجھ سے کیا
بولا رکھتا ہون مین بس دو سو درم — یہ بندھے چادر مین ہین مت جان کم
بولا میرا طوف کر لے سات بار — طوف حج سے بہتر اسکو کر شمار
وہ درم رکھ میرے آگے ای جواد — حج ہوا تو جان اور حاصل مراد
عمر باقی پائے جو عمرہ کیا — صاف تو ہووے صفا مروہ کیا

۱ اس سفر مین الخ یہ شعر اس سفر مین بایزید ڈھونڈھتا تھا کہ وہ خضر وقت پائے اُس نے ایک پیر کو پایا مانند ہلال کے کہ اسمین کر و فر قابل انسان کے تھا آنکھ اندھی اور دل مانند آفتاب کے جیسے ہاتھی خواب مین ہندوستان دیکھے یعنے وہ بظاہر نابینا تھا ولیکن روشن دلی سے غیب مین ایسا معلوم ہوتا تھا جیسے ہاتھی خواب مین ہندوستان دیکھتا ہے آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۲ بند آنکھین الخ یہ شعر خفتہ بند آنکھین کیے سو خوشی دیکھے جو کھلے تو آنکھون سے نہ دیکھے یہ تعجب ہے تعجب ہے کہ دل خواب مین روشن رہے اور اندر خواب کے روزن کھلے جو کہ ہے بیدار اور دیکھے خواب کو وہ عارف ہے اُس کی خاک پا کو سرمہ کر دے یعنے جیسے خواب مین روزن دل کا کھلتا ہے اور خفتہ تماشا اس جہان کا دیکھتا ہے جو کہ بیداری مین تماشا خواب کا دیکھے وہ عارف ہے اسکی خاک ہونا چاہیے آگے قصہ ہے فافہم ۱۲ ۳ بایزید الخ یہ شعر بایزید اس کو ایک قطب جان کر خدمت کے لیے اُس کے گھر گیا اُس کے آگے بیٹھا اور حال اُس کا پوچھا اُسکو درویش اور صاحب عیال پایا کہا کہ اے بایزید کہان جاتا ہے اور ارادہ کہان کا ہے بایزید نے کہا کہ میرا ارادہ کعبہ کا ہے کہا کہ اب کیا زادراہ رکھتا ہے بایزید نے کہا دو سو درم یہ چادر مین بندھے ہین مت کم سمجھ کہا کہ میرا طواف سات بار کر لے اور طواف حج سے اس کو بہتر جان اور وہ درم میرے سامنے رکھدے سمجھ لے کہ تیرا حج ہوا اور مراد حاصل ہوئی تو جان لے کہ عمرہ کیا باقی اور صفا اور مروہ گیا تو صاف ہوا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

حق آن حقے کہ جانت دیدہ است	کہ مرا بہتر ز خود بگزیدہ است	ہے قسم بس حق کی جو تجکو دکھا[1]	کہ مجھے بہتر گھر اپنے سے کیا
کعبہ ہر چندیکہ خانہ بر اوست	خلقت من نیز خانہ سر اوست	کعبہ گرچہ خانہ ستار ہے	میری خلقت خانہ اسرار ہے
تا بکرد آن خانہ را در وے نرفت	واندرین خانہ بجز آن حی نرفت	گھر بنا اسمین نہ وہ جیسے گیا	اور نہ اُس گھر مین بجز اسکے رہا
چون مرا دیدی خدا را دیدۂ	گرد کعبہ صدق بر گردیدۂ	مجکو دیکھا تونے تو دیکھا خدا	گرد کعبہ صدق کے اب تو پھرا
خدمت من طاعت و حمد خداست	تا نہ پنداری کہ حق از من جداست	میری خدمت کرنا ہے حمد خدا	تا نہ جانے تو کہ حق مجھ سے جدا
چشم نیکو باز کن در من نگر	تا ببینی نور حق اندر بشر	کھول اپنی آنکھ مجھ مین کر نظر	تا تو دیکھے نور حق اندر بشر
کعبہ را یکبار بیتی گفت یار	گفت یا عبدی مرا ہفتاد بار	کعبہ کو ایکبار ہے بیتی کہا	مجھ کو ستر بار یا عبدی کہا
بایزیدا کعبہ را دریافتی	صد بہا و عز و صد فر یافتی	بایزیدا[2] پایا تونے کعبہ کو	بیش ور اچھا و باجاہ دیکھو
بایزید آن نکتہا را ہوش داشت	ہمچو زرین حلقہ اش در گوش داشت	بایزید اس راز پر رکھتا تھا ہوش	مثل حلقہ زر انھین کرتا بگوش
آمد از وے بایزید اندر مزید	منتہی در منتہے آخر رسید	بایزید اُن سے ترقی مین ہوا	منتہی مین منتہے آخر ملا

دانستن پیغمبر صلعم کہ سبب رنجوری آن شخص از گستاخی بودہ است

جاننا پیغمبر علیہ السلام کا کہ بیماری اُس شخص کی بسبب گستاخی کے ہے

چون پیمبر دید آن بیمار را	خوش نوازش کرد یار غار را	جو نبی[3] نے دیکھا اس بیمار کو	خوش نوازا اپنے یار غار کو
زندہ شد او چون پیمبر را بدید	گوئیا آن دم مر او را آفرید	جو نبی کو دیکھا تو زندہ ہوا	گویا اُسدم پھر سے وہ پیدا ہوا
گفت بیماری مرا این بخت داد	کامد این سلطان بر من بامداد	بولا بیماری نے یہ کھولے نصیب	کہ مرے گھر آئے اللہ کے حبیب
تا مرا صحت رسید و عافیت	از قدوم این شہ بے حاشیت	تا مجھے صحت ملی و عافیت	شہ کے آنے سے کہ جو ہیں باصفت
اے خجستہ رنج و بیماری و تب	اے مبارک درد و بیداری شب	اے مبارک رنج و بیماری و تب	اے مبارک درد و بیداری شب

[1] ہے قسم الخ ۲ شعر قسم ہے اُس خدا کی کہ جو مجھکو دیکھا اُسکو اپنے گھر سے بہتر کیا اگرچہ کعبہ خانہ ستار ہے ولیکن میری خلقت خانہ اسرار ہے جیسے گھر مین بجز اس کے کوئی نہ رہا تونے مجھکو دیکھا تو خدا کو دیکھا اور اگر کعبہ صدق کے گرد اب تو پھرا میری خدمت کرنا خدا کی خدمت ہے تاکہ تو نہ جانے کہ حق مجھ سے جدا ہے تو اپنی آنکھیں کھول کر مجھ مین نظر کر تاکہ تو دیکھے نور خدا کا بشر مین کعبہ کو گھر اپنا ایک بار کہا ہے اے بندے میرے مجھ سے ستر بار کہا یعنے اولیاء اللہ فانی ذات مطلق ہین اور خدا سے جدا نہین ہین باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ [2] بایزیدا الخ ۳ شعر اے بایزید تونے کعبہ کو پایا بیش قیمت اور باجاہ دنکو بایزید اس راز پر کان رکھتا تھا اور مثل حلقۂ زر کے انھین کان مین ڈالت تھا بایزید نے اُن سے ترقی پائی اور منتہی ہوا منتہی کو آخر کو ملا یعنے بایزید علیہ الرحمہ نے باوجود کمال کے اور کمال مدارج اولیاء بزرگ سے حاصل کیے آگے قصہ عیادت حضرت پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم ہے فافہم ۱۲ [3] جو نبی نے الخ ۸ شعر جو حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اس بیمار کو دیکھا بہت نوازش کی اس اپنے یار پر جو نبی کو دیکھا تو زندہ ہوا گویا اُس دم وہ پھر نئے سر سے پیدا ہوا اور کہا کہ بیماری نے یہ نصیب کھولے کہ میرے دیکھنے کو آئے اللہ کے حبیب تاکہ مجھ کو صحت ملے اور عافیت شاہ کے آنے سے کہ جو باصفت ہے اے مبارک رنج و بیماری و تب اے مبارک درد و بیداری شب مجھ کو پیری مین اپنی لطف سے یہ مرض اللہ نے ایسا دیا کہ تا خواب سے نیم شب کو وہ مجھے اٹھا دیتا ہے تاکہ شب بھر مین مانند بھینس کے نہ سوؤن حق نے دود بخشا ہے اپنے لطف سے مجھے یعنے وہ مرض اس کو باعث مغفرت ہوا کیونکہ وہ بسبب گستاخی کے گرفتار ہوا تھا چنانچہ آگے حقائق اُس کے ہین فافہم ۱۲

لیک ما را در پیری از لطف و کرم
درد پشتم داد تا من هم ز خواب
تا نخسپم جملہ شب چون گاومیش
زین شکستن رحم شاہان جوش کرد
رنج گنج آمد کہ رحمتہا در وست
ای برادر موضع تاریک و سرد
چشمۂ حیوان و جام مستی است
آن بہاران مضمرست اندر خزان
ہمرہ غم باش و با وحشت بساز
آنچہ گوید نفس تو کاینجا بدست
تو خلافش کن کہ از پیغمبران
مشورہ در کارہا واجب شود
سعیہا کردند بسیار انبیا
نفس میخواہد کہ تا ویران کند
گفت امت مشورہ با کہ کنیم
گفت اگر کودک در آید یا زنی

حق چنین رنجوری داد و سقم
بر جہم ہر نیم شب لابد شتاب
دردہا بخشید حق از لطف خویش
دوزخ از تہدید شان خاموش کرد
مغز تازہ شد چو بخراشید پوست
صبر کردن بر غم و سستی و درد
کان بلندیہا ہمہ در پستی است
در بہارست این خزان بگریز ازان
می طلب در مرگ خود عمر دراز
مشنوش چون کار او ضد آمد است
اینچنین آمد وصیت در جہان
تا پشیمانی در آخر کم بود
تا کہ گردان شد برین سنگ آسیا
خلق را گمراہ و سرگردان کند
انبیا گفتند با عقل امیم
کو ندارد عقل و رای روشنی

مجکو اب پیری میں اپنی لطف سے
بس دیا درد کمر تا خواب سے
تا نہ شب بھر سوؤن میں بھینس کے
ہوئے دل شکنی سے رحم شہ کو جوش
رنج گنج آیا کہ رحمت اُسمین ہے
اے برادر جائے تیرہ سرد پر
چشمہ حیوان و مستی کا ہے جام
وہ بہار اندر خزان کے ہے چھپی
ہو موافق غم سے کر وحشت سے ساز
نفس گر تجکو کہے یہ بد ہے جا
کر خلاف اُسکے کہ حضرت نے کہا
مشورہ ہر کام سے واجب کھو
انبیا نے جو بہت کوشش کری
نفس چاہتا ہے کہ تا ویران کرے
بولی امت مشورہ کس سے کرے
بولے گر عورت ہو یا کہ طفل ہو

یہ مرض ایسا دیا اللہ نے
نیم شب کو وہ اُٹھاتا ہے مجھے
درد بخشا حق نے اپنے لطف سے
اور دوزخ ڈر سے اُنکے ہو خموش
مغز تازہ ہو کہ جب چھلکا چھلے
صبر کرنا اور غموم و درد پر
کہ بلندی ہر وہ پستی میں تمام
اس خزان سے بھاگ تو تو اے اخی
اور طلب کر موت میں عمر دراز
مت سنیے جو کام اُسکا ضد ہوا
اس وصیت کو جہان میں بر ملا
تا پشیمانی نہ آخر تمکو ہو
آسیا اس سنگ پر تب ہے پھری
خلق کو گمراہ و سرگردان کرے
انبیا بولے امام عقل سے
کہ نہ اُنکی روشنی ہے عقل کو

لہ ہووے الخ یعنی شعر دل شکنی سے رحم شاہ کو جوش ہووے اور دوزخ اُن کے ڈر سے خاموش ہو رنج آیا ہے گنج کہ رحمت اُسمین ہے مغز تازہ ہووے جبکہ چھلکا چھلے اے برادر جائے تیرہ و سرد پر اور غم و درد پر صبر کرنا چاہیے کہ وہ چشمہ حیوان و جام مستی کا ہے کہ وہ بلندی پستی میں بالکل ہے وہ بہار اندر خزان کے ہے پوشیدہ تو اس خزان سے مت بھاگ غم و وحشت سے موافقت کر تو مرگ میں طلب کو عمر دراز کو باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ لہ نفس گر الخ یعنی شعر اگر نفس تجکو کہے کہ جگہ یہ ہے تو اسے مت سن کہ اسکا کام حسد ہے اسکے خلاف کر پیغمبر نے کہا ہے اس وصیت کو جہان میں برملا ہر کام میں مشورہ واجب رکھ کہ آخر تجکو پشیمانی نہ ہووے انبیا علیہم السلام نے جو کوشش بہت کی تب آسیا اس سنگ پر پھری ہے یعنی کوشش انبیا سے تب یہ کام مشکل آسان ہوا ہے یعنی یہ نفس راستی دین پر چلا ہے نفس چاہتا ہے کہ ویران کرے اور خلق کو گمراہ و سرگردان کرے کہو کہ مشورہ امت کس سے کرے انبیا نے کہا کہ امام عقل سے یعنی مرشد سے مشورہ کرو تا نفس اُس سے کشتہ ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ لہ بولے عورت الخ یعنی شعر کہ اگر عورت یا طفل ہو کہ اُن کی عقل کو روشنی نہیں ہے انبیا نے کہا اُن سے مشورہ کر لیکن بر خلاف ان کے راہ چل پس نفس کو تو عورت سے بد تر جان کیونکہ عورت جز ہے اور نفس کل ہے اگر نفس اپنے سے مشورہ کرے بر خلاف اس کے کر جو تجھ سے کہے نفس مکار ہے اور حیلہ کرتا ہے مشورہ افعال میں نفس سے کر اُس کے برعکس چل جو تجھ سے کہے اگر اس کی لڑائی سے غالب ہو تو نہ ہووے یار کے نزدیک جا اور اُس سے ہمت مانگ یعنی مرشد سے ہمت چاہ اور اگر نفس نماز پڑھنے کو کہے اُس وقت کو ٹال کر پھر پڑھ لے کہ نماز پھر بھی ہوئی چنانچہ اس کا بیان آگے مولانا فرماتے ہیں فافہم ۱۲

گفت با او شوره کن انچه گفت	تو خلاف آن کنی در راه افت	بوے شوری کر تو اس سے جو کہے	برخلاف عقل چل اس راه سے
نفس خود را زن شناس از زن بتر	زانکه زن جزو ست نفست کل شر	نفس کو تو جان عورت سے بتر	کیونکہ عورت جزو کل نفس اے پسر
مشورت با نفس خود گر میکنی	ہرچه گوید کن خلاف آن دنی	مشوره گر نفس اپنے سے کرے	کر خلاف اسکے وه جو تجھ سے کہے
گر نماز و روزه می فرمایدت	نفس مکارست مکرے زایدت	گر نماز و روزه کو تجھ سے کہے	نفس ہے مکار وه حیله کرے
مشوره با نفس خود اندر فعال	ہرچه گوید عکس آن باشد کمال	مشوره افعال ہین کر نفس سے	چل تو بر عکس اسکے جو تجھ سے کہے
ره نیابی با وے و استیز او	رو بر یارے بگیر آمیز او	گر نه ہو غالب تو اسکی جنگ سے	یار کے جا پاس ہمت اس سے لے
عقل قوت گیرد از عقل دگر	پیشه گر کامل شود از پیشه گر	عقل[1] کو ہے عقل سے جاه جلال	پیشه گر کو پیشه گر سے ہے کمال
من ز مکر نفس دیدم چیزہا	کو برد از سحر خود تمیزہا	دیکھی مکر نفس سے بس مین نے چیز	که وه لیجاتا ہے جادو سے تمیز
وعدہا بدہد ترا تازه بدست	کو ہزاران بار آنہارا شکست	وعده کرتا ہے وه تجھ سے تازه تر	اور ہزارون بار توڑے سر بسر
عمر اگر صد سال خود مہلت دہد	اوت ہر روزے بہانه نو نہد	سو برس کی عمر مہلت دے تجھے	وه تجھے ہر روز دھوکا ایک دے
گرم گوید وعده ہاے سرد را	جادوے مردی ببندد مرد را	گرم کہوے وعده ہاے سرد کو	سحر سے نامرد کر دے مرد کو
اے ضیاء الحق حسام الدین بیا	که نروید بے تو از شوره گیا	اے ضیاء الحق حسام الدین تو آ	بے ترے اگتی نه شوره سے گیا
از فلک آویخته شد پرده	از پے نفرین دل آزرده	پرده[2] لٹکایا گیا افلاک سے	واسطے نفرت دل بیمار کے
این قضا را ہم قضا داند علاج	عقل خلقان در قضا کیجست کاج	اس قضا کی بھی قضا جانے علاج	کب قضا سے عقل خلق ہو ہم مزاج
اژدہا گشت ست آن مار سیاه	آنکه کرمے بود افتاده براه	وه ہوا مار سیه اک اژدہا	جو که اک کیڑا تھا رستے مین پڑا
اژدہا و مار اندر دست تو	شد عصا اے جان موسی مست تو	ہاتھ مین تیرے ہوا مار اژدہا	پس عصا اے جان موسی بر ملا
حکم خذہا لا تخف اوت خدا	تا بر ستت اژدہا گردد عصا	حکم خذہا لا تخف حق نے کہا	اژدہا ہو ہاتھ مین تیرے عصا
ہین ید بیضا نما اے بادشاه	صبح تو بکشا ز شبہاے سیاه	ہان ید بیضا دکھا اے بادشاه	صبح تو دکھلا کہ ہین راتین سیاه

۱؎ عقل کو الخ، شعر عقل سے ہے عقل کو جاه وجلال پیشه گر کو پیشه گر سے ہے کمال ہین نے مکر نفس سے ایک چیز دیکھی که وه جادو سے تمیز لے جاتا ہے وه تجھ سے ہے وعده کرتا ہے تر و تازه اور ہزارون بار اس کو توڑتا ہے بالکل سو برس کے عمر کی مہلت اگر حق تجھ کو دے نفس ہر روز تجھ کو دھوکا دے سرد وعده دن کو گرم کہے اور سحر سے مرد کو نامرد کر دے آگے حقائق ہین اے ضیاء الحق حسام الدین تو آ که بغیر تیرے زمین شور سے گیاه نہین اگتی ہے یعنے یا رسول الله تم میری مدد کرو که دل تیره سے نور باطن ظہور کرے کیونکہ ظلمت نفس کی غالب ہے اور طول امل مین ڈالتی ہے باقی حقائق آگے ہین فافہم ۱۲

۲؎ پرده الخ، شعر آسمان سے پرده لٹکایا گیا دل بیمار کے نفرت کے واسطے یعنے تیره دلون کے واسطے نفرت کے آسمان سے پرده لٹکایا گیا که تا انوار باطنه کو وه نه دیکھ سکین اس قضا کا علاج قضا جانتی ہے کب قضا سے عقل مخلوق کی ہم مزاج ہوسکے وه مار سیه ایک اژدہا ہوا جو که راه مین ایک کیڑا پڑا تھا تیرے ہاتھ مین مار اژدہا ہو عصا اے جان موسی کی اور حق نے حکم دیا ترجمہ پکڑو تم اور مت ڈرو که اژدہا تیرے ہاتھ مین عصا ہوجاوے دکھلا اے بادشاه نور صبح تو دکھلا که راہین سیاه ہین یعنے اے رسول صلی الله علیه وآله وسلم تم دل میرا روشن کرو ظلمت نفس کی چھائی ہوئی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

دوزخے افروخت بر وے دم فسون ۔ اے دم تو از دم دریا فزون
بحر مکارست بنموده کفے ۔ دوزخ ست از مکر بنموده تفے
زان نماید مختصر در چشم تو ۔ تا زبون بینی و جنبد خشم تو
ہمچنانکہ لشکرے انبوه بود ۔ مر پیمبر را بچشم اندک نمود
تا بر ایشان زد پیمبر بے خطر ۔ ور فزون دیدی از آن کردی حذر
آن عنایت بود و فضل ایزدی ۔ احمدا ورنہ تو بد دل می شدی
کم نمود او را و اصحاب ورا ۔ آن جہاد ظاہر و باطن خدا
تا میسر کرد یسرے را ابد و ۔ تا ز عسرے او گردانید رو
کم نمودن مر ورا پیروز بود ۔ کہ حقش یار و طریق آموز بود
آنکہ حق پشتش نباشد در ظفر ۔ وائے گر گربہ اش نماید شیر نر
وائے گر صد را یکے بیند ز دور ۔ تا بجالش اندر آید از غرور
زان نماید ذوالفقارے حربۂ ۔ زان نماید شیر نر چون گربۂ
تا دلیر اندر فتد احمق بجنگ ۔ واندر آرد شان بدین حیلت بچنگ
تا بپائے خویش باشد آمده ۔ آن فلیوان جانب آتشکده
کاه برگے مینماید تا تو زود ۔ پف کنی او را برانی از وجود
ہان کہ آنکہ کوہہا برکنده است ۔ زو جہان گریان و او در خنده است
مینماید تا بکعب این آب جو ۔ صد چو عوج بن عنق شد غرق او

بھڑکے ہے دوزخ تو پھونک اُس پر فسون[۱] ۔ ہے دم دریا سے تیرا دم فزون
بحر ہے مکار جھاگ اپنی کھائے ۔ اور دوزخ مکر سے گرمی بتائے
مختصر دکھلائے تجکو اسلیے ۔ تو تو عاجز جان کر غصہ کرے
جیسے اک لشکر تھا انبوہ کثیر ۔ نزد پیغمبر وہ تھا از بس حقیر
مارا اُنکو تا نبی نے بیخطر ۔ گر زیادہ دیکھتے کرتے حذر
وہ عنایت تھی بفضل ایزدی ۔ ورنہ ہوتی تجکو احمد بے دلی
کم دکھایا اُنکو اصحاب اُنکے کو ۔ ظاہر و باطن جہاد اللہ نے دیا
کردیا[۲] بس یسر کو حاصل انھین ۔ تا کہ عسرت سے وہ منہ کو پھیرلین
کم دکھانا خاص اُنکو فتح تھی ۔ حق تھا انکا یار و ہادی براخی
حق مدد جسکی نہ نصرت سے کرے ۔ ہائے بلّی کو وہ شیر نر کہے
ہاے نشو کو ایک دیکھے دور سے ۔ تاکہ مغروری سے وہ آکر لڑے
مثل اک حربہ دکھائے ذوالفقار ۔ اور دکھائے شیر نر کو گربہ وار
تا دلیری مین پڑے احمق لڑے ۔ وہ اسی حیلہ سے اُسکو مارلے
تا کہ اپنے پاؤن سے وہ بیہدہ ۔ آئے چلکر جانب آتشکدہ
گھاس[۳] کا پتا جو اک تن پر پڑے ۔ پھونک مارے اُسکو تو جلدی اُڑا
جو پہاڑون کو اُکھیڑے جائے ۔ اُس سے نالان ہو جہان اور وہ ہنسے
ہے بتاتا ٹخنے تک اُس آب کو ۔ مثل عوج بن عنق سو غرق ہو

[۱] بھڑکی ہے الخ شعر دوزخ بھڑکی ہے تو اس پر افسون پھونک کیونکہ دم دریا سے تیرا دم افزون ہے نفس کا دریا مکار ہے کہ اپنے کف دکھاتا ہے اور نفس کی دوزخ مکر سے گرمی بتاتی ہے اس لیے مختصر تجھ کو دکھلائے کہ تو عاجز جان کے غصہ کرے آگے مثال ہے جیسے ایک لشکر انبوہ کثیر تھا اور پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم کو دیکھا از بس حقیر تب نبی نے انکو بیخطر مارا اگر زیادہ دیکھتے تو پرہیز کرتے وہ عنایت بفضل خدا تھی ورنہ تجھ کو اے احمد بے دلی ہوتی ان کو اور اُن کے اصحاب کو کم دکھایا آیا وہ جہاد ظاہر و باطن یعنے حق تعالے نے لشکر کفار کا حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم اور اُن کے اصحاب کو کم دکھایا کہ تا فتح و نصرت حاصل ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [۲] کردیا الخ شعر انھین حاصل راحت کردی تاکہ رنج سے وہ منھ کو پھیر لین کم دکھلانا اُن کو خاص فتح تھی کیونکہ حق اُن کا یار و ہادی تھا اور جس کی نصرت سے حق مدد نہ کرے افسوس نشو کو ایک دیکھے دور سے تاکہ وہ مغروری سے آکر لڑے مثل ایک حربہ کے دکھائے ذوالفقار اور دکھائے شیر نر کو گربہ کے مانند تاکہ دلیری مین پڑے اور احمق لڑے اور وہ اسی حیلہ سے مارلے تاکہ اپنے پاؤن سے وہ بیہودہ جانب آتشکدہ کے آئے چل کر آگے مثال اس کی بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ [۳] گھاس الخ شعر ایک پتا گھاس کا اگر تن پر پڑے تو اُس کو پھونک مارے تو جلدی اُڑے جو کہ پہاڑون کو اُکھیڑے تو جان لے کہ اُس سے جان نالان ہو اور وہ ہنسے اس آب کو ٹخنے تک بتاتا ہے مگر مثل عوج بن عنق کے سو غرق ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

مینماید موج خونش تل مشک	مینماید قعر دریا خاک خشک	۵۱ موج خون کو وہ دکھاوے ڈھیر مشک	اور دریا کو کرے وہ خاک خشک
خشک دید آن بحر را فرعون کور	تا درو راند ز سرمستی و زور	خشک دریا دیکھا جو فرعون نے	جا پڑا اسمین وہ مستی زور سے
چون در آمد در تگ دریا فتاد	زانکه چشمش ز اصل نابینا فتاد	جو گھسا دریا کے اندر وہ گیا	کیونکہ اسکو اصل سے اندھا کیا
دیده بینا از لقای حق شود	حق کجا همراز هر احمق شود	آنکھ بینا تو لقاے حق سے ہو	حق کہاں ہمراز ہر احمق سے ہو
قند بیند خود شود زهر قتول	راه بیند خود بود آن بانگ غول	قند دیکھے زہر قاتل ہووے وہ	راہ دیکھے پردہ بانگ غول ہو
ای فلک در فتنهٔ آخر زمان	تیز میگردی بده آخر امان	۵۲ اے فلک تو تیز پھرتا ہے ہر آن	فتنہ آخر زمان مین دے امان
خنجر تیزی تو اندر قصد ما	نیش زهر آلوده‌ٔ در فصد ما	تیز خنجر تیرا میرے قصد مین	تو ہی زہری نیش میرے فصد مین
ای فلک از رحم حق آموز رحم	بر دل موران مزن چون مار زخم	اے فلک تو رحم حق سے سیکھ رحم	مور پر چون مار تو مت مار زخم
حق آنکه چرخهٔ چرخ ترا	کرد گردان بر فراز این سرا	ہے قسم اس کی کہ چرخہ چرخ کو	تیرے قربان کردیا اس گھر پہ جو
که دگرگون گردی و رحمت کنی	پیش از آن کز بیخ ما را بر کنی	کہ دگرگون گردش رحمت کرے	پہلے اسکے کہ ہمین ویران کرے
حق آنکه دایگی کردی نخست	تا نهال ما ز خاک و آب رست	ہے قسم اسکی کہ دایہ پن کیا	آب وگل سے تا نہال اپنا اگا
حق آن شه که ترا صاف آفرید	کرد چندان مشعله در تو پدید	ہے قسم اسکی تجھے پیدا کیا	تجھ مین اتنا مشعلہ چمکا دیا
آنچنان معمور و باقی داشتت	تا که دهری از ازل پنداشتت	۵۳ تجکو وہ معمور اور باقی کیا	دہریون نے تجکو تا ازلی کیا
شکر دانستیم آغاز ترا	انبیا گفتند آن راز ترا	شکر ہم نے جانا آغاز اب ترا	انبیا نے راز جو تیرا کہا
آدمی داند که خانه حادث است	عنکبوتی نه که در وی عابث است	آدمی جانے کہ حادث گھر وہ ہے	اور نہ مکڑی اسمین جو بازی کرے

۵۱ موج الخ یعنی شعر موج خون کو اگر دکھائے مشک کا ڈھیر اور دریا خشک کو وہ کرے خاک خشک دریا کو خشک دیکھا جو فرعون نے زور ومستی سے وہ اُس مین جا پڑا جبکہ دریا کے اندر وہ گھسا ہلاک ہو گیا کیونکہ اُس کو اصل سے اندھا کیا حق تعالی کی لقا سے آنکھ بینا ہو ہر احمق کا حق کب ہمراز ہو کب دیکھے زہر قاتل وہ ہو راہ دیکھے لیکن وہ بانگ غول ہو یعنی حق تعالے جس کا مددگار ہوتا ہے اُس کو لشکر گران قلیل دکھلاتا ہے کہ تا وہ اُسپر حملہ کرکے فتح ونصرت پائے اور جس کا حق مددگار نہین ہوتا ہے تو اُس کو لشکر قلیل گران دکھلاتا ہے تاکہ وہ بھاگے اور اگر لشکر گران قلیل بھی بتائے تاکہ وہ اُس پر گرے اور مارا جائے ایسطرح نفس عارف کی نظر مین قلیل دکھلاتا ہے کہ تا وہ اُس دشمن قوی کو مارے اور غافلون کی نظر مین قوی دکھلاتا ہے کہ وہ اس سے عاجز ہو کر اطاعت اُسکی کرے چنانچہ باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ اے فلک الخ یعنی شعر اے فلک تو ہر آن تیز پھرتا ہے آخر زمانہ کے فتنہ سے امان دے تیرا خنجر تیز ہے میرے قصد مین تو نیش زہر آلودہ ہے میری فصد مین اے فلک تو حق کے رحم سے رحم سیکھ مور پر مانند مار کے زخم مت مار اُس کی قسم ہے کہ جس نے چرخہ چرخ کو تیرے قربان اس گھر پر کرا اور یہی ڈھنگ ہے گردش در حمت کرے اُس سے اول کہ ہم کو ویران کرے اس کی قسم ہے کہ جس نے دایہ پن کیا اور آب وگل سے تا نہال ہمارا اُگا اُس کی قسم ہے کہ تجھے پیدا کیا اور تجھ مین اس قدر شعلہ چمکایا باقی حال آگے ہے فافہم ۵۳ تجکو الخ یعنی شعر اس قدر تجھ کو باقی ومعمور کیا کہ تا دہریون نے تجھ کو ازلی کہا شکر ہے کہ ہم نے جانا آغاز تیرا جو کہ انبیا نے راز تیرا کہا آدمی جانتا ہے کہ یہ گھر حادث ہے اور مکڑی نہین ہے کہ جو اُس مین بازی کرے پھر کب جانتا ہے کہ یہ کس کا باغ ہے کہ خزان مین مرگ اور بہار مین جینا ہے یعنے حقیقت عالم کی آدمی کب جانتا ہے کہ حادث نو پیدا ہے اور مکڑی پھر کیا جانے کہ خزان وبہار اس کی موت وحیات ہے پس دہریا کہ عالم کو قدیم کہتا ہے وہ مثل مکڑی کے ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲۔

پشہ کے داند کہ این باغ از کی است ❊ کو بہاران زاد و مرگش در دی است
کرم کاندر چوب زاید سست حال ❊ کے بداند چوب را وقت نہال
ور بداند کرم از ماہیتش ❊ عقل باشد کرم باشد صورتش
عقل خود را می نماید رنگہا ❊ چون پری دورست ازان فرسنگہا
از ملک بالاست چہ جای پری ❊ تو مگس پری بہ پستی می پری
گرچہ عقلت سوی بالا می پرد ❊ مرغ تقلیدت بہ پستی می چرد
علم تقلیدی وبال جان ماست ❊ عاریہ است و ما نشستہ کان ماست
زین خرد جاہل ہمی باید شدن ❊ دست در دیوانگی باید زدن
ہر چہ بینی سود خود زان می گریز ❊ زہر نوش و آب حیوان را بریز
ہر کہ بستاید ترا دشنام دہ ❊ سود و سرمایہ بمفلس وام دہ
ایمنی بگذار و جای خوف باش ❊ بگذر از ناموس و رسوا باش فاش
آزمودم عقل دوراندیش را ❊ بعد ازین دیوانہ سازم خویش را

جانے کب مچھر کہ کسکا باغ ہے ❊ کہ خزان مرگ وے بہار اندر جیے
پیدا ہو لکڑی مین کیڑا[1] سست حال ❊ جانے کب لکڑی کو وہ وقت نہال
کیڑا اسکی ماہیت گر جان لے ❊ عقل ہو صورت مین وہ کیڑا رہے
عقل خود کو بس دکھانے رنگ سے ❊ چون پری صورت سے کوسون دور ہے
کیا پری کی جا ملک سے بڑھکے ہے ❊ تو ہے اک مکھی کہ پستی مین اڑے
گرچہ تیری عقل بالا پر اڑے ❊ مرغ تقلیدی ہے پستی مین پڑے
علم تقلیدی وبال جان تجھے ❊ عاریت ہے مین نے جانا ملک ہے
ہونا جاہل چاہیے اس عقل سے ❊ اور بس دیوانہ ہونا چاہیے
فائدہ[2] جو دیکھے اس سے بھاگ جا ❊ زہر پی اور آب حیوان کر گرا
جو کرے تعریف گالی اسکو دے ❊ مفلسون کو مال و زر اپنا تو دے
خوف مین رہ امن کو تو کر رہا ❊ چھوڑ ننگ اور رہ تو رسوا برملا
آزمایا عقل دوراندیش کو ❊ بعدہ دیوانہ کردون خویش کو

عذر گفتن دلقک با سید کہ چرا فاحشہ نکاح در آوردی

عذر کرنا دلقک کا بادشاہ سے کہ کسواسطے فاحشہ کے ساتھ نکاح تو نے کیا

گفت با دلقک شبی سید اجل ❊ قحبہ را خواستی تو از عجل
با من این را بازمی بایست گفت ❊ تات میکردم بیک مستورہ جفت
گفت نہ مستورہ صالح خواستم ❊ قحبہ گشتند و ز غم من کاستم
خواستم این قحبہ را بامعرفت ❊ تا ببینم چون شود در عاقبت

مسخرے[3] دلقک سے شہ نے یہ کہا ❊ تو نے کیون قحبہ کو جلدی کر لیا
چاہیے تھا مجھ سے اسکو پوچھتا ❊ شادی کرتا تیری مستورہ سے تا
بولا مین نے تو کرین صالح زنان ❊ قحبہ نکلین انکے غم سے تھا بجان
مین نے یہ قحبہ کری عرفان کو ❊ تا کہ دیکھون کیسی آخر مین وہ ہو

لہ پیدا ہو الخ یہ شعر کیڑا لکڑی مین پیدا ہو سست حال کب جانے لکڑی کے وقت نہال کو اگر کیڑا اُس کی ماہیت جان لے وہ عقل ہووے اور کیڑا صورت مین رکھے اور عقل خود کو رنگون سے دکھائے اور مانند پری کے صورت سے کوسون دور رہے پری کی کیا جگہ فرشتہ سے بڑھ کے ہے اور تو ایک مکھی ہے کہ پستی مین اُڑتا ہے اگرچہ تیری عقل بلندی پہ اُڑے لیکن مرغ تقلیدی ہے کہ پستی مین چرے علم تقلیدی مجکو وبال جان ہے اور عاریت ہے لیکن مین نے جانا ملک ہے پس اس عقل سے جاہل ہونا چاہیے باقی حال اسکا مولانا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ٭ ۲ فائدہ الخ یہ شعر جو فائدہ دیکھے اُس سے بھاگ جا زہر پی اور آب حیوان پھینکدے جو تیری تعریف کرے اُسکو گالی دے اور مفلسون کو اپنا مال و زر دے خوف مین تو رہ اور امن کو چھوڑ اور ننگ چھوڑ اور رسوا ہو آزمایا عقل دوراندیش کو بعدہ خود کو دیوانہ کر دو یعنے اس عقل ظاہری کو چھوڑ اور دیوانہ ہو کر راہ ملے بقول اُستاد کے سہ دیوانہ باش تا غم تو دیگران خورند ٭ پس اس عقل کے ترک کرنے مین مولانا قصہ دلقک کا مثالی مین آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ٭ ۳ مسخرے الخ یہ شعر بادشاہ نے مسخرے دلقک سے یہ کہا کہ تو نے جلدی کیون قحبہ کو کر لیا تجکو چاہیے تھا کہ اسکو مجھ سے پوچھتا کہ مین تیری شادی کرتا عورت مستورہ سے دلقک نے کہا مین نے نو عورتین صالح کین اور وہ قحبہ نکلین کہ اُنکے غم سے بجان تھا پس یہ قحبہ مین نے عرفان کو کی تا دیکھون کہ آخر اُسکی کیسی ہو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

عقل راہم آزمودم من بسی	زین سپس جویم جنون را مغرسی	آزمایا بسکہ مین نے عقل کو	بعدہ ڈھونڈھون جنون جسجا پہ ہو

بحیلت در سخن آوردن سائل شیخ بہلول را کہ خود را دیوانہ نمودہ بود

حیلہ سے باتین کرنا سائل کی شیخ بہلول سے کہ اُس نے خود کو دیوانہ بنایا تھا

آن یکے میگفت خواہم عاقلے	مشورت آرم بدو در مشکلے	ایک بولا چاہتا عاقل کو مین	مشورہ مشکل مین تا اُس سے کرون
آن یکے گفتش کہ اندر شہر ما	نیست عاقل غیر آن مجنون نما	ایک بولا کہ ہمارے اب یہان	غیر اس مجنون کے عاقل ہے کہان
بر نئے گشتہ سوارہ نک فلان	میدواند در میان کودکان	لاٹھی پر اسوار اب بہلول ہے	دوڑتا ہے ساتھ وہ اطفال کے
گوے می بازد بروزان و شبان	درجہان گنج نہان جان نہان	رات دن وہ گیند کھیلے ہے یہان	گنج پوشیدہ ہے وہ جان جہان
صاحب راۓ است و آتش پارۂ	آسمان قدر است و اختر پایۂ	اہل راۓ آگ کا پرکالہ وہ	آسمان قدر اور اختر پایہ وہ
فر او کروبیان را جان شدہ	او درین دیوانگی پنہان شدہ	مرتبہ اُسکا فرشتون کی ہے جان	وہ ہوا دیوانہ پن مین بس نہان
لیک ہر دیوانہ را جان نشمری	سر منہ گوسالہ را چون سامری	جان ہر دیوانہ کو مت جان اخی	سر نہ رکھ گوسالہ کو جون سامری
چون ولی آشکارا با تو گفت	صد ہزاران غیب و اسرار نہفت	جو ولی نے ظاہر اتجہ سے کہا	راز پوشیدہ ہزاران غیب کا
مر ترا آن فہم و آن دانش نبود	وانمودستی تو سرگین راز عود	وہ نہین تھی عقل و دانش کچھ تجھے	تو نہین جانے تھا گوبر عود سے
از جنون خود را ولی چون پردہ ساخت	مر ورا اے کور کے خواہی شناخت	جو ولی پردہ جنون مین خود چھپے	اُسکو اے اندھے تو کیونکر پا سکے
گر ترا باز است آن دیدہ یقین	زیر ہر سنگے یکے سرہنگ بین	گر کھلی ہی تیری وہ چشم یقین	دیکھ پیادہ زیر سنگ اندر زمین
پیش آن چشمے کہ باز و رہبر است	ہر گلیمے را گلیمے دربر است	جو کھلی ہے آنکھ اُسکے سامنے	ہر کلیم اللہ چھپا کمبل مین ہے

له آزمایا الخ یہ شعر اسی طرح مین نے بہت عقل کو آزمایا ہے بعدہ ڈھونڈھون جنون کو جس جا پر ہو کہ راستی حاصل ہو ایک شخص نے کہا کہ مین عقلمند کو چاہتا ہون تا مشکلات مین مشورہ اُس سے کرون ایک شخص نے کہا کہ ہمارے یہان دیوانہ کے سوا کوئی عاقل نہین ہے چنانچہ شیخ بہلول کا قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۔ لاٹھی الخ یہ شعر بہلول لاٹھی پر سوار ہے اور لڑکون کے ساتھ دوڑتا ہے رات دن وہ گیند کھیلتا ہے یہان اور گنج پوشیدہ و جان جہان ہے اہل راے و آتش کا پرکالہ ہے آسمان قدر اور اختر پایہ ہے اُسکا مرتبہ جان فرشتون کی ہے اور وہ دیوانہ پن مین پوشیدہ ہوا ہے آگے حقائق ہین کہ تو ہر دیوانہ کو جان مت جان اور مثل سامری کے ہر گوسالہ کے آگے سر نہ رکھ یعنی ہر دیوانہ کامل و بامعنی نہین ہوتا ہے تو مثل گوسالہ کے اُسے مت پوج جو ولی تجھ سے ظاہر کئے ہزارون راز پوشیدہ و غیب کے تھے وہ عقل و دانش تجھکو نہین تھی تو نہین جانتا تھا گوبر کو عود سے اور جو ولی کہ پردہ جنون مین چھپے اے اندھے اُسکو کیونکر پا سکے یعنے اولیاء اللہ نے راز بیان کیا وہ تو سمجھ نہ سکا اور جو اولیا کہ دیوانگی مین چھپا ہے اُس کا حال تو کیونکر معلوم کر سکتا ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۔ گر کھلی یہ شعر اگر تیری چشم یقین کھلی ہے ہر ایک سنگ کے نیچے پیادہ شاہی دیکھے جو آنکھ کھلی ہے اُس کے سامنے ہر ایک کلیم کمل مین پوشیدہ ہے یعنی ہر وجود مین وہ شاہ موجود ہے چشم بینا چاہیے ولی کو شہرت دیتا ہے ولی اور جس کو وہ چاہے کر دے منجلی کون اُس کی عقل سے آشنا ہو کیونکہ اُس نے خود کو دیوانہ کیا ہے آگے مثال ہے جیسے چور بینا ایک اندھے کی چوری کرے اُس کو چور راہ مین کیسے ملے اندھا کب جانے کہ یہی چور ہے اگرچہ وہ چور خود آکر اُس سے ملے گتا کاٹے اندھے گدڑی پوش کو اور کلکھنے کرتے کو کب پہچانین یعنے اولیاء اللہ جس کو چاہتے ہین روشن دل کر دیتے ہین اور ان کی عقل کو کوئی نہین پہچان سکتا ہے بسبب کور دلی کے چنانچہ اس کی مثال مین قصہ اندھے فقیر کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

هر ولی را هم ولی شهره کند — هر که را او خواست با بهره کند
کس نداند از خرد او را شناخت — چونکه او مر خویش را دیوانه ساخت
چون بدزدد دزد بینا رخت کور — هیچ یابد دزد را او در عبور
کور نشناسد که دزد او که بود — گرچه خود بر وی زند دزد عنود
چون گزد سگ کور صاحب ژنده را — کی شناسد آن سگ درنده را

دیتا ہے شہرت ولی کو بھی ولی — اور جسے چاہے وہ کر دے منجلی
کون اسکی عقل سے ہو آشنا — کیونکہ اس نے خود کو دیوانہ کیا
چور بینا چوری اندھے کی کرے — چور اسکو راہ میں کیسے ملے
جانے کیا اندھا کہ وہ ہی چور ہے — گرچہ وہ چور آکے اس سے خود ملے
کاٹے کتا اندھے گدڑی پوش کو — کٹکھنے کتے کو کب پہچانے وہ

حملہ کردن سگ بر گدائے کور

حملہ کرنا کتے کا اوپر اندھے فقیر کے

یک سگی در کوی بر کور گدا — حمله می آورد چون شیر وغا
سگ کند آهنگ درویشان بخشم — در کشد مه خاک درویشان بچشم
کور عاجز شد ز بیم بانگ سگ — اندر آمد کور در تعظیم سگ
کای امیر صید وی شیر شکار — دست دست تست دست از من بدار
کز ضرورت دم سگی آن حکیم — کرد تعظیم و لقب دادش کریم
گفت ادهم از ضرورت ای اسد — از چو من لاغر شکاری چه رسد
گور میگیرند یارانت بدشت — گور میگیری تو در کوچه بگشت
گور میجویند یارانت بصید — کور میجوئی تو در کوچه بکید
آن سگ عالم شکار گور کرد — وین سگ بی مایه قصد کور کرد
علم چون آموخت سگ رست از ضلال — میکند در بیشه‌ها صید حلال
سگ چو عالم گشت شد چالاک زفت — سگ چو عارف گشت شد اصحاب کهف

کتا کوچے میں گدائے کور پر — حملہ کرتا تھا مثال شیر نر
قصد فقرا خشم سے کتا کرے — خاک فقرا ماہ آنکھوں میں رکھے
اندھا عاجز بانگ کتے سے ہوا — اسکی تعظیم اندھا بس کرنے لگا
اے امیر صید اے شیر شکار — تجھکو قدرت ہے نہ رکھ مجھ سے کار
اس دم سگ کی ضرورت سے حکیم — کرتا تعظیم و لقب رکھا کریم
پس کہا اسنے ضرورت سے اے شیر — مجھ سا لاغر صید سے کب تو ہو سیر
گور صحرائی پکڑتے تیرے یار — تو کرے اندھے کا کوچہ میں شکار
یار تیرے گور کا ڈھونڈھیں شکار — ڈھونڈھے تو اندھے کو کوچہ میں یار
وہ سگ عالم تو مارے گور کو — اور یہ سگ مستعد اندھے کا ہو
علم سیکھا تو گیا سگ سے ضلال — کرتا وہ صحرا میں ہے صید حلال
سگ جو عالم ہو تو ہووے تیز رو — سگ جو عارف ہو صحاب کہف ہو

۱ کتا کوچہ میں الخ یہ شعر ایک کتا کوچہ میں اندھے گدا پر مثل شیر کے حملہ کرتا تھا آگے حقائق ہیں قصد فقیروں کا خشم سے کتا کرتا ہے اور خاک پا فقیروں کی ماہ آنکھوں میں رکھتا ہے کتے کی آواز سے اندھا عاجز ہوا پس اندھا اس کی تعظیم کرنے لگا کہ اے امیر صید اے شیر شکار تجھکو قدرت ہے تو مجھ سے کام مت رکھ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ اس دم سگ الخ یہ شعر وہ حکیم اس دم سگ کی بضرورت تعظیم کرتا اور اس کا کریم لقب رکھا پس اس نے ضرورت سے کہا اے شیر مجھ سے لاغر شکار سے تو کب سیر ہو تیرے یار گور صحرائی پکڑتے ہیں تو اندھے کا کوچہ میں شکار کرتا ہے تیرے یار شکار گور خر کا ڈھونڈھتے ہیں تو اندھے کو ڈھونڈھتا ہے کوچہ میں علم سیکھا تو سگ سے گمراہی گئی کہ جنگل میں وہ صید حلال کرتا ہے یعنی سگ نفس سے اور اندھا غافلان دنیا سے مراد ہے پس غافلان دنیا اپنے نفس کی اسی طرح خوشامد کرتے ہیں جو سگ نفس کہ اصلاح پذیر ہوا وہ صحرائے معنی میں گور اسرار و انوار کا شکار حلال کرتا ہے باقی حقائق آگے ہیں فافہم ۱۲ ۳ سگ الخ یہ شعر جو سگ عالم ہو تیز رو ہووے جو سگ کہ عارف ہو اصحاب کہف ہووے سگ نے جانا کہ امیر صید کون ہے اے خدا تو آشنا کون ہے اندھا اندھے پن سے کچھ نہیں جانتا ہے بلکہ جہل سے نہیں پہچانتا ہے زمین اندھے سے اندھی سوا نہیں ہے کہ وہ فضل حق سے دشمن کو جانتی ہے ہمیشہ یعنے اندھی سوا ہے اندھے انسان سے مگر وہ زمین اپنے دشمن کو جانتی ہے اور وہ زمین جانتا ہے پس معلوم ہوا کہ اندھے پن سے نہیں بلکہ جہل سے نہیں جانتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ -

سنگ شناسا شد که میر صید کیست	ای خدا آن نور اشناسنده چیست	سنگ نے جانا کون میر صید ہے	اے خدا نور آشنا ہین کون سے
کور نشناسد نه از بے‌چشمی است	بلکه از جہل است زیر خشمی است	اندھے پن سے اندھا نہ کچھ جانتا	جہل سے بلکہ نہین پہچانتا
نیست خم دے چشم ترکو از زمین	این زمین از فضل شد خصم مبین	نے زمین اندھے سے ہے اندھا سوا	فضل حق سے جانے خصم کو سدا
نور موسیٰ دید موسیٰ را نواخت	خسف قارون کرد قارون را گداخت	نور موسیٰ دیکھ ہوئی موسیٰ نواز	کھینچا قارون کو ہوا قارون گداز
رجف کرد اندر ہلاک ہر دغی	فہم کرد از حق که یا ارض ابلعی	جنبشین کر کرکے ہر ہر دغی	تو سمجھ حق سے کہ یا ارض ابلعی
خاک و باد و آب و نار با شرر	بیخبر از ما و از حق با خبر	خاک و باد و آب آتش پر شرر	بیخبر ہم سے وحق سے باخبر
ما بعکس آن ز غیر حق خبیر	بیخبر از حق با چندین نذیر	ہم ہین الٹے غیر حق سے باخبر	بیخبر ہم حق سے با این خوف و ڈر
لاجرم اشفقن منہا جملہ شان	گند شد ز آمیز حیوان جملہ شان	اسلیے اشفقن منہا جلو وا	ربط حیوان سے رہے بس گندہ ہو
گفت بیزاریم جملہ زین حیات	که بود با خلق حی با حق موات	ہوے ہم اس زندگی سے تنگ ہین	مردہ باحق زندہ با دنیا رہین
چون بماند از خلق ماند او یتیم	انس حق را قلب می باید سلیم	خلق کے جو ساتھ ہے وہ ہے یتیم	انس حق کو چاہیے قلب سلیم
چون ز کورے دزد دزد کالا	میکند آن کور عمیا نالہا	چور اک اندھے کی جو چوری کرے	اندھا اندھوں کی طرح زاری کرے
تا نگوید دزد او را کان منم	کز تو دزدیدم که دزد پرفنم	چور کب اسکو کہے ہین وہ چور	جو تری چوری کرے پرفن ہون چور
کے شناسد کور دزد خویش را	چون ندارد نور چشم آن ضیا	اندھا کب پہچانے اپنے چور کو	جو نہ آنکھو مین رکھے وہ نور کو
چون بگوید ہم بگیر او را تو سخت	تا بگوید او علامتہاے رخت	جو کہے وہ تو پکڑ مضبوط اسے	تا بتائے وہ پتے اسباب کے
پس جہاد اکبر آمد عصر دزد	تا بگوید که چه برد آن زن بمزد	ہی جہاد اکبر اب تنگی کو رہ	تاکہے کیا لیگیا وہ گندہ چور
کالہ حکمت که گم کرده دل است	پیش اہل دل یقین آن حاصل است	دل سے جو اسباب حکمت گم گیا	اہل دل کو ہی یقین واصل ہوا
کور دل با جان و با سمع و بصر	می نداند دزد شیطان را اثر	دل کا اندھا جان کان اور آنکھ سے	چور شیطان کا اثر کب پاسکے
ز اہل دل جو از جماد آن را مجو	که جماد آمد خلائق پیش او	اہل دل سے لے جمادون سے نہ لے	اور خلائق کو جماد اک جان لے

۱؎ نور موسیٰ الخ ۴ شعر نور موسیٰ دیکھکر زمین موسیٰ کی رفیق ہوئی کھینچا قارون کو اور قارون کی گلانے والی ہوئی زمین نے جنبشون سے کافرون کو تباہ کیا ترجمہ کر اے زمین نگل لے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ خاک و باد الخ ۹ شعر خاک و باد و آب و آتش ہم سے بیخبر اور حق سے خبردار ہے اور ہم اُس کے برعکس غیر حق سے باخبر اور حق سے بیخبر با وجود اس خوف و ڈر کے اس لیے اشفقن منہا یعنے ڈر رہے اس سے سب وہ حیوانو کے ربط سے رہ گئے گندہ ہوکر ہوے ہم اس زندگی سے تنگ ہین کہ مردہ ساتھ حق کے اور زندہ ساتھ خلق کے ہم رہین جو خلق کے ساتھ ہے وہ یتیم ہے اور انسبت حق کو قلب سلیم چاہیے آگے مثال ہے ایک چور اندھے کی چوری کرے اور اندھا اندھے کی طرح زاری کرے جب تک چور اس کو کہے اے کور مین ہون چور جو تیری چوری کرے اندھا کب پہچانے اپنے چور کو جو کہ آنکھون مین وہ نور نہین رکھتا ہے جب تک کہ وہ کہے تو مضبوط پکڑے اُسے تاکہ وہ اپنے اسباب کو بتائے آگے حقائق ہین فافہم ۲ ۳؎ ہی جہاد الخ ۵ شعر پس چور کو تنگ کرنا جہاد اکبر ہے تاکہ وہ کہے کہ کیا چرا لے گیا ہے جو اسباب حکمت دل سے گم گیا وہ اہل دل کو یقین ہے حاصل ہوا جان و کان آنکھ سے دل کا اندھا چور شیطان کا اثر کب پاسکے اہل دل سے لے جمادون سے مت لے اور خلق کو ایک جماد جان لے یعنے وہ چور شیطان ہے اور تیرہ دل اندھا ہے کہ اس کا اسباب نور چشم دل و حکمت تھی شیطان نفس نے چرالی ہے تو اُسے تنگی کر اسی کو جہاد اکبر کہتے ہین آگے رجوع بقصہ

باز میگردیم سوے رازجو	تاشود ہم مشورت با رازگو	اب[۵۱] مین پھر پھرتا ہون سوے رازجو	تاکہ ہوؤین ہم مشیر رازگو
مشورت جوینده آمد نزد او	کاے اب کودک شده رازے بگو	رازجو بہلول کے نزدیک ہو	بولا اے بابا کہو اُس راز کو
گفت رو زین حلقه کین در باز نیست	باز گرد امروز روز راز نیست	بولا اس حلقہ سے جا در نے کھلا	آج تو جا دن نہین ہے راز کا
گر مکان را ره بُدے در لامکان	ہمچو شیخان بودمی من بر دکان	گر مکان کو لامکان مین ہوتی راہ	مثل شیخون کے مین ہوتا اہل جاہ

خواندن محتسب مست خراب افتاده را بسوے زندان

لیجانا محتسب کا ایک مست کو زندان مین اور جواب دینا اُسکا

محتسب در نیم شب جائے رسید	در بن دیوار مردے خفته دید	نیم[۵۲] شب کو محتسب اک جا گیا	زیر دیوار اُسکو سوتا اک ملا
گفت ای مستے چه خوردستی بگو	گفت ازان خوردم که ہست اندر سبو	بولا اُٹھ اے مست کیا کھایا کہو	بولا وہ کھایا ہی جو مٹکے مین ہو
گفت آخر در سبو واگو که چیست	گفت ازانکه خورده ام گفت این خفیست	بولا کیا مٹکے مین ہے کہہ تو بیان	بولا کھایا اُس سے جو کچھ تھا نہان
گفت آنچه خورده آن چیست آن	گفت آن کاندر سبو مخفی است من	بولا جو کچھ کھایا تو نے کیا ہے وہ	بولا وہ مٹکے مین جو خفا ہے وہ
دور میشد این سوال و این جواب	ماند چون خر محتسب اندر خلاب	دور ہوتا تھا سوال اور یہ جواب	محتسب جیسے خر رہا اندر گل آب
گفت او را محتسب ہین آه کن	مست ہو ہو کرد ہنگام سخن	بولا اس سے محتسب کر آہ تو	مست نے کی در جواب آواز ہو
گفت گفتم آه کن ہو میکنی	گفت من شادم تو از غم منحنی	بولا مین آہ کو کہون تو ہو کرے	بولا مین تو خوش ہون اور تو غم رکھے
آه از درد و غم بیدادی است	ہوے ہوے میکشان از شادی است	آہ درد و غم ستم سے ہوتی ہے	ہو نکلتی ہے خوشی اور عیش سے

۵۱ اب مین پھر پھرتا ہون الخ یہ شعر اب مین پھر پھرتا ہون طرف رازجو کے تاکہ ہم مشیر رازگو کا ہون رازجو پہلے نزدیک جاکر بولا اے بابا اس راز کو کہو بہلول نے کہا کہ اس حلقہ سے جا یہ در نہین کھلا آج تو جا راز کا دن نہین ہے اگر مکان کی لامکان مین راہ ہوتی مثل شیخون کے مین بھی اہل جاہ ہوتا یعنے معنی قید بیان سے باہر ہے اور اگر راز معنے کا بیان ہوتا تو مین بھی مثل شیخون کے دکاندار ہوتا کیون خراب حال پھرتا چنانچہ محتسب و مست کا قصہ مثال مین آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۲ نیم شب کو الخ یہ شعر محتسب نیم شب کو ایک جا گیا زیر دیوار اُس کو ایک سوتا ہوا ملا کہا اے مست اُٹھ کیا کھایا ہے کہو کہا وہ کھایا ہے جو مٹکے مین ہو بولا مٹکے مین کیا ہے بیان کر بولا جو کچھ کھایا اس سے ہے بولا وہ پوشیدہ ہے بولا جو کچھ تو نے کھایا ہے وہ کیا ہے بولا جو مٹکے مین کہا کہ وہ پوشیدہ ہے یہی سوال و جواب کا دور ہوتا تھا محتسب مانند خر کے کیچڑ مین حیران رہا دور اُس کو کہتے ہین کہ ایک شئے موقوف ہو اول پر جیسے وجود مرغ کا موقوف ہے بیضہ پر اور وجود بیضہ کا موقوف ہے مرغ پر محتسب نے اُس سے کہا تو آہ کر مست نے جواب اُس کے مین آواز ہو کی محتسب بولا کہ مین تو آہ کرنے کو کہتا ہون تو ہو کرتا ہے بولا مین تو خوش ہون اور تو غم کھاتا ہے آہ درد و غم سے ہوتی ہے اور ہو عیش و خوشی سے نکلتی ہے یعنے وہ مست عشق الہی لفظ ہو کہتا تھا کہ مقام ہو عیش عشاق ہے کہ عاشق کو وہان فناء کامل ہوتی ہے اور مقام ہو کو لامکان بھی کہتے ہین اور راہ نفس سے تعلق رکھتی ہے اور حالت فراق مین عاشق سے نکلتی ہے چونکہ وہ مست دل سے وصال رکھتا ہے اس واسطے ہو کہتا ہے اور محتسب آہ نفسانی کرنے سے خرکو معلوم کرنا چاہتا تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ -

محتسب گفت این ہمی دانم خیز خیز | معرفت متراش بگزار این ستیز
گفت رو من از کجا تو از کجا | گفت مستی خیز تا زندان بیا
گفت مست ای محتسب بگزار و رو | از برہنہ کے توان بردن گرو
گر مرا خود قوت رفتن بدی | خانہ خود رفتمی وین کے شدی
من اگر با عقل و با امکانمے | ہمچو شیخان بر سر دکانمے
گر مرا رائے و تدبیرے بدی | ہمچون شیخان جاہ و توقیرے بدی
ہم مرا زنبیل و دریوزہ بدی | ہم نذورات ہمہ روزہ بدی

محتسب[۱] بولا نہ جانون ہو کھڑا | مت تراشے معرفت اے جنگ زا
بولا جا تو مین کہان اور تو کہان | بولا چل اے مست تا زندانیان
مست بولا محتسب جا چھوڑ تو | کب برہنہ سے تو جیتے شرط کو
ہوتی چلنے کی اگر قوت مجھے | اپنے گھر جاتا یہ ہوتا کس لیے
ہوتا مین با عقل و با امکان اگر | ہوتا مثل شیخ مین دکان پر
ہوتین گر رائین و تدبیرین مری | ہوتین مثل شیخ توقیرین مری
ہوتی زنبیل و گدائی بھی مجھے | ہوتی نذرین سارے دن کی بھی مجھے

دوم بار در سخن کشیدن سائل آن بزرگ را تا حال او معلوم گردد

دوسری بار کہنا سائل کا اُس بزرگ کو تا حال اُسکا معلوم ہو

گفت آن طالب کہ آخر یک نفس | ای سوارہ بر نے این سو ران فرس
راند سوئے او کہ ہان و زو تر بگو | کاسپ من بس توسن است و تند خو
تا لگد بر تو نہ کوبد دور باش | از چہ میپرسی بیان کن خواجہ تاش
او مجال راز دل گفتن ندید | رو برون شو کرد و در لاغش کشید
گفت میخواہم درین کوچہ زنے | کیست لائق از برائے چون منے
گفت سہ گونہ زنان اند در جہان | آن دو رنج و این یکے گنج روان
آن یکے را چون بخواہی کل تراست | وین دگر نیمے ترا نیمے جدا است

بولا[۲] وہ طالب کہ اک دم میری سو | اے سوار نے تو دوڑا اسپ کو
گھوڑا دوڑا کر کہا جلدی کہو | گھوڑا ہی منہ زور میرا تند خو
لات ماریگا کہین تو دور ہو | پوچھتا ہی کیا تو اے خواجہ کہو
راز کہنے کی نہ قدرت جو ملی | مسخرے پن سے کہا ہٹ جا ابھی
بولا[۳] مین ہون چاہتا عورت یہان | کونسی لائق ہی میرے کر بیان
بولا عورت تین ہین اندر جہان | دو ہین رنج اور ایک ہی گنج روان
ایک وہ جو تو کرے کل ہو تری | دوسری آدھی تری آدھی جدی

۱؎ محتسب بولا الخ، شعر محتسب نے کہا مین نہیں جانتا تو کھڑا ہو اور معرفت مت تراش اے جنگجو مست نے کہا تو جا مین کہان اور تو کہان کہا اے مست چل تو زندان تک مست نے کہا تو جا چھوڑ تو کب برہنہ سے شرط جیتے اگر چلنے کی مجھکو طاقت ہوتی تو گھر جاتا یہ کاہے کو ہوتا اگر مین با عقل و با امکان ہوتا مثل شیخ کے دکان پہ ہوتا اگر میری رائین تدبیرین ہوتین مثل شیخ کے میری توقیرین ہوتین تو زنبیل اور گدائی مجھکو ہوتی نذرین تمام دن کی مجھکو ملتین یعنے مین بھی مثل پیرزن دکاندار کے صاحب مال ہوتا اور اس بینوائی مین کیونکر گرفتار رہتا پس ثابت ہوا کہ جو اہل معنی ہین وہ پابند آسایش دنیا نہیں ہین پریشان حال رہتے ہین آگے قصہ سائل کا ہے فافہم ۱۲ ۲؎ بولا وہ الخ یہ شعر اس طالب نے کہا کہ ایک دم میری طرف اے سوار لاٹھی کے دوڑا گھوڑے کو بہلول نے گھوڑا دوڑا کر کہا جلدی کہو کہ میرا گھوڑا منہ زور و تند خو ہے لات نہ کہین مارے تو دور ہو تو کیا پوچھتا ہے اے خواجہ کہو راز کہنے کی جو قدرت نہ ملی مسخرے پن سے کہا اب ہٹ جا باقی حال قصہ کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۳؎ بولا مین الخ، شعر کہا مین نے عورت کرنا چاہتا ہون یہان پر کونسی لائق ہے میرے بیان کر کہا تین قسم کی عورتین جہان مین ہین دو سے رنج اور ایک سے گنج ہے ایک جو تو کرے وہ کل تیری ہو دوسری آدھی تیری آدھی جدی ہو تیسری وہ جو تیری کچھ نہین ہو یہ تو نے سنا اے مدعی جلد ہے تو گھوڑا لات نہ مارے تجھے کہ تو گرے اور پھر اُٹھ نہ سکے شیخ ہمراہ لڑکون کے چلدیا پھر اُس جوان نے اسکو آواز دی کہ تو آ اور تفسیر اسکی کہہ تو کہتا ہے کہ عورتین تین کر دو باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ -

وان سوم ہیچ او تر انبود بدان ۔ این شنیدی دور شو رفتم روان
تا ترا اسپم نہ پراند لگد ۔ کہ بیفتی بر نخیزی تا ابد
شیخ راند اندر میان کودکان ۔ بانگ زد بار دگر او را جوان
کہ بیا آخر بگو تفسیر این ۔ این زمان سہ نوع گفتی برگزین
راند سوے او و گفتش بکر خاص ۔ کل ترا باشد ز غم یابی خلاص
وانکہ نیمی ہست نو بیوہ بود ۔ وانکہ ہیچ ست آن عیال با ولد
چون ز شوے اولش کودک بود ۔ مہر کل خاطرش آن سو رود
دور شو تا اسپ نیندازد لگد ۔ سم اسپ توسنم بر تو رسد
ہاے ہوے کرد شیخ و باز راند ۔ کودکان را باز سوے خویش خواند
باز بانگش کرد سائل کہ بیا ۔ ایک سوالم ماند اے شاہ کیا
باز راند این سو بگو زوتر چہ بود ۔ کہ زمیدان آن بچہ گویم ربود
گفت اے شہ با چنین عقل و ادب ۔ اینچہ شیدست اینچہ فعلست اے عجب
تو ورائے عقل کلی در بیان ۔ آفتابی در جنون چونی نہان
گفت این اوباش رائے میزنند ۔ تا درین شہر خودم قاضی کنند
دفع میگویم مرا گویند نے ۔ نیست چون تو عالمے صاحب فنے
با وجود تو حرام ست و خبیث ۔ کہ کم از تو در قضا گوید حدیث
در شریعت نیست دستوری کہ ما ۔ کمتر از تو شہ کنیم و پیشوا
زین ضرورت گیج و دیوانہ شدم ۔ زین گروہ از عجز بیگانہ شدم
ظاہرا شوریدہ و شیدا شدم ۔ لیک در باطن ہمانم کہ بدم

تیسری وہ کچھ نہین ہووے تری ۔ یہ سنا تو نے تو جا اے مدعی
تا نہ گھوڑا لات مارے اب تجھے ۔ کہ گرے تو اور کبھی نہ اٹھ سکے
شیخ بس لڑکون کے ہمراہ چل دیا ۔ پھر پکارا اور جوان نے یہ کہا
کہ تو آ تفسیر اُس کی تو کہو ۔ عورتین تو تین کہتا ہے کہ دو
اُسکے پاس آ کر کہا کہ باکرہ ۔ کل تری ہو غم سے تو ہووے رہا
جو کہ آدھی ہے نئی وہ رانڈ ہے ۔ وہ نہین کچھ ہے جو زن بچہ رکھے
اگلے شوہر سے جو اولاد اسکی ہو ۔ کل محبت اسکی اُس شوہر سے ہو
دور ہو تو لات گھوڑے کی چلے ۔ سم نہ گھوڑے کا ترے جا کر لگے
ہائے ہو کی شیخ نے پھر چل دیا ۔ اور لڑکون کو بخود مائل کیا
پھر پکارا اُسکو سائل نے کہ آ ۔ اک سوال اور میرا باقی رہ گیا
پھر وہ آیا کہ کہو کیا رہ گیا ۔ کہ وہ لڑکا گیند میرے لیگیا
بولا اے شہ باوجود اس عقل کے ۔ تجھکو یہ فعل و حیلے کس لیے
تو سوا ہے عقل کل سے در بیان ۔ شمس ہے کیونکہ جنون مین ہے نہان
بولا کرتے مشورت اوباش ہین ۔ تا مجھے اس شہر کا قاضی کرین
کرتا ہون انکار کہتے ہین نہین ۔ تجھ سا عالم با عمل جگ مین نہین
تیرے ہوتے ہے بدتر اور حرام ۔ تجھ سے کم اندر قضا ہووے کلام
ہے نہ دستور اب ہماری شرع مین ۔ پیشوا ہم تجھ سے کمتر کو کرین
اس ضرورت سے مین دیوانہ ہوا ۔ اس گروہ سے آپ بیگانہ ہوا
ظاہرا مجنون و دیوانہ ہوا ۔ پر مین باطن مین وہی ہون جو کہ تھا

لے اس کے پاس الخ شعر اُس کے پاس آ کر کہا کہ باکرہ کر کہ کل تیری ہووے اور تو غم سے چھوٹے اور آدھی عورت نئی رانڈ ہے اور وہ کچھ نہین ہے کہ جو عورت بچہ رکھتی ہے اگلے شوہر سے جو اسکی اولاد ہو کل محبت اُس کی اُس شوہر سے ہو تو دور ہو کہ گھوڑے کی لات نہ لگی تیرے سم گھوڑے کا نہ جا لگے ہائے ہو شیخ نے کی اور پھر چل دیا اور لڑکون کو اپنی طرف مائل کیا پھر سائل نے اسکو پکارا کہ آؤ میرا ایک سوال اور باقی رہ گیا ہے یعنے عورتین تین قسم کی ہین باکرہ رانڈ و ذی اولاد مگر باکرہ بہتر ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔ ۲ے پھر وہ آیا الخ شعر وہ آیا کہ کہو کیا رہ گیا ہے کہ وہ لڑکا میرے گیند لے گیا ہے کہا اے بادشاہ باوجود اس عقل کے تجکو یہ فعل اور حیلے کس واسطے ہین تو سوائے عقل کل کے بیان مین ایک شمس ہے جنون مین کیون پوشیدہ ہے کہا کہ اوباش مشورہ کرتے ہین کہ مجھے اس شہر کا قاضی کرین مین انکار کرتا ہون تو کہتے ہین تجھ سا عالم با عمل جگ مین نہین ہے تیرے ہوتے بدتر اور حرام ہے کہ تجھ سے کم اندر قضا کے حکم کرے ہماری شرع مین دستور نہین کہ تجھ سے کمتر کو ہم پیشوا کرین اس ضرورت سے مین دیوانہ ہوا ہون اور اس گروہ سے خود بیگانہ ہوا ہون مین ظاہر مین مجنون دیوانہ ہوا لیکن مین باطن مین وہی ہون جو کہ تھا میری عقل گنج اور مین دیرانہ ہون گنج اگر ظاہر کردن دیوانہ ہون آگے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۔

عقل من گنج است و من ویرانہ ام | گنج اگر پیدا کنم دیوانہ ام

اوست دیوانہ کہ دیوانہ نشد | این عسس را دید و در خانہ نشد

دانش من جوہر آمد نے عرض | این بہائے نیست بہر ہر غرض

کان قندم نیستان شکرم | ہم ز من می روید و من میخورم

علم تقلیدی و تعلیمی است آن | کز نفور مستمع دارد فغان

چون پئے دانش نہ بہر روشنی است | ہمچو طالب علم دنیائے دنی است

طالب علم است بہر عام و خاص | نے کہ تا یابد ازین عالم خلاص

ہمچو موشی ہر طرف سوراخہا | میکند غافل ز انوار بقا

ہمچو موشے ہر طرف سوراخ کرد | چونکہ نورش راند از در گشت سرد

چونکہ سوے دشت و نورش رہ نبود | ہم در آن ظلمات جہدی می نمود

گر خدایش پر دہد او با خرد | بر رہد از موشی و چون مرغان پرد

در نجوید پر بماند زیر خاک | نا امید از رفتن راہ سماک

علم گفتاری کہ آن بیجان بود | عاشق روئے خریداران بود

گرچہ باشد وقت بحث علم زفت | چون خریدارش نباشد مرد و رفت

مشتری من خدا است او مرا | میکشد بالا کہ اللہ اشترے

خونبہاے من جمال ذو الجلال | خونبہائے خود خورم کسب حلال

عقل میری گنج ہے ویرانہ ہوں | گنج اگر ظاہر کروں دیوانہ ہوں

وہ ہے دیوانہ نہ دیوانہ ہوا[1] | دیکھ اس شحنہ کو نہ گھر میں چھپا

عقل ہے جوہر مری اور نے عرض | یہ نہیں رکھتی ہے قیمت ہر غرض

کان قند اور نیستان شکر کا ہوں | مجھسے اُگتا ہے وہ میں ہی کھاتا ہوں

علم تقلیدی و تعلیم اک ہی دو | نہ سنے کوئی تو اسکو رنج ہو

بہر دانش ہے نہ بہر روشنی | جیسے طالب علم دنیاے دنی

چاہتا ہے علم بہر عام و خاص | نے کہ اس عالم سے پاوے وہ خلاص

مثل چوہا کرتا وہ سوراخ ہر | کیونکہ غافل ہے بقاے نور سے

ہر طرف سوراخ جوں چوہا کیا | نور نے جو روکا تو الٹا پھرا

نور و جنگل کیطرف جو رہ نہ تھی | اسکو اس ظلمت میں بس کوشش رہی

گر خدا پر دیوے اسکو عقل سے | چوہاپن چھوڑے مثال مرغ اڑے

گر نہ ڈھونڈھے پر تو نیچے خاک کے | رہے نا امید وہ افلاک سے

علم فانی جو کہ وہ بیجان ہے | عاشق روے خریدان ہے

علم گرچہ بحث کے وقت ہو قوی | جو نہ پاوے مشتری ہو مردنی

مشتری حق ہی مرا سوے علا | مجکو کھینچے ہے کہ اللہ اشترے

خونبہا میرا جمال ذو الجلال | کھاؤں اپنا خونبہا کسب حلال

---

[1] وہ ہے الخ یہ شعر وہ دیوانہ نہیں ہوا ہے کہ اس شحنہ کو دیکھ کر گھر میں نہیں چھپا ہے یعنے وہ شخص دیوانہ نہیں ہوا ہے میری عقل جوہر ہے عرض نہیں رکھتی میں کان قند و نیستان شکر کا ہوں کہ مجھسے اُگتا ہے وہی میں کھاتا ہوں کہ مجھسے میں عارف ہوں اور شاہد بن جو عرفان کشف ہوتا ہے مجھ میں صرف ہوتا ہے آگے علم تقلیدی کا بیان ہے فافہم ۱۲ [2] علم تقلیدی الخ یہ شعر وہ ایک علم تقلیدی ہے و تعلیم ہے کہ جو نہ سنے تو اسکو رنج ہووے تو وہ علم واسطے دانش کے ہے نہ واسطے روشنی کے جیسے طالب علم دنیا کا علم سیکھتا ہے اور چاہتا ہے علم واسطے خاص و عام کے اس عالم سے خلاص ہونے کو نہیں چاہتا ہے اس کی مثال ہے مثل چوہے کے وہ ہر طرف سوراخ کرتا ہے اور بقاے نور سے غافل ہے مثل چوہے کے ہر طرف سوراخ کیا نور نے جو روکا تو وہ واپس پھرا نور و جنگل کی طرف جو راہ نہ تھی اس واسطے اُسکو ظلمت میں کوشش رہی اگر خدا اُسکو عقل سے پر دیوے جو چوہاپن چھوڑے اور مرغ کے مانند اڑے اور اگر پر نہ ڈھونڈھے نیچے خاک کے نا امید ہوے افلاک سے یعنے علم تقلیدی دنیا کمانے کو سیکھنا اور وصول الی اللہ سے باز رہنا مثل چوہے کے ظلمت میں رہنا اور روشنی سے بھاگنا ہے اگر خدا چاہے عرفان دے کر مثل مرغ کے اڑائے باقی حال آگے ہے فافہم [3] علم فانی الخ یہ شعر جو کہ علم فانی بیجان ہے عاشق خریداران کے منھ کا ہے یعنے اہل قال سامعین منھ کو تکتے ہیں کہ کیا وہ تعریف کرتے ہیں یعنی مدح پسند ہیں اگرچہ علم بحث کے وقت قوی ہے تو خریدار نہ پانے تو مردہ ہوا اور میرا مشتری اللہ ہے اور کھینچتا ہے طرف اعلا کے ترجمہ خریدار اللہ ہے میرا خونبہا جمال حق ہے کسب جلال ہے میں اپنا خونبہا کھاتا ہوں یس تو ان خریداران مفلس سے نہ لے مشت گل کیا خریداری کرینگے گل مت کھا اور گل مت لے اگر گل کھائیگا تو ہمیشہ زرد رو ہو گا سیب اسی سبب گل ہو تو اسکو مت کھا اور رضا لے تو رکھا کہ نور سے نوری ہو کے ورنہ گل کھانے سے زرد رو ہوگا یعنے شرمندہ روز حشر کے ہوگا باقی حال آگیا ہے فافہم ۱۲

این خریداران مفلس را بهل	چه خریداری کند یک مشت گل	ان خریداران مفلس سے نہ مل	کیا خریداری کرین یہ مشت گل
گل مخور گل رامخر گل را مجو	زانکه گل خوارست دائم زرد رو	گل نہ ڈھونڈھ اور گل نہ کھا گل لے نہ تو	گل جو کھائے ہو ہمیشہ زرد رو
دل بخور تا دائما باشی جوان	از تجلی چهره‌ات چون ارغوان	مول لے دل تا ہمیشہ ہو جوان	اور تجلی سے ہو منھ جون ارغوان
طالب دل شو که تا باشی چو دل	تا شوی شادانی فرحان مثل گل	طالب دل ہو کہ تا ہو مثل گل	تا ہو تو ہشیار و خندان مثل گل
دل نباشد آنکه مطلوب گل است	این سخن‌ها ارزوئے بر صفا دل احبست	وہ نہین ہے دل جو ہے مطلوب گل	جانتے اس بات کو ہین اہل دل
یارب این بخشش نه حد کار ماست	لطف تو لطف خفی را خود سزاست	اے خدا بخشش نہ یہ حد ہے مری	لطف تیرا لائق لطف خفی
دستگیر از دست ما ما را بخر	پرده را بردار و پرده ما مدر	مول لے ہم کو ہمارے ہاتھ سے	کھول دے پردہ نہ رسوا مت کرے
باز خر ما را ازین نفس پلید	کاردش تا استخوان ما رسید	مول لے پھر ہم کو تو اس نفس سے	پہونچی ہڈی تک چھری اب اسکی ہے
از چو ما بیچارگان این بند سخت	که گشاید جز تو ای سلطان بخت	کون ہم بیچارگون سے بند سخت	تجھ سوا اب کھولے اے سلطان بخت
اینچنین قفل گران ای ودود	که تواند جز که فضل تو گشود	ایسے بھاری قفل کو اے خدا	کون کھولے فضل تیرے کے سوا
ما ز خود سوی تو گردانیم سر	چون توئی از ما بما نزدیک تر	تیری جانب ہم پھرے خود آپ سے	ہمسے تو نزدیک زیادہ ہم سے ہے
با چنین نزدیکی دوریم دور	در چنین تاریکی بفرست نور	باوجود اس قرب کے ہم بس ہین دور	ایسی تاریکی مین اب تو بھیج نور
این دعا هم بخشش و تعلیم تست	ورنه در گلخن گلستان از چه رست	یہ دعا تعلیم و بخشش تجھ سے ہے	ورنہ گلخن مین گلستان کب اُگے
در میان خون و روده فهم و عقل	جز به اکرام تو نتوان کرد نقل	درمیان اس خون و رگ کے فہم و عقل	جز کرم تیرے نہ ہو سکتی ہے نقل
از دو پاره پیه آن نور روان	موج نورش میرود تا آسمان	نور دو ٹکڑون سے چربی کے یہان	موج مارے نور پھر تا آسمان
گوشت پاره که زبان آمد ازو	میرود سیلاب حکمت همچو جو	گوشت کا ٹکڑا کہ جو ہے وہ زبان	سیل حکمت نہر سان اس سے روان
سوی سوراخی که نامش گوشهاست	تا بباغ جان که میوه‌ش هوشهاست	جانب سوراخ کہ نام اسکا گوش	باغ جان تک کہ ہے میوہ اسکا ہوش
شاهراه باغ جانها شرع اوست	باغ و بستانهای عالم فرع اوست	باغ جان کی راہ اسکی شرع ہے	اور جہان کا باغ اسکی فرع ہے

۱ه مول الخ ۲ شعر دل کو مول لے تا ہمیشہ تو جوان ہو اور تجلی سے مثل ارغوان کے منھ سرخ ہو طالب دل کا ہو کہ مثل گل ہو تا خوش و خندان مثل گل ہو کہ مثل ہو نا خوش اور وہ دل نہین ہے جو مطلوب دل کا ہو بس اہل دل اس بات کو جانتے ہین آگے مناجات ہے اے خدا یہ بخشش تیری میرے حد امکان سے باہر ہے تیرا لطف لائق لطف پوشیدہ کے ہے ہم کو ہمارے ہاتھ سے مول لے اور پردہ کھول دے اور رسوا مت کرے یعنے ہم کو اس صورت سے چھڑا دے پھر ہم کو مول لے اس صورت سے کہ اسکی چھری ہڈی تک اب پہونچی ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲
۲ه کون ہم بیچارون سے الخ ۲ شعر ہم بیچارون کا تجھ سے سوا کون ہے اے سلطان بخت اے خدا ایسے بھاری قفل کو تیرے فضل کے سوا کون کھولے تیری جانب ہم خود آپ سے پھرے تو ہم سے زیادہ نزدیک ہم سے ہے باوجود اس قرب کے ہم دور ہین ایسی تاریکی مین اب تو نور بھیج یعنے ہم تیرے قریب ہین مگر بسبب ظلمت نفس کے تجھ کو پہچان نہین سکتے ہین تو نور دل عنایت کر تا کہ پہچانین یہ دعا تعلیم و بخشش تجھ سے ہے ورنہ گلخن مین گلستان کب اُگتا ہے فہم و عقل درمیان اس خون و رگ کے بجز تیرے کرم کے نقل نہین کر سکتے ہین نور دو ٹکڑے چربی سے بظاہر موج مارے آسمان تک باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ه گوشت کا الخ ۳ شعر ٹکڑا گوشت کا کہ جو زبان ہے حکمت کی سیل اس سے روان ہے جانب سوراخ کے نام اس کا گوش ہے باغ جان تک کہ میوہ اس کا ہوش ہے اس کی شرع باغ جان کی راہ ہے اور باغ جہان کا اس کی شاخ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

اصل و سرچشمهٔ خوشی آنست آن
زود تجری تحتها الانهار خوان
قصهٔ رنجور گو با مصطفا
زانکه لطف حق ندارد منتها
شکر نعمت چون کنی چون شکر تو
نعمت تازه بود ز احسان او
عجز تو از شکر شکر آمد تمام
فهم کن دریاب قد تم الکلام

ہے وہ سرچشمہ خوشی کی ایک جڑھ
جلدی تجری تحتہا الانہار پڑھ
قصۂ بیمار کہہ با مصطفا
کیونکہ لطف حق نہ رکھے انتہا
شکر نعمت کب ہوے شکر اب کل ترے
نعمت تازہ ہو احسان اسکے سے
تیرا عجز شکر آیا تمام
تو سمجھ لے اب ہوا آخر کلام

نصیحت کردن رسول اللہ بیمار را و دعا آموزیدن او را

نصیحت کرنا رسول اللہ کا بیمار کو اور دعا سکھانا اس کو

گفت پیغمبر مر آن بیمار را
چون عیادت کرد یار زار را
که مگر نوعی دعای کردهٔ
از جهالت زهر هائی خوردهٔ
یاد آور چه دعای گفتهٔ
چون ز مکر نفس می آشفتهٔ
گفت یادم نیست الا همتی
دار با من یادم آید ساعتی
از حضور نور بخش مصطفے
پیش خاطر آمد او را آن دعا
همت پیغمبر روشن کده
پیش خاطر آمدش آن گم شده
تافت زان روزن که از دل تا دلست
روشنی کو فرق حق و باطلست
گفت اینک یادم آمد ای رسول
آن دعا که گفته ام من از فضول
چون گرفتار گنه می آمدم
همچو غرقه دست و پایی میزدم
پر گنه باب کشایش میزند
غرقه دست اندر حشایش میزند
از تو تهدید و وعیدی میرسید
مجرمان را از عذابات شدید

بولے پیغمبر یہ اس بیمار سے
جو عیادت کو گئے اس یار کے
گر کسی صورت دعا تونے بھی کی
زہر کھایا ہی جہالت سے اخی
یاد کر لے کیا دعا تونے کری
مکر سے ہی نفس کی حالت بری
بولا مجھکو تو نہین کچھ یاد ہی
تم کرو ہمت تو یاد آوے مجھے
پایا پرتو جو حضور مصطفے
آگئی یاد اسکی دلمین وہ دعا
ہمت پر نور احمد سے دلا
دل مین اسکے یاد آیا وہ گما
چمکی روزن سے کہ دل سے دلکو ہے
روشنی کہ فرق حق باطل کرے
بولا اب یاد آئی مجھکو ای رسول
وہ دعا جو کی تھی از راہ فضول
مین گرفتار گنہ ہوتا جو تھا
دست و پا مین مارتا جو ڈوبتا
بخشش اپنی پر گنہ ہی چاہتا
ہاتھ سے پکڑے ہے تنکا ڈوبتا
تجھسے آتی تھین وعید بینشین
مجرمونکو ان عذابون سے جو ہین

سطر ۱ ہے وہ الخ یعنی شعر وہ سرچشمہ خوشی کی ایک جڑ ہے جلدی تجری من تحتہا الانہار کو پڑھ یعنے جان کو شریعت سے تازگی ہے جیسے باغ جنت کو نہرون سے قصہ بیمار کا کہو ساتھ مصطفے کے کیونکہ لطف حق کی انتہا نہین ہے تیرے سبب شکر نعمت کب ادا ہون اس کے احسان سے نعمت تازہ ہو یعنے جو شکر کیا وہ شکر اس کے احسان سے نعمت ہو کر ہوتے آیا پھر اس نعمت کا شکر کب ہو سکے تیرا عجز شکر تمام آیا ہے تو سمجھ لے اب کلام آخر ہوا یعنے شکر سے عاجز ہونا ہی شکر ہے آگے قصہ نصیحت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا ہے فافہم ۱۲ سطر ۵ بولے الخ یعنی شعر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا یہ اس بیمار سے جو عیادت کو اس یار کی گئے تھے کہ کسی طرح کی دعا تونے کی ہے اور زہر کھایا ہے جہالت سے اے اخی یاد کر لے کیا دعا تونے کی ہے نفس کے مکر سے حالت بری ہے کہا کہ مجھ کو تو کچھ یاد نہین ہے تم ہمت کرو تو ہم کو یاد آوے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سطر ۵ پایا الخ یعنی شعر حضور مصطفے کا پرتو پایا کہ اسکے دل مین تھا وہ دعا یاد آ گئی ہمت پر نور احمد صلی اللہ علیہ وسلم سے اسکے دل مین وہ گمان یاد آیا آگے حقائق ہین اس روزن سے کہ دل کو دل سے راہ ہے چمکی روشنی کہ فرق حق و باطل مین کرے یعنے توجہ دل سے لگی تھے یاد آئی صحابی نے کہا یا رسول اللہ اب مجھکو یاد آئی وہ دعا جو از راہ فضول کے کی تھی جو مین گرفتار گناہ ہوتا تھا اور ہاتھ پاؤن مارتا تھا مانند ڈوبتے کے اپنی بخشش پر گناہی سے چاہتا تھا جیسے ڈوبتا تنکے کو پکڑتا ہے تجھ سے وعید و بینشین ہین آتی تھین جو کہ مجرمون کو عذابون سے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

مضطرب میگشتم و چاره نبود / بند محکم بود و قفل ناگشود
نے مقام صبر نے راه گریز / نے امید توبه نے جاے ستیز
نے بغیر حق تعالے یار من / اینچنین دشوار آمد کار من
همچو هاروت و چو ماروت از حزن / آه میکردم که اے خلاق من

مضطرب مین ہوتا اور چارہ نہ تھا[۵] / قید سخت اور قفل بھاری نے کھلا
نے مقام صبر نے جانے کی راہ / نے امید توبہ نے لڑنے کی چاہ
نے سوا اللہ کے کوئی میرا یار / ایسی مشکل مین پڑا ہے میرا کار
غم سے جون ہاروت اور ماروت کے / آہ کرتا مین کہ ای خالق مرے

ذکر دشواری عذاب آخرت و سختی آن

ذکر مشکلات عذاب آخرت و سختی اسکی کا

از خطر هاروت و ماروت آشکار / چاه بابل را نمودند اختیار
تا عذاب آخرت اینجا کشند / گربزند و عاقل و ساحر وشند
نیک کردند و بجاے خویش بود / سهل‌تر باشد ز آتش رنج دود
حد ندارد وصف رنج آنجهان / سهل باشد رنج دنیا پیش آن
ای خنک آن کو جهادے میکند / بر بدن زجرے و دادے میکند
تا ز رنج آن جهانے وا رهد / بر خود این رنج عبادت می نهد
من همی گفتم که یارب آن عذاب / هم درین عالم بران بر من شتاب
تا دران عالم فراغت باشدم / در چنین درخواست حلقه میزدم
اینچنین رنجوری پیدام شد / جان من از رنج بے آرام شد
مانده ام از ذکر و از اوراد خود / بیخبر گشتم ز خویش و نیک و بد
گر نمیدیدم کنون من روے تو / اے خجسته وے مبارک بوے تو
میشدم از دست من یکبارگی / کردیم شاهانه این غمخوارگی

ڈر سے[۵] بس ہاروت اور ماروت نے / چاہ بابل کو کیا منظور ہے
تا عذاب آخرت دنیا مین ہو / عاقل و مکار جادوگر ہین دو
بس کیا اچھا و لائق اپنے ہے / ہے دھوین کا رنج آسان آگ سے
اُس جہانکا رنج نے کچھ حد رکھے / اسکے آگے رنج دنیا سہل ہے
وہ بہت اچھا[۵] جو کرتا ہی جہاد / جسم پر اپنے کرے بس ظلم و داد
اُس جہان کے رنج سے تا کہ چھٹے / خود پے اُس رنج و عبادت کو رکھے
مین یہی کہتا تھا یارب وہ عذاب / مجھ پہ اس عالم مین تو کر لے شتاب
تا کہ اُس عالم مین فارغ مین ہون / اسلیے درخواست مین بھی کرتا ہون
ایسی بیماری ہوئی پیدا مجھے / جان بیماری سے بے آرام ہے
سب گئے ذکر و وظائف چھٹ گئے / بیخبر خود سے ہون بد و نیک سے
گر تمھارا منہ نہ اب مین دیکھتا / نے مبارک بو تمھاری سونگھتا
مین گیا تھا ہاتھ سے اکبارگی / کی مری شاہانہ یہ غمخوارگی

ل۵ مضطرب الخ یہ شعر مین بیقرار ہوتا ہون اور کچھ علاج نہ تھا قید سخت اور قفل بھاری نے کھلا تھا نہ مقام صبر کا وہ نہ جائے پناہ تھی نہ امید توبہ کی اور نہ لڑنے کی قدرت تھی نہ سوا اللہ کے کوئی میرا یار تھا ایسی مشکل مین میرا کام پڑا تھا مین غم سے مانند ہاروت و ماروت کے آہ کرتا تھا کہ اے خالق میرے یعنے مین اس گناہ سے اپنے پریشان تھا ۱۲ ۔ ۵ ڈر سے الخ یہ شعر خوف سے ہاروت و ماروت نے چاہ بل کو منظور کیا ہے کہ تا عذاب آخرت دنیا مین ہو وہ عاقل و مکار جادوگر مین بس اچھا کیا اور اپنے لائق کیا کہ رنج دھوین کا آگ سے آسان ہے جہان کا رنج انتہا نہین رکھتا ہے رنج دنیا اس کے آگے سہل ہے یعنے دنیا کی فضیحتی بہتر ہے رسوائی عقبی سے باقی حقایق آگے ہین فافہم ۱۲ ۔ ۵ وہ بہت اچھا الخ شعر اے وہ شخص بہت اچھا ہے جو جہاد کرتا ہے اور اپنے جسم پر ظلم و داد کرتا ہے تاکہ اُس جہان کے رنج سے چھٹے اور اس رنج عبادت کو خود پر رکھے آگے رجوع قصہ ہے پس مین بھی یہی کہتا تھا کہ یارب وہ عذاب مجھ پر اسی عالم مین تو جلد کرلے تاکہ مین اُس عالم مین فارغ رہون اس لیے مین بھی درخواست کرتا ہون مجھکو ایسی بیماری پیدا ہوئی اور جان بیماری سے بے آرام ہوئی میرے ذکر و وظائف چھٹ گئے خود سے بد و نیک سے بیخبر ہون اگر اب مین تمھارا منہ نہ دیکھتا اور نے مبارک بو تمھاری سونگھتا مین اکبارگی ہاتھ سے گیا تھا بادشاہون کے مانند یہ آپ نے غمخواری میری کی آگے جواب حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم کا ہے فافہم ۱۲ ۔

گفت ہی ہی این دعا دیگر مکن	بر مکن تو خویش را از بیخ و بن	بولے[۱] ہی ہی یہ دعا تو پھر نہ کر	جڑ سے خود کو مت اکھیڑ اب تو بشر
تو چہ طاقت داری اے مور سقیم	کہ نہد بر تو چنان کوہ عظیم	کیا تجھے طاقت ہے ای مور سقیم	تو جو رکھے خود پہ یہ بار عظیم
گفت توبہ کردم ای سلطان کہ من	از سر جلدی نلافم این سخن	بولا میں نے توبہ کی ای شاہ دین	جھوٹ شیخی سے میں کہتا ہوں نہیں
این جہان تیہ است و تو موسیٰ و ما	از گنہ در تیہ ماندہ مبتلا	یہ جہان ہے تیہ اور موسیٰ ہے تو	میں پھنسا ہوں تیہ میں ای خوبرو
سالہا رہ میرویم و در اخیر	ہمچنان در منزل اول اسیر	راہ برسوں ہم چلے اور بس اخیر	ویسا ہی ہوں پہلی منزل میں اسیر

ذکر قوم موسیٰ علیہ السلام و پشیمانی ایشان

ذکر قوم موسیٰ علیہ السلام کا اور پشیمان ہونا اس قوم کا

قوم موسیٰ راہ می پیمودہ اند	آخر اندر گام اول بودہ اند	قوم[۲] موسیٰ نے بہت سی راہ چلی	پر قدم اول میں آخر کو رہی
راز می گفتند پیدا و نہان	جملہ مرد و زن و پیر و جوان	راز یہ کہتے تھے ظاہر و نہان	جملہ مرد و زن و کل پیر و جوان
گر دل موسیٰ ز ما راضی بُدے	تیہ را راہ و کران پیدا شدے	ہوتا ہم سے راضی گر موسیٰ کا دل	تیہ کا جاتا کنارہ ہم کو مل
ور بکل بیزار بودے او ز ما	کے رسیدے خوانہا از سما	ہوتا گر بیزار بالکل ہم سے وہ	آسمان سے پاتے ہم کب خوان کو
کے ز سنگے چشمہا جوشان شدے	در بیابان تا امان جان شدے	ہوتے کب پتھر سے یہ چشمے روان	کرتے صحرا میں وہ کب جان کی امان
بل بجائے خوان خود آتش آمدے	اندرین منزل لہب بر ما زدے	بلکہ آگ آتی بجائے خوان کے	مارتی شعلہ ہمیں اس جائے پے
چون دو دل شد موسیٰ اندر کار ما	گاہ خصم ماست گاہے یار ما	موسیٰ[۳] دو دل ہیں ہمارے کام میں	گاہ یار و گہ عدو جانے ہمیں
خشمش آتش میزند در رخت ما	حلم او رد میکند تیر بلا	اسکی نار خشم سامان دے جلا	حلم اسکا پھیر دیوے تیر بلا
کے بود کہ حلم گردد خشم تیز	نیست این نادر ز لطفت ای عزیز	ہووے کب کہ حلم یہ غصہ بنے	لیک تیرے لطف سے کب دور ہے

لہ بولے الخ ۵ شعر حضرت نے فرمایا یہ دعا پھر تو نہ کر اور خود کو جڑ سے مت اکھیڑ اے مور عاجز تجکو کیا طاقت ہے جو تو خود پر رکھے یہ بار عظیم کہا اب میں نے توبہ کی اے شاہ دین میں شیخی سے جھوٹ نہیں کہتا ہوں یہ جہان مثل تیہ کے ہے اور تم مانند مور کے ہو میں تیہ میں پھنسا ہوں یا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم میں برسوں راہ چلا اور آخر میں ویسا ہی ہوں پہلی منزل میں اسیر یعنے یا رسول اللہ میں نے اس دنیا کے امورات میں بہت سعی و کوشش کی مگر ہنوز روز اول ہے تم موسیٰ کے مانند ہو اس بلا سے نجات دو چنانچہ یہ قصہ موسیٰ کا آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲ سے ۲ قوم موسیٰ الخ ۵ شعر قوم موسیٰ نے بہت سی راہ طے کی مگر آخر کو اول قدم میں رہے راز یہ باہم کہتے تھے ظاہر و نہان جملہ زن و مرد کل پیر و جوان کہ اگر موسیٰ ہم سے راضی ہوتے تو کنارہ تیہ کا ہم کو مل جاتا اور اگر بیزار بالکل ہم سے ہوتے تو آسمان سے ہم خوان کب پاتے اور چشمے پتھر سے کب روان ہوتے اور صحرا میں جان کی کب امان کرتے بلکہ بجائے خوان کے آتش آتی اور ہمیں شعلہ مارتی اس جا پر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سے ۳ موسیٰ دو دل الخ ۵ شعر ہمارے کام میں موسیٰ دو دل ہیں کبھی یار اور کبھی دشمن جانتے ہیں ہمیں اس کے آگے غصہ کے سامان آگ جلا دے اور حلم اس کا تیر بلا پھیر دے یہ کب ہووے کہ حلم اسکا غصہ بنے مگر تیرے لطف سے کب دور ہے آگے قول مولانا کا ہے روبرو تعریف کرنا خوش نہ تھا اس لیے نام موسیٰ رکھا ورنہ کب لائق ہے کہ نام موسیٰ کا لوں تیرے آگے یعنے یہاں جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم کا نام موسیٰ رکھ لیا ہے کہ روبرو نام لینا شایان نہیں ہے اس واسطے یہ حال حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم بنام موسیٰ بیان کیا کہ رموز میں بیان حال بہتر ہے ظاہر کہنے سے آگے رجوع بقصہ بیمار ہے فافہم ۱۲ —

مدح حاضر وحشت است از بهر این — نام موسی می برم قاصد چنین
سامنے تعریف کرنا خوش تھا — نام موسی اسلیے مین نے لیا

ورنه موسی کے روا دارد که من — پیش تو نام آورم از هیچ تن
ورنہ کب لائق ہی موسی کا مین یون — نام تیرے آگے اب مین کیا کہون

عهد ما بشکست صد بار و هزار — عهد تو چون کوه ثابت برقرار
عہد میرا ٹوٹا سو بار و ہزار [1] — عہد تیرا مثل کہ ثابت قرار

عهد ما کاه و به هر بادے زبون — عهد تو کوه و ز صد که هم فزون
عہد میرا کہ ہوا سے ہو زبون — عہد تیرا کہ و سو کہ سے فزون

حق آن قدرت که بر تکوین ما — رحمتے کن اے تو میر لونها
برکت اس قدرت کی تکوین پر مرے — رحم کر تو اک ہر رنگ ہے

خویشتن را دیدیم و رسوائی خویش — امتحان ما مکن اے شاه بیش
دیکھا خود کو اپنے اور رسوائی کو — امتحان میرا نہ کر اے شاہ تو

تا فضیحتهاے دیگر را نهان — کرده باشی اے کریم مستعان
تا فضیحت دوسری میری نہان — تو نے کی ہو اے کریم عاجزان

بیحدے تو در جمال و در کمال — در کجی ما بیحدیم و در ضلال
تیرا بیحد ہے جمال و ربس کمال — میری گمراہی ہی بیحد اور ضلال

بیحدی خویش بگمار اے کریم — بر کژی بیحد مشتے لئیم
بیحدی اپنی تو کر غالب سوا — میری گمراہی بیحد پر خدا

هین که از تقطیع ما یک تار ماند — مصر بودیم و یکے دیوار ماند
میرے [2] جامہ سے رہا اک تار ہے — شہر تھا مین اک رہی دیوار ہے

البقیه البقیه اے خدیو — تا نگردد شاد کلی جان دیو
رکھ تو باقی رکھ تو باقی اے خدیو — تا نہووے شاد بالکل جان دیو

بهر مانی بهر آن لطف نخست — که تو کردی گمرهان را باز جست
میری خاطر نے تو اگلے لطف سے — کی تلاش گمرہان کی تو نے ہے

چون نمودی قدرتت بنماے رحم — اے نهاده رحمها در شحم و لحم
جو دکھائی قدرت اب دکھلادے رحم — اے رکھا جو رحم اندر شحم و لحم

این دعا گر خشم افزاید ترا — تو دعا تعلیم فرما مهترا
یہ دعا غصہ کو زیادہ جو کرے — تو دعا تعلیم فرمادے مجھے

آنچنان کادم بیفتاد از بهشت — رجعتش دادی که رست از دیو زشت
جیسے [3] جنت سے نکل آدم گیا — پھر رجوع کی اور شیطان سے چھٹا

دیو که بود کو ز آدم بگذرد — بر چنین نطعے ازو بازی برد
دیو کیا جو غالب آدم پر رہے — اس عنایت پر جو وہ بازی کو لے

در حقیقت نفع آدم شد همه — لعنت حاسد شده آن دمدمه
درحقیقت نفع آدم کو ہوا — مگر وہی لعنت حاسد بنا

---

[1] عہد میرا الخ۔ شعر عہد میرا ٹوٹا سو ہزار بار اور تیرا عہد مانند کوہ کے ثابت و برقرار عہد میرا کہ ہوا سے خراب ہے عہد تیرا کوہ اور سو ہزار کوہ سے زیادہ ہے برکت اس تکوین کی کہ میری خلقت پر رحم کر تو مالک صد رنگ ہے مین نے اپنے خود کو اور رسوائی کو دیکھا تو میرا امتحان نہ کر اے بادشاہ تا فضیحت دوسری میری پوشیدہ تو نے کی ہو اے کریم عاجزون کے تیرا جمال و کمال بیحد ہے اور میری گمراہی و ضلالت بیحد یعنے یا رسول اللہ تم اپنے کمال کو غلبہ دو میرے نقصان پر کہ تا نقصان میرا کمال ہو جاوے آگے رجوع بقصہ ہے ۱۲ [2] میرے جامہ الخ۔ شعر جامۂ عمر سے ایک تار باقی رہا ہے مین شہر تھا ایک دیوار رہی ہے تو باقی رکھ اے بادشاہ تا کہ جان دیو کی خوش بالکل نہ ہووے میرے واسطے نہین اپنے لطف کے واسطے کہ تلاش گمراہون کی اُس سے تو نے کی ہے جو تو نے قدرت دکھلائی ہے اب رحم اے خدا جو تو نے رحم رکھا ہے اندر چربی و گوشت کے اگر یہ دعا تیرے غصہ کو زیادہ کرے تو دعا مجھکو تعلیم کر دے آگے اُس کی مثال ہے فافہم ۱۲ [3] جیسے الخ۔ شعر جیسے آدم علیہ السلام جنت سے نکلے اور پھر جنت گئے اور شیطان سے چھٹے دیو کیا شے ہے جو غالب آدم پر ہے وہ اس ڈھوپ جسم پر جو بازی نے جاوے حقیقت مین وہ نفع آدم کو ہوا اور وہی مگر لعنت حاسد کو ہوا اُس نے ایک بوئی دیکھی اپنے گھر کے تخم کی جڑ کاٹ ڈالی آگے مثال ہے دوسرے کھیت کو آگ دی ہوا نے وہ آگ اُسی کے کھیت کی طرف پھیر دی یہ لعنت دیو کی طرف نظر بندی تھی تا کہ وہ مگر نقصان دشمن کا دیکھا اور وہ مگر خود زیان اُس کی جان کا ہوا گویا آدم اُس دیو کا دبو تھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

بازئی دید و دو صد بازی نہ دید — پس ستون خانۂ خود را برید
آتشے زد شب بکشت دیگران — باد سوے کشت او گردش روان
چشم بندی بود لعنت دیو را — تا زیان خصم دید آن ریو را
خود زیان جان او شد ریو را — گوئی آدم بود دیو و دیو را
لعنت آن باشد کہ کژ بینش کند — حاسد و خود بین و پرکینش کند
تا بداند کہ ہر آن کو بد کند — بیگمان باز آید و بر وے زند
جملہ فرزین بند ہا بیند بعکس — مات بر وے گردد و نقصان و کس
زانکہ گر او ہیچ بیند خویش را — مہلک و ناسور بیند ریش را
درد خیزد زین چنین دیدن درون — درد او را از حجاب آرد برون
تا نگیرد مادران را درد زہ — طفل در زادن نیابد ہیچ رہ
این امانت در دل و جان حاملہ است — این نصیحتہا مثال قابلہ ست
قابلہ چہ کند چو زن را درد نیست — درد باید درد کودک را رہیست
آنکہ او بیدرد باشد رہزن است — زانکہ بیدردی انا الحق گفتن است
آن انا بے وقت گفتن لعنت است — وین انا در وقت گفتن رحمت است
این انا منصور رحمت شد یقین — وان انا فرعون لعنت شد ببین
لاجرم ہر مرغ بے ہنگام را — سر بریدن واجب است اعلام را
سر بریدن چیست کشتن نفس را — در جہاد و ترک گفتن لمس را

ایک بازی دیکھی اور دو سو نہین — اپنے گھر کی جو جڑین تھین ڈھائین
دوسرے کے کھیت کو آگ دی — سوئے کھیت اُسکے ہوا نے پھیر دی
تھی نظر بندی یہ لعنت دیو کو — تا زیان دشمن کا دیکھا مکر و ریو
خود زیان جان مگر اُسکا ہوا — گو کہ آدم دیو تھا اُس دیو کا
ہے یہ لعنت اُسی بد بین سے[۱] — حاسد و خود بین اور پرکین کرے
جانے تا ہر اک بدی مجھسے کہے — بیگمان وہ لوٹے پھر اُسی پر پڑے
جملہ فرزین بند دیکھے عکس وہ — مات اُسکو ہووے اور نقصان ہو
خود کو جانے کچھ نہین جو کوئی وہ — مہلک و ناسور جانے زخم کو
درد پیدا اُسکو ہو اس دید سے — درد پردہ سے اُسے باہر کرے
درد زہ[۲] ماں کو نہین جبتک کہ ہو — رہ ملے آنیکی کیونکر طفل کو
یہ امانت حاملہ اُس دل مین ہے — اور نصیحت یہ مثال اک دائی کے
کیا کرے دائی نہ زن کو درد ہو — راہ بچے کے لیے ہے درد تو
جو کہ ہے بے درد رہزن جان ہے — کیونکہ بیدردی انا الحق گوئی ہے
وہ انا بے وقت لعنت آئی ہے — یہ انا بر وقت رحمت آئی ہے
یہ انا منصور کا رحمت ہوا — وہ انا فرعون کا لعنت ہوا
اسلیے ہر مرغ بے ہنگام کو — مارنا واجب ہے تا اعلام ہو
مارنا کیا مارنا ہے نفس کا — جہد مین اور ترک کرنا لمس کا

۱؎ ہے وہ لعنت الخ ۵ شعر وہ ہے لعنت کہ اُسے بد بین کرے تا وہ جانے کہ ہر ایک بدی مجھسے کرتا ہے بیگمان وہ لوٹے اور پھر اُسی پر پڑے جملہ فرزین بند وہ برعکس دیکھے مات اُس کو ہووے اور نقصان ہووے اور جو کوئی خود کو کچھ نہین جانے اور زخم کو ناسور مہلک جانے اُس کو درد پیدا ہو اس دید سے اور وہ درد اُسے پردہ سے باہر کرے یعنے شیطان انسانون کو بُرا جان کر اُن کے ساتھ بُرائی کرتا ہے وہ اُسی بُرائی مین خود مبتلا ہوتا ہے پس یہ لعنت کے معنی ہین اور جو عارف خود کو کچھ نہین جانتا ہے اس دید سے ایک درد اُس کو پیدا ہوتا ہے اور وہ درد اُس کو حجاب سے نکال دیتا ہے چنانچہ آگے مثال اُس کی ہے فافہم ۱۲ ۲؎ درد زہ الخ ۸ شعر جب تک درد زہ ماں کو نہ ہو تو اس سے بچہ پیدا ہو کس راہ سے ہو یہ امانت مثل ایک دائی کے ہے دائی کیا کرے اگر درد زہ عورت کے نہ ہووے درد تو بچہ کی راہ کے واسطے ہے جو کہ بیدرد ہے اُس کو رہزن جان نے کیونکہ بے دردی انا الحق گوئی ہے اور یہ انا بے وقت کہنے یہ لعنت ہوا اور بر وقت کہنے پر رحمت الٰہی ہے سو یہ انا منصور کا رحمت ہوا وہ انا فرعون کا لعنت ہوا اس لیے ہر مرغ بے ہنگام کو مارنا واجب ہے تا مشہور ہو مارنا کیا مارنا ہے نفس کا جہد کوششون مین ترک کرنا لمس کا یعنے جماع کا ہے یعنے درد عشق رہبر ہے اور سالک کو خدا تک پہونچاتا ہے اور بے درد انا مثل فرعون کے کہتا ہے اور ضلالت و گمراہی مین پڑتا ہے پس فرعون نفس کو مار اور لذائذ نفسانی ترک کر چنانچہ اس کی مثال آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ —

آنچنان کہ نیش کژدم برکنی — تا کہ یابد از گزشتن ایمنی
برکنی دندان پر زہری ز مار — تا رہد مار از بلاے سنگسار
ہیچ نکشد مار را جز ظل پیر — دامن آن نفس کش را سخت گیر
چون بگیری سخت آن توفیق ہو — در تو ہر قوت کہ آید جذب او ست
ما رمیت اذ رمیت است این — ہر چہ دارد جان بود از جانجان
دست گیرندہ وی است بردبار — دم بدم آن دم ازو امیدوار
نیست غم گر دیر بی او ماندۂ — دیر گیر و سخت گیرش خواندۂ
دیر گیرد سخت گیرد رحمتش — یکدمت غائب ندارد حضرتش
ور تو خواہی شرح این فضل و ولا — از سر اندیشہ میخوان والضحی
ور تو گوئی این بدیہا از ویست — لیک آن نقصان فضل او کیست
آن بدی دادن کمال اوست ہم — من مثالے گویمت اے محتشم

جسطرح بچھو کا توڑے ڈنک تو[1] — مارنے سے تا وہ پائے امن کو
دانت زہری تو اکھیڑے سانپ کا — مارنے سے سانپ تا ہووے رہا
کون مارے سانپ کو جز ظل پیر — نفس کش کا تو پکڑ دامن فقیر
جو کہ تو پکڑے وہ ہی توفیق ہو — جذب اُسکا ہی جو قوت پائے تو
ما رمیت اذ رمیت سچ تو جان — جو کہ تو رکھے وہ جان ہی جانجان
وہ ہی[2] پکڑے ہاتھ وہ ہی بردبار — اُس سے وہ دم بدم امیدوار
کیا ہے غم گر دیر تک اُس سے رہا — دیر گیر و سخت گیر آیا فتا
دیر مین پکڑے تو رحمت سخت ہے — ایکدم غائب نہ وہ تجکو رکھے
شرح گر اُس فضل کی چاہے بھلا — از رہ اندیشہ پڑھ تو والضحی
گر تو کہوے یہ بدی بھی اُس سے ہے — پر نہ نقصان فضل اُسکے کو کرے
وہ بدی بھی اُسکا ہی کمال — اُسکی مین کہتا ہون تجھ سے اک مثال

مثال در بیان معنی نومن بالقدر خیرہ و شرہ

کرد نقاشی دو گونہ نقشہا — نقشہاے صاف و نقش بے صفا
نقش یوسف کرد و حور خوش سرشت — نقش ابلیسان و عفریتان زشت
ہر دو گونہ نقش اُستادی وست — زشتی او نیست آن رادی اوست

مثال اندر بیان معنی نومن بالقدر خیرہ و شرہ کے

دو بنائے نقش[3] اک نقاش نے — اک صفا ہی دوسرا بے صاف ہے
نقش یوسف ور حور خوش لقا — نقش شیطان ور دیو بد نما
نقش دو نون اُسکی استادی کے ہین — وہ بری کب اُسکی دانائی سے ہین

[1] جس طرح الخ۵ شعر جیسے بچھو کا تو ڈنک توڑے تا مارے جانے سے وہ امن پائے سانپ کا دانت زہری تو اکھیڑے تا سانپ مارے جانے سے چھوٹے بس سانپ نفس کو کون مارے ظل پیر تو اُس نفس کش کا دامن پکڑ جبکہ تو پکڑے وہی توفیق ہووے اور اُس کا جذب ہے جو تو قوت پائے ما رمیت اذ رمیت کو تو سچ جان لے یعنے جب سایہ مرشد نفس کو مارے بس تو ہرگز دامن مرشد کا نہ چھوڑ اور یہی دامن پکڑنا توفیق خدا ہے کیونکہ دست مرشد دست خدا ہے ۱۲ [2] وہی پکڑے الخ ۸ شعر وہی ہاتھ پکڑے وہ ہی بردبار ہے اور وہ اُس دم سے دمبدم امیدوار ہے کیا غم ہے اگر تو دیر تک اس سے جدا رہا دیرگیر سخت گیر آیا ہے یعنے جو دیر مین پکڑتا سخت پکڑے تو رحمت بہت کرے اور ایک دم تجھ کو غائب نہ رکھے اگر تو اس وصل کی شرح چاہتا ہے از راہ فکر و غور کے پڑھ تو سورہ والضحی کو اول اگر کہے تو کہ یہ بدی بھی اُس سے ہے نقصان اُس کے فعل کو نہین کرتی ہے وہ بری دنیا بھی اُس کا کمال ہے مین اُس کی تجھ سے ایک مثال کہتا ہون یعنے یہ بدی جو تجھ کو پہونچتی ہے وہ بھی اُس کی طرف سے ہے اور یہ بھی اُس کا کمال ہے آگے حقائق مثال مین مولانا فرماتے ہین فافہم ۱۲ [3] دو بنائے الخ ۸ شعر ایک نقاش نے دو نقش بنائے ایک صاف اور دوسرا بے صاف نقش یوسف اور حور کا خوش لقا اور نقش شیطان و دیو کا بد نما مگر وہ دونون نقش اُسکے استادی کی دلیل ہین وہ بُرے کب ہین بلکہ اُس کی دانائی کے علامات ہین کہ نیکون کو نیک رکھے اور اُس حُسن سے عالم چاشنی چکھے اور بد کو انتہا کا بد اور کل بدی کو اُس کی رد کرے تا کمال عقل اُس کی پیدا ہو اور منکر دانائی کی رسوائی ہو اگر بُرا وہ نہ کر سکے نقص ہے اسلیے کبر و مسلم کا وہ خالق ہے کفر و ایمان اس باعث سے گواہ ہین کہ اُسکی خلاقی پر دونون سر رکھے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ عہ نہین پھینکا تو نے جس وقت پھینکا تو نے ولیکن اللہ نے پھینکا ۱۲ عہ ایمان لایا مین اوپر اندازہ نیکی و بدی اُسکی سے ۱۲

خوب را در غایت خوبی کشد
زشت را در غایت زشتی کند
تا کمال دانشش پیدا شود
ور نتاند زشت کردن ناقص است
پس ازین رو کفر و ایمان شاهدند
لیک مومن آنکه طوعا ساجد است
هست کرها گبر هم یزدان پرست
قلعه سلطان عمارت میکند
گشته باغی تا که ملک او را بود
مومن آن قلعه برای بادشاه
زشت گوید ای شه زشت آفرین
خوب گوید ای شه حسن و بها
حمد لک و الشکر لک یا ذو المنن
حاصل آنکه او هر آنچه خواست کرد
اوست بر هر بادشاه بادشاه

حسن عالم چاشنی از وی چشد
جمله زشتیها بگردش بر تند
منکر استادیش رسوا شود
زین سبب خلاق گبر و مخلص است
بر خداوندیش هر دو ساجدند
زانکه جویای رضا و قاصد است
لیک قصد او مرادی دیگر است
لیک دعوی امارت میکند
عاقبت خود قلعه سلطانی شود
میکند معمور نے از بهر جاه
قادری بر خوب و بر زشت مهین
پاک گردانیدیم از عیبها
حاضری و ناظری بر حال من
خوب را و زشت را چون خار و ورد
کارساز یفعل الله ما یشاء

انتہا کا نیک نیکوں کو رکھے
انتہا کا بد ون کو بد رکھے
تا کمال عقل پیدا اسکی ہووے
گر برائی کر سکے وہ نقص ہے
کفر و ایمان شاہد اس باعث سے ہیں
پر خوشی سے مومن اب سجدہ کرے
جبر سے یزدان پرست اب گبر ہے
قلعہ سلطان کی کرے تعمیر ہے
پھر ہوا باغی کہ ملک اسکو کرے
مومن اُس قلعہ کو سلطان کیلیے
بد کہے اے شاہ خلاق بدی
نیک کہوے کہ ای شہ حسن و ضیا
تجکو حمد و شکر لائق ہے خدا
الغرض جو کچھ کہ چاہا سو کیا
ہے وہ ہر اک بادشہ پر بادشا

حسن عالم چاشنی اس سے چکھے
کل بدی کو گرد اُسکے تو تنے
منکر دانائی کی رسوائی ہو
گبر و مسلم کا ہے خالق اسلیے
اُسکی خلاقی پہ دونوں سر رکھیں
کیونکہ ڈھونڈھے ہے رضا وہ قصد سے
پر ہے قصد اُسکا مراد غیر سے
لیک امارت کا وہ دعویٰ رکھے
قلعہ آخر کار سلطانی رہے
کرتا ہے معمور نے اپنے لیے
تو ہے قادر نیک و بد پر آپ ہے
پاک ہمکو عیب سے تو نے کیا
حاضر و ناظر ہمارے حال کا
نیک و بد کو مثل گل اور خار ہا
کارساز یفعل اللہ ما یشاء

دعا و توبه آموختن رسول الله صلی الله علیه وسلم آن بیمار را

دعا و توبہ سکھانا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اُس بیمار کو

گفت پیغمبر مر آن بیمار را
این بگو که سهل کن دشوار را
آتنا فی دار دنیا ما حسن
آتنا فی دار عقبی ما حسن

پس پیمبر نے کہا بیمار کو
یہ کہو اور سہل کر دشوار کو
عه آتنا فی دار دنیا ما حسن
السه آتنا فی دار عقبی ما حسن

له پر خوشی سے الخ۔ اشعر لیکن مومن خوشی سے سجدہ کرے کیونکہ وہ رضا قصد سے ڈھونڈھتا ہے اور گبر جبر سے یزدان پرست ہے لیکن اسکا قصد مراد غیر سے ہے آگے مثال ہے کہ ایک کافر قلعہ سلطان کی تعمیر کرتا ہے لیکن امارت کا وہ خود دعوے کرتا ہے پھر وہ باغی ہوا کہ قلعہ کو اپنا ملک کرتا ہے اور قلعہ آخر کار سلطانی ہے اور مومن اس قلعہ کو سلطان کے لیے معمور کرتا ہے نہ اپنے لیے بد کہے کہ ای شاہ خلاق بدی تو خود ہی قادر ہے نیک و بد پر نیک کہوے کہ ای شاہ حسن ضیا تو نے ہمکو پاک عیب سے کیا تجکو حمد و شکر لائق ہے ای خدا کیونکہ تو ہمارے حال کا حاضر و ناظر ہے الغرض جو کچھ کہ چاہا وہ کیا نیک و بد کو مثل گل و خار کے وہ ہر ایک بادشاہ پر بادشاہ ہے اور کارساز ہے یفعل اللہ ما یشاء کا یعنی جو اللہ چاہتا ہے کرتا ہے نیکی و بدی سب اُسکی ہے اور ہر کام میں ہم ہی غافل ہیں اور بندہ مثل بے بس کے ہے مگر ادب سے گناہ ہم اپنے ذمہ کرتے ہیں پس بندہ کو چاہیے کہ اپنے گناہ پر نادم ہو اور دعائے مغفرت حق سے چاہے جیسے حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے اس بیمار کو دعا بتائی آگے اس کا حال ہے فافہم ۱۲ ۲ه پس پیمبر نے الخ۔ ۲شعر پس جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم نے بیمار سے کہا کہ یہ تو کہہ اور آسان کر اپنی دشواری کو کہ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ یعنے اے رب میرے ہمکو نیکی دے دنیا میں اور نیکی دے عقبیٰ میں اور نگاہ رکھ ہمکو عذاب دوزخ سے باقی حال آگے ہے فافہم عه اللہ جو چاہتا ہے سو کرتا ہے ۱۲
عه دے تو دنیا میں ہم کو نیکی ۱۲ السه دے تو ہم کو عقبیٰ میں نیکی ۱۲ ۔

راه را بر ما چو بستان کن لطیف
مقصد ما باش هم تو ای شریف
مومنان گویند در حشر ای ملک
نے که دوزخ بود راه مشترک
مومن و کافر بر آن یابد گزار
ما ندیدیم اندرین ره دود و نار
نک بهشت و بارگاه ایمنی
پس کجا بود آن گزرگاه دنی
پس ملک گوید که آن روضه خضر
کان فلان جا دیده اید اندر گزر
دوزخ آن بود و سیاستگاه سخت
بر شما شد باغ و بستان و درخت
چون شما این نفس دوزخ خوی را
آتشی و گبر و فتنه جوے را
جهدها کردید تا شد پر صفا
نار را کشتید از بهر خدا
آتش شهوت که شعله میزدے
سبزهٔ تقوی شدے نور ہدے
آتش خشم از شما هم حلم شد
ظلمت جهل از شما هم علم شد
آتش حرص از شما ایثار شد
وان حسد چون خار بد گلزار شد
چون شما این جمله آتش‌های خویش
بهر ما کشتید تا شد نوش نیش
نفس ناری را چو باغی ساختند
اندرو تخم وفا انداختند

مثل بستان راه مجھپر کر لطیف ۱
تو ہی مقصد ہمارا ای شریف
حشر مین مومن کہینگے اے ملک
کہ نہین دوزخ تھی راه مشترک
مومن و کافر کا اُس پر ہو گزار
ہمنے رہ مین نے دھوان دیکھا نہ نار
یہ بہشت و بارگہ ہی امن کی
پس کہان ہے وہ گزرگاہ بُری
پس ملک کہوے کہ وہ باغ و بہار
راہ مین دیکھا فلانی جا پہ یار
پس وہی دوزخ تھی و رجائے عذاب
ہو گئی تم پر وہ گلستان بیحساب
تم نے جو اس نفس دوزخ رنگ کو ۲
کبر پُر آتش و فتنہ جنگ کو
گوشہ نشین کرکے کیا اسکو صفا
اور بجھایا آگ کو بہر خدا
نار شہوت کہ تھی شعلہ مارتی
سبزہ تقوی ہوئی نور جلی
آگ غصہ کی ہوئی ہے تم سے حلم
جہل کی ظلمت ہوئی ہے تم سے علم
تم سے وہ بخشش ہوئی ہے حرص نار
وہ ہوا گلشن حسد تھا جو کہ خار
تم نے اپنی آگ میرے واسطے
جو بجھائی نوش پایا نیش سے
نفس ناری ۳ کو جو بس باغی کیا
اور بویا اُسمین اک تخم وفا

۱ مثل بستان الخ شعر مجھپر راه مانند بستان کے لطیف کر اور تو ہمارا مقصود ہو حشر مین مومن کہین گے اے فرشتو کیا نہین دوزخ راہ مشترک تھی کہ مومن و کافر کا اُس پر گزر ہو ہم نے راہ مین دھوان و نار دیکھی یہ بہشت اور جائے امن کی ہے پس وہ گزرگاہ بُری کہان ہے پس فرشتے کہیں کہ وہ باغ و بہار دوزخ و جاے عذاب تھی مگر تم پر گلستان ہے فافہم ۱۲ ۲ تم نے الخ شعر جو کہ تم نے اس نفس دوزخ خو کو اور کبر پر آتش و فتنہ و جنگ کو گوشہ نشین کرکے صاف کیا اور آتش کو بجھایا واسطے خدا کے اور نار شہوت کہ شعلہ زن تھی سبزہ تقوی و نور جلی ہوئی و آتش غصہ کی تم سے حلم ہوئی اور جہل کی ظلمت علم ہوئی نار حرص کی تم سے بخشش ہوئی جو حسد کہ خار تھا وہ گلشن ہوا آگے قول حق تعالے کا ہے تم نے اپنی آتش میرے واسطے جو بجھائی تو نیش سے نوش پایا یعنی جو کام دنیا مین خدا کے واسطے کرے گا اُسکو گلزار نار ہوگا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ نفس ناری الخ شعر نفس نار کے لائق کو جو باغ کے لائق کیا اور اُس مین ایک تخم وفا بویا بلبل خوش نوا کی ذکر اور ہر جگہ بہترین لوان ہوئین تم اپنے پیغمبر کے مطیع ہوے اور دوزخ نفس کی آگ سے سرد کی پس میری دوزخ تمھارے واسطے باغ و گلشن و برگ و ثمر ہے کیا بدل احسان کا ہے لطف و احسان و ثواب معتبر ہے یعنے حق تعالے نے اسی معنی مین فرمایا ہے أَحْسِنْ كَمَا أَحْسَنَ اللّٰهُ إِلَيْكَ وَاللّٰهُ يُحِبُّ الْمُحْسِنِينَ یعنے احسان کر جیسا کہ احسان کیا اللہ نے ساتھ تیرے اور اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والون کو صوفیہ کرام اس شعر کے یہ معنی فرماتے ہین کہ احسان کر ساتھ اللہ کے جیسے احسان کیا اللہ نے ساتھ تیرے کیونکہ هل جزاء الاحسان الا الاحسان یعنے بدلا احسان کا احسان ہی ہے پس احسان اللہ کا یہ ہے کہ تم کو خودی سے ظاہر کیا اور آپ پوشیدہ ہوا اس بدل مین تم یہ احسان ساتھ حق کے ظاہر کرو پس اُسوقت اللہ دوست رکھتا ہے احسان کرنے والے کو تم نے نہین کہا تھا دنیا مین کہ ہم قربان ہین اور مقابل بقا کے ہم فانی ہین اگرچہ مفلس و دیوانہ ہین لیکن ہم مستی اس جام و ساقی سے رکھتے ہین ہم اُسکے قربان پر سر رکھتے ہین ہم جان خیر ہی کو گرد کرتے ہین تا ہمارا سر خیال اس کا رکھے اور چاکری کرنا ہمارا کام ہے جس جگہ وہ شمع بلا کی روشن کرے عاشقون کی جان سیکڑون وہان پر جائین یعنی حق یاد دلاتا ہے مغرورون کو کہ تم دنیا مین میرے واسطے یہ کام کرتے تھے اس واسطے مین نے نار دوزخ تم پر گلزار کردی آگے حقائق ہین فافہم ۱۲

بلبلان ذکر و تسبیح اندرد	خوش سرایان در چمن بر طرف جو	بلبلان ذکر اسکا اُسکے درمیان	خوش نوا اور ہر جگہ نہرین یہان
داعی حق را اجابت کرده اید	وز جحیم نفس آب آورده اید	تم مطیع اپنے ہمیر کے ہوے	نفس کی دوزخ بجھائی آب سے
دوزخ ما نیز در حق شما	سبزه گشت گلشن و برگ و نوا	میری دوزخ بھی تمھارے واسطے	باغ گلشن اور برگ و بار ہے
چیست احسان را مکافات ای پسر	لطف و احسان و ثواب معتبر	کیا بدل احسان کا ہے ای پسر	لطف و احسان و ثواب معتبر
نے شما گفتید ما قربانیم	پیش اوصاف بقا ما فانیم	نے کہا تم نے تھا قربانی ہین ہم	اور بقا کے روبرو فانی ہین ہم
ما اگر قلاش و گر دیوانه ایم	مست آن ساقی و آن پیمانه ایم	ہم اگر مفلس و گر دیوانہ ہین	مستی ہم اُس جام ساقی سے رکھین
بر خط و فرمان او سر می نہیم	جان شیرین را گروگان می نہیم	اسکے ہم فرمان پہ سر رکھتے ہین	جان شیرین کو گرو ہم کرتے ہین
تا خیال دوست در اسرار ماست	چاکری و جانسپاری کار ماست	تا خیال اُسکا ہمارا سر رکھے	چاکری کرنا ہمارا کام ہے
ہر کجا شمع بلا افروختند	صد ہزاران جان عاشق سوختند	جس جگہ شمع بلا روشن کیے	جان عاشق سیکڑون وان پہ جلے
عاشقانے کز درون خانه اند	شمع روے یار را پروانه اند	جو کہ عاشق اندرون خانہ ہین [۱]	شمع روے یار کے پروانہ ہین
ای دل آنجا رو که با تو روشن اند	در بلا ہا مر ترا چون گلشن اند	وان پہ جا ای دل کہ روشن تجھ سے ہین	اور بلا مین تجھ سے جو گلشن کرین
درمیان جان ترا جان میکنند	تا ترا پر باده چون جامے کنند	جان کے اندر تجھے جان کرتے ہین	جون پیالہ مے سے تجکو بھرتے ہین
درمیان جان ایشان خانه گیر	در فلک خانه کن اے بدر منیر	اُنکی جان مین گھر پکڑ تو ای امیر [۲]	آسمان مین گھر کر اے بدر منیر
چون عطارد دفتر دل وا کند	تا که بر تو سرہا پیدا کند	جون عطارد دل کا دفتر کھولدے	تا کہ تجھ پر راز کو ظاہر کرے
پیش خویشان باش چون آواره	بر مہ کامل زن ار مہ پاره	آگے اپنو نکے تو دیوانہ رہو	ماہ مہ کامل پہ مہ پارہ ہے جو
جزو را از کل خود پرہیز نیست	با مخالف اینہمه آمیز چیست	اپنے کل سے جز کو کب پرہیز ہے	تو مخالف سے موافق کسلیے
جنس ما این نوع گشته در روش	عیبہا این گشته معین از پرتوش	جنس کو دیکھ اسکی رہ مین نوع ہے	عیب بھی ہے عین پر تو اسکے ہیچ
تا چو زن عشوه خری ای پر خرد	از دروغ و عشوه کے یابی مدد	عورتون کے مثل تو زینت کرے	جھوٹ و زینت سے تجھے کب رہ ملے

[۱] جو کہ عاشق الخ ۳ شعر جو عاشق کہ اندر خانہ کے ہین وہ شمع روے یار کے پروانہ ہین یعنے جو عاشق کہ صاحب معنی ہین وہ جمال یار کے پروانہ ہین اے دل تو وہان جا کہ جہان روشن ہین اور تجھ پہ بلا مین مانند گلشن کے کرتے ہین یعنے مرشد کی طرف جا کہ وہ تجھ پہ بلا کو راحت کر دے کہ وہ جان کے اندر تجھکو جان کرتے ہین اور مانند جام کے مے سے تجھ کو پُر کرتے ہین یعنے وہ مرشد پاک مانند جان کے کرین اور شراب عشق الٰہی سے تجھ کو پُر کرین باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

[۲] ان کی جان مین الخ ۲ شعر تو ان کی جان مین گھر پکڑ اے امیر اور مانند آسمان کے گھر کر اے بدر منیر اور مانند عطارد کے دل کا دفتر کھولدے تا راز تجھ پر ظاہر کرے تو آگے یگانون کے دیوانہ ہو اگر تو ماہ پارہ ہے تو ماہ کامل سے مل یعنے اگر جان تیری روشن ہے تو رسول اللہ سے مل کیونکہ اپنے کل سے جزو کو کب پرہیز ہے تو کس لیے مخالف سے موافق ہے یعنی نفس سے تو جنس کو دیکھ کہ اسکی راہ مین نوع ہے عیب کو دیکھ کہ اس کی پرتو سے عین ہے یعنے عیب مین جنس ہے اور نوع ممکنات مین ہے پس تو نوع کو مت دیکھ جنس کو دیکھ جنس کل ہے اور نوع جز ہے عورتون کے مانند تو زینت کرتا ہے پس جھوٹ اور زینت سے راہ کب ملتی ہے یعنے تو خوبصورت بن کر بزرگون کے مانند خود کو بناتا ہے اور معنی حاصل نہین کرتا ہے اس ظاہر آرائی سے تجھکو راہ حق کب ملے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

چاپلوسی و لفظ شیرین و فریب — می ستانی می نہی چون زن بجیب
مر ترا دشنام و سیلی شہان — بہتر آید از ثنائے گمرہان
صفع شاہان خور مخور شہد خسان — تا کسے گردی ز اقبال کسان
زانکہ زایشان خلعت و دولت رسد — در پناہ روح و جان گردد جسد
ہر کجا بینی برہنہ بے نوا — دان کہ او بگریختہ از اوستا
تا چنان گردد کہ میخواہد دلش — آن دل کور بدی بے حاصلش
گر چنان گشتی کہ استا خواستی — خویش را و خویش را آراستی
ہر کہ از استا گریزد در جہان — او ز دولت میگریزد این بدان
پیشۂ آموختی در کسب تن — چنگ اندر پیشۂ دینے بزن
در جہان پوشیدہ گشتی و غنی — چون برون آئی ازینجا چون کنی
پیشۂ را آموز کاندر آخرت — اندر آید دخل و کسب مغفرت
آنجنان شہریست پر بازار و کسب — تا نہ پنداری کہ کسب اینجاست و بس
حق تعالے گفت این کسب جہان — پیش آن کسبست لعب کودکان
ہمچو آن طفلے کہ بر طفلے تند — شکل صحبت کن مساسے میکند
آن مساس طفل چہ بود بازیے — با جماع رستمے و غازیے

چاپلوسی و خوشامد اور فریب — تو ہے رکھتا مثل عورت کے بجیب
گالی تھپڑ شہ کا بہتر اس سے ہے — کہ ثنا گمراہ بس تیری کرے
شہ کا تھپڑ کھا نہ شہد ناکسان — کر دے ناکس تجکو اقبال کسان
کیونکہ اُن سے خلعت و دولت ملے — اور پناہ روح مین تن جان بنے
بے نوا کو دیکھے تو جس جائے پے — جان تو بھاگا ہے وہ استاد سے
اُسکا جو دل چاہے اور ویسا ہی ہو — ہے وہ دل اندھا نہ کچھ حاصل ہی ہو
ویسا ہوتا جو کہ اُستا چاہتا — کرتا اپنے آپ کو آراستا
جو جہان مین بھاگے ہے اُستاد سے — بھاگے وہ دولت سے اسکو جان لے
کسب تن کا پیشہ سیکھا تو نے ہے — دین کے پیشے تو لینا چاہیے
تو غنی و مخفی عالم مین رہے — جو کہ نکلے وان سے تو پھر کیا کرے
سیکھ پیشہ آخرت مین جو کہ ہے — دخل کسب مغفرت تجکو ملے
وہ جہان بازار و شہر کسب ہی — تا نجانے تو یہین ہی کسب ہے
حق نے فرمایا یہان کا کسب ہے — بازی اک لڑکون کی پیش اس کسب کے
جیسے اک لڑکا کہ لڑکے پر چڑھے — شکل صحبت کے مساس اُس سے کرے
وہ مساس اُس طفل کا اک کھیل ہے — بس مقابل صحبت مردان کے

لہ چاپلوسی الخ، شعر تو چاپلوسی اور خوشامد اور فریب رکھتا ہے عورت کے مانند جیب مین اس سے گالی تھپڑ شاہ کا بہتر ہے کہ گمراہ تیری تعریف کرے تو شاہ کا تھپڑ کھا و شہد ناکسان مت کھا ناکس تجکو کر دے اقبال کسان کا یعنے مقبول بزرگون کی دعا تجکو بزرگ کر دے کیونکہ اُن سے تجکو خلعت اور دولت ملے اور روح کی پناہ مین جسم مانند جان کے بنے تو بینوا کو جس جا دیکھے جان کہ وہ بھاگا ہے اُستاد سے یعنے مرشد سے روگردان ہے اس واسطے بحال پریشان ہے اس کا جو دل اندھا ہے کچھ حاصل نہین ہوا اگر ویسا ہوتا جو کہ اُستاد چاہتا ہے تو اپنے آپ کو آراستہ کرتا ہے یعنی جو مرشد کی راے پر ہے وہ خود کو آراستہ رکھتا ہے اور جو خود راے ہے وہ بحال پریشان مبتلاے غم ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ـ ۲ جو جہان الخ ۸ شعر جو شخص جہان مین بھاگتا ہے اُستاد سے اُس کو جان لے کہ وہ دولت سے بھاگتا ہے تو نے کسب تن کا پیشہ سیکھا ہے دین کا پیشہ حاصل کرتا ہے تو غنی اور پوشیدہ عالم مین رہے جب کہ تو وہان سے نکلے تو پھر کیا کرے جو پیشہ کہ آخرت کا ہے وہ سیکھ کہ نفع و مغفرت تجھکو ملے وہ جہان بازار اور شہر کسب کا ہے یہ نہ سمجھنا کہ کسب یہین کا نفع ہی حق نے فرمایا کہ یہان کا کسب کھیل لڑکون کا ہے آگے اس کسب کی مثال فرماتے ہین فافہم ۱۲ ـ ۳ جیسے اک لڑکا الخ ۹ شعر جیسے لڑکا لڑکے پر چڑھے اور محبت کے مانند اُس سے مساس کرے اس لڑکے کی وہ مساس کھیل ہے مقابل مین صحبت مردون کے لڑکے کھیل مین دکان بناتے ہین کچھ اس سے فائدہ نہ ہو اور مفت مین زمانہ اُن کا گزرے جب کہ رات ہو تو گھر مین بھوکا آئے سب لڑکے گئے اور وہ تنہا رہا پس رات مرگ اور یہ جہان بازی گاہ ہے لوٹ کر جاتا جیب خالی بر زیان ہے تو تنہا ہو کر طرف خانہ گور کے جائے اور فغان و حسرت کرے دین کا کسب عشق اور جذب دل ہے تو نور حق کی قابلیت ہے مل تیرا نفس کسب فانی چاہتا ہے تو کسب بد کب تک کریگا چھوڑ پس اگر تیرا نفس ڈھونڈھے کسب نیک تو ایک مکر و حیلہ بھی اسکے ساتھ لگا ہوئی یعنی کسب دنیا کا کھیل لڑکون کا ہے تو کسب دین کہ عشق ہے ساتھ نور حق کے حاصل کر کہ اس جہان مین کام آئے کیونکہ وہ جہان بازار و شہر کسب کا ہے اور اگر تیرا نفس امارہ نیک کسب ڈھونڈھے تو اسمین ایک مکر بھی اُسکا شریک ہوگا چنانچہ ایک حصہ شیطان کا کہ نیک کام مین اُسکے مکر ہے آگے فرماتے ہین اسی طرح نفس کے نیک کام مین بدی ہے فافہم ۱۲ ـ

کودکان سازند در بازی دکان	سود نبود جز که تعطیل زمان	طفل بازی مین بناتے ہین دکان	ہو نہ سود اور گذرے مفت انکا زمان
شب شود در خانه آید گرسنه	کودکان رفته بمانده یک تنه	گھر مین بھوکا آئے جبکہ رات ہو	سب گئے لڑکے رہا تنہا ہے وہ
اینجهان بازی گه است و مرگ شب	بازگردی کیسه خالی پرتعب	رات مرگ اور بازی گہہ یہ جہان	پھر کے جانا جیب خالی پُر زیان
سوے خانه گور تنها مانده	بافغان و احسرتا برخوانده	تو ہو تنہا سوے خانہ گور کے	اور فغان و احسرتا کی تو کرے
کسب دین عشق ست جذب اندرون	قابلیت نور حق دان اے حرون	کسب دین کا عشق ہے اور جذب دل	نور حق کی قابلیت سے تو مل
کسب فانی خواهدت این نفس خس	چند کسب خس کنی بگذار بس	کسب فانی چاہتا ہے تیرا نفس	کسب بد کب تک کرے تو چھوڑ بس
نفس خس گر جویدت کسب شریف	حیله و مکرے بود آنرا ردیف	تیرا ڈھونڈھے نفس بد گر کسب نیک	مکر و حیلہ بھی لگا ہو ساتھا ایک

بیدار کردن ابلیس معاویہ رض را کہ وقت نماز بیگاہ شد — جگانا شیطان کا معاویہ رض کو وقت نماز صبح کے

در خبر آمد که آن معاویه رض	خفته بد در قصر در یک زاویه	یہ خبر مین آیا ہے کہ معاویہ رض	گھر مین سوتے تھے وہ اندر زاویہ
قصر را از اندرون در بسته بود	کز زیارتهاے مردم خسته بود	گھر کے در کو بند اندر سے کیا	تنگ لوگون کی ملاقاتون سے تھا
ناگهان مردے ورا بیدار کرد	چشم چون بگشاد پنهان گشت مرد	ایک نے اُن کو جگایا ناگہان	آنکھ کھولی تو ہوا وہ کس نہان
گفت اندر قصر کس را ره نبود	کیست کاین گستاخی و جرأت نمود	بولا یان پر تو کسی کو رہ نہ تھی	کون ہے گستاخ یہ جرأت کری
گرد برگشت و طلب کرد آن زمان	تا بیابد زان نهان گشته نشان	اُس مکان مین ڈھونڈھنے گر وہ لگا	تاکہ پائے اُس چھپے کا وہ پتا
در پس در او یکے را دید کو	در پس پرده نهان می کرد رو	پیچھے دروازے کے دیکھا ایک کو	کہ چھپاتا پیچھے پردے کے ہے رو
گفت هی تو کیستی نام تو چیست	گفت نامم فاش ابلیس شقی است	بولا کیون تو کون تیرا نام کیا	بولا نام ابلیس مجھ بد نام کا
گفت بیدارم چرا کردی بجد	راست گو با من مگو برعکس ضد	بولا کیون مجھکو جگایا سچ کہو	مت کہو کچھ جھوٹ جو برعکس ہو
گفت هنگام نماز آخر رسید	سوی مسجد زود می باید دوید	بولا اب وقت نماز آخر ہوا	جلد جا مسجد کی جانب دوڑتا
عجلوا الطاعات قبل الفوت گفت	مصطفےٰ چون در وحدت را بسفت	عجلوا الطاعات قبل الفوت ہے	مصطفےٰ کا قول وحدت گوئی سے
گفت نے نے این غرض نبود ترا	که بخیر رهنما باشی مرا	بولا نے نے یہ غرض تیری نہ تھی	کہ کرے تو رہنمائی خیر کی

ك قصہ ہفتم مکر نفس مین کہ بظاہر و بباطن بدی ہے ۱۲ ؎۲ یہ خبر مین الخ، شعر یہ حدیث مین آیا ہے کہ حضرت معاویہ رض گھر کے اندر ایک گوشہ مین سوتے تھے اور دروازہ گھر کا اندر سے بند کیا تھا کیونکہ ملاقات سے خلق کی تنگ تھا ایک شخص نے ناگہان آن کر جگایا جبکہ آنکھ کھولی تو وہ شخص چھپ گیا کہا کہ یہان تو کسی کو راہ نہ تھی کون گستاخ ہے کہ اُسنے یہ جرأت کی ہے تب اُس مکان مین وہ ڈھونڈھنے لگا کہ اس چھپے کا پتا پائے ایک شخص کو دیکھا پیچھے دروازے کے کہ وہ منھ پیچھے پردے کے چھپاتا ہے کہا کہ تیرا کیا نام ہے اُس نے کہا نام ابلیس مجھ بدنام کا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ؎۳ بولا الخ ۴ شعر کہا کہ مجھ کو سوتے سے کیون جگایا سچ کہو اور جھوٹ مت کہو جو کہ برعکس ہو ابلیس نے کہا کہ وقت نماز کا آخر ہوا تو جلد جانب مسجد کے جا ترجمہ جلدی کرو بندگی مین آگے فوت ہونے کے مصطفےٰ صلے اللہ علیہ وسلم کا قول ہے از راہ وحدت کے یعنے نماز کے پڑھنے مین جلدی کرو حدیث مین آیا ہے اس واسطے مین نے بیدار کیا امیر معاویہ رضی اللہ تعالےٰ نے کہا کہ یقین نہین کہ یہ تیری غرض تھی کہ جانب خیر کے تو رہنمائی کرے آگے مثال ہے فافہم ۱۲۔

دزد پنہان رہ کنم در مسکنم	گو بدیم کہ پاسبانی میکنم	چور[1] پوشیدہ مکان مین دے نقب	اور کہے کرتا حفاظت ہون مین اب
من کجا باور نمایم دزد را	دزد کے داند ثواب مزد را	مین یقین کرتا نہین ہون چور پے	چور کب جانے ثواب مزد سے

دوم بار جواب گفتن ابلیس معاویہؓ را
دوسری بار جواب دینا ابلیس کا معاویہؓ کو

خاصہ دزدی چون تو قطاع الطریق	از چہ رو گشتی چنین بر من شفیق	خاص[2] تجھ سا چور قطاع الطریق	کس سبب سے ہو گیا مجھ پر شفیق
گفت ما اول فرشتہ بودہ ایم	راہ طاعت را بجان پیمودہ	بولا ہم پہلے ملائک بھی ہوئے	راہ طاعت پائی ہم نے جان سے
سالکان راہ را محرم بدیم	ساکنان عرش را ہمدم بدیم	سالکان راہ کے محرم تھے ہم	ساکنان عرش کے ہمدم تھے ہم
پیشۂ اول کجا از دل رود	مہر اول کے ز دل زائل شود	پیشہ اگلا دل سے کب ہوتا ہے دور	مہر اگلی دل سے کب ہو جائے دور
در سفر گر روم بینی یا ختن	از دل تو کے رود حب وطن	گر سفر مین روم دیکھے یا ختن	دل سے تیرے جائے کب حب وطن
ما ہم از مستان این مے بودہ ایم	عاشقان درگہ وے بودہ ایم	مست[3] اس مے ناب سے ہم بھی تو تھے	عاشقون مین ہم ہی درگاہ کے تھے
ناف ما بر مہر او ببریدہ اند	عشق او در جان ما کاریدہ اند	نال اپنا مہر پہ اُس کی کٹا	عشق اُسکا جان ہماری مین رکھا
روز نیکو دیدہ ایم از روزگار	آب رحمت خوردہ ایم از جویبار	نیک دن دیکھا ہے ہم نے دہر سے	آب رحمت کھایا ہم نے نہر سے
نے کہ ما را دست فضلش کاشتہ است	از عدم ما را نہ او پرداختہ است	کیا نہ بویا ہمکو اُسکے فضل نے	نہ کیا پیدا عدم سے ہم کو ہے
اے بسا کردی نوازش دیدہ ایم	در گلستان رضا گردیدہ ایم	اے[4] بہت اُسکی نوازش پائی ہے	اور ہوا باغ رضا کی کھائی ہے
بر سر ما دست رحمت می نہاد	چشمہائے لطف بر ما میکشاد	دست رحمت کا وہ رکھتا ہم پہ تھا	لطف کے چشمے وہ ہم پر کھولتا
وقت طفلی ام کہ بودم شیر جو	گاہوارہ ام کہ جنبانید او	بچپنا مین جو مین پیتا دودھ تھا	کون تھا جھولا جھلاتا اُس سوا
از کہ خوردم شیر غیر از شیر او	کہ مرا پرورد جز تدبیر او	دودھ مین نے کب پیا اُسکے سوا	پالا کسنے مجکو تھا اُسکے سوا
خوے کان با شیر رفت اندر وجود	کے توان او را ز مردم وا کشود	شیر کے ہمراہ جو آئین عادتین	دور کب مردم کے تن سے ہو سکین

۱ چور پوشیدہ الخ ۲ شعر چور مکان مین نقب پوشیدہ دے اور کہے کہ مین حفاظت کرتا ہون مین کب یقین کرتا ہون چور پر کہ چور ثواب و مزد کو کب جانتا ہے یعنے جو شخص کہ دشمن ہے گو وہ کام بہتر کرے مگر اُسمین اُسکی دشمنی ہوگی کہ جس سے رنج پہونچے آگے جواب ابلیس کا ہے فافہم ۱۲ ۲ خاص الخ ۵ شعر تجھ سا خاص چور راہزن کس سبب سے مجھ پر شفیق ہوا ابلیس نے کہا کہ ہم بھی تو پہلے ملائک ہوئے اور راہ طاعت ہم نے جان سے پائی سالکان راہ کے ہم محرم تھے ساکنان عرش سے ہم ہمدم تھے اگلا پیشہ دل سے کب دور ہوتا ہے اگلی محبت دل سے کب جاتی ہے آگے مثال ہے اگر سفر روم یا ختن دیکھے تیرے دل سے حب وطن کب جائے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ مست الخ ۴ شعر ہم بھی تو مست اس مے سے تھے ہم بھی تو عاشق درگاہ کے تھے اُس کی محبت پر اپنا نال کٹا ہے اس کا عشق ہماری جان مین رکھا ہے ہم نے زمانہ سے نیک دن دیکھا ہے ہم نے آب رحمت نہر سے کھایا ہے اُسکے دست فیض نے کیا ہم کو نہین بویا ہے ہم کو پیدا عدم سے کیا نہین کیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۴ اے بہت الخ ۵ شعر اے ہم نے اُس کی نوازش بہت پائی ہے اور باغ رضا کی ہوا کھائی ہے وہ ہم پر دست رحمت کا رکھتا تھا اور چشمے لطف کے وہ ہم پر کھولتا تھا بچپن مین جو مین دودھ پیتا تھا اور کون اُس کے سوا جھولا جھلاتا تھا ہم نے دودھ کب پیا اس کے سوا کس نے پالا اُس کے سوا جو عادتین کہ شیر کے ہمراہ آئین وہ مردم کے تن سے کب دور ہو سکین گی باقی اس کا حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

گر عتابے کرد دریائے کرم	بستہ کے گردند درہائے کرم	گرہوا غصہ وہ دریائے کرم	بند کب ہوتے ہیں وہ راہے کرم
اصل نقدش لطف و داد و بخشش است	قہر بروے چون غبار از غش است	اصل نقد اُسکی تو لطف وجود ہے	قہر اس پہ جو غبار آلود ہے
از برائے لطف عالم را بساخت	ذرہ ہا را آفتاب او نواخت	لطف ہی کے واسطے عالم بنا	اُسکے خورنے نور ذرون کو دیا
فرقت از قہرش اگر آبستن است	بہر قدر وصل او دانستن است	حاملہ ہے فرقت اُسکی قہر سے	وصل کی قدر اُس سے تاکہ جان لے
میدہد جان را فراقش گوشمال	تا بداند قدر ایام وصال	اُسکی فرقت جان کو دے ہے گوشمال	تاکہ جانے قدر ایام وصال
گفت پیغمبر کہ حق فرمودہ است	قصد من از خلق احسان بودہ است	بولے پیغمبرؐ کہ حق فرمائے ہے	قصد احسان ہی مرا مخلوق پے
آفریدم تا ز من سودے کنند	تا ز شہدم دست آلودی کنند	اور کیا پیدا کہ نفع مجھ سے لے	دست آلودہ ہو میرے شہد سے
نے برائے آنکہ من سودی کنم	در برہنہ من قبائے برکنم	نے کہ طمع فائدہ اُن سے رکھوں	اور برہنوں سے قبا کو چھین لوں
چند روزے کہ ز پیشم راندہ است	چشم من در روئے خوبش ماندہ است	تھوڑے دنکو راندۂ درگاہ کیا	اُسکا مین ہون روئے دلکش دیکھتا
کز چنان روی چنین قہرے عجب	ہر کسے مشغول گشتہ در سبب	ایسے منھ سے قہر ایسا اے عجب	ہوگیا ہر ایک مشغول سبب
من سبب را ننگرم کو حادث است	زانکہ حادث حادثی را باعث است	ہے وہ حادث مین سبب کو دیکھوں کب	کیونکہ حادث حادثی کا ہے سبب
لطف سابق را نظارہ میکنم	ہرچہ آن حادث دوپارہ میکنم	لطف پہلے پر مین رکھتا ہون نظر	اور اس حادث کو مین جانون تبر
ترک سجدہ از حسد گیرم کہ بود	آن حسد از عشق خیزد نے جحود	ترک سجدہ کا حسد سے ہے وہ لے	عشق سے ہے نے حسد انکار سے
این حسد از دوستی خیزد یقین	کہ شود با دوست غیرے ہمنشین	دوستی سے ہے حسد یہ کر یقین	دوست ہمرہ غیر کے ہے ہمنشین
ہست شرط دوستی غیرت پزی	ہمچو بعد عطسہ گفتن دیر زی	کرتا غیرت دوستی کی شرط ہے	جیسے کہنا چھینک پر جیتا رہے

لہ گرہوا غصہ الخ ۲ شعر اگر وہ دریائے کرم غصہ ہو بند کب ہوتے ہین دروازے کرم کے اُس کی اصل نقد تو لطف و کرم ہے اور قہر اُس پر مانند غبار آلودہ کے ہے یعنے فضل حق قدیم ہے اور قہر حق عارضی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ لہ لطف ہی الخ ۲ شعر لطف کے واسطے عالم بنا اُس کے آفتاب نے نور ذرون کو دیا فرقت اُس کی مہر حاملہ ہے تاکہ اُس سے وصل کی قدرت جان لے فرقت اُس کی جان کو گوشمالی دیتی ہے تاکہ قدر ایام وصال کی جانے آگے اس کے حقائق ہین پیغمبر صلے اللہ علیہ و آلہ وسلم نے کہا کہ حق تعالےٰ فرماتا ہے کہ میرا قصد احسان کا ہے مخلوق سے اور پیدا کیا کہ نفع مجھ سے لے اور دست آلودہ ہو میرے شہد سے نہ کہ طمع فائدہ کا رکھون اُن سے اور برہنون سے قبا کو چھینون یعنے حق نے عالم کو پیدا کیا کہ احسان اُس پر کرے نہ کہ اُن سے طمع نفع کی رکھے کیونکہ حق تعالےٰ محتاج نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ لہ تھوڑے دنکو الخ ۷ شعر مجھ کو بھی تھوڑے دن کو راندہ درگاہ کیا مین اُس کا روے خوشنما دیکھتا ہون اے تعجب ہے کہ ایسے منھ سے ایسا قہر ہو ہر ایک مشغول سبب ہوگیا ہے اور یہ عادت ہے اور مین سبب کو دیکھون کیونکہ حادثہ حادثی کا سبب ہے مین لطف پہلے پر نظر رکھتا ہون اور اس قہر سے حادث کو مین بدتر جانتا ہون یعنے حق کا لطف قدیم ہے اور قہر حادث ہے پھر مین لطف سے اُس کے مغفور ہون گا سجدہ نہ کرنا حسد سے ہے ولیکن وہ حسد عشق سے ہے انکار سے نہین ہے یقین کر کیونکہ دوست ہمراہ غیر کے ہمنشین ہے دوستی مین غیرت کرنا شرط ہے جیسے چھینک مین کہنا کہ جیتا رہے یعنے جیسے دعا چھینک کے ساتھ ملی ہوئی ہے اسی طرح دوستی کو غیرت لازم ملزوم ہے اور یہ عشق کا لوازمہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

چونکہ بی لطفش جز این بازی نبود
آن یکے بازی کہ برمن باختم
در بلا ہم مے چشم لذات او
چون رہاند خویشتن را اے سرہ
جزو ششش از کل ششش چون رہد
ہر کہ در ششش او درون آتش ست
خواہ اگر کفر ست اگر ایمان او

گفت بازی کن چہ دانم در فزود
خویشتن را در بلا انداختم
مات اویم مات اویم مات او
ہیچکس در ششش جہت در ششدرہ
خاصہ کہ بیچون مرا و را کج نہد
اوش برہاند کہ خلاق ششش است
دست باف حضرت ست آن او

لجو کہ لطف حق ہوا بازی نہ تھی
مین نے کھیلی ایک وہ بازی یہی تھی
اسکی لذت اس بلامین بھی چکھون
کسطرح کوئی چھڑائے آپ کو
چھ کا جز کب کل سے چھٹ کے ہو جدا
ششجہت مین جو ہے وہ آتش مین ہے
خواہ کفر و خواہ ایمان اسکا ہے

بولا بازیگر نہ جانون کیون بڑھی
جان کو اپنی بلامین ڈالدی
مات ہون مین مات ہون مین مات ہون
ششجہت مین ایسکہ ششدر ہو وہ
خاصکر ٹیڑھا جسے حق نے رکھا
وہ چھڑائے جسنے ششش پیدا کیے
ساختہ اسکا ہی و آن اسکا ہے

باز تقریر کردن معاویہؓ مکر ابلیس را با او

پھر تقریر کرنا معاویہؓ کا مکر ابلیس کو ساتھ اسکے

گفت امیرا و راکہ اینہا راست ست
صد ہزاران چون مرا تو رہزدی
آتشی از تو بسوزم چارہ نیست
طبعش ای آتش چو سوزانیدہ ایست
لعنت این باشد کہ سوزانت کند
باخدا گفتی شنیدے رو برو
معرفتہائے تو چون بانگ صفیر
صد ہزاران مرغ را او رہ زدہ است
در ہوا چون بشنود بانگ صفیر

لیک بخش تو ازینہا کاست است
حفرہ کردی در خزانہ آمدی
کیست کز دست تو جامہ اش پارہ نیست
تا نسوزانی تو چیزے چارہ نیست
اوستاد جملہ دزدانت کند
من کہ باشم پیش مکرت اے عدو
بانگ مرغان ست اما مرغ گیر
مرغ غرہ کاشنائے آمدہ است
از ہوا آید شود اینجا اسیر

لاس صحابیؓ نے کہا سچ ہے وے
تو نے مجھ سے لاکھ کو دھوکا دیا
آگ تو تجھ سے جلون چارہ نہین
طبع تو آتش جلانے کی رکھے
یہ ہے لعنت کہ تجھے سوزان کرے
گفتگو کی تو نے حق کے روبرو
لامعرفت تیری جون وازصفیر
اسنے صدہا مرغ کو دھوکا دیا
جو ہوا مین وہ سنے بانگ صفیر

تیرا حصہ اس سے کم ہے جان لے
اور خزانہ مین نقب دیکر گھسا
جامہ کسکا تجھ سے ہی پارہ نہین
بے جلائے چین کب آئے تجھے
سارے چورونکا تجھے استاکہے
کب مین پاسکتا ہون تیرے مکر کو
مرغ کی ہے بانگ لیکن مرغ گیر
مرغ نے جاناکہ یہ ہے آشنا
وان ہوا سے آئے اور ہووے اسیر

لہ جو کہ الخ، شعر جو کہ اس کے سوا حق کی بازی نہ تھی کہا بازیگر نے مین نہین جانتا ہون کیونکر بڑھ گئی وہ ایک بازی تھی کہ مین نے کھیلی اور جان بلامین ڈالدی یعنی وہ بازی عشق حقیقی تھی مین اسکی لذت اس بلامین بھی چکھتا ہون مین مات ہون یعنے اس بجائے عشق بازی مین اس بارہ سے مین نے مات کھایا ہے کوئی خود کو کس طرح چھڑاوے ششجہت مین کہ وہ ششدر ہے یعنے ششدر تختہ نرد مین مات کو کہتے ہین چھ کا جز کب کل سے چھٹ کے جدا ہووے خاصکر حق نے جسکو ٹیڑھا رکھا ہو جو ششجہت مین ہے وہ آتش مین ہے وہ چھڑائے جسنے ششش پیدا کیے خواہ کفر خواہ ایمان اسکا ہے اسی کا بنا ہوا اسی کا ملک ہے یعنے حق نے دنیا مین جسکو پیدا کیا ہے وہ بجز رنج پانے کے کب بچا ہے ہم اسکے ملک ہین جسطرح وہ چاہے رکھے یعنی ابلیس نے یہ دلیل توحید سے اپنی قایم کی آگے جواب تردید حضرت معاویہ کا ہے فافہم ۱۲ لہ اس صحابی الخ، شعر حضرت معاویہؓ نے کہا یہ سچ ہے ولیکن تیرا حصہ اس سے کم ہے تو نے مجھ جیسے لاکھون کو دھوکا دیا اور نقب دیکر خزانہ مین گھسا تو آتش ہے تجھ سے مین جلتا ہون چارہ نہین ہے اور تجھ سے کسکا جامہ چاک نہین ہے تو طبیعت آتش جلانے والی کی رکھتا ہے اور بے جلائے کب تجھے چین آتا ہے یہ لعنت ہے کہ تجھے سوزان کرے اور سب چورون کا تجھے استاد کہے تو نے گفتگو حق کے روبرو کی مین تیرے مکر کو کب پاسکتا ہون یعنی کوئی فعل تیرا مکر سے خالی نہین ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲

لہ معرفت الخ، شعر تیری معرفت مانند آواز صفیر کے مرغ کی آواز کے ہے لیکن مرغ گیر ہے اسنے صدہا مرغ کو دھوکا دیا اور مرغ نے جاناکہ یہ آشنا ہے جو ہوا مین بانگ صفیرہ سنے تو وہان ہوا سے اترے اور اسیر ہووے آگے شرح اسکے مکر و حیلہ کی ہے فافہم ۱۲۔

قوم نوح از مکر تو در نوحه اند	دل کباب و سینه شرحه شرحه اند	قوم نوح ہے نالان تیرے[1] مکر سے	دل کباب و سینہ زخمی وہ رکھے
عاد را تو باد دادی در جهان	اوفگندی در عذاب اندهان	عاد کو عالم مین تونے دی ہوا	اور عذابون مین رکھا تونے پھنسا
از تو بود این سنگسار قوم لوط	در سیاه آبه ز تو خوردند غوط	سنگسار[2] تجھ سے ہے قوم لوط کا	کالے پانی مین ہین ڈوبے تجھسے وہ
مغز نمرود از تو آمد ریخته	اے هزاران فتنه ها انگیخته	مغز نکلا تجھسے بس نمرود کا	تونے صد ہا فتنہ کو برپا کیا
عقل فرعون زکی فیلسوف	کور گشته ز نیابد او وقوف	عقل فرعون زکی اندھی ہوئی	اور نہ پایا پھر وقوف اُسنے کبھی
بولهب هم از تو نا اهلی شده	بو الحکم هم از تو بوجهلے شده	بولہب نا اہل تجھ سے ہو گیا	بوالحکم بوجہل تجھ سے ہو گیا
ای برین شطرنج بهر یاد را	مات کرده صد هزار استاد را	تونے اس شطرنج پر بس یاد کو	کر دیا ہے مات لاکھ اُستاد کو
ای ز فرزین بندهای مشکلت	سوخته جانها سیه گشته دلت	ایسے فرزین بند ہین مشکل ترے	سوختہ جان تیرہ باطن ہو گئے
بحر مکرے تو و خلقان قطرهٔ	تو چو کوه و دین سلیمان ذرهٔ	تو ہے بحر مکر قطرہ خلق سے	یہ سلیمان ذرہ تو جون کوہ ہے
که رهد از مکر تو اے مختصم	غرق طوفانیم الا من عصم	مکر[3] سے تیرے چھٹین کیا ایکدم	غرق طوفان ہم ہین الا من عصم
بس ستاره سعد از تو محترق	بس سپاه جمع از تو مفترق	بس ستارہ سعد تجھسے محترق	بس سپاہ جمع تجھ سے مفترق
بس مسلمان کز تو دین در باخته	سرنگون تا قعر دوزخ تاخته	دین مسلمانون نے ہارا تجھسے ہی	سرنگون وہ قعر دوزخ مین پڑے
بس چو بلعم از تو نومید آمده	بس چو برصیصا ز تو کافر شده	مثل بلعم تجھسے فاجر ہو گیا	تجھسے جون برصیصا کافر ہو گیا

باز جواب ابلیس مر معاویہؓ را و اخفائے مکر

پھر جواب دینا ابلیس کا معاویہؓ کو مکر کے چھپانے مین

گفت ابلیسش کشا این عقد را	من که محکم قلب او نقد را	بولا[4] ابلیس اس سے کھول اس عقد کو	مین محک ہون قلب کو اور نقد کو
امتحان شیر و کلبم کرد حق	امتحان نقد و قلبم کرد حق	امتحان شیر و سگ مین حق سے ہون	امتحان کھوٹے کھرے مین حق سے ہون
قلب را من کے سیه رو کرده ام	صیرفیم قیمت او کرده ام	مین نے کھوٹے کو سیہ کب کیا	مین ہون صراف اُسکو مین ہون جانچتا

۱ه قوم الخ۔ شعر قوم نوح ترے مکر سے نالان ہے دل کباب و سینہ زخمی وہ رکھے عاد کو جہان مین تونے ہوا دی اور عذابون مین تونے پھانس رکھا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ه سنگسار الخ۔ شعر قوم لوط کو تجھ سے سنگساری ہوئی اور وہ کالے پانی مین ڈوبے تجھ سے مغز نکلا نمرود کا تونے سیکڑون فتنہ اُٹھائے عقل فرعون ہوشیار کی اندھی ہوئی اور پھر اُس نے وقوف کبھی نہ پایا بولہب تجھ سے نا اہل ہو گیا اور ابو الحکم ہو گیا تجھ سے ابوجہل تونے اس شطرنج دنیا پر یادگاری کے لیے لاکھون استادون کو مات دیا ہے تیرے ایسے فرزین بند مشکل ہین کہ سوختہ جان تیرہ باطن ہو گئے تو دریائے مکر ہے اور خلق قطرہ ہے یہ سلیمان ذرہ اور مانند کوہ کے ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ه مکر سے الخ۔ شعر تیرے ہم مکر سے کب ایک دم چھٹین ہم غرق طوفان ہین مگر پناہ دینے والا ہے ستارہ سعد تجھ سے جلنے والا اور سپاہ جمع تجھ سے پریشان ہونے والی مسلمانون نے دین تجھ سے ہارا اور سرنگون دوزخ مین پڑے بلعم باعور کے مانند تجھ سے فاجر ہوا اور برصیصا کے مانند تجھ سے کافر ہوا یعنی تجھ سے ہزارون مرد بلائے دنیا مین گرفتار ہوئے پھر تیری راستی کیونکر ثابت ہو بجز مکر کے آگے جواب ابلیس کا ہے فافہم ۱۲ ۴ه بولا ابلیس الخ۔ شعر ابلیس نے اُن سے کہا کہ اس عقدہ کو کھولو مین تو کسوٹی ہون واسطے کھوٹے اور کھرے کے حق کی جانب سے امتحان شیر و سگ مین ہون مین نے سیاہ رو کھوٹے کو کب کیا مین صراف ہون اور اُس کو جانچتا ہون باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

نیکوان را رہنمائی میکنم	مربدان را پیشوائی میکنم	نیک کی مین رہنمائی کرتاہون	اور بد کی پیشوائی کرتاہون
صالحان را مقتدا و ماہنم	طالحان را نیز ماری میکنم	پیشوا نیکون کا اور مین امن ہون	شاخ جو کہ خشک ہو تو کاٹ دون
این علفہامی نہم از بہر چیست	تا پدید آید کہ حیوان جنس کیست	گھانس یہ رکھی ہے مین نے کسلیے	تاکہ دیکھون جنس حیوان کون ہے
گرگ از آہو چو زاید کودکے	ہست در گرگی و آہوئی شکے	گرگ آہو سے جو بچہ اک جنے	گرگی آہوئی مین اُسکی شک رہے
تو گیاہ و استخوان پیشش بریز	تا کدامے سو کند او گام تیز	گھانس ہڈی اُسکے آگے ڈال تو	کسکی جانب دیکھ اُسکو میل ہو
گر بسوے استخوان آید سگ است	در گیاہ جوید یقین آہو رگ است	جانب ہڈی ہو رغبت سگ ہو وہ	گھانس کو دوڑے تو آہو جان تو
قہر و لطف جفت شد با یکدگر	زاد ازین ہر دو جہان خیر و شر	قہر و لطف آپسمین جو جوڑا ہوا	اُنسے خیر و شر یہان پیدا ہوا
تو گیاہ و استخوان را عرضہ کن	قوت نفس و قوت جان را عرضہ کن	گھانس اور ہڈی کو بس تو کرعیان	قوت نفس اور قوت جانکو کرعیان
گر غذائے نفس جوید ابتر است	ور غذائے روح خواہد سرور است	گر غذائے نفس لیوے ہے بُرا	گر غذائے روح چاہے ہے بھلا
گر کند او خدمت تن ہست خر	ور رود در بحر جان یابد گہر	گر کرے خدمت بدن کی ہے وہ خر	گر وہ جائے بحر جان مین لے گہر
گرچہ این دو مختلف خیر و شر اند	لیک این ہر دو بیک کار اندر اند	گرچہ دونون مختلف ہین خیر و شر	لیک یہ دونون ہین ایک ہی کام پر
انبیا طاعات عرضہ می کنند	دشمنان شہوات عرضہ میکنند	انبیا طاعت کو کرتے ہین عیان	اور عدو شہوت کو کرتے ہین عیان
نیک را چون بد کنم یزدان نیم	داعیم من خالق ایشان نیم	نیک کو جو بد کرون مین حق نہین	مین ہون داعی خالق مطلق نہین
خوب را من زشت سازم رب نیم	زشت را و خوب را آئینہ ام	خوب کو مین زشت کرون رب نہین	آئینہ ہون خوب و بد کا بالیقین
سوخت ہندو آئینہ از درد را	کاین سیہ رو می نماید مرد را	آئینہ جیسے جلائے درد سے	کہ سیہ رو کیون دکھاتا ہے مجھے
گفت آئینہ گناہ از من نبود	جرم آنرا کہ آئینہ زدود	آئینہ بولا گنہ مجھ سے نہ تھا	جرم اُسکا ہے کہ آئینہ بنا
او مرا غماز کرد و راست گو	تا بگویم زشت کو و خوب کو	کردیا ہے راست گو اُسنے مجھے	تا کہون مین کون زشت و خوب ہے
من گواہم بر گواہ زندان کجاست	ز اہل زندان نیستم یزدان گواہ ست	مین گواہ ہون کب گواہ قیدی ہوا	اہل زندان سے نہین حق ہی گوا

۱ نیک کی الخ، شعر مین نیک کی رہنمائی کرتاہون اور بد کی پیشوائی کرتاہون مین پیشوائی نیکون کی اور امن ہون اور جو شاخ خشک ہوتی ہے کاٹ دیتا ہون یہ مین نے گھانس کس لیے رکھی تا دیکھون جنس حیوان کون ہے کہ اُسکی طرف رغبت کرتاہے آگے مثال ہے گرگ و آہو سے جو ایک بچہ پیدا ہو تو گرگی و آہوئی مین اُسکی شک ہووے اُسکے آگے گھانس اور ہڈی تو ڈال اور دیکھ کس کی جانب اُسکو میل ہے اگر جانب ہڈی کے راغب ہے وہ سگ ہے اور اگر گھانس کو دوڑے تو آہو جان یہ قہر و لطف آپس مین جو جوڑا ہوا تو اُن سے خیر و شر یہان پیدا ہوا آگے حقائق ہین فافہم ۱۲

۲ گھانس الخ، شعر تو گھانس اور ہڈی کو عیان کر اگر غذائے نفس لیوے بُرا ہے اور اگر غذائے روح چاہے بھلا ہے اگر خدمت بدن کی کرے گدھا ہے اور اگر دریائے جان مین جائے گوہر لیوے یعنی جو کہ طالب خدا ہے روحانی غذا کا شاہد ہے وہ بہتر ہے اور جو غذائے نفسانی کا کہ طعام ہے وہ بُرا ہے آگے قول مولانا کا ہے فافہم ۱۲ **۳** اگرچہ الخ، شعر اگرچہ دونون مختلف ہین خیر و شر لیکن یہ دونون ایک ہی نام پر ہین انبیا طاعت کو ظاہر کرتے ہین اور عدو شہوت کو ظاہر کرتے ہین یعنے یہ خیر و شر دونون طرف حق کی دعوت کرتے ہین آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲

۴ نیک کو الخ، شعر مین حق نہین ہون کہ نیک کو بد کردون مین دعوت کرنے والا ہون خالق نہین ہون مین رب نہین ہون کہ خوب کو زشت کردون خوب و بد کے واسطے آئینہ ہون جیسے آئینہ کو جلاے درد سے کہ تو مجھکو سیاہ رو کیون رکھتا ہے آئینہ نے کہا مجھ سے گناہ نہ تھا یہ جرم اُسکا ہے کہ جنسے آئینہ بنایا ہے مجھکو اُسنے راست گو کردیا کہدون کہ کون زشت کون خوب ہے مین تو گواہ ہون اور گواہ قیدی کب ہوا اہل زندان سے نہین ہون خدا گواہ ہے آگے مثال اسکی ہے فافہم ۱۲

ہر کجا بینم درختے میوہ دار	تربیتہا می کنم من دایہ دار	دیکھتا[1] جس جا ہون نخل میوہ دار	تربیت کرتا ہون اُسکی دایہ وار
خشک گوید باغبان را کاے فتا	مر مرا چہ می بری سر بے خطا	باغبان سے خشک کہتا ہے بھلا	کسلیے سر میرا کاٹے بے خطا
باغبان گوید خمش اے زشت خو	بس نباشد خشکی تو جرم تو	باغبان کہتا ہے چپ اے بیحیا	نے تری خشکی ہی یہ جرم اک بڑا
خشک گوید راستم من کژ نیم	تو چرا بے جرم می بری پیم	خشک کہتا ہی نہین مجھ مین کجی	کسلیے بے جرم کاٹی جڑ مری
باغبان گوید اگر مسعود ئیے	کاشکے کژ بودئی و تر بودئیے	باغبان کہوے اگر ہے بر تری	کاشکے کج ہوتا تر ہوتی تری
جاذب آب حیاتے گشتۂ	اندر آب زندگی آغشتۂ	تو[2] ہوا ہے جاذب آب حیات	اور آب زندگانی کے ہے سات
تخم تو بد بودہ است و اصل تو	با درخت خوش نشاید وصل تو	اصل بد اور تخم بد تیرا ہوا	کب درخت خوش سے تیے پیوند ہوا
شاخ تلخ ار با خوشی وصلت کند	آن خوشی اندر نہادش بر زند	خوش سے شاخ تلخ گر پیوند ہو	اُسکے تن مین دے خوشی ثمرات کو
گر ترا بیدار کردم بہر دین	خوے اصل من ہمین ہست ہمین	گر جگایا تجکو دین کے واسطے	عادت اصلی مری یہ ہی تو ہے

عنف کردن معاویہ رضؓ با ابلیس علیہ اللعنہ

سختی کرنا معاویہ رضؓ کا ابلیس علیہ اللعنہ پر

گفت امیر رضؓ اے راہزن حجت مگو	مر ترا رہ نیست در من رہ مجو	وہ[3] صحابی رضؓ بولے مت تکرار کر	مجھ مین اے رہزن نہ تیرا ہوا اثر
رہزنے و من غریب و تاجرم	ہر لباسا تے کہ آری کے خرم	تو ہے رہزن مین ہوتا تاجر اور غریب	نے خریدون لائے سامان جو عجیب
گرد رخت من مگرد از کافری	تو نہ رخت کسے را مشتری	کافری سے میرے سامان کو نہ چھوڑ	مشتری سامان کسی کا ہو نہ تو رہ
مشتری نبود کسے را راہزن	ور نماید مشتری مکر است و فن	مشتری کب ہو کسی کا راہزن	گر خریداری کرے ہی مکر و فن
تا چہ دارد این حسود اندر کدو	ایخدا فریاد ما را زین عدو	کیا کدو مین رکھتا ہے اب یہ حسود	مجکو اس دشمن سے فریاد اے ودود

[1] دیکھتا الخ ہ شعر مین جس کا درخت میوہ دار دیکھتا ہون اُسکی تربیت کرتا ہون مانند دایہ کے اور جس جا درخت خشک دیکھتا ہون اُسے کاٹتا ہون تاکہ باغبان کے کیونکہ گو ہر خشک کو مین جلا تا ہون درخت خشک باغبان سے کہتا ہے تو نے میرا سر بیخطا کسلیے کاٹا باغبان کہتا ہے چپ رہ اے بیحیا کہ یہ تیری خشکی بڑا جرم ہے یعنے زہ خشک مثل درخت خشک کے ہے کہ مجھ مین کجی نہین ہے تو بے جرم میری جڑ کیون کھودتا ہے اُس سے تب باغبان کہے کہ اگر بر تری تجھ مین ہوتی کاش تو کج ہوتا مگر تری تجھ مین ہوتی یعنے بظاہر تیری صورت کج ہوتی بہتر تھی مگر تری یعنی ہوتی ہے اگر ظاہر بُرا ہو تو ہو مگر صاحب معنی ہونا چاہیے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] تو ہوا جاذب الخ ہ شعر تو جاذب آبحیات ہوا ہے اور آب زندگی کے ساتھ ہے یعنے اے شاخ خشک آب حیات تجھ سے جذب ہو اور آب زندگانی کے تو ساتھ ہے اور تجھ سے کچھ حاصل نہین ہے اس واسطے کٹنا تیرا بہتر ہے تیرا تخم بد اور اصل بد ہوئی کب درخت خشک سے تیرا پیوند ہو یعنے مرشد سے تو بسبب معنے نہ رکھنے کے وصل نہین ہو سکتا ہے اگر شاخ خشک سے تلخ پیوند ہو اُس کے تن مین خوشی ثمر دیوے اگر مین نے تجھے دین کے واسطے جگایا تو بھی میری عادت اصلی ہے یعنے اصل سے میری عادت نیک ہے بظاہر اب مین بُرا ہون پس عادت نیک ہے اس سبب سے مین نے تجھے بیدار کیا ہے آگے جواب حضرت معاویہ رضی اللہ تعالےٰ عنہ کا ہے فافہم ۱۲ [3] وہ صحابی الخ ۶ شعر حضرت معاویہ رضؓ نے کہا تو تکرار مت کر اے راہزن مجھ مین تیرا اثر نہ ہوگا تو راہزن اور مین سوداگر ہون اگر تو سامان بہتر لائے مین نہین خریدونگا تو از راہ کافری کے میرے سامان کو مت چھوڑ اور کسی کے سامان کا تو خریدار نہ ہو راہزن کب خریدار ہو اور خریداری کرے تو مکر و فن ہے اب تو کدو مین کیا رکھتا ہے اے حسود مجھکو اے خدا دشمن سے فریاد ہے اگر ایک اور افسون مجھ پر پھونک دے پس یہ رہزن میرا سامان لوٹ لے یعنے حضرت معاویہ نے مدد چاہی حق تعالےٰ سے کہ مکر شیطان سے مجھکو بچا چنانچہ مدد چاہنے کا حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

گر بیکے فصل دگر در من دمد — بردخواہد از من این رہزن نمد
گر فسون اک ور مجھپر پھونکدے — بس مرا سامان یہ رہزن لوٹلے

تالیدن معاویہؓ بحقتعالے از مکر ابلیس و نصرت خواستن

زاری کرنا معاویہؓ کا درگاہ مین مکر ابلیس سے اور فتح چاہنا

این حدیثش ہمچو دودست اے الٰہ — رحم کن ورنہ گلیمم شد سیاہ
من بحجت بر نیایم با بلیس عو — کوست فتنہ ہر شریف و ہر خسیس
آدمی چون علم الاسما بگشت — بانگ چون برق این سگ بشکست پا
از بہشت انداختش بروے خاک — چون سمک در شست او شد از سماک
نوحۂ انا ظلمنا میزدے — نیست دستان و فسونش را حدے
اندران ہر حدیث او شر ست — صدہزاران سحر در وے مضمر ست
مردی مردان ببندد در نفس — در زن و در مرد افروزد ہوس
اے ابلیس خلق سوز فتنہ جو — بر چیم بیدار کردی است گو
زانکہ حجت بر نیاید با منے — ہین غرض ار در میان بے فنے

جو دھوان ہین باتین اُسکی اے الٰہ — رحم کر میری نہ کملی ہو سیاہ
بحث شیطان پر نہ غلبہ ہو مجھے — کہ وہ فتنہ ہر بد و ہر نیک ہے
بس ہے آدم علم الاسما لقب — پر مقابل برق سگ کے نہ تڑپ
اسکو جنت سے گرایا خاک پے — مثل مچھلی شست مین پھانسا اُسے
نالہ تب انا ظلمنا کا کیا — ہے نہ مکر و افسون کی اُسکے انتہا
ہے شرارت اُسکی ہر اک بات مین — اور بھرے جادو ہزارون اسمین ہین
مرد کی مردی کو باندھے اک نفس — مرد و عورت مین کرے افزون ہوس
اے ابلیس خلق سوز فتنہ جو — کسلیے مجکو جگایا سچ کہو
کیونکہ حجت مین تو غالب مجھ سے ہو — بس غرض نے مکر اپنے تو کہو

باز تقریر ابلیس تلبیس خود را با معاویہ رضی اللہ عنہ

پھر بیان کرنا ابلیس کا مکر اپنے کو ساتھ معاویہؓ کے

گفت ہر مردے کہ باشد بدگمان — نشنود او راست را با صد گمان
ہر درونے کو خیال اندیش شد — چون دلیل آرے خیالش بیش شد
چون سخن در وے رود علت شود — تیغ غازی دزد را آلت شود
پس جواب او سکوت است و سکون — ہست با ابلہ سخن گفتن جنون

بولا جو کہ مرد ہووے بدگمان — کب سنے وہ بدگمان سچا بیان
جس کسی کا دل خیال اندیش ہے — جو دلیل آئے خیال اُسکا بڑھے
اسمین جانے جو سخن علت بنے — تیغ غازی چور کی آلت بنے
یہ جواب اُسکا کہ مین ساکت ہون — گفتگو ابلہ سے ہوتا ہے جنون

۵۱ دھوان الخ اشعر اے خدا اس ابلیس کی باتین مانند دھوئین کے ہین تو رحم کر کہ میری کملی سیاہ اُس سے نہ ہو جائے یعنے میرا دل اس کے مکر سے سیاہ نہ ہو جائے باقی دعا کا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ بحث الخ شعر شیطان کی بحث پر مجھے غلبہ نہ ہووے کہ ہر بد و نیک کا وہ فتنہ ہے آگے مثال ہے آدم علم الاسماء کا لقب دیا ہے مگر مقابل اس برق سگ کے تڑپ نہین رکھتی ہین پس اس شیطان نے اُن کو جنت سے خاک پر ڈالا اور مثل مچھلی کے اُنھین شست مین پھانسا اُنھون نے تب نالہ انا ظلمنا کا کیا کہ اُسکے مکر و فسون کی انتہا نہین ہے اُسکی ہر ایک بات مین شرارت ہے اور اُس مین ہزارون جادو بھرے ہین مرد کی رجولیت ایک دم مین بند کر دے اور عورت و مرد مین ہوس زیادہ کرے تاکہ باہم فساد ہووے اے ابلیس خلق سوز فتنہ جو کس لیے مجھ کو جگایا سچ کہہ کیونکہ حجت مین تو غالب مجھ سے مت ہو اور غرض ہے مکر تو اپنی کہہ یعنے تو وہ غرض اپنی بیان کر جس کے واسطے تو نے مجھے جگایا آگے جواب ابلیس کا ہے فافہم ۱۲ ۵۳ بولا الخ شعر ابلیس نے کہا کہ جو شخص بدگمان ہووے وہ بدگمان کب سچا بیان سنے اور جس کا دل خیال اندیش ہے جو دلیل آئے اور خیال اُس کا زیادہ ہووے آگے مثال ہے جو بات کہ اُس مین جائے علت بنتے تیغ غازی چور کا آلہ بنے یعنے تیغ غازی اگرچہ چور لیوے تو وہ آلہ چور کا ہو جاوے یہ اُس کا جواب ہے کہ مین ساکت رہون ابلہ سے گفتگو کرنا جنون ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

تو ز حق ترس و ز حق قطع نفس — کہ تو از شرش بماندستی بہ حبس
تو ز من با حق چہ نالی ای سلیم — رو بنال از شر این نفس لئیم
تو خوری حلوا ترا دنبل شود — تپ بگیرد طبع تو مختل شود
بی گنہ لعنت کنی ابلیس را — چون نہ بینی از خود این تلبیس را
نیست از ابلیس از تست ای غوی — کہ چو روبہ سوی دنبہ میروی
چونکہ در سبزہ بہ بینی دنبہ را — دام باشد این ندانی روبہ را
زان ندانی کت ز دانش دور کرد — میل دنبہ چشم عقلت کور کرد
حبک الاشیاء یعمیک و یصم — نفسک السوداء قد جنت لا تختصم
تو گنہ بر من منہ کژ کژ مبین — من ز بد بیزارم و از حرص و کین
حرص و کین ہست از طبائع مختلف — مر مراکے چار ضد شد مکتنف
من بدی کردم پشیمانم ہنوز — انتظارم تا شبم آید بروز
ہم امیدے میزدم با درد و سوز — تا مگر کاین دی بہم گردد تموز
متہم گشتہ میان خلق من — فعل خود بر من نہد ہر مرد و زن
گرگ بیچارہ اگرچہ گرسنہ ست — متہم باشد کہ او در طنطنہ ست
چونکہ نتواند ز ضعف آن راہ رفت — خلق گوید تخمہ ست از لوت زفت

حق سے ڈر اور ڈھونڈھ اس سے قطع نفس[۱] — کہ ہوا شر سے تو اسکے قید بس
ساتھ حق کے مجھ سے روئے کسلیے — جا تو شر سے نالہ کر اس نفس سے
کھائے تو حلوا تو دنبل ہوں ترے — اور بخار آئے طبع ناخوش کرے
بے گنہ لعنت کرے ابلیس کو — کیوں نہ دیکھے خود سے اس تلبیس کو
یہ نہیں شیطان سے ہرگز ای فتا — مثل روبہ سوئے دنبہ تو چلا
جو کہ سبزہ میں تو دیکھے دنبہ کو — دام ہووے اور نہ جانے روبہ کو
اسلیے نہ جانے تو دانش گئی — خواہش دنبہ نے اندھی عقل کی
حبک الاشیاء یعمی و یصم — نفسک السوء قد جنت لا تختصم
مت گنہ رکھ اور نہ ٹیڑھا دیکھ تو — چاہتا ہوں میں نہ حرص و کینہ کو
حرص و کینہ[۲] اختلاف طبع ہی — ضد نہ چاروں عنصروں کا مجھ میں ہے
اب پشیمان ہوں جو برا میں نے کیا — منتظر ہوں رات میری دن ہو ا
ہے مجھے امید درد و سوز سے — موسم سردی مرا گرمی بنے
میں ہوا بدنام سب مخلوق میں — فعل اپنے مرد و زن مجھ پر رکھیں
بھیڑیا بیچارہ بھوکا گرچہ ہے — ہو گیا بدنام جو عشرت کرے
جو ضعیفی سے نہ رستہ چل سکے — خلق کہوے تخمہ کھانے ہی سے ہے

باز الحاح کردن معاویہ مر ابلیس را — پھر عاجزی کرنا معاویہ کا ابلیس سے

سلہ حق سے الخ ۹ شعر تو حق سے ڈر اور قطع نفس اُس سے ڈھونڈھ کہ اُس کے شر سے تو قید ہوا ہے تو خدا کے ساتھ میرے سبب سے کیوں ڈرتا ہے جا تو نالہ کر اس نفس کے شر سے آ کہ مثال ہے تو حلوا کھائے تو تیرے دُنبل ہوا اور بخار آئے وطبیعت ناخوش ہووے بے گناہ تو لعنت کرتا ہے ابلیس کو کیوں نہیں دیکھتا ہے خود سے اس مکر کو یہ شیطان بد سے نہیں ہے تجھ سے ہے اور مثل روبہ کے تو جانب دنبہ کے جاتا ہے جو کہ سبزہ میں دنبہ کو دیکھے دام ہووے اور لے روبہ تو نہ جانے اس لیے نہیں جانے کہ عقل گئی اور خواہش دنبہ نے عقل اندھی کی ہے یعنے طمع دنیا نے تجکو حق جوئی سے اندھا و بہرا کیا ہے تیرے نفس نے گناہ کیا تو دوسروں سے دشمنی نہ کر مت گناہ رکھ اور ٹیڑھا مت دیکھ میں نہیں چاہتا ہوں حرص و کینہ باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ حرص الخ ۶ شعر حرص و کینہ اختلاف طبع سے چاروں عنصروں کی ہے مجھ میں ضد نہیں ہے اب پشیمان ہوں کہ میں نے بُرا کیا منتظر ہوں کہ تا رات میری دن ہو مجھے امید ہے سوز و درد سے کہ موسم سردی میرا گرمی بنے میں مخلوق میں بدنام ہوا ہوں فعل اپنے مرد و زن مجھ پر رکھتے ہیں آگے مثال ہے بھیڑیا بیچارہ اگرچہ بھوکا ہے بدنام ہو گیا ہے جو ضعیفی سے راہ نہیں چل سکتا ہے خلق کہتی ہے کہ تخمہ کھانے سے ہو گیا ہے یعنے میں مخلوق میں بدنام ہو گیا ہوں کہ مخلوق خود گناہ کرتی ہے اور وہ مجھ پر رکھتی ہے بقول استاد سے کیا ہنسی آتی ہے مجھکو حضرت انسان پر + فعل بد تو خود سے ہو لعنت کرے شیطان پر + آگے حضرت معاویہ کا جواب الجواب ہے فافہم ۱۲ سلہ دوستی کسی شے کی تجھے بہرا گونگا کرتی ہے ۱۲ سلہ تیرے نفس نے گناہ کیا تو دوسرونکو بدنام نہ کر ۱۲

وجواب او		اور جواب دینا اُس کا	
گفت غیبر راستی نہ رہاندت	داد سوے راستی میخواندت	بولا کب چھوڑون تجھے بے سچ کہے	داد سوے سچ بلاتی ہے تجھے
راست گو تا وارہی زچنگ من	مکر نہ نشاند غبار جنگ من	سچ کہو تا ہاتھ سے میرے چھٹے	کب غبار جنگ بیٹھے کر سے
گفت چون دانی دروغ و راست را	ای خیال اندیش پر اندیشہا	بولا کیسے جانے سچ اور جھوٹ کو	اے خیال اندیش پر اندیش کو
گفت پیغمبر نشانے دادہ است	قلب نیکو را محک بنہادہ است	بولا پیغمبر نے بتلایا پتا	دل محک کھوٹے کھرے کا ہی کہا
گفتہ است الکذب ریب فی القلوب	باز الصدق طمانین طرب	ہی کہا الکذب عـہ ریب فی القلوب	باز الصدق عـہ طمانین و طرب
دل نیارامد زگفتار دروغ	آب و روغن ہیچ نفروزد فروغ	دل نہین خوش ہووے کہنے سے دروغ	تیل پانی سے نہ زیادہ ہو فروغ
در حدیث است آرام دل است	راستیہا دانہ دام دل ست	دل کو ہی آرام سچی بات سے	سچ ہی دانہ دام دل کیواسطے
دل اگر رنجور باشد بد دہان	کو نداند چاشنی این و آن	سلہ گر ہو دل بیمار منہ ہو بد مزا	کہ نہ جانے چاشنی کا ذایقا
چون شود از رنج و علت دل سلیم	طعم صدق و کذب را باشد علیم	رنج و بیماری سے جو دل ہو سلیم	جھوٹ اور سچ کے مزے سے ہو علیم
حرص آدم چون سوے گندم فزود	از دل آدم سلیمی را ربود	حرص گیہون کی جو آدم کو بڑھی	دل سے آدم کے سلیمی لیگئی
پس دروغ و عشوہ ات را گوش کرد	غرہ گشت و زہر قاتل نوش کرد	سلہ تیرے مکر و جھوٹ کو اُسنے سنا	ہو کے بےغم زہر قاتل کھالیا
کژدم از گندم ندانست آن نفس	می پرد تمیز از مست ہوس	فرق نے گندم و کژدم مین کیا	تو تمیز اہل ہوس سے لے گیا
خلق مست آرزو اند و ہوا	زان پذیرا اند دستان ترا	خلق مست آرزو ہے اور ہوا	جو قبول اب مکر تیرے کو کیا
ہر کہ خود را از ہوا خو باز کرد	گوش خود را آشنائے راز کرد	جو ہوا سے باز اپنے کو رکھے	آشنائے راز گوش اپنا کہے
ہمچنان کہ در حکایت گفتہ اند	بشنو آنرا تا کشاید بستہ بند	جس طرح سے اس حکایت مین کہا	اُسکو سن تا قید سے ہو تو رہا

سلہ بولا الخ یہ شعر حضرت معاویہؓ نے کہا بے سچ کہے تجھے کب چھوڑون تجھکو داد طرف سچ کے بلاتی ہے تو سچ کہہ تاکہ میرے ہاتھ سے چھٹے اور جنگ کر سے غبار بیٹھے کہا ابلیس نے کہ تو کیسے جانے سچ اور جھوٹ کو اے خیال اندیش و بد اندیش تو کہا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پتا بتایا ہے کہ محک کھوٹے کھرے پرکھنے کا دل ہے اور کہا ہے ترجمہ جھوٹ سے شک بڑھتا ہے دل مین پھر صدق اطمینان کرتا ہے خوشی سے دل جھوٹ کہنے سے خوش نہین ہوتا ہے اور تیل پانی سے روشنی زیادہ نہین ہوتی ہے دل کو آرام سچی بات سے ہے سچ دانہ ہے دام دل کیواسطے آگے مثال ہے فافہم ۱۲ سلہ گر ہو الخ شعر اگر دل بیمار ہو تو منہ بد مزہ ہو کہ چاشنی کا ذائقہ نہ جانے رنج اور بیماری سے دل سلیم ہو تو جھوٹ اور سچ کے مزے سے علیم ہو جو حرص گندم کی آدم علیہ السلام کو بڑھی سلیمی آدم کی دل سے لیگئی یعنے جیسے بیماری سے منہ بدمزہ ہوتا ہے اور کچھ ذائقہ نہین ہوتا ہے اسی طرح دل جو بیمار ہوتا ہے سچ و جھوٹ کا مزہ نہین پاتا ہے اور جبکہ دل ریاضت عشق سے بیدار ہوتا ہے اور مرض دل کا دور ہو جاتا ہے تو مزہ سچ و جھوٹ کا آتا ہے پس میرا دل اے ابلیس اس تیرے قول سے جھوٹا جانکر جو یان سچ کا ہے تو جبتک سچ نہین کہیگا نہ چھوڑون کا تجھے باقی حال اُسکا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ تیرے مکر الخ شعر آدم علیہ السلام نے تیرے مکر و جھوٹ کو سنا بیغم ہو کر زہر قاتل کھالیا فرق گندم و کژدم مین نہین کیا تو تمیز اہل دل سے لیگیا خلق مست آرزو اور ہوا ہے جو اس سبب سے تیرے مکر کو قبول کر لیا ہے جو شخص خود کو ہوا سے باز رکھے اپنے گوش کو آشنائے راز کرے جس طرح سے اس حکایت مین تو سن تا قید سے چھوٹے یعنے جو شخص دل کو غرض دنیا سے باز رکھے کان اُسکے اوپر راز الٰہی سے کھلین چنانچہ اسکی مثال مین قصہ قاضی کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ عـہ جھوٹ سے شک پڑتا ہے دل مین ۱۲ عـہ پھر صدق اطمینان کرتا ہے خوشی سے ۱۲۔

شکایت قاضی از آفت قضا و جواب نائب او را

قاضیے بنشاندند و میگریست	گفت نائب قاضیا گریہ ز چیست
این نہ وقت گریہ و فریاد تست	وقت شادی و مبارکباد تست
گفت آہ چون حکم راند بیدلے	در میان آن دو عالم جاہلے
آن دو خصم از واقعۂ خود واقف اند	قاضی مسکین چہ داند زان دو بند
جاہل ست و غافل ست از حالشان	چون رود در خونشان و مالشان
گفت خصمان عالم اند و علتے	جاہلی تو لیک شمع ملتے
زانکہ تو علت نداری در میان	وان فراغت ہست نور دیدگان
وان دو عالم را غرضشان کور کرد	علمشان را علت اندر گور کرد
جہل را بے علتی عالم کند	علم را علت ز دلہا بر کند
تا تو رشوت نستدی بینندۂ	چون طمع کردی ضریر و بندۂ
از ہوا من خوے را وا کردہ ام	لقمہای شہوتے کم خوردہ ام
چاشنی گیر دلم شد با فروغ	راست را داند حقیقت از دروغ

شکایت کرنا قاضی کا آفت قضا سے اور جواب دینا نائب کا اُسکے

رونا تھا[51] قاضی کیا جو ایک گو	بولا نائب قاضی کیون روتا ہی تو
یہ نہ وقت گریہ و فریاد ہے	وقت شادی و مبارکباد ہی
بولا کیونکر حکمرانی کر سکون	جاہل اک مابین دو عالم کے ہون
اپنا جھگڑا جانتے ہین دنون عدو	قاضی بس کیا جانے اُنکے بھید کو
جاہل و غافل ہی اُنکے حال سے	کیسے جلتے اُنکے خون و مال سے
بولا وہ عالم ہین پر علت رکھین	تو ہی جاہل پر شمع ہے دین مین
کیونکہ علت کو نہین رکھتا ہی تو	پاک رکھے آنکھ کے تو نور کو
ان[52] دو عالم کو غرض نے کر دیا	اندھا او علت سے علم اُنکا گیا
جہل کو بے علتی عالم کرے	دل سے علت علم کو زائل رکھے
جب تلک رشوت نہ لے بینا ہی تو	جب طمع آئے تو بس اندھا ہی تو
مین نے عادت سے کری ترک ہوا	کھانا کم کھایا ہی شہوت کا سدا
روشنی سے دل مرا آگاہ ہے	در حقیقت جانے سچ کو جھوٹ سے

باقرار آوردن معاویہ رض ابلیس لعین را

اے سگ ملعون جواب من بگو	راست بشنو آور و در زعی مجو
تو چرا بیدار کردی مر مرا	دشمن بیداری تو ای پر دغا

اقرار کرانا معاویہ رض کا ابلیس لعین سے

اے[53] سگ ملعون دے میرا جواب	سچ کہہ اور جھوٹ سے مت کر خطاب
کسلیے تو نے جگایا ہی مجھے	تو تو جگنے کا ہی دشمن جان سے

[51] رونا تھا الخ شعر گریہ کرتا تھا ایک شخص جب کہ اُسے قاضی کیا نائب نے قاضی سے کہا کہ تو کیون روتا ہے یہ وقت گریہ و فریاد کا نہین ہے وقت خوشی و مبارکبادی کا ہے کہا کیونکر مین حکمرانی کر سکون مین ایک جاہل درمیان دو عالم کے ہون وہ دونون علم یعنے مدعی و مدعا علیہ اپنا جھگڑا جانتے ہین قاضی اُن کے بھید کو کیا جانے جاہل اور غافل ہے اُن کے حال سے کیسے اُن کے دعوے خون اور دعوے مال کو جانے کہا کہ وہ عالم ہین مگر علت رکھتے ہین اور تو جاہل ہے ولیکن شمع دین مین ہے کیونکہ تو علت نہین رکھتا ہے اور آنکھ کو نور سے پاک رکھتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [52] ان دو عالم الخ شعر اُن دونون عالم کو غرض نے اندھا کر دیا اور علت سے اُن کا علم گیا اور بے علتی جہل کو عالم کرے اور علت علم کو دل سے زائل کرے جب تک تو رشوت نہ لے بینا ہے اور جب طمع آئے تو اندھا ہے مین نے عادت سے ترک ہوا کی اور کھانا ہمیشہ شہوت کا کم کھایا ہے میرا دل روشنی سے آگاہ ہے حقیقت مین سچ کو جانتا ہون جھوٹ سے یعنے حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کہتے ہین کہ میرا دل بسبب ترک کرنے خواہشات دنیا کے وہ قابلیت رکھتا ہے کہ سچ و جھوٹ تمیز کر لیتا ہے پس جب تک تو سچ نہ کہے گا ہرگز تجھے نہ چھوڑون گا آگے اقرار کرنا ابلیس کا ہے فافہم ۱۲ [53] اے سگ الخ شعر اے سگ ملعون میرا جواب دے اور سچ کہہ اور جھوٹ خطاب نہ کر تو نے کس لیے مجھے جگایا ہے تو دشمن بیداری کا ہے جان سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ -

همچو خشخاشے همه خواب آوری — همچو خمرے عقل و دانش میبری
چار میخت کرده ام من راست گو — راست را دانم تو حیلتها مجو
من ز هر کس آن طمع دارم که او — صاحب آن باشد اندر طبع و خو
من ز سرکه می نه جویم شکرے — وز مخنث می نه جویم لشکرے
همچو گبران می نه جویم از بتے — کو بود حق یا ز حق او آیتے
من ز سرگین می نه جویم بوے مشک — من در آب جو نه جویم خشت خشک
من نه جویم پاسبانی را ز دزد — کار نا کرده نه جویم هیچ مزد
من ز شیطان می نه جویم کوست غیر — که مرا بیدار گرداند به خیر

تو سلاتا مثل ہے خشخاش کے[۱] — عقل لیجاتا ہے مے کی طرح سے
کر دیا ہے مین نے جو میخہ تجھے — جانتا سچ کو ہون مت حیلہ کرے
ہر کسی سے مین طمع رکھتا ہون وو — جو کہ عادت اور طبع مین اسکی ہو
مین نہ سرکے سے شکر ہون ڈھونڈھتا — نے مخنث سے ہون مردی چاہتا
مثل کافر مین نہ بت سے ڈھونڈھتا — کہ وہ حق ہو یا کہ ہو حق کا پتا
مین نہین[۲] گوبر سے ڈھونڈھون بوے مشک — مین نہ آب جو مین ڈھونڈھون اینٹ خشک
مین نہ نگہبانی ڈھونڈھون چور سے — ہون نہ مزدوری بغیر از کام کے
مین نہ شیاطین سے ڈھونڈھون غیر ہین — جو جگائین مجکو کار خیر مین

راست گفتن ابلیس ضمیر خود را با معاویہ رض — سچ کہنا ابلیس کا بھید اپنے کو معاویہ رض سے

گفت بسیار آن بلیس از عذر و مکر — میر ازو نشنید و کرد استیز و صبر
از بن دندان بگفتش بهر آن — کردمت بیدار میدان ای فلان
تا رسی اندر جماعت در نماز — از پے پیغمبر دولت فراز
گر نماز از وقت رفتے مر ترا — این جهان تاریک گشتے بے ضیا
از غبین و درد رفتی اشکها — از دو چشم تو مثال مشکها
آن غبین و درد بودی صد نماز — کو نماز و کو فروغ آن نیاز
ذوق دارد هر کسے بر طاعتے — لاجرم نه شکیبد از وے ساعتے

مکر و حیلے بس کیے ابلیس نے[۳] — میر نے کی جنگ نے اُس سے سنے
تب چھپا کر بات وہ کہنے لگا — اسلیے مین نے جگایا تجکو آ
تا ملے تجکو جماعت کی نماز — پیچھے پیغمبر کے ہی با صد نیاز
گر قضا ہوتا ترا وقت نماز — یہ جہان تاریک ہوتا بند راز
روتا تو اس درد اس نقصان سے — اشک جاری ہوتے مثل مشک کے
درد و نقصان ہوتا جا صد نماز — بس کہان ہے وہ نماز اور یہ نیاز
ذوق طاعت کا جو رکھتا ہی کوئی — صبر ہرگز ہو نہ اُس سے ایک گھڑی

۱ تو سلاتا الخ ۵ شعر تو خشخاش کے مانند سلاتا ہے اور شراب کی طرح عقل لیجاتا ہے مین نے جو میخہ تجھے کیا ہے مین سچ جانتا ہون تو حیلہ مت کرمین ہر کسی سے وہ طمع رکھتا ہون جو کہ اُس کی عادت اور طبیعت مین ہو مین سرکے سے شکر نہین ڈھونڈھتا ہون مین مانند کافر کے بُت نہین ڈھونڈھتا ہون اور نہ مخنث سے مردی چاہتا ہون کہ وہ حق ہو یا حق کا نشان ہو یعنے مین صورت پرست مثل کافرون کے نہین ہون کیہ اپنی حد سے زیادہ بڑھون اور امر واقع کہتا ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ مین نہین الخ ۳ شعر مین بوے مشک گوبر سے نہین ڈھونڈھون ہون اور نہ آب جو مین اینٹ خشک ڈھونڈھتا ہون، مین چور سے نگہبانی نہین ڈھونڈھتا ہون اور بغیر کام کے مزدوری نہین لیتا ہون مین شیطان سے نہین ڈھونڈھتا ہون کہ وہ کار خیر مین مجھے جگائے آگے سچ کہنا ابلیس کا ہے فافہم ۱۲
۳ مکر و حیلہ الخ ۷ شعر بہت ابلیس نے مکر حیلے کیے امیر معاویہ رضی اللہ عنہ نے اُس سے جنگ کی اور حیلے نہ سنے تب وہ بات چھپا کر کہنے لگا کہ اس لیے مین نے جگایا تجھے اگر تاکہ تجھ کو جماعت کی نماز ملے کہ پیچھے پیغمبر کے باصد نیاز پڑھے اگر تیرا وقت نماز کا قضا ہوتا یہ جہان تاریک ہوتا اور راز بند تو روتا اشک جاری ہوتے مثل مشک کے بس درد و نقصان بجائے سو نماز کے ہوتا بس وہ نماز اور یہ نیاز کہان برابر ہے جو کوئی کہ ذوق طاعت کا رکھتا ہے اُس سے صبر ایک گھڑی کب ہوتا ہے یعنی خوف نماز سے از بس گریہ ہوتا ہے اور گریہ سے تجھکو وہ نفع پہونچتا کہ سو نماز سے بھی فائدہ وہ نہ ہوتا کیونکہ ذوق طاعت سب سے زیادہ ہے چنانچہ اسکی نماز مین قصہ فوت نماز کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۔

فضیلت حسرت خوردن آن شخص بر فوت نماز جماعت

آن کسی میرفت در مسجد درون — مردم از مسجد همی آمد برون
گشت پرسان که جماعت را چه بود — که ز مسجد می برون آیند زود
آن یکی گفتش که پیغمبر نماز — با جماعت کرد و فارغ شد ز راز
تو کجا در میروی ای مرد خام — چونکه پیغمبر بداد است السلام
گفت آه و دود از آن بد برون — آه او میداد از دل بوی خون
آن یکی از جمع گفت این آه را — تو بمن ده وان نماز من ترا
گفت دادم آه و بگرفتم نماز — او ستد آن آه را با صد نیاز
بانیاز و با تضرع بازگشت — باز بود و در پی شهباز گشت
شب بخواب اندرش گفتش هاتفی — که خریدی آب حیوان و شفی
حرمت این اختیار و این وصول — شد نماز جمله خلقان قبول

فضیلت حسرت کرنا اس شخص کا اوپر ترک ہونے نماز جماعت کے

اندر اک مسجد کے جاتا تھا جوان[۱] — تھے نکلتے اُس سے باہر مردمان
پوچھا اُسنے کیا جماعت ہو گئی — جو چلے مسجد سے جلدی تم سبھی
ایک بولا کہ پیمبر نے نماز — با جماعت کی ادا اور با نیاز
کسلیے جاتا ہے تو ای مرد خام — جبکہ پیغمبر نے پھیرا ہے سلام
آہ و زاری وہ لگا کرنے فزون[۲] — آہ اُسکے دل سے دیتی بوے خون
بولا اُس مجمع سے اک اس آہ کو — دے مجھے مین دون نماز اب تجکو وہ
بولا مین نے آہ دی اور یہ نماز — اُسنے لی وہ آہ با عجز و نیاز
با نیاز و عجز و زاری وہ پھرا — باز تھا شہباز ہو کر وہ چلا
خواب مین ہاتف نے اُس سے یہ کہا — کہ خریدا آب حیوان و شفا
اُسکی برکت سے کیا جو کہ حصول — ہو گئین سبکی نمازین بس قبول

تتمۂ اقرار ابلیس با معاویہ رضہ مکر و فریب خود را

پس عزازیلش بگفت ای میرزاد — مکر خود اندر میان باید نهاد
گر نمازت فوت میشد آن زمان — میزدی از درد دل آه و فغان
آن تاسف وان فغان وان نیاز — در گذشتی از دو صد ذکر و نماز
من ترا بیدار کردم از نهیب — تا نسوزاند ترا آه حبیب

تتمۂ اقرار ابلیس کا معاویہ سے مکر و فریب اپنے مین

پس کہا شیطان نے اُس سے اے امیر[۳] — مکر اپنا اُسمین ہے بس ناگزیر
گر قضا ہوتی نماز اُسدم تری — کرتا تو آہ و فغان دل سے بڑی
وہ تاسف وہ فغان اور وہ نیاز — بہتر اُسکو پائے کب دو سو نماز
خوف سے مین نے جگایا بس تجھے — تا نہ جلجائے تو حجاب اُس آہ سے

۱ اندر الخ یہ شعر ایک جوان اندر مسجد کے جاتا تھا اور مردم اُس مسجد سے باہر آتے تھے اُن سے پوچھا کہ جماعت کیا ہو گئی جو تم مسجد سے سب چلدیے ایک شخص نے کہا کہ پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز با جماعت ادا کی اور با نیاز تو کس واسطے اے مردم خام جاتا ہے جبکہ پیغمبر نے سلام پھیرا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ آہ و زاری الخ ۲ شعر آہ و زاری وہ زیادہ کرنے لگا اور آہ اُس کی دل سے بوے خون دیتی تھی اس مجمع سے ایک شخص نے کہا کہ آہ تو مجھے دے مین نماز اپنی تجھے دون کہا کہ مین نے آہ دی اور نماز لی پس اُس نے وہ آہ عجز و نیاز لی تو وہ با عجز و نیاز و زاری تھا باز ہو کر شہباز کے پیچھے گیا یہ خواب مین اس سے ہاتف نے کہا کہ تو نے خریدا آب حیوان و آب شفا جو کچھ حصول کیا اُس کی برکت سے سب کی نمازین قبول ہو گئین یعنے طاعت ظاہر سے شکستگی دل ہزار درجہ بہتر ہے آسگے اقرار ابلیس کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ پس کہا الخ ۴ شعر پس شیطان نے حضرت معاویہ سے کہا کہ ای امیر اسمین اپنا مکر ضرور ہے اگر تیری نماز اسدم قضا ہوتی ہے تو وہ آہ و فغان اور وہ نیاز بہتر ہے اُسکو دو سو نماز کب پاوے مین نے خوف سے تجھے جگایا تا حجاب اس آہ سے نہ جلجائے تا ایسی آہ تجکو نہ حاصل ہو اور اُس کے ساتھ نہ تجکو راہ ملے مین ایسا حاسد ہون اور حسد کرتا ہون اور مین دشمن ہون مکر و فریب میرے کام ہین یعنی تو طاعت کی سبب سے شکستگی دل سے محروم رہے کہ حصول الی اللہ تجکو نصیب ہو پس عارف کو چاہیے کہ طاعت ظاہری مین زیادہ مصروف نہ ہو بلکہ عبادت باطنی کہ مشاہدہ و کشف عوارف مین کرین کہ منزل مقصود کو پہونچین چنانچہ قبول کرنا دل سے سچی بات کا آگے بیان ہے فافہم ۱۲ ـ

تا چنان آہے نباشد مر ترا	تا بران راہے نباشد مر ترا	تا نہ حاصل تجکو ایسی آہ ہو	تا نہ اُسکے ساتھ تجکو راہ ہو
من حسودم از حسد کردم چنین	من عدوم کار من مکرست وکین	ہون حسود ایسا حسد کرتا ہون مین	مین ہون دشمن مکر میرے کام مین

تصدیق کردن معاویہؓ اورا دران قول — سچا جاننا معاویہؓ کا ابلیس کو اس قول مین

گفت اکنون راست گفتی صادقی	از تو این آید تو این را لایقی	بولا سچ تونے کہا سچا ہے تو	ہو سکے یہ تجھسے لائق اُسکے تو
عنکبوتی تو مگس داری شکار	من نیم ای سگ مگس زحمت میار	تو ہی مکڑی رکھے مکھی کا شکار	مین نہین مکھی ہون ای سگ زینہار
باز اسپیدم شکارم شہ کند	عنکبوتے کے بگرد من تند	ہون شکاری شہ کا مین باز سفید	کر نہین سکتی ہی مکڑی مجکو قید
کار تو اینست ای دزد لعین	سوے دوغ آری مگس را زانگبین	یہ ترا ای چور ملعون کام ہے	لائے مکھی کو دہی پر شہد سے
رو مگس میگیر تا تانی ہلا	سوے دوغے زن مگسہا را صلا	جا پکڑ تو مکھیان جبتک سکے	مکھیونکو تو دہی پر آنے دے
ور بخوانی تو بسوے انگبین	ہم دروغ و دوغ باشد آن یقین	گر بلائے شہد کی تو سمت جو	وہ ہی ہو بالیقین اور جھوٹ ہو
تو مرا بیدار کردی خواب بود	تو نمودی کشتیم گرداب بود	جو جگایا تونے مجکو خواب تھا	جو دکھائی کشتی وہ گرداب تھا
تو درین خیرم ازان میخواندی	تا ز خیر بہترم می راندی	تو مجھے اس خیر مین جو کہ بلائے	تا مجھے تو خیر بہتر سے بچائے

گریختن دزد از دست صاحب خانہ بآواز شخص دگر — بھاگنا چور کا صاحب خانہ کے ہاتھ سے بسبب آواز دینے دوسرے شخص کے

این بدان ماند کہ شخصے دزد دید	در وثاق اندر پے او میدوید	یہ ہی ہے ایسا اک نے دیکھا چور کو	گھر مین اور دوڑا پکڑنے اسکو وہ
تا دو سہ میدان دوید اندر پیش	تا در افگند از تعب اندر خویش	اور اُسکے پیچھے دوڑا اس قدر	کہ پسینے مین ہوا وہ تر بتر
اندر ان حملہ کہ نزدیک آمدش	تا بدو اندر جہد دریابدش	وہ جو اُس حملہ مین نزدیک آ گیا	چاہا کہ پکڑے اُسے وہ بر ملا
دزد دیگر بانگ کردش کہ بیا	تا ببینی این علامات بلا	دوسرے اک چور نے آواز دی	کہ تو آ گر یہ بلا دیکھے اے اخی

۱ بولا الخ حضرت معاویہ نے کہا تو نے سچ کہا ہے تو سچا ہے یہ تجھ سے ہو سکے تو اس کے لائق ہے آگے مثال ہے تو مکڑی اور مکھی کا شکار کرتا ہے مین مکھی نہین ہون اے کتے مین بادشاہ کا شکاری باز سفید ہون مجکو مکڑی قید نہین کر سکتی ہے اے چور ملعون یہ تیرا کام ہے کہ تو مکھی کو شہد سے دہی پر لائے جب تک تو سکتا ہے مکھیان پکڑ اور مکھیون کو دہی پر جگہ دے یعنے حارصان دنیا کو اپنے فریب مین پھانس اگر تو شہد کی جانب بلائے تو وہ بالیقین دہی ہو اور جھوٹ ہو جو تو نے مجھے جگایا خواب تھا اور کشتی دکھائی وہ گرداب تھا یعنے وہ خواب میری بیداری تھی کہ بارگے ساتھ واصل تھا اور بیداری اس جہان کی خواب ہے گر چہ تو نے مجھے بیدار کیا جو تو مجھے خیر بہتر سے جدا کرتا ہے یعنی عبادت فضولات اگرچہ خیر ہے گر عبادت باطنی کے مقابل مین حقیر ہے کیونکہ وہ خیر بڑی ہے پس عارف کو چاہیے کہ عبادت باطنی کی طرف متوجہ رہے کہ جلد کشود کار ہو اور عبادت ظاہری کا متوجہ رہا تو وہ ایسا ہے جیسے چور کو کسی نے دیکھا نقش قدم کی جانب دوڑا چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

۲ یہ ہی الخ شعر یہ ایسا ہے کہ ایک نے چور کو دیکھا گھر مین اور اسکو پکڑنے دوڑا اور اسقدر اُسکے پیچھے دوڑا کہ پسینے مین تر بتر ہو گیا وہ جو اس حملہ مین نزدیک چور کے آ گیا چاہا کہ وہ اُسے پکڑے دوسرے چور نے اُسے آواز دی کہ تو آ کر یہ بلا تو دیکھ جلدی لوٹ اور آ اے مرد کار اور یہان دیکھ تو یہ حال زار جو یہ سنا تو مرد اندیشہ ناک ہو کر دل مین سوچا کہ اب یہ چور گیا سو چاکہ شاید اُس طرف ایک چور ہو مین نہ پہونچا تو وہ مجھ پر دوڑے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ –

زود باش و باز گرد ای مرد کار — تا به بینی حال اینجا زار زار
لوٹ جلدی سے تو آ اے مرد کار — اور یہان کا دیکھ تو حال زار

چون شنید این مرد گشت اندیشناک — گفت با خود گشته گیر این جا چاک
جو سنا یہ مرد ہوا اندیشناک — دلمین سوچا کہ ہوا یہ جا ہی چاک

گفت باشد کان طرف دزدی بود — گر نه گردم زود او بر زن دود
سوچا شاید اس طرف کو چور ہو — مین نہ پھر جاؤن تو دوڑے مجھ پہ وہ

بر زن و فرزند من دستی زند — کشتن این دزد سودم کی کند
مارے وہ میرے زن و فرزند کو[1] — فائدہ کیا مارنے سے اُسکے ہو

این مسلمان از کرم میخواندم — گر نه گردم زود پیش آید ندم
یہ مسلمان ہی بلاتا جو مجھے — گر نہ جاؤن تو ندامت ہو مجھے

بر امید شفقت آن نیکخواه — دزد را بگذاشت باز آمد براه
اسکی شفقت کے بھروسہ پر چلا — چھوڑ کر اس چور کو وان سے پھرا

گفت اینک بین نشان پای دزد — این طرف رفتست دزد زن بمزد
بولا یہ ہی کھوج پاؤن چور کا — اسطرف سے ہی گیا وہ پرجفا

تک نشان پای دزد قلتبان — در پے او رو بدین نقش و نشان
یہ نشان ہی دیکھ پاؤن چور کا — اُس پتے پر اُسکے پیچھے اب تو جا

گفت ای ابله چه میگوئی مرا — من گرفته بودم آخر دزد را
بولا[2] اے بے عقل کیا کہتا ہی تو — مین نے تو پکڑا تھا آخر چور کو

دزد را از بانگ تو بگذاشتم — من تو خر را آدمی پنداشتم
تیرے کہنے سے تو چھوڑا چور کو — تجھ گدھے کو آدمی جانا تھا جو

این چه ژاژست و چه هرزه ای فلان — من حقیقت یافتم چه بود نشان
کیا تری بیہودہ گوئی ای فلان — جب حقیقت پائی مین نے کیا نشان

گفت ای یاره نکو احوال چیست — این فغان و بانگ تو از دست کیست
بولا میرے یار کہہ کیا حال ہی — یہ فغان تیری ہی کسکے ہاتھ سے

گفت من از حق نشانے میدہم — این نشانست از حقیقت آگهم
بولا حق سے مین نشان اب دون تجھے — یہ نشان آگہ حقیقت سے کرے

گفت طراری تو یا خود ابلهی — بلکه تو دزدی ازین حال آگهی
بولا تو مکار یا بے عقل ہے — بلکہ تو ہے چور واقف حال سے

خصم خود را میکشیدم کش کشان — تو رہانیدی مرا کاینک نشان
مین نے پکڑا چور تھا مشکل سے وان — اور چھڑایا تو نے کہکر یہ نشان

تو جهت گو من برونم از جهات — در وصال آیات گو یا بینات
تو[3] جہت بتلائے مین ہون ورا ازجہات — وصل مین آیات کیا اور بینات

صنع بیند مرد محجوب از صفات — در صفات آنست کو گم کرد ذات
دیکھتے غافل ہین محجوب صفات — وہ صفت مین ہی کہ جو بھولا ہی ذات

واصلان چون غرق ذات اند ای پسر — کی کنند اندر صفات او نظر
جو ہین وہ اصل غرق ذات اور باخبر — کب صفاتون پر وہ کرتے ہین نظر

---

[1] مارے وہ الخ، شعر وہ مارے میرے زن و فرزند کو اُسکے مارنے سے کیا فائدہ ہو یہ مسلمان ہے جو کہ مجھے بلاتا ہے اگر نہ جاؤن تو مجھے ندامت ہو اُسکی شفقت کے بھروسہ چلا اور اس چور کو چھوڑ کر وہان سے پھرا اور کہا اے میرے یار کہہ کیا حال ہے اور یہ فریاد تیری کس کے ہاتھ سے ہے کہا کہ یہ کھوج چور کے پاؤن کا ہے اس طرف وہ پرجفا گیا ہے یہ نشان ہے چور کے پاؤن کا دیکھ لے اس پتے سے اسکے پیچھے کو جا باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲

[2] بولا الخ، شعر کہا اے بے عقل تو کیا کہتا ہے مین نے تو آخر چور کو پکڑا تھا تیرے کہنے سے چور کو چھوڑا جو تجھ گدھے کو آدمی جانا تھا یہ کیا تیری بیہودہ گوئی ہے جب کہ حقیقت پائی مین نے تو نشان کیا شے ہے کہا کہ اب سچ نشان تجھے دیتا ہون کہ یہ نشان تجھے حقیقت سے آگاہ کرے کہا تو مکار یا بے عقل ہے بلکہ تو چور واقف حال سے ہے مین نے چور مشکل سے پکڑا تھا وہان اور تو نے یہ نشان کہہ کر چھڑایا آگے حقائق ہین فافہم ۱۲

[3] تو جہت الخ، شعر تو جہت بتاتا ہے اور مین جہتون سے دور ہون وصل مین نشانی اور گواہی کیا چیز ہے غافل صفات کی صفتین دیکھتے ہین اور وہ صفات مین ہے کہ جو ذات سے بھولا ہے جو واصل غرق ذات ہین کب صفاتون پر وہ نظر کرتے ہین یعنی جو سیر تشبیہ مین پڑے ہین اور تنزیہ سے بے خبر ہین وہ غافل ہین اور جو سیر تنزیہ مین ہین وہ تشبیہ پر نظر رکھتے ہین آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲۔

چونکہ اندر قعر جو باشد سرت | کے برنگ آب افتد منظرت
در برنگ آب باز آئی ز قعر | پس پلاس لبستدی دادی تو شعر
طاعت عامہ گناہ خاصگان | وصلت عامہ حجاب خاص دان
گر وزیرے را کند شہ محتسب | شہ عدو او بود نبود محب

۱ نہر کی تہ میں جو ہووے تیرا سر | رنگ پانی کب تجھے آئے نظر
رنگ پانی پر پھرے گر تہ سے تو | چھوڑ اطلس اور لیا ہی ٹاٹ کو
عام کی طاعت گنہ ہے خاص کا | وصل عام اب فصل خاصان خدا
شہ وزیر اپنے کو کردے محتسب | شاہ دشمن ہے نہ اسکا ہے محب

حکایت وزیرے کہ بادشاہ ورا از وزارت عزل کرد و محتسبی داد

حکایت اس وزیر کی کہ بادشاہ نے اسکو وزارت سے معزول کر کے محتسب کیا

ہم گناہے کردہ باشد آن وزیر | بے سبب نبود تغیر ناگزیر
دانکہ زاول محتسب بر خود ورا | بخت و روزی آن بدست از ابتدا
لیک آن کاول وزیر شہ بدست | محتسب کردن سبب فعل بد است
چون ترا شہ ز آستانہ پیش خود اند | باز سوے آستانہ باز راند
تو یقین میدان کہ جرمے کردہ | جبر را از جہل پیش آوردہ
گر ترا روزی و قسمت این بدست | پس چرا دے بودت آن دولت بدست
قسمت خود خود بریدی تو ز جہل | قسمت خود را فزاید مرد اہل

۲ بھی گنہ میں پھنس گیا ہو وہ وزیر | بے سبب کب ہو تغیر ناگزیر
محتسب اول سے جو کوئی ہوا | ابتدا سے وہ نصیبہ اُسکا تھا
جو کوئی اول وزیر شہ بنے | فعل بد ہے محتسب ہونا اُسے
شاہ ڈیوڑھی سے تجھے دیوے حضور | پھر حضوری سے تجھے کر دیوے دور
کر یقین کوئی گنہ تجھ سے ہوا | جبر تو نے جہل سے ظاہر کیا
گر یہی تھی روزی و قسمت تجھے | کل یہ کیوں تھی دولت و حشمت تجھے
اپنی قسمت آپ کم کی کر کے جہل | اپنی قسمت کو بڑھاوے مرد اہل

قصۂ منافقان و مسجد ضرار ساختن ایشان بہر تفرق

قصہ منافقوں کا اور بنانا اُنکا مسجد ضرار کو واسطے تفرقہ کے

یک مثال دیگر اندر کژ روی | شاید ار از نقل قرآن بشنوی
اینچنین کژ بازی در جفت و طاق | با نبی می باختند اہل نفاق
کز برائے عز دین احمدی | مسجدے سازیم و بود آن مرتدی

۳ ہے مثال اک کجروی کی دوسری | سن اُسے قرآن سے تو اے اخی
ایسی کج بازی کو جفت و طاق سے | تھے نبی سے بھی منافق کھیلتے
واسطے اعزاز دین احمدی | ہم بنائیں مسجد اور وہ تھی کجی

۱ نہر کی الخ یہ شعر اگر تیرا سر نہر کی تہ میں ڈوبا ہووے کیا تجھے رنگ پانی کا نظر آئے اگر تو پانی کے رنگ کی طرف تہ سے پھرا تو گویا اطلس کو چھوڑا اور ٹاٹ کو لیا عام کی طاعت کرنا خاص کا گناہ ہے اور وصل ہے اگر بادشاہ اپنے وزیر کو محتسب کرے تو بادشاہ اُس کا دشمن ہے دوست نہیں ہے یعنی بادشاہ اگر مرتبہ گھٹاوے تو جان لو بادشاہ ناخوش ہے اسی طرح مرتبہ عام خاص کا فرق رکھتا ہے جو خاص و عام کی برابری کرے اُس کا نقصان ہے جیسے ایک بادشاہ نے وزیر سے ناخوش ہو کر اُسے محتسب کیا چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲

۲ بھی گنہ میں الخ یہ شعر بھی گناہ میں وہ وزیر پھنس گیا ہووے کہ بے سبب تغیر کب ہوتا ہے جو کوئی اول سے محتسب ہوا ابتدا سے وہ اُسکا نصیب تھا اور جو کوئی شاہ کا اول وزیر بنے اُسکو محتسب بنانا فعل بد ہے اگر بادشاہ دوری سے تجھے حضوری دیوے اور پھر حضوری تجھے دور کر دیوے تو یقین کر کہ کوئی گناہ تجھ سے ہوا ہے اور تو نے جبر و جہل سے ظاہر کیا ہے اگر تیری یہی روزی و قسمت تھی تو کل دولت و حشمت تجھکو کیوں تھی تو نے گویا اپنی قسمت آپ جہل کر کے کم کر دی اور مرد اہل اپنی قسمت بڑھالئے یعنے تو اے سالک جو درجۂ اعلیٰ سے گرا جاتا ہے کہ تجھ سے کوئی گناہ ہوا ہے کہ اُسکے سبب سے تو کمی میں پڑا ہے اگر مرد اہل سے تو ریاضت و کوشش کر کے اپنی قسمت سوا کر ورنہ نادان منافق کے سبب جہل کے تو خرابی میں پڑیگا چنانچہ آگے یہ قصہ مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲

۳ ہے مثال الخ یہ شعر ایک مثال کجروی کی دوسری ہے تو اُسے قرآن سے سن اے اخی ایسی کج بازی جفت و طاق سے ساتھ نبی کے منافق کھیلتے تھے واسطے عزت دین احمد کے ہم بناتے ہیں مسجد اور وہ کجی تھی وہ ایسی کج بازی کھیلتے تھے لیکن جامع مسجد کے سوا ایک مسجد بناتے تھے فافہم ۱۲

اینچنین کژبازئی می باختند — مسجدے جز مسجد او ساختند
فرش و سقف و قبلہ اش آراستند — لیک تفریق جماعت خواستند
نزد پیغمبر بلابہ آمدند — ہمچو اشتر پیش او زانو زدند
کاے رسول اللہ برائے محسنی — سوئے آن مسجد قدم رنجہ کنی
تا مبارک گردد از اقدام تو — تا قیامت تازہ بادا نام تو
مسجد روز گل ست و روز ابر — مسجدے روز ضرورت وقت فقر
تا غریبی یابد آنجا خیر و جا — تا فراوان گردد این خدمت سرا
تا شعار دین شود بسیار ویر — زانکہ با یاران شود خوش کار مر
مسجد و اصحاب مسجد را نواز — تو مہے ماشب دمے با ما بساز
ساعتے آن جایگہ تشریف دہ — تزکیہ ماکن ز ما تعریف دہ
تا شود شب از جمالت ہمچو روز — اے جمالت آفتاب جان فروز
اے دریغا کان سخن از دل بدے — تا مراد آن نفر حاصل شدے
لطف کاید بیدل و جان بر زبان — ہمچو سبزہ تون بود اے دوستان
ہم ز دورش بنگرید اندر گذر — خوردن و بو را نشاید اے پسر
سوے لطف بے وفایان ہین مرو — کان پل ویران بود نیکو شنو
گر قدم را جاہلے بر وے زند — بشکند پل وان قدم را بشکند

کھیلتے تھے ایسی کج بازی لیک — اُس سوا مسجد بنائی مسجد ایک
فرش و چھت قبلہ کیا آراستہ — چاہتے تھے کہ جماعت ہو جدا
نزد پیغمبر خوشامد سے گئے — اونٹ کے مانند زانو تہ کیے
یا رسول اللہ بحق محسنی — چلیے اس مسجد کو ہم ہین ملتجی
تا مبارک ہو قدم سے آپ کے — حشر تک نام آپکا جاری رہے
ہے یہ مسجد پانی کیچڑ کے لیے — ہے یہ مسجد بس ضرورت واسطے
تا مسافر پائے اسمین خیر و جا — تا زیادہ ہووے یہ خدمت سرا
تا زیادہ قاعدہ دین کا ہو ایک — کار بد ہوتا ہے اُنسے پاک نیک
اہل مسجد اور مسجد پر کرم — کر کہ تو ہے مثل مہ اور شب ہین ہم
تو بزرگی اک گھڑی اس جا کو دے — تزکیہ کر کے ہمین شہرت تو دے
تا ترے جلوہ سے شب ہو جائے روز — اے ترا جلوہ ہے مہر جان فروز
ہائے دل سے بات وہ ہوتی اگر — وہ مرادین پاتے اپنی بیشتر
بے دلی سے لفظ جو ہو بر زبان — مثل سبزہ گندگی پر ہو عیان
بر سر رہ دور سے دیکھین اسے — اور نہین لائق کہ بس سونگھین اسے
بے وفاؤن کی عنایت پر نہ جا — کہ وہ پل ٹوٹا ہے جان اُسکو ذرا
جاہلی سے تو اگر اُس پر چلے — پل گرے اور پاؤن تیرا توڑ دے

له فرش الخ یعنی شعر فرش و چھت و قبلہ آراستہ کیا اور چاہتے تھے کہ ہم جماعت جدا کرین پاس جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کے خوشامد سے گئے اور اونٹ کے مانند دو زانو بیٹھے کہا یا رسول اللہ ببرکت محسنی کے آپ اُس مسجد کو چلین ہم ملتجی ہین تا آپ کے قدم سے وہ مبارک ہو اور حشر تک آپ کا نام جاری رہے مسجد پانی کیچڑ کے واسطے ہے اور یہ مسجد ضرورت کے واسطے ہے تا مسافر اسمین جائے خیر پائین تاکہ یہ خدمت سرا زیادہ ہووے تا قاعدہ دین کا زیادہ ہو کیونکہ بڑا کام یارون سے نیک ہو جاتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ اہل مسجد الخ یعنی شعر اہل مسجد و مسجد پر آپ کرم کرین کہ تم ماہ ہو اور ہم شب تار ہین تم بزرگی اُس جگہ کو ایک گھڑی دو اور تزکیہ کر کے ہمین شہرت دو تاکہ تمھارے جلوہ سے رات ہو جائے دن آئے تمھارا جلوہ ہے آفتاب روشن کرنے والا آگے حقائق ہین افسوس دل سے اگر یہ بات ہوتی وہ مرادین اپنی پاتے یعنے دل مین اُن کے نفاق بھرا تھا اور بظاہر وہ التجا کرتے تھے اس واسطے نامراد تھے آگے مثال ہے بیدلی سے جو لفظ زبان پر ہووے مثل سبزہ کے کہ گندگی پر اگا ہووے اُسکو برسر راہ دور سے دیکھین اور یہ لائق نہین ہے کہ اُسکو سونگھین یعنے جو بظاہر خوشامد کرے اور دل سے نہ ہووے وہ شرف پذیر نہین ہے پھر آگے مثال ہے فافہم ۱۲ ۳ بیوفاؤن الخ یعنی شعر تو بیوفاؤن کی عنایت پر نہ جا کہ اُن کو ایک ٹوٹا پل ہے اُس کو جان اگر تو جہالت سے اُس پر چلے پل گرے اور پاؤن تیرا توڑ دے جس جا لشکر کو شکست ہوئی ہے وہ تین نامردون سے پسپا ہوتا ہے وہ جنگ مین ہتھیار باندھین مردون کے مانند اور بھروسہ ہو کہ یہ یار غار ہین جبکہ شکل زخم کی دیکھین تو بھاگین اور بھاگنا اُن کا تیری کمر کو توڑے بات بڑھتی ہے کہ یہ تو بیان طویل ہے جو مقصد ہے وہ پوشیدہ ہوتا ہے آگے رجوع بقصہ ہے اُن منافقون نے چاپلوسی کر کے دھوکے دیئے اور حضرت کے آگے تھے کر رکھے اور وہ رسول مہربان اخلاق سے تبسم ہان کہتے تھے نہین نہ کہتے تھے اُس گروہ منافق کا شکریہ فرمانے لگے اور اقرار سے اُنکو خوش کیا باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲۔

ہر کجا لشکر شکستہ می شود
از دو سہ سست و مخنث می شود

در صف آید با سلاح و مرد وار
دل بر و نہند کانیک یار غار

رو بگرداند چو بیند زخم را
رفتن او بشکند پشت ترا

این دراز ست و فراوان میشود
وانچہ مقصود ست پنہان میشود

چاپلوسی و فسونہا خواندند
نزل دستان سوے حضرت راندند

آن رسول مہربان رحم خویش
جز تبسم جز بلے نادر و بیش

شکرہاے آن جماعت یاد کرد
در اجابت قاصدان را شاد کرد

جس جگہ لشکر کو ہوتی ہے شکست
ہوتا ہے وہ تین کم مردوں سے پست

جنگ مین ہتھیار باندھین مردوار
اور بھروسہ ہے کہ ہین یہ یار غار

بھاگین وہ جو شکل دیکھین زخم کی
بھاگنا اُنکا کمر توڑے تری

بات بڑھتی ہے کہ ہے یہ لا بیان
جو کہ مقصد ہے وہ ہوتا ہے نہان

چاپلوسی کرکے پس دھوکے دیے
پیش حضرت مکر کے تحفے رکھے

وہ رسول مہربان اخلاق سے
جز تبسم ہان ہوا کہتے نہ تھے

اُس گروہ کا شکر فرمانے لگے
خوش کیا اُنکو کیا اقرار سے

رفتن و فریفتن منافقان حضرت رسالت صلی اللہ علیہ وسلم را بمسجد ضرار — لیجانا فریفتہ کرکے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو مسجد ضرار میں

می نمودے مکر ایشان را باو
ہمچو اندر شیر مو

مے را نادیدہ میکرد آن لطیف
خیر را شاباش میگفت آن ظریف

صد ہزاران گر مویے دو مدمہ
چشم خوابانید آندم زان ہمہ

راست می فرمود آن بحر کرم
من شمارا از شما مشفق ترم

من نشستہ بر کنارے آتشے
با فروغ و شعلہ بس ناخوشی

ہمچو پروانہ شما آن سو دوان
ہر دو دست من شدہ پروانہ ران

چون بران شد تا روان گردد رسول
غیرت حق بانگ زد مشنو ز غول

کاین خبیثان مکر و حیلت کردہ اند
جملہ مقلوب ست انچہ آوردہ اند

قصد ایشان جز سیہ روئی نبود
خیر دین کے جست ترسا و یہود

مسجدے بر جسر دوزخ ساختند
با خدا نرد دغل می باختند

مکر دکھلاتے تھے اُنکا اُنکو وہ
جیسے اندر دودھ کے اک بال ہو

بال کو نادیدہ کرتے وہ لطیف
دودھ کو شاباش کرتے وہ ظریف

بال سے حیلے وہ لاکھون جانتے
چشم پوشی کرتے اُس دم سب سے تھے

سچ یہ فرماتے تھے وہ بحر کرم
مین تمھارا تم سے مشفق ہون اتم

بیٹھا مین ہون اُس کنارے آگ کے
جو کہ ناخوش روشنی شعلہ سے ہے

مثل پروانہ ہو اُس پر دوڑتے
اور ہٹاتے ہاتھ تم کو ہین مرے

جبکہ یہ ٹھہرا روانہ ہون رسول
غیرت حق نے کہا مت سن ہین غول

یہ خبیث اب مکر و حیلہ کرتے ہین
سب اُلٹا ہے کہ جو کچھ لائے ہین

قصد اُنکا جز سیہ روئی نہ تھا
کب یہودی چاہین اچھا دین کا

پل پہ دوزخ کے بنائی مسجد ایک
اور خدا سے مکر کرتے تھے ولیک

ف۱ مکر دکھلاتے الخ ۵ شعروہ اُنکو مکر دکھلاتے تھے جیسے دودھ مین ایک بال ظاہر ہو حضور اُس بال کو نادیدہ کرتے تھے اور دودھ کو شاباش کرتے تھے بال کے مانند وہ لاکھون حیلے جانتے تھے مگر چشم پوشی اُسدم کرتے تھے یعنی آپ اُنکے فریب خوب جانتے تھے مگر چشم پوشی بسبب حلم کے کرتے تھے عارف کو چاہیے کہ اسی طرح سب چیز سے آگہی رکھے مگر چشم پوشی کرکے انجان بنے کہ یہ شمار انبیا کا ہے بقول اُستاد ۵ سب خبر رکھ پہ ایسی کر باتین ۔ جیسے کرتے ہین بیخبر باتین ۱۲ باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ سچ یہ فرماتے تھے الخ ۹ شعر حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سچ فرماتے تھے کہ مین تمھارا تم سے مشفق زیادہ ہون مین اُس آتش کے کنارہ پر بیٹھا ہون جو کہ اُسکے شعلے سے روشنی ناخوش ہے اور مثل پروانہ کے اُس پر دوڑتے ہین اور میرے ہاتھ تم کو ہٹاتے ہین جب کہ یہ ٹھہرا کہ جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم روانہ ہون غیرت حق نے کہا کہ یہ بات مت سنو یہ غول ہین یہ خبیث مکر و حیلہ کرتے ہین یہ سب برعکس ہین کہ جو کچھ لائے ہین اُن کا قصد سوا اے روسیاہی کے نہ تھا دین کا اچھا ہونا کب یہودی چاہتے ہین دوزخ کے پل پر ایک مسجد بناتے ہین ولیکن خدا اسے مکر کرتے ہین یہ چاہا تھا کہ اصحاب رسول متفرق ہون مگر فضل حق کو کب کوئی جانتا ہے فضول تاکہ ایک جھودی جو وعظ مین مشہور رہے بلاد شام سے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

قصد شان تفریق اصحاب رسول — فضل حق را کی شناسد ہر فضول
تا جہودی را ز شام اینجا کشند — کہ بوعظ او جہودان سرخوشند
گفت پیغمبر کہ آری لیک ما — بر سر راہیم و بر عزم غزا
زین سفر چون باز گردم آنگہان — سوی آن مسجد روان گردم روان
دفع شان گفت و بسوی غزوہ تاخت — با دغایان از دغا نردی بباخت
چون بیامد از غزا باز آمدند — طالب آن وعدۂ ماضی شدند
گفت حقش کای پیمبر فاش گو — عذر را ور جنگ باشد باش گو
گفت ای قوم دغل خامش کنید — تا نگویم رازہاتان تن زنید
چون نشانی چند از اسرارشان — در بیان آورد بد شد کارشان
قاصدان زو باز گشتند آن زمان — حاش للہ حاش للہ دم زنان
ہر منافق مصحفی زیر بغل — سوی پیغمبر بیاورد از دغل
بہر سوگند آنکہ ایمان جنتی است — زانکہ سوگندان کژان را سنتی است
چون ندارد مرد کج در دین وفا — ہر زمانی بشکند سوگند را
راستان را حاجت سوگند نیست — زانکہ ایشان را دو چشم روشنی است
نقض میثاق و عہود از احمقی است — حفظ ایمان و وفا کار تقی است
گفت پیغمبر کہ سوگند شما — راست گیرم یا کہ سوگند خدا
باز سوگند دگر خورد قوم — مصحف اندر دست و بر لب مہر صوم
کہ بحق این کلام پاک است — کہ بنای مسجد از بہر خداست
اندر اینجا ہیچ مکر و حیلہ نیست — قصد ما زان صدق و ذکر یاربیست

چاہا متفرق ہون اصحاب رسول — فضل حق کو کب کبھی جانے فضول
تا جہودی اک بلاد شام سے — وعظ گوئی مین جو وہ مشہور ہے
بولے پیغمبر[١] کہ سچ ہے پر ہمین — ہی ضروری جانا اب غزوات مین
اس سفر سے جب مین پھر کر آونگا — تب مین اس مسجد کیجانب جاؤنگا
دفع کر انکو گئے سوے غزا — ان دغابازون سے کی اُس دم دغا
جب غزا سے آئے تو وہ پھر گئے — وعدۂ ماضی کے وہ طالب ہوے
بولا حق[٢] صاف اے پیمبر تم کہو — عذر کرنے سے لڑائی ہو تو ہو
بولے ای قوم فریبی چپ رہو — تا کہ کہدون راز مخفی چپ رہو
جو کہ اُنکے بھید کے اک دو کہے — کہدیے کام اُنکے بدتر ہو گئے
سب وکیل اسوقت اُنکے پھر گئے — حاش للہ حاش للہ کہہ چلے
ہر منافق لے کے قرآن در بغل — پاس پیغمبر کے آیا پر دغل
تا قسم کھائین کہ وہ اک ڈھال ہے — ہے قسم سنت کجون کیواسطے
جو نہ رکھے مرد کج دین مین وفا — ہر گھڑی توڑے قسم وہ پر جفا
نے[٣] قسم کی حاجت اب سچے کو ہے — کیونکہ دونون آنکھ وہ روشن رکھے
عہد شکنی احمقی سے ہوتی ہے — اور وفا تو متقی سے ہوتی ہے
بولے پیغمبر تمہاری اب قسم — سچ مین جانون یا خدا کی ہے قسم
پھر قسم کھائی مکرر قوم نے — منہ مین روزہ ہاتھ مین قرآن لیے
کہ ببرکت اس کلام پاک کے — ہی بنی مسجد خدا کے واسطے
کچھ نہ اس جا مین ہمارا مکر ہے — ہے ہمارا قصد ذکر اللہ سے

[١] بولے پیغمبر الخ یہ شعر پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ یہ بات سچ ہے مگر ہمین ضرور جانا ہے اب غزا مین جب مین اس سفر سے واپس پھر آونگا تب اس مسجد کیطرف جاؤنگا انکو دفع کرکے حضور جانب اُنکے گئے اور اُن دغابازون سے دغا کی جبکہ حضور غزوہ سے واپس تشریف لائے تو وہ پھر آئے اور وعدۂ ماضی کے طالب ہوے یعنی چاہا کہ حضور کو بموجب وعدہ کے اُس مسجد مین لیجائین آگے فرمودہ حق کا ہے فافہم ١٢ [٢] بولا حق الخ یہ شعر حق نے فرمایا کہ اے پیغمبر تم صاف کہو عذر کرنے سے لڑائی ہو تو ہو حضرت نے فرمایا اے قوم فریبی تم چپ ہو نہین تو راز مخفی تمہارا کہدون جو کہ اُنکے بھید کے ایک دو پتے کہدیے تو کام اُن کا بدتر ہو گیا اُنکے سب وکیل واپس پھر گئے وہ سب اللہ بچائے اللہ بچائے کہتے چلے ہر ایک منافق قرآن بغل مین لے کر پاس پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم کے آیا پر مکر سے تا کہ وہ قسم کھائین کہ وہ ایک ڈھال ہے اور کجون کے واسطے قسم سنت ہے جو مرد کج دین مین وفا نہ رکھے ہر گھڑی وہ قسم توڑے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢ [٣] نے قسم الخ یہ شعر سچے کو اب قسم کی حاجت نہین کیونکہ وہ دونون آنکھین روشن رکھتا ہے عہد شکنی تو احمق سے ہوتی ہے اور وفا متقی سے ہوتی ہے پیغمبر نے کہا کہ تمہاری قسم سچ جانون یا خدا کی قسم پھر قسم مکرر قوم نے کھائی منہ مین روزہ اور ہاتھ مین قرآن لیکر کہ ببرکت اس کلام پاک کے مسجد خدا کے واسطے بنی ہے ہمارا اس جگہ مین کچھ مکر نہین ہے ہمارا ارادہ ذکر اللہ ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ١٢ ـ

گفت پیغمبر کہ آواز خدا ـــ میرسد در گوش من ہمچون صدا
مہر بر گوش شما بنہاد حق ـــ تا بآواز خدا نارد سبق
نک صریح آواز حق می آیدم ـــ ہمچو صاف از دُرد می پالایدم
ہمچنانکہ موسیٰ از سوے درخت ـــ بانگ حق بشنید کاے مسعود بخت
از درخت انی انا اللہ می شنید ـــ با کلام انوار می آمد پدید
چون ز نور وحی وا می ماندند ـــ باز تازہ سوگندہا می خواندند
چون خدا سوگند را خواندہ سپر ـــ کے نہد اسپر ز کف پیکارگر
باز پیغمبر بتکذیب صریح ـــ قد کذبتم گفت با ایشان فصیح

بولے پیغمبر کہ آواز خدا[1] ـــ کان مین میرے وہ آئی جون صدا
کان پر مہرین تمہارے حق نے کین ـــ تا کہ آواز خدا آئے نہین
ہے بلا آواز حق سنتا ہون مین ـــ صاف تلچھٹ سے جدا کرتا ہون مین
جیسے موسیٰ نے سنا سوے درخت ـــ بانگ حق کو ظاہرا اے نیکبخت
نخل سے انی انا اللہ[4] سنتا تھا ـــ نور اُن کلمون سے پیدا ہوتا تھا
نور سے وحی کے جو عاجز ہوتے تھے ـــ پھر نئی قسمین مکرر کھاتے تھے
حق نے فرمایا قسم کو ڈھال جب ـــ ڈھال رکھے ہاتھ سے کب جنگجو
جھوٹا کرنے کو پیغمبر نے صریح ـــ قد کذبتم[5] کو کہا اُن سے فصیح

اندیشیدن یکے از اصحاب کہ چرا رسول خدا ستاری نمیکنند

اندیشہ کرنا ایک صحابی کا کہ رسول خدا عیب پوشی کیون نہین کرتے ہین

تا یکے یارے ز یاران رسول ـــ در دلش انکار آمد زان نکول
کاینچنین پیران با شیب و وقار ـــ میکند شان آن پیمبر شرمسار
کو کرم کو ستر پوشی کو حیا ـــ صد ہزاران عیب پوشند انبیا
باز در دل زود استغفار کرد ـــ تا نگردد ز اعتراض او روے زرد
لیک آن نقش کجش از دل نرفت ـــ مہر بد از طبع بیجا اصل نرفت
شومی یاری اصحاب نفاق ـــ کرد مومن را چو ایشان زشت و عاق

ایک صحابی[2] رسول پاک کے ـــ دل مین انکار آیا اُس انکار سے
ایسے بوڑھون کو کہ باعزاز ہین ـــ کرتے شرمندہ پیمبر ہین اُنھین
کیا ہوئی وہ عیب پوشی وہ حیا ـــ عیب لاکھون ہین چھپاتے انبیا
جلد کی پھر دل مین توبہ مرد نے ـــ تا نہووے زرد وہ اس شبہہ سے
پر نہ[3] وہ خطرہ بُرا دل سے گیا ـــ نے گئی وہ مہر بد دل سے ذرا
دوستی نے اُن منافق کی کیا ـــ مثل ان کے ایک مومن کو بُرا

ف۱ بولے پیغمبر الخ ۸ شعر رسول اللہ نے فرمایا کہ آواز خدا میرے کان مین آتی ہے مانند آواز کے اور تمہارے کان پر مہرین حق نے کین تاکہ آواز خدا نہین آئے مین آواز خدا بر ملا سنتا ہون اور آب حیات کو تلچھٹ سے جدا کرتا ہون یعنے مین آواز حق کو بطور صدا کے سنتا ہون اس سے ثابت ہوا کہ وحی حضور کو کبھی بلا واسطہ بھی آتی تھی اسی طرح اولیا کو الہام آتا ہے آگے مثال ہے جیسے موسیٰ نے آواز حق کو سنا ظاہر درخت سے انی انا اللہ کو سنتا تھا اور نور ان کلمون سے پیدا ہوتا ہے آگے رجوع بر قصہ ہے نور سے وحی کے جو عاجز ہوتے تھے پھر سے قسمین مکرر کھاتے تھے جو حق نے قسم کو ڈھال فرمایا ہے ڈھال ہاتھ سے کب جنگجو رکھے جھوٹا کرنے کو صریح پیغمبر نے قد کذبتم یعنے تحقیق تم جھوٹے ہو اُن سے کہا یعنے جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن منافقون سے کہا کہ تم جھوٹ کہتے ہو ہر چند اُنھون نے قرآن لے کر قسمین کھائین چنانچہ ایک صحابی نے اس امر مین شبہہ کیا کہ پیغمبر عیب پوشی کیون نہین کرتے ہین چنانچہ اس کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲

ف۲ ایک اصحابی الخ ۸ شعر حضرت رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم کے ایک صحابی کے دل مین انکار آیا اس انکار سے کہ ایسے بوڑھون کو کہ باعزاز ہین پیغمبر کیون شرمندہ کرتے ہین وہ عیب پوشی اور وہ حیا کیا ہوئی انبیا تو لاکھون عیب چھپاتے ہین جلدی سے پھر مرد نے دل مین توبہ کی تا اس شبہہ سے زرد رو نہ ہووے یعنے گمان بد نسبت اولیاء کے کرنا بلا اپنے اوپر لینا ہے کہ وہ نیک مرد خدا اس عوض مین اُن کو بلا مین پھانستا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ پر نہ وہ الخ ۸ شعر لیکن وہ خطرہ بد دل سے نہ گیا اور نہ وہ محبت دل سے ذرا گئی اُن منافقون کی دوستی نے کیا اُن کے مانند ایک مومن کو بُرا یعنی کہا رد کر کہ اے خدا میرا دل اس کفر سے گداز مت کر باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ف۴ تحقیق کہ مین اللہ ہون ۱۲ ف۵ تحقیق کہ تم جھوٹے ہو ۱۲۔

بازمیزاری کاے علام سر — مر مرا گداز بر کفران مصر
دل بدستم نیست همچون دید چشم — ورنه دل را سوزمی ایندم ز خشم
اندرین اندیشه خوابش در ربود — مسجد ایشانش بر سرگین نمود
سنگها اندر حدث جاے تباه — مید مید از سنگها دود سیاه
دود در حلقش شد و حلقش بخست — از نهیب دود تلخ از خواب جست
در زمان در رو فتاد و میگریست — کاے خدا اینها نشان منکریست
حلم بهتر ازچنین حلم اے خدا — که کنند از نور ایشانم جدا
گر بکاوی کوشش اهل مجاز — تو بتو گنده بود همچون پیاز
هر یکے از دیگرے بے مغز تر — صادقان را یک ز دیگر نغز تر
صد کمر بسته بکر آن قوم سست — از نفاق و زرق دین نادرست
صد کمر آن قوم بسته بر قبا — بهر هدم مسجد اهل قبا
همچو آن اصحاب فیل اندر حبش — کعبه کردند و حق آتش زد درش
قصد کعبه ساختند از انتقام — حال شان چون شد فرو خوان از کلام
مر سیه رویان دین را خود جهیز — نیست الا حیلت و مکر و ستیز
هر صحابی دیدزان مسجد عیان — واقعه با شد یقین شان سر آن
واقعات ار باز گویم یک بیک — پس یقین گردد صفا بر اهل شک

پھر کہا رو کر کہ اے دانائے راز — دل مرا اس کفر سے مت کر گداز
ہاتھ[1] مین ہے دل جون دید چشم کے — ورنہ مین دل کو جلاتا خشم سے
وہ اسی اندیشہ مین جو کہ سو گیا — گندگی سے دیکھا مسجد کو بھرا
گندگی مین اسکا ہر پتھر نہان — اور ہر اک پتھر سے نکلے ہے دھوان
حلق پھاڑا جو دھوان اُسکے گھسا — گردے ہین وہ دھوین کے جگ گیا
سرنگون[2] اس دم وہ ہو رونے لگا — منکری کا یہ نشان ہے اے خدا
ہلکا ہونا بہتر ایسے حلم سے — نور اُسکے سے جدا مجکو کرے
گر تو کھودے کوشش اہل مجاز — تہ بتہ بدبو کرے مثل پیاز
ایک سے بس دوسرا بے مغز ہے — صادقون کا اک سے دیگر نغز ہے
مستعد سو مکر کو وہ قوم ہے — بس نفاق و حیلہ و بددین سے
سو کمر باندھے قبا پر قوم وہ — مسجد اہل قبا کے ہدم کو
جسطرح[3] کعبہ صحاب فیل کا — حق نے پر آتش حبش مین کر دیا
قصد کعبہ اُنکے بدلے مین کیا — اُسکا پڑھ قصہ تو قرآن مین لکھا
اُن سیہ رویونکا سامان کچھ نہین — درحقیقت ہے تو لا مکر و کین
دیکھا اُس مسجد سے ہر اصحاب نے — واقعہ آیا یقین اس بھید سے
گر کہون مین واقعہ اک ایک کا — اہل شک کا بس یقین ہووے صفا

[1] ہاتھ مین الخ یہ شعر میرے ہاتھ مین دل مانند دید چشم نہین ہے ورنہ مین دل کو جلاتا خشم سے جبکہ وہ اس اندیشہ مین سو گیا تو اس مسجد کو گندگی سے بھرا دیکھا اس کے ہر ایک پتھر سے دھوان نکلتا ہے جو کہ دھوان اُسکے گھسا حلق اُسنے پھاڑا اور دھوین کے گردوے ہین سے وہ جگ گیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [2] سرنگون الخ یہ شعر وہ سرنگون ہو کر اُس دم رونے لگا اے خدا منکری کا یہ نشان ہے ایسے حلم سے سبک ہونا بہتر ہے اُن کے نور سے مجکو جدا کرے گر تو کھودے کوشش کو اہل مجاہد کی تہہ بتہہ بدبو کرے مانند پیاز کے یعنے منافقون کے اعمال اگر ظاہر کرے اُس سے بدبو مانند پیاز کے پیدا ہو ایک سے دوسرا بے مغز ہے سو مکر کو وہ قوم مستعد ہے نفاق و حیلہ و بددینی سے یہ مکر اُنھون نے مسجد قبا کے ڈھانے کو کیے تھے اس واسطے وہ ایک مسجد نئی بنائے تھے اور مسجد قبا ایک مسجد ہے نواح مدینہ مین آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲ [3] جس طرح الخ یہ شعر جیسے کعبہ اصحاب الفیل کا حق تعالے نے حبش مین پر آتش کر دیا اس کے بدلے مین قصد کعبہ کا کیا اُس کا قصہ پڑھ تو قرآن مین لکھا ہے اُن سیاہ رویون کا کچھ سامان نہ تھا اور حقیقت مین ہے تو لا مکر و کینہ سے ہر ایک اصحاب نے اس بھید سے یقین کیا اگر مین واقعہ ایک ایک کا کہون اہل شک کا یقین صفا ہو جائے لیکن مین ڈرتا ہون کہ بھید کھل جائے وہ نازنین ہین اور اُن کو ناز کرنا زیبا ہے کہ ان صحابہ نے شرع بغیر تقلید کے حاصل کیا و بغیر کسوٹی کے اُنھون نے نقد دل لے لیا یعنے صحابہ نے اپنے آبا و اجداد کی تقلید مذہب چھوڑ کر اور راہ تحقیق کے بغیر امتحان لیئے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے دین حاصل کیا باقی حال آگے ہے قرآن حکمت ہے ضالہ مومنون کا بس اپنے ضالہ پر جان سے یقین رکھتے ہین بموجب حدیث الحکمۃ ضالۃ المومن یعنی حکمت ضالہ یعنی کھوئی ہوئی چیز مومن کی ہے آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲۔

لیک می ترسم ز کشف راز شان	تا زمینا نند زیبد تا زشان	پر مین ڈرتا ہون کہ ہووے کشف راز	نازنین ہین ور زیبا اُنکو ناز
شرع بے تقلید می پذرفتہ اند	بے محک آن نقد را بگرفتہ اند	شرع بے تقلید کے حاصل کیا	بے کسوٹی نقد انھون نے لے لیا
حکمت قرآن چو ضالہ مومن ست	ہر کسے در ضالہ خود موقن ست	حکمت قرآن ہے ضالہ مومنان	اپنے ضالہ پر یقین رکھے بجان
اشترے گم کردی و جستیش چست	چون بیابی چون ندانی کان تست	گم کیا ہے اونٹ تو ڈھونڈھے اسے	کیسے پائے جو نہ تو جانے اُسے
ضالہ چہ بود ناقہ گم کردہ	از کفت بگریختہ در پردہ	ضالہ کیا ہے اک گمایا اونٹ کو	ہاتھ سے بھاگا ترے مخفی ہو ود
کاروان در بار کردن آمدہ	اشترے از درمیانہ گم شدہ	کاروان کا چل چلاؤ آ گیا	اونٹ تیرا درمیان سے گم گیا
میدوی اینسو و آنسو خشک لب	کاروان شد دور و نزدیک ست شب	ہر طرف تو دوڑتا ہے خشک لب	کاروان ہے دور اور نزدیک شب
رخت ماندہ بر زمین در راہ خوف	تو پے اشتر روان گشتہ بطوف	خاک پر سامان رہ پر خوف ہے	ڈھونڈھتا تو اونٹ کے پیچھے پھرے
کاے مسلمانان کہ دیدست اشترے	جستہ بیرون بامداد از آخرے	اے مسلمانو ہے دیکھا اونٹ وو	پاس سے میرے جو بھاگا صبح کو
ہر کہ برگوید نشان از اشترم	مژدگانی میدہم چندین درم	جو کہ میرے اونٹ کا دیوے پتا	مین درم دون اسقدر اُجرت کے جا
باز میجوئی نشان از ہر کسے	ریشخندت میکنند زین ہر خسے	پھر جو پوچھے تو نشان ہر ایک سے	اسلیے تجھپر ہر اک ناکس ہنسے
کاشترے دیدیم میرفت این طرف	اشترے سرخی بسوے این علف	دیکھا اونٹ ہمنے کہ اس جانب گیا	سرخ اونٹ اس گھانس کا طالب گیا
آن یکے گوید بریدہ گوش بود	وان دگر گوید جلش منقوش بود	ایک کہوے کان اُسکے تھے کٹے	دوسرا کہوے منقش جھول ہے
آن یکے گوید شتر یک چشم بود	وان دگر گوید ز گر بے پشم بود	ایک کہوے اونٹ کی تھی ایک چشم	دوسرا کہوے کہ کھجلی سے نہ پشم
از برائے مژدگانے صد نشان	از گزافہ ہر خسے کردہ بیان	بس درم کے واسطے صدہا نشان	جھوٹ ہر کوئی کرے اُس سے بیان
ای دل این اسرار را در گوش کن	قسم تو گر ہست زین خوش نوش کن	اے دل اس اسرار کو تو گوش کر	گر ترا حصہ ہے اس سے نوش کر
ہمچنانکہ ہر کسے در معرفت	میکند موصوف غیبی را صفت	معرفت مین ہر کوئی اسطور سے	وصف اس موصوف غیبی کا کرے

ف۱ گم کیا ہے الخ ۵ شعر اونٹ گم گیا ہے تو اُسے ڈھونڈھے تو کیسے پائے جو اُسے نجانے ضالہ کیا ہے ایک اونٹ کو گمایا اور تیرے ہاتھ سے وہ پوشیدہ بھاگا یعنی شتر روح جو تیری گمی تو اُس کو نہ پہچانے تو کیسے پائے کاروان کا وقت چل چلاؤ کا آگیا اور اونٹ تیرا درمیان راہ سے گم گیا تو ہر طرف دوڑتا ہے خشک لب کاروان دور اور نزدیک شب ہے سامان خاک پر پڑا ہے اور راہ پر خوف ہے اور تو اونٹ کے پیچھے ڈھونڈھتا پھرے یعنی ہنگام مرگ کے جسم تیرا خاک پر پڑا ہے اور تو اپنے شتر روح کو ڈھونڈھتا ہے تو اس وقت تجھکو کس قدر بے قراری و اضطرابی ہوگی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ اے مسلمانو الخ ۹ شعر اے مسلمانو تم نے وہ میرا اونٹ دیکھا ہے کہ میرے پاس سے وہ صبح کو بھاگا ہے جو میرے اونٹ کا پتا دیوے میں اس قدر درم اجرت کے اُسے دون پھر تو ہر ایک سے نشان پوچھے اس واسطے ہر ایک ناکس تجھ پر ہنسے کہ ہم نے اونٹ دیکھا ہے کہ اُس جانب گیا ہے اونٹ سرخ ہے اور گھانس کا طالب گیا ہے ایک کہے کہ اُس کے کان کٹے تھے دوسرا کہے کہ اسکی جھول منقش تھی ایک کہے کہ اونٹ کی ایک چشم تھی دوسرا کہے کہ کھجلی سے اُس پر نہ پشم تھی بس درم کے واسطے صدہا نشان ہر ایک ناکس جھوٹ اُس سے بیان کرے یعنے پیران ریاکار طمع دنیا کے واسطے طالبان حق کو اسی طرح نشان عرفان حق کے از راہ تشبیہ کے بتاتے ہین اے دل تو اس اسرار کو سن اگر تیرا قصد ہے اس سے حاصل کر بس معرفت مین ہر کوئی اسطور وصف اس موصوف غیبی کا کرتا ہے یعنی معرفت مین حق تعالیٰ کی ہر ایک اپنی سمجھ کے موافق صفت کرتا ہے جیسے فلسفی و مقلد و محقق مذہب مین بحث کرتے ہین چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲

متردد شدن در بیان مذاہب مختلفہ و بیرون شدن و مخلصی یافتن

فلسفی از نوع دیگر کردہ شرح — باحثے میگفت او را کردہ جرح
وان دگر در ہر دو طعنہ میزند — وان دگر از زرق جانی میکند
ہر یکے زین رہ نشانہا زان دہند — تا گمان آید کہ ایشان زان دہند
این حقیقت دان نہ حق اند اینہمہ — نے بباطل گمرہانند این رمہ
زانکہ بے حق باطلے ناید پدید — قلب را ابلہ ببوے زر خرید
گر نبودی درجہان نقدعیان — قلبہا را خرج کردن کے توان
تا نباشد راست کے باشد دروغ — آن دروغ از راست میگیرد فروغ
بر امید راست کژ را می خرند — زہر در قندے رود آنگہ خورند
گر نباشد گندم محبوب نوش — چہ برد گندم نمائے جو فروش
پس مگو کاین جملہ دینہا باطل اند — باطلان بر بوے حق دام دل اند
پس مگو جملہ خیالست و ضلال — بے حقیقت نیست در عالم خیال
حق شب قدرست در شبہا نہان — تا کند جان ہر شبے را امتحان
نے ہمہ شبہا بود قدر اے جوان — نے ہمہ شبہا بود خالی ازان
درمیان دلق پوشان یک فقیر — امتحان کن وانکہ حق است آن بگیر
مومن کیّس ممیز کو کہ تا — باز داند بادشاہ را از گدا

تردد کرنا درمیان مذاہب مختلفہ کے اور نجات پانا اُس سے

فلسفی[۱] نوع دگر کرتا تھا شرح — بولا اک متکلم اُس سے کرکے جرح
تیسرا دونون پے طعنہ مارتا — جو تھا کرتا ذوق سے جان کو فدا
دیتا ہے ہر ایک اُس رہ سے پتا — اسلیے تا جانے رہ ہی جانتا
یہ حقیقت[۲] جان نہ جملہ حق ہے ہین — اور نہ یہ باطل سے گمراہی رکھین
کیونکہ بے حق کے نہین باطل کھلے — کھوٹے کو نے نقد کی امید پے
گر نہوتا نقد عالم مین روان — خرچ کب کرسکتے کھوٹے کو عیان
سچ نہ جبتک ہو تو پھر کب جھوٹ ہو — سچ سے رونق ہوتی ہی اُس جھوٹ کو
ٹیڑھا لے سیدھے کی بس امید پے — زہر شربت مین پڑے اُسکو پیے
گیہون گر ہوتا نہ خود محبوب نوش — لیتا کب گندم نماے جو فروش
مت کہو باطل یہ جملہ دین ہین — باطلان امید حق پہ دل رکھین
مت کہو جملہ خیال اور ہے ضلال — بے حقیقت کب ہے عالم مین خیال
حق[۳] شب قدر اک ہے راتون مین نہان — تا کرے ہر رات کو جان امتحان
ہین نہ سب راتین شب قدر اے جوان — اور نہ سب راتین ہین خالی اس سے جان
گدڑی پوشون مین تو ہے درویش کا — امتحان کر جو کہ حق ہے اُس کو پا
دانا مومن ہے کہان اور پر تمیز — تا گدا سے جان لے شاہ عزیز

۱؎ فلسفی الخ ۲ شعر فلسفی دوسرے ڈھنگ پر شرح کرتا تھا کہ ایک متکلم نے اس سے جرح کی تیسرا دونون پر طعنہ کرتا تھا جو تھا ذوق سے جان فدا کرتا تھا ہر ایک اس دلدار سے پتا دیتا ہے اس لیے تا جانے کہ یہ راہ جانتا ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۲؎ یہ حقیقت الخ ۹ شعر یہ حقیقت جاننے والے نہ سب حق پر ہین اور نہ باطل سے گمراہی رکھتے ہین کیونکہ بغیر حق کے باطل نہین کھلتا کھوٹے کو نقد کی امید پر لیتا ہے اگر نقد عالم مین روان نہ ہوتا کھوٹے کو کب خرچ کرسکتے ہین جب تک سچ نہ ہو جھوٹا کب ہو سچ سے رونق اس جھوٹا کو ہوتی ہے ٹیڑھا لیتا ہے سیدھے کی امید پر زہر شربت مین پڑے تو پی لے آگے مثال ہے اگر گیہون کھانے مین محبوب نہ ہوتا گندم نما جو فروشی کب کرتا مت کہو کہ یہ سب دین اور باطل امید حق پر دل رکھتے ہین درست کہو کہ سب خیال و گمراہی ہے بغیر حقیقت کے کب عالم مین خیال ہوتا ہے یعنے سب صراط المستقیم پر ہین اور اصل مین نہین باقی حال اس کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۳؎ حق شب قدر الخ ۶ شعر حق ایک شب قدر ہے راتون مین پوشیدہ تاکہ ہر ایک رات کو جان امتحان کرے سب راتین شب قدر نہین ہین اور نہ سب راتین اس سے خالی ہین آگے حقائق ہین گدڑی پوشون مین تو فقیر کو ڈھونڈھ اور امتحان کر جو اس مین سچا ہے اُسکو حاصل کر دانا مومن اور پر تمیز کہان ہے تا گدا سے بادشاہ کو جان لے اگر معیوبات اندر جہان کے نہ ہوتے تو یہ سب احمق سوداگر ہوتے پھر اس بات کا جاننا سہل ہوجائے جو عیب نہین ہے کیا اہل و نا اہل یعنے جہان مین اگر بری شے نہ ہون اور سب اچھے ہون تو سب احمق سوداگر ہوجائین اور سب برے بھلے ایک ہون باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲۔

گرنہ معیوبات باشد در جہان
تاجران باشند جملہ ابلہان

پس بود کالہ شناسی سخت سہل
چونکہ عیبے نیست چہ نا اہل و اہل

ور ہمہ عیب ست دانش سود نیست
چون ہمہ چوب ست اینجا عود نیست

آنکہ گوید جملہ حق ست احمقی ست
وانکہ گوید جملہ باطل او شقی ست

تاجران انبیا کردند سود
تاجران رنگ و بو کور و کبود

می نماید مار اندر چشم مال
ہر دو چشم خویش را نیکو بمال

منگر اندر غبطۂ این بیع و سود
بنگر اندر خسر فرعون و ثمود

گر نہ معیوبات ہو اندر جہان
ہووین سودا گر یہ جملہ ابلہان

جاننا اس بات کا ہو جائے سہل
جو نہین ہے عیب کیا نا اہل و اہل

[۱] عیب ہے سب ہو عقل سے پھر سود کیا
جو کہ کل لکڑی ہو تو پھر عود کیا

جو کہے سب حق ہے اسکی احمقی
جو کہے باطل ہے سب ہے وہ شقی

تاجران انبیا کو سود ہین
تاجران رنگ و بو اندھے رہین

سانپ تیری آنکھ مین دکھتا ہے مال
دونون آنکھین مل تو اپنی کر خیال

دیکھ مت اس غبطہ پر سود کو
دیکھ تو فرعون سے مردود کو

امتحان کردن ہر چیزے تا ظاہر شود چیزے دیگر کہ دران پنہان ست

امتحان کرنا ہر چیز کا تا دوسری چیز ظاہر ہو کہ اسمین پوشیدہ ہے

اندرون گردون مکرر کن نظر
زانکہ حق فرمود ثم ارجع بصر

یک نظر قانع مشو با سقف نور
بارہا بنگر ببین ہل من فتور

چونکہ گفتت کاندرین سقف نکو
بارہا بنگر چو مرد عیب جو

پس زمین تیرہ را دانی کہ چند
دیدن و تمیز باشد در پسند

تا بپالائیم صافان را ز درد
چند باید عقل ما را رنج برد

امتحانہائے زمستان و خزان
تاب تابستان بہار ہمچو جان

بادہا و ابرہا و برقہا
تا پدید آرد عوارض فرقہا

تا برون آرد زمین خاک رنگ
ہر چہ اندر جیب دارد لعل و سنگ

[۲] پھر تو اس گردون کے اندر کر نظر
حق نے فرمایا ہے ثم ارجع بصر

اک نظر قانع نہ ہو با سقف نور
بار ہا تو دیکھ تو ہل من فتور

جو کہا تجکو کہ سقف نیک کو
بار ہا تو دیکھ مثل عیب جو

جانتا ہے پھر زمین تیرہ کو
دیکھنے مین کس قدر تمیز ہو

ہم کدورت سے جو چھانین صاف کو
کسقدر دانش کو اپنی رنج ہو

امتحان سردی کا اور فصل خزان
تیزی گرمی کی بہار مثل جان

اور ہوا اور ابر باران برقہا
تا کرے ظاہر عوارض فرقہا

تا کرے ظاہر زمین خاک رنگ
جیب مین رکھتی ہے جو کچھ لعل و سنگ

[۱] عیب الخ ۵ شعر اور عیب سے فائدہ کیا ہو جیسے کل لکڑی ہو تو پھر عود کیا ہے جو شخص کہے کہ سب باطل ہے وہ شقی ہے تاجران انبیا کو فائدہ ہے اور تاجران رنگ و بو نابینا ہین آگے مثال ہے سانپ تیری آنکھ مین مال دکھائی دیتا ہے تو دونون اپنی آنکھین مل اور خیال کر اس غبطہ پر سود کو تو مت دیکھ تو فرعون سے مردود کو دیکھ یعنے اولیاء اللہ راہ راست پر گئے ہین اور اہل ظواہر رنگ و بو کو دیکھتے ہین راہ کج مین پڑے پس راہ طریقت اختیار کر کہ راہ مستقیم ہے اور دوسری راہین گو بظاہر بہتر دکھائی دیتی ہین تو اس کا امتحان کر کہ راہ راست تجکو مل جائے چنانچہ اس تجسس کا حال آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ [۲] پھر تو اس آسمان کے اندر نظر کر حق تعالے نے فرمایا ثم ارجع البصر یعنے پس پھیر تو نظر کو آسمان کی طرف ایکبار نظر کرنے سے قانع نہ ہو بار بار تو دیکھ ترجمہ کہ ہے اس مین فتور جو تجکو کہا کہ غور سے دیکھ مثل عیب جو کے یعنے جیسے حق نے آسمان کو غور سے دیکھنے کو کہا کہ اچھا برا اسکو بخوبی معلوم ہو اسی طرح تو راہ طریقت کو دیکھ کہ راہ راست و راہ کج تجھے معلوم ہو پھر تو جانتا ہے زمین تیرہ کو کہ دیکھنے مین کس قدر تمیز ہو ہم جو صاف کو کدورت سے چھانین کس قدر اپنی دانش کو رنج ہووے امتحان سردی اور فصل خزان کا تیزی گرمی اور بہار مثل جان کا اور ہوا اور ابر اور باران و برق کا تا کرے فرق عوارض کے ظاہر مین تا ظاہر کرے رنگ خاک کے جیب مین جو کچھ رکھتی ہے لعل و سنگ باقی حال اس کا آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

هرچه دزدیدست این خاک دژم — از خزانهٔ حق و دریای کرم
شحنهٔ تقدیر گوید راست گو — آنچه بردی شرح واده مو بمو
دزد یعنی خاک گوید هیچ هیچ — شحنه او را درکشد در پیچ پیچ
شحنه گاهش لطف گوید چون شکر — گه برآویزد کند هرچه تبر
تا میان قهر و لطف آن خفیها — ظاهر آید ز آتش خوف و رجا
آن بهاران لطف شحنهٔ کبریاست — و آن خزان تهدید و تخویف خداست
وان زمستان چارمیخ معنوی — تا تو ای دزد خفی ظاهر شوی
پس مجاهد را زمانی بسط دل — یک زمانی قبض و درد و عشق و غل
زانکه این آب و گلی کابدان ماست — منکر و دزد ضیای جانهاست
حق تعالی گرم و سرد و رنج و درد — بر تن ما می نهد ای شیر مرد
خوف و جوع و نقص اموال و بدن — جمله بهر نقد جان ظاهر شدن
این وعید و وعده ها انگیختست — بهر اینکه نیک و بد آمیختست
چونکه حق و باطلی آمیختند — نقد و قلب اندر چرمدان ریختند
پس محک میبایدش بگزیده — در حقایق امتحانها دیده
تا شود فاروق این تزویرها — تا بود دستور این تدبیرها
شیر ده ای مادر موسی ورا — واندر آب افگن میندیش از بلا
هر که در روز الست آن شیر خورد — همچو موسی شیر را تمییز کرد

[1] اور جو کچھ کہ چرایا خاک نے — پس خزانہ حق و بحر جود سے
شحنۂ تقدیر کہوے سچ کہو — لیگئی جو کچھ ہے تو کہہ مو بمو
چور یعنی خاک کہوے کچھ نہین — شحنہ اُسکو پیچ مین پھانسے وہین
گہ کرے شحنہ خوشامد جون شکر — گاہ لٹکاوے کرے زیر و زبر
تاکہ قہر و لطف سے جو ہے نہان — آتش خوف و رجا سے ہو عیان
وہ بہار اک لطف شحنہ کبریا — وہ خزان ہے دہشت و خوف خدا
اور وہ سردی ہے جو میخ نہان — تاکہ تو اے چور مخفی ہو عیان
[2] بسط ہو دل کو مجاہد کے کبھی — اور قبض و درد و عشق آوے کبھی
پانی مٹی سے یہ تن معمور ہے — روشنی جان کا ہماری چور ہے
حق نے گرمی سردی و تکلیف و درد — تن ہمارے پر رکھا اے شیر مرد
خوف بھوک و نقص تن اور مال کا — واسطے اظہار نقد جان ہوا
یہ وعید و وعدے سب پیدا کیے — اسلیے کہ نیک و بد باہم ملے
جوکہ طالب اور حق باہم ملا — نقد کھوٹا چرمی تھیلی مین بھرا
[3] پس کسوٹی چاہیے مقبول اُسے — امتحان کر وہ حقائق مین رکھے
تاکہ فارق ہووے اس تزویر کا — فائدہ ہو تاکہ اس تدبیر کا
دودھ دے اُسکو تو اے موسیٰ کی ماں — ڈال پانی مین نہ ڈر آفت سے یان
جسنے ہے روز الست اس دودھ کو — کھایا مثل موسیٰ جانے دودھ کو

[1] اور جو کچھ الخ، شعر جو کچھ خاک نے چرایا خزانہ حق تعالیٰ اور باقی جود سے شحنہ تقدیر کہوے سچ کہہ جو کچھ کہ تو لے گئی ہے مو بمو چور یعنے خاک کہوے کچھ نہین لیا اُس کو وہین پیچ مین پھانسے شحنہ کبھی شحنہ خوشامد کرے مانند شکر کے اور کبھی لٹکائے اُسے تو زیر و زبر تاکہ قہر و لطف سے کہ پوشیدہ ہے آتش خوف و رجا سے عیان ہووے، وہ بہار ایک لطف شحنہ کبریا ہے اور وہ خزانہ بھی دہشت و خوف خدا ہے اور وہ سردی جو میخ نہان ہے تاکہ تو اے چور پوشیدہ ظاہر ہووے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ [2] بسط ہو الخ، شعر کبھی مجاہد کے دل کو بسط ہووے یہ بدن پانی مٹی سے معمور ہے اور ہماری روشنی جان کا چور ہے حق نے گرمی و سردی و رنج و درد ہمارے بدن پر رکھا اور خوف و بھوک و نقصان مال و تن کا نقد جان کے اظہار کے واسطے ہوا ہے یہ وعید اور وعدے سب پیدا کیے اس لیے کہ نیک و بد باہم مل جائے جب کہ حق و باطل باہم ملا نقد و کھوٹا چمڑے کی تھیلی مین بھرا یعنے نقش تن نے مثل زمین کے جو روشنی جان کی چرائی تھی سردی و گرمی و رنج و درد نہ پاتا اور وعدہ وعید حق سے نقد جان کو ظاہر کر دے اسی طرح مجاہد کو ریاضت کرنا چاہیئے کہ قبض دل سے نجات پا کر بسط حاصل ہو اور عوارف کھلین باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ [3] پس کسوٹی الخ، شعر پس کسوٹی مقبول اُسے چاہیئے کہ وہ امتحان حقائق مین کھا ہو یعنی مرشد کامل چاہیئے کہ وہ حقائق سے آگہی رکھتا ہو تاکہ وہ فرق کرنے والا ہووے اس تدبیر کا اے مادر موسیٰ تو اسکو دودھ دے اور پانی مین ڈال اور آفت سے مت ڈر جس نے روز ازل مین دودھ کو کھایا ہے مثل موسیٰ دودھ کا مزہ جانتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

گر تو بر تمییز طفلت مولعی — این زمان یا ام موسیٰ ارضعی
تا بہ بینید طعم شیر مادرش — تا فرو ناید بدایہ بدسرش
خود بر تو این حکایت روشن ست — کہ غرض نہ این حکایت گفتن ست

گر تجھے طفلی کی ہے خواہش تری — اس گھڑی یا ام موسیٰ ارضعی
تا مزا جانے وہ ماں کے دودھ کا — تا نہ دائی بد کا احسان ہو ذرا
یہ حکایت تجھ پہ روشن آپ ہے — نے غرض کہنے حکایت سے مجھے

شرح فائدہ حکایت اشتر جوئندہ ، شرح فائدہ حکایت اونٹ ڈھونڈھنے والیکی

اشترے گم کردہ اے معتمد — ہر کسے ز اشتر نشانی میدہد
تو نمیدانی کہ آن اشتر کجاست — لیک دانی کاین نشانیہا خطاست
وانکہ اشتر گم نکرد او ہمسری — ہمچو آن گم کردہ جوید اشتری
کہ بلے من ہم شتر گم کردہ ام — ہر کہ یابد اجرتش آوردہ ام
تا در اشتر با تو انبازی کند — بہر طمع اشتر این بازی کند
او نشان کژ نہ بشناسد ز راست — لیک گفتت آن مقلد را عصاست
ہرچہ را گوئی خطا بود آن نشان — او بتقلید تو میگوید ہمان
چون نشان راست گوئید و شبیہ — پس یقین گردد ترا لاریب فیہ
آن شفاے جان رنجورت شود — رنگ روے و صحت و زورت شود
چشم تو روشن شود پایت روان — جسم تو جان گردد و جانت روان
پس بگوئی راست گفتی اے امین — آن نشانیہا بلاغ آمد مبین

اونٹ تو نے گم کیا ہے طالبا — ہر کوئی دیتا پتا ہے اونٹ کا
تو نہ جانے اونٹ وہ کس جا گیا — پر تو جانے یہ پتے ہین سب خطا
ہمسری سے جو کہ اونٹ اسکا گما — مثل گم کردہ کے ڈھونڈھے جابجا
ہان گما یا مین نے اپنے اونٹ کو — دون مین مزدوری بتائے اسکو جو
اونٹ مین تیری شراکت تا کرے — اونٹ کی طمع مین دھوکا تجکو دے
ٹیڑھا سیدھا نے نشان وہ جانتا — قول تیرا اُس مقلد کا عصا
تو جو کہتا ہے خطا تھا وہ نشان — وہ تری تقلید سے کرتا بیان
جو نشان سچا کہے وہ اور شبیہ — پس یقین ہووے تجھے لاریب فیہ
وہ شفا بیمار جان تیری کو ہو — زور تجکو آئے اور اچھا تو ہو
آنکھ روشن ہو تری پا ہو روان — جسم تیرا جان ہو اور جان روان
پس کہے تو سچ کہا تو نے امین — وہ نشانی سب بلاغ آئین مبین

سلہ گر سمجھ الخ سہ شعر اگر تجھے سمجھ طفل کی خواہش ہے تو اس دم اے مادر موسیٰ کی دودھ پلا تا وہ شخص اُن کے دودھ کا مزا جانے تا کہ دائی بد کا ذرا احسان نہ ہو یعنے مادر موسیٰ مرشد سے مراد ہے کہ اے مرشد شیر معرفت طالب کو پلا اور اس شیر معرفت کا مزا وہ جانے کہ ازل مین اُس نے پیا ہووے جیسے موسیٰ نے اول اپنی ماں کا دودھ پیا تھا اور بعد پانی سے نکلنے کے کسی دایہ کا دودھ نہ پیا حتی کہ اپنی مادر کا دودھ پیا فرعون کے یہان اسی طرح وہ طالب یہان معرفت کو پائیگا کہ جس نے روز الست مین معرفت حق کی پائی ہے یہ حکایت تجھے آپ روشن ہے مجھے حکایت کہنے سے غرض نہیں ہے چنانچہ یہ آگہی معرفت کی شتر جو کی حکایت مین آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ اونٹ تو نے الخ شعر اے طالب تو نے اونٹ گم کیا ہر کوئی اونٹ کا پتا دیتا ہے اور تو نہین جانتا کہ وہ اونٹ کس جا گیا ہے لیکن تو یہ جانتا ہے کہ وہ سب اپنے خلاف ہین اور ایک ہمسری سے کہ اونٹ اُس کا گما نہین ہے مثل گم کردہ اونٹ جابجا ڈھونڈھتا ہے اور کہتا ہے کہ ہان مین نے اپنے اونٹ کو گمایا ہے مین مزدوری دون جو مجھے اُس کو بتائے تا کہ تیرے اونٹ مین تجھ کو دھوکا دیے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ ٹیڑھا سیدھا الخ شعر وہ نشان ٹیڑھا سیدھا نہین جانتا تیرا قول اُس مقلد کا عصا ہے یعنی وہ مقلد تیرے کہنے کے بموجب اونٹ تلاش کرتا ہے مگر پتا اُس کا ٹیڑھا و سیدھا نہین جانتا ہے تو جو کہتا ہے وہ نشان خطا تھا وہ تیری تقلید سے بیان کرتا ہے جو نشان سچا اور تشبیہ وہ کہے پس مجھے یہ یقین ہووے کہ نہین ہے شک اس مین تیری جان بیمار کو وہ شفا ہووے تو اچھا ہو اور زور تجکو آوے اور آنکھ روشن ہو تیری اور پاؤن روان ہو جسم تیرا جان اور جان روح ہو پس تو کہے کہ اے امین تو نے سچ کہا وہ نشانی بہت پہونچی ظاہر اس مین نشانیان ہین پاک و روشن یہ ایک چٹھی ہوئی مدد و نجات کی یعنی وہ شتر میرا یار گم گشتہ ہے کہ تو اسکی تلاش مین پھرتا ہے اور وہ مرشد ہے کہ تجکو اس یار کا پتا بتائے اور وہ پتا تجکو گویا چٹھی ہے کہ تجھے اُس سے نجات ہو باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ نہین شک ہے اس مین ۱۲ ۔

فیہ آیات ثقات بینات
این براتی باشد و قدر و نجات

این نشان چون داد گوئی پیش رو
وقت آہنگ ست پیش آہنگ شو

پیروی تو کنم اے راست گو
بوے بردی اشترم بنما کہ کو

آن کسے را کو نہ صاحب اشتریست
و اندرین جست اشتر بہر مریست

زین نشان است نفزاید یقین
جز ز عکس ناقہ جوے راستین

بوے برد از جد و گرمیہاے او
کہ گزافہ نیست این ہیہاے او

اندرین اشتر نبودش حق ولے
اشترے گم کردہ است او ہم بلے

طمع ناقہ غیر روپوشش شدہ
آنچہ زد گم شد فراموشش شدہ

ہر کجا این میدود آن میدود
از طمع ہمدرد صاحب میشود

کاذبی با صادقے چون شد روان
آن دروغش راستی شد ناگہان

اندران صحرا کہ آن اشتر شتافت
اشتر خود نیز آن دیگر بیافت

چون بدیدش یاد آورد آن خویش
بے طمع شد ز اشتر یاران خویش

آن مقلد شد محقق چون بدید
اشتر خود را کہ آنجا می چرید

او طلبگار شتر آن لحظہ گشت
می نجستش تا ندید او را بدشت

بعد ازان تنہا روے آغاز کرد
چشم سوے ناقہ خود باز کرد

گفت آن صادق مرا بگذاشتی
تا بہ اکنون پاس من میداشتی

گفت تا اکنون فسوسی بودہ ام
وز طمع در چاپلوسی بودہ ام

فیہ آیات ثقات بینات
یہ برات اک ہووے اور قدر و نجات

یہ نشان جو مجھے کہے تو آگے چل
وقت اب چلنے کا ہے تو آگے چل

پیروی تیری کرون اے راست گو
اونٹ کا میرے پتا پایا کہو

وہ کوئی کہ جو نہ صاحب اونٹ ہے
اونٹ ڈھونڈھے ہمسری کیواسطے

اس نشان سے نے یقین ہووے سوا
سچے ناقہ جو کے پر تو کے سوا

جہد و گرمی اسکی سے پائے پتا
کہ نہ بیہودہ ہے اسکی ہو و ہا

حق نہین اس اونٹ مین اسکا ولے
اونٹ اسکا بھی گما ہی جان لے

طمع ناقہ غیر کی پردہ بنی
جو گما اس سے فراموشی ہوئی

جس جگہ یہ جاوے وہ بھی جائے ہے
طمع سے ہمدرد اور مالک بنے

تھا تو جھوٹا ساتھ سچے کے گیا
جھوٹ اسکا ناگہان سچ ہو گیا

اس بیابان مین کہ بھاگا اونٹ وہ
دوسرے نے پالیا اونٹ اپنے کو

دیکھا اسکو یاد ملک اپنی ہوئی
اور طمع یارونکی اونٹون کی گئی

وہ محقق بس مقلد ہو گیا
اونٹ اپنا دیکھا جو چرتا ہوا

وہ طلبگار اونٹ کا اُس دم ہوا
جب تلک دیکھا نہ تھا طالب نہ تھا

بعدہ تنہاروی آغاز کی
اونٹ کی جانب نظر اپنی رکھی

بولا صادق تونے چھوڑا اب مجھے
اب تلک تو پاس تھا میرا تجھے

بولا ابتک کھیل و بازی تھی مجھے
اور طمع سے چاپلوسی تھی مجھے

۱۔ یہ نشان الخ۔ شعر یہ جو نشان مجھے تو کہے کہ آگے چل اور وقت اب آگے چلنے کا ہے مین پیروی تیری کرون اے راست گو میرے اونٹ کا پتا پایا ہے تو کہو اور وہ شخص کہ جو مالک اونٹ کا نہین ہے اور بسبب ہمسری کے اونٹ ڈھونڈھتا ہے اس کو اس نشان سے یقین ہوا نہوے بجز پرتو کے کہ سچے ناقہ کا اُس پر پڑے اُس کے جہد و گرمی سے پتا پائے کہ بیہودہ ہو ہا نہین اُس اونٹ مین اُس کا حق نہین ہے ولیکن اُس کا اونٹ بھی گما ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲۔ طمع الخ۔ شعر ناقہ غیر کی طمع پردہ بنی ہے اور جو اونٹ اُس کا گما ہے فراموش ہو گیا ہے پس جس جگہ یہ جاتا ہے وہ بھی جاتا ہے طمع سے ہمدرد مالک بنا ہے جھوٹا تھا مگر سچے کے ساتھ جھوٹ اُسکا دفعۃً سچ ہو گیا اُس بیابان مین کہ وہ اونٹ بھاگا اُس دوسرے نے پایا اپنے اونٹ کو جبکہ دیکھا اپنی ملک کا اونٹ کھو گیا اور یارون کے اونٹ کی طمع گئی پس وہ مقلد محقق ہو گیا جب کہ اونٹ اپنا چرتا ہوا دیکھا اُس دم وہ اونٹ کا طلبگار ہوا جب تک نہین دیکھا تھا طالب نہین تھا یعنے شخص محقق تھا کہ وہ اونٹ کو اپنے ڈھونڈھتا تھا اور ایک مقلد اس کی دیکھا دیکھی اونٹ از راہ بوالہوسی کے ڈھونڈھتا اور اُس کے اونٹ کو اپنا اونٹ جانتا تھا گر اس محقق کے ہمراہ تلاش کرتا پھرتا تھا جب کہ اپنے اونٹ کو دیکھا اور پہچان لیا تو خود محقق ہو گیا اور اسی طرح مقلد بوالہوس کبھی محقق کے ہمراہ ہو کر محقق ہو جاتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳۔ بعدہ الخ۔ شعر پھر تنہاروی آغاز کی اور اپنے اونٹ کی طرف نظر رکھی صاف کہے کہ اب تونے مجھے چھوڑا اور اب تک تو تجھے میرا پاس تھا وہ کہے کہ اب تک مجھے کھیل و بازی تھی اور طمع سے مجھے چاپلوسی تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

این زمان همره تو گشتم که من — در طلب از تو جدا گشتم بفن
از تو میدزدید می وصف شتر — جان من دید آن خود شد چشم پر
تا نیابیدم نبودم طالبش — بس کنون مغلوب شد زر غالبش
سیئاتم شد همه طاعات شکر — هزل شد فانی و جد اثبات شکر
سیئاتم چون وسیلت شد بحق — پس مزن بر سیئاتم هیچ دق
مر ترا صدق تو طالب کرده بود — مر مرا جد و طلب صدقی نمود
صدق تو آورد در جستن ترا — جستنم آورد در صدقی مرا
تخم دولت از زمین میکاشتم — سخره و بیکار می پنداشتم
آن نه بیکاری کشتی بُد درست — هر یکی دانه که کشتم صد برست
دزد سوی خانهٔ شد زیر دست — چون در آمد دید کان خانه خودست
گرم باش ای سرد تا گرمی رسد — با درشتی ساز تا نرمی رسد
آن دو اشتر نیست آن یک اشترست — تنگ آمد لفظ معنی بس پرست
لفظ در معنی همیشه نارسان — زان پیمبر گفت قد کل اللسان
نطق اسطرلاب باشد در حساب — چه قدر داند ز چرخ و آفتاب
خاصه چرخی کین فلک زان پره ایست — آفتاب از آفتابش ذره ایست

اس گھڑی ہمدرد مین تیرا ہوا — اور طلب مین مین ہوا تجھسے جدا
چوری کرتا مین تیرے وصف اونٹ کی — ملک دیکھی جان نے تب سیری ہوئی
جبتلک پایا نہ تھا طالب نہ تھا — تا نبا اب مغلوب زر غالب ہوا
سب بدی میری ہوئی طاعات شکر — ہزل زائل ور سعی اثبات شکر
جب بدی حق کا وسیلہ ہو گئی — مت بدی پر کر مری طعنہ زنی
تجکو تیرے صدق نے طالب کیا — اور طلب نے صدق بس مجکو دیا
صدق تیرے نے تجھے دی جستجو — جستجو میری لائی میرے صدق کو
تخم دولت مین زمین مین بوتا تھا — اور بیکار اُسکو مین تھا جانتا
وہ نہ تھی بیگار کھیتی خوب تھی — ایک بویا سو اُگے دانے اچی
ایک گھر مین چور جو مخفی گھسا — اندر آکر دیکھا گھر اپنا ہی تھا
گرم ہو اے سرد تا گرمی ملے — اور سختی پا کہ تا نرمی ملے
دو نہین ہین اونٹ وہ اک اونٹ ہے — لفظ تنگ اور ہین بہت معنی بھرے
لفظ معنی مین ہمیشہ نارسان — ہے پیمبر نے کہا کل اللسان
ظاہر اسطرلاب سے ہووے حساب — جانے کب مقدار چرخ و آفتاب
چرخ ایسا جسکا گردون پرہ ایک — آفتاب اُسکے کا سورج ذرہ ایک

در بیان آنکه در هر نفسی فتنه مسجد ضرار است

بیان مین اُسکے کہ ہر نفس مین فتنہ مسجد ضرار ہے

چون پدید آمد که آن مسجد نبود — خانهٔ حیلت بُد و دام جهود

جو ہوا ظاہر کہ وہ مسجد نہ تھی — تھی یہودونکی وہ اک جا مکر کی

۵۱ اس گھڑی الخ یہ شعر اسی دم مین تیرا ہمدرد ہوا اور طلب مین مین تجھ سے جدا ہوا مین تیرے اونٹ کے وصف کی چوری کرتا تھا جان نے جب اپنی ملک دیکھی تب سیری ہوئی جب تک مین نے پایا نہ تھا مین طالب نہ تھا اب تانبا مغلوب ہوا اور زر غالب ہوا یعنی ابتک مین مقلد تھا اور تیرے پیچھے پیچھے پھرتا تھا اب اپنے اونٹ کو جو پایا محقق ہوا اور میری ملک مجھکو ملی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ سب بدی الخ یہ شعر سب میری بدی طاعت ہوئی شکر جو ہزل دور ہوا اور سعی ثابت ہوئی شکر ہے جو میری بدی وسیلہ حق کا ہوئی تو میری بدی پر طعنہ زنی مت کر تیرے صدق نے تجکو جستجو دی اور میری جستجو میرے صدق کو لائی تخم دولت کا مین زمین مین بوتا تھا اور بیکار اُسکو مین جانتا تھا وہ کھیتی بیکار نہ تھی بہتر تھی ایک بویا اور سو دانے اُگے آگے مثال ہے فافہم ۱۲ ۵۳ ایک گھر مین الخ یہ شعر ایک گھر مین چور پوشیدہ گھسا اندر آکر دیکھا کہ وہ اپنا ہی گھر تھا آگے حقائق اسکے ہین اے مسر دگرم ہو کہ تا گرمی ملے اور سختی پا کہ نرمی ملے دو اونٹ نہین ہین ایک ہے لفظ تنگ اور بہت معنی بھرے ہین لفظ ہمیشہ معنے مین عاجز ہے کہ پیغمبر صلے اللہ علیہ وسلم نے فرمایا من عرف ربہ فقد کل لسانہ یعنی جس نے اپنے رب کو پہچانا اُسکی زبان گونگی ہوئی آگے اسکی مثال ہے اسطرلاب سے حساب ظاہر ہو لیوے مگر مقدار چرخ و آفتاب کی کب ظاہر ہووے وہ بھی ایسا چرخ کہ جس کا یہ آسمان ایک پرہ ہے اور اُسکے آفتاب کا یہ آفتاب ایک ذرہ ہے یعنے اسطرلاب لفظ اس آسمان معنی کو کیسے دریافت کر سکتا ہے پس ہر ایک نفس مین وہ مسجد ضرار کا فتنہ بھرا ہوا ہے چنانچہ اس کا حال آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۴ جو ہوا الخ یہ شعر جو ظاہر ہوا کہ وہ مسجد نہ تھی یہود دون کی ایک جائے مکر کی تھی باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

پس نبی فرمود کان را بر کنند — مطرح خاشاک و خاکستر کنند
صاحب مسجد چو مسجد قلب بود — دانہا بر دام ریزی نیست جود
گوشت کاندر شست تو ماہی رباست — آنچنان لقمہ نہ بخشش نے سخاست
مسجد اہل قبا کان بد جماد — آنچہ کفو او نہ بد راہش نداد
در جمادات اینچنین حیفے نرفت — زد در ان ناکفو امیر داد تفت
پس حقائق را کہ اصل اصلہاست — دان کہ آنجا فرقہا و فصلہاست
نے حیاتش چون حیات او بود — نے مماتش چون ممات او بود
گور او ہرگز چو گور او مدان — خود چہ گویم حال فرق آنجہان
بر محک تو ان کار خود اے مرد کار — تا نسازی مسجد اہل ضرار
پس بر آن مسجد کنان تسخر زدی — چون نظر کردی تو خود زیشان بدی

پس پیمبر نے کہا کھودو اُسے — اور کرو گھور اخس و خاشاک سے
اہل مسجد مثل مسجد قلب تھے — دانہ رکھنا دام مین نے جود ہے
مچھلی پکڑے گوشت کانٹے مین لگا — ایسے لقمہ سے نہ بخشش نے سخا
تھی جماد اک مسجد اہل قبا — غیر کُفو کو خود مین نے آنے دیا
پس جمادون مین نہ ظلم ایسا کیا — غیر کفو کو سوختہ حضرت نے کیا
پس حقائق کو کہ اصل الاصل ہے — جان اُس جا فرق ہے اور فصل ہے
نے حیات اُسکی ہے مثل اُسکی حیات — نے ممات اُسکی ہے کچھ ویسی ممات
گور اسکی گور اُسکی سی نہ جان — کیا کہون مین فرق رکھے وہ جہان
امتحان کر کام اپنے کا اے یار — مت بنا تو مسجد اہل ضرار
اہل مسجد پہ تمسخر تو کرے — غور سے جو دیکھے تو اُنمین سے ہے

حکایت آن چار ہندوان کہ باہم جنگ میکردند و از عیب خود بیخبر — حکایت ان چار ہندوونکی کہ باہم لڑتے تھے اور اپنے عیب سے بیخبر تھے

چار ہندو در یکے مسجد شدند — بہر طاعت راکع و ساجد شدند
ہر یکے بر نیتے تکبیر کرد — در نماز آمد بہ مسکینی و درد
موذن آمد زان یکے لفظے بجست — کاے موذن بانگ کردی وقت ہست
گفت آن ہندوے دیگر از نیاز — ہے سخن گفتی و باطل شد نماز
آن سوم گفت آن دوم را کاے عمو — چون زنی طعنہ باد خود را بگو

چار ہندو ایک مسجد مین گئے — جا وہان پر ساجد و راکع ہوئے
سب نے اک نیت سے مل تکبیر کی — اور نماز الحاح و زاری سے پڑھی
موذن آیا ایک بولا اُنمین سے — اے موذن بانگ دی کیا وقت ہے
بولا ہندو دوسرا بہر نیاز — ہین نہ کر باتین ہوئی باطل نماز
تیسرے نے دوسرے سے پھر کہا — طعنہ مت دے اسکو اپنی کہہ ذرا

سلہ پس پیمبر نے الخ ۱۰ شعر پیغمبر نے فرمایا کہ اس کو کھودو اور گھور اخس و خاشاک سے کرو اہل مسجد کے قلب مثل مسجد کے قلب تھے دام مین دانہ رکھنا بخشش نہین ہے آگے مثال ہے مچھلی پکڑنے کو گوشت کانٹے مین لگاتے ہین ایسے لقمہ سے نہ بخشش ہے نہ سخا ہے مسجد اہل قبا جماد تھی مگر غیر کفو کو خود مین نہین آنے دیا پس جمادون مین ایسا ظلم نہین ہوا اور غیر کفو کو حضرت نے سوختہ کردیا پس حقائق کو کہ اصل کی اصل ہے تو جان کہ اس جگہ فرق ہے اور فصل نہ اُسکو حیات ہے مثل اُسکے حیات کے اور نہ اُسکو موت ہے مثل اُسکی موت کے یعنے مومن منافق کے حقائق مین بھی فرق ہے اسکے حقائق اور ہین اسکی گور کے مثل جان مین کیا کہون کہ فرق ہے اس جہان مین اور اُس جہان مین امتحان اپنے جسم کا کر دمت بنا اپنے باطن کو مسجد اہل ضرار تو اہل مسجد پر تمسخر کرے اور غور سے دیکھے تو خود اُن مین سے ہے یعنے تیرا نفس خود منافق ہے تو اس کی اصلاح کر جیسے وہ چار دن یار باہم لڑتے تھے اور اپنا عیب نہین دیکھتے تھے چنانچہ اس کا حال آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ سلہ چار ہندو الخ ۵ شعر چار ہندو ایک مسجد مین گئے سجدہ اور رکوع کرنے کے لیے سب نے ایک نیت پر تکبیر کی اور نماز الحاح و زاری سے پڑھی ایک موذن آیا ایک اُن مین سے بولا اے موذن بانگ دے کیا وقت ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ سلہ بولا ہندو الخ ۲ شعر دوسرے ہندو نے از راہ نیاز کہا نماز مین باتین مت کر نماز باطل ہوتی ہے تیسرے نے دوسرے سے کہا کہ طعنہ اُسکو مت کر اور اپنی حقیقت ذرا کہہ چوتھے نے کہا کہ الحمد للہ مین تینون کے مانند چاہ مین نہین گرا پس اُن چارون ہندو کی نماز تباہ ہوئی کہ اکثر عیب گو راہ گم کرتے ہین آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲

آن چہارم گفت حمد اللہ کہ من
پس نماز ہر چہاران شد تباہ
ای خنک جانی کہ عیب خویش دید
زانکہ نیمے او ز عیبستان بدست
چونکہ بر سر مر ترا دہ ریش ہست
عیب کردن ریش را دارو ے او
گر ہمان عیبت نبود ایمن نباش
لاتخافوا از خدا نشنیدۂ
سالہا ابلیس نیکو نام زیست
در جہان معروف بد علیائے او
تا نہ ایمن تو معروفے مجو
تا نہ روید ریش تو ای خوش ذقن
این نگر کہ مبتلا شد جان او
تو نیفتادی کہ باشی پند او
در نیفتادم بچہ چون آن سہ تن
عیب گویان بیشتر گم کردہ راہ
ہر کہ عیبے دید آن بر خود بدید
وان دگر نیمش ز عیبستان بدست
مرحمت بر خویش باید کار بست
چون شکستہ گشت جائے رحمت است
بو کہ آن عیب از تو گردہ نیز فاش
پس چہ خود را ایمن و خوش دیدۂ
گشت رسوا بین کہ او را نام چیست
گشت معروفے بعکس اے وائے او
پاک شو از خوف پس از من گو
بر دگر سادہ زنخ طعنہ مزن
در بچہ افتاد تا شد پند تو
زہر او نوشید تو خور قند او

بولا وہ چوتھا کہ حمد اللہ مین
ہوئی نماز ان چار سند وکی تباہ
جان[1] وہ بہتر کہ دیکھے اپنا عیب
کیونکہ آدھا وہ تو عیبستان سے ہے
سر کے اوپر زخم دس جو ہین تمہارے
اُسکی دارو عیب کرنا زخم کا
گر تجھے نے عیب وہ بے غم نہ ہو
لاتخافوا تو نے حق سے نے سنا
بس ہا ابلیس برسون نیکنام
برتری عالم مین مشہور اسکی تھی
تا نہ بے غم ہو تو مت مشہور رہو
جب تلک[2] داڑھی نہین نکلے تری
دیکھ جان اُسکی بلا مین جب پھنسی
نے پھنسا تو کہ ہدایت اُسکو ہو
نے گرا مین تو کے مثل اب چاہ مین
عیب گو اکثر کہ گم کرتے ہین راہ
عیب اپنا جانے دیکھے جسکا عیب
دوسرا آدھا وہ غیبستان سے ہے
رحم کرنا اپنے اوپر چاہیے
رحم کی جا ہے شکستہ جو ہوا
عیب تجھ سے ہو کہین ظاہر نہ وو
کسلیے بے غم و خوش خود کو رکھا
دیکھ وہ رسوا ہوا انجام کام
اُسکی وہ شہرت بس اُلٹی ہو گئی
خوف سے چھوٹے رجا سے تب کہو
سادہ رو یون رینہ کر طعنہ زنی
تب ہدایت اس سے تجکو بس ہوئی
اُسنے کھایا زہر تو کھا قند کو

قصد کردن ترکان غزان در خون مردے کہ تا دیگران بترسند

قصد کرنا ترکان غزان کا ہلاکت مین ایک مرد کی کہ تا دوسرون کو خوف ہو

آن غزان ترک خون ریز آمدند
بہر یغما در دیہے دہ وشدند
وہ غزان[3] ترک جو خون ریز تھے
لوٹنے کو ایک گاؤن مین گئے

[1] جان وہ الخ ۹ شعر اُسکو بہتر جان کہ جو اپنا عیب دیکھے وہ جس کا عیب دیکھے اسے اپنا عیب جانے کیونکہ وہ آدھا عیبستان سے ہے دوسرا آدھا وہ غیبستان سے ہے تیرے سر پہ جو دس زخم ہین تو اپنے اوپر رحم کرنا چاہیے اس کی دارو عیب کرنا اس کے زخم کا رحم کی جا ہے کہ جو شکستہ ہوا اگر تجھ مین وہ عیب نہین ہے تو بے غم نہ ہو کہ کہین وہ عیب تجھ سے ظاہر نہ ہووے مت خوف کر یہ تو نے ازحق سے نہین سنا ہے کس لیے بے غم و خوش آپ کو رکھتا ہے آگے مثال ہے ابلیس برسون نیکنام رہا ہے دیکھ کہ انجام کار بدنام ہوا ہے اُس کی برتری عالم میں مشہور تھی اُس کی وہ شہرت سب اُلٹی ہو گئی جب تک تو بے غم مشہور نہ ہو یعنے حق تعالے نے اہل خوف کو کہا ہے کہ مت خوف کر دیں تو خوف سے خود کو آراستہ کر اسوقت بے خوف ہونا تیرا درست ہے ورنہ مانند ابلیس کے تو انجام مین بدنام ہوئے گا باقی مثال اس کی آگے ہے فافہم ۱۲ [2] جب تلک الخ ۳ شعر جب تلک تیری داڑھی نہین سادہ نہ دیون پر طعنہ نہ مار تو دیکھ کہ جان شیطان کی جب بلا مین پھنسی تب تجھکو اس سے ہدایت ہوئی تو نہین پھنسا ہے کہ اُس کو ہدایت ہو اُس نے کہا زہر کھایا تو قند کھا یعنی ابلیس بلا مین گرفتار ہوا تو عبرت اس سے پکڑے رہتی اختیار کر اگر آگے اُس نے زہر کھایا ہے تو اُسکے برعکس قند کھا کیونکہ ایک سے دوسرے کو عبرت ہوتی ہے جیسے ترکان غزان نے ایک کو ہلاک کیا کہ دوسرے کو عبرت ہو چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین بیان فرماتے ہین فافہم [3] وہ غزان الخ ا شعر وہ ترکان غزان کہ جو خونریز تھے ایک گاؤن مین لوٹنے کو گئے باقی حال آگے ہے فافہم

دو کس از اعیان آن ده یافتند ۔ در ہلاک آن یکے بشتافتند
دست بستندش کہ قربانش کنند ۔ گفت ای شاہان و ارکان بلند
قصد خون من بچہ رو میکنید ۔ از چہ آخر تشنۂ خون منید
چیست حکمت چہ غرض زین کشتنم ۔ چونکہ من درویشم و عریان تنم
گفت تا ہیبت برین یارت زند ۔ تا بترسد او و زر پیدا کند
گفت آخر او ز من مسکین ترست ۔ گفت قایل صد گرہ است او را زرست
گفت چون وہم است ما ہر دو یکیم ۔ در مقام احتمال و در شکیم
خود در اکشید اول ای شہان ۔ تا بترسم من و دہیم زر را نشان
پس کرمہای الٰہی بین کہ ما ۔ آمدیم آخر زمان در انتہا
آخرین قرنہا پیش از قرون ۔ در حدیث است آخرون السابقون
تا ہلاک قوم نوح و قوم ہود ۔ عارض رحمت بجان ما نمود
کشت ایشان را کہ ما ترسیم از و ۔ در خود این بر عکس کردی اے او

پکڑا اُس گاؤن کے دو سردار کو ۔ مارتے تھے ایک کو نہین سے وہ
ہاتھ باندھا تاکرین اسکو ہلاک ۔ بولا وہ تب کہ ای شاہان پاک
قتل کرتے ہو مجھے کسواسطے ۔ تشنۂ خون ہو مرے تم کس لیے
کیا ہلاکت مین مری حکمت رکھی ۔ مین ہون درویش اور مجکو مفلسی
بولے اس سے یار تیرا تا ڈرے ۔ اور ڈر سے زر کو یہ ظاہر کرے
بولا وہ مفلس زیادہ مجھ سے ہے ۔ بولے ہے آسودہ ہم ہین جانتے
بولا یہ ہے وہم یہ ہم ایک ہین ۔ احتمال و شک مین یہ ہے اور مین
پہلے اب تم مارو اُسکو ای شہان ۔ تا کہ ڈر سے دون تمھین زر کا نشان
پس خدا کا فضل دیکھو کہ ہم ۔ آگئے ہین آخر زمانہ مین اتم
پہلے قرنون سے ہین پیچھلے ہین قرون ۔ ہے خبر مین آخرون السابقون
تا عذاب قوم نوح و ہود سے ۔ پایا رحمت کو ہماری جان نے
مارا اُنکو تاکہ ہم اس سے ڈرین ۔ اگر کرے بر عکس تو ہین حسرتمین

بیان حال خود پرستان و ناشکران از نعمت وجود انبیا و اولیا

بیان حال خود پرستون و ناشکرون کا نعمت وبخشش انبیا و اولیا سے

ہر کہ از ایشان گفت از عیب و گناہ ۔ وز دل چون سنگ و از جان سیاہ
وز سبک داری فرمانہای او ۔ وز فراغت از غم فردای او

جس شخص نے عیب انبیا ظاہر کیا ۔ سنگدل اور تیرہ جان اُنکو کہا
اور ہلکا رکھنا اُن کے حکم کو ۔ اور ڈر محشر سے رکھنا آپ کو

۱ھ پکڑا الخ ۔ شعر اُس گاؤن کے دو سردار کو پکڑا ان مین سے ایک کو دو مارتے تھے ہاتھ باندھا تاکہ اُسکو ہلاک کرین اُس نے کہا کہ اے شاہان پاک تم مجھے قتل کس واسطے کرتے ہو اور میرے تشنہ خون کے تم کس لیے ہو میری ہلاکت مین کیا حکمت ہے مین درویش ہون اور مجھکو مفلسی ہے کہا اُس نے کہ تا یہ تیرا یار ڈرے اور ڈر سے مال ظاہر کردے اُس نے کہا کہ وہ مفلس زیادہ مجھ سے ہے کہا اُنھون نے کہ وہ آسودہ ہے ہم جانتے ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ **۲ھ** بولا الخ ۔ شعر کہا یہ وہم ہے اور یہ اور ہم ایک ہین مقام احتمال اور شک مین اول اسکو مار دو تاکہ ڈر سے زر کا نشان بتادے آگے حقائق اس کے ہین فیصلہ خدا کا دیکھو کہ ہم آخر زمانہ مین آئے ہین پہلے قرنون سے یہ پچھلے قرن ہین حدیث مین ہے آخرون السابقون یعنی پچھلے اگلے ہین اگر عذاب قوم نوح اور ہود سے ہماری جان نے رحمت کو پایا اُن کو مارا کہ ہم اُن سے ڈرین اگر بر عکس ہوتا ہم کیا کر سکتے یعنے امت حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کو واسطے بعد کیا کہ اگلی امتونکا حال دیکھکر نافرمانی نہ کرین درعبرت پکڑین اسیواسطے یہ امت مرحومہ ہوئی اور بقول حضور کے پیچھے اگلے ہین کیونکہ قطار کی رواگی مین ہنگام پلٹ جانیکے جانب اصل کے پیچھے اگلے ہوجاتے ہین پس یہ امت ہنگام لوٹنے کے اگلی امتون کے آگے ہوگی اسواسطے حضور نے فرمایا ہے کہ آخرون السابقون ہین اور اگر بر عکس کرتا تو نقصان تھا آگے اس کی مثال فرماتے ہین فافہم ۱۲ **۳ھ** جس نے الخ ۔ شعر جس نے عیب نبیون کا ظاہر کیا سنگدل اور تیرہ جان اُن کو کہا ان کے حکمون کو ہلکا رکھنا اور ڈر محشر سے رہنا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

وز ہوس وز عشق این دنیای دون
چون زنان مر نفس را بودن زبون
آن نفور از گفتہای ناصحان
وان رمیدن از لقای صالحان
با دل و با اہل دل دیوانگی
با شہان تزویر و روبہ شانگی
سیر چشمان را گدا پنداشتن
وز حسدشان خفیہ دشمن داشتن
گر پذیرد چیز تو گوئی گدا است
ور نہ گوئی زرق و مکرست و دغاست
گر در آمیزد تو گوید طامع است
ور نگوئی در تکبر مولع است
گر تحمل کرد گوئی عاجز است
ور غیور آمد تو گوئی خیرہ است
یا منافق وار عذر آری کہ من
ماندہ ام در نفقۂ فرزند و زن
نے مرا پروای سر خاریدنست
نے مرا پروای دین ورزیدنست
ای فلان ما را بہمت یاد دار
تا شویم از اولیا پایان کار
این سخن نے ہم ز درد و سوز گفت
خوابناکی ہرزہ گفت و باز خفت
ہیچ چارہ نیست از قوت عیال
از بن دندان کنم کسب حلال
چہ حلال ای گشتہ از اہل ضلال
غیر خون تو نمی بینم حلال
از خدا چارہ ستش و از قوت نے
چارہ ش ہست از دین و از طاغوت نے
ای کہ صبرت نیست از دنیای دون
صبر چون داری ز نعم الماہدون
ای کہ صبرت نیست از ناز و نعیم
صبر چون داری از اللہ کریم
ای کہ صبرت نیست از فرزند و زن
صبر چون داری ز حی ذو المنن

۱۵۱ اور اس دنیا کی عشق و حرص سے
تابع دل ہونا جون عورات کے
ناصحون کے قول کو نا ماننا
اور لقاے صالحون سے بھاگنا
ہونا بس دیوانہ دل والونکے ساتھ
مکر و حیلہ کرنا بس شاہونکے ساتھ
اور آسودونکو مفلس جاننا
اور حسد سے خفیہ دشمن ماننا
۱۵۲ گر کوئی خیرات لے کہوے گدا
ورنہ کہوے کہ ہی یہ مکر و دغا
گر ملے آکر تو طامع تو کہے
ورنہ یہ کہوے تکبر ہے اُسے
گر تحمل ہووے تو عاجز کہے
گر غیور آئے کہے بیہودہ ہی
یا منافق وار عذر اک تو کرے
کہ ہون عاجز نفقۂ فرزند سے
ہی نہ سر کھجلانیکی فرصت مجھے
اور نہ ہی دین پانے کی فرصت مجھے
یاد رکھا ہم کو دعاؤن سے تو یار
ہو وین تا ہم اولیا انجام کار
یہ کہین باتین نہ سوز و درد سے
جیسے سوتا خواب مین بڑائے ہی
۱۵۳ چھٹ نہین سکتا ہی جو قوت عیال
کرتا ہون محنت سے مین کسب حلال
کیا حلال ای شامل اہل ضلال
جز ترے خون کے نہ جانو مین حلال
حق سے چارہ قوت جسمی ہی نہین
دین سے چارہ بت پرستی ہی نہین
صبر دنیا سے نہین تو کر سکے
صبر نعم الماہدون سے کیونکر ہی
ناز و نعمت سے نہ تجکو صبر ہے
صبر کیونکر تجکو تو رکھے اللہ سے
صبر تجکو نے زن و فرزند سے
صبر تجکو کیونکر اُس خاوند سے

۱۵۱ اور اس دنیا الخ یہ شعر اور دنیا کے عشق و حرص سے مانند عورتون کے تابع نفس ہونا اور ناصحون کے قول کو نہ ماننا و صالحون کے لقا سے بھاگنا اہل دل کے ساتھ دیوانہ ہونا شاہون کے ساتھ حیلہ کرنا اور آسودون کو مفلس جاننا اور حسد سے پوشیدہ دشمن ماننا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۱۵۲ اگر کوئی الخ یہ شعر اگر کوئی خیرات لیوے تو اُسے گدا کہوے ورنہ کہوے کہ یہ مکر دہ ہے اگر کوئی ملے تو اُسے طامع کہے ورنہ کہے کہ اسے تکبر ہے اگر تحمل ہووے تو اسے عاجز کہے اگر غیور آئے تو بیہودہ کہے یعنے اے منافق تو بسبب غلبہ یا دیوانگی نسبت بدطینتی سے پر نہین لگاتا ہے اور ان کی ہدایت کو صادق جانتا ہے منافقون کے مانند ایک تو عذر کرے کہ مین عاجز ہون نفقہ زن و فرزند سے کہ سر کھجلانے کی فرصت نہین ہے اے یار تو ہم کو دعا سے یاد رکھ تا انجام کو ہم اولیاء اللہ ہو وین یہ بات اس نے سوز و درد سے نہین کہی جیسے سوتا خواب مین بڑاتا ہے یعنے وہ منافق اسی طرح باتین کرتے ہین بے خواہش و بے جگر باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۱۵۳ چھٹ الخ یہ شعر جو قوت عیال چھٹ نہین سکتا ہے پس مین محنت سے کسب حلال کرتا ہون آگے مقولہ مولانا کا ہے کسب حلال اے شامل گمراہون کے کیا چیز ہے مین تیرے خون کے سوا حلال نہین جانتا ہون حق سے چارہ ہے اور قوت جسمانی سے چارہ نہین ہے دین سے چارہ ہے اور بت پرستی سے چارہ نہین ہے تو دنیا سے صبر نہین کر سکتا پس کیونکر نعم الماہدون سے صبر کرے گا یعنے اچھا بچھوایا ہم نے تجھ کو ناز و نعمت سے صبر نہین ہے تو کیونکر اللہ سے صبر رکھ سکتا ہے تجھ کو صبر زن و فرزند سے نہین کیونکر تجھ کو صبر اُس خاوند سے ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲

ایکہ می گوئی خدا بخشد ترا	آن فریب غول میدان بر ترا	تو جو کہتا ہے خدا بخشے تجھے ١	وہ فریب غول ہے تو جان لے
کو خلیلے کو برون آمد زغار	گفت ہذا رب ہان کو کردگار	نے خلیل اللہ کہ نکلے غار سے	بولا ہذا رب کہان اللہ ہے
من نخواہم در دو عالم بنگریست	تا ندانم این دو مجلس آن کیست	چاہتا ہون دید دو عالم نہ مین	تا نہ جانون یہ دو مجلس کسکی ہین
بے تماشائے صفتہائے خدا	گر خورم نان در گلو گیرد مرا	بے تماشائے صفات اللہ کے	روٹی گر کھاؤن گلے مین بس پھنسے
چون گوارد لقمہ بے دید او	بے تماشائے گل و گلزار او	کب مزا دے کھانا بے دیدار یار	بے تماشائے گل و گلزار یار
جز بامید خدا زین آبخور	کہ خورد یک لقمہ غیر گاؤ خر	اس جہان سے غیر امید خدا ٢	کون کھانا کھائے گا دو خر سوا
آنکہ کالانعام بد بل ہم اضل	گرچہ پر مکرست آن گندہ بغل	وہ کہ کالانعام ہے بل ہم اضل	گرچہ ہے پر مکر وہ گندہ بغل
مکر او سر زیر او سر زیر شد	روزگارے برد و روزش دیر شد	مکر اُس کا اور وہ اوندھا ہوا	دن گئے اُس کے نہ دن باقی رہا
فکر کاہش کند شد عقلش خرف	عمر شد چیزے ندارد چون الف	عقل سُست اور فکر کند اُسکی ہوئی	عمر گذری کچھ نہ چیز اُسکی رہی
انچہ میگوید درین اندیشہ ام	انہم از دستان این نفس ست ہم	یہ جو کہتا ہے کہ اندیشہ مین ہون	یہ بھی ہے اک زور مکر نفس دون
وانچہ میگوید غفورست و رحیم	نیست جز آن حیلۂ نفس لئیم	کہتا ہے جو کچھ غفور اور ہے رحیم	ہے نہ وہ جز حیلۂ نفس لئیم
اے ز غم مردہ کہ دست از نان تہی ست	چون غفورست و رحیم این ترس چیست	غم سے تو مردہ کہ نے روٹی رکھے	جو رحیم اب ہے تو بھر ڈر کس لیے

حکایت کردن پیرے پیش طبیب از رنجوری خود وجواب او

حکایت کرنا ایک بوڑھے کا آگے طبیب کے بیماری اپنی سے اور جواب دینا اُس کا

گفت پیرے مر طبیبے را کہ من	در زحیرم از دماغ خویشتن	بولا اک پیر اک طبیب نیک سے ٣	درد سر سے مجکو بس تکلیف ہے
گفت از پیری ست آن ضعف دماغ	گفت در چشمم ز ظلمت ہست داغ	بولا پیری سے ہے ضعف دماغ	بولا تاریکی سے آنکھو مین ہے داغ

ف١ تو جو الخ شعر تو جو کہتا ہے کہ تجھے خدا بخشے تو جان لے کہ وہ فریب غول ہے خلیل اللہ نہین ہے کہ غار سے نکلے ہذا رب کہے اللہ کہان ہے اسد عالم نہین چاہتا ہون تا نہ جانون مین کہ یہ دو علی کس کی ہے بغیر دیکھے صفات اللہ کے اگر روٹی کھاؤن گلے مین پھنسے کیا مزا کھانا دے بغیر دیدار یار کے اور بے سیر گل و گلزار یار کے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ١٢ ف٢ اس جہان سے الخ، شعر بغیر امید خدا کے اس جہان سے کون کھانا گاؤ خر کے سوا کھائے پس وہ ہے ترجمہ مثل چوپایون کے بلکہ اُن سے بھی گمراہ سوا ہے اگرچہ وہ پر مکر گندہ بغل ہے اس کا مکر اور وہ اوندھا ہوا اُس کی عمر گئی اور دن باقی نہ رہا عقل سست اور فکر کند اُس کی ہوئی عمر گذری اور کچھ چیز نہ رہی اور یہ جو کہتا ہے کہ مین اندیشہ مین ہون یہ بھی مکر و حیلہ نفس کمینہ کا ہے جو کچھ کہتا ہے کہ وہ غفور و رحیم ہے وہ نہین ہے بجز حیلہ نفس لئیم کے غم سے تو مردہ ہے کہ نے روٹی رکھے اور جو رحیم ہے تو پھر ڈر کس لیے ہے یعنے از راہ مکر و حیلہ کے ہر کام کو خدا پر حوالہ کرتا ہے یہ سب اُس کے نفس کا دھوکہ ہے انسان کو چاہیئے کہ حتی الامکان امور دنیا مین خود کوشش کرے اور اس کوشش کو خدا کے حوالے کرے نہ کہ بے کوشش ہر کام خدا پر رکھے جیسے طبیب نے ہر مرض پیر کو حوالہ پیری کیا اور خود معالجہ نہ کیا چنانچہ اس کا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ١٢ ف٣ بولا الخ شعر کہا اک پیر نے ایک طبیب سے درد سر سے از بس مجکو تکلیف ہے کہا پیری سے ہے وہ ضعف دماغ بولا آنکھون مین تاریکی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ١٢۔

گفت از پیریست اے شیخ قدیم ‏ گفت چشمم درد می آید عظیم
بولا[1] پیری سے ہے اے شیخ قدیم ‏ بولا ہے درد کمر مجکو عظیم

گفت از پیری ست اے شیخ نزار ‏ گفت ہر چہ میخورم نبود گوار
بولا پیری سے ہے اے شیخ نزار ‏ بولا جو کھاتا ہون ہووے ناگوار

گفت ضعف معدہ ہم از پیری است ‏ گفت وقت دم مرا دم گیری ست
بولا ضعف معدہ بھی پیری سے ہے ‏ بولا میری سانس آنے مین رکے

گفت آرے انقطاع دم بود ‏ چون رسد پیری دو صد علت شود
بولا سچ ہے کیون نہ دم تیرا رکے ‏ جو کہ پیری باعث صد عیب ہے

گفت کم شد شہوتم یکبارگی ‏ گفت از پیری ست این بیچارگی
بولا میری شہوت اب کم ہوگئی ‏ بولا پیری سے ہے یہ بیچارگی

گفت پایم سست شد از رہ بماند ‏ گفت از پیری ست در کنجت نشاند
بولا[2] میرے پانون چلنے سے تھکے ‏ بولا پیری سے یہ گوشہ گیری ہے

گفت پشتم چون کمانے شد دوتا ‏ گفت از پیری ست این رنج و عنا
بولا میری پشت ٹیڑھی ہوگئی ‏ بولا پیری سے یہ رنج و عاجزی

گفت تاریکست چشمم اے حکیم ‏ گفت کز پیریست اے مرد علیم
بولا دھند ہے آنکھ مین میری حکیم ‏ بولا پیری سے ہے اے مرد علیم

گفت اے احمق برین بر دوختی ‏ از طبیبی تو ہمین آموختی
بولا اے احمق تو یہ کہتا ہے کیا ‏ اور طبابت سے یہی سیکھا ہے کیا

اے مدمغ عقلت این دانش نہ داد ‏ کہ خدا ہر درد را درمان نہاد
اے تجھے یہ عقل نے دانش نہ دی ‏ کہ دوا ہر درد کی حق نے رکھی

تو خر احمق ز اندک مایگی ‏ بر زمین ماندی ز کوتہ پایگی
تھوڑی پونجی سے تو اے احمق گدھے ‏ کوتہ قدمی سے زمین پر تو رہے

پس طبیبش گفت کاے عمرت شصت ‏ این غضب وین خشم ہم از پیریست
پس طبیب[3] نیک نے اس سے کہا ‏ یہ بھی پیری سے ہے اب غصہ ترا

چون ہمہ اجزاء اعضا شد نحیف ‏ خویشتن داری و صبرت شد ضعیف
جو ترے اعضا ہوے ہین سب نحیف ‏ ہوگیا صبر و تحمل بس ضعیف

بر نتابد دو سخن زان ہے کند ‏ تاب یک جرعہ ندارد قے کند
نے تحمل دو سخن کا تو رکھے ‏ گھونٹ پی سکتا نہین قے ہی کرے

جز مگر پیری کہ از حق است مست ‏ در درون او حیات طیب ست
بس سوا اُس پیر کے جو مست ہے ‏ اور حیات پاک وہ دل مین رکھے

از برون پیر ست و در باطن صبی ‏ خود چہ چیز است آن ولی آن نبی
پیر ظاہر طفل ہے وہ باطنا ‏ کیا ہے وہ اک اولیا و انبیا

گر نہ پیدا اند پیش نیک و بد ‏ چیست با ایشان خسان را این حسد
نے ہین ظاہر نیک و بد کے سامنے ‏ پھر حسد ناکس کا اُنسے کس لئے

ور نمیدانندشان علم الیقین ‏ چیست این بغض و حیل سازی و کین
گر نہین وہ جانتے علم الیقین ‏ کس لئے کرتے ہین حیلہ بغض و کین

[1] بولا الخ ۷ شعر اے شیخ قدیم بولا درد کمر ہے مجکو عظیم کہا پیری سے ہے اے شیخ نزار بولا جو کھاتا ہون ناگوار ہوتا ہے کہا پیری سے ضعف معدہ ہی کہا میری سانس آنے مین رکتی ہے کہا سچ ہے تیرا دم کیون نہ رکے جو کہ پیری باعث صد عیب ہے کہا میری شہوت کم اب ہوگئی ہے بولا پیری سے یہ حال و بیچارگی ہے باقی حال اس کا آگے مولانا بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ - [2] بولا الخ ۹ شعر کہا میرے پانون چلنے سے تھک گئے بولا پیری سے یہ گوشہ گیری ہے کہا میری پشت ٹیڑھی ہوگئی بولا پیری سے یہ رنج و عاجزی ہے کہا میری آنکھ مین دھند ہے اے حکیم بولا پیری سے ہے اے مرد علیم کہا اے احمق تو جو یہی کہتا ہے اور طبابت سے بھی کچھ سیکھا ہے اے تجکو عقل نے دانش نہین دی ہے دوا ہر درد کی حق نے رکھی ہے تھوڑی پونجی سے تو اے احمق گدھے کوتہ قدمی سے زمین پر ہے یعنے حق نے ہر ایک درد کی دوا علحدہ علحدہ رکھی ہے اور تو ہر ایک مرض کو پیری ہی ہی بتاتا ہے اسی طرح غافل دنیا ہر ایک کام مین خود کوشش نہین کرتا ہے اور خدا پر رکھتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ [3] پس طبیب نیک نے الخ ۷ شعر پس اس سے طبیب نیک نے کہا یہ بھی پیری کے سبب تجھکو غصہ ہے جو اعضا تیرے ضعیف ہوئے ہین صبر و تحمل بھی ضعیف ہوا اے تو بتا دو باتون کا تحمل نہین کرتا گھونٹ نہین پی سکتا ہے قے کرتا ہے آگے حقائق ہین اس پیر کے جو حق سے مست ہے و حیات پاک وہ دل مین رکھتا ہے ظاہر مین پیر اور باطن مین طفل ہے وہ کون ہین انبیا اور اولیا ہین وہ نیک و بد کے روبرو ظاہر نہین ہین پھر حسد ناکس کا ان سے کس لئے ہے اگر وہ علم الیقین نہین جانتے ہین تو عام کیواسطے حیلے بغض کینے کرتے ہین باقی حال آگے ہی فافہم ۱۲

ورہمی دانند بعث در رستخیز　　چون زنندی خویش بر شمشیر تیز
بر تو میخندد مبین او را چنان　　صد قیامت در درونستش نہان
دوزخ و جنت ہمہ اجزائے اوست　　ہرچہ اندیشی تو آن بالائے اوست
ہرچہ اندیشی پذیرائے فنا است　　وآنکہ در اندیشہ ناید آن خدا است
بر در این خانہ گستاخی ز چیست　　گر ہمیدانند کاندر خانہ کیست
ابلہان تعظیم مسجد مے کنند　　در جفائے اہل دل جد میکنند
آن مجاز است این حقیقت اے خران　　نیست مسجد جز درون سروران
مسجدے کو اندرون اولیاست　　سجدہ گاہ جملہ است آنجا خدا است
تا دل مرد خدا ناید بدرد　　ہیچ قومے را خدا رسوا نکرد
قصد جنگ انبیا مید اشتند　　جسم دیدند آدمی پند اشتند
در تو ہست اخلاق آن پیشینیان　　چون نمی ترسی کہ تو باشی ہمان
عادت آن ناسپاسان در تو ہست　　ناید ت ہر بار دلو از چہ درست
آن نشانیہا ہمہ چون در تو ہست　　چون وزایشانے کجا خواہی برست

[1] ایسے ہی گر جانتے ہیں حشر و نشر　　ڈالتے خود کو ہیں کیون شمشیر پر
ہنستے ہیں تجھ پر تو جان ایسا نہیں　　سو قیامت مخفی اُنکے دین ہیں
دوزخ و جنت ہیں اجزا اُنکے سب　　جو تو سوچے ہیں وہ بالا اُس سے اب
سوچتا ہے جو کہ تو وہ ہے فنا　　سوچنے میں جو نہ آئے وہ خدا
در پہ گستاخی ہے گھر کسلئے　　گر یہ جانتے ہیں کہ گھر میں کون ہی
کرتے ہیں تعظیم مسجد ابلہان　　اہل دل کو دیتے ہیں تکلیف جان
وہ مجاز اور یہ حقیقت ہے خران　　ہے نہ مسجد جز بطون سروران
[2] وہ جو مسجد ہے درون اولیا　　سجدہ گہ سب کی ہے وان ہی خدا
اہل دل کا جب تلک نے دل دکھا　　حق نے اُس قوم کو رسوا کیا
قصد جنگ انبیا وہ رکھتے تھے　　جسم دیکھا اور بشر تھے جانتے
تجھ پہ یہ اخلاق اُن اگلونکی ہے　　کیون نہیں ڈرتا کہ تو وہ ہی بنے
عادت اُن نالائقونکی تجھ میں ہے　　نے درست ہر ڈول نکلے چاہ سے
وہ نشانی جو کہ بالکل تجھ میں ہے　　جو تو اُن میں سے ہے کب تو بچ سکے

قصہ کودکے کہ در پیش تابوت پدرے نالید و سخن جوجی

قصہ اُس لڑکے کا کہ باپ کے جنازے کے آگے روتا اور کہنا جوجی کا

کودکے در پیش تابوت پدر　　زار می نالید و بر میکوفت سر
کاے پدر آخر کجایت می برند　　تا ترا در زیر خاکی بسپرند

[3] ایک لڑکا پیش تابوت پدر　　روتا تھا اور پیٹتا تھا اپنا سر
اے پدر تجکو کہاں لیجاتے ہیں　　تا کہ نیچے خاک کے تجکو رکھیں

[1] ایسے الخ شعر اگر ایسے ہی حاسد ہیں حشر و نشر جانتے ہیں پھر خود کو شمشیر پر کیون ڈالتے ہیں انبیا ہنستے ہیں تجھپر تو تُھین ایسا جان کہ اُن کے دل میں سو قیامتیں پوشیدہ ہیں اُن کے سب اجزا دوزخ و جنت ہیں تو وہ اُس سے بالا ہیں جو تو سوچتا ہے اُسکو فنا ہے جو تیری سمجھ میں نہ آئے وہ خدا ہے تو گھر کے دروازے پر گستاخی کسلئے کرتا ہے اگر یہ تو جانتا ہے کہ گھر میں کون ہے یعنے اس خانہ تن کے در پر گستاخی کیون کرتا ہے تو جانتا نہیں کہ اس گھر میں حق ہے آگے مثال ہے احمق تعظیم مسجد کی کرتے ہیں اور اہل دلکو تکلیف جان کی دیتے ہیں وہ مجاز ہے اور یہ حقیقت ہے اور باطن اولیا کے میں مسجد ہے یعنی دل اولیا مسجد ہے کیونکہ یہ مسجد مجازی اور یہ دل اولیا مسجد حقیقی ہے پس تعظیم اہل دل کی کرنا چاہیئے باقی حال مسجد کا آگے ہی فافہم ۱۲ [2] وہ غم الخ شعر وہ مسجد جو اولیا کے اندر ہے سب کی سجدہ گاہ ہے اور وہان خدا ہے اہل دل کا جب تک دل نہ دکھا یا حق نے اس قوم کو رسوا نہیں کیا وہ انبیا سے قصد جنگ کا رکھتے تھے جسم کو دیکھتے اور بشر جانتے تھے تجھ میں اگلون کی بد اخلاقی ہے تو کیون نہیں ڈرتا ہے کہ وہ تو ہی ہے تجھ میں عادت اُن نالائقون کی ہے ہر ڈول درست چاہ سے نہیں نکلتا ہے وہ نشانی کہ جو تجھ میں ہے ان میں نہیں ہے اور تو کب بچ سکے یعنے وہ منافق جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بشر جانتے تھے اور مقابلہ جنگ کا کرتے تھے پس تجھ میں بھی وہی بد اخلاقی اُن منافقون کی ہے پس تو اُن نشانیون سے کب بچ سکتا ہے چنانچہ آگے نشانیون کا حال جوجی کے قصہ میں ہے مثالاً فرماتے ہیں فافہم ۱۲ [3] ایک لڑکا الخ شعر ایک لڑکا اپنے باپ کے تابوت کے آگے روتا تھا اور سر پیٹتا تھا اور کہتا تھا کہ اے پدر تجکو کہاں لئے جاتے ہیں تا کہ خاک کے نیچے تجھے رکھیں باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

می برندت خانهٔ تنگ و زحیر | نے درو قالین و نے فرش حصیر
نے چراغ در شب و نے روز نان | نے دران بوے طعام و نے نشان
نے درش معمور و نے سقف و نه بام | نے دران بهر ضیائے هیچ جام
نے دران از بهر مهمان آب و چاه | نے یکے همسایه کو باشد پناه
جسم تو که بوسه گاه خلق بود | چون شود در خانهٔ کور و کبود
خانهٔ بے زینهار و جاے تنگ | کاندران نے روے بماند نه رنگ
زین نسق اوصاف خانه می شمرد | وز دو دیده اشک خونین می فشرد
گفت جوحی با پدر اے ارجمند | والله این را خانهٔ ما می برند
گفت جوحی را پدر ابله مشو | گفت اے بابا نشانیها شنو
این نشانیها که گفت او یک بیک | خانهٔ مارست بے تردید و شک
نے حصیر و نے چراغ و نے طعام | نے درش معمور و نے سقف و نه بام
زین نمط دارند بر خود صد نشان | لیک کے بینند آن را طاغیان
خانهٔ آن دل که ماند بے ضیا | از شعاع آفتاب کبریا
تنگ و تاریک ست چون جان یهود | بینوا از ذوق سلطان ودود
نے دران دل تاب نور آفتاب | نے گشاد عرصه و نے فتح باب
گور خوشتر از چنین دل مر ترا | آخر از گور دل خود برتر آ
زنده و زنده زادی شوخ و شنگ | دل نمیگیرد ترا زین گور تنگ

ف۱ تجکو لیجاتے ہین اس گھر تنگ مین | جسمین نے قالین ہے نے فرش مین
نے چراغ شب نه روزن ہے یہان | اور نه بو کھانیکی ہے کچھ نشان
نے وہ گھر آباد نه چھت اور نه باغ | روشنی کیواسطے نے وان چراغ
ف۲ نے وہان پانی ہے مہمان کیلئے | اور نه ہمسایہ ہے جس سے ملے
جسم تیرا جو ستی تھی خلق جو | خانہ تاریک مین کیونکر کہ ہو
بے پناہ اک گھر ہے وہ جائے تنگ | کہ نه اسمین منھ دکھے اور نه رنگ
اسطرح اوصاف گھر کے گنتا تھا | ساتھ خونین اشک کے وہ روتا تھا
بولا جوحی باپ سے یون اے پدر | واللہ لیجاتے ہین اسکو میرے گھر
بولا جوحی سے پدر ابلہ نہ ہو | بولا اے بابا نشانی سب سنو
یہ نشانی اُس نے اک اک جو کہی | ہین ہمارے گھر کی وہ بیشک سبھی
ف۳ نے چٹائی نے چراغ و نے طعام | اور نه گھر آباد نے چھت اور نه بام
اسطرح رکھتے ہین خود پر سو نشان | پر نه اُن کو دیکھتے ہین گمرہان
خانہ اُس دل کا کہ جو بے نور ہے | پر تو خورشید اللہ پاک سے
تنگ و تیرہ مثل جان کفار کے | اور مفلس ذوق سے ستار کے
اور نه اس دل مین ہے نور آفتاب | نے کھلا میدان اور نه فتح باب
گور بہتر ایسے دل سے ہے تجھے | گور دل سے باہر آ تو آپ سے
پیدا زندہ سے ہے اور تو زندہ ہے | دل نہین گھبراتا ایسی گور سے

ف۱ تجکو الخ یہ شعر تجکو اس تنگ گھر مین لئے جاتے ہین کہ جسمین نه قالین اور نه فرش ہے نه چراغ شب ہے نه روغن وہان ہے اور چیز کھانے پینے کی کچھ نہین ہے نه وہ گھر آباد ہے اور نه چھت و باغ ہے اور نه روشنی کے واسطے چراغ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۲ نے وہان الخ یہ شعر نے وہان پانی مہمان کے لئے اور نه ہمسایہ کہ پناہ اس سے ملے تیرا جسم جو خلق چومتی تھی خانہ تاریک مین کیونکر ہوگا ایک گھر بے پناہ جائے تنگ ہے کہ اس مین نه منھ دکھے ہے اور نه رنگ اس طرح اوصاف لڑکا گھر کے کہتا تھا اور اشک خونی کے ساتھ روتا تھا جوحی نے کہا کہ اے میرے باپ اس کو واللہ ہمارے گھر لئے جاتے ہین جوحی سے کہا احمق نه ہو اے بابا نشانی سب سنو یہ گھر کی نشانی اس نے جو ایک ایک کہی وہ سب ہمارے گھر کی ہین باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۳ نے چٹائی الخ یہ شعر نه چٹائی اور نه چراغ و نه طعام نه گھر آباد نه چھت نه بام آگے حقائق ہین اسی طرح اولیا اللہ سو نشان رکھتے ہین ولیکن گمراہ ان کو دیکھتے نہین اس دل کا گھر جو بے نور ہے پر تو خورشید حق سے تنگ و تیرہ مثل جان کفار کے اور مفلس ہے ذوق ستار سے اور اس دل مین نور آفتاب نہین ہے اور نه میدان کھلا اور نه فتح باب ہوا ایسے دل سے تجھکو گور بہتر ہے تو گور دل سے آپ باہر آ یعنے اولیاء اللہ کا دل اس طرح سو نشانیان رکھتا ہے اور وہ حاذق ان نشانیون سے ان کو پہچانتا ہے اور تیرے دل کی مثال مردون کی ہے زندہ در گور دل ہے تو زندہ سے پیدا ہے اور خود تو زندہ ہے تیرا دل اس تنگ گور سے نہین گھبراتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ـ

یوسف وقتے و خورشید سما | زین چہ و زندان برآ و بنما
تو[۱] ہے یوسف اور خورشید سما | چاہ زندان سے نکل اور منھ دکھا

یونست در بطن ماہی پختہ شد | مخلصش را نیست از تسبیح بد
تو ہی یونس بطن ماہی مین پکا | تو نہ چھٹتا پر تو طاعت سے چھٹا

گر نبودے او مسبح بطن نون | حبس و زندانش بدی تا یبعثون
پڑھتا مچھلی مین نہ وہ تسبیح کو | رہتا بس تا یبعثون زندان مین وہ

آن بہ تسبیح از تن ماہی بجست | چیست تسبیح آیت روز الست
برکت تسبیح سے اس سے چھٹا | کیا ہے تسبیح الستی وہ صدا

گر فراموشت شد آن تسبیح جان | بشنو این تسبیحہائے ماہیان
تو اگر بھولا وہ تسبیح جان | سن تو یہ تسبیحہاے ماہیان

ہر کہ دید اللہ را اللّٰہی ست | ہر کہ دید آن بحر را او ماہی ست
جسنے[۲] اللہ دیکھا اللّٰہی ہوا | جسنے دریا دیکھا وہ ماہی ہوا

این جہان دریا و تن ماہی و روح | یونس محجوب از نور صبوح
یہ جہان دریا و مچھلی جسم ہے | روح یونس ہی چھپی جو نور سے

گر مسبح باشد از ماہی رہید | ورنہ در وے ہضم گشت و ناپدید
گر پڑھے تسبیح مچھلی سے چھٹے | ورنہ اسمین فانی ہوا ور نے بچے

ماہیان جان درین دریا پر اند | تو نمی بینی کہ کورے و نژند
مچھلیان جانکی ہین دریا مین بھری | تو نہین دیکھے کہ ہے اندھا ولی

بر تو خود را میزنند آن ماہیان | چشم بکشا تا بہ بینی شان عیان
ڈالتی ہین خود کو تجھپر مچھلیان | کھول آنکھین دیکھ تو انکو عیان

ماہیان جملہ روح بے جسد | نے در ایشان کبر و کین و نے حسد
مچھلیان سب روح ہین اور بے جسد | اور نہ ان مین کبر و کینہ نے حسد

ماہیان را گر نمی بینی پدید | گوش تو تسبیح شان آخر شنید
مچھلیون کو گر نہ دیکھے ظاہرا | انکی تسبیحون کو آخر تو سنا

صبر کردن جان تسبیحات تست | صبر کن کانست تسبیح درست
صبر[۳] کرنا تیرا طاعت کی ہے جان | صبر کر تسبیح بہتر ہے وہ جان

ہیچ تسبیحے ندارد آن درج | صبر کن الصبر مفتاح الفرج
کوئی طاعت وہ نہ رکھتی ہے درج | صبر کر ہے صبر مفتاح الفرج

صبر چون پل صراط آن سو بہشت | ہست با ہر خوب یک لالائے زشت
صبر ہے جون پل صراط اس سو بہشت | ساتھ اک ہر خوب کے خادم ہے زشت

تا ز لالا میگریزی وصل نیست | زانکہ لالا را ز شاہد فصل نیست
بھاگے تو خادم سے جبتک کب ہو وصل | کیونکہ خادم کو نہین شاہد سے فصل

تو چہ دانی ذوق صبر اے شیشہ دل | خاصہ صبر از بہر آن شوخ چگل
شیشہ دل تو صبر کا کیا جانے ذوق | صبر شاہد کے لیے ہی سب سے فوق

۱ تو ہے الخ ۵ شعر تو یوسف و خورشید فلک ہے تو چاہ و زندان سے نکل اور منھ دکھا تو یونس ہے اور بطن ماہی مین پکا ہے تو نہین چھٹا مگر تو تسبیح سے چھٹا اگر وہ مچھلی مین تسبیح نہ پڑھتا قیامت تک زندان مین وہ رہتا تسبیح کی برکت سے اس قید سے چھٹا وہ تسبیح کیا ہے صدائے الستی ہے اگرچہ وہ تسبیح جان کی بھولا تو سن یہ تسبیحہائے جان ماہیان اولیاء اللہ کی تسبیح صدائے اللہ ہے کہ اس تسبیح کے سبب سے جان اولیا اس ماہی جسم سے نکلکر افلاک پر پہونچی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵ ۲ جس نے اللہ الخ ۵ شعر جس نے اللہ کو دیکھا اللّٰہی ہوا جس نے دریا سے دنیا کو دیکھا وہ ماہی ہوا آگے حقائق ہین جہان دریا اور جسم مچھلی ہے روح یونس چھپٹی جو نور سے اگر تسبیح پڑھے مچھلی جسم سے نجات پائے ورنہ اس مین فانی ہو اور نہ بچے مچھلیان جان کی دریا مین بھری ہین خود کو تجھ پر مچھلیان ڈالتی ہین اور آنکھین کھول اور ان کو دیکھ ظاہر تو وہ مچھلیان سب روح ہین اور بے جسم کی ہین اور نہ ان مین کبر و کینہ و حسد ہے اگر تو ان کو ظاہر نہ دیکھے ان کی تسبیحون کو آخر سنا ہوگا یعنے ارواح اولیاء اللہ کی اس عالم مین ہین اے طالب تجھ پر وہ نور کو ڈالتی ہین مگر تو انھین نہین دیکھتا ہے ان کی تسبیحون کو تو تو نے سنا ہوگا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳ صبر کرنا تیرا الخ ۵ شعر صبر کرنا تیرا تسبیح کی جان ہے صبر کر وہ تسبیح بہتر ہے کوئی تسبیح وہ درجہ نہین رکھتی ہے صبر کر کہ صبر کنجی کشادگی کی ہے صبر مانند پل صراط کے ہے اور خوب بہشت ہے ہر ایک خوب کے ساتھ ایک خادم زشت ہے یعنی ہر ایک راحت کے ساتھ ایک رنج و تکلیف ہے جب تک تو خادم سے بھاگے گا کب وصل ہو کیونکہ خادم کو معشوق سے فصل نہین ہے تو مثل شیشے کے نازک دل ہے تو صبر کا کیا ذوق جانے صبر معشوق کے واسطے سب سے فوق ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲۔

مرد را ذوق از غزا و کر و فر — مر مخنث را بود ذوق از ذکر
جز ذکر نے دین او نے ذکر او — سوئے اسفل برد او را فکر او
گر بر آید تا فلک زو مترس — گر بشوق اسفل آموزید درس
او بسوئے سفل میراند فرس — گرچہ سوئے علو جنباند جرس
از علمہائے گدایان ترس چیست — کان علمہا لقمۂ نان را رہی ست
این سخنہا رانکو در یاب تو — در بنید انی شنو از باب تو

۵۱ مرد کو تو کر و فر سے ذوق ہے — اور مخنث کو ذکر سے ذوق ہے
جز ذکر اس کو نہ ذکر دین ہے — فکر اس کو جانب اسفل رکھے
گر فلک تک پہونچے اس سے تو نہ ڈر — شوق سے اسفل کے سیکھا علم گر
سوئے اسفل گھوڑا وہ دوڑائے ہے — گو بجاتا گھنٹہ وہ اعلا پہ ہے
اور گدایون کے علم سے ڈر ہی کیا — وہ علم روٹی کے ٹکڑے کو بنا
جان اچھی طور سے اس بات کو — گر نہ مانے سن لے باپ اپنے سے تو

ترسیدن کودکے از شخص صاحب جثہ و تسکین او آن کودک را

ڈرنا ایک لڑکے کا مرد فربہ سے اور دلاسا دینا اس کا اس لڑکے کو

کنگ رفتی کودکے را یافت فرد — زرد شد کودک ز بیم قصد مرد
گفت ایمن باش اے زیبائے من — کہ تو خواہی بود بر بالائے من
من اگر ہولم مخنث دان مرا — ہمچو اشتر بر نشین میران مرا
صورت مردان معنی این چنین — از برون آدم درون دیو لعین
آن دہل را مانی اے زفت چو باد — کہ بر آن شاخ را میکوفت باد
روبہے اشکار خود را باد داد — بہر طبلے ہمچو خیک پر زباد
چون ندید اندر دہل او فربہی — گفت خوکے بہ از این خیک تہی

۵۲ طفل تنہا مرد فربہ کو ملا — مرد کے بس قصد سے لڑکا ڈرا
بولا مت ڈر مجھ سے اے جانی مرے — کہ تو چاہے مین چڑھاؤن آپ پے
ورنہ تو مجکو مخنث جان کے — چڑھ تو مانند اونٹ کے ڈرا مجھے
مرد صورت معنی مین اس طرح سے — ظاہر آدم اور باطن دیو ہے
جو ہوا سے پھولا وہ اس ڈھول کو — کوٹتا اس چوب سے تھا اسکو وہ
بس شکار اپنے کو چھوڑا روبہ نے — ڈھول کی خاطر کہ مثل مشک ہے
جو نہ دیکھا گوشت اس نے ڈھول مین — بولی خوک اس مشک سے بس خوب ہے مین

۵۱ مرد کو الخ ؎ شعر مرد کو کر و فر سے ذوق ہے اور مخنث کو ذکر سے ذوق ہے یعنی پیران ریاکار طالب دنیا مخنث ہین سوائے ذکر کے اس کو نہ ذکر دین ہے فکر اس کو جانب اسفل کے رکھتی ہے اگر فلک تک پہونچے اس سے نہ ڈر تو کہ اس نے اسفل کے شوق مین علم سیکھا طرف اسفل کے وہ گھوڑا دوڑاتا ہے کہ اعلی پہ وہ گھنٹہ بجاتا ہے اور گدایون کے علم سے کیا ڈر ہے وہ علم روٹی کے ٹکڑے کے لئے ہے یعنے وہ ذکر فکر ان ریاکارون کا مثل مدار کی چھیڑی کے ہے روٹی مانگنے کے لئے ہے تو اس بات کو اچھی طور سے جان اگر تو نہین جانتا ہے اپنے باپ سے سن لے یعنے یہ راز مرشد سے معلوم کر لے کہ پیران ریاکار بظاہر صورت مدار کی رکھتے ہین چنانچہ اس کی مثال مین قصہ مخنث کا آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲

۵۲ طفل الخ ؎ شعر ایک طفل تنہا مرد فربہ کو ملا قصد سے مرد کے لڑکا ڈرا کہا کہ مجھ سے مت ڈر اے جانی میرے کہ جو تو چاہے مین خود پر چڑھاؤن تو مت ڈر مجھ کو مخنث جان تو مجھ پر سوار ہو اور اونٹ کے مانند چلا آگے حقائق ہین صورت مین مرد اور معنی مین ایسے کہ ظاہر آدم اور باطن مین دیو جو ہوا سے پھولا ہے اس ڈھول کو وہ اس چوب سے کوٹتا تھا بجاتا تھا آگے اس کی مثال ہے روبہ نے اپنے شکار کو چھوڑا اس ڈھول کی خاطر جو کہ مانند مشک کے پھولا تھا جب تک کہ اس نے گوشت اس ڈھول مین نہ دیکھا کہا اس مشک سے خوک بہتر ہے اور روباہ ڈرتی ہے صدائے ڈھول سے اور عاقل اس کو اس قدر کوٹے کہ چپ رہے یعنے یہ ریاکار دنیا کے مخنث ہین جاہلان دنیا اس سے ڈرتے ہین اور عارفون کے مقابل مین چپ ہین جیسے تیرانداز کے مقابل مین سوار عاجز ہوا چنانچہ اس کا قصہ مثال مین آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲۔

روبہان ترسند ز آواز دہل | عاقلش چندان زند کہ لا تقل
ڈرتے ہین روبہ صدائے ڈھول سے | عاقل اتنا کوٹے تا وہ چپ رہے

قصہ تیر اندازے و ترسیدن او از سوارے کہ در بیشہ می رفت

قصہ ایک تیر انداز کا اور ڈرنا اسکا ایک سوار سے کہ جنگل مین جاتا تھا

یک سوارے با سلاح بس مہیب | میشد اندر بیشہ بر اسپے نجیب
تیر اندازے بحکم اورا بدید | پس ز خوف او کمان را در کشید
تا زند تیرے سوارش بانگ زد | من ضعیفم گرچہ زفتستم جسد
ہان وہان منگر تو در زفتی من | کہ کمم در وقت جنگ از پیر زن
گفت رو کہ نیک گفتی ورنہ نیش | بر تو می انداختم از ترس خویش
بس کسان را آن سلح بستن بکشت | بے رجولیت چنان تیغے بہ مشت
گر بپوشی تو سلاح رستمان | رفت جانت چون نباشی مرد آن
جان سپر کن تیغ بگزار اے پسر | ہر کہ بے سر بود زین شر برد سر
آن سلاحت حیلہ و مکر توست | ہم ز تو زائیدہ ہم جان تو خست
چون نکردی ہیچ سوے زین حیل | ترک حیلہ کن کہ پیش آید دول
چون یکے لحظہ نخوردی بر ز فن | ترک فن گو میطلب رب المنن
چون مبارک نیست بر تو این علوم | خویشتن گولی کن و بگزر ز شوم
چون ملائک گو کہ لا علم لنا | یا الٰہی غیر ما علمتنا
یک حکایت بشنوے صاحب قبول | در میان عقل و جہل بو الفضول

ایک کس ہتھیار بند و باوقار | جاتا جنگل مین تھا گھوڑے پر سوار
ایک تیر انداز نے دیکھا اُسے | بس کمان کو کھینچا اُسنے خوف سے
تیر تا مارے کہا اسوار نے | مین ہون بڈھا گرچہ فربہ جسم ہے
ہان نظر مت کر مٹاپے پر مرے | کم ہون بڑھیا سے مین وقت جنگ کے
بولا جا اچھا کیا ورنہ ترے | مارتا اک تیر اپنے خوف سے
اُس سلح بندی نے مارا ہیز کو | بے جوانمردی کے باندھے تیغ جو
رستمون کے باندھے گر ہتھیار تو | جان جائے مرد اُس کا جو نہ ہو
جان کو کر ڈھال پھینک اب تیغ کو | سر بچائے شر سے بے سر جو کہ ہو
وہ ترے ہتھیار حیلہ مکر ہین | تجھسے پیدا ہین وہ تیری جان لین
جو نہ پایا فائدہ اس مکر سے | مکر کو تو چھوڑ تا دولت ملے
تو نے پھل کھایا نہ دم بھر فن سے جب | چھوڑ فن کو طالب رزاق ہو
یہ علوم اب نامبارک ہین تجھے | خود کو کر بے عقل و بھاگ آفات سے
جون ملائک کہہ کہ لا علم لنا | یا الٰہی غیر ما علمتنا
اک حکایت تم سنو اہل بیان | عقل کے اور جہل کے درمیان

ل ایک کس الخ ۵ شعر ایک شخص ہتھیار بند اور باوقار جنگل مین جاتا تھا گھوڑے پر سوار ایک تیر انداز نے اُسے دیکھا اور خوف سے کمان کو کھینچا تا کہ تیر مارے سوار نے کہا مین ضعیف ہون اگرچہ فربہ جسم ہون خبردار تو میرے مٹاپے پر نظر مت کر مین بڑھیا سے بھی کم ہون وقت لڑائی کے تیر انداز بولا اچھا کیا تو جا ورنہ تیرے ایک تیر مارتا اپنی خوف جان سے آگے اُس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۲ اُس سلح بندی نے الخ ۹ شعر ہیز کو اس سلح بندی نے مارا جو کہ بغیر جوانمردی کے تیغ باندھی یعنی ہیز سلح بندی کے سبب سے مارا گیا آگے رستمون کے ہتھیار باندھے جان جائے جو اس مین مرد نہ ہووے جان ڈھال کر اور تیغ کو پھینک شر سے سر کو بچائے جو کوئی کہ بے سر ہو وہ ہتھیار ترے مکر و حیلے ہین تجھ سے پیدا ہین اور جان تیری لین جو فائدہ اس مکر سے نہ پایا پس مکر کو چھوڑ تا کہ دولت ملے تو نے جو دم بھر پھل نہ کھایا فن سے تو فن کو چھوڑ اور طالب رزاق ہو یہ علوم تجھ سے نامبارک ہین خود کو بے عقل کر اور بھاگ آفتون سے اور ملائک کے مانند کہہ کہ نہین ہے علم مجھ کو اے خدا سوا اس کے وہ جو علم دیا تو نے ہم کو یعنے یہ عقل علم دنیا نامبارک ہے تو اُس کو چھوڑ دے دنیا سے خود کو بچا کہ نجات ہو ایک حکایت تم سنو اے لوگو عقل اور جہل کے درمیان فہم من فہم ۱۲ ۵ نہین ہے علم ہم کو ۱۲ سوا وہ جو علم تو نے دیا ہم کو ۱۲۔

حکایت آن اعرابی که ریگ در جوال کرد و ملامت دانشمند

حکایت[۱] اُس اعرابی کی که ریتا گون مین بھرا اور ملامت کرنا عقلمند کا

یک عرابی بار کرده اشترے / در جوال زفت از گندم پرے
وان جوال دیگرش از ریگ پُر / ہر دو را او بار کرده بر شتر
او نشسته بر سر ہر دو جوال / یک حدیث انداز کرد او را سوال
از وطن پرسید و آورد ش بگفت / و اندران پرسش بسے درہا بسفت
بعد ازان گفتش که آن ہر دو جوال / چیست آگنده بگو مصدوق حال
گفت اندر یک جوالم گندم است / در دگر ریگے نه قوت مردم است
گفت تو چون بار کردی این رمال / گفت تا تنہا نماند آن جوال
گفت نیمے گندم آن تنگ را / در دگر ریز از پے پاسنگ را
تا سبک گردد جوال و ہم شتر / گفت شاباش اے حکیم اہل حُر
اینچنین فکر دقیق و رائے خوب / تو چنین عریان پیاده در لغوب
رحمش آمد بر حکیم و عزم کرد / که بر اشتر بر نشاند نیک مرد
باز گفتش اے حکیم خوش سخن / شمۀ از حال خود ہم شرح کن
اینچنین عقل و کفایت که تراست / تو وزیرے یا شہے برگو براست
گفت این ہر دو نیم از عامه ام / بنگر اندر حال اندر جامه ام
گفت اشتر چند داری چند گاو / گفت نے این و نه آن ما را مکاو

ایک[۲] اعرابی نے لادی اونٹ پر / ایک جانب گون گیہون سے بھر
دوسری جانب کو گون ایک ریت سے / بھر کے لادی دونون اُسنے اونٹ پے
بیٹھا دونون گون کے سر پر وہ جا / ایک سخن گو نے سوال اُس سے کیا
[۳]بس وطن کو پوچھ باتین اس سے کین / اور باتون مین حکایتین کہین
پوچھا دونون گون مین کیا ہے بھرا / سچ کہو مجھسے که کیا اس مین کھا
بولا گیہون ہین بھرے اک گون مین / ریت سے پُر دوسری رکھتا ہون مین
بولا ریتا کس لئے تو نے بھرا / بولا گون اک کیسے تنہا لادتا
بولا اک مین گیہون آدھے بھرتا تو / اور آدھے دوسرے مین رکھتا تو
تا که ہلکی ہوتی گون اور اونٹ بھی / بولا شاباش اے حکیم فلسفی
[۴]ایسی عالی فکر اور رائے نکو / ایسا ننگا اور پیاده پا ہے تو
رحم آیا اس حکیم اوپر اُسے / که بٹھائے اسکو اپنے اونٹ پے
پھر کہا که اے حکیم راز گو / حال اپنا کچھ ذرا سا تو کہو
اس طرح کی عقل و دانش ہے تجھے / ہے وزیر اب سچ کہو یا شاہ ہے
بولا دونون سے نہین مین عام ہون / دیکھ میرا جامہ اور حال زبون
بولا کتنے اونٹ کتنے گاؤ ہین / بولا نے یہ ورنہ وہ ہون رنج مین

۱؎ حکایت ہشتم عقل و جہل کے فرق مین ۲؎ ایک الخ ۳ شعر ایک اعرابی نے اونٹ پر لادی ایک جانب گون گیہون سے بھری دوسری جانب ایک گون ریتا سے بھری پھر دونون گون کے سر پر جاکے بیٹھا ایک سخن گو نے اس سے سوال کیا باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۳؎ بس وطن کو الخ ۸ شعر بس وطن کو پوچھکر اس سے باتین کین اور باتون مین حکایتین اس سے کہین اور پوچھا دونون گون مین کیا بھرا ہے مجھ سے سچ کہہ اس مین کیا رکھا ہے کہا که ایک گون مین گیہون بھرے ہین اور دوسرے گون مین ریت رکھتا ہون مین نے کہا ریت تو نے کس لئے بھرا ہے کہا ایک گون تنہا کیسے لادتا کہا که ایک گون مین گیہون آدھے تو بھرتا اور آدھے دوسری مین تو رکھتا تاکه گون ہلکی ہوتی اور اونٹ بھی کہا شاباش اے حکیم فلسفی باقی حال اس کا آگے اس کے مولانا بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۴؎ ایسے الخ ۷ شعر ایسی عالی فکر اور رائے نیک والا اور پیاده پا ہے تو رحم ایسے حکیم پر اسے آیا که اس کو بٹھائے اپنے اونٹ پر پھر کہا اے حکیم اپنے راز تو بتا اپنا حال کچھ تو کہہ ایسی عقل و دانش ہے تو وزیر ہے سچ کہہ یا بادشاہ ہے کہا مین دونون سے نہین ہون ایک عام آدمی ہون میرا جامہ دیکھ اور تو تباہ حال دیکھ کہا کتنے اونٹ گاؤ تیرے پاس ہین کہا نہ یہ نہ وہ مین تو رنج مین ہون کہا اسباب ہے دوکان مین کہا نہ دوکان نہ مکان مین رکھتا ہون باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ -

گفت رختت چیست باری در دکان ‌ ‌ گفت ما را کو دکان و کو مکان
نی ز قوت و نی ز رخت و نی قماش ‌ ‌ نے ز مطاع و نیست مطبخ نیست آش
گفت پس از نقد پرسم نقد چند ‌ ‌ کہ توئی تنہا رو و محبوب پند
کیمیائے زر عالم با تو است ‌ ‌ عقل و دانش را گہر تو بر تو است
گنجہا بنہادہ باشی در مکان ‌ ‌ نیست عاقل تر ز تو کس در جہان
گفت واللہ نیست یا وجہ العرب ‌ ‌ در ہمہ ملکم وجوہ قوت شب
پا برہنہ تن برہنہ میدوم ‌ ‌ ہر کہ نانے میدہد آنجا روم
مر مرا زین حکمت و فضل و ہنر ‌ ‌ نیست حاصل جز خیال و درد سر
پس عرب گفتش کہ رو دور از برم ‌ ‌ تا نبارد شومی تو بر سرم
دور بر آن حکمت شومت ز من ‌ ‌ نطق تو شوم است بر اہل زمن
یا تو آن سو رو من این سو میروم ‌ ‌ ور ترا رہ پیش من واپس شوم
یک جوالم گندم و دیگر ز ریگ ‌ ‌ بہ بود زین حیلہاے مردنیک
احمقی ام پس مبارک احمقی است ‌ ‌ کہ دلم با برگ و جانم متقی است
گر تو خواہی کت شقاوت کم شود ‌ ‌ جہد کن تا از تو حکمت کم شود
حکمتے کز طبع آید در خیال ‌ ‌ حکمتے نے فیض نور ذوالجلال
حکمت دنیا فزاید ظن و شک ‌ ‌ حکمت دینی برد خوف فلک
روبہان زیرک آخر زمان ‌ ‌ بر فزودہ خویش بر پیشینیان

بولا کیا اسباب ہے دوکان مین ‌ ‌ بولا دوکان مکان کہان ہے نہین
نے ہے کہانا کپڑا نے سامان ہے ‌ ‌ نے ہے نوکر مطبخ و نے نان ہے
بولا کتنا نقد تیرے پاس ہے ‌ ‌ کہ نصیحت دوست تو تنہا چلے
کیمیاے زر عالم تجھ پہ ہے ‌ ‌ عقل و دانش کا گہر بس تو رکھے
تو خزانہ گھر مین رکھتا ہوئیگا ‌ ‌ ہے نہ عاقل تر جہان مین تجھ سوا
بولا واللہ کچھ نہین رکھتا ہون مین ‌ ‌ قوت شب کا بھی نہ اپنے ملک مین
مین برہنہ پا و تنہا ننگے سر ‌ ‌ دے جو روٹی جاؤن فوراً اُس کے گھر
ہے جو حاصل حکمت و فضل و ہنر ‌ ‌ فائدہ مجکو نہین جز درد سر
بولا اے اعرابی یان سے اب تو جا ‌ ‌ تا نہ شومی تیری مجھپر ہو بلا
حکمت اپنی شوم مجھ سے دور کر ‌ ‌ شوم ہے تیرا کلام اک خلق پر
تو ادھر جا مین اُدھر کو جاتا ہون ‌ ‌ گر تو آگے جائے مین واپس پھرون
گون اک گیہون کی اور اک ریت کی ‌ ‌ بہتر ان حیلون سے ہے میری احمقی
احمقی میری مبارک احمقی ‌ ‌ دل ہے باسامان و جان ہے متقی
گر تو چاہے کہ شقاوت ہووے کم ‌ ‌ کر تو کوشش تا ہو حکمت تجھ سے گم
جو کہ حکمت ہو خیال و طبع سے ‌ ‌ فیض نور حق نہ وہ حکمت رکھے
حکمت دنیا سے شک ہووے فزون ‌ ‌ حکمت دین سے فلک پر ہوون
روبہان آخر زمانہ کے عقیل ‌ ‌ جانتے ہین خود سے اگلون کو ذلیل

لے نے ہے الخ یہ شعر کہا کہ نہ کپڑا ہے نہ سامان ہے نہ نوکر ہے نہ مطبخ و نہ نان ہے کہا نقد تیرے پاس کتنا ہے کہ اے نصیحت گر تو تنہا پھرتا ہے کیمیاے زر عالم رکھتا ہے عقل و دانش کا گوہر تو رکھتا ہے تو گھر مین خزانہ رکھتا ہوگا تیرے سوا عاقل تر جہان مین نہین ہے کہا واللہ مین کچھ نہین رکھتا ہون شب کا کھانا بھی میرے پاس موجود نہین ہے اور نہ میرے ملک مین ہنر ہے میرے پاس شام کے کھانے کو بھی نہین مین برہنہ پا و تنہا دوڑتا ہون اس کی طرف جو مجھے روٹی دے مین وہان جاتا ہون جو حکمت عقل و ہنر حاصل کیے بجز درد سر کے کچھ فائدہ مجھکو نہین ہے آگے جواب اعرابی کا ہے فافہم ۱۲ ۵۲ بولا الخ یہ شعر اعرابی نے کہا اب تو جا یہان سے تا شومی تیری مجھ مین بلا نہ ہو تو اپنی حکمت شوم مجھ سے دور کر تیرا کلام اب خلق پر شوم ہے تو ادھر کو جا مین اُدھر کو جاتا ہون گون ایک گیہون اور ایک ریت کی تیرے ان حیلون سے بہتر ہے میری احمقی مبارک احمقی ہے دل باسامان و جان متقی ہے اگر تو چاہے کہ شقاوت کم ہووے کوشش کر تاکہ حکمت تجھ سے گم ہووے آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲ ۵۳ جو کہ حکمت الخ یہ شعر جو کہ حکمت خیال و طبیعت سے ہووے فیض حق کا سے وہ حکمت نہین رکھے دنیا کی حکمت سے شک زیادہ ہووے دین کی حکمت آسمان پر لے جاوے عقلمند آخر زمانے کے خود سے اگلون کو ذلیل جانتے ہین یعنے ریاکاران دنیا خود کو اگلون سے عقلمند جانتے ہین حیلے سیکھے اور جگر سوزان ہوے اور مکر و حیل سب حاصل کیے صبر و بخشش و سخاوت نفس و جود سب چھوڑا جو کہ اکسیر اور فائدے تھے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ -

حیلہ آموزان جگرہا سوختہ	فعلہا و مکرہا آموختہ	حیلے سیکھے اور جگر سوزان ہوئے	اور مکر و حیل سب حاصل کیے
صبر و ایثار و سخاے نفس و جود	باز دادہ کان بود اکسیر سود	صبر و بخشش اور سخاو نفس و جود	سب کو چھوڑا جو کہ تھے اکسیر سود
فکر آن باشد کہ بکشاید رہے	راہ آن باشد کہ پیش آید شہے	فکر وہ ہی جو کہ کھولے راہ کو	راہ وہ ہی جو ملاوے شاہ کو
شاہ آن باشد کہ از خود شہ بود	نے بمخزنہا و گوہر شہ شود	شاہ وہ ہی جو کہ خود سے شاہ ہو	نے زر و گوہر رکھے اور شاہ ہو
تا بماند شاہی او سرمدی	ہمچو عز ملک دین احمدی	اسکی شاہی تا کہ ہووے سرمدی	جیسے عز ملک دین احمدی
تا قیامت نیست شرعش از زوال	گشتہ دور از ملک او عین الکمال	تا قیامت شرع انکی لازوال	دور رہے انکے ملک سے عین الکمال

کرامات ابراہیم ادہم برلب دریا — کرامات ابراہیم ادھم کی کنارۂ دریا پر

ہم ز ابراہیم ادہم آمدہ است	کو ز راہے برلب دریا نشست	ذکر ابراہیم ادہم کا سنو	راہ چلتے بیٹھے اک دریا پہ وہ
دلق خود مید وخت آن سلطان جان	یک امیرے آمد آنجا ناگہان	گدڑی اپنی سیتے تھے سلطان جان	اک امیر اس جا پہ آیا ناگہان
آن امیر از بندگان شیخ بود	شیخ را بشناخت سجدہ کرد زود	وہ امیر اک بندگان شیخ تھا	شیخ کو پہچان کے سجدہ کیا
خیرہ شد در شیخ و اندر دلق او	گشتہ دیگر گون ز خلوت خلق او	شیخ و گدڑی اسکی سے حیران ہوا	اسکی تنہائی سے بیجان وہ رہا
کو رہا کرد آنچنان ملک شگرف	برگزیدہ از فقر بس باریک حرف	اسنے چھوڑا ایسا بس ملک شگرف	اور لیا ہی فقر سے باریک حرف
ترک کردہ ملک ہفت اقلیم را	میزند بر دلق سوزن چون گدا	چھوڑ کر اس ملک ہفت اقلیم کو	سیتا ہی مثل گدا گدڑی کو وہ
ملک ہفت اقلیم ضائع می کند	چون گدا بر دلق سوزن مے زند	ملک ہفت اقلیم ضائع کرتا ہے	اور گدڑی جون گدا کے سیتا ہی
شیخ واقف گشت از اندیشہ اش	شیخ چون شیر است و دلہا بیشہ اش	شیخ آگہ اسکے خطرہ سے ہوا	شیر ہی وہ اور دل ہے بیشہ سا
چون رجا و خوف در دلہا روان	نیست مخفی بر وے اسرار نہان	دل میں جون خوف و رجا رکھے روان	اسپہ سب ظاہر ہیں اسرار نہان
دل نگہدارید اے بے حاصلان	در حضور حضرت صاحبدلان	دل نگہ رکھو تم اے بے حاصلو	اہل دل کی جو حضوری تم کو ہو

ل فکر وہ ہے الخ یہ شعر فکر وہ ہے جو کھولے راہ کو اور راہ وہ ہے جو کہ ملاوے شاہ کو اور شاہ وہ ہے جو کہ خود سے شاہ ہو نہ کہ زر و گوہر رکھکر
شاہ ہو کہ اس کی شاہی ہمیشہ ہووے جیسے عزت دین احمدی کی قیامت تک ہے اور اسکی منزلت لازوال ہے اُن کے ملک سے دور رہے
نظر بد یعنی عقل و فکر وہ ہے جو راہ باطن کی کھولے اور بادشاہ وہ ہے کہ حضرت رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سے ملاوے یا مرشد سے واصل کردے کہ
بادشاہی اُن کی ہمیشہ لازوال ہے پس بادشاہت حق کی بہتر ہے جیسے حضرت ابراہیم ادہم نے بادشاہت دنیا کو چھوڑا اور بادشاہت عقبی
کو حاصل کیا چنانچہ اس کا قصہ آگے مثال میں فرماتے ہیں فافہم ۱۲ ۵۲ ذکر ابراہیم الخ یہ شعر ذکر ابراہیم ادہم کا سنو راہ چلتے ہوے دریا پر
بیٹھے اپنی گدڑی سیتے تھے ایک امیر ناگہان اُس جا آیا وہ امیر ایک بندگان شیخ سے تھا شیخ کو پہچان کر سجدہ کیا باقی حال آگے
ہے فافہم ۱۲ ۵۳ شیخ الخ یہ شعر شیخ سے اور گدڑی اس کی سے وہ حیران ہوا اور اس کی تنہائی سے متغیر رہا کہ اُس نے چھوڑا ایسے بڑے
ملک کو اور فقر سے باریک پیشہ کو اختیار کیا اس ملک ہفت اقلیم کو چھوڑ کر سیتا ہے گدڑی کو مثل گدا کے شیخ اُس کے خطرے سے
آگاہ ہوا کیونکہ شیخ مانند شیر کے اور دل مانند جنگل کے ہے آگے حقائق ہیں فافہم ۱۲ ۵۴ دل میں الخ یہ شعر وہ دل میں مانند
خوف و رجا کے رواں ہے اور اسرار جہان اُس پر پوشیدہ نہیں تم دل کو حفاظت رکھو جو اہل دل کی حضوری تم کو حاصل
ہووے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

پیش اہل تن ادب بر ظاہر است	کہ خدا زیشان نہان و ساتر است	پیش اہل تن ادب ظاہر پہ ہے	کہ خدا پنہان و مخفی اُنسے ہے
پیش اہل دل ادب بر باطن است	زانکہ دل شان بر سرائر فاطن است	پیش اہل دل ادب باطن پہ ہے	کہ ہے دل اُن کا بھرا اسرار سے
تو بعکسے پیش کوران بہر جاہ	با حضور آئی نشینی پائگاہ	تو بعکس اندھونکے آگے بہر جاہ	بیٹھتا ہے جون مؤدب پیش شاہ
پیش بینایان کنی ترک ادب	نار شہوت را ازان گشتی حطب	آگے بینا کے ادب چھوڑے تو ہے	اسلیے تو نار شہوت مین پڑے
چون نداری فطنت و نور ہدیٰ	بہر کوران روے را میزن جلا	جو نہین رکھتا ہے تو نور ہدیٰ	دے ہی اندھونکے لیے منھ کو جلا
پیش بینایان حدث در روے مال	ناز کم کن با چنین گندیدہ حال	آگے بینا کے رکھے ناپاک رو	نازمت کر ایسی بدحالت سے تو
شیخ سوزن زود در دریا فگند	خواست سوزن را بآواز بلند	پھینک دی دریا مین سوئی شیخ نے	اور پکارا سوئی کو آواز سے
صد ہزاران ماہیِ اللٰہیے	سوزنِ زر بر لب ہر ماہیے	سیکڑون ماہی اللٰہی نے آ	سوئیان سونیکی زیر لب دبا
سر بر آوردند از دریاے حق	کہ بگیر اے شیخ سوزنہاے حق	سر نکالا اُس حق کے دریا سے عیان	بولین لے اے شیخ حق کی سوئیان
رو بدو کرد و بگفتش کاے امیر	ملک دل بہ یا چنین ملک حقیر	دو بدو اس سے کہا کہ اے امیر	ملک دل اچھا کہ یہ ملک حقیر
سوے شہر از باغ شاخے آورند	باغ و بستان را کجا آنجا برند	شہر مین لاتے ہین شاخ اک باغ سے	اور نہین لاتے ہین باغ اس جا کے
این نشان ظاہر است این ہیچ نیست	باطنی جوے بظاہر بر مایست	یہ نشان ظاہر کا ہے یہ کچھ نہین	ڈھونڈھ باطن کر نہ ظاہر کا یقین
خاصہ باغے کاین فلک یک برگ اوست	بلکہ آن مغز ست وین عالم چو پوست	باغ ایسا جسکا پتا آسمان	مغز وہ اور پوست سا ہی جہان
بر نمیداری سوے آن باغ گام	بوے افزون جوے و کن دفع زکام	کیون نہین اس باغ کو جاتا ہے تو	کر زکام اب دفع زیادہ ڈھونڈھ بو
تا کہ آن بو جاذب جانت شود	تا کہ آن بو نور چشمانت شود	تا کہ وہ بو کھینچے تیری جان کو	تا کہ وہ بو تیری نور چشم ہو
تا کہ آن بو سوے بستانت کشد	وا نماید مر ترا راہ رشد	تا کہ وہ گلشن کو لیجائے تجھے	اور دکھائے رہ ہدایت سے تجھے

۵۱ پیش اہل تن الخ شعر آگے اہل ظاہر کے چاہیے ادب ظاہر پر ہے کہ خدا اُن سے پنہان و پوشیدہ ہے آگے اہل دل کے ادب باطن پر ہے کہ دل اُن کا اسرار سے بھرا ہے تو برعکس آگے اندھون کے مؤدب ہوتا ہے اور شاہون کی طرح ادب کرتا ہے اور آگے بینا کے تو ادب چھوڑتا ہے اس لیے تو اس آتش شہوت مین پڑتا ہے جو تو نور ہدایت کا نہین رکھتا ہے اندھون کے لیے منھ کو صاف کرتا ہے اور آگے بینا کے ناپاک منھ کو رکھتا ہے تو نازمت کر ایسی بدحالت سے یعنی حکام ظاہر کے روبرو ادب کرتا ہے اور حکام باطن کے روبرو کہ اولیاء اللہ ہین ادب میں نظر نہین رکھتا ہے کہ اُن کا ضرر عارضی اور انکا ضرر مدی ہے آگے رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ۵۲ پھینک دی الخ شعر پس شیخ نے سوئی دریا مین پھینک دی اور سوئی کو آواز سے پکارا سیکڑون ماہی اللٰہی آئین اور سوئیان سونے کی ایک ایک منھ مین لے کر سر نکالا اور بولین کہ اے شیخ تو ماہی حق کی سوئیان لے شیخ نے دوبدو ہو کر اس سے کہا کہ ملک دل اچھا یا یہ ملک حقیر تو ظاہر ہے یقین مت کر آگے اس کے مثال ہے شہر مین باغ سے ایک شاخ لاتے ہین باغ یہان نہین لاتے ہین یعنی کرامت اولیاء اللہ کی ایک قطرہ نمونہ ہے اس دریاے معنی سے مثل ایک شاخ باغ کے ہے کہ آسمان جسکا پتہ ہے اور یہ مغز ہے اور جہان مانند پوست کے ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ کیون نہین الخ شعر تو کیون نہین اس باغ کو جاتا ہے زکام دور کر اور زیادہ بو ڈھونڈھ یعنی صفات کو تاکہ وہ بو تیری جان کو کھینچے وہ بو تیری نور چشم ہووے یعنی مشاہدہ صفات سے نور دل زیادہ ہووے تا وہ بو تجھے گلشن کو لیجائے اور راہ ہدایت سے تجھے دکھائے تیری اندھی آنکھ کو بینا کرے اور تیرے سینہ کو منور کرے کہا یوسف ابن یعقوب نے واسطے بو کے ڈالو میرے باپ کے منھ پر پیراہن کو اس بو کے واسطے احمد صلی اللہ علیہ وسلم نے کہا روشنی میری آنکھ کی نماز مین ہے ہمیشہ یعنی نماز مین نور چشم دل کا زیادہ ہوتا ہے اور کشف اسرار و مشاہدہ انوار عارف پر کھلتا ہے صفات الٰہی سے چنانچہ اس دید کا حال آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ —

چشم نابینات را بینا کند	سینہ ات را سینۂ سینا کند	تیری اندھی آنکھ کو بینا کرے	اور منور سینہ جون سینا کرے
گفت یوسف ابن یعقوب نبی	بہر بوی القوا علی وجہ ابی	بولا یوسف ابن یعقوب نبی	بہر بو القوا علی وجہ ابی
بہر این بو گفت احمد در عظات	دائما قرة عینی فی الصلوٰة	واسطے اُس بو کے احمد نے کہا	قرہ عینی فی صلوٰة دائما
پنج حس با یکدگر پیوستہ اند	زانکہ این ہر پنج ز اصلی رستہ اند	پانچون حس آپس مین باہم ہین ملے	کیونکہ پانچون ایک جڑ سے ہین اگے
قوت ہر یک قوت باقیہا شود	ما بقی را ہر یکے ساقی شود	قوت ہے ہر اک کا قوت اور رونکا ہے	باقیون کا وہ ہر اک ساقی بنے
دیدن دیدہ فزاید عشق را	عشق اندر دل فزاید صدق را	آنکھ کے دیکھے سے پیدا عشق ہو	عشق سے دل مین زیادہ صدق ہو
صدق بیداری ہر حس می شود	حسہا را ذوق مونس می شود	صدق ہر اک حس کی بیداری کھے	اور حسونکا ذوق بس مونس بنے
چون یکے حس در روش بگشاد بند	ما بقی حسہا ہمہ مبدل شوند	ایک حس باطن جو کھولے بند کو	ما بقی ہر ایک حس تبدیل ہو

آغاز منور شدن حواس عارف بنور غیب

شروع منور ہونا حواس عارف کا ساتھ نور غیب کے

چون یکے حس غیر محسوسات دید	گشت غیبی بر ہمہ حسہا پدید	غیر محسوس ایک حس کو جو ملا	سب حسون پر غیب بس ظاہر ہوا
چون ز جو بست از گلہ یک گوسفند	پس پیاپے جملہ زانسو بر جہند	بھیڑ اک گلہ کی کودی نہر سے	اسکے پیچھے کودین جملہ اس جگہ سے
گوسفندان حواست را بران	در چرا از اخرج المرعی چران	ہانک بھیڑون کو جو ہونگی جو ہین	اخرج المرعی کے صحرا مین چرین
تا در آنجا سنبل و ریحان چرند	تا بہ گلزار حقائق رہ برند	اُس جگہ تا سنبل و ریحان چرین	راہ گلزار حقائق کی چلین
ہر حست پیغمبر حسہا شود	جملگی حسہا در آن جنت رود	تیری ہر حس ہو حسونکی اک رسول	ہووے اس جنت مین ہر حسون کا نزول
حسہا با حس تو گویند راز	بے زبان و بے حقیقت بے مجاز	تیرے حس سے سب حسین کہوین راز	بے زبان و بے حقیقت بے مجاز
کین حقیقت قابلہ تاویلہاست	وین توہم مایہ تخییلہاست	یہ حقیقت ذاتی تادیلونکی ہے	یہ توہم پونجی تخیلون کی ہے

ف پانچون حس الخ ۵ شعر پانچون حس آپس مین باہم ملے ہین کیونکہ پانچون ایک ہی جڑ سے اُگے ہین عناصر ایک حس کی قوت اور رونق کی ہوتی ہے یعنی عارف کی جبکہ ایک حس مشاہدہ یار سے رنگین ہوتی ہے تو وہ حس دوسری حسون کو رنگین کر دیتی ہے مگر آنکھ کے دیکھنے سے عشق زیادہ ہوتا ہے اور صدق ہر ایک حس کو بیدار کرتا ہے اور حسون کا ذوق مونس بنتا ہے ایک حس باطن مین حجاب کو کھولے ہر ایک حس کا حال بدستور بدل جائے یعنے حس چشم باطن جبکہ بینا ہوتی ہے تو باقی حسین بھی رنگین ہو جاتے ہین چنانچہ حسون کے رنگین ہونے کا حال آگے فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف غیر المحسوس الخ ۷ شعر ایک حس کو جب غیر محسوس دکھائی دیا سب حسون پر غیب ظاہر ہوا یعنے ایک حس کو جب معنی مکشوف ہوا باقی سب حسون کو غیب کھلا آگے اس کی مثال ہے ایک بھیڑ گلون سے کودی نہر مین اس کے پیچھے سب بھیڑین کود ین اس جگہ یعنے حس کو بھیڑ چال کہتے ہین جو کہ حواسون کی بھیڑین ہین اُن کو ہانک تا چراگاہ خارج کی صحرا مین چرین یعنے باطن مین ایک جگہ تا سنبل و ریحان کھائین اور سیر گلزار حقائق کی کرین تیری ہر ایک حس دوسرے حواسون کی رسول ہو اور سب حسون کا جنت مین نزول ہو تیری حس سے سب حسین راز کہین بے زبان اور بے حقیقت اور بے مجاز کے یہ حقیقت ذاتی تاویل کی ہے یہ توہم پونجی تخیلون کی ہے یعنی حقیقت یہ راہ ہے لفظ سے کوئی تاویل اس مین نہین ہوتی ہے اور یہ توہم خیالات ہین بس اور حسین راز تیری حس سے بغیر اس حقیقت لفظی و توہم خیالی اور زبان ظاہر کی بجسے کہین باقی اسکا حال آگے ہے فافہم ۱۲ ع ۵ ڈالو اوپر منہ میرے باپ کے ۱۲ ع ۵ روشنی میری آنکھ کی نماز مین ہے ۱۲ ع ۵ خارج کیا چراگاہ میں ۱۲ –

آن حقیقت کان بود عین عیان / ہیچ تاویلے نہ گنجد در میان
چونکہ ہر حس بندۂ حس تو شد / مر فلکہا را نباشد از تو بد
چونکہ دعوی میرود در ملک پوست / مغز آن کہ بود قشر آن اوست
چون تنازع افتد اندر تنگ گاہ / دانہ از کیست آنرا کن نگاہ
پس فلک قشرست و نور روح مغز / این پدیدست آن خفی زین و بلغز
جسم ظاہر روح مخفی آمدہ است / جسم ہمچون آستین جان ہمچو دست
باز عقل از روح مخفی تر بود / حس بسوے روح زان دیر تر بود
جنبشے بینی بدانی زندہ است / این ندانی کو ز عقل آگندہ است
تا کہ جنبشہاے موزون سر کند / جنبش مس را بدانش زر کند
زان مناسب آمدن افعال دست / فہم آید مر ترا کہ عقل ہست
روح وحی از عقل پنہان تر بود / زانکہ او غیبست و زان سر بود
عقل احمد از کسے پنہان نشد / روح وحیش مدرک ہر جان نشد
روح وحی را مناسبہاست نیز / در نیابد عقل کان آمد عزیز
کہ جنون بیند گہے حیران شود / زانکہ موقوفست تا او آن شود
چون مناسبہاے احوال خضر / عقل موسیٰ بود در دیدش کدر
نامناسب می نمود افعال او / پیش موسیٰ چون نبودش حال او

[1] وہ حقیقت کہ وہ عین عیان ہی / نے کوئی تاویل اسمین ہو سکے
تیری حس کی بندہ ہر حس جو ہوئی / کب فلک کو تجھسے ہو چارہ گری
کیسے دعوی ہووے ملک پوست سے / تخم جسکا مالک اُسکا پوست ہی
اس جہان مین جبکہ اک جھگڑا پڑے / دانہ کسکی ملک ہے تو جان لے
آسمان ہی پوست دانہ روح ہی / یہ ہی ظاہر اور وہ مخفی ہے
جسم ظاہر روح مخفی آئی ہی / آستین سا جسم جان جون ہاتھ ہی
روح سے مخفی زیادہ عقل ہے / عقل سے حس جلد روح کو پا سکے
[2] دیکھکر حرکت کو زندہ جانے ہی / پہ یہ کب ہی جانے کہ اسمین عقل ہے
جبکہ موزون حرکتین جاری رکھے / عقل سے تانبے کی حرکت زر کرے
وہ مناسب فعل ہاتھون سے کرے / جب سمجھ آئے تجھے کہ عقل ہے
روح وحی کی ہی خفی تر عقل سے / کیونکہ وہ ہی اس سے آگے غیب سے
عقل احمد کی کسی سے نہ چھپی / روح وحی اسکی نہ ہر جان پا سکی
روح وحی کو نسبتیں ہیں اے عزیز / کر سکے ہے عقل کب اُس کو تمیز
کہ جنون دیکھے گہے حیران ہو / کیونکہ موقوف ہی یہ جبتک ہووے وہ
[3] جیسے احوال خضر کی نسبتیں / عقل موسیٰ پہ مکدر دید ہین
نامناسب سارے وہ افعال تھے / جو کہ موسیٰ کو نہ وہ احوال تھے

ف۱ وہ حقیقت الخ، شعر اور وہ حقیقت کہ بالکل عیان ہے اس مین تاویل نہین ہو سکتی ہے تیرے حس کی ہر ایک حس تابع ہوئی کب فلک کو تجھ سے چارہ گری ہو کیسے دعوی ملک پوست دنیا پر ہووے جس کا ملک تخم ہے اُس کا پوست ہے جہان مین جب کہ ایک جھگڑا پڑے دانہ کسکی ملک ہے تو جان لے آگے حقائق ہین آسمان پوست اور دانہ باغ ہے جسم ظاہر ہے اور وہ پوشیدہ ہے اُنکی روح جسم مثل آستین کے اور جان مانند ہاتھ کے ہے اور روح سے زیادہ پوشیدہ ہے پس حس روح کو عقل سے جلد پا سکتی ہے آگے اُس کی مثال ہے فافہم ۱۲ ف۲ دیکھکر الخ، شعر حرکت کو دیکھکر زندہ جانتے و لیکن یہ نہ جانے کہ اسمین عقل ہے جبکہ وہ حرکت موزون کرے عقل سے حرکت تانبے کی زر کرے وہ فعل مناسب ہاتھ سے کرے جب سمجھ مین تیری آئے کہ عقل ہے یعنی حس اُنکو جلدی سمجھے بہ نسبت عقل کے کہ عقل روح سے زیادہ پوشیدہ ہے کیونکہ اور روح اُس کی عقل سے زیادہ پوشیدہ ہے کیونکہ وہ غیب کی اس رمز سے ہے عقل احمد صلی اللہ علیہ وسلم کی ہے پوشیدہ نہین ہے اور انکی روح دگر نہ ہر جان ہے اے عزیز روح وحی کو نسبتین ہین عقل اسکی کب تمیز کر سکتی ہے کہ جنون دیکھے دگاہ حیران ہو کیونکہ موقوف ہو جب تک وہ ایسا نہ ہووے یعنی حس بہ نسبت عقل کے روح کو جلد معلوم کر سکتی ہے اور بہ نسبت روح وحی کے عقل بھی نہین تمیز کر سکتی ہے کیونکہ موقوف ہے اس بات پر جبتک کہ عقل وحی نہین ہو جائے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ف۳ جیسے احوال الخ، شعر جیسے نسبتین احوال خضر علیہ السلام کی حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دید مین مکدر تھین وہ افعال نامناسب تھے جو کہ احوال موسیٰ کو حاصل نہ تھے جبکہ عقل موسیٰ غیب مین بند ہو تھے پھر موسیٰ کی عقل کیا چیز ہے علم تقلید رونق کیواسطے ہے اگر مشتری پائے تو رونق رکھو اور علم تحقیق کا حق مشتری ہے اسکے بازار کی ہمیشہ رونق ہے یعنی دینے مین ہمیشہ مست ہوتے ہین مشتری بجد کو کہ اللہ خریدار ہے باقی مثال اسکی آگے ہے فافہم ۱۲ ۔۔

عقل موسی چون شود در غیب بند	عقل موسی چون بود اے ارجمند	عقل موسیٰ غیب مین جب ہووے بند	موسیٰ کی بھی عقل کیا اے ارجمند
علم تقلیدی بود بہر فروخت	چون بیابد مشتری خوش بر فروخت	عقل تقلیدی ہے رونق کیلیے	مشتری جب پاے تو رونق رکھے
مشتری علم تحقیقی حق است	دائما بازار او با رونق است	علم تحقیقی کا حق ہے مشتری	اسکی رونق ہو سدا بازار کی
لب ببستہ مست در بیع و شری	مشتری ہمچو کہ اللہ اشتری	مست خامش لیتے دیتے ہین سدا	مشتری ہےجیکہ اللہ اشتری
درس آدم را فرشتہ مشتری	محرم درسش نہ دیو و نہ پری	درس[1] آدم کا فرشتہ مشتری	درس اسکا جانے کب دیو و پری
آدم انبئہم باسما درس گو	شرح کن اسرار حق را مو بمو	آدم انبئہم باسما کہتا ہے	شرح کرنیوالا اسرار حق کا ہے
آنچنان کس را کہ کوتہ بین بود	در تلون غرق و بے تمکین بود	ایسے مردم کو کہ کوتہ بین ہو وہ	اور تلون طبع بے تمکین ہو وہ
موش گفتم زانکہ در خاک ست جاش	خاک باشد موش را جاے معاش	اسلیے چوہا کہا کہ خاک سے	کھاتا ہے اور خاک مین رہتا وہ ہے
راہہا داند ولے در زیر خاک	ہر طرف او خاک را کردست پاک	راستے جانے ہے لیکن زیر خاک	ہر طرف وہ خاک کو کرتا ہی پاک
نفس موشے نیست الا لقمہ رند	قدر حاجت موش را عقلے دہند	نے چوہا ہے نفس لیکن لقمہ ہے	قدر حاجت کے چوہا حس پائے ہی
زانکہ بے حاجت خداوند عزیز	کے ببخشد ہیچ کس را ہیچ چیز	کیونکہ بے حاجت خداوند عزیز	کب کسی کو دیتا ہے وہ کوئی چیز
گر نبودے حاجت عالم زمین	نافریدے ہیچ رب العالمین	ہوتی[2] گر بیکار عالم کی زمین	پیدا کب کرتا وہ رب العالمین
وین زمین مضطرب محتاج کوہ	گر نبودے نافریدے پر شکوہ	رکھتی نے حاجت زمین کو بیقرار	کوہ کو پیدا نہ کرتا باوقار
ور نبودے حاجت افلاک ہم	ہفت گردون نا وریدے از عدم	گر نہوتی حاجت افلاک بھی	ہوتی پیدائش نہ سات افلاک کی
آفتاب و ماہ و این استارگان	جز بحاجت کے پدید آید عیان	چاند سورج اور ستارے کہکشان	کب سوا حاجت کے آئے ہین عیان
پس کمند ہستہا حاجت بود	قدر آلت مرد را آلت بود	ہستیونکی بس کمند حاجت بنی	قدر حاجت مرد کی آلہ ہوئی
پس بیفزا حاجت اے محتاج زود	تا بجوشد از کرم دریاے جود	جلد حاجت کو بڑھا محتاج تو	تا کہ آئے جوش مین بحر جود کو
این گدایان رہ و ہر مبتلا	حاجت خود می نماید خلق را	یہ گدا[3] و مبتلا سے راہ رو	حاجت اپنی ہین بتاتے خلق کو
کوری و تنگی و بیماری و درد	تا ازین حاجت بجنبد رحم مرد	اندھا پن اور مفلسی و درد دو	رحم اس حاجت سے تا ہو مرد کو

[1] درس آدم الخ شعر درس آدم کے فرشتے مشتری ہین درس اس کا کب جانتا دیو اور پری ترجمہ اے آدم خبردار کر ہم کو ساتھ ان کے ناموں کے کہ سر حق کا شرح کرنے والا ہے ایسے مردم کو کہ وہ کوتہ بین ہو اور تلون طبع بغیر تمکین کے ہو اس لیے اس کو چوہا کہا کہ خاک سے وہ کھاتا ہے اور خاک مین رہتا ہے لیکن زیر خاک ہر طرف وہ خاک کو کھودتا ہے نفس چوہا نہین ہے لیکن کھاتا ہے مقدار بات سے پاتا ہے کیونکہ بغیر حاجت کے حق تعالے کب کسی کو کوئی چیز دیتا ہے یعنی علم تقلیدی رونق دنیا کے واسطے ہے اور علم تحقیق خدا کے واسطے ہے اہل تقلید مثل موش کے خاک مین رہتے ہین اور خاک کھاتے ہین آگے اس کی مثال ہے فافہم ۱۲ [2] ہوتی گر الخ شعر اگر بیکار عالم کی زمین ہوتی زمین کب پیدا کرتا وہ رب العالمین اگر زمین بیقراری نہ کرتی کوہ باوقار پیدا نہ کرتا اگر حاجت افلاک نہ ہوتی پیدائش ساتون فلک کی نہ ہوتی چاند و سورج ستارے و کہکشان کب سوا حاجت کے پیدا ہوئے ہین پس ہستیون کی کمند حاجت بنی ہے اور بقدر حاجت وہ مرد کی آلہ ہوتی ہے اے حقائق کے محتاج تو جلد حاجت کو بڑھا تا جوش مین دریا جود کا آئے یعنی جبکہ کل ہستی پابند حاجت کی ہوتی ہے اے محتاج تو بھی اپنی حاجت زیادہ کر کہ مراد بر آئے آگے مثال ہی فافہم ۱۲ [3] یہ گدا الخ شعر گدا اور مبتلا جو کہ اپنی حاجت بتاتے ہین مخلوق کو اندھا اور مفلس اور درد تاکہ رحم اس حاجت سے مردم کو ہووے کوئی بھی یہ کہتا ہے کہ روٹی مجھکو دو کہ آسودہ ہون اور مال رکھتا ہون آگے دوسری مثال ہے فافہم ۱۲

ہیچ گوید نان دہید اے مردمان	کہ مرا مال است و انبار است و خوان	کوئی کہتا ہے کہ روٹی مجکو دو	کہ مین آسودہ ہون کھتا مال کو
چشم ننہادست حق در کور موش	زانکہ بے چشمش چریدن ہست و جوش	۵۱ دین چھچھوندر کو نہ آنکھین اسلیے	کیونکہ بے آنکھون کے چرتی خوب ہے
میتواند زیست بے چشم و بصر	فارغ است از چشم اندر خاک تر	زندگی کرتی ہے بے چشم و بصر	چشم سے فارغ ہے زیر خاک تر
جز بدزدی او برون ناید ز خاک	تا کند خالق ازان دزدیش پاک	اور چھپے چوری سے نکلے خاک سے	پاک اُس چوری سے تا خالق کرے
بعد ازان پر یابد و مرغے شود	چون ملایک جانب گردون رود	بعدہ پر نکلین اور وہ مرغ ہو	چون ملائک جائے وہ افلاک کو
ہر زمان در گلشن شکر خدا	او برآرد ہمچو بلبل صد نوا	۵۲ گلشن شکر خدا مین ہر زمان	مثل بلبل کے کہے سو داستان
کاے رہاننده مرا از وصف زشت	اے کننده دوزخے را چون بہشت	کہ چھڑایا مجکو بد اوصاف سے	اے تو کرتا جون جنان دوزخ کو ہے
در یکے پیہے نہی تو روشنی	استخوانے را دہی سمع اے غنی	ایک چربی مین تو رکھے روشنی	ایک ہڈی مین سماعت اے غنی
چہ تعلق آن معانی را بجسم	چہ تعلق فہم اشیا را باسم	کیا تعلق تن سے اُس معنی کو ہے	کیا تعلق فہم کو ہے اسم سے
لفظ چون وکر است معنی طائر است	جسم جوے و روح آب سایر است	معنی جون طائر ہے اور لفظ آشیان	جسم نہر و روح ہے آب روان
در روانی سوے آب جوے فکر	نیست بے خاشاک خوب و ناخوش	رخ روان ہین آب جوے فکر کا	نے ہے بے خاشاک نیک و بد سوا
او روانست و تو گوئی واقف است	او دوانست و تو گوئی عاکف است	وہ روان اور تو کہے ٹھہرا ہوا ۵۳	وہ دوان اور تو کہے ٹھہرا ہوا
گر نبینی سیر آب از جا بجا	چیست بر وے نو بنو خاشاکہا	گر نہین چلتا ہے پانی جابجا	تو نبو کیون آتی ہین خاشاکہا
ہست آن خاشاک صورتہاے فکر	نو بنو در میرسد اشکال بکر	فکر کی ہین صورتین خاشاک وہ	پہونچتی ہین شکل نادر نو بنو
روے آب جوے فکر اندر روش	نیست بے خاشاک محبوب و وحش	آب جاری فکر کا رخ کیبدلے	بے خس و خاشاک بد اور خوب کے
قشرہا بر روے این آب روان	از ثمار باغ غیبی شد دوان	چھلکے ہین اس آب جاری پر روان	باغ غیبی کے پھلونکے ہین نشان
قشرہا را مغز اندر باغ جو	زانکہ آب از باغ می آید بجو	باغ مین جا مغز ان چھلکو نکالے	نہر مین آتا ہے پانی باغ سے

۵۱ دین چھچھوندر الخ یہ شعر چھچھوندر کو اس لیے آنکھین نہین دین کیونکہ بغیر آنکھون کے اندھے بنی ہین یعنی چشم روشنی پذیر نہین رکھتی ہین پس زندگی
بغیر چشم و بصر کے کرتی ہے اور چشم سے فارغ ہے زیر خاک کے چوری چھپے سے نکلے ہے تاکہ اُس چوری سے خدا پاک
کریے بعدہ پر نکلین اور وہ مرغ ہو اور مثل ملائک کے افلاک پر جائے یعنے وہ کہ چھچھوندر اپنے نابینا ہونے پر شرم
کرتی ہے اور اسی شرم لحاظ سے شب کو پوشیدہ چرنے نکلتی ہے اس واسطے بقول مشہور حق اُس کو مرغ چمگادڑ بنادیتا
ہے اور وہ آسمان پر اُڑتی ہے اسی طرح عارفان دنیامین سے جو اپنی کوری باطنی پر شرمسار ہون حق تعالی اُن کی جان کو
اس عالم مین مرغ پرواز کرتا ہے کہ عرش و لامکان کی سیر کرتا ہے باقی حال اس کا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ گلشن الخ یہ شعر وہ ہر زمان
گلشن خدا مین مثل بلبل کے سو داستان کہے کہ اے خدا مجھکو بد اوصاف سے چھڑایا یعنی تو دوزخ کو مانند جنت کے کرتا ہے
ایک طرف چربی چشم مین نور روشنی رکھتا ہے ایک طرف استخوان گوش مین سمع رکھتا ہے تن سے کیا تعلق اُس معنی کو ہے فہم
کو کیا تعلق اسم سے معنی مانند طائر کے اور لفظ مانند آشیانہ کے جسم نہر اور روح آب روان ہے مگر رخ آب جوے فکر کا روانگی مین
نہین معلوم ہوتا ہے بجز خاشاک نیک و بد کے وہ روان ہے اور تو کہتا ہے ٹھہرا ہوا ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ اگر نہین الخ
یہ شعر اگر نہین پانی جابجا چلتا ہے تو خاشاک نو بنو کیون آتے ہین فکر کی صورت وہ خاشاک ہین کہ نئی نئی صورتین نادر کرتے ہین رخ آب جاری معلوم ہوگا
کب بیکھے بغیر خس و خاشاک نیک و بد کے اس آب جاری پر چھلکے روان ہین باغ غیب کے غیبی پھلونکی نشانی ہین ان چھلکو نکا مغز باغ مین جا کر دیکھ کہ پانی نہر مین آتا ہے باغ سے باقی حال آگے ہے ۱۲

گر نہ بینی رفتن آب حیات بنگر اندر جوے این سیر نبات
آب چون انبہ تر آید در گذر زو کند قشر صور زوتر گذر
چون بغایت تیز شد این جو روان غم نپاید در ضمیر عارفان
چون بغایت ممتلی بود و شتاب پس نگنجد اندر و الا کہ آب

گر نہ دیکھے چلتا تو آب حیات نہر مین تو دیکھ یہ سیر نبات
نہر مین کثرت سے پانی ہو روان چھلکے صورت کے ہون جلد اس سے دوان
جو بہت جاری ہوئی نہر روان غم نہین رکھتے ہین دل مین عارفان
جو نہایت بھر گئی اور ہو شتاب کچھ نہین اسمین سماوے لیکن آب

طعنہ زدن بیگانہ در شان شیخ و جواب گفتن مرید شیخ

طعنہ مارنا ایک ناواقف کا ایک شیخ کی شان مین اور جواب دینا اسکے مرید کا

آن یکے یک شیخ را تہمت نہاد کو بدست و نیست بر راہ رشاد
شارب خمرست و سالوس و خبیث مر مریدان را کجا باشد مغیث
آن یکے گفتش ادب را ہوش دار خرد نبود اینچنین ظن بر کبار
دور ازو و دور از اوصاف او کے ز سیلے تیرہ گردد صاف او
اینچنین بہتان منہ بر اہل حق کاین خیال تست برگردان ورق
این نباشد ور بود اے مرغ خاک بحر قلزم را ز مرداری چہ باک
نیست دون القلتین و حوض خرد کش تواند قطرۂ از کار برد
آتش ابراہیم را نبود زیان ہر کہ نمرودیست گو میترس ازان
نفس نمرودست و عقل و جان خلیل روح در عین ست و نفس اندر دلیل
این دلیل راہ رہرو را بود کو بہر دم در بیابان گم شود
واصلان را نیست جز چشم و چراغ از دلیل و راہشان باشد فراغ

شیخ پر ابلہ نے اک تہمت لگائی کہ وہ بد ہے اور نہین ہے متقی
ہے شرابی اور بد مکار بس کب مریدونکا وہ ہو فریاد رس
ایک بولا اُس سے گستاخی نکر عیب گیری تو بزرگون کی نکر
دور اُس سے دور اوصاف اُسکے سے اسکا صاف اک سیل سے گندا نبنے
اہل حق پر ایسا بہتان مت رکھے یہ تخیل ہین ترے تو چھوڑ دے
یہ نہ ہو اور ہو اگر اے مرغ خاک بحر کو مردار سے کیا خوف و باک
کم نہین ہے قلتین و حوض سے کہ کرے بیکار اک قطرہ اُسے
آگ ابراہیم کو نقصان نہ دے جو کہ نمرودی ہو وہ اسمین جلے
نفس ہے نمرود و عقل و جان خلیل عین مین ہے روح و نفس اندر دلیل
یہ دلیل راہ رہگیرون کو ہو کہ بیابان مین نہ بھولین راہ وہ
واصلون کو نہ سوا چشم و چراغ اور دلیل و راہ سے انکو فراغ

سلہ گر نہ الخ یہ شعر اگر آب حیات چلتا نہین دکھائی دیتا ہے نہر مین تنکے خاشاک کو دیکھ جس نہر مین پانی کثرت سے روان ہو صورت کے چھلکے جلد اس سے وان ہون جو نہر روان بہت جاری ہوتی ہے دل مین عارف غم نہین رکھتے ہین جو نہایت بھر گئی اور جاری ہو اسمین کچھ نہین سماوے لیکن ہر ایک انسان کی آب روح نہر مین جاری ہے مگر آب کی روانی معلوم نہین ہوتی ہے خاشاک کی روانگی سے رخ پانی کا معلوم ہوتا ہے اسی طرح آب روان کا رخ خیالات کے آنے جانے سے معلوم ہوتا ہے پس وہ خیالات ثمرات گلشن معنی کے چھلکے ہین پس جدھر سے یہ خیالات آتے ہین تو اُدھر کی جانب جا باغ معنی کے وجود عارف مین تیز پانی جاری ہے تو وہ چھلکے جلدی اُس سے گزر جاوینگے عارف کے دل مین رنج و خوشی نہین ٹھہرتا ہے کہ آب روح اُسکا تیز ہو چنانچہ مثال اسکی قصہ شیخ مین آگے فرماتے ہین فافہم ۲ سلہ شیخ پر الخ یہ شعر ایک ابلہ نے ایک شیخ پر تہمت کی کہ وہ بد ہے اور متقی نہین ہے کہ شراب پیتا ہے اور مکار بد ہے وہ کب مریدون کا فریاد رس ہو ایک شخص نے کہا کہ اس سے گستاخی نہ کر اور عیب گیری بزرگون کی نہ کر اس سے اور اُس کے اوصاف سے دور رہین کہ اُس کا آب صاف ایک ضرب لاٹھی سے گندلا ہووے اہل اللہ پر ایسا بہتان نہ کر یہ تیرے خیالات ہین تو چھوڑ دے یہ امر نہ ہو اور اگر ہو اے مرغ خاک مردار سے بحر قلزم کو کیا خوف ہے وہ کم نہین ہے قلتین حوض سے کہ اس کو ایک قطرہ کام سے کھو دے آگے اس کی مثال ہے آگ ابراہیم کو نقصان نہ دے اور جو نمرودی ہے وہ اسمین جلے [illegible] پلید و مردار جائے نمک پاک ہووے بقول استاد ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد یا آگے اسکے حقائق ہین فافہم سلہ نفس الخ یہ شعر نفس نمرود ہے اور عقل و جان خلیل روح عین مین ہے اور نفس دلیل مین راہگیر کو دلیل راہ ہو کہ بیابان مین وہ راہ کو نہ بھولین واصلونکو بجز چشم و چراغ کے نہین ہے اور نہ ان کو دلیل کی ضرورت نہین اور وہ دلیل جو بیان کرتے ہین تو اہل دنیا کیلیے بیان کرتے ہین [illegible] اسکی مثال ہے فافہم

گر ولیٔ گفت آن مرد وصال	گفت بهر فهم اصحاب جدال	مرد واصل نے دلیلیں جو کہیں	لڑنے والوں کے سمجھنے کو کہیں
بهر طفل نو پدر تی تی کند	گرچه عقلش هندسه گیتی کند	باپ بچہ کے لیے تی تی کرے	گرچہ عقل اسکی ریاضی دان ہے
کم نه گردد فضل استاد از علو	گر الف چیزے ندارد گوید او	کم نہ ہو[1] اُستاد کا فضل و ہنر	گر الف خالی کہے وہ اے پسر
از پے تعلیم آن بسته دہن	از زبان خود برون باید شدن	واسطے تعلیم اُس نادان کے	چھوڑنا اپنی زبان کو چاہیے
در زبان او بباید آمدن	تا بیاموزد ز تو او علم و فن	بولنا اُسکی زبان کو چاہیے	تاکہ علم و فن وہ تجھ سے سیکھ لے
پس همه خلقان چو طفلان وے اند	لازم است آن پیر را در وقت پند	جو کہ سب مخلوق اُسکی طفل ہے	پیر کو کرنا نصیحت چاہیے
آن مرید شیخ بدگوینده را	آن بکفر و گمرہی آگنده را	اُس[2] مرید پیر نے اُس مرد کو	بولا اُس گمراہ اور بیہودہ کو
گفت تو خود را مزن بر تیغ تیز	ہین مکن با دشاہ و با سلطان ستیز	خود کو تو مت مار تیغ تیز پر	جنگ سلطانوں سے تو ہرگز نہ کر
حوض با دریا اگر پہلو زند	خویش را از بیخ ہستی بر کند	ہمسری جو حوض دریا سے کرے	اپنی ہستی کی اکھیڑے جڑ کو ہے
نیست بحرے کو کران دارد که تا	تیره گردد او ز مردار شما	یہ نہ وہ دریا کنارہ جسکا ہو	تاکہ اُس مردار سے گندہ ہو وہ
بحر را حد ست و اندازه بدان	شیخ و نور شیخ را نبود کران	حد[3] و اندازہ ہے دریا کا بھلا	شیخ نور شیخ ہے بے انتہا
پیش بیحد ہر چه محدود ست لاست	کل شیٔ غیر وجه الله فناست	جو کہ محدود آگے بیحد کے ہے لا	کل شیٔ غیر وجه الله فنا
کفر و ایمان نیست آنجائیکه اوست	زانکه او مغزست و این دو رنگ و پوست	کفر و ایمان ہے، نہ وان جسجا ہے وہ	کیونکہ وہ مغز اور یہ رنگ و پوست دو
این فنا ہا پرده آن وجه گشت	چون چراغ خفته اندر زیر طشت	یہ فنا پردہ ہوئی اُس ذات کی	جو چراغ اک طشت کے نیچے خفی
پس سر این تن حجاب آن سر است	پیش آن سر این سر تن کافر است	تن کا یہ سر اک حجاب اُس سر کا ہے	آگے اُس سر کے یہ سر کافر سا ہے
کیست کافر غافل از ایمان شیخ	کیست مرده بیخبر از جان شیخ	کون کافر غافلِ ایمان شیخ	کون مردہ بے خبر با جان شیخ
جان نباشد جز خبر در آزمون	ہر کرا افزون خبر جانش فزون	آزمائش[4] میں نہ جان ہو جز خبر	جسکو زیادہ ہو خبر جان بیشتر
جان ما از جان حیوان بیشتر	از چه زان رو که فزون دارد خبر	جان حیوان سے مری جان بیشتر	اسلیے کہ زیادہ رکھتی ہے خبر

ف۱ کم نہ ہو الخ ۱۲ شعر اُستاد کا فضل و ہنر کم نہ ہو اگر وہ خالی الف کہے واسطے تعلیم نادان کے اپنی زبان کو چھوڑنا چاہیے اور اُس کی زبان بولنا چاہیے اُس کی عقل سے چاہیے نصیحت کرنا یعنے اُستاد بچہ کی تعلیم کو اُس کی زبان کے موافق بولتے ہین واصلان حق اگر دلائل کہین تو اُن کے کمال مین کچھ کمی نہین آگئی رجوع بقصہ ہے فافہم ۱۲ ف۲ اُس مرید پیر الخ ۱۲ شعر اس شخص کے مرید نے اس گمراہ واس بیہودہ کو کہا کہ خود کو مت ڈال تیغ تیز پر اور سلطانون سے تو ہرگز نہ لڑ حوض اگر ہمسری دریا سے کرے تو اپنے آپ کو برباد کرے دریا گندہ نہین ہوتا بطون شیخ کا ناپیدا کنارہ ہے شراب مردار سے کب گندہ ہوتا ہے باقی اس کا حال آگے بیان فرماتے ہین فافہم ۱۲ ف۳ حد و اندازہ الخ ۱۲ شعر دریا کا تو حد و اندازہ ہے شیخ و نور شیخ بے انتہا ہے کہ جو محدود ہے وہ آگے بیحد کے لا ہے ترجمہ سب شے سوا وجہ الله کے فنا ہے وہ جس جا ہے وہان نہ کفر نہ ایمان ہے کیونکہ وہ مغز ہے اور دونون رنگ و پوست ہین محسوسات فانی اس ذات کا پردہ ہے جیسے ایک چراغ طشت کے نیچے پوشیدہ ہو اسرار تن اسرار یعنی تن چھپانے والا ظاہر کا ہے یہ بھید اس بھید کے سامنے کافر سا ہے غافل ایمان شیخ سے کون کافر ہے اور کون مردہ بیخبر جان شیخ سے ہے یعنی جو ایمان شیخ سے غافل ہے وہ کافر ہے اور جو جان شیخ سے بیخبر ہے وہ مردہ ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ف۴ آزمائش الخ ۱۲ شعر ہنگام آزمائش کے جان نہین ہے بجز خبر کے خبر جسکو زیادہ ہے وہ جان زیادہ ہے اور ہماری جان سے جان فرشتہ زیادہ ہے کہ وہ حس مشترک نہین رکھتے ہین فرشتہ سے جان اہل دل کی زیادہ ہے اے ذوفنون تو حیرت مت کر اسلیے اسکا مسجود آدم ہوا اسکی جان اُنکی حقیقت سے سوا ہے ورنہ سجدہ کیلیے بدتروں کے بہتروں کو حکم کب لائق ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲

بس فزون از جان ما جان ملک | کو منزہ شد ز حس مشترک
وز ملک جان خداوندان دل | باشد افزون تو تحیر را بہل
زان سبب آدم بود مسجودشان | جان او افزون ترست از بودشان
ورنہ بہتر را سجود دون تری | امر کردن ہیچ نبود در خوری
کے پسندد عدل و لطف کردگار | کہ گلے سجدہ کند در پیش خار
جان چو افزون شد گذشت از انتہا | شد مطیعش جان جملہ چیزہا
مرغ و ماہی و پری و آدمی | زانکہ او بیش ست ایشان در کمی
ماہیان سوزن گر دلقش شوند | سوزنان را رشتہا تابع بوند

جان ہماری سے فزون جان ملک | کہ نہ رکھتے ہین وہ حس مشترک
اور ملک سے جان اہل دل فزون | ہووے تو مت کھ تحیر و فنون
انکا مسجود اس لیے آدم ہوا | اُسکی جان انکی حقیقت سے سوا
بدترون کے ورنہ سجدہ کیلیے | بہترون کو حکم کب شایان ہے
لطف اللہ کب پسند اسکو کرے | کہ کرے گل سجدہ آگے خار کے
جو زیادہ تن مین جان بسجیدہ ہوئی | اُسکی تابع جان ہوئی کب ہر کی
مرغ و مچھلی اور پری اور آدمی | کیونکہ وہ زیادہ ہے رکھین یہ کمی
اُسکی گدڑی سینے والی مچھلیان | رشتہ کو تابع رکھین ہین سوئیان

بقیہ قصہ ابراہیم ادہم بر لب دریا و آن امیر

باقی قصہ ابراہیم ادہم کا کنارہ دریا پر اور اس امیر کا

چون نفاذ امر شیخ آن میر دید | ز آمد ماہی شدش وجدے پدید
گفت آہ ماہی ز پیران آگہ ست | شہ تنے را کو لعین درگہ است
ماہیان از پیر آگہ ما بعید | ما شقی زین دولت ایشان سعید
سجدہ کرد و رفت گریان و خراب | گشت دیوانہ ز عشق و فتحیاب
پس تو اے ناشستہ رو در چیستی | در نزاع و در حسد با کیستی
با دم شیرے تو بازی میکنی | بر ملائک ترکتازی می کشی
بد چہ میگوئی تو خیر محض را | ہین ترفعی کم شمر آن خفض را
بد چہ باشد مس محتاج مہان | شیخ کہ بود کیمیائے بیکران
مس اگر از کیمیا قابل نہ بد | کیمیا از مس ہرگز مس نشد

شیخ کا وہ حکم جاری میر نے | دیکھا مچھلی پر ہوا وجد اک اُسے
بولا مچھلی کو ہے پیرون سے خبر | تف ہے اُس پر جبکہ ہو ملعون بشر
پیر سے آگہ ہون مچھلی ہم بعید | ہم شقی دولت سے ہون او رہ سعید
بس کیا سجدہ وہ اور روتا چلا | عشق کی خواہش سے دیوانہ بنا
اے سیہ رو بس یہ کیسی بات ہے | اور حسد اور جنگ کسکے ساتھ ہے
کرتا ہے بازی تو دم سے شیر کی | اور فرشتون پر یہ حملہ آوری
اب تو خیر محض کو بد مت کہے | ہان تو اک درجہ سمجھ کم شرع سے
بد ہے کیا تانبا کہ وہ محتاج ہے | شیخ کیا ہے کیمیا اک جان کے
کیمیا تانبے کو گر زر نہ کرے | کیمیا تانبے سے کب تانبا بنے

۱ لطف اللہ الخ ہ شعر لطف اللہ کب اس کو پسند کرے کہ گل سجدہ آگے خار کے کرے یعنی جان اولیاء اللہ کی سب مخلوق کی جان سے بہتر و برتر ہے پس جو جان کہ زیادہ ہوئی سجیدہ ہوئی کہ اسکے تابع کب ہر کی حالت ہوئی مرغ مچھلی اور پری اور آدمی کی رکھتے ہین کیونکہ اولیا زیادہ ہین کیونکہ مچھلیان اس کی گدڑی سینے والی ہین جیسے سوئی رشتہ کو تابع رکھتی ہے یعنی اولیاء اللہ کل مخلوق سے برتر ہین اور سب شے کی جانین اُن کی تابعدار ہین آگے رجوع بقصہ ابراہیم ادھم رحمۃ اللہ کے ہے فافہم ۱۲ ۲ شیخ کا وہ حکم الخ ہ شعر وہ حکم جاری شیخ کا امیر نے مچھلیون پر دیکھا ایک وجد اس کو ہوا اور کہا کہ مچھلیون کو پیر سے خبر ہے تف ہے اُس پر بشر ملعون ہو مچھلیان پیر سے آگاہ ہون اور ہم بعید دولت سے شقی ہون اور وہ سعید پس اُس نے سجدہ کیا اور روتا چلا اور خواہش سے دیوانہ ہوا آگے رجوع ہے طرف قصہ شیخ کے فافہم ۱۲ ۳ اے سیہ رو الخ ۵ شعر اے سیاہ رو یہ بات کیسی ہے اور حسد و جنگ کس کے ساتھ ہے تو شیر کی دُم سے بازی کرتا ہے اور فرشتون پر یہ حملہ لاتا ہے تو اب خیر محض کو بد مت کہہ ہان ایک درجہ کم سمجھ شیخ کو شریعت سے یعنی وہ شیخ خیر محض ہے مگر بسبب شراب پینے کے کہ شریعت مین حرام ہے ایک درجہ شریعت مین کم سمجھ لے تو وہ کہ خیر محض ہے ایک درجہ کم ہونے سے اس کا کیا ہوتا ہے پس بد کیا ہے تانبا کہ وہ محتاج ہے اور شیخ کیا ہے ایک کیمیا ہے اگر کیمیا تانبے کو زر نہ کرے تو کیمیا تانبا نہین ہے اگر شیخ نے تجھ کو نہ رنگا پس شیخ مین کچھ نقصان نہین آتا ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

بدچہ باشد سرکش آتش عمل ۔ شیخ کہ بود عین دریای ازل
بد که باشد ظالم ظلمت فزا ۔ شیخ کہ بود عکس انوار خدا
بدچہ باشد آتشی پر درد و سوز ۔ شیخ آب کوثر ست اندر تموز
دائم آتش را بترسانند ز آب ۔ آب کے ترسد ہرگز ز التہاب
در رخ مہ عیب بینی می کنی ۔ در بہشتی خار چینی می کنی
گر بہشت اندر روی تو خارجو ۔ ہیچ خار آنجا نیابی غیر تو
می بپوشی آفتابی در گلے ۔ رخنہ می جوئی ز بدر کاملے
آفتابی کو بتابد در جہان ۔ بہر خفاشی کجا گردد نہان
عیبہا از رد پیران عیب شد ۔ غیبہا از رشک پیران غیب شد
یار را دوری ز خدمت یار باش ۔ در ندامت جان کن و در کار باش
تا ازان راحت نسیمے میرسد ۔ آب رحمت را چہ بندی از حسد
گر تو دوری دورہ می جنبان تو دم ۔ حیث ما کنتم فولوا وجہکم
چون خرے در گل فتد از گام تیز ۔ دمبدم جنبد برای عزم خیز
جای را ہموار نکند بہر باش ۔ داند او کہ نیست آن جای معاش
حس تو از حس خر کمتر بدست ۔ کہ دل تو زان وحلہا برنجست
در وحل تاویل رخصت میکنی ۔ چون نمیخواہی کز ان دل برکشی
کاین روا باشد مرا من مضطرم ۔ حق نگیرد عاجزی را از کرم

بد ۵۱ ہے کیا اک آتش سرکش عمل ۔ شیخ کیا ہے عین دریاے ازل
بد ہے کیا اک ظالم ظلمت فزا ۔ شیخ کیا ہے عکس انوار خدا
بد ہے کیا اک آتش پرسوز و درد ۔ شیخ کیا ہے آب کوثر سخت سرد
آگ کو بس ہین ڈراتے آب سے ۔ آگ سے ہرگز نہ ڈرتا آب ہے
ماہ مین تو دیکھتا ہے عیب کو ۔ اور چنتا خار جنت مین ہے تو
جائے گر جنت مین کانٹا ڈھونڈھتا ۔ کانٹا تو پائے نہ وان اپنے سوا
ڈالتا ہے خاک تو خورشید پے ۔ بدر مین سوراخ کوئی ڈھونڈھے ہے
۵۲ آفتاب ایسا کہ چمکائے جہان ۔ کب ہو چمگادڑ کی خاطر وہ نہان
عیب کل پیرون کے روے عیب ہے ۔ غیب بہ رشک پیر سے بس غیب ہے
دور گر خدمت سے ہے تو یار ہو ۔ کر تو خدمت دے ندامت جان کو
تاکہ اس رہ سے نسیم آئے تجھے ۔ آب رحمت کیون حسد سے روکے ہے
دور اگر ہے تو ہلا دور اپنی دم ۔ حیث ما کنتم فولوا وجہکم
دوڑنے سے شل خر گل مین پھنسا ۔ دوڑنے کو دمبدم ہے توڑتا
وہ برابر جا نہ رہنے کو کرے ۔ جانتا ہی نے معاش اُس جاے پے ہے
۵۳ حس خر سے تیری حس کمتر ہوئی ۔ دل ترا اُس گل سے نہ نکلا کبھی
گل مین تو تاویل رہنے کی کرے ۔ کیون نہ چاہے تو کہ دور اُس سے رہے
ہون مین بھوکا تین دن کا ہے روا ۔ کہ پکڑتا ہے نہ عاجز کو خدا

۵۱ بد ہے الخ ۔ شعر کیا چیز ہے ایک آتش بعمل سرکش ہے اور شیخ کیا ہے عین دریاے ازل ہے بد ایک ظالم ظلمت کا زیادہ کرنے والا ہے اور شیخ کیا ہے انوار خدا کا بد کیا ہے ایک آتش پرسوز و درد سے ہے شیخ کیا ہے آب کوثر سرد ہے پس آتش کو ڈراتے ہین آب سے آب نہین ڈرتا ہے یعنی شراب آتش ہے اور شیخ آب ہے پس شیخ سے شراب کو خوف ہو نہ شیخ شراب سے ڈرے تو ماہ مین عیب دیکھتا ہے اور خار چنتا ہے جنت مین اگر تو جنت مین خار ڈھونڈھنا چاہے تو وہان اپنے سوا نہین پائے تو خورشید پہ خاک ڈالتا ہے بدر مین کوئی سوراخ ڈھونڈھتا ہے باقی حال اسکا آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۲ آفتاب ایسا الخ ۔ شعر ایسا آفتاب کہ جہان کو روشن کرے وہ چمگادڑ کی خاطر پوشیدہ ہووے پس عیب کل پیرون کی روے عیب ہے اور غیب بہ شک پیرون سے غیب ہے یعنی جس فعل کو سب پیرون نے رد کیا ہے وہ عیب ہے اور جس راز کو سب پیرون نے پوشیدہ کیا وہ غیب ہے بموجب شریعت کے اگر تو خدمت سے دور ہے یار رہو اور خدمت کر دجان کو ندامت دے تاکہ اس راہ سے تجھ کو نسیم آئے رحمت کو کیون حسد سے روکتا ہے یعنی تو اولیا سے خدمت کر کے فیض حاصل کر اور خدمت سے محروم مت رہ اگر تو اولیا سے دور ہے تو اپنی دُم دور سے ہلا یعنی ارادہ کر ترجمہ جس جا کہ تم ہو اپنے منھ کو پھیرو طرف مسجد حرام کے اور اگر دوڑنے سے شل خر کے گل مین پھنسا ہے اور دوڑنے کے واسطے دمبدم گل مین تو ٹمین مارتا ہے پس وہ جگہ رہنے کو برابر نہ کرے جانتا ہے کہ معاش اس جا پر نہین ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۵۳ حس خر الخ ۔ شعر پس جس خر سے تیری حس کمتر ہوئی دل تیرا اس گل دنیا سے کبھی نہ نکلا گل مین تاویل کرتا ہے اور کیون نہین چاہتا ہے کہ اس سے دور رہے یعنی خر جو گل مین پھنسا ہے تو اس سے نکلنا چاہتا ہے اور تو جو گل دنیا مین پھنسا ہے تو اس سے نکلنے کی تدبیر نہین کرتا پس تجھ سے خر بہتر ہے اور مین تین دن کا بھوکا ہون میرے لیے روا ہے کیونکہ عاجز کو خدا نہین پکڑتا ہے آگے اسکی مثال ہے فافہم ۱۲ ۔

خود گرفتارست تو چون گفتار کور　　این گرفتن ابینی از غرور
می بگویند اندران کفتار نیست　　از برون جوئید کاندر غار نیست
نیست در سوراخ کفتار ای اسیر　　رفت نازان وسوی آنخور
این همیگویند و بندش می نهند　　او همیگوید زمن کے آگه اند
گر زمن آگاه بودے این عدو　　کے ندا کردے که آن کفتار کو
تا که بربندند و بیرونش کنند　　غافل آن کفتار ازین ریشخند

خود پھنسا[۵۱] مثل جرک اندھے کے ہے کہتے ہین وہ کہ جرک یان پر نہین وہ جرک اندر نہین ہے غار کے اسطرح کہہ کر پکڑتے ہین اُسے جانتے مجکو اگر یہ دشمنان یان تلک کہ باندھین اور کھینچین اُسے نے پھنسا جانے وہ خود کو غیر سے ڈھونڈھو باہر غار کے اندر نہین پانی پینے کو گیا اس جا سے ہے کہتا ہے وہ مجکو کب ہین جانتے کسلیے کہتے جرک ہے وہ کہان اور وہ غافل جرک ہر اس مکر سے

دعوی کردن آن شخص که خدا از من گناه نمیگیرد وجواب شعیبؑ

دعوی کرنا اُس شخص کا کہ خدا مجھ سے گناہ نہین پکڑتا ہے اور جواب دینا شعیبؑ کا

آن یکے میگفت در عہد شعیبؑ　　که خدا از من بسے دید ست عیب
چند دید از من گناه و جرمہا　　وز کرم یزدان نمی گیرد مرا
حق تعالی گفت در گوش شعیبؑ　　در جواب او فصیح از راه غیب
که بگفتی چند کردم من گناه　　وز کرم نگرفت بر جرمم اله
عکس میگوئی و مقلوب اے سفیہ　　اے رہا کرده ره و بگرفته تیه
چند چندت گیرم و تو بے خبر　　با سلاسل مانده پا تا به سر
زنگ تو بر توت اے دیگ سیاه　　کرده سیمائے درونت را تباه
بر دلت زنگار بر زنگارہا　　جمع شد تا کور شد ز اسرارہا
گر زند آن دود بر دیگ نوے　　آن اثر بنماید ار باشد جوے
زانکه هر چیزے بضد پیدا شود　　بر سفیدی آن سیه رسوا شود

شخص اک[۵۲] کہتا تھا باعہد شعیبؑ کہ بہت دیکھے ہین حق نے مجھسے عیب اور بہت جرم و گنہ دیکھے مرے پر کرم سے حق نہ پکڑے ہے مجھے پس کہا مخفی خدا نے با شعیبؑ در جواب اُسکے فصیح از راہ غیب کہتا ہے مین نے کیے از بس گناہ کب کرم سے جرم پکڑے ہے اِلٰہ کہتا ہے[۵۳] برعکس وہ اور برخلاف راہ بھولا اور پڑا جنگل مین صاف مین پکڑتا ہون تجھے تو بے خبر ہے پھنسا زنجیر مین پا تا بہ سر زنگ تہ بر تہ نے اے دیگ سیاہ رُوئے باطن کو کیا تیرے تباہ دل پہ تیرے زنگ پر بس زنگ ہے اسلیے اندھا ہے تو اسرار سے گر یہ دیگ نو پہ لگ جائے دھوان ہو بقدر جو اثر اس پر عیان کیونکہ ظاہر ہوتی ہر شئے ضد سے ہے پس سفیدی سے سیہ رسوا ہے

۵۱ خود پھنسا الخ ہ شعر تو خود پھنسا ہے مثل خر اندھے کے اور وہ جرک کو نہین پھنسانا جانتا ہے غرہ سے کہتے ہین کہ وہ جرک یہان پر نہین ہے غار کے باہر ڈھونڈھو اندر نہین ہے جرک ہشدار کو کہتے ہین وہ جرک باہر غار کے پانی کو گیا ہے اسی طرح کہکر جرک کو پکڑتے ہین اور وہ جرک خود کہتا ہے کہ یہ مجھکو جانتے نہین اگر یہ دشمن مجھ کو جانتے کسواسطے کہتے کہ وہ جرک کہان ہے یہانتک کہ اسکو باندھین اور کھینچین اور وہ جرک اُس سے غافل ہے یعنی اسی طرح غافلان دنیا تعلقات دنیا مین گرفتار ہین اور خود جانتے ہین کہ ہم آزاد ہین جیسے ایک گنہگار کا دعوی کرنا کہ خدا مجکو گناہ پر نہین پکڑتا ہے چنانچہ اسکا قصہ آگے مثال مین فرماتے ہین فافہم ۱۲ ۵۲ شخص اک الخ ہ شعر شعیبؑ کے عہد مین ایک شخص کہتا تھا کہ حق نے مجھ سے بہت عیب دیکھے ہین اور بہت جرم و گناہ میرے دیکھے ولیکن کرم سے حق نے نہ پکڑے پس حق نے حضرت شعیبؑ سے درجواب اُسکے کہا از راہ غیب کے آگے اسکے بیان حق تعالی کا ہے فافہم ۱۲ ۵۳ کہتا ہے الخ ہ شعر یہ شخص جو کہتا ہے کہ مین نے از بس گناہ کیے وکرم سے حق تعالی نے نہ پکڑے پس وہ برعکس اور برخلاف کہتا ہے راہ بھولا اور جنگل مین پڑا ہے اے شخص مین تجھے پکڑتا ہون اور تو بے خبر ہے اور تو زنجیر مین پھنسا ہے از سر و پا تہ بہ تہ زنگ نے اے دیگ سیاہ تیرے روے باطن کو تباہ کیا ہے تیرے دل پر زنگ پر زنگ ہے اس لیے اسرار سے تو اندھا ہے اگر وہ نئی دیگ پر دھوان لگ جائے جو کے برابر ہو تو اثر اُس کا عیان ہو کیونکہ ہر شئے ظاہر ضد سے ہے پس سفیدی سے سیاہی رسوا ہوئی ہے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۔

چون سیہ شد دیگ از تاثیر دود
بعد ازان بردی کہ بنشید دود زود

مرد آہنگر کہ او زنگی بود
دود را با روشن ہمرنگی بود

مرد رومی گر کند آہنگری
رویش ابلق گردد از دودوری

پس بداند زود تاثیر گناہ
پس بنالد زار و گوید کاے الٰہ

چون کند اصرار و بد پیشہ کند
خاک اندر چشم و اندیشہ کند

توبہ نندیشد دگر شیرین شود
بر دلش آن جرم تا بیدین شود

آن پشیمانی و یا رب رفت ازو
ست بر آئینہ زنگ پنج تو

آہنش را زنگہا خوردن گرفت
گوہرش را زنگ کم کردن گرفت

چون نویسی کاغذ اسپید بر
آن نوشتہ خواندہ آید در نظر

چون نویسی بر سر بنوشتہ خط
فہم ناید خواندنش گردد غلط

کان سیاہی بر سیاہی اوفتاد
ہر دو خط شد کور معنی رو نداد

در سوم بارہ نویسی بر سرش
پس سیہ کردی تو جان کافرش

پس چہ چارہ جز پناہ چارہ گر
ناامیدی مس و اکسیرش نظر

ناامیدیہا بہ پیش او نہید
تا ز درد بے دوا بیرون جہید

چون شعیب آن نکتہا با او بگفت
زان دم جان در دل او گل شگفت

جان او بشنید وحی آسمان
گفت اگر بگرفت ما را کو نشان

گفت یا رب دفع من میگوید او
آن گرفتن را نشان میجوید او

جو دھوین سے دیگ ہوجاوے سیاہ
پھر دھوین کو اسپہ کب دیکھے نگاہ

ایک زنگی شخص گر ہووے لہار
اُسکے رخ سے ہو دھوان ہمرنگ یار

مرد رومی گر کرے آہنگری
اُسکا منھ ابلق دھوین سے ہوا خی

جان لیوے جلد تاثیر گناہ
اور رو رو کر پکارے اے الٰہ

جو کرے اصرار و بد پیشہ کرے
خاک سے پر چشم اندیشہ کرے

نے کرے توبہ و شیرین جرم ہو
اُسکے دل پر تا کہ بیدین ہووے و

کہنا یارب اور پشیمانی گئی
آئینہ پر زنگ کی تہ جم گئی

زنگ اُسکے لوہے کو کھانے لگا
گوہر اُسکا رنگ کم کرنے لگا

سادہ کاغذ پر اگر تو کچھ لکھے
اُس لکھے کو خوب ہر کوئی پڑھے

تو لکھے کاغذ پر لکھے اور خط
فہم مین ہرگز نہ آوے ہو غلط

اُسکی سیاہی پر سیاہی جو پڑے
دونون خط اندھے ہون اور معنی چھپے

تیسری بار اُسپہ تو لکھے اگر
مثل جان کافر کے ہو تاریک تر

چارہ کیا بس جز پناہ چارہ گر
پاس تانبا کیمیا اُس کی نظر

اُسکے آگے ناامیدی کو رکھو
تا کہ درد بے دوا سے تم چھٹو

جو شعیب اُن نکتون کو کہنے لگا
اُسکے دل مین گل دم جان سے کھلا

اُسکی جان نے جو سنی وحی سما
بولا مجکو پکڑا کیا اُس کا پتا

بولا رد کرتا ہے مجکو اے خدا
ڈھونڈھتا ہے اُس پکڑنیکا پتا

۱ جو دھوین سے الخ ۵ شعر جو دیگ دھوین سے سیاہ ہوجاتی ہے پھر نگاہ اس دھوین کو کب دیکھے آگے اسکی مثال ہے ایک زنگی اگر لہار ہووے اُس کے رخ سے دھوان ہمرنگ ہوا اگر ایک رومی آہنگر ہو تو اُسکا منھ دھوین سے ابلق ہو یعنی ایک فاسق کے سیاہی گناہ کی دل پر ہو اور ایک متقی کی سیاہی گناہ دل پر ہو تو متقی کو وہ سیاہی معلوم ہو گی جان لیوے جلد تاثیر گناہ کو اور رو رو کر خدا کو پکارے جو جو پیشہ بدین اصرار وجد کرے اور چشم اندیشہ کو خاک سے بھرے یعنی پیشہ بد کرے اور اندیشہ نہ کرے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲ ۲ نے کرے توبہ الخ ۹ شعر نہ توبہ کرے اور اس کے دل پر جرم شیرین ہو یہان تک بیدین وہ ہو جائے یارب کہنا اور پشیمانی گئی آئینہ پر تہ زنگ کی جم گئی اس کے لوہے کو زنگ کھانے لگا یعنی بدعقیدہ ہوا اور گوہر رنگ کم کرنے لگا یعنی ایمان کم ہوا آگے اس کی مثال ہے اگر تو سادہ کاغذ پر لکھے کچھ اس لکھے کو ہر ایک خوب پڑھے یعنی صاف دل پر ہر عمل اثر کرتا ہے اور لکھے کاغذ پر اگر تو اور خط لکھے فہم مین ہرگز نہ آئے اور غلط ہو جائے اس سیاہی پر جو اور سیاہی پڑے دونون خط اندھے ہون اور معنی پوشیدہ ہون اور اگر تیسری بار تو اس پر لکھے کافرون کی جان کے مانند تاریک تر ہو اُسکا چارہ کیا ہے پس پناہ چارہ گر کے سوا پاس کے تانبے کو اس کی نظر کیمیا ہے اُسکے آگے ہے ناامیدی رکھو تاکہ درد بے دوا سے تم چھوٹو یعنی اسکا علاج نظر مرشد ہے مثل کیمیا کے بناوے آگے قصہ کا بیان ہے فافہم ۱۲ ۳ جو شعیب الخ ۲ شعر جو شعیب ان نکتون کو کہنے لگے انکے دم جان سے گل اُسکے دل مین کھلا اُسکی جان نے جو وحی آسمانی سنی کہا کہ مجھ کو اگر پکڑا ہے اُسکا پتہ کیا ہے شعیب نے عرض کی کہ اے خداوند مجھ کو رد کرتا ہے اور اس پکڑنے کا پتا پوچھتا ہے حق نے کہا کہ مین ستار ہون بھید اب کیا کھولون مگر امتحان کے واسطے ایک رمز ظاہر کرتا ہون آگے اس رمز کا بیان ہے فافہم ۱۲۔

گفت ستارم نگویم رازهاش جز یکی رمزی برای ابتلاش
یک نشانی آن که می گیرم ورا آنکه طاعت دارد و صوم و دعا
از نماز و از زکوٰة و غیر آن لیک یک ذرّه ندارد ذوق جان
میکند طاعات و افعال سنی لیک یک ذرّه ندارد چاشنی
طاعتش نغز و معنی نغز نے جوزها بسیار و در وے مغز نے
ذوق باید تا دهد طاعات بر مغز باید تا دهد دانه شجر
دانهٔ بے مغز کے گردد نهال صورت بے جان نباشد جز خیال
چون شعیب این نکتها برمی بخواند از تفکر همچو خر در گل بماند

بولا ہون ستار نہ بھید اُسکے کہون امتحان کو رمز اک ظاہر کرون
اک[1] نشان یہ کہ پکڑتا ہون اُسے جو کہ روزہ اور طاعت وہ رکھے
اور نمازین اور زکوٰتین وہ کرے پر نہ ذوق جان اک ذرّہ رکھے
طاعت اور افعال بہتر وہ کرے پر نہ اک ذرّہ مزہ اُسکا چکھے
طاعت اچھی پر نہ معنی نغز ہین ہین بہت اخروٹ پر بے مغز ہین
چاہیے ذوق اب کہ طاعت دے ثمر چاہیے مغز اب کہ دانہ دے شجر
دانہ بے مغز سے کب ہو نہال صورت بیجان نہووے جز خیال
جو شعیب ان نکتون کو بس کہہ چکا فکر سے جون خر وہ کیچڑ مین پھنسا

تتمہ قصہ طعنہ زدن شیخ و جواب مرید

تتمہ قصہ طعنہ زن شیخ کا اور جواب مرید کا

آن خبیث از شیخ می لائید ژاژ کژ نگر باشد همیشه عقل کاژ
که منم بر حال زشت او گواه خمر خوار است و بد و کارش تباه
دیدمش اندر میان مجلسے او ز تقویٰ عاریست و مفلسے
ور که باور نیست خیز امشبان تا ببینی فسق شیخت را عیان
شب بردش بر سر یک روزنے گفت بنگر فسق و عشرت کردنے
بنگر آن سالوس روز و فسق شب روز همچون مصطفیٰ شب بولهب
روز عبدالله او را گشته نام شب نعوذ بالله و در دست جام
دید شیشه در کف آن شیخ پر گفت شیخا مر ترا هم هست غر

وہ خبیث[2] اُس شیخ کو کہتا برا عقل احول ہوتی ہے احول سدا
کہ مین اُسکے حال بد کا ہون گواہ وہ شرابی کام اُسکا ہے تباہ
مین نے دیکھا ایک محفل مین اُسے پاکی اور تقوی نہ وہ بالکل رکھے
گر یقین تجکو نہین چل وقت شب شیخ کا تجکو دکھادون فسق سب
لیگیا شب کو وہ اک سوراخ پے بولا فسق و عیش اُسکا دیکھ لے
دیکھ[3] اُسکا مکر روز اور فسق شب دن ہے مثل مصطفیٰ شب بولہب
دن کو عبداللہ اسکا نام ہے اور نعوذ باللہ شب با جام ہے
شیشہ دیکھا ہاتھ مین اُس شیخ کے بولا شیخا سب ترا یہ مکر ہے

ف۱ اک نشان الخ، شعر ایک نشان اُسکے پکڑنے کا یہ ہے کہ جو وہ طاعت رکھتا ہے اور نمازین و زکوٰتین ادا کرتا ہے لیکن ذوق جان اُسکو ایک ذرہ نہین ہوتا ہے یعنے صوفیہ کرام اُسکو سلب مزید کہتے ہین چنانچہ دفتر اول مین اس کا حال رجعت سلوک مین ہم نے لکھا ہے وہ طاعت و افعال بہتر کرے لیکن ایک ذرہ اُس کا مزہ نہ چکھے طاعت اچھی و لیکن معنی نادر نہین ہے بہت اخروٹ ہین لیکن بے مغز ہین ذوق چاہیے تا طاعت ثمر دے مغز چاہیے تا دانہ شجر دے دانہ بے مغز سے نہال کب ہو صورت بیجان نہ ہووے بجز خیال کے جو شعیب ان نکتون کو کہہ چکا وہ مانند گدھے کے فکر سے کیچڑ مین پھنسا آگے باقی قصہ شیخ کا ہے فافہم ۱۲

ف۲ وہ خبیث الخ ۵ شعر وہ خبیث اس شیخ کو برا کہتا تھا کیونکہ عقل احول کی ہمیشہ احول ہوتی ہے کہ مین اس کے بدی کا گواہ ہون کہ وہ شرابی ہے اور اُس کا کام تباہ ہے مین نے ایک محفل مین دیکھا اُسے کہ وہ بالکل پاکی و تقوی نہین رکھتا تھا اگر تجھ کو یقین نہین ہے شب کو چل شیخ کا فسق سب تجکو دکھادون وہ شب کو لے گیا ایک سوراخ پر اور کہا کہ فسق و عیش اُسکا دیکھ لے باقی حال آگے ہے فافہم ۱۲—

ف۳ دیکھ اُسکا الخ ۲ شعر اُس کا مکر روز و فسق شب دیکھ کہ دن مثل مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم اور شب مثل ابولہب ہے دن کو عبداللہ اُس کا نام ہے اور نعوذ باللہ شب مین اُس شیخ کے ہاتھ مین شیشہ دیکھا کہا کہ اے شیخ یہ سب تیرا مکر ہے تو نہین کہتا تھا کہ جام مے پر شیطان موتتا ہے شیخ نے کہا کہ میرا جام ایسا پر گیا ہے کہ ایک دانہ کی اُس مین سمائی باقی نہین تو دیکھ کہ اس مین کچھ ایک ذرہ بھی آسکتا ہے یہ بات اُلٹی سنی ہے مزہ سے ہے جام ظاہری ہے شراب ظاہر نہین ہے تو اس بات کو شیخ سے دور رکھو آگے اس کے حقائق ہین فافہم ۱۲—

تو نمیگفتی کہ مر جام شراب   دیو می‌ریزد شتاب اندر شتاب
گفت جامم را چنان پر کردہ اند   کاندرونش می نگنجد یک سپند
ہنگر این جا ہیچ گنجد ذرہ   این سخن را گر شنیدہ غرہ
جام ظاہر خمر ظاہر نیست این   دور دار این را ز شیخ دور بین
جام مے ہستی شیخ است اے فلیو   کاندرو اندر نہ گنجد بول دیو
پر و مالامال از نور حق است   جام تن بشکستہ نور مطلق است
نور خورشید ار بیفتد بر حدث   او ہمان نورست نہ پذیرد خبث
شیخ گفت این خود نہ جام است نے مے   ہین بزیر آ منکرا بنگر بوے
آمد و دید انگبین خاص بود   کور شد آن دشمن کور و کبود
گفت پیر آن دم مرید خویش را   رو برائے من بجو مے اے کیا
کہ مرا انجبیت مضطر گشتہ ام   من ز رنج از مخمصہ بگذشتہ ام
در ضرورت ہست ہر مردار پاک   بر سر منکر ز لعنت باد خاک
گرد خمخانہ بر آمد آن مرید   بہر شیخ از ہر خمے او می چشید
در ہمہ خمخانہ ہا او مے ندید   گشتہ بد پر از عسل خم نبیذ
گفت اے رندان چہ حال است اینچہ کار   ہیچ خمے در نمی بینم عقار
جملہ رندان نزد آن شیخ آمدند   چشم گریان دست بر سر میزدند
در خرابات آمدے شیخ اجل   جملہ مے از قدومت شد عسل
کردہ مے را تو مبدل از حدث   جان ما را ہم بدل کن از خبث
گر شود عالم پر از خوان مال مال   کے خورد بندہ خدا الا حلال

تو نہ کہتا تھا کہ اندر جام مے   ہوتا شیطان آمین جلد ہے
